عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا بَقِيَ ثُلُثُ اللَّيْلِ يَنْزِلُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ اِلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُوْلُ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَدْعُوْنِيْ اَسْتَجِيْبُ لَهٗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَسْتَغْفِرُنِيْ اَغْفِرُ لَهٗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَسْتَرْزِقُنِيْ اَرْزُقُهٗ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَسْتَكْشِفُ الضُّرَّ اَكْشِفُهٗ حَتّٰى يَنْفَجِرَ الصُّبْحُ ○

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: جب رات کا تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا کی طرف (اپنی تجلیات وانوار کا) نزول فرماتا ہے تو فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے دعا مانگتا ہو کہ میں اس کی دعا قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے بخشش مانگتا ہو کہ میں اس کو بخش دوں کون ہے جو مجھ سے رزق کا طلب گار ہو کہ میں اس کو رزق دوں؟ کون ہے جو تکلیف کے دور کرنے کی دعا کرتا ہو میں اس کی تکلیف دور کردوں، (یہ اعلان ونداء یوں ہی رہتی ہے) حتی کہ صبح شروع ہو جاتی ہے۔ (مسند احمد بن حنبل، بخاری شریف، مسلم شریف، ترمذی شریف، ابوداؤد شریف، ابن ماجہ شریف، دارمی شریف)

چنانچہ صحیح حاکم میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اُدْعُوا اللهَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللهَ لَا يَقْبَلُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ ○

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو اس حال میں کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور کھیل کود کے طور پر دعا مانگنے والے دل کی دعا قبول نہیں فرماتا۔

Marfat.com

## دم درود کرنے والا کیسا ہو؟

حاجت مند کو دیکھنا چاہئے کہ دم کرنے اور تعویذ وغیرہ دینے والا عالم ہو، اہلِ سنت کے عقیدہ کا مخالف نہ ہو، نمازی ہو، سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تارک نہ ہو اور اس کا سلسلہ اجازت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک مسلسل ہو، محض دکانداری والا مسئلہ نہ ہو، اولیاء انبیاء کا گستاخ نہ ہو، نشئی نہ ہو، اگر یہ چیزیں ہیں تو پھر اڑ کر بھی دکھائے تو اس کے پاس نہیں جانا چاہئے، آپ نے سنا نہیں کہ داتا گنج بخش علی ہجویری رحمہ اللہ تعالی نے اس جوگی پنڈت سے لوگوں کو کس طرح نجات دلائی عام لوگ تو اسے بھی اللہ کا ولی سمجھے ہوئے تھے مگر آپ نے اس کے مکر کو ظاہر کر دیا کہ یہ سب روٹی کے حصول کا چکر ہے، اور جادوگری ہے۔

مصنف علیہ الرحمۃ نے اس موضوع پر بھی گفتگو کی ہے جیسا کہ آئندہ صفحات سے آپ کو معلوم ہوگا، مصنف نے چہل کاف کے بارے میں ذکر کیا چونکہ کتاب انتہائی پرانی اور بوسیدہ حالت کی ہے، پھر اس کی فوٹو کاپی ہمارے پاس پہنچی ہے اس سے صحیح بات کو سمجھنا بھی بہت ہی مشکل مرحلہ تھا کہ عدسہ (کسی بھی چیز کو بڑا کر کے دیکھانے والا شیشہ) کے ذریعہ دیکھ دیکھ کر کمپوزنگ اور تصحیح کے عمل سے گزرا گیا ہے لہٰذا چہل کاف میں بھی اسی طرح ہوا تو میں نے اس کی چند کتابوں سے تحقیق کی تو درجِ ذیل میرے حضرت صاحب رحمہ اللہ تعالی کی تحقیق ہے جسے میں نے اس کے مقام پر درج کر دیا ہے، اور اس کے ساتھ دعائے حاجات بھی ہے، اسے برائے تحریر متعین کر لیا۔ نیز اس کے ساتھ درجِ ذیل دعا بھی ہے۔

(دعائے حل المشکلات) اَللّٰهُ كَافِيْ قَصَدْتُ الْكَافِيْ وَوَجَدْتُ الْكَافِيْ لِكُلِّ الْكَافِيْ كَفَانِيَ الْكَافِيْ وَنِعْمَ الْكَافِيْ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۝

Marfat.com

اللہ کافی ہے، میں نے کفایت کرنے والے کا ارداہ کیا اور میں نے ہر کفایت کرنے والے کو کفایت کرنے والا جو ہے اس کو پالیا کفایت کرنے والے نے مجھے کفایت کی اور وہ کیا ہی اچھا کفایت کرنے والا ہے اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالی کے لئے ہے۔

اس دعا کو بندہ ورد زبان رکھے تو کسی خاص وظیفہ کی ضرورت ہی نہیں رہتی، البتہ درود شریف پڑھنا بھی کبھی نہ بھولنا چاہئے۔

# فضائلِ درود شریف

ارشادِ باری تعالی ہے:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ (سورۂ احزاب/۵۶)

بی شک اللہ تعالی اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی صلی اللہ علیہ وسلم) پر اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو! (کنز الایمان شریف، مترجم اعلی حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ)

سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجنا واجب ہے ہر ایک مجلس میں آپ کا ذکر کرنے والے پر بھی اور سننے والے پر بھی ایک مرتبہ اور اس سے زیادہ مستحب ہے، یہی قول معتمد ہے اور اس پر جمہور ہیں اور نماز کے قعدۂ اخیرہ میں بعد تشہد، درود شریف پڑھنا سنت ہے اور آپ کے تابع کرکے آپ کے آل واصحاب اور دوسرے مومنین پر بھی درود بھیجا جا سکتا ہے، یعنی درود شریف میں آپ کے نامِ اقدس کے بعد ان کو شامل کیا جا سکتا ہے اور مستقل طور پر حضور کے سوا ان میں سے کسی

Marfat.com

پر درود بھیجنا مکروہ ہے۔

مسئلہ: درود شریف میں آل واصحاب کا متوارث ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آل کے ذکر کے بغیر مقبول نہیں، درود شریف اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکریم ہے، علماء نے اللھم صل علی محمد کے معنی یہ بیان کئے ہیں کہ یارب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عظمت عطا فرما، دنیا میں ان کا دین بلند، ان کی شریعت کو بقا عنایت کر کے اور آخرت میں ان کی شفاعت قبول فرما کر اور ان کا ثواب زیادہ کر کے اور اولین وآخرین پر ان کی فضیلت کا اظہار فرما کر اور انبیاء ومرسلین وملائکہ اور تمام مخلوق پر ان کی شان بلند کر کے۔

مسئلہ: درود شریف کی بہت برکتیں اور فضیلتیں ہیں: حدیث شریف ہے: سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ جب درود بھیجنے والا مجھ پر درود بھیجتا ہے، تو فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں، مسلم کی حدیث شریف میں ہے: جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس بار بھیجتا ہے، ترمذی شریف کی حدیث شریف میں ہے: بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ درود نہ بھیجے (خزائن العرفان، از صدر الافاضل محمد نعیم الدین مرادآبادی)

اس آیت پاک میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے مگر وقت یا الفاظ متعین نہیں کئے گئے، اور احادیث میں مختلف الفاظ سے درود شریف پڑھنا ثابت ہے جس سے الفاظ کا متعین نہ ہونا ثابت ہوتا ہے، اور علماء نے ایک ضابطہ بیان کیا کہ: اَلْمُطْلَقُ یَجْرِیْ عَلٰی اِطْلَاقِہٖ معنی ہے کہ قرآن وحدیث میں جو حکم ہے اگر اس میں کوئی قید ہے تو بہتر ورنہ اپنی طرف سے قید لگا کر بات نہیں کر سکتے، لہٰذا اس آیت پاک میں جب وقت کی قید نہیں تو کسی بھی وقت کا تعین کر کے کہنا کہ اس وقت کیوں درود شریف پڑھا جاتا ہے یا ان لفظوں سے کیوں

Marfat.com

پڑھا جاتا ہے، بدعت وغیرہ کا فتویٰ ناجائز ہے، اس لئے پڑھنے والا جب بھی اور جہاں بھی اور جن ادب کے لفظوں کے ساتھ پڑھے گا جائز ہے کسی کو کوئی حق نہیں کہ اس کی مخالفت کرے اور درود شریف پڑھنے سے روکے، اس جگہ ہمارا موضوع چونکہ عامل ہونے کی حیثیت سے ہے اس لئے ہم درود شریف سے عملی فوائد کا تذکرہ کریں:

## درود شریف پڑھنے کے فوائد

۱) اس میں اللہ تعالیٰ کے حبیب اور برگزیدہ ہستی کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ حاصل ہوتا ہے۔

۲) اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شرافت وکرامت، فضیلت وعظمت کا اظہار فرمانے کے لئے ہمیں درود شریف پڑھنے کا حکم دیا ہے اور رغبت دلائی۔

۳) اللہ تعالیٰ کی طرف سے موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام پر وحی آئی کہ کیا تم چاہتے ہو کہ جس طرح تمہارا کلام تمہاری زبان کے نزدیک، تمہارے خیالات تمہارے دل کے نزدیک، تمہاری روح تمہارے بدن کے قریب، تمہاری بینائی تمہاری آنکھ کے نزدیک ہے، میں اس سے بھی زیادہ تمہارے قریب ہو جاؤں؟ عرض کیا ہاں! فرمایا: پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود شریف بھیجو۔

۴) اللہ تعالیٰ کی رحمت ۵) نبی مختار صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت

۶) ملائکہ کرام کی اقتداء ۷) منافقین وکفار کی مخالفت

۸) گناہوں کی معافی ۹) حاجتوں اور ضرورتوں کا پورا ہونا

۱۰) ظاہر وباطن کا نور ۱۱) جہنم سے نجات

۱۲) جنت کا داخلہ ۱۳) رب رحیم وغفار عزوجل کا سلام

Marfat.com

۱۴) اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل ۱۵) درود بھیجنے میں اللہ کی موافقت
۱۶) فرشتوں کی موافقت ۱۷) دس رحمتوں کا ملنا
۱۸) دس درجات بلند ہونا ۱۹) دس نیکیاں لکھا جانا
۲۰) دس گناہ معاف ہونا ۲۱) دعا کا مقبول ہونا یقینی
۲۲) درود ذریعہ شفاعت ۲۳) بخششِ گناہ اور عیوب پوشی
۲۴) مقاصد کا پورا ہونا ۲۵) تقربِ رسول کا ذریعہ
۲۶) قائم مقام صدقہ ہے ۲۷) حاجات پورا ہونے کا سبب
۲۸) بندہ پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کے درود بھیجنے کا سبب ہے۔
۲۹) پڑھنے والے کی طہارت و پاکیزگی کا سبب ہے۔
۳۰) قبل از موت جنت کی خوشخبری ہے۔
۳۱) قیامت کی ہولناکیوں سے نجات کا سبب ہے۔
۳۲) بارگاہِ رسالت سے جواب ملنے کا سبب ہے۔
۳۳) بھول دور کرنے کا سبب ۳۴) مجلس کی پاکیزگی
۳۵) قیامت کے دن اس مجلس کے باعث حسرت نہ ہونے کا سبب
۳۶) فقر کے خاتمہ کا سبب ۳۷) ذکرِ درود سے کنجوسی سے محفوظ
۳۸) درود شریف پڑھنے سے خائب و خاسر ہونے سے بچے گا۔
۳۹) درود شریف پڑھنے والا راہِ جنت پر رہے گا۔
۴۰) نہ پڑھنے والا راہِ جنت سے دور ہوگا۔
۴۱) بوجہ ذکر اللہ و مصطفیٰ تعفن سے محفوظ جو ذکر نہ کرنے سے ہوتا ہے
۴۲) درودِ پاک سے کاموں کی تکمیل ہے۔
۴۳) پل صراط سے بخیریت گزرنے کا سبب ہے۔

Marfat.com

۴۴) درود پاک پڑھنے سے آدمی جفا کاری کی حدود سے بری۔

۴۵) درود شریف پڑھنے والے کی عمدہ تعریف کا زمین، آسمان میں القاء۔

۴۶) سببِ رحمتِ الٰہی ۴۷) برکت کا سبب

۴۸) محبتِ رسول کی زیادتی ۴۹) ایمان بغیر اس کے نامکمل ہے،

۵۰) بندہ کی ہدایت و حیاتِ قلب کا سبب درود شریف ہے۔

۵۱) درود شریف پڑھنے میں بارگاہِ رسالت میں حضوری کا حصول

۵۲) ثابت قدمی کا سبب ۵۳) نبی کریم کے حق کی ادنیٰ ادائیگی

۵۴) اللہ تعالیٰ کے ذکر، شکر اور احسان کی معرفت پر مشتمل ہے۔

۵۵) درود پاک بارگاہِ الٰہی میں حضور کیلئے دعا اور اپنے لئے سوال ہے

۵۶) ۔درود پاک کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ نبی کریم کی صورت مبارکہ دل و دماغ میں نقش ہو جاتی ہے۔

۵۷) درودِ پاک کی کثرت تربیت کرنیوالے شیخ کے قائم مقام ہے۔

۵۸) درودِ پاک پڑھنا حور و قصور ملنے کا سبب ہے۔

۵۹) درود شریف پڑھنے کا ثواب غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔

۶۰) درود پاک پڑھنے سے عمل پاک ہو جاتے ہیں۔

۶۱) درود پاک خود اپنے پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالے سے استغفار کرتا ہے۔

۶۲) درودِ پاک پڑھنے سے درجے بلند ہوتے ہیں۔

۶۳) درودِ پاک پڑھنے والے کو احد پہاڑ کے برابر ثواب ملتا ہے۔

۶۴) درودِ پاک پڑھنے والے کو پیمانے بھر بھر کر ثواب ملتا ہے۔

۶۵) جو درودِ پاک پڑھنا اپنا وظیفہ بنا لے اللہ تعالیٰ اس کے دنیا و

Marfat.com

آخرت کے سارے کاموں کا ذمہ لے لیتا ہے۔

٦٦) شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم درودِ پاک پڑھنے والے کے ایمان کی خود گواہی دیں گے۔

٦٧) اللہ تعالیٰ کے غضب سے درودِ پاک پڑھنے والے کے لئے امان لکھ دیا جاتا ہے۔

٦٨) اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ نفاق سے بری ہے۔

٦٩) درودِ پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن عرشِ الٰہی کے سائے کے نیچے جگہ دی جائے گی۔

٧٠) درودِ پاک پڑھنے والی کی نیکیوں کا پلڑا وزنی ہوگا۔

٧١) درودِ پاک پڑھنے والے کیلئے حوض کوثر پر خصوصی عنایت ہوگی۔

٧٢) درودِ پاک پڑھنے والا سخت پیاس کے دن امان میں ہوگا۔

٧٣) پل صراط پر اسے نور عطا ہوگا۔

٧٤) درودِ پاک پڑھنے والا موت سے پہلے اپنا مکان جنت میں دیکھ لیتا ہے۔

٧٥) درودِ پاک پڑھنے والے کو جنت میں کثرت سے بیویاں عطا ہوں گی۔

٧٦) درودِ پاک پڑھنے کی برکت سے مال بڑھتا ہے۔

٧٧) درودِ پاک پڑھنا عبادت ہے۔

٧٨) درودِ پاک اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب نیک عملوں سے پیارا ہے

٧٩) درودِ پاک مجلسوں کی زینت ہے۔

٨٠) درودِ پاک تنگ دستی کو دور کرتا ہے۔

Marfat.com

۸۱) درودِ پاک پڑھنے والا سب سے حضور کے زیادہ قریب ہوگا۔

۸۲) درود شریف، درودِ پاک پڑھنے والے کو اس کی اولاد اور اس کی اولاد کی اولاد کو بھی رنگ دیتا ہے۔

۸۳) درودِ پاک پڑھ کر جس کو بخشا جائے اس کو بھی نفع دیتا ہے۔

۸۴) درودِ پاک پڑھنے سے دشمنوں پر فتح و نصرت حاصل ہوتی ہے۔

۸۵) درودِ پاک پڑھنے والے کا دل زنگار سے پاک ہوجاتا ہے۔

۸۶) درودِ پاک پڑھنے والے سے لوگ محبت کرتے ہیں۔

۸۷) درودِ پاک پڑھنے والا لوگوں کی غیبت سے محفوظ رہتا ہے۔

۸۸) درودِ پاک پڑھنے والے کا کندھا جنت کے دروازے پر حضور کے کندھا کے ساتھ چھو جائے گا۔

۸۹) درودِ پاک پڑھنے والا قیامت کے دن سب سے پہلے آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پہنچ جائے گا۔

۹۰) درودِ پاک پڑھنے والے کے سارے کاموں کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذمہ دار ہو جائیں گے۔

۹۱) درودِ پاک پڑھنے والے کو جاں کنی میں آسانی ہوتی ہے۔

۹۲) جس مجلس میں درودِ پاک پڑھا جائے اس کو فرشتے رحمت سے گھیر لیتے ہیں۔

۹۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود درودِ پاک پڑھنے والے سے محبت فرماتے ہیں۔

۹۴) قیامت کے دن سید دو عالم صلی علیہ وآلہ وسلم خود درودِ پاک پڑھنے والے سے مصافحہ فرمائیں گے۔

Marfat.com

۹۵) فرشتے درودِ پاک پڑھنے والے کے ساتھ محبت کرتے ہیں۔

۹۶) فرشتے درودِ پاک پڑھنے والے کے درودِ پاک کو سونے کی قلموں سے چاندی کے کاغذوں پر لکھتے ہیں۔

۹۷) درودِ پاک پڑھنے والے کا درود شریف فرشتے دربارِ رسالت میں لے جاکر یوں عرض کرتے ہیں ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! فلاں کے بیٹے فلاں نے حضور کے دربار میں درودِ پاک کا تحفہ حاضر کیا ہے،،

۹۸) درودِ پاک پڑھنے والے کا گناہ تین دن تک فرشتے نہیں لکھتے۔

۹۹) درودِ پاک پڑھنے والے کے سامنے بڑے بڑے جابروں کی گردنیں جھک جاتی ہیں۔

۱۰۰) درودِ پاک پڑھنے والے کے گھر پر آفتیں اور بلائیں نہیں آتیں

۱۰۱) درودِ پاک پڑھنے سے جنت وسیع ہوتی جاتی ہے۔

۱۰۲) درودِ پاک کی کثرت سے بندہ اولیاء کرام کی جماعت میں شامل ہوجاتا ہے۔

۱۰۳) قانونِ قدرت ہے جو اس جہاں میں ہنستا ہے وہ اس جہاں میں روئے اور جو یہاں روتا ہے وہ وہاں خوشیاں منائے گا، جو یہاں عیش میں ہے وہاں مصیبتوں میں پھنس جائے گا، لیکن درودِ پاک پڑھنے والے کے لئے یہاں بھی خوشیاں اور وہاں بھی خوشیاں، یہاں بھی عیش اور وہاں بھی عیش ہوں گے۔

۱۰۴) درودِ پاک ساری نفل عبادتوں سے افضل ہے۔

۱۰۵) درودِ پاک پڑھنے والے کو قیامت کے دن تاج پہنایا جائے گا۔

۱۰۶) درودِ پاک ہر خیر کا جالب اور ہر شر کا دافع ہے۔

۱۰۷) درودِ پاک ایسی تجارت ہے جس میں کسی قسم کا خسارہ نہیں۔

Marfat.com

۱۰۸) درودِ پاک گناہ یوں مٹا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔

۱۰۹) درودِ پاک کی کثرت کرنا اہلِ سنت کی نشانی ہے۔

۱۱۰) درودِ پاک کی کثرت سے قبر میں نہ مٹی کھائے گی نہ کیڑے۔

۱۱۱) درودِ پاک آبِ حیات ہے۔ وہ آبِ حیات کہ ہزاروں آبِ حیات اس پر قربان ہوں، کیونکہ......

۱۱۲) درودِ پاک اسمِ اعظم ہے، کہ یہ اسمِ اعظم کی طرح کام آتا ہے۔

۱۱۳) درودِ پاک پڑھنے سے فرشتے پیدا ہوتے ہیں جو اس کے لئے دعائے بخشش کرتے رہتے ہیں۔

۱۱۴) بعض احادیث میں درودِ پاک پڑھنا دس غلام آزاد کرنے اور بیس غزوات میں شریک ہونے کے برابر ہے۔

۱۱۵) چار پشتوں تک اولاد میں قیامت کے دن ہولناک سختیوں سے نجات ملے گی۔

یہ تمام فوائد مطالع المسرات، احادیث، جذب القلوب، القول البدیع وغیرہ سے لئے گئے ہیں، چونکہ یہ کتاب درودِ پاک کے موضوع کے لئے خاص نہیں اس لئے اسی پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

عامل کے لئے سب سے بہترین بات یہ ہے کہ وہ اللہ کے قرب کا طلبگار ہو جو درود شریف پڑھنے سے یقیناً حاصل ہوتا ہے، میرے شیخ کامل حضرت علامہ مولانا مولوی مفتی ابوضیاء محمد علی قادری شطاری فاروقی مجددی رحمہ اللہ تعالیٰ فرمایا کرتے تھے:

''مبتدی کو سب سے پہلے درود شریف اس قدر پڑھنا چاہئے کہ اسے باطنی یا الہامی طور پر یقین ہو جائے کہ اس کا ذکر قبول بارگاہ ہے تو اب ذکر الٰہی میں براہِ راست مشغول ہو پھر دیکھے اس پر اللہ تعالیٰ کے فضل کرم کا بادل کیسے برستا ہے،،

Marfat.com

# رزق کی فراوانی، غم واندوہ دور، حاجات پوری

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث مبارکہ علامہ ابوعبداللہ محمد بن سلیمان جزولی ''دلائل الخیرات،، میں لکھتے ہیں:

مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَإِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ وَتُكْثِرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِي الْحَوَائِجَ ○ (دلائل الخیرات)

جس کے لئے کوئی حاجت کا حصول مشکل ہو جائے اسے مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہئے کیونکہ درود شریف غم وآلام اور تکالیف کو دور کرتا ہے اور رزق کی کثرت اور حاجات کو پورا کرنے والا ہے۔

اس کے لئے جو کسی کا جی چاہئے درود شریف پڑھے مگر اس بات کا خیال رکھے کہ اس میں الصلوۃ والسلام یا صل وسلم یعنی درود وسلام کے دونوں لفظ ضرور موجود ہوں، درود شریف کے ہوتے ہوئے کسی کو کسی اور وظیفہ کی ضرورت نہیں ہے۔

# پل صراط اور درود شریف

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ عالیشان ہے:

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالی نے بیان کیا: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: رات میں نے عجیب واقعہ دیکھا، میں نے ایک اپنے امتی کو دیکھا کہ وہ پل صراط سے گھسٹ کر گزر رہا تھا کبھی سرین کے بل چل رہا تھا اور کبھی چمٹ جاتا تھا، اتنے میں مجھ پر بھیجا ہو درود شریف آیا اور اسے پل صراط پر کھڑا کر دیا چنانچہ وہ گزر گیا (معجم کبیر، امام طبرانی:: حکیم ترمذی الاعداد:: ابن عبدالبر، بحوالہ مطالع المسرات صفحہ ۱۲۴)

Marfat.com

# نبی کریم کی زیارت

محمد بن خیاط مردِ صالح نے روایت کی: کہ میں نے ہر رات سوتے وقت اپنے اوپر لازم کرلیا تھا کہ بستر پر لیٹ کر ایک معین مقدار میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھا کروں گا، ایک رات جب میں نے وہ تعداد پوری کرلی تو مجھے نیند آ گئی، میں اس وقت بالاخانہ میں ٹھہرا ہوا تھا اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ بالاخانے کے دروازے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لا رہے ہیں، آپ کی تشریف آوری سے بالاخانہ روشن ہوگیا، پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا: یہ منہ ادھر کرو جو مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے تاکہ میں اسے بوسہ دوں، مجھے اس سے حیا آئی تو میں نے اپنا منہ ایک طرف کرلیا تو آپ نے میرے رخسار پر بوسہ دیا، اسی وقت گھبراہٹ سے میری آنکھ کھل گئی، میں نے پاس سوئی ہوئی بیوی کو جگایا، پورا گھر آپ کی خوشبو سے مہک رہا تھا تقریباً آٹھ دن تک میرے رخسار سے کستوری کی خوشبو آتی رہی، میری بیوی ہر دن اور رات اس خوشبو کو محسوس کرتی رہی۔ (مطالع المسرات صفحہ ۱۳۵:: جذب القلوب، صفحہ نمبر ۲۳۰)

# دنیوی مصیبتوں اور پریشانیوں کا دفعیہ درود پاک

کسی شخص نے کسی دوست سے تین ہزار دینار قرض لیا اور واپسی کی تاریخ مقرر ہوگئی، مگر ہوتا وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کو منظور ہو، اس شخص کا کاروبار معطل ہوگیا اور وہ بالکل کنگال ہوکر رہ گیا۔

قرض خواہ نے تاریخ مقررہ پر پہنچ کر قرضہ کی واپسی کا مطالبہ کیا، اس مقروض نے معذرت چاہی کہ بھائی میں مجبور ہوں میرے پاس کوئی چیز نہیں ہے،

Marfat.com

قرض خواہ نے قاضی کے ہاں دعوی دائر کر دیا، قاضی صاحب نے اس مقروض کو طلب کیا اور سماعت کے بعد اس مقروض کو ایک ماہ کی مہلت دی اور فرمایا کہ اس قرضہ کی واپسی کا انتظام کرو، مقروض عدالت سے باہر آیا اور سوچنے لگا کہ کیا کروں (ممکن ہے کہ اس نے کہیں سے یہ پڑھا ہو یا علمائے کرام سے یہ سنا ہو کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ، جس بندے پر کوئی مصیبت، کوئی پریشانی آجائے تو وہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے کیوں کہ درود پاک مصیبتوں پریشانیوں کو لے جاتا ہے اور رزق بڑھاتا ہے) الحاصل اس نے عاجزی اور زاری کے ساتھ مسجد کے گوشے میں بیٹھ کر درود پاک پڑھنا شروع کر دیا جب ستائیس دن گزر گئے تو اس رات کو ایک خواب دکھائی دیا، کوئی کہنے والا کہتا ہے، اے بندے! تو پریشان نہ ہو، اللہ تعالی کارساز ہے تیرا قرض ادا ہو جائے گا، تو علی بن عیسیٰ وزیر سلطنت کے پاس جا اور جا کر اسے کہہ دے کہ قرضہ ادا کرنے کے لئے مجھے تین ہزار دینار دیدے۔

فرمایا جب میں بیدار ہوا تو بڑا خوشحال تھا، پریشانی ختم ہو چکی تھی لیکن یہ خیال آیا کہ اگر وزیر صاحب کوئی دلیل یا نشانی طلب کریں تو میرے پاس کوئی دلیل نہیں ہے، دوسری رات ہوئی جب آنکھ سوگئی تو قسمت جاگ اٹھی، مجھے آقائے دو جہاں رحمت دو عالم شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار نصیب ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی علی بن عیسیٰ وزیر کے پاس جانے کا ارشاد فرمایا جب آنکھ کھلی تو خوشی کی انتہا نہ تھی، تیسری رات پھر امت کے والی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لاتے ہیں اور پھر حکم فرماتے ہیں کہ وزیر علی بن عیسیٰ کے پاس جاؤ اور اسے یہ فرمان سنا دو، عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (فداك ابی وامی) میں کوئی دلیل یا علامت چاہتا ہوں جو کہ اس ارشاد کی صداقت کی دلیل ہو، یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری عرض کی تحسین فرمائی اور فرمایا کہ اگر وزیر تجھ سے کوئی علامت دریافت کرے تو کہہ

Marfat.com

دینا اس کی سچائی کی علامت یہ ہے کہ آپ نماز فجر کے بعد کسی کے ساتھ کلام کرنے سے پہلے پانچ ہزار بار درود پاک کا تحفہ دربار رسالت میں پیش کرتے ہو جسے اللہ تعالیٰ اور کراما کاتبین کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

یہ فرما کر سید دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے گئے، میں بیدار ہوا نماز فجر کے بعد مسجد سے باہر قدم رکھا اور آج مہینہ پورا ہو چکا تھا میں وزیر صاحب کی رہائش گاہ پر پہنچا اور وزیر صاحب سے سارا قصہ کہہ سنایا جب وزیر صاحب نے کوئی دلیل طلب کی اور میں نے حضور محبوبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد سنایا تو وزیر صاحب اندر گئے اور نو ہزار دینار لے کر آ گئے، ان میں سے تین ہزار گن کر میری جھولی میں ڈال دیئے اور فرمایا یہ تین ہزار قرضہ کی ادائیگی کے لئے اور پھر تین ہزار اور دیئے کہ یہ تیرے بال بچے کا خرچ اور پھر تین ہزار اور دیئے اور فرمایا یہ تیرے کاروبار کے لئے، اور ساتھ ہی وداع کرتے وقت قسم دے کر کہا: اے بھائی! تو میرا دینی اور ایمانی بھائی ہے خدارا یہ تعلقِ محبت نہ توڑنا اور جب بھی آپ کو کوئی کام، کوئی حاجت درپیش ہو، بلا روک ٹوک آ جانا میں آپ کے کام دل و جان سے کیا کروں گا، فرمایا کہ میں وہ رقم لے کر سیدھا قاضی صاحب کی عدالت میں پہنچ گیا اور جب فریقین کو بلاوا ہوا تو میں قاضی صاحب کے ہاں پہنچا اور دیکھا کہ قرض خواہ مبہوت کھڑا ہے۔

میں نے تین ہزار دینار گن کر قاضی صاحب کے سامنے رکھ دیئے اب قاضی صاحب نے سوال کر دیا کہ بتا تو یہ اتنی دولت کہاں سے لے آیا ہے؟ حالانکہ تو مفلس اور کنگال تھا، میں نے سارا واقعہ بیان کر دیا، قاضی صاحب یہ سن کر خاموشی سے اٹھ کر گھر گئے اور گھر سے تین ہزار دینار لے کر آ گئے اور فرمایا ساری برکتیں وزیر صاحب ہی کیوں لوٹ لیں، میں بھی اسی سرکار کا غلام ہوں، تیرا یہ قرضہ میں ادا کرتا ہوں جب صاحب دین (قرضے والے) نے یہ ماجرا دیکھا تو وہ بولا کہ ساری رحمتیں

Marfat.com

تم لوگ ہی کیوں سمیٹ لو، میں بھی ان کی رحمت کا حقدار ہوں، یہ کہہ کر اس نے تحریر کر دیا کہ میں نے اس کا قرضہ اللہ جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ علیہ وسلم کے لئے معاف کر دیا، اور پھر مقروض نے قاضی صاحب سے کہا آپ کا شکریہ! لیجئے اپنی رقم سنبھال لیجئے، تو قاضی صاحب نے فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں جو دینار لایا ہوں وہ واپس لینے کو ہرگز تیار نہیں ہوں، یہ آپ کے ہیں آپ لے جائیں۔

تو میں بارہ ہزار دینار لے کر گھر آ گیا اور قرضہ بھی معاف ہو گیا، یہ برکت ساری کی ساری درود پاک کی ہے (جذب القلوب اردو صفحہ ۳۳۵، شبیر برادرز لاہور، آب کوثر صفحہ ۱۳۸ مفتی محمد امین فیصل آباد)

## بیمار بادشاہ

ایک بادشاہ بیمار ہوا، بیماری کی حالت میں چھ مہینے گزر گئے، کہیں سے آرام نہ آیا، بادشاہ کو پتہ چلا کہ حضرت شیخ شبلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہاں آئے ہوئے ہیں اس نے عرض کر بھیجا کہ تشریف لائیں، جب آپ تشریف لائے تو دیکھ فرمایا: فکر نہ کرو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے آج ہی آرام ہو جائے گا آپ نے درودِ پاک پڑھ کر اس کے جسم پر ہاتھ پھیرا، تو وہ اسی وقت تندرست ہو گیا یہ ساری برکت درودِ پاک کی ہے (راحۃ القلوب، صفحہ ۶۱، بحوالہ آبِ کوثر، صفحہ ۱۵۷)

## قربِ الٰہی کی دلیل

ذُكِرَ فِي بَعْضِ الْأَخْبَارِ مَكْتُوبٌ عَلَى سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ إِلَى رَحْمَتِهِ وَمَنْ سَئَلَنِي أَعْطَيْتُهُ وَمَنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ بِالصَّلٰوةِ عَلَى مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهُ ذُنُوبَهُ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ○ (دلائل الخیرات)

Marfat.com

بعض روایات میں ہے کہ عرش عظیم کے پائے پر لکھا ہے جو میرا مشتاق ہو میں اس پر رحم کروں گا اور جو مجھ سے مانگے گا میں اسے عطا کروں گا، اور جو میرے حبیب پر درود بھیج کر میرا قرب چاہے گا میں اس کے گناہ بخش دوں گا، اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

## درودِ پاک کی محفل کی خوشبو

رُوِیَ عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ مَجْلِسٍ يُصَلّٰى فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ مِنْهُ رَائِحَةٌ طَيِّبَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ عَنَانَ السَّمَاءِ فَتَقُوْلُ الْمَلَائِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّیَ فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ (دلائل الخیرات)

بعض صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے مروی ہے: جس مجلس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا جاتا ہے اس سے پاکیزہ خوشبو اٹھتی ہے آسمان کی بلندی تک پہنچتی ہے، اور فرشتے کہتے ہیں یہ وہ مجلس ہے جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجا گیا ہے۔

دلائل الخیرات درود شریف کا مجموعہ ہے، تمام سلاسلِ طریقت کا وظیفہ ہے، اس کی برکت سے ان کی اکثر مشکلات ومنازل حل وطے ہو جاتی ہیں، اور یہ بارگاہ رسالت میں نہایت مقبول ہے، سب سے پہلے ۱۹۸۰ء کے قریب کی بات ہے داتا صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ حاضری ہوتی تھی وہاں پرانی مسجد کے منبر شریف کے پاس ایک بزرگ تشریف رکھتے تھے کئی بار ان سے ملاقات ہوئی انہوں نے مجھے درود شریف پڑھنے کا خود ہی حکم صادر فرمایا، مگر یوں کہ دلائل الخیرات پڑھا کرو! میں نے عرض کیا کہ وہ کیا شے ہے انہوں نے فرمایا: بازار میں کتابوں والی دکان سے کتاب

Marfat.com

ہے مانگو گے تو مل جائے گی، لہٰذا میں نے اس وقت سے حاصل کر کے پڑھنا شروع کی کچھ دیر درمیان میں تعطل بھی ہوا مگر اب تک جاری ہے، الحمد للہ علی ذلک! اگر اب کوئی وظیفہ بنانا چاہے تو اسے چاہئے کہ بیعت کے بعد اجازت لے کر شروع کرے اور تعیینِ وقت کر کے، خوشبو لگا کر، گنبدِ خضراء کے تصور میں دھیان سے پڑھا کرے، فوائد خود معلوم ہو جائیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ!

## دعائے حزب البحر کی فضیلت

یہ دعا بھی تمام حاجات کو پورا کرنے میں بڑی کارگر ہے، حتیٰ کہ پھانسی لگ جانے کے باوجود بچ جانے کے واقعات بھی پڑھنے میں آئے ہیں، خصوصاً علامہ شاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ جنہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا تعلیم فرمائی وہ کس حال میں تھے، دعا تعلیم ہونے کی بعد رب تعالیٰ نے سمندر کی موجوں سے کیسے نجات دی۔

اس بخاری بزرگ نے مجھے فرمایا: جب روسیوں نے بخارا میں اپنا اثر پھیلانا شروع کیا تو چند دور اندیش حضرات نے حفظ ماتقدم کے خیال سے جدوجہد شروع کی، کئی جگہ معرکے ہوئے، امیرِ بخارا گو دل سے چاہتے تھے کہ روس کا اثر ان کے ملک میں نہ ہونے پائے مگر روسی چالوں اور مکر و فریب کا مقابلہ نہ کر سکتے تھے۔

ایک دن دوسو بخاریوں کا قافلہ جمع ہوا، اور رات کے وقت روسی چھاؤنی پر حملہ کیا، بخاریوں کو معلوم نہ تھا کہ چھاؤنی والے خبردار ہیں، اس لئے وہ اطمینان سے بڑھے چلے گئے اور روسیوں نے دانستہ اپنے آپ کو غافل بنا دیا، یہاں تک کہ بخاری چھاؤنی کے اندر داخل ہو گئے، جب بخاری افسر کے خیمے کے پاس پہنچے تو چاروں طرف سے سپاہیوں نے گھیر لیا اور گولی چلنے لگی، نہایت سخت خون ریزی ہوئی، مگر یہ مٹھی بھر آدمی اور کہاں ہزار ہا روسی، ڈیڑھ سو کے قریب شہید ہو گئے اور روسی بھی بہت

Marfat.com

مارے گئے۔

مسلمانوں میں ایک آدمی حزب البحر کا عامل تھا اس نے جب دیکھا کہ باقی ماندہ مسلمان بھی تہِ تیغ ہو چاہتے ہیں تو حزب البو بہ آواز بلند پڑھنا شروع کیا اور جب وہ واطمس علی وجوہ اعدائنا وامسخھم علی مکانتھم پر پہنچے اور تین بار گرجدار آواز میں یہ جملہ کہا تو سامنے کے تمام سپاہی اوندھے منہ گر پڑے اور بندوقیں ان کے ہاتھ سے چھوٹ گئیں یہ دیکھ کر باقی سپاہی بھاگے اور یہ مسلمان نہایت اطمینان سے اپنے گھر واپس چلے آئے۔ (ماہنامہ درویش، صفحہ ۵۰، شمارہ ستمبر ۱۹۹۷)

اس دعا کو پڑھنے کے اور بھی بے شما فائدے ہیں، اس رسالہ سے مزید معلومات حاصل کریں، دعا ذیل میں درج کردی گئی ہے، جو چاہے اجازت لے کر ہر دن ایک بار حضور قلب سے اپنی حاجت کو پیش نظر رکھتے ہوئے پڑھتا رہے خصوصا نمازِ عصر کے بعد کیونکہ مجھے علامہ شاذلی کے سلسلہ کے ایک بزرگ سے اجازت ملی تو انہوں نے عصر کے بعد پڑھنے کا حکم فرمایا: آپ کا نام شیخ امام جامع مسجد دمشق امام محمد عبد الھادی شامی ہے جب آپ یکم محرم الحرام ۱۴۲۱ھ/ ۷، اپریل ۲۰۰۰ء کو کامونکی میں جامع مسجد حیدری میں تشریف لائے تو آپ نے بعد از نمازِ عصر پڑھنے کا حکم فرمایا:

# حزب البحر

اَللّٰھُمَّ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ اَنْتَ رَبِّیْ وَ عِلْمُكَ حَسْبِیْ فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّیْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِیْ

Marfat.com

تَنْصُرُ مَنْ تَشَاءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ نَسْئَالُكَ الْعِصْمَةَ
فِيْ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَالْكَلِمَاتِ وَ الْاِرَادَاتِ
وَالْخَطَرَاتِ وَالظُّنُوْنِ وَ الشُّكُوكِ وَالْاَوْهَامِ السَّاتِرَةِ
لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ فَقَدِابْتُلِىَ الْمُوْمِنُوْنَ
وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًاشَدِيْداً ،وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِىْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُه اِلَّا غُرُوْرًا○
فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا وَسَخِّرْلَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ
الْبَحْرَ لِمُوْسىٰ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ النَّارَ
لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ وَ سَخَّرَتَ الْجِبَالَ وَ
الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ وَسَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَ الشَّيَاطِيْنَ وَ الْجِنَّ
لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ وَسَخِّرْلَنَا كُلَّ بَحْرٍ
هُوَ لَكَ فِى الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَ
بَحْرَالدُّنْيَا وَبَحْرَالْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْلَنَا كُلَّ شَىْءٍ يَا مَنْ
بِيَدِهِ مَلَكُوْتُ كُلَّ شَىْءٍ○ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ
كٓهٰيٰعٓصٓ○ اُنْصُرْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ وَافْتَحْ لَنَا
فَاِنَّكَ خَيْرُالْفَاتِحِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُالْغَا فِرِيْنَ

Marfat.com

وَارْحَمْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ وَارْزُقْنَا فَإِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ وَ اهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ وَهَبْ لَنَامِنْ لَّدُنْكَ رِيْحاً طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِي عِلْمِكَ وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَ احْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ مَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْلَنَا اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَ دُنْيَانَا وَكُنْ لَنَا صَاحِباً فِيْ سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا واطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا هُمْ عَلٰى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوْا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ○ وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَااسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○ يٰسٓ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ○ لِتُنْذِرَ قَوْماً مَّآ اُنْذِرَ آبَآؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰى اَكْثَرِهِمْ

Marfat.com

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلَالًا فَهِيَ
اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ
○ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَ
عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ط وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ
ظُلْمًا ○ طٰسٓ طٰسٓمّٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ
بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَا يَبْغِيَانِ ○ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ
حٰمٓ حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ ○ حٰمٓ
تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَ
قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط
اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ○ (بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا ،تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ
سَقْفُنَا ،كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ) (قوسوں کے
درمیان والے کو تین بار پڑھیں) (سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَ
عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا) سات بار
پڑھیں (وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُحِيْطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ

Marfat.com

فِی لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ) (قوسوں کے درمیان والے کو تین بار پڑھیں) ( حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ) ( قوسوں کے درمیان والے کو سات بار پڑھیں) ( بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ) ( قوسوں کے درمیان والے کو تین بار پڑھیں) (وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ) (قوسوں کے درمیان والے کو تین بار پڑھیں) وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

نماز فجر و مغرب کے بعد ایک ایک بار پڑھ کر آخر میں ایک بار سورۃ فاتحہ شریف پڑھ کر اپنے لئے اپنے شیخ کے لئے اپنے بھائیوں کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے دعا مانگے اور خاص کر محمد یاسین قادری شطاری کے لئے دعا کریں!

اس دعا کی مزید معلومات کے لئے ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی کی ادارت میں شائع ہونے والے ماہنامہ درویش کا شمارہ ستمبر ۱۹۹۷ء ملاحظہ فرمائیں، جس میں حضرت خواجہ حسن نظامی کی شہرہ آفاق کتاب حزب البحر کا اول حصہ شائع کیا گیا ہے۔

استاذِ محترم استاذ العلماء والمشائخ ،ادیب اہلِ سنت وخوش بیاں واعظ ،حضرت علامہ مولانا محمد منشا تابش قصوری دامت برکاتہم العالیہ کی کئی معاملات میں

Marfat.com

اکثر راہنمائی حاصل رہتی ہے، اس وقت کتاب کی پروف ریڈنگ کے دوران کچھ بات چیت ہوئی تو اس کے مطابق عمل کرنے کی کوشش کی ہے، ایک یہ راہنمائی ہے کہ ابتدائیہ بھرپور ہو جائے اس میں درود پاک کے فضائل خصوصاً ہوں اور ساتھ ہی سلسلہ عالیہ قادریہ شطاریہ ضیائیہ کے اوراد و وظائف کا بھی ذکر آ جائے، لہٰذا کچھ اوراد وظائف درج کئے جاتے ہیں جو حضرت صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ عام حضرات کو بتایا کرتے تھے، فائدہ پانے والے حضرات دعا میں ضرور یاد رکھیں!

سلسلہ قادری ضیائی کے اورادِ عام برائے دینی و دنیاوی

# قضائے حاجات

## ۱) برائے رؤیت نبی کریم ﷺ و اہم امور

قادری ضیائی مرید یا برادران طریقت اگر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے مشتاق ہوں یا کسی ایسی دنیاوی الجھن میں پھنس جائیں کہ جہاں ان کی سوائے خدا کے کوئی امداد نہ کر سکتا ہو، تو ان کو چاہئے کہ حسب ذیل وظیفہ کو اپنا حرز جان بنائیں۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

ترکیب: صبح کی نماز کے بعد پہلے گیارہ دفعہ درود شریف مذکورہ بالا پڑھے پھر ان آیات کو جو کہ اوپر لکھی گئی ہیں تین دفعہ پڑھے بعد اس کے تین تسبیح فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ کی پڑھے

Marfat.com

، پھر گیارہ دفعہ درود شریف مذکورہ بالا پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اسی طرح ہمیشہ پڑھتا رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کو پورا فرمائے گا، اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۲ کشائش ظاہری وباطنی (عمل قصیدہ غوثیہ)

قادری ضیائے مرید کو اگر کوئی ظاہری وباطنی تکلیف پیش آجائے تو اس کو چاہئے کہ شام کی نماز کے بعد قصیدہ غوثیہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلب کو مدنظر رکھے اور اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف مذکورہ بالا بھی پڑھے، اسی طرح ہمیشہ پڑھتا رہے، اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کو پورا فرمائے گا۔ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۳ برائے زبان بندی

جس حاکم کے شر سے ڈر ہو اس کے پاس وقت دخول کے یہ کہے اس کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ تمہاری بات کو سنے گا اور وہ وظیفہ حسب ذیل ہے،

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ لَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ○ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۴ استخارہ مجربہ صحیحہ

جو شخص یہ چاہے کہ انجام اپنے کام کا معلوم کرے کہ خیر ہے یا شر وہ بعد عشاء کے وضو تازہ کر کے بستر پاک پر بیٹھ کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر گیارہ بار درود شریف بھیجے اور دس بار فاتحہ پڑھے اور گیارہ بار سورۂ اخلاص پھر گیارہ بار درود شریف بھیج کر شق ایمن (دائیں جانب) پر قبلہ کی متوجہ ہو کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ خواب دیکھے گا، اس خواب میں اس کے مقتضائے حال پر خبردار کر دیا جائے گا، یعنی بالوضاحت اس کو سارے حال سے آگاہی ہو جائے گی اور جملہ خیر وشر اس پر کھل

Marfat.com

جائے گی اور سب کچھ معلوم ہو جائے گا، سات دن تک کرے۔ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۵ برائے غنا قالبی وقلبی

ہر روز صبح کی نماز کے بعد یا مغنی گیارہ سو گیارہ بار پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھے کشائش ظاہری و باطنی کے لئے مجرب ہے۔ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۶ برائے کشف قلوب وغنائے قالبی وقلبی

ہر روز شام کی نماز کے بعد سورۂ مزمل اکتالیس بار مع اول وآخر گیارہ بار درود شریف کے پڑھے، کشائش ظاہری و باطنی نصیب ہوگی۔ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۷ برائے رفع حاجت وردغائب وشفائے مریض

جب کوئی حاجت پیش آئے یا کوئی لاعلاج مریض ہو یا کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کا سالم گھر میں آنا چاہے، تو سورۂ فاتحہ اکتالیس بار فجر کی سنت اور فرضوں کے درمیان پڑھے، اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھے، لیکن بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھے اور وہ اس طرح پڑھے ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○ شفائے مریض کے لئے پانی پر دم کر کے اکتالیس دن تک پلائے اللہ فضل کرے گا، اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۸ برائے حاجات مشکلہ

عشاء کی نماز کے بعد چار رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ○ اس کو ایک سو بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد، فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ

Marfat.com

نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ○ تیسری رکعت میں بعد فاتحہ کے وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ ۢ بِالْعِبَادِ○ پڑھے، چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ○ سو بار پڑھے سلام پھیر کر سو بار رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ○ کہے ہمارے سلسلہ قادریہ شطاریہ کے امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں ان کے وسیلہ سے جو مانگے سو پائے اور جو دعاء کرے قبول ہو۔ اللہ بس باقی وہوس۔

## نمبر۹ برائے بیدار شدن در شب

سوتے وقت آخر سورۂ کہف اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا○ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا ؕ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا○ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ○ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا○ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں وقت اس کو جگا دے تو اس وقت پر اللہ تعالیٰ اس کو جگا دے گا (اللہ بس باقی وہوس، رواہ الدارمی)

## نمبر۱۰ برائے رویت آنحضرت ﷺ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی سوتے وقت باوضو ان کلمات کو پڑھ لیا کرے تو وہ مجھے خواب میں دیکھے گا: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○ اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَالشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ وَالْمَقَامِ اِقْرَءْ رُوْحَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنِّی السَّلَامَ○ اس حدیث کے راوی حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں ☆ اللہ بس باقی ہوس۔

Marfat.com

## نمبر ۱۱ ایضاً برائے رویت حضور صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سلسلہ قادریہ شطاریہ کے بزرگ حضرت سلطان ابوسعید ابوالخیر حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیرومرشدان کے یہ اشعار بھی نہایت مجرب ہیں جو کوئی ان کو اکتالیس بار شب جمعہ کو قبلہ رو ہو کر باوضو پڑھ کر سورہے تو خواب میں زیارت سے مشرف ہوگا اگر جمعہ کو زیارت نصیب نہ ہو تو دوسرے جمعہ کو پھر پڑھے تا پانچ جمعہ تک انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا لیکن کھانا کم کھائے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے وہ اشعار حسب ذیل ہیں:

نسیما جانب کوئش گزر کن — بگو آں نازنینِ شمشاد مارا
بہ تشریفِ قدومِ خود زمانے — مشرف کن خراب آباد مارا
کہ بے پابوسِ تو اسباب شادی — نشاید خاطرِ ناشاد مارا

اللہ بس باقی ہوس

## نمبر ۱۲ برائے خوف حاکم

جو شخص کسے حاکم ظالم سے ڈرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ حاکم کی طرف جائے تو کٓھٰیٰعٓصٓ کہے اور ہر حرف پر اپنے داہنے ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کرکے کُفِیْتُ کہے اور پھر حٰمٓعٓسٓقٓ کہے اور ہر حرف پر اپنے بائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کرکے حُمِیْتُ کہے مگر انگلیوں کا بند کرنا خنصر (چھنگلی) سے شروع کرے جب حاکم کے سامنے جائے تو دونوں ہاتھ کھول دے اور اس کی طرف دم کرے نہایت مہربانی سے پیش آئے گا۔ مجرب ہے اللہ بس باقی ہوس

## نمبر ۱۳ برائے ضعف بصر

جس کسی کو ضعف بصر ہو اسے چاہئے کہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین بار

Marfat.com

پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرے اور لعاب لگا کر آنکھوں پر لگائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی اور جملہ امراض سے چشم محفوظ رہے گا: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۱۴ صلوۃ اوّابین

یہ نماز فضیلت میں سب نفلی نمازوں سے بڑی ہے ہمارے سلسلہ کے تمام بزرگانِ دین اس کو پڑھتے آئے ہیں شام کی نماز کے بعد فوراً ہی پڑھ لے اللہ تعالیٰ نے اس کے پڑھنے والوں کے لئے بخشش کا وعدہ فرمایا ہے: اِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ۝ اس کی کم سے کم چھ رکعتیں ہیں اور زیادہ سے زیادہ بیس ہیں دو دو کر کے پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ۳ مرتبہ پڑھے پھر دعا کرے اس نماز کے پڑھنے والوں کو فقیر کی طرف سے خاص اجازت ہے۔ اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۱۵ برائے قضائے حاجات

جو شخص ارادہ کرے کہ حق تعالیٰ اس کی مراد برلائے تو سورۂ فاتحہ کو اس طور پر پڑھے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ کی آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملادے جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے اور یک شنبہ (اتوار) کے دن سے شروع کرے اور فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اس طریقے سے پڑھے کہ اول روز ستر بار دوسرے روز ساٹھ بار تیسرے روز پچاس بار اور چوتھے روز چالیس بار اس طرح سے ہر روز دس دس بار کم کرتا جائے یہاں تک کہ ہفتے کے روز دس بار پڑھے تین ہفتے نہیں گزریں گے کہ خدا تعالیٰ اس کی ہر مراد پوری کرے گا اگرچہ مراد اس کی پہاڑ کے برابر ہو۔ اللہ بس باقی ہوس

Marfat.com

## نمبر۱۶ برائے کشائش رزق

جوکوئی سورہَ فاتحہ کو صبح کے وقت اکیس باراور ظہر کے وقت بائیس باراور عصر کے وقت تیس باراور مغرب کے وقت چوبیس باراور عشاء کے وقت دس بار پڑھے تو روزی میں کشائش ہواور جو کام کرے فتح پائے اوراگر کسی سے خوف ہو یادھوکا ہو تو بچ جائے گا۔انشاءاللہ تعالی! اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۱۷ وظیفہ یا رَحِیۡمُ یا کَرِیۡمُ

جوآدمی یارحیم یا کریم ہزار بار ہرروز تنہائی میں سوتے وقت پڑھے،اس کو آرام اور نیک بختی حاصل ہواور اچھے کاموں کی توفیق پائے اور بڑا نیک بخت ہوجائے اور سختیوں اورنقصانوں سے امن میں رہے مگراول وآخر گیارہ گیارہ باردرود شریف بھی پڑھ لیا کرے خواب میں بھی اس کو کچھ نظر آئے گا،اللہ بس باقی ہوس

## نمبر۱۸ وظیفہ یاحَیُّ یا قَیُّوۡمُ

جوآدمی اس وظیفہ کو ہزار بار ہرروز پڑھے اس کو مال کثرت سے ملے اور حاکم کاخوف جاتا رہےاور کشائشِ رزق ہو حادثوں اور نقصانوں سے بچا رہے اور اس کی ہیبت سب کے دلوں میں پیدا ہواور سب اس کی عزت کریں اور نیک بخت ہوجائے اورعورتیں اس کی عزت اور محبت کرنے لگیں اور رجوع خلقِ عام ہو،اللہ بس باقی ہوس

## عامل بنانے والی کتاب

عامل بنانے والی کتاب بہت ہی مفید معلوم ہوتی ہے اس کے وظائف قرآن وحدیث سے ماخوذ ہیں اس کی تصحیح اور تحقیق کے درمیان کئی جگہ ارادہ ہوا کہ اس

Marfat.com

جگہ اور کچھ لکھا جائے، اور کئی جگہ لکھ بھی دیا ہے جسے میں نے اپنے نام کے ساتھ قوسین میں ذکر کیا ہے، بہت ساری جگہ بعد میں ارادہ تھا جنہیں اب میں بھول گیا ہوں اور کتاب پر میں کیا بات کروں کہ یہ پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے، یہ اسی تعریف ہے، اس کی طوالت کی وجہ سے ارادۂ تفصیل ومزید ترک کردیا ہے، اس میں مولانا نے کتاب کے حصے، باب اور فصلیں بنائی ہیں ہم نے اسی طرح رکھتے ہوئے، اس کی آیات کی تخریج کردی، اور احادیث بھی جو مل سکیں ان کے حوالہ جات درج کردئے ہیں، نیز مصنف نے کتاب کے اندر کچھ فتاوی نقل کئے ہیں جن میں حوالہ کوئی نہیں ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ فتاوی ان کے اپنے ہی ہیں، اور صاحبِ کتاب کے حالات ان کی کئی کتابوں میں چھپ چکے ہیں اس لئے درج نہیں کئے جارہے، وللہ الحمد علی کل حال!

مصنف نے کتاب دس حصوں میں ترتیب دی ہے جس کے یہ پانچ حصے ہمارے پاس پہنچے ہیں انہیں نئی کمپوزنگ سے نئے انداز میں شائع کیا جارہا ہے اگر کسی کے پاس بقیہ حصے ہوں تو وہ ضرور عنایت فرمائے تاکہ انہیں سرے سے چھاپ دیا جائے، بزرگوں کی یاد قائم کرنا بہت بڑا اجر کا کام ہے اور یہ کام تو جتنے حضرات فائدہ اٹھائیں گے اتنا زیادہ اجر اس کی اشاعت میں ثواب کی نیت رکھنے والے کو بھی ملے گا۔ اللہ تعالی رجوع الی الحق وقبولِ حق کی توفیق عطا فرمائے! آمین!

قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی/۱۳/۸/۲۰۰۹ء
خلیفہ ونائب وجانشین آستانہ عالیہ قادریہ شطاریہ ضیائیہ
کوٹلی پیر عبدالرحمن لاہور۔
خطیب: جامع مسجد عمر چشمۂ فیضِ محمدی عمر روڈ کامونکی
مدرس: مدرسہ اسلامیہ جامع مسجد حیدری کامونکی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَوْدَعَ فِی الْحُرُوْفِ وَالنُّقُوْلِ مِنَ الْعَجَائِبِ لَا تُحْصٰی وَخَصَّ بَعْضَ الْعَزَائِمِ وَالتَّمَائِمِ بِخَوَاصَّ لَا یُسْتَقْصٰی حَتّٰی تُدْفَعَ بِھَا کَثِیْرًا مِّنَ الْاَھْوَالِ وَالْآفَاتِ وَتُدْرَءُ بِھَا عَامَّۃُ الْمَکَارِہِ وَالْحَاجَاتِ وَتُسْتَعَانُ بِھَا عَلٰی جَلْبِ الرَّغَائِبِ، وَتُسْتَمَدُّ بِھَا عَلٰی جَنْبِ الْمَصَائِبِ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَحَبِیْبِہٖ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی، اَلَّذِیْ قَالَ لَا بَأْسَ بِالرُّقٰی مَا لَمْ یَکُنْ فِیْہِ شِرْکٌ فَاَبَاحَ الْعَزَائِمَ وَالرُّقٰی لِطُلَّابِھَا، حَتّٰی تَیَسَّرَ لَھُمْ لِاِثْبَاتِ ھٰذِہِ الْکُنُوْزِ مِنْ اَبْوَابِھَا وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ۝ اما بعد:

فَیَقُوْلُ الْعَبْدُ الرَّاجِیْ رَحْمَۃَ رَبِّھَا الْقَوِیِّ الْمَدْعُوُّ بِمُحَمَّدٍ صَالِحِ بْنِ مَوْلَوِیِّ مَسْتْ عَلِیِّ اَلنَّقْشَبَنْدِیِّ الْمُجَدَّدِیِّ النُّوْرِیِّ تَجَاوَزَ اللّٰہُ عَنْ کُلِّ ذَنْبِہٖ الْجَلِیِّ وَالْخَفِیِّ، اِنَّ عِلْمَ الْاَعْمَالِ مِنْ اَجَلِّ الْعُلُوْمِ نَفْعًا لِلنَّاسِ، وَاَشَدُّھَا تَاْثِیْرًا لِدَفْعِ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ وَاَجْلَبُھَا لِقُلُوْبِ الطُّلَّابِ اِلَیْہِ وَاَحَثُّھَا لِتَشَوُّقِ الْعَاکِفِیْنَ عَلَیْہِ وَلٰکِنَّ الْیَوْمَ قَدْ خَلَا عَنْہُ الزَّمَانُ، وَارْتَحَلَ اَھْلُہٗ مِنَ الدُّنْیَا وَکُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ، وَلَمْ یَبْقَ اِلَّا الْمُتَرَسِّمُوْنَ بِہٖ وَقَدِ اسْتَحْوَذَ عَلٰی اَکْثَرِھِمُ الشَّیْطَانُ، حَتّٰی صَدَقَ عَلَیْھِمْ قَوْلُہٗ تَعَالٰی ﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ﴾ فَحَرَّفُوْا ھٰذَا الْفَنَّ، وَجَعَلُوْہُ مَرْمًی لِسِھَامِ الشَّکِّ وَالظَّنِّ وَمَزَجُوْا بِہِ الْاَکَاذِیْبَ وَالْاَبَاطِیْلَ وَلَا یُمْتَازُ فِیْہِ الدَّعِیُّ مِنَ الْاَصِیْلِ، وَجَعَلُوْہُ مَصِیْدَۃً لِلْحَرَامِ وَشَبَکَۃً لِلْحُطَامِ، وَآلَۃً لِاِمَالَۃِ الْخَوَاصِّ وَالْعَوَامِ فَاَمَّا عِلْمَ الْعَزَائِمِ الْمَحْمُوْدَۃِ وَالْغَنَائِمِ الْمَشْھُوْدَۃِ وَالْاَعْمَالِ الْمَاْثُوْرَۃِ

Marfat.com

وَ الرُّقٰی غَیْرِ الْمَحْظُوْرَۃِ تُسْتَعَانُ بِھَا عَلٰی دَرْءِ الْاٰفَاتِ وَجَلْبِ الْحَاجَاتِ فَقَدْ اَصْبَحَ مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ مَطْوِیًّا، وَصَارَنَسْیًا مَنْسِیًّا، وَ ظَلَّ لَھَا مُنْدَرِسًا، وَ اَثْرُھَا مُنْطَمِسًا، وَ لَمَّا کَانَ ھٰذَا عِلْمًا فِی الْعُلُوْمِ وَخُطْبًا بِوَحْشِ الْحُلُوْمِ، رَئَیْتُ الْاِشْتِغَالَ بِتَحْرِیْرِ ھٰذَا الْکِتَابِ کَالْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ، اِحْیَاءً لِعِلْمِ الْاَعْمَالِ الْمَاثُوْرَۃِ وَتَمْیِیْزًا بَیْنَ الْمُبَاحَۃِ مِنْھَا وَالْمَحْظُوْرَۃِ، نَاسِجًا عَلٰی مِنْوَالِ الْمُتَقَدِّمِیْنَ وَمُؤَسِّسًا بُنْیَانَہٗ عَلَی الْقُرْآنِ وَسُنَّۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ مُشَیِّدًا اَوْکَانَہٗ بِاِفَاضَاتِ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ○ فَجَاءَ الْکِتَابُ بِحَمْدِ اللّٰہِ عَلٰی وَفْقِ الْمُرَادِ، جَمِیْلُ الْعِبَارَۃِ صَحِیْحُ الْاِسْنَادِ ○ فَارِقٌ بَیْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالْمُحَلّٰی وَالْعَاطِلِ ، وَالْغَثِّ وَالسَّمِیْنِ وَالرَّامِكِ وَالرَّزِیْنِ وَ الْمَرْجُوُّ مِنْ اَھْلِ الْبَصَائِرِ اللَّطِیْفَۃِ وَالْقَرَائِحِ الْمُنِیْفَۃِ، اَنْ یَّعْفُوْعَنِّیْ اِذَا اغْتَرُّوْا عَلٰی خَطَاءٍ فِیْہِ اَوْدَخَلَ وَ اَحْسَنُوْا مِنِّی السَّھْوَ وَ الزَّلَلَ اَنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ○ وَ آخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○

بعد حمد وصلوۃ بندۂ ناچیز ابوالبشیر محمد صالح سجادہ نشین قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مولانا مولوی مست علی حنفی نقشبندی مجددی نوری بولوی (اطاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ) صوفی منش احباب کی خدمت میں ملتمس ہے کہ عملیات اور تعویذات کے حاصل کرنے کا عوام کیا خواص کو بھی ہمیشہ سے اشتیاق رہا ہے اسی لئے اس فن کی کتابیں زمانہ قدیم سے آج تک ہزاروں کی تعداد میں شائع ہو چکی ہیں جن میں کثیر التعداد کتابیں راقم کے زیر مطالعہ بھی رہ چکی ہیں مگر اس زمانہ میں دیکھا یہ کہ عامۃ الناس ان کتابوں سے پورا فائدہ نہیں اٹھاتے بلکہ الٹا بجائے فائدہ کے نقصان اٹھاتے ہیں چنانچہ

(۱) بعض کتابیں فی الواقعہ بزرگانِ سلف کے روحانی کمالات کی مظہر

Marfat.com

ہیں مگر اس زمانہ کے نااہل لوگ ان سے کماحقہ متمتع ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

(۲) بعض کتابیں ایسی ہیں کہ اس میں صدق و کذب، خیر و شر، رطب و یابس ہر طرح کی باتیں بھر دی گئیں ہیں۔

(۳) بعض کتابیں ایسی ہیں ان میں جو کچھ درج ہے فی نفسہ خوب ہے مگر ان کی سند صحیح نہیں اور ان کے مندرجہ فوائد و عوائد کی روایات بالکل خود ساختہ معلوم ہوتی ہیں۔

(۴) بعض کتب ایسی ہیں کہ ان میں آیات قرآنیہ اور کلمات طیبہ کو برے مقاصد میں استعمال کرنے کے طریقے لکھے ہیں۔ کَلِمَةُ الْحَقِّ اُرِیْدَ بِهِ الْبَاطِلُ۔

(۵) بعض کتابوں میں کلمہ طیبہ کو غیر مشروع طریقہ سے استعمال کرنے کی تعلیم دی ہے جیسے بعض عامل بسم اللہ وغیرہ کو (معاذ اللہ) پیشاب کے ساتھ لکھتے ہیں۔

(۶) بعض کتابیں ہنود براہمہ کے اعمال مخترعہ سے مضامین اخذ کر کے تالیف کی گئیں ہیں جو کفریہ عقائد و اعمال کی جامع ہونے کے علاوہ اپنی اصطلاحات کی اجنبیت کی وجہ سے غیر مفید بھی ہیں۔

(۷) بعض کتابیں اعمال و نقوش کی بالکل ناجائز صورتیں پیش کرتیں ہیں۔

(۸) بعض کتابیں صرف بچوں کے کھیل کی حیثیت رکھتی ہیں کوئی معقول و دانشمند آدمی ان کو اپنی علمی الماری کی زینت بنانا پسند نہیں کرتا۔ حاشیہ ہے

[1] اس قسم کی کتابیں دراصل مندرجہ ذیل علوم کی امداد سے تالیف کی گئی ہیں جن کے جواز و عدم جواز پر آگے چل کر ہم وضاحت سے روشنی ڈالیں گے۔

Marfat.com

(۱) علم نجوم جس سے ستاروں کی رفتار سے واقعات مستقبلہ پر استدلال کیا جاتا ہے۔

(۲) علم رمل جس میں زمین و کاغذ پر کچھ اشکال بنا کر اس سے واقعات آئندہ پر برائے زنی کی جاتی ہے۔

(۳) علم جفر جس میں صرف اٹھائیس حروف ابجد جوڑ توڑ سے نتائج اخذ کئے جاتے ہیں۔

(۴) علم ہیئت جس میں آسمان و سورج، چاند اور ستاروں کی حرکات کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔

(۵) علم کیمیا جس کے ذریعہ سونا چاندی بنایا جاتا ہے۔

(۶) علم لیمیا جس کے کرنے سے عجائب وغرائب طلسم ظاہر ہوتے ہیں۔

(۷) علم ہیمیا جس کے ذریعہ جنات اور موکلات کو قابو کیا جا سکتا ہے

(۸) علم سیمیا جس کے ذریعہ انسان دریاؤں سمندروں پر خشک زمین کی طرح چل پھر سکتا ہے۔

(۹) علم ریمیا جس کے ذریعہ طرح طرح کے شعبدے ظاہر ہوتے ہیں۔

(۱۰) علم قیافہ جس میں اعضائے انسان سے ان کے نیک و بد آثار معلوم کئے جاتے ہیں۔

(۱۱) علم مسمریزم جس کے ذریعہ تصور پر قابو ہونے اور قوت روحانی کو ترقی دی جائے۔

(۱۲) علم قراءت الید جس میں ہتھیلی کے خطوط سے گذشتہ اور آئندہ

Marfat.com

کے حالات معلوم ہوتے ہیں (مولف)

ان گوناگوں خرابیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج کل لوگ عملیات اور وظائف کی مروجہ کتابوں سے سخت بدظن اور متنفر ہو رہے ہیں اور اس تنفر و بدگمانی کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ آج کل جو اس قسم کی کتابیں شائع ہو رہی ہیں ان میں زیادہ تر سماعی اور غیر مجرب عملیات کی بھرتی ہوتی ہے۔ جب لوگ ان کتابوں کے عملیات کا تجربہ کرتے ہیں اور ان کو دعوی کے مطابق صحیح نہیں پاتے تو عملیات کی تاثیر سے منکر اور عاملوں کے دعوی سے بدظن ہو جاتے ہیں، حتی کہ بعض گستاخ لوگ عاملین اور عملیات دونوں کو برا بھلا کہنے لگ جاتے ہیں اور حقیقت میں یہ لوگ قابل معافی ہیں کیوں کہ ایسی کتابوں کے مطالعہ اور استعمال سے ان کا قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے، اور ساتھ ہی روپیہ بھی برباد ہوتا ہے بڑی قسم کے گوناگوں نقصانات سے وہ بدگمانی و بدگوئی پر مجبور ہوتے ہیں اور یہ ساری خرابی عملیات کی ان ناقص اور باطل کتابوں سے پیدا ہوئی، نفسِ عملیات، تعویذات و نقوش کی تاثیر بطریق تواتر ثابت ہے جس سے کوئی ذی علم انکار نہیں کر سکتا چنانچہ روزمرہ کا تجربہ شاہد ہے کہ عملیات کی بدولت بحکم ربی مشکل سے مشکل مہمات و مصائب سرانجام پاتی ہیں، سخت سے سخت امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے اور دلی مقاصد و مرادیں برآتی ہیں، لیکن اگر ایک طرف یہ فن شریف اپنے عجائبات اور خوبیوں کے لحاظ سے تعریف و اوصاف کا مستحق ہے، تو دوسری طرف کثیر خودغرض لوگوں نے اس فن کو دنیا کی نظر میں بے اعتبار کر دیا ہے۔

چو از قومے یکے بیدانشی کرد نہ کہ را منزلت ماند نہ مہ را

جب کوئی ایک شخص قوم میں سے بے عقلی و بے وقوفی کا کام کرے تو نہ کسی بڑے کی عزت رہتی ہے نہ کسی چھوٹے کی (یعنی سب بے عزت ہو جاتے ہیں)

بنابریں مدت مدید سے راقم الحروف کی یہ آرزو تھی کہ عملیات کی ایک ایسی

Marfat.com

مکمل جامع مستند اور مدلل کتاب تالیف کی جائے کہ جس سے شائقین کی تمام شکایات رفع ہو جائیں، اور مختلف کتب عملیات سے ناکام رہ کر ان کو آئے دن نئی نئی کتابوں کے دیکھنے کی بھی ضرورت اور ہوس باقی نہ رہے، علاوہ اس کے بعض لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں کوئی تیر بہدف عمل نہیں پایا جاتا، اور نہ کوئی سچا عامل نظر آتا ہے اور ان کے نزدیک عملیات میں کچھ بھی اصلیت نہیں ہے بلکہ یہ محض اوہام پرستی ہے اور بیوقوف لوگوں سے روپیہ حاصل کرنے کا ایک حیلہ ہے جو نفس پرور عاملوں نے اپنی شکم پروری کے لئے ایجاد کر رکھا ہے، تو ایسے لوگوں کی بدظنی کو دور کر کے ان کو صحیح عقیدہ پر لانا ہر عامل کامل کا فرض ہے تا کہ ان کو یقین ہو جائے کہ عملیات میں واقعی تاثیر موجود ہے، اور صفحہ ہستی پر سچے عامل اب بھی پائے جاتے ہیں، گو خودغرض لوگوں نے اس فن شریف کو بدنام کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا، مگر صداقت آخر جلوہ گر ہو کر رہتی ہے ملمع کاری اگرچہ دلفریب اور خوشنما ہے مگر چند روز میں اصلیت ظاہر ہو ہی جاتی ہے۔

غرض اس مبارک کام کو سرانجام دینے کی طرف کئی سجادہ نشینوں اور عاملوں کو توجہ دلائی گئی اور کئی ذی علم اور صوفی منش اصحاب کو اس علمی خدمت کے لئے معقول معاوضہ اور نذرانہ بھی پیش کیا گیا مگر ''صدائے نہ برخاست،، آخر الامر جب راقم الحروف سب طرف سے مایوس و ناامید ہو گیا، تو اشتیاق نے مجھے خود قلم اٹھانے پر مجبور کیا، ورنہ مجھے عالم ہونے کا دعویٰ ہے، اور نہ صوفی ہونے کا البتہ بزرگوں کی اولاد اور علماء و صلحاء کی صحبت میں تربیت یافتہ ضرور ہوں، اور محض اسی بنا پر مجھے یہ اوراق لکھنے کا حوصلہ ملا، وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَيْهِ اُنِيْبُ۔

Marfat.com

# ترتیب مضامین

اس کتاب کے مضامین کو مفصلہ ذیل حصوں میں مرتب کیا گیا ہے جن میں سے پانچ پانچ حصے ایک ایک جلد میں ہیں۔

# حصہ اول مبادی عملیات

اس میں پانچ باب ہیں۔

باب اول...... تنقید عملیات اس میں عملیات کی کل کتابوں کے اعمال و نقوش کے حسن وقبح پر وضاحت سے روشنی ڈالی گئی ہے جس میں چھ فصلیں ہیں۔

فصل اول...... عملیات کے شغل میں مختلف اقسام کے مکروفریب۔

فصل دوم...... عملیات میں دیگر غیر مشروع افعال کا ارتکاب۔

فصل سوم...... عاملوں کی بعض مفاسدِ دینیہ سے چشم پوشی بلکہ ان کی ترویج،

فصل چہارم...... عملیات کے پیشے کو فروغ دینے کے لئے توجہ اور تصور کی قوتوں سے کام لینا۔

فصل پنجم...... ارضی وسماوی کائنات کی سعادت ونحوست کا عقیدہ باطلہ۔

فصل ششم...... رمل ونجوم، جفر وجوتش وغیرہ علومِ محظورہ کا استعمال،

باب دوم...... تاثیر عملیات۔

اس میں عملیات کی تاثیر کا ثبوت عقلاً ونقلاً دیا گیا ہے۔

باب سوم...... تاریخ سحر وجادو

اس میں جادو کی حقیقت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

Marfat.com

باب چہارم......تاریخ عملیات

اس میں یہ لکھا گیا ہے کہ عملیات کب اور کس طرح شروع ہوئے۔

باب پنجم......طریق عملیات

اس میں عملیات کے کرنے کا صحیح طریقہ بتلایا گیا ہے جس میں دو فصلیں ہیں،۔

فصل اول......آدابِ نقوش وتعویذات،

فصل دوم......تعویذات کے استعمال کے مشروع طریقے

حصہ دوم:

قرآنی عملیات

اس میں دو باب ہیں:

باب اول......بیاض انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام

اس میں وہ قرآنی عملیات ہیں جو انبیاء کے مجرب ہیں اور جن کو خود قرآن مجید مؤثر ہونا ظاہر کرتا ہے نہ یہ کہ ہم اپنی رائے سے کہہ دیں کہ فلاں سورت یا فلاں آیت کے پڑھنے سے یہ اثر ہوتا ہے، حالانکہ اس آیت یا اس سورت سے اس کے اثر کا مفہوم نہیں ہوتا۔

اس میں دو فصلیں ہیں:

فصل اول......دعا کا مختصر بیان

فصل دوم......انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے مجرب اعمال

باب دوم......بیاض نبوی حصہ اول اس میں وہ قرآنی عملیات ہیں جن کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موثر ہونا بتلایا ہے کہ فلاں آیت فلاں سورت کے پڑھنے سے یہ اثر ہوتا ہے گویا آیتوں اور سورتوں کے خواص کا صحیح اور سریع الاثر

Marfat.com

ذخیرہ وہی ہے۔

حصہ سوم

حدیثی عملیات اعنی بیاض نبوی

اس میں وہ مجرب عملیات کتب احادیث سے جمع کئے گئے ہیں جن کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا اور دوسروں کو بتلایا۔

حصہ چہارم......اسم اعظم

اس میں اسم اعظم کی تحقیق قرآن مجید واحادیث نبویہ، اور اقوال صالحین سے وضاحت کے ساتھ کی گئی ہے۔اس کی تخصیص کے اختلافات پر عام فہم دلائل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

حصہ پنجم......مشائخی عملیات حصہ اول

جس میں تقریباً پانچ سو مطبوعہ قلمی کتابوں سے مستند اور صحیح اعمال ونقوش اخذ کر کے درج کئے گئے ہیں، تاکہ طالب وشائق کو اور کتابوں کے مطالعہ کرنے کی ضرورت نہ رہے۔

حصہ ششم......مشائخی عملیات حصہ دوم

اس میں ہند وپنجاب وغیرہ ملک کے مشہور ومعروف سجادہ نشینوں کے مجرب عملیات مع ان کے خاندانی حالات کے جمع کئے گئے ہیں مزید براں راقم نے بھی اپنے خاندانی چند نایاب مجرب عملیات اس میں درج کر دیے ہیں جو حضرت والد ماجد مولانا مولوی مست علی نقشبندی رحمہ اللہ تعالی کا عطیہ ہے۔

حصہ ہفتم......کلیہ عملیات

اس میں پانچ باب ہیں،

باب اول......دعا کی حقیقت اور اس کی ضرورت،

Marfat.com

باب دوم......دعاء کی مشروعیت اور قبولیت،

باب سوم......دعا کی فضیلت

باب چہارم......دعاء کے آداب،

باب پنجم......ادعیہءِ ماثورہ

حصہ ہشتم......مشقی عملیات

اس میں عجائباتِ روحانیت کی بے شمار مجرب مشقیں سہل الحصول ترکیب کے ساتھ درج کی گئی ہیں: مثلاً کشفِ قبور و کشفِ قلوب، حبّ وعدوّ، مسخرات، تسخیرِ جنات و ہمزاد وغیرہ وغیرہ کی مشقیں۔

حصہ نہم......متفرق عملیات

اس میں وہ مشکل اور پیچیدہ عملیات مع ترکیب کے جمع کئے گئے ہیں جن کی تلاش میں اکثر جید عامل دربدر کو بکو پھرتے ہیں۔

حصہ دہم......غیر مشروعہ عملیات

اس میں وہ عملیات مطبوعہ کتب عملیات سے فراہم کئے گئے ہیں جو غیر مشروع اور ناجائز ہیں۔

# شکریہ

راقم الحروف تمام مشائخ کا بالعموم اور مفصلہ ذیل بزرگوں کا بالخصوص تہہِ دل سے ممنون ہے جنہوں نے میری توقعات کی خشک کھیتی کو اپنے چشمہ فیض سے سیراب کیا، اور اپنی ہمت باطن سے میرے قلب کو جولانی دی جس کے باعث یہ چند اوراق لکھنے کے قابل ہو گیا۔

(۱) حضرت والد ماجد مولانا مولوی مست علی نقشبندی مجددی نوری بن

Marfat.com

حضرت شیخ احمد صاحب داؤد بن مولانا محمد اشرف رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

(۲) جناب فاضل اجل عامل بے بدل مولانا مولوی غلام محی الدین بریلوی نقشبندی مجددی بن حضرت خلیفہ خان عالم مجددی نوری رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

(۳) جناب مرشدی، ومولائی زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین حضرت فقیر محمد لحاظوی نقشبندی مجددی بن قطب الاقطاب خواجۂ خواجگان حضرت نور محمد تیراہی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

# التماس

## بجناب مرشدی حضرت فقیر محمد صاحب لحاظوی رحمۃ اللہ علیہ

یا مرشدی یا مولی یا مفزعی یاملجائی فی مبدئی ومعاذی

اے میرے مرشد اے میری پناہ اے میری گبراہٹ کے سہارے اے میری جائے پناہ دنیا اور آخرت میں۔

ارحم علیّ یاغیاث فلیس لی کھف سوا حبیکم من زاد

رحم کیجئے مجھ پر اے میرے فریادرس کیوں کہ نہیں ہے میرے لئے میری جائے پناہ سوا آپ کی محبت کے کوئی توشہ۔

اصبو الیکم اذ ینوح مطوّق و امیل وجدا اذ ترنّم شادی

آپ کی طرف جھک جاتا ہوں جب کوئی قمری بولتی ہے، اور وجد کی وجہ سے مائل ہوتا ہوں جب کوئی گاتا ہے۔

وابکی اشتیاقا اذ اُدار حدیثکم من جاءنی من حاضر او بادی

اور شوق سے رونے لگتا ہوں جبکہ آپ کی باتوں کا چرچا کرتا ہے، جو کوئی میرے پاس آتا ہے مقیم یا مسافر۔

Marfat.com

و ھو اکم دینی وجلّ طریقتی    شغفی بکم ولذکرکم اوار دی

آپ کا عشق میرا دین ہے اور میرا بڑا طریقہ، آپ سے عشق مفرط رکھتا ہے اور آپ کا ذکر میرا وظیفہ ہے۔

وفیوضکم فی عصرنا عم الوری    وبفضلہ تبقی علی الاباد

آپ کے فیض ہیں زمانہ میں سب کو عام تمام میں، اور خدا کے فضل سے ابد تک باقی رہیں گے۔

فا ز الانام بکم وانی ھا ئم    فانظر الی برحمۃ یاھادی

تمام خلائق آپ سے کامیاب ہوگی میں سرگرداں ہوں، مجھ پر اے میرے مرشد وہادی نظر رحمت فرمایئے۔

یاسیدی للہ شیئا انہ انتم    لی المجدی وانی جادی

اے میرے سردار خدا کے واسطے کچھ عطا ہو، بیشک آپ میرے لئے عطا کرنے والے ہو اور میں سائل ہوں۔

ثم السلام علی السید المصطفی    خیر الانام وآلہ الامجاد

پھر سلام ہو نبی مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر، جو تمام خلائق سے اچھے ہیں اور سلام ہو آپ کی آل امجاد پر۔

# ضروری عرض

ناظرین باتمکین کی خدمت اقدس میں نہایت ادب سے التماس ہے کہ میں وثوق کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس کتاب کو پڑھ کر کتنے شائق ان عملیات سے مستفیض ہو کر راقم الحروف کو دعائے خیر سے یاد کریں گے، اور کتنے ناکامیاب ہو کر

Marfat.com

مجھے برا بھلا کہیں گے، میں اور میرے دعوے دراصل سب کے سب ہیچ اور بیکار ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی مرضی ہے کہ وہ ان عملیات اور تعویذات میں تاثیر پیدا کردے، کیوں کہ اثر کا دینا اور اثر کا سلب کرنا سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کے دستِ قدرت میں ہے۔

بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ جس عمل سے لوگوں نے فائدہ اٹھا کر مجھے دعاء میں یاد کیا ہے عمل کو جب میں اپنے واسطے کرتا ہوں تو وہ مؤثر ثابت نہیں ہوتا، لیکن بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جس شئے کی تلاش میں سالہا سال گذر جاتے ہیں، اور جس کے لئے سب کچھ کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہوں، اللہ تعالیٰ خود بخود اس کا سامان فراہم کر دیتا ہے دراصل بات یہ ہے کہ وہ دین ودنیا کا مالک جس پر چاہتا ہے اپنے لطف وکرم کے دروازے کھول دیتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے اپنی نظر عنایت کا اشارہ پھیر لیتا ہے، چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ سورۃ آل عمران رکوع ۳۔

اے میرے حبیب آپ یوں کہہ دیجئے اے اللہ تمام ملک کے مالک تو ملک جس کو چاہے دیتا ہے اور جس سے چاہے ملک لے لیتا ہے اور جس کو تو چاہے غالب کر دیتا ہے اور جس کو تو چاہے پست کر دیتا ہے بھلائی تیرے دستِ قدرت میں ہے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے☆

غرض جب فضل خداوندی شامل حال ہوتا ہے، تو مقصود مطلوب خود تمہارے قدموں میں آپڑنے کے لئے بیتاب ہوتا ہے اور عزائم ورقی (دم وغیرہ) محض ایک بہانہ ہوتے ہیں۔

رحمت حق بہانہ می جوید　　　رحمت حق بہانمی جوید

Marfat.com

لیکن اگر اس کا فضل شامل حال نہیں ہوتا، تو تمام عملیات وتعویذات غیر مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

وَاِذَا الْمَنِيَّةُ اَنْشَبَتْ اَظْفَارَهَا اَلْفَيْتَ كُلَّ تَمِيْمَةٍ لَا تَنْفَعُ

ایسے وقت اللہ تعالیٰ کے کسی خاص اور مقبول بندے کی دستگیری کی ضرورت ہوتی ہے۔

جو اس دربارِ عالی میں رسائی رکھتا ہو، اور اس تک سفارش پہنچا سکتا ہو، چونکہ اللہ تعالیٰ کو اپنے مقبول اور پیارے بندے کی خاطر منظور ہوتی ہے، اس لئے غالب امید ہوتی ہے کہ اس کی عرض کو منظور کرلے، لہٰذا طالب کو کسی کامل پیرومرشد سے بیعت کرنے کی ضرورت ہے۔

تاکہ اس کو ایسے آڑے وقت میں جبکہ عامل اور عمل دونوں جواب دے دیں، پیرکامل کی دستگیری فائدہ پہنچا سکے اور یہی اصل [1] بات ہے۔

اولیاء را ہست قدرت از الٰہ تیر جستہ باز گرداند ز راہ

[1] تفصیل کے لئے دیکھو میری کتاب، ضرورت شیخ" جس کا حجم چارسو صفحہ کے قریب ہے۔

# اعتذار

مجھے زبان دانی کا دعوے نہیں، اور نہ کچھ عربی فارسی کی قابلیت کا فخر ہے، لہٰذا جو کچھ کھارا، پھیکا، کڑوا، کسیلا، ماحضر تھا وہ میں نے خلوصِ دل سے برادران صوفی منش اور شائقین عملیات کی ضیافت کے لئے پیش کردیا ہے۔

گر قبول افتد زہے عز وشرف

Marfat.com

علاوہ اس کے اس کتاب کے مرتب کرنے میں راقم الحروف سے بے شمار لغزشیں ہوئی ہوں گی مگر مجھے اہل علم وفہم سے امید وتوقع ہے کہ وہ اس کتاب کے الفاظ وعبارت اور لغزشوں اور غلطیوں پر خُردہ گیری نہیں کریں گے، بلکہ اگر اس میں کہیں سہو وغلطی دیکھیں، تو اسے دامن لطف وکرم سے چھپائیں گے، کیوں کہ سہو و نسیان لازمہ بشریت ہے۔

غلام ہمت آں ناظرین باکرم  کہ یک صواب بہ بینند وصد خطا پوشند

اور جو اصحاب اس کتاب سے فائدہ اٹھائیں وہ اس دور افتادہ کے حق میں سچے دل سے فلاح دارین کے لئے دعائے خیر فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

بماند سالہا ایں نظم و ترتیب  ز ما ہر ذرہ خاک افتد بجائے
غرض نقشے است کز ما یاد ماند  کہ ہستی را نمی بینم بقائے
مگر صاحب دلے بروزے برحمت  کند در حقِ ایں مسکیں دعائے

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ

لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ

اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ

وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ

وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ

وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

Marfat.com

# عامل بنانے والی کتاب

## حصہ اول

ملقب بہ

# مبادی عملیات

تالیف لطیف

ابوالبشیر محمد صالح رحمہ اللہ تعالیٰ

تحقیق وتصحیح ترتیب جدید

قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی

Marfat.com

# باب اول

# تنقید عملیات

حصہ اول میں ان خرابیوں اور قباحتوں کا ذکر کیا جاتا ہے جو اس زمانہ میں عملیات وتعویذات اور جھاڑ پھونک کے مشاغل میں پیدا ہوگئی ہیں، اور جن میں عوام کیا خواص بھی مبتلا ہیں، اور ان کی وجہ سے یہ لوگ حدودِ شرعیہ سے متجاوز ہیں جس کے نتیجہ کی نسبت اللہ تعالیٰ سورہ نساء رکوع ۱۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسُول کی نافرمانی کرے اور اس کی حدوں سے بڑھ چلے تو اللہ اس کو آگ میں داخل کرے گا وہ اس میں ہمیشہ رہے گا اور اس کو ذلت کی مار ہوگی۔

معلوم ہوا کہ جو شخص اللہ ورسول کی مقرر شدہ حدوں سے ایک قدم بھی آگے بڑھائے، وہ سیدھا جہنم میں جائے گا لہٰذا ضروری ہوا کہ عملیات وغیرہ کی حدود شرعیہ کی تفصیل بیان کر دی جائے تاکہ طالبانِ حق کو صراط مستقیم معلوم ہو جائے اور وہ دوزخ کا ایندھن ہونے سے بچ جائیں، وَهُوَ الْمُعِيْنُ فِيْ كُلِّ حِيْنٍ عَلَى الْحَقِّ وَالْيَقِيْنِ وَالتَّمَسُّكِ بِالدِّيْنِ۔

معصیت بجائے خود کردیم — روزگارے دریں بسر بردیم

گر نیاید بگوش رغبت کس — بر رسولاں بلاغ باشد وبس

اس زمانہ میں عملیات کی زیادہ صورتیں ناجائز اور معصیت ہیں اور شرعی

Marfat.com

مسئلہ ہے کہ معصیت کا ارتکاب بھی ناجائز اور اس کا سبب بھی ناجائز اور اس پر اجرت لینا بھی ناجائز ہے۔

افسوس ہے کہ اس وقت اکثر عامل لوگوں نے اس کو پیشہ بنالیا ہے اور اسی کو ذریعہ کسب اور معاش ٹھہرالیا ہے اور بلا امتیاز جائز و ناجائز روپیہ سمیٹنے کی فکر میں لگ رہے ہیں ایسی کمائی کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَالَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ط

(سورۃ شوریٰ رکوع ۳)

اور جو کوئی دنیا کی کھیتی و کمائی چاہتا ہے ہم اس کو دیتے ہیں لیکن آخرت میں اس کے لئے کچھ حصہ نہیں۔

## عملیات مرجہ کی خرابیوں کی تفصیل

آج کل عاملوں کی اور ان کے عملیات کی خرابیاں ظہور پذیر ہو رہی ہیں ان کی تفصیل کے لئے ایک دفتر بھی کافی نہ ہوگا، جہالت نے خودغرضی کے ساتھ ملکر اس فنِ شریف کو خست و دنائت کی ان حدود تک پہنچا دیا ہے جو رذائل و ذمائم کا درجہ ہے ،اس لئے آج کل کے ذی وضع اور صاحبِ علم لوگ اعمال و عزائم کے فن کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور یہ محض موجودہ عاملانِ فن کی نااہلیت کا نتیجہ ہے ورنہ یہ فن انبیائے کرام کا ورثہ تھا اور اولیائے عظام کی یادگار تھی۔

سرسری نظر سے غور کیا تو ہم کو موجودہ عاملوں کے مشاغل میں چھ قسم کی خرابیاں نظر آئیں۔

۱) ایک تو یہ کہ عامل لوگ عموماً طمع نفسانی کے لئے صدق و دیانت کا سررشتہ ہاتھ سے چھوڑ کر طالبانِ عملیات کو طرح طرح کے دھوکے اور فریب دیتے ہیں ،اور

Marfat.com

جس طرح بھی بن پڑتا ہے جھوٹ بول کر بے بود توقعات دلا کر سبز باغ دکھا کر طالبوں سے روپیہ پیسہ ٹھگنے کی کوشش کرتے ہیں۔

۲) دوسرے وہ حرص وطمع میں آ کر اہلِ حاجات کے لئے ایسے کاموں کو سر انجام دینے کا بیڑا بھی اٹھا لیتے ہیں جو صریحا فسق یا اعانت علی الاثم ہیں، مثلاً مواصلت حرام، قتلِ بے گناہ، نصرتِ ظلم، تفرقہ زوجین وغیرہ۔

۳) تیسرے اہلِ حاجات عموماً توہم پرست ضعیف العقیدہ، جاہل اور کوتاہ نظر ہوتے ہیں وہ اپنی جہالت کی وجہ سے اس سلسلے میں جن غیر مشروع افعال کے مرتکب یا جن خلاف عقل ودین مرادات کے متمنی ہوتے ہیں عامل ان کی ان غلطیوں سے چشم پوشی کرتے ہیں بلکہ اپنا رجوع بڑھانے کے لئے ان کو ترویج دیتے ہیں۔

۴) چوتھے عامل لوگ اپنے باطنی کمالات اور روحانی تصرفات کا سکہ جمانے اور لوگوں پر رعب بٹھانے اور اپنی بزرگی اُن کے دل پر منقش کرنے کے لئے ایسے اعمال واشغال اختیار کر لیتے ہیں جن میں توجہ اور تصور کی طاقتوں کو ترقی دے کر بعض عجائبات کا اظہار کیا جاسکتا ہے جن کو نفسِ عملیات سے کچھ تعلق نہیں، نہ تزکیۂ باطن اور قرب حق سے کوئی نسبت ہے، بلکہ یہ محض ایک روحانی شعبدہ ہے جو چاہے سیکھ لے۔

۵) پانچویں چونکہ عملیات کی دلدادہ زیادہ تر عورتیں ہوتی ہیں اور وہی مردوں سے زیادہ توہم پرست اور حسد وبخل کی معتقد بھی ہوتی ہیں اس لئے عاملوں نے اپنی دکانداری کو ترقی دینے کے لئے عورتوں کی اس ضعیف اعتقادی سے فائدہ اٹھانے کی غرض سے سعد ونحس کے عقائدِ باطلہ کا دفتر بھی اپنے اشغال واعمال میں داخل کر لیا۔

۶) چھٹے عاملوں نے اپنے کسب زر اور طلب روزی کے شغل کو صرف تعویذ نویسی میں منحصر رکھنا ناکافی سمجھ کر اپنے مشاغل کی الماری میں رمل، جفر، نجوم، جوتش

Marfat.com

وغیرہ علومِ محذورہ کا محظورہ کا بھی اضافہ کرلیا، اب اکثر عامل عامل بالسنّت ہونے کی بجائے اچھے خاصے نجومی اور جوتشی بنے پھرتے ہیں، نعوذ بالله من شرور انفسنا۔

ان چھ قسم کی خرابیوں کو ہم چھ فصلوں میں مفصلاً ومشرّعاً حوالہ قلم کرتے ہیں۔

## فصل اول

# عملیات کے شغل میں مختلف اقسام کے مکروفریب

فسق وفجور ہر حالت میں اور ہر جگہ مستوجب ملامت ہے لیکن اگر اس کا ارتکاب کسی متبرک ساعت یا کسی مقدس جگہ میں ہو تو اس کی شناعت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

ہر گناہے کہ کنی در شب آدینہ بکن تا کہ از صدر نشینانِ جہنم باشی

اسی طرح کذب، وزد اور مکروفریب ہمیشہ ہر معاملے میں مذموم ہیں لیکن جب اس کا وقوع کسی متبرک کام اور مقدس معاملے میں ہو تو اس کی برائی بدرجہا بڑھ جاتی ہے، اعمال وعزائم، اور رقی تمائم ایک ایسا شغل ہے جس میں عموماً کلام الٰہی، اسمائے الٰہیہ اور دیگر کلمات متبرکہ سے کام لیا جاتا ہے اور اس شغل میں توجہ الی اللہ اور خدمت خلق کی مبارک حیثیات بھی غالب ہیں لیکن افسوس کہ آج کل اکثر بندۂ نفس عامل اس شغل میں جھوٹ اور فریب کا ارتکاب کرنے سے باز نہیں آتے، اور اس طرح نقد وجنس لوگوں سے ٹھگ کر اپنے آپ کو بڑے کامیاب سمجھتے ہیں لیکن اگر غور کیا جائے تو وہ اپنے اس ناپاک طرزِ عمل سے نہایت ناکامی کو پہنچ جاتے ہیں، جیسا کہ مولانا فرماتے ہیں:

خائن خوش ہے کہ مل گیا مال خطیر کیا جانے ہوا جو اس کو نقصان کثیر

Marfat.com

کھو بیٹھا ہے کیسی نعمتیں بیش بہا عزت برکت فلاح ایمان ضمیر

آگے ہم عاملان دغا پیشہ کے مکروفریب کی بعض کثیر الوقوع جزئیات کا ذکر کریں گے، اور احکام شرع سے ان پر روشنی ڈالیں گے۔

## فوائد دنیا کے لئے مکروفریب کا انجام

اللہ تبارک وتعالیٰ دنیا وعقبیٰ کے طلبگاروں کا نتیجہ اس طرح بیان فرماتا ہے:

☆ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَانَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا○وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا○ (سورہ بنی اسرائیل رکوع ۲)

جو شخص دنیا کا طالب ہو ہم اس کو اس میں جلد دیدیتے ہیں جو چاہتے ہیں جس کے لئے چاہتے ہیں پھر ہم نے ان کے لئے جہنم بنا رکھی ہے اس میں داخل ہوگا برے حالوں راندہ درگاہ ہوکر اور جس نے آخرت چاہی اور اس کے لئے کوشش کی جو کوشش اس کے لائق تھی اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو یہی ہیں جن کی کوشش مقبول ہے۔

ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:

☆ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا○ (سورہ اسراء/۲۱)

اور البتہ آخرت بڑھ کر درجوں میں اور بڑھ کر ہے برتری میں۔

دیکھئے! اللہ تبارک وتعالیٰ آخرت کے مفاد کو دنیا کے نفع سے بہتر فرماتا ہے بلکہ طالب دنیا کی برائی بیان فرماتا ہے، مگر ان دغا پیشہ عاملوں کا عجب حال ہے کہ وہ آخرت کے نفع کی طرف چنداں توجہ ہی نہیں کرتے، بلکہ وہ مکروفریب کے ذریعہ رات دن دنیا طلبی میں غرق رہتے ہیں اور ان کے حصول کے لئے طرح طرح کے

Marfat.com

حیلے کرتے ہیں، حتیٰ کہ خود مکروفریب کی شامت کے علاوہ عملیات اور وظائف جیسے شریف فن کوان جرائم سے گندا کرنے کے مجرم بنتے ہیں۔

سچ ہے کہ دنیا محض مکروفریب ہے، چنانچہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

○ اَلدُّنْیَا زُوْرٌ لَا تَحْصِلُ اِلَّا بِالزُّوْرِ (حوالہ نہیں ملا)

دنیا مکروفریب ہے یہ مکروفریب کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔

مطلب یہ ہوا ہے کہ جب تک بے ایمانی نہ کرو گے، دھوکہ سے لوگوں کا دل نہ دکھاؤ گے دغابازی نہ کرو گے ہزاروں لاکھوں کی دولت تم کو نصیب نہیں ہوگی، اکثر لوگوں نے اسی طرح دولت کو جمع کیا ہے لہٰذا دولتمند اور متمول ہو گئے ہیں چنانچہ اس کا تجربہ ناظرین خود کریں چکے ہوں گے یا لوگوں کو کرتے ہوئے دیکھا ہوگا بے شمار نظیریں اور واقعات زمانہ قدیم اور حال میں موجود ہیں۔

## (۱) وظائف وعملیات میں شیطان کے فریب

عاملانِ دنیا طلب جو مکروفریب کو اپنا شغل بنا لیتے ہیں، دراصل خود ان کے ساتھ شیطان کا مکروفریب ہے جو انسان کا سب سے قدیمی دشمن ہے وہ آدم علیہ الصلوۃ والسلام کی پیدائش کے وقت سے یہ عزم کر چکا ہے کہ جس طرح بھی بن پڑے گا میں انسان کو سیدھے راستے سے بہکاؤں گا مناہی ومعاصی کا مرتکب بناؤں گا اور دوزخ میں اپنے ساتھ لے جاؤں گا، غرض اس لعین کے سینکڑوں فریب اور ہزاروں جال ہیں بعض بہت موٹے اور ظاہر ہیں بعض نہایت باریک اور پوشیدہ جن سے بڑے بڑے تیز نظر بھی بچ نہیں سکتے مگر ہاں جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے اللہ تعالیٰ کے پاک ترین بندے ہی اس کے فریب سے بچ سکتے ہیں جس کی دو مثالیں عرض ہیں۔

Marfat.com

## حضرت پیران پیر کا شیطان کے فریب سے بچنا

منقول ہے کہ شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ العزیز جب چالیس برس کے بعد حجرے سے باہر تشریف لائے تو تمام میدان روشن اور منور ہو گیا، حضرت چونکہ ظاہر و باطن کے جامع تھے سمجھ گئے کہ یہ نور حقیقی کا پرتو نہیں ہے بلکہ یہ شیطانی کھیل ہے آپ نے فی الفور پڑھا: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ○ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

جب آپ نے یہ کلمات زبان مبارک سے ادا فرمائے تو اسی وقت شیطان لعین با آواز بلند یوں بول اٹھا: ''اے عبدالقادر! تجھ کو تیرے علم نے بچالیا،، حضرت چونکہ نہایت باریک بین اور دقیقہ رس تھے اس کے اس فریب اور دھوکے کو بھی فوراً سمجھ گئے اسی وقت دوبارہ لاحول پڑھ کر اس مردود سے فرمایا:

عَصَمَنِیْ رَبِّیْ لَا عِلْمِیْ ...... یعنی مجھ کو میرے پروردگار نے تیرے مکر و فریب کے جال میں پھنسنے سے محفوظ رکھا تو مجھے کفر و شرک کے گڑھے میں گرانا چاہتا تھا، علم کیا چیز ہے اگر اللہ تعالیٰ ہی اپنی نظر عنایت نہ کرے تو بھلا علم کیا کر سکتا ہے، الغرض شیطان ہاتھ ملتا اور دانت پیستا ہوا اور یوں کہتا ہوا کہ میرا دوسرا داؤ بھی خالی گیا، دُم دبا کر بھاگ گیا۔

## سیدنا جنید کے ایک مرید اور شیطان کا جال

حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ کا ایک مرید اثنائے سلوک میں بہت کچھ عجائبات دیکھنے لگا لوگوں سے کہا کرتا کہ آج میں نے بہشت کی سیر کی آج انہار جنت سے پانی پیا آج فواکہ بہشت تناول کیے۔

یہ خبریں حضرت جنید تک پہنچتیں تو فرماتے وہ شیطان کے ہتھے چڑھ گیا ہے

Marfat.com

اس پر طرہ یہ ہوا کہ اس کو اپنے تقرب الی اللہ اور کمالات ولایت کا اس قدر زعم ہو گیا کہ اپنے آپ کو پیر سے بھی مستغنی سمجھنے لگا اور یہی شیطان لعین کا مقصد تھا کامل پیروں کو اپنے مریدوں کے حق میں ایک خالصا لوجہ اللہ شفقت ہوتی ہے، سیدنا جنید رضی اللہ تعالی عنہ نے جب دیکھا کہ وہ گمراہ مرید تو خود کبھی حاضر نہیں ہوتا اور اس گمراہی میں اس کے ایمان کا کام تمام ہوئے جاتا ہے اس لئے ازراہ شفقت خود اس کے حجرے میں تشریف لے گئے اور پوچھا کیا تم کو بہشت کی سیر کرنے کا موقع ملتا ہے؟

مرید: جی ہاں روزانہ براق پر چڑھ کر آسمانوں کو طے کر کے بہشت میں جاتا ہوں حور و غلمان کو دیکھتا ہوں انہار جنت سے پانی پیتا ہوں، اثمار جنت چکھتا ہوں

سیدنا جنید رضی اللہ تعالی عنہ: اگر فی الواقع تمہارے مراتب تقرب میں یہ ترقی ہوگئی تو بڑی خوشی کی بات ہے مگر شیطانی ہتھکنڈوں سے محتاط رہنا بھی شرط طریقت ہے، اس لئے بہتر ہے کہ جب کبھی پھر جنت کی سیر میسر ہو اور فواکہ جنت تمہارے سامنے آئیں تو زور سے پڑھو!

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ○

اگر وہ حالات حقیقی اور واقعی ہوں گے تو ان میں کچھ تغیر نہیں آئے گا۔

مرید: حضرت مجھے تو اطمینان ہے کہ شیطانی داؤ مجھ پر ہرگز نہیں چل سکتا مگر خیر آپ کے حکم کی تعمیل کروں گا۔

اگلے روز جب پھر وہ مرید براق کی سواری پر بہشت میں پہنچا اور میوہ جات کے طشت اس کے سامنے آئے تو اسے پیر کی ہدایت یاد آ گئی فوراً پکارا:

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ○

لاحـــــول کا پڑھنا تھا کہ سارا شیطانی طلسم ٹوٹ گیا، حور و غلماں غائب

Marfat.com

ہو گئے بہشتی نور تاریکی سے بدل گئے، اصلیت نمودار ہوگئی غور سے دیکھا تو براق کی بجائے ایک گدھا پاس کھڑا ہے اور بہشت کی بجائے آپ ایک گندے غلیظ کوڑے پر بیٹھے ہوئے ہیں سامنے میووں کے طشت کی بجائے گندگی کا بھرا ہوا ٹھیکرا پڑا ہوا ہے۔

مرید صبح کو پیر کی خدمت میں حاضر ہوا اور تجدید بیعت سے مشرف ہوا۔

## عملیات میں دھوکا دینے کی مذمت احادیث میں

احادیث صحیحہ میں دھوکہ اور فریب کی مذمت کثرت سے پائی جاتی ہے۔

چنانچہ عملیات کے بارے میں بھی دھوکا دینے کی ممانعت صریحا موجود ہے مگر خود غرض لوگ دنیا طلبی میں ایسے اندھا دھند منہمک ہیں کہ وہ جائز و ناجائز اور حلال وحرام میں تمیز نہیں کرتے اور عذاب اخروی سے نڈر ہو کر خدا اور رسول کے حکم کو عمدا پس پشت ڈال دیتے ہیں، حدیث شریف میں ہے:

○ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لِاَبِیْ بَكْرٍ غُلَامٌ يُخْرِجُ لَهُ الْخِرَاجَ فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ يَاْكُلُ مِنْ خِرَاجِهٖ فَجَاءَ يَوْمًا بِشَیْءٍ فَاَكَلَ مِنْهُ اَبُوْ بَكْرٍ۔ فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ: تَدْرِیْ مَاهٰذَا؟ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ: كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِاِنْسَانٍ فِی الْجَاهِلِيَّةِ وَمَا اُحْسِنُ الْكِهَانَةَ اِلَّا اَنِّیْ خَدَعْتُهٗ فَلَقِيَنِیْ فَاَعْطَانِیْ بِذٰلِكَ فَهٰذَا الَّذِیْ اَكَلْتَ مِنْهُ۔ قَالَ: فَاَدْخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ يَدَهٗ فَقَاءَ كُلَّ شَیْءٍ فِیْ بَطْنِهٖ (رواہ البخاری، کتاب، باب)

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ ابوبکر کا ایک غلام تھا جو ان کو خراج ادا کیا کرتا تھا آپ اس کے خراج کی چیز کھالیا کرتے ایک دن وہ کوئی چیز لایا جس میں سے آپ نے کچھ کھالیا۔ تب غلام نے ان سے کہا: کیا آپ کو معلوم بھی ہے کہ یہ کیا ہے؟ تو آپ نے کہا: یہ کیا ہے؟ غلام نے کہا میں جاہلیت

Marfat.com

میں ایک شخص کو جوتش کی بابت بتایا کرتا تھا، اور مجھے جوتش اچھی طرح آتا بھی نہ تھا مگر اس سے فریب کیا کرتا تھا آج مجھے وہ ملا تو اس کے عوض میں کچھ چیز دی یہ وہی ہے جس میں سے آپ نے کھائی ہے۔ راوی کہتا ہے کہ تب ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنا ہاتھ منہ میں داخل کیا پھر جو کچھ پیٹ میں تھا سب قے میں نکال دیا (اس کو بخاری نے روایت کیا ہے)

مرقات میں لکھا ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس چیز کی حرمت سخت تھی، کیوں کہ جوتش اور فریب جمع ہو گئے۔

## (۲) عملیات کا معاوضہ

آج کل یہ عام دستور ہے کہ جب کوئی طالب کسی عامل کے پاس جاتا ہے تو ضرور کچھ نہ کچھ تحفہ ہدیہ لے کر جاتا ہے، مثلاً نقدی یا شیرینی یا پھل وغیرہ تو اس قسم کا ہدیہ لے جانا داخل ادب ہے۔

لیکن واجب وفرض نہیں، اس لئے عامل کو چاہئے کہ ہدیہ لانے والے اور نہ لانے والے سب کو ترحم وشفقت کی ایک نظر سے دیکھے ایسا نہ ہو کہ وصولی ہدایا کی چاٹ عامل کو ہدیوں کا اس قدر عادی بنادے کہ وہ ہدیہ نہ لانے والوں کو خاطر میں نہ لائے اور اس طرح غریب ومفلس لوگ جو کچھ دینے کی توفیق نہیں رکھتے اس کے فیض عملیات سے محروم رہ جائیں، مگر افسوس کہ اکثر گرسنہ چشم عامل ایسے لوگوں کو جو ہدیہ نہیں لاتے اور بوجہ افلاس مفت تعویذ کے امیدوار ہوتے ہیں منہ سے تو کچھ نہیں کہتے صرف ٹالنے کے لئے خالی پھونکیں مار دیتے یا چند الٹی سیدھی لکیریں کاغذ پر کھینچ کر حوالہ کر دیتے ہیں ایسے عاملوں کا مقولہ ہے:

"جو شخص ہم کو کچھ نہیں دیتا وہ ہم سے بھی کیا لے جائے گا"

Marfat.com

## (۳) معاوضہ وصولی کے لئے فرضی تعویذ نویسی

بعض مفت خوری کے بھوکے عامل نہیں، عامل کے بھائی نہیں، اور عملیات کا فن کسی سے سیکھا نہیں، صرف دنیا کو ٹھگنے کے لئے عملیات کی کوئی کتاب لے لیتے ہیں اور اہل حاجات کو اس میں سے تعویذ نقل کر کے دیتے رہتے ہیں یا فرضی دم کرنے کے لئے ذرا ہونٹ ہلا کر چھو چھو کر دیتے ہیں۔

**اصلاح:** یہ ایک مکر و فریب ہے عامل ہونے کے لئے لازم ہے کہ اس فن کو استادوں سے سیکھا ہو، تعویذات کی زکاۃ ادا کر کے اجازت حاصل کی ہو ورنہ فرضی تعویذات کا لکھ لکھ کر دینا صاف دھوکا اور ایک دینی واخلاقی جرم ہے جس کا وبال ضرور پڑے گا۔ دھوکے اور فریب کی نہی کتاب وسنت میں بکثرت آئی ہے اللہ تعالی فرماتا ہے:

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝ (سورۃ نساء/۱۰۷)

اور جو لوگ دوسروں کو دغا دے کر حقیقت میں انجام بد کے لحاظ سے اپنے آپ کو دغا دیتے ہیں ان لوگوں کی حمایت نہ کرو کیوں کہ وہ دغا باز بدکار کو اللہ پسند نہیں کرتا

## (۴) تعویذ کیلئے قیمتی چیزیں وصول کرنا

بعض عامل بلا اشتراط واقعی محض پیسوں کے بہانہ سے قیمتی چیزیں مثلاً مشک وزعفران خالص وغیرہ وصول کر لیتے ہیں اور سائل وطالب کو کہتے ہیں کہ تعویذ ان چیزوں سے لکھا جانا ضروری ہے وہ بے چارہ سادہ لوح ان کے دام تزویر میں پھنس

Marfat.com

جاتا ہے اور اشیائے مطلوبہ خرید کر حاضر کر دیتا ہے یا ان کی قیمت مجوزہ دے دیتا ہے خودغرض عامل صاحب تھوڑا سا زعفران اور مشک کو سیسی میں گھس کر نقش لکھ دیتے ہیں اور باقی ماندہ بیچ کر رقم وصولی کر لیتے ہیں۔

**اصلاح:** یہ سراسر دھوکا اور فریب ہے ایسی کمائی بالکل ناجائز اور حرام ومعصیت ہے کیوں کہ وہ چوری خیانت اور فریب کی قسم سے ہے جن کی حرمت محتاجِ دلیل نہیں۔

## (۵) عاملوں کا شعبدے کرنا

بعض عامل لوگوں کا دھوکا دینے کے لئے کچھ شعبدے بھی سیکھ لیتے ہیں مثلا ایک سادہ کاغذ آگ کے سامنے کیا اور اس پر ایک ڈراوئی شکل نمودار ہوگئی اور حاصرین سے کہہ دیا کہ بس وہ آسیب اس میں اتر آیا۔

بعض عامل مخاطب کے مافی الضمیر کو من وعن بیان کر دیتے ہیں جس سے لوگ ان کی غیب دانی کے گرویدہ ہو جاتے ہیں، بعض عامل باہر کھڑے کھڑے اندرون خانہ کی کیفیت، طاق، الماری، صندوق اور ان کے اندر کی اشیاء کی تفصیل پوری سنا دیتے ہیں، اس سے بھی لوگ ان کی روشن ضمیری کے قائل ہو جاتے ہیں۔

بعض عامل اس قسم کے کرتب دکھاتے ہیں، کہ ہاتھ میں مٹی یا راکھ کی چٹکی اٹھائی اور وہ میٹھی ہوگئی۔

یا پانی کا گلاس بھرا اور وہ فورا شربت بن گیا، سادہ لوح لوگ ان باتوں کو کرامات سمجھ کر ایسے عامل کے پاؤں چومنے لگتے ہیں بعض عامل کھیتوں میں ایک غلے کے ڈھیر کے پاس کھڑے ہو کر چند دانے اٹھا کر ہاتھ میں ملتے ہیں تو وہ معا خاک سیاہ ہو جاتے ہیں سادہ لوگ کسان اس بات سے ڈر کر کہ اس ولی صاحب

Marfat.com

کرامت کی ناراضگی سے کہیں سارا غلہ خاک سیاہ نہ ہو جائے من دو من غلہ نذر کرتا ہے اور ہاتھ جوڑ کر معافی مانگتا ہے (وھکذامن المکائد الکثیرۃ) (اس طرح کے اور بہت مکروفریب ہیں)

**اصلاح:** یہ سب مکروفریب اور شعبدے ہیں کاغذ پر ڈراؤنی شکل نمودار ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پہلے عرق پیاز سے وہ شکل بنائی ہوتی ہے جو محسوس نہیں ہوتی، یہ آگ کی حرارت پاکر نمایاں ہو جاتی ہے۔

مٹی یا راکھ کے میٹھا ہونے یا پانی کے شربت بنانے کا راز یہ ہے کہ انگریزی دواؤں میں قند کا ایک جوہر ہے جس کو سکرین کہتے ہیں اس کا ایک دانہ باجرے کے دانہ کے برابر لوٹا بھر پانی کو شربت بنا سکتا ہے یہ دوا، اقلِ قلیل مقدار میں ان ٹھگوں کے ناخن میں ہوتی ہے اور موقع پا کر ایک غیر محسوس انداز سے جس کی ان کو مشق ہوتی ہے پانی وغیرہ کو شیریں کر دیتے ہیں، غلہ کے دانوں کو خاک سیاہ بنا دینا محض ہتھ پھیری ہے جیسے کہ بھان مٹی کنکروں کے روپے بنا دیتا ہے حالانکہ روپے خود اس کے پاس موجود ہوتے ہیں، وہ صرف ان کنکروں کو روپوں سے بدل ڈالتا ہے اسی طرح یہ راکھ اس عامل فقیر کے پاس محفوظ ہوتی ہے وہ دانوں کو غائب اور راکھ کو نمودار کر دیتا ہے اور ہاتھ کی صفائی اس کا فن ہے مافی الضمیر کو تاڑ لینا، یا اندرون خانہ کی اشیاء معلوم کر لینا قلبی عجائبات سے ہے جو معمولی مشق مزاولت سے ہر شخص سیکھ سکتا ہے۔

یہ کوئی کمال نہیں، ولایت نہیں، قرب حق نہیں،
تزکیہ باطن نہیں، کرامت نہیں، معجزہ نہیں،

درحقیقت خاک بھی نہیں صرف لوگوں کو ٹھگنے اور کھانے کا ایک ذریعہ ہے آگے چل کر ہم ان باتوں کی قلعی تفصیل کے ساتھ کھولیں گے اور نہایت دلچسپ

Marfat.com

واقعات سنائیں گے یہاں صرف اس قدر عرض کر دینا ہمارا فرض ہے کہ اس قسم کے شعبدے دکھا کر خلق اللہ کو ٹھگنا ایک بدترین جرم اور حرام کام ہے اور ایسی کمائی قطعاً حرام اور نار جہنم کی مصداق ہے۔

## (۶) گڑے تعویذ نکالنے کا فریب

بعض عامل لوگوں کے گھروں سے فرضی تعویذ نکالتے ہیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ ہر ایک شہر میں ایسے ٹھگ موجود ہیں بیچارے سادہ لوگ اکثر ان کے جال میں پھنس جاتے ہیں زیادہ تر یہ وہم مستورات میں دیکھا گیا ہے، وہی مردوں کو مجبور کرتی ہیں کہ کسی عامل کو بلا کر مریض کو دکھلانا چاہئے کیوں کہ کوئی دوا اس پر اثر نہیں کرتی اس لئے اس پر کسی شخص نے ضرور تعویذ ڈالے ہیں چنانچہ مرد مجبور ہو کر کسی مشہور و معروف عامل کو بلا لاتا ہے اور وہ اپنی کتاب (اٹ البحر) کھول کر یا قرعہ وغیرہ ڈال کر سراسر جھوٹ کہتا ہے کہ اس پر کسی نے تعویذ ڈالے ہیں اور وہ فلاں فلاں مقام پر مدفون ہیں عموماً یہ لوگ جو چولہے کے نیچے یا دروازوں کے کونے یا دہلیز وغیرہ کے نیچے بتایا کرتے ہیں، اگر ان کو نکال دیا جائے تو مریض صحت یاب ہو جائے گا وہ غریب سر تسلیم خم کر کے عرض کرتے ہیں کہ حضرت ان کو نکلوا دیجئے ہم آپ کی امید سے بڑھ کر خدمت کریں گے، آپ یہ سن کر اٹھ کر فوراً ان مقامات کو کھدواتے ہیں اور کھودنے کے وقت نہایت چالاکی سے اپنے پاس سے تعویذات پھینک دیتے ہیں جو نہایت پرانے اور بوسیدہ ہوتے ہیں ایسے پرانے تعویذ وہ پہلے سے ہی اپنے گھر میں دفن کر کے تیار کر رکھتے ہیں پھر ایسے موقع کے لئے زمین سے نکال کر ہمراہ لے آتے ہیں راقم الحروف ایسے دھوکے باز عاملوں کو بچشم خود ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے اور اس وقت ان کو علیحدگی میں سمجھا کر شرمندہ بھی کیا ہے لیکن طامع اور لالچی شخص

Marfat.com

پر بھلا کیا اثر ہوسکتا ہے آخر جب میں نے دیکھا کہا ایسے عامل ان قبیح حرکتوں سے باز نہیں آتے تو مجبوراان کے مکروفریب کو طشت از بام کرنا پڑاچنانچہ جو لوگ ایسے عاملوں کے مداح تھے، ان کو موقع پا کر سمجھایا گیا، توانہوں نے کہا کہ اچھا صاحب ہم خوداس کا تجربہ کرتے ہیں چنانچہ انہوں نے ایک عامل کو بلایا اور ایک فرضی مریض کو پیش کیا آپ نے حسبِ عادت کہا کہ اس پر کسی نے تعویذ ڈالے ہیں اور فلاں فلاں مقام پر مدفون ہیں، چنانچہ عامل صاحب کو ایک علیحدہ کمرے میں بٹھا کر مدفون مقامات کو کھودنا شروع کیا، وہاں سے کوئی تعویذ نہیں نکلا تو عامل صاحب غصہ سے بھرے ہوئے اٹھے اور ان مقامات کی مٹی کو اپنے ہاتھ سے ادھر ادھر الٹ پلٹ کرنے لگے اور موقع پا کر نہایت چالاکی سے تعویذوں کو جو گولی بنا کر اپنے پاس رکھے ہوئے تھے ان میں پھینکتے رہے، اوران کی اس چالاکی کو ایک شخص نے دیکھ کر ان کا ہاتھ پکڑ لیا اوران کو اس فعل سے شرمندہ کیا اور زدوکوب سے بھی خوب خاطر تواضع کی، راقم الحروف نے بھی خود ایک جگہ ایسا تماشے کا مشاہدہ کیا ہے۔

**اصلاح:** اس طریق سے عوام الناس سے روپیہ لینا اوراس کو اپنا پیشہ بنانا نہایت سنگین جرم اور گناہ کبیرہ ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

☆ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ (سورۂ آل عمران/۱۶۱)

اور جو شخص خیانت کا مرتکب ہوگا تو جو چیز خیانت کی ہے قیامت کے روز بعینہ وہی چیز اس کو خدا کے حضور میں لا حاضر کرنی ہوگی پھر جس نے فریب کیا ہے اس کا اس کو پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور کسی پر ظلم نہیں ہوگا۔ (سورۃ آل عمران رکوع ۱۷)

شرع شریف میں ہر طرح کے فریب ودغا سے سخت نہی وارد ہے۔

Marfat.com

چنانچہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غلہ کے ایک ڈھیر کے پاس سے گذرے آپ نے اس ڈھیر میں اپنا دست مبارک داخل فرمایا تو آپ کے ہاتھ کو کچھ نمی محسوس ہوئی، آپ نے غلہ والے سے فرمایا:

بھائی یہ کیا بات ہے؟

اس نے عرض کیا حضور اس غلہ پر بارش پڑ گئی تھی۔

آپ نے فرمایا: تو اس کو ڈھیر کے اوپر کیوں نہیں رکھتا تا کہ لوگ دیکھ لیتے،

پھر فرمایا:

○ مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا (مشکوۃ، مسلم، کتاب الایمان، باب قول النبی من غشنا فلیس منا، ابن ماجہ، کتاب التجارات، باب النھی عن الغش، مسند احمد بن حنبل، مسند المکیین، باب حدیث ابی بردۃ بن نیار)

جس نے ملاوٹ کی وہ میری جماعت میں سے نہیں ہے۔

اگر کوئی شخص ایسے عاملوں کو دیکھے تو ان کو ضرور فہمائش کرے! کیونکہ حدیث شریف میں ہے:

○ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ مَنْ رَّاٰی (مِنْکُمْ) مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ رواہ مسلم (مسلم، کتاب الایمان، باب بیان کون النھی عن المنکر من الایمان، ترمذی شریف، کتاب الفتن عن رسول اللہ ۲۰۹۸، ابوداؤد کتاب الصلاۃ، باب الخطبۃ یوم العید، ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا، باب ماجاء فی صلاۃ العیدین، سنن نسائی، کتاب الایمان وشرائعہ، باب تفاضل اہل الایمان،)

ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے: وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جوکوئی انکار کی چیز کو دیکھے اسے چاہئے کہ اسے اپنے ہاتھ سے بدل دے (دور کردے) اور اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اس کو سن کر زبان سے برا کہے پھر اگر یہ بھی طاقت نہ ہو تو اسے دل سے برا جانے اور دل کے ساتھ برا جاننا نہایت ضعیف ترین ایمان ہے (اسے مسلم نے روایت کیا ہے)

## ۷) غلط کرامات کا مشہور کرنا

اکثر دیکھا گیا ہے کہ عامل یا اس کے اعوان وانصار اس کے کمالات اور تصرفات کی غلط حکایات وکرامات بالعموم مشہور کرتے رہتے ہیں، تاکہ عوام الناس ان کے جال میں پھنستے رہیں اس سے تو ایک مال ودولت کی آمدنی شروع ہوتی ہے دوسرے عوام الناس ان کو غوث وقطب وغیرہ القاب سے ملقب کرتے ہیں۔

دو سچے واقعات بیان کئے جاتے ہیں:

## پہلا واقعہ

ریاست پٹیالہ کا ایک مشہور ٹھگ وزیر بیگ نامی جو ہمیشہ عامل ولی اللہ کے روپ میں خلق اللہ کو لوٹتا رہتا ہے اور اس کی مکاریوں کی نہایت دل چسپ داستانیں کتابی صورت میں چھپ چکی ہیں۔

اس کا ایک واقعہ یہ ہے، کہ ایک مرتبہ اس نے عظیم اللہ نامی ایک نہایت لستان وخوش تقریر آدمی کو اپنے ساتھ گانٹھا اور ایک ریاستی بستی کے باہر ڈیرہ جمالیا وزیر بیگ نے ایک مریض زاہد کا روپ اختیار کیا اور عظیم اللہ اس کا ارادتمند مرید بنا۔

بستی کے لوگوں میں چرچا ہوا کہ وہ بزرگ صاحبِ کمال بستی سے باہر مقیم ہیں کسی سے کوئی سوال نہیں کرتے ہر وقت اللہ اللہ کا شغل ہے معتقدین کی آمدورفت شروع ہوئی عظیم اللہ نے موقع پا کر کسی سے بیان کردیا کہ میں ایک رئیس زادہ ہوں

Marfat.com

تین لاکھ روپیہ کی جائداد موجود ہے اور اپنے باپ کا اکلوتا بیٹا ہوں ایک مرتبہ ان بزرگ ولی اللہ کا گزر ہمارے گاؤں میں ہوا اور اتفاق سے میرے باغ کے پاس ڈیرہ جمادیا، ہمارا نوکر باغبان ازراہِ اعتقاد کچھ پھل پیش کر دیتا، شاہ صاحب اس پر بڑی مہربانی کرنے لگے باغبان کی عورت جذام کے مرض میں مبتلا تھی شاہ صاحب نے ایک دن ازراہِ کرم باغبان سے فرمایا:

جاؤ چار تولہ ہڑتال دس سیر دودھ اور پچاس تانبے کے منصوری پیسے لے آؤ تمہاری بیوی کا علاج کر دیتے ہیں۔

دودھ چولہے پر پکنے کے لئے چڑھا دیا پیسے آگ میں ڈال دیے، اور ساری رات باغبان کی عورت کو دودھ پلاتے رہے پہر رات باقی رہے باغبان کو آواز دی کہ اب تمہاری بیوی اچھی ہے اور سو رہی ہے صبح جب جاگے تو نہلا دینا اور چولہے کی راکھ کو اچھی طرح دیکھ لینا فقیر اب جاتے ہیں اتنا کہہ کر شاہ صاحب غائب ہو گئے عورت سورج چڑھے جاگی تو اس کے شوہر نے کنواں چلا کر پانی نکالا اور اس کو نہلانے لگا تو تمام خراب چمڑا اتر کر تندرست بدن کندن کی طرح دمکتا ہوا نکل آیا اور وہی عورت جو کل تک بیمار اور بدصورت تھی آج ایک نازنین پری پیکر بن گئی ڈیرے پر آ کر چولہے کی راکھ دیکھی تو پچاس تانبے کے پیسے خالص طلائی ڈلیاں تھیں پھر اس دن سے میں اور میرا باغبان شاہ صاحب کی تلاش میں دنیا جہان کو چھانتے پھرتے رہے آخر ریاست نابھن میں ایک جھیل کے کنارے پر ان کی صورت نظر آئی اور ان کے قدموں میں رہنا اختیار کیا۔

اس داستان نے بستی میں شاہ صاحب کے کمالات کی ایک دھوم مچا دی ریاست کے کئی معزز اہل کار اور سیٹھ ساہوکار کیمیا کی طمع میں حاضری دینے لگے آخر ان دونوں عیاروں نے ایک سیٹھ کو ایسا صاف چکمہ دیا کہ چار ہزار روپے کا سونا اس

Marfat.com

سے اڑا لے گئے۔

## دوسرا واقعہ

قصبہ دھنولہ میں ایک شاہ صاحب مدعی کمال وارد ہوئے دو چار مرید مدح گو کمالات کی داستانیں شائع کرنے والے ساتھ تھے، تعویذ نویسی جھاڑ پھونک کے علاوہ وعظ گوئی کا بھی دعوی تھا پانچ دس کوس تک اردگرد کے دیہات میں خوب چرچے ہوئے آخر یہ عامل صاحب ایک گاؤں سے کسی عورت کو بھگا لے گئے۔

ہمارا یہ مطلب نہیں کہ سارے عامل اسی قماش کے ہوتے ہیں بلکہ مدعا یہ ہے کہ اپنے ہنر و کمال کے گیت گانے اور ان کی اشاعت کے لئے زمین و آسمان کے قلابے ملانے کی ضرورت نہیں، ہنر واقعی ہوگا تو خود شہرت پائے گا۔

مشک آنست کہ خود بوید نہ آں کہ عطار بگوید

اور اصلیت سے زیادہ اظہار کمالات تو مجرمانہ فعل ہے اور یہ انہی ٹھگوں اور عیاروں کا پیشہ ہے جو عاملوں کے لباس میں لوگوں کو ٹھگتے پھرتے ہیں پس جو عامل اصلیت سے زیادہ اپنے کمالات کا دعوی کرے تشہیرِ کمالات کے لئے اپنے چیلے چانٹے چھوڑے، وہ ہر چند کہ ایک فی الواقع عامل ہو، مگر ان ٹھگوں کا مقلد ہے۔

اللہ تعالی سورہ نحل رکوع ۱۴ میں ارشاد فرماتا ہے:

☆ اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ○ (سورہ نحل/۱۰۵)

یعنی جھوٹ بات وہی لوگ بتاتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے۔

احمد اور بیہقی نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ہر خصلت مسلمان کی عادت ہو سکتی ہے سوائے خیانت اور جھوٹ یعنی ایمان کے اور خیانت اور جھوٹ میں نہایت ضد ہے ایمان کے ساتھ جھوٹ اور

Marfat.com

خیانت جمع نہیں ہو سکتے۔

○ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ اِلَى الْبِرِّ وَ اِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلَى الْجَنَّةِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدِقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ صِدِّيْقًا وَ اِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِيْ اِلَى الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِيْ اِلَى النَّارِ وَ مَا يَزَالُ الْعَبْدُ يَكْذِبُ يَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللهِ كَذَّابًا ○

(رواہ البخاری، والترمذی، فی کتاب البر والصلۃ عن رسول اللہ، باب ما جاء فی الصدق والکذب، ومسلم، وابوداؤد، وابن ماجہ، واحمد بن حنبل،)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تم سچ کو لازم پکڑلو کہ سچ نیکوکاری کی طرف ہدایت کرتا ہے اور نیکوکاری جنت کو پہنچاتی ہے اور آدمی ہمیشہ سچ بولتا ہے اور سچ کا دھیان رکھتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک صدیق لکھ لیا جاتا ہے۔ اور تم جھوٹ سے بچتے رہو بے شک جھوٹ بدکاری کی طرف پہنچاتا ہے اور بدکاری دوزخ کی طرف اور ہمیشہ آدمی جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کا قصد کرتا ہے یہاں تک کہ لکھ دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا جھوٹا۔

○ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علہ وسلم اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلًا مِنْ نَتْنِ مَاجَاءَ بِهٖ (رواہ الترمذی)

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس وقت بندہ جھوٹ بولتا ہے تو اس سے فرشتے (محافظ فرشتے) کوس بھر دور ہو جاتے ہیں بسبب اس چیز کی بدبو کے جو اس بندہ نے کیا ہے یعنی جھوٹ بولا!

(سنن ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ما جاء فی الصدق والکذب)

Marfat.com

# جھوٹا دعوی کرنا

جھوٹا دعوی کرنا بھی بڑا گناہ ہے چنانچہ صحیح مسلم میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوکوئی ایسی چیز کا دعوی کرے کہ اس کی اصل نہیں وہ ہم میں سے نہیں ہے وہ اپنا مقام دوزخ میں ٹھہرا لے (کتاب الایمان، باب بیان حال ایمان من رغب عن ابیہ وہو یعلم)

بہت بڑا جھوٹ یہ ہے کہ مسئلہ جھوٹا بتائے یا بطور کشف والہام کے کوئی جھوٹی بات ظاہر کرے یا جھوٹی حدیث بتائے چنانچہ صحیح بخاری میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جوکوئی جھوٹ بولے قصداً مجھ پر یعنی میری طرف ایسی بات کی نسبت کرے جو میں نے نہیں کی، وہ اپنا ٹھکانا دوزخ میں سمجھ لے (بخاری، کتاب العلم ،باب اثم من کذب علی النبی)

بڑا جھوٹا وہ شخص ہے جو ہر سنی ہوئی خبر کو بے تحقیق بیان کرے چنانچہ صحیح مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ ہر سنی ہوئی بات کہہ دے (مسلم، مقدمہ، باب النھی عن الحدیث بکل ما سمع)

ہمیشہ سچائی کو رکھو عزیز کہ سچ کے برابر نہیں کوئی چیز

Marfat.com

## فصل دوم

# عملیات میں دیگر غیر مشروع افعال کا ارتکاب

جھوٹ اور فریب تو پیشہ ءِ عملیات کی ترویج کے لئے ایک خاص حکمت عملی سمجھی گئی ہے جس کو ناخدا ترس عاملوں نے اپنا اصل الاصول بنا رکھا ہے، جھوٹ کے علاوہ اس پیشے میں ان سے اور بھی بہت سے غیر مشروع اعمال وافعال سرزد ہوتے رہتے ہیں جن کی وجہ یا تو احکام شرع سے بے خبری ہے یا علم وخبر کے باوجود غرضِ نفسانی ایسے اعمال کے ارتکاب پر آمادہ کرتی رہتی ہے جو اگرچہ صریحاً فتویٰ شرع اور احکامِ اسلام کے خلاف ہیں مگر ان کی بدولت روپیہ پیسہ خوب کمایا جاسکتا ہے اس لئے وہ ان کو چھوڑ نہیں سکتے ایسے اعمال میں سے چند ایک کو جو کثیر الوقوع ہیں ہم معرض بحث لاتے ہیں۔

## (۱) مسخرات کا عمل

بعض عامل تسخیر کے عمل خود بھی کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بتلاتے ہیں بلکہ آج کل مسخرات کے عمل کے طالب کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

**اصلاح:** تسخیر کے معنی ہیں قلوب کا مغلوب کرنا اور یہ ایک طرح سے جبر ہے تحصیلِ مال یا استخدام میں چونکہ مسخر کے ذمے یہ امور واجب نہیں ہیں پس ایسا جبر ان پر ڈالنا حرام ہوگا۔

بالخصوص جبکہ صاحب تسخیر اپنے مسخر سے کسی معصیت کا خواہاں ہو جیسا کسی عورت یا کسی خوبصورت لڑکے کو لذت نفسانی کے لئے مسخر کیا جائے ایسی تسخیر تو بلاشبہ

Marfat.com

حرام اور معصیت کبیرہ ہے ہی لیکن امور مباحہ میں بھی کسی کو مسخر کرنا جائز نہیں چنانچہ رد المحتار کی فصل النظر والمس میں ہے:

امرءة ارادت ان تضع تعویذا یحبھا زوجھا ذکر فی الجامع الصغیر ان ذلك حرام لا یحل۔

ایک عورت ایسا تعویذ رکھنا چاہے جس کے اثر سے اس کا شوہر اس پر مفتون رہے جامع الصغیر میں لکھا ہے کہ یہ حرام ہے حلال نہیں۔

اور حرمت کی وجہ یہ ہے کہ ایسا تعویذ گویا شوہر کی آزادی کا حق سلب کرنے اور اس کو آقا سے غلام بنانے کے لئے کیا جاتا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

☆ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ ط (سورۂ نساء/۳۴)

''مرد عورتوں کے سردار ہیں،،

## (۲) قتلِ انسان

بعض عامل بلا استحقاق شرعی اپنے دشمن یا کسی دوسرے طالب عمل کے دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے عمل کرتے ہیں، یا لوگوں کو بتاتے ہیں۔

**اصلاح:** ایسا عمل اور تعویذ کرنا شرع شریف میں ناجائز اور حرام ہے اور وہ قتلِ نفس میں داخل ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

☆ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ط (سورۃ الانعام/۳۳)

اور جس انسان کا مارڈالنا اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اس کو نہ مارو مگر حق کے ساتھ۔

Marfat.com

## (۳) فتح مقدمات

جو عامل بلا سوچے ہر ایک کو مقدمہ کی فتح یابی کا عمل بتلاتے اور تعویذ لکھ دیتے ہیں گو وہ شخص ناحق ہی پر کیوں نہ ہو۔

**اصلاح:** ایسا عمل اور تعویذ کرنا ناجائز اور حرام ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

☆ وَلَا تَعَاوَنُوۡا عَلَى الۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ ۖ (مائدہ/۲)

اور گناہ اور زیادتی میں کسی کی مدد نہ کرو۔

## (۴) احراق جنات

بعض عامل جنات کو فیتہ وغیرہ سے یا ہنڈیا کے اندر بند کر کے پھونک دیتے ہیں۔

**اصلاح:** جنات کو اس طرح پھونک ڈالنا اور ہلاک کرنا گناہ اور معصیت ہے، آگ کا عذاب اللہ کے سوائے کوئی نہیں دے سکتا، احادیث میں اس کی نہی وارد ہے، چنانچہ ارشاد نبوی ہے:

○ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا رَبُّ النَّارِ

(غنیۃ الطالبین)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگ کے ساتھ عذاب آگ کا پروردگار ہی دے گا۔

## (۵) تسخیر جنات

بعض عامل موکلوں اور جنوں کو تابع کرتے ہیں اور عمل کے زور سے جنات

Marfat.com

اس شخص کی خدمت کرنے لگتے ہیں۔

**اصلاح:** اس طرح کسی سے جبراً خدمت لینا کہ اس کی طیب خاطر سے نہ ہو، سراسر ظلم ہے اور ظلم حرام ہے چنانچہ طیب خاطر نہ ہونے کے قرائن میں سے یہ بھی ہے کہ وہ جنات اس عامل کو خوب ڈراتے اور دھمکاتے ہیں تاکہ یہ عمل چھوڑ دے اور بعض موقع پا کر ہلاک بھی کر دیتے ہیں۔ اللہ ارشاد فرماتا ہے:

☆ فَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ط (سورہ طہٰ/۱۱۱)

جس شخص نے قیامت کے روز ظلم کا بوجھ اٹھایا ہوگا اس کی تباہی ہے۔

## (۶) تفرقہ زوجین

بعض عامل میاں بیوی مین بلاوجہ شرعی تفریق ڈال دینے کا عمل کرتے یا بتلا دیتے ہیں یا اس قسم کا تعویذ لکھ دیتے ہیں۔

**اصلاح:** یہ فعل حرام ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ یہود کے اخلاق ردیہ میں سے ان کی اس خصلت کا بھی بطور مذمت ذکر فرماتا ہے کہ وہ ایسے اعمال کیا کرتے ہیں، جن سے وہ میاں بیوی میں تفرقہ ڈال دیتے ہیں۔

فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ط (سورہ بقرہ/۱۰۲)

وہ ان (ہاروت و ماروت) سے ایسے عمل سیکھتے ہیں جن کے اثر سے میاں بیوی میں جدائی ڈال دیتے ہیں شیطان لعین کے بے شمار شرور و مفاسد میں سے تفرقہ زوجین سب سے بڑا کارنامہ ہے۔

○ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اِبْلِيْسَ يَضَعُ عَرْشَهٗ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ يُفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَدْنَاهُمْ مِنْهُ مَنْزِلَةً اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيْءُ اَحَدُهُمْ فَيَقُوْلُ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ مَا صَنَعْتَ شَيْئًا

Marfat.com

قَالَ ثُمَّ یَجِیءُ اَحَدُھُمْ فَیَقُوْلُ مَا تَرَکْتُهُ حَتّٰی فَرَّقْتُ بَیْنَهُ وَبَیْنَ امْرَاَتِهِ قَالَ فَیُدْنِیْهِ مِنْهُ وَیَقُوْلُ نِعْمَ اَنْتَ (رواہ مسلم) (مسلم شریف، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، باب تحریش الشیطان وبعثہ سرایاہ لفتنۃ الناس: مسند احمد بن حنبل، کتاب باقی مسند المکثرین، باب مسند جابر بن عبد اللہ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابلیس اپنا تخت پانی پر بچھاتا ہے، پھر اپنی ٹولیوں کو بھیجتا ہے کہ لوگوں میں فتنے برپا کریں، پس ان میں سے اس کا زیادہ مقرب وہ ہے جو سب سے بڑا فتنہ گر ہے ایک (شیطونگڑا) ان میں سے آتا ہے اور کہتا ہے میں نے یہ فتنہ کا کام کیا ہے یہ کیا ہے تو وہ کہتا ہے تو نے کچھ بھی نہیں کیا (فرمایا) پھر ان میں سے ایک اور (شیطونگڑا) آتا ہے اور کہتا ہے میں نے اس کو نہیں چھوڑا حتی کہ اس میں اور اس کی بیوی میں جدائی ڈال دی آپ نے فرمایا پھر وہ ابلیس اس شیطونگڑے کو اپنا قرب بخشتا ہے اور کہتا ہے ہاں تم (بڑے چالاک ہو)

پس جو عامل اپنے عملیات سے میاں بیوی میں پھوٹ ڈالتا ہے، وہ شیطان کے سب سے بڑے کارنامے میں اس کا شریک کار ہے، فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ!

## (۷) کلمات غیر معلومۃ المعنیٰ کے تعویذ اور نقش

بعض عامل تعویذوں میں ایسے الفاظ وکلمات لکھتے ہیں جن کے معنی معلوم نہیں ہوتے یا ایسے نقش لکھتے ہیں جن کے ہندسوں سے مراد معلوم نہیں ہوتی، کہ ان کا تعلق کن کلمات یا اسماء وغیرہ سے ہے۔

**اصلاح:** ایسے تعویذات اور نقوش کا استعمال کرنا شریعت میں ناجائز ہے چنانچہ آج کل اکثر تعویذ نویس عاملوں کا یہی حال ہے کہ ان کو نقوش کی حقیقت معلوم

Marfat.com

نہیں ہوتی ویسے ہی کسی غیر مستند کتاب وبیاض وغیرہ سے نقل کر کے لکھ دیتے ہیں، شامی میں ہے:

قالوا انما تكره العوذة اذا كانت لغير لسان العرب ولا يدرى ماهو ولعله يُدخله سحرا و كفرا وغير ذلك و اما ما كان من القرآن او شیء من الدعوات فلا باس به (ردالمحتار فصل النظر والمس)

فقہاء نے فرمایا ہے: ایسا تعویذ مکروہ ہے جو غیر عربی زبان میں ہو اور وہ تعویذ نویس یہ نہ جانتا ہو کہ وہ کیا ہے اور شاید اس کو جادو اور کفر وغیرہ کا مرتکب کر دے لیکن جو تعویذ قرآن مجید سے یا کسی قسم کی دعاؤں سے ہو تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں (ردالمحتار)

ہاں وہ الفاظ جو قرآن مجید اور حدیث وغیرہ میں مرقوم ہیں، جائز ہیں اگر چہ ان کے معانی بھی معلوم نہ ہوں۔

ويستثنى منه ماورد نصا و ان لم يفهم معناه

اور ناجائز تعویذات سے وہ تعویذ مستثنیٰ ہے جو بطور نقش وارد ہوا ہو اگر چہ اس کے معنی معلوم نہ ہوں۔

## (۸) کلمات غیر مشروعۃ المعانی کا استعمال کرنا

بعض عامل ایسے کلمات بھی تعویذات اور نقوش وغیرہ میں لکھتے ہیں، یا طالبوں کو بطور وظائف بتاتے ہیں جن کے معنی یقیناً خلاف شرع ہوتے ہیں یا تو عامل لاعلمی کے باعث خود دھوکے میں ہوتا ہے یا وہ عمداً ایسا کرتا ہے۔

**اصلاح:** ایسے تعویذات اور وظائف کا کرنا ہرگز جائز نہیں ہے بلکہ گناہ اور معصیت ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

Marfat.com

۱۵) عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِعْرِضُوا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَابَأْسَ بِالرُّقٰى مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ (رواہ مسلم)

عوف بن مالک اشجعی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم جاہلیت میں جھاڑ پھونک کرتے تھے پس ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کا اس میں کیا ارشاد ہے فرمایا مجھے اپنے افسون سناؤ، جب تک افسون میں شرک کی بات نہ ہو کوئی مضائقہ نہیں (مسلم، کتاب السلام، باب لاباس بالرقی مالم یکن فیہ شرک)

۲۵) عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الرُّقٰى وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ (رواہ ابوداؤد، کتاب الطب، باب تعلیق التمائم::مسند احمد بن حنبل::ومشکوۃ فی کتاب الطب)

حضرت عبداللہ ابن مسعود روایت کرتے ہیں کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ افسون، تعویذ اور ٹوٹکے جن میں شرک کے کلمات ہوں شرک ہیں۔

# (۹) قرآن مجید میں تصرف

بعض عامل قرآن مجید کے اندر اور اور عبارتیں داخل کر کے ورد و وظائف پڑھتے ہیں اور، پڑھاتے ہیں، مثلاً باموکل سورۃ فاتحہ، باموکل سورۃ فیل، باموکل سورۃ مزمل وغیرہ چنانچہ ان کا نمونہ ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

## سورۃ فیل باموکل کا نمونہ

اَجِبْ يَاجِبْرَئِيْلُ بِحَقِّ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ يَا شَمْسَائِيْلُ بِحَقِّ فَعَلَ رَبُّكَ يَا كَاكَائِيْلُ بِحَقِّ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ يَالُومَائِيْلُ بِحَقِّ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

Marfat.com

یَامِیکَائِیلُ بِحَقِّ فِی تَضْلِیْلٍ ۙ﴿﴾ یَا اِسْرَافِیلُ بِحَقِّ وَاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ یَاطوطائیل بِحَقِّ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ﴿﴾ یَاعِزْرَائِیلُ بِحَقِّ تَرْمِیْهِمْ یَا بُدّوح بِحَقِّ بِحِجَارَةٍ یَاکشفافیل بِحَقِّ مِنْ سِجِّیْلٍ ۙ﴿﴾ یا احجمائیل بِحَقِّ فَجَعَلَهُمْ یَا تنکا یئل بِحَقِّ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿﴾ ع

## سورۃ مزمل باموکل کا نمونہ

یااسرافیل بحق شموطیشا ☆ یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿﴾ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۙ﴿﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا ۙ﴿﴾ یا اله الاهة الرفیع جلاله یا اله یا اسرافیل بحق معومن ☆ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ؕ﴿﴾ یا اردزائیل بحق خموناء ☆ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿﴾ یالومائیل بحق صلجنوح ☆ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ؕ﴿﴾ یا تنکخیل بحق یا حجرة ☆ اِنَّ لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ؕ﴿﴾ یا فتمائیل بحق حجرقوا ☆ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ؕ﴿﴾ یااموا کلیل بحق طهفتون ☆ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا ﴿﴾ یا اهجمائیل بحق کفکف وارفحشد ☆ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِیْلًا ﴿﴾ یا جبرائیل بحق کهکن و مسیطع ☆ وَذَرْنِیْ وَالْمُكَذِّبِیْنَ اُولِی النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلًا ﴿﴾ یارویائیل حق واہ ﴿﴾ اِنَّ لَدَیْنَاۤ اَنْكَالًا وَّجَحِیْمًا ۙ﴿﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیْمًا ﴿﴾ یا جبرائیل بحق الخشفف ☆ یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِیْبًا مَّهِیْلًا ﴿﴾ یا کلکائیل بحق منتظر ☆ اِنَّاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَیْكُمْ كَمَاۤ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰی فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ؕ﴿﴾ فَعَصٰی فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِیْلًا ﴿﴾ یاسرحمائیل بحق تملیك و کبرهات اغثنی ☆ فَكَیْفَ تَتَّقُوْنَ

Marfat.com

اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ یا حولا نیل بحق دینونی ☆ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ یا ردمائیل بحق عضاحوا ☆ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ یا عزرائل بحق اغثنی ☆ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ یا لومائیل بحق ضمتون ☆ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

**اصلاح:** قرآن مجید میں اس طرح کا تصرف کرنا حرام اور معصیت ہے کیوں کہ اس سے نظم قرآنی مختل (خلل والی) ہو جاتی ہے، چنانچہ اللہ تعالی نے یہود کے اس فعل کی کہ انہوں نے کتاب توریت میں اپنی طرف سے عبارتیں بڑھا کر اس کا مضمون کچھ سے کچھ کر دیا جا بجا مذمت کی۔ جیسے ارشاد باری تعالی ہے:

وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ۝ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ (سورۃ البقرہ/۴۲)

اور ہمارے آیتوں میں تحریف کر کے ان کے معاوضہ میں تھوڑی قیمت یعنی دنیاوی فائدے حاصل نہ کرو، اور ہم سے ڈرتے رہو اور سچ کو جھوٹ کے ساتھ گڈمڈ نہ کرو اور جان بوجھ کر حق بات کو نہ چھپاؤ ☆

غور کرو تو باموکل سورتیں پڑھنے پڑھانے والے عمل بھی بالکل وہی کام

Marfat.com

کرتے ہیں جس کا یہود سے سرزد ہونا اللہ تعالیٰ نے مذموم قرار دیا ہے، وہ بھی یہود کی طرح حق کے کلام میں غیر حق کے کلام کو ملا دیا کرتے ہیں، اور اس کا ثمن قلیل کمانا ان کا مقصود ہوتا ہے ایک جگہ حکم ہے:

وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَ مَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَ يَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○ (سورۃ آل عمران/ ۷۸)

اور ان ہی میں سے ایک فرقہ ہے جو کتاب توریت پڑھتے وقت اپنی زبانوں کو مروڑتے اور کچھ کا کچھ پڑھتے ہیں تاکہ تم سمجھو کہ کلامِ الٰہی کا جزء ہے حالانکہ وہ کتابِ الٰہی کا جزء نہیں اور کہتے ہیں کہ جو ہم پڑھتے ہیں اللہ کی طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں اور جان بوجھ کر اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں ☆

امام نماز کے لئے ہدایت ہے کہ:

لَایَقْرَءُ بِالْغَرِیْبَۃِ عِنْدَ الْعَوَامِّ صِیَانَۃً لِدِیْنِھِمْ

امام کو چاہئے کہ عام مقتدیوں کے ساتھ غریب روایت کی بناء پر قراءت نہ پڑھے تاکہ ان کا دین فتنہ سے محفوظ رہے۔ (درمختار باب صفۃ الصلوۃ)

ای بالرویات الغریبۃو الامالات لان بعض السفھاء یقولون ما لا یعلمون فیقعون فی الاثم والشقاء(رد المحتار)

یعنی غریب روایات اور اماموں سے نہ پڑھے کیوں کہ بعض بے وقوف لوگ بے علمی سے کچھ بکنے لگیں گے اور خواہ مخواہ گناہ اور محرومی میں مبتلا ہوں گے۔

جب خود قرآن مجید کے خالص کلمات کو مشہور و متداول روایت کے مطابق پڑھنے کا حکم ہے، اور غیر مشہور روایت پڑھنا ممنوع ہے، تاکہ عوام مبتلائے فتنہ نہ ہو جائیں، تو خیال فرمایئے کہ قرآن مجید کی آیات میں غیر قرآنی کلمات کا ٹھونس دینا

Marfat.com

کس قدر محذور و محظور ہوگا اور اس سے عوام کس قدر غلط فہمی اور کلام اللہ کے بارے میں کس قدر بدگمانی پھیلنے کا اندیشہ ہے۔

وہ جو روافض کہا کرتے ہیں کہ قرآن کے چالیس پارے نازل ہوئے تھے دس پارے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غائب کردئے ایسا گنگا جمنی سورتوں سے تو ان روافض کے قول کی تائید ہوگی، استغفر اللہ

## (۱۰) قرآن مجید کو الٹ پڑھنا

بعض عامل قرآن مجید کو الٹا پڑھتے ہیں اور طالبوں کو بھی پڑھاتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اس طرح وظیفہ پڑھنے میں بڑی تاثیر ہوتی ہے ناظرین کی چاشنی کے لئے نمونہ پیش خدمت کیا جاتا ہے، مثلاً۔

## سورۃ فیل کو الٹا پڑھنے کا نمونہ

لوکام فصعك مهلعجف ليجس نم تراجحب مهيمر رت ليب ابا اريط مهيلع لسرا وليلضت يف مهديك لعجي ملا ليفلا باحصاب كبر لعف فيك رت ملاO

اصلاح: اس طرح قرآن مجید کو پڑھنے میں سخت اہانت اور بے ادبی پائی جاتی ہے ایسا تصرف کرنا حرام اور سنگین جرم ہے (بلکہ کفر کے قریب ہے)

قرآن مجید کی نظم و ترتیب کا لحاظ رکھنا اس قدر داخل ادب ہے کہ اس کی سورتوں کو آگے پیچھے پڑھنا بھی مکروہ قرار دیا گیا ہے چنانچہ درمختار میں ہے۔

ویکرہ الفصل بسورۃ قصیرۃ وان یقرء منکوسا (درمختار)

اور مکروہ ہے یہ کہ دونوں رکعتوں کی قراءت میں ایک چھوٹی سورت کو چھوڑ جائیں اور یہ کہ الٹا پڑھیں۔

Marfat.com

اس کی شرح میں علامہ شامی ردالمختار میں لکھتے ہیں۔

بان یقرء فی الثانیة سورة اعلی مما قرء فی الاولی لان ترتیب السورفی القراء ة من واجبات التلاوة

اس طرح کہ دوسری رکعت میں ایسی سورۃ پڑھے جو پہلی رکعت میں پڑھی ہوئی سورت سے اوپر کی ہو، کیوں کہ قرءات میں سورتوں کی ترتیب رکھنا واجبات میں سے ہے۔

غور کرنا چاہئے کہ جب سورتوں کو آگے پیچھے پڑھنا سوءادب ہے تو آیتوں کا ہی نہیں بلکہ حروف تک کا سلسلہ بالکل الٹا کر دینا کس قدر بے ادبی اور کلام اللہ کو اپنے لہو ولعب کا تختہ مشق بنانا ہے اور اس کا کس قدر خوفناک وبال پڑنے کا احتمال ہے

## (۱۱) خون سے تعویذ لکھنا

بعض عامل مرغ وغیرہ کے۔خون سے تعویذ لکھتے ہیں اور جب خون لینے کے لئے مرغ کو ذبح کرتے ہیں، تو اس کے گوشت کو مزے کے ساتھ خود اڑاتے ہیں۔

**اصلاح:** ان میں بھی کئی خرابیاں ہیں ایک تو یہ کہ طالبِ تعویذ سے مرغ کا مطالبہ صرف اس بنا پر تھا کہ اس کے خون کی ضرورت ہے جب مرغ سے مطلوبہ شئے حاصل ہوگئی تو باقی ذبیحہ طالبِ تعویذ کا حق ہے، اس لئے ان کے بغیر عامل کو اپنے تصرف میں ملانا ہرگز روانہیں گرسنہ چشم عامل چپکے سے اس ذبیحہ کو اپنے دولت کدہ خاص کے اندر بھیج دیتے ہیں، اور طالبِ تعویذ بے چارہ شرمے شرمائے چپ ہو رہتا ہے، اور سمجھتا ہے کہ عامل کا خود مرغ کو کھانا بھی کوئی آدابِ تعویذ میں داخل ہوگا، ایک ذرا سی بات کے لئے کیا جھگڑا کرنا ہے، عامل کا یہ عمل بھی، ☆ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ

Marfat.com

بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (سورۂ بقرہ/۱۸۸) کی وعید کے تحت آجاتا ہے۔

دوسرے شرع شریف میں خون کا حکم نجس ہونے کے اعتبار سے پیشاب کے برابر ہے اور نجاست کے ساتھ قرآن شریف کا لکھنا معاذ اللہ کفر ہے، جبکہ اکراہ و اضطرار کے بغیر قصد و اختیار سے لکھا جائے، چنانچہ ردالمحتار جلد سوم صفحہ ۲۸۴ میں ہے۔

کما لو سجد لصنم او وضع مصحفا فی قاذورة فانه یُکفَّر وان کان مصدقالان ذلك فی حکم التکذیب کما افاده فی شرح العقائد

جیسے کہ اگر بت کو سجدہ کرے، یا قرآن مجید کو گندگی میں رکھ دے پس وہ کافر قرار دیا جائے گا، اگرچہ تصدیق کرتا ہو کیوں کہ یہ افعال تکذیب کے حکم میں ہیں جیسا کہ شرح عقائد میں بتایا گیا ہے۔

اور اگر کوئی اکراہ کے سبب سے قرآن مجید کو نجاست سے لکھے، یعنی اس کو ڈرایا جائے کہ اگر تو ایسا نہ کرے گا تو تجھے قتل کیا جائے گا، یا تیرے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالے جائیں گے، اور ڈرانے والا ایسے ضرر پہچانے پر قادر بھی ہو اور پھر وہ شخص بخوفِ جان اس کا ارتکاب کرے تو گناہ گار نہیں ہے لیکن پھر بھی مرتکب ہونا اور جان دے دینا افضل ہے اگر مارا گیا تو شہید ہوگا، اور اگر ڈرانے والا ان باتوں پر قادر نہ ہو یا سوائے قتل و قطع کے کسی اور امر مثلاً عداوت یا عزل منصب یا اہانت و تذلیل وغیرہ سے ڈرائے تو جائز نہیں، چنانچہ درمختار جلد پنجم صفحہ ۸۴ میں ہے:

وان اکره علی الکفر بقطع او قتل رخص له ان یظهر ما امر به و یوجر لو صبر و لم یرخص بغیرهما

اور اگر کسی کفر کی بات پر قطعِ عضو یا قتل کی دھمکی سے مجبور کیا گیا تو اس امر کے ارتکاب کی اجازت ہے جس کا حکم دیا جائے اور اگر یہ کرے تو اجر پائے گا اور ان دونوں باتوں کے بغیر اجازت نہیں۔

Marfat.com

تیسرے ایسا تعویذ اگر بازو پر باندھا ہو یا جیب یا گلے میں پڑا ہو تو نماز درست نہیں ہوگی، کیوں کہ نجس چیز کا بدن سے مقترن ہونا مفسد نماز ہے جیسا کہ رد المحتار کے فصل البیر میں ہے:

لو وجد فی جبته فارة میتة فان لا ثقب فیها اعاد مذ وضع القطن فیها ......الخ

اگر اپنے روئی دار چوغے میں مری ہوئی چوہیا پائے تو اگر چوغہ میں سوراخ نہ ہو جس سے چوہیا کے داخل ہونے کا احتمال ہو تو جب سے روئی ڈالی ہے اتنی نمازیں قضا کرے۔

## (۱۲) نقوش میں تصاویر بنانا

بعض عامل محبت وعداوت کے تعویذات میں طالب ومطلوب یا قاتل ومقتول کی تصویریں بھی بناتے ہیں۔

**اصلاح:** تصاویر بنانا اور تصویر رکھنا بڑا گناہ ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

○(۱) عن ابن عباس قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَاِنَّ اللّٰهَ مُعَذِّبُهٗ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهَا الرُّوْحَ وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا اَبَدًا○

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کسی نے جاندار کی تصویر بنائی تو اللہ اس پر عذاب کرتا رہے گا، جب تک کہ وہ اس میں جان ڈالے اور جان ڈالنا اس سے کبھی نہ ہو سکے گا لہٰذا عذاب بھی موقوف نہ ہوگا۔ (بخاری، کتاب البیوع، باب التصاویر التی لیس فیھا روح وما یکرہ من ذلک)

Marfat.com

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تصویر بنانے والا قیامت کے روز سے ابد الآباد تک عذاب میں مبتلاء رہے گا۔

(۲) عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ فَعَرَفْتُ فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ مَا ذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُعَذَّبُوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ اَحْيُوْا مَاخَلَقْتُمْ وَقَالَ اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوَرُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ متفق علیه (مشکوٰۃ شریف ،کتاب اللباس، باب التصاویر، فصل اول:: بخاری، کتاب البیوع، التجارۃ فی ما یکرہ لبسہ للرجال والنساء)

عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک غالیچہ خریدا اور اس میں جانداروں کی تصویریں تھی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا تو آپ دروازے پر کھڑے ہو رہے اور اندر تشریف نہ لائے تو انہوں نے آپ کے چہرہ مبارک سے ناراضگی کے آثار معلوم کیے آپ فرماتی ہیں: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ ورسول کے روبرو توبہ کرتی ہوں، میں نے کیا گناہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ غالیچہ کیسا ہے؟ آپ فرماتی ہیں: میں نے عرض کی: یہ آپ کے واسطے خریدا ہے تاکہ آپ اس پر بیٹھیں اور اس کا تکیہ بنائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مصور لوگ قیامت کے روز عذاب دیئے جائیں گے اور ان کو کہا جائے گا کہ ان میں جان ڈالو جو تم نے بنائیں اور یہ بھی فرمایا: جس گھر میں تصویر ہوتی ہے اس میں فرشتے نہیں آتے۔ (بخاری و مسلم و مشکوٰۃ)

Marfat.com

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ مکان کی زینت کے واسطے بھی تصویریں رکھنی نہیں چاہئیں چہ جائیکہ تصویر دار تعویذ گلے میں ڈالنا۔

(۳) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ اَتَیْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَكُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ عَلَی الْبَابِ التَّمَاثِیْلُ وَكَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ وَكَانَ فِی الْبَیْتِ كَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ عَلٰی بَابِ الْبَیْتِ فَیُقْطَعُ فَیَصِیْرُ كَهَیْئَةِ الشَّجَرَةِ وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ فَلْیُجْعَلْ وِسَادَتَیْنِ مَنْبُوْذَتَیْنِ تُوْطَاٰنِ وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَلْیُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رواه الترمذی وابو داؤد (مشکوۃ، کتاب اللباس، باب التصاویر، فصل ثانی)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام آئے اور کہا کہ میں کل آپ کے پاس آیا تھا مجھ کو کسی نے مکان میں جانے سے نہ روکا مگر اس سبب سے اندر نہ گیا کہ دروازہ پر تصویریں تھیں اور گھر میں رنگین پردہ تھا کہ اس میں صورتیں تھیں اور نیز گھر میں کتا تھا پس حکم کرو کہ وہ سب تصاویر جو دروازے پر ہیں دور کر دی جائیں، تو ہو جائیں جیسے درخت کی تصویر اور حکم کرو پردے کے لئے کہ پھاڑا جائے اور اس سے دو تکئے بنائے جائیں اور پاؤں کے نیچے روندنے کو پڑے رہیں اور کتے کے لئے حکم دیں کہ نکال دیا جائے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا (ترمذی)

(۴) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْرُجُ عُنُقٌ مِّنَ النَّارِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَهَا عَیْنَانِ تُبْصِرَانِ وَاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَلِسَانٌ یَنْطِقُ یَقُوْلُ اِنِّیْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ وَبِالْمُصَوِّرِیْنَ رواه الترمذی (مشکوۃ کتاب اللباس، باب التصاویر، فصل

Marfat.com

ثانی صفحہ ۳۹۹، مکتبہ رحمانیہ لاہور)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز دوزخ سے ایک کرم نکلے گی کہ اس کی دو آنکھیں دیکھنے کو ہوں گی اور دو کان سننے کو ہوں گے اور ایک زبان بولنے کو ہوگی اور کہی گی کہ تین شخصوں پر متعین ہوں ہر ظالم عناد والے ڈھیٹھ پر ایسے لوگوں پر جنہوں نے اللہ کے ساتھ اور معبود ٹھہرایا اور تصویر بنانے والوں پر۔

## (۱۳) عامل، پیر اور غیر محرم عورتیں

بعض جاہل عامل اور پیر غیر محرم عورتوں کو دم کرنے یا آسیب نکالنے کے بہانے سے مس کرتے ہیں ہاتھ لگاتے اور ان کے جسم کو برہنہ کر کے دیکھتے ہیں اور بعض تو اڑا کر لے جاتے ہیں سینکڑوں واقعات مشاہدہ ہیں۔

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثٍ طَوِیْلٍ ......اَلْیَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ (رواہ مسلم)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک طویل حدیث میں روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کا زنا نامحرم کو پکڑنا ہے (مسلم شریف، کتاب القدر، باب قدر علی ابن آدم حظہ من الزنا وغیرہ)

ہاں ڈاکٹر اور حکیم وغیرہ کو نیک نیتی سے ہاتھ لگانا جائز ہے۔

(۲) معاویہ بن حمیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اپنے چھپانے کا بدن کس موقع پر چھپائیں اور کس موقعہ پہ نہ چھپائیں آپ نے فرمایا: تم اپنے ستر کو تمام لوگوں سے چھپاؤ بجز اپنی بیوی اور لونڈی کے (سنن ابی داؤد، کتاب الحمام، ما جاء فی

Marfat.com

التعری)

(۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اجنبی عورت کی شکل صورت پر شہوت سے نظر ڈالے گا قیامت کے روز اس کی آنکھوں میں سیسہ پگلا کر ڈالا جائے گا (ہدایہ)

## (۱۴) عامل اور پیر کے پاس عورتوں مردوں کا اجتماع

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جہاں کوئی عامل ہوتا ہے خواہ وہ مشہور ہو یا غیر معروف عوام الناس عورتیں اور مرد کثرت سے وہاں دیکھا دیکھی جوق در جوق آنے شروع ہو جاتے ہیں جہاں ان کی نشست و برخاست ایک ہی جگہ ہوتی ہے اور اس سے وہ تمام خرابیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں جو نامحرم مردوں عورتوں کے اختلاط سے متوقع ہیں۔

**اصلاح:** ایسی جگہ عاملوں کے پاس مستورات کا جانا نہایت قبیح اور زبون ہے کیوں کہ وہاں میلوں کی طرح تمام مفاسد مجتمع ہوتے اور ہر قسم کے لوگ وہاں آتے ہیں بدمعاشوں اور غنڈوں کو بدنظری تاڑبازی، زنا، چوری اور لڑائی فساد وغیرہ کرنے کا خوب موقع ملتا ہے، چنانچہ ہزارون واقعات اس کے شاہد ہیں۔

زمانہ حال کے ایک عامل کا چشم دیدہ حال سن لیجئے اس نے عملیات کے جال کو وسیع کرنے کے لئے واعظ کا پیشہ اختیار کر رکھا ہے پنجاب کی ریاستوں اور وسطی اضلاع کے قصبوں اور گاؤں میں دورہ رہتا ہے چونکہ عملیات کا جادو زیادہ تر نساء غافلات (غافل عورتوں) پر چلتا ہے اس لئے ایسی تدابیر اس واعظ کا دستور العمل ہیں جن سے عورتوں کی حاضری مجلس میں زیادہ ہو، مثلاً اپنی چہرہ آرائی وعظ کے لئے رات کا وقت مخصوص ہونا دن کو وعظ سے انکار کر دینا چہرہ آرائی کے لئے پوڈر غازہ مسّی، دنداسہ کا استعمال رنگیل لباس جب رات کو گیس کی روشنی میں واعظ صاحب چہرہ

Marfat.com

گلگوں اور کاکلِ مشکین کی سج دھج کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، تو عورتیں دل تھام کر رہ جاتی ہیں اثنائے وعظ میں بار بار یہ ارشاد ہوتا ہے کہ بیبیاں سامنے بیٹھیں اور بلند آواز کے ساتھ ہم نوا ہو کر کلمہ کی ابیات پڑھیں یہ ابیات اس واعظ کی خود تصنیف کردہ ہیں اور ہر وعظ میں حاضرین کو سناتا اور پڑھاتا ہے ہر وعظ کے آخر میں یہ لکچر ہوتا ہے کہ فقیر کے پاس محبت وعداوت اور تسخیر کے معجز نما عمل موجود ہیں ایک دو دن کے عمل سے شوہر اپنی بیوی کا غلام ہو جاتا ہے۔

فلاں مقام پر ایک شخص اپنی بیوی کو ہمارے وعظ کی مجلس میں آنے نہیں دیتا تھا، صبح کو وہ عورت فقیر کے پاس آ کر فریاد کرنے لگی فقیر نے ایک نقش اس کو لکھ کر دے دیا جب وہ اپنے گھر گئی تو شوہر نے اس کے پاؤں پر گر کر معافی مانگی اس لکچر کا اثر یہ ہوتا ہے کہ صبح کو اس واعظ کے حجرے کی طرف جہاں وہ فرد کش ہوتا ہے برقعہ دار اور چادر پوش عورتوں کا تانتا بندھ جاتا ہے خادم باہر بیٹھا اطلاع کرتا ہے تو حجرہ کھلتا ہے عورتیں اندر داخل اور حجرہ بند جب ان عورتوں سے فراغت ہوتی ہے تو وہ دوسری زنانی ٹولی کو اندر آنے کی اجازت ہوتی ہے یہی شغل سارا دن رہتا ہے اور حضرت کی چاندی ہوتی ہے، بعض مقامات پر بعض خاص مستورات کے متعلق کچھ ایسے حالات و واقعات بھی سنے گئے ہیں جن کی شرمناک تفصیل اور افسوس ناک نتائج کے ذکر کی تہذیب اجازت نہیں دیتی یہ واعظ صاحب دو ایک جگہ قید بھی بھگت چکے ہیں، ضَرَبَ یَضْرِبُ کی گردان سے خاطر تواضع بھی ہوئی ہے مگر اپنی دھن کے پکے ہیں، بے پایاں دولت جمع کر لی اور اراضیات و باغات خرید لئے بڑی بڑی عمارتیں بنالیں۔

ہر ایک مسلمان کا فرض ہے کہ وہ عورتوں کو ایسے مجمع میں ہرگز جانے نہ دیا کرے، اور ان کو نرمی یا سختی سے حسب حال ضرور روکے ورنہ قیامت کے روز پوچھا جائے گا، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

Marfat.com

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ (رواہ البخاری، کتاب الجمعۃ، الجمعۃ فی القری والمدن ومسلم، کتب الامارۃ، باب فضیلۃ الامام العادل وعقوبۃ الجائر والحث علی الرفق)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تم لوگوں میں ہر ایک شخص حاکم ہے اور ہر ایک اپنی رعیت سے متعلق پوچھا جائے گا۔

کیا ہی اچھا شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

چوزن راہِ بازار گیرد بزن وگرنہ تو در خانہ بنشیں چوزن

یعنی عورت منڈی بازار میلے مجلس میں جانے لگے تو اس کو سزا دو ورنہ خود عورت بن کر گھر میں بیٹھ جاؤ اور مرد ہونے کا دعویٰ نہ کرو۔

حاشیہ تفصیل کے لئے دیکھو میری کتاب پردہ (مولف)

## (۱۵) عملیات پر کامل اور حتمی اعتقاد

بعض عامل اور طالب عملیات، بڑا زبردست اعتقاد رکھتے ہیں چنانچہ وہ علانیہ کہتے ہیں کہ یہ عمل اکسیر اور یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔

اصلاح: عملیات پر ایسا اعتقاد رکھنا کہ اس میں ضرور فلاں تاثیر ہے یہ سراسر غلطی اور ناجائز ہے چنانچہ ردالمحتار میں یہ حدیث منقول ہے:

(۱) مَنْ عَلَّقَ تَمِيْمَةً فَلَا اَتَمَّ اللّٰهُ لَهُ لِاَنَّهُمْ يَعْتَقِدُوْنَ اَنَّهَا تَمَامُ الدَّوَاءِ وَالشِّفَاءِ بَلْ جَعَلُوْهَا شُرَكَاءَ لِاَنَّهُمْ اَرَادُوْا بِهَا دَفْعَ الْمَقَادِيْرِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلَيْهِمْ وَطَلَبُوْا دَفْعَ الْاَذٰى مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى الَّذِیْ هُوَ دَافِعُهُ (تبیین الحقائق، فصل فی اللبس، ردالمحتار، فصل فی اللبس)

Marfat.com

جو شخص تعویذ پہنے اللہ تعالیٰ اسے اس کے لئے مفید نہ بنائے کیوں کہ لوگ اعتقاد رکھتے ہیں کہ یہی پوری دوا اور شفاء ہے بلکہ اس کو شریک حق بنا لیتے ہیں، کیوں کہ وہ اس کے ذریعہ تقدیروں کو دفع کرنے کا قصد رکھتے ہیں جو ان کے لئے مقدر ہیں اور اللہ تعالیٰ کے غیر سے تکلیف دور کرنے کی التجا کرتے ہیں وہ اللہ جو اس کا دفع کرنے والا ہے (شامی)

(۲) عن عیسی بن حمزة قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُکَیْمٍ وَبِہٖ حُمْرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ تَمِیْمَةً فَقَالَ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَیْئًا وُکِّلَ اِلَیْہِ (رواہ ابوداؤد مشکوۃ باب الطب الرقی)

عیسیٰ ابن حمزہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں عبداللہ بن عکیم کے پاس گیا اور ان کے جسم پر سرخی عارض تھی تو میں نے کہا تم کوئی تعویذ کیوں نہیں پہن لیتے انہوں نے کہا میں اس سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جو کوئی کچھ تعویذ وغیرہ گلے میں ڈالے اس کو اس کے سپرد کیا جاتا ہے۔

آج کل اکثر عوام عملیات کو ایسا مؤثر سمجھتے ہیں اور ان پر ایسا بھروسہ رکھتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ سے بھی غافل اور بے فکر ہو جاتے ہیں، حتیٰ کہ بعض عامل ان آثار کو اپنے اختیار اور قدرت میں سمجھنے لگتے ہیں، بعض اوقات یوں دعوے بھی کرتے ہیں کہ فلاں عمل سے یوں کر دیں گے اور فلاں سے یوں، الغرض اگر کسی عامل کا ایسا اعتقاد نہ بھی ہو لیکن جاہلوں کا تو یہ اعتقاد ضرور ہوتا ہے چنانچہ اسی واسطے عوام الناس حکمی عمل اور تیر بہدف تعویذ اور عمل تلاش کرتے پھرتے ہیں، بعض اوقات اس میں ایک اور خرابی بھی پیدا ہو جاتی ہے کہ جب اثر نہیں ہوتا تو جاہل یہ کہنے لگ جاتا ہے کہ

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے نام میں بھی اثر (نعوذ باللہ) تاثیر نہیں ہے اور علاوہ اس کے قرآن و حدیث کے صحیح ہونے اور اللہ کے صادق الوعد ہونے میں بھی (نعوذ باللہ) شبہ کرنے لگتا ہے، بنا بریں اس مفسد اور خرابی سے بچنا بچانا دونوں ضروری ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کو تعویذ ہرگز نہیں دینا چاہئے، بلکہ جہاں ایسا احتمال ہو وہاں صاف طور پر کہہ دینا چاہئے کہ یہ مثل یا یہ تعویذ طبی دوا کی طرح ہے، مؤثر حقیقی نہیں ہے نہ ہی اس پر اثر ہونے کا حتمی وعدہ قرآن وحدیث میں پایا جاتا ہے، اثر دینا تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے یہ تو ایک حیلہ اور سبب ہے۔

اگر ایسی عملی اور اعتقادی خرابیاں اور مفاسد طب میں بھی پیدا ہونے لگیں تو ایسے شخص کے لئے یہ بھی ممنوع ہے لیکن چونکہ اکثر دواؤں کے اثر کی علت حرارت و برودیت وغیرہ کی کیفیات کو سمجھتے ہیں یا اگر علت معلوم نہیں تو بھی وہ اسباب متبذلہ سے ہیں اس لئے ان کی وقعت قلب میں ایسی نہیں ہوتی کہ اس کے تخلف کو بعید یا اعتقاد تخلف کو خلاف دین سمجھنے لگیں لہٰذا اس میں یہ خرابی اور مفسدہ شاذ و نادر ہی پیدا ہوتا ہے، وَالنَّادِرُ لَاعِبْرَةَ لَهٗ۔

(تعویذ اگرچہ مؤثر حقیقی نہیں مگر اللہ تعالیٰ کے فضل سے اثر رکھتے ہیں، عامل کو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کا اعتقاد لوگوں کو سکھائے اور اس کی عطا سے ناامید نہ رکھے، کیونکہ عملیات میں روحانی طور پر اثر پایا جاتا ہے جس کا ثبوت آگے جا کر آئے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ)

## (۱۶) ترک حیوانات

بعض عملیات میں ترکِ حیوانات وغیرہ کیا جاتا ہے اکثر عامل یاد یکھنے والے اس ترک کو موجبِ تقرب الی اللہ اور طاعت مقصودہ سمجھنے لگتے ہیں۔

Marfat.com

**اصلاح:** ایسا اعتقاد بدعت سیئہ، ضلالت محضہ، تعدّی حدود شرعیہ اور مخالف سنّت حقہ ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ۝

اور جس جانور پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا جائے اس میں سے کیوں نہیں کھاتے ہو اور اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تم پر حرام کی ہیں وہ تفصیلاً تم سے بیان کر دیں ان میں بھی جس کے کھانے پر مجبور ہو جاؤ اور وہ درست ہے اور بہت لوگ اپنی خواہشوں سے لوگوں کو بہکاتے ہیں ان کو علم کچھ نہیں بیشک تیرا پروردگار حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ (سورہ انعام رکوع ۱۴/ آیت ۱۱۹)

کسی چیز کو قابلِ اکل یا لائقِ ترک قرار دینا اللہ تعالیٰ کا کام ہے نہ کہ عامل کا جو عامل ایسا کرے وہ معاذ اللہ خدائی افعال میں دخیل ہونے کا مرتکب ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

قُلْ اَرَاَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝ (سورۃ یونس رکوع ۶/ آیت ۵۹)

اے پیغمبر لوگوں سے پوچھو کہ بھلا بتلاؤ تو سہی اللہ تعالیٰ نے جو روزی تمہارے لئے اتاری ہے پھر تم نے اس میں سے کچھ حلال ٹھہرائی کچھ حرام اے، پیغمبر کہہ دو کیا اللہ تعالیٰ نے تم کو یہ حکم دیا ہے یا تم اپنی طرف سے اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو،

اس طرح اپنی طرف سے احکام ایجاد کر لینا بدعت سیئہ ہے اور ہر بدعت سیئہ کا کام مردود ہے۔

Marfat.com

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ ○

عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے اس دین میں نئی بات نکالے جو اس میں سے نہیں ہے بس وہ بات مردود ہے (بخاری، کتاب الصلح، باب اذا اصطلحو اعلی صلح جور الصلح مردود:: و مسلم، کتاب الاقضیۃ، باب نقض الاحکام الباطلۃ ورد محدثات الامور)

## (۱۷) حلال چیز کو حرام سمجھنا

بعض عامل وظائف اور اعمال میں بعض حلال چیزوں کو حرام سمجھ کر سختی سے پرہیز کرنا بتلاتے ہیں چنانچہ وہ بڑی تاکید سے کہتے ہیں کہ اگر پرہیز نہ کی گئی تو عمل میں بھی کامیابی نہ ہوگی۔

**اصلاح:** کسی مصلحت کی بنا پر تو ترک حیوانات جائز ہے لیکن حلال اشیاء کو حرام سمجھ کر چھوڑنا کبیرہ گناہ اور سنگین جرم ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ (سورہ نحل، آیت ۱۱۷،۱۱۶)

اور نہ کہو اپنی زبانوں کے جھوٹ بنانے سے کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ باندھنے لگو بیشک جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پاتے تھوڑا سا فائدہ دنیاوی ہے سو حاصل کر لیں اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اشیاء کی حلت و حرمت ایک عام شرعی اصول کے ماتحت ہے جن پر ہر شخص

Marfat.com

یکساں طور پر مامور و مکلّف ہے اگر کوئی شخص خاص اپنے لئے ایک حلال چیز کو حرام قرار دے لے جیسا کہ عاملوں کا شیوہ ہے کہ گوشت انڈے وغیرہ ترک کر دیتے ہیں شرع میں اس کی اصل نہیں ایسی چیز سے پرہیز کرنا جس کی اصولِ شرع نے اجازت نہ دی ہو بے بنیاد ہے!

(بعض عامل گائے کے گوشت کی بالخصوص پرہیز کرتے ہیں اور طالب کو بھی کہتے ہیں کہ نہ کھائے یہ کام دراصل ہندوؤں کے اثر کا نتیجہ ہے چنانچہ یہ: ریاستوں کے رہنے والے عامل و پیراب بھی اس کے پابند پائے جاتے ہیں، مؤلف رحمہ اللہ تعالیٰ) (اب لوگ جادوگری میں بہت داخل ہو چکے ہیں شاید اسی کی بنیاد پر آج کل بڑا گوشت ناپسند کیا جاتا ہے، جس کی تحقیقی صورت حال آپ کے سامنے ہے، لہٰذا اس کا ارتکاب کرنے سے بچنا چاہئے، اگر کسی بندۂ حق کو اپنے چلہ وغیرہ میں روحانی طور پر ایسا کرنا پڑے کہ کچھ مختصر چیز کھا کر گزارا کرے تو باقی اشیاء کو حرام سمجھ کر نہ چھوڑے بلکہ اپنی منزل کو عبور کرنے کے لئے وقتی طور پر اسے ترک کر دے تاکہ منزل یک سوئی سے طے ہو جائے، جیسا کہ ہمارے بزرگوں کا سلسلۂ وظائف ہے اس میں کسی طرح کی کوئی پابندی نہیں چلتے پھرتے ہر وقت ذکر میں رہنا پسندیدہ ہے چودہ جملے ہیں جن میں سے ہر ایک کو اٹھارہ لاکھ بار پڑھنا ہے میں اس کا مطلب یہ سمجھتا ہوں ہے اتنا ذکر کرنے سے بندہ کو عادت ہو جاتی ہے ہر وقت ذکر میں رہنے کی لہٰذا اس کے بعد وہ سستی نہیں کرتا اور ذکر الٰہی کے بغیر اسے سکون نہیں ملتا، ایک وظیفہ ایسا ہے جسے ہر روز سوا لاکھ بار پڑھنا ہے اور پابندی ہے کہ مغرب سے وقتِ عشا کے شروع ہونے تک آدھا سیر دودھ پینا ہے صبح شام دونوں وقت غسل کرنا ہے اور یہ عمل اکتالیس دن کا ہے، اس کے بعد کوئی بھی چیز کھانے سے منع نہیں کیا گیا، لہٰذا وقتی طور پر کچھ پابندی کرنے سے بندہ گناہگار نہیں مستقل کوئی چیز چھوڑنا یا چھڑوانا حرام قرار

Marfat.com

دے کر یہ برا اور ممنوع ہے جس کی شرع شریف نے اجازت نہیں دی ہے، ہاں علاج کے لئے کبھی حکیم منع کر دیتا ہے کہ فلاں چیز نہ کھانا اس سے تجھے تکلیف ہوگی تو مریض اگر چھوڑ دے تو جلد صحت یاب ہو جاتا ہے یوں اس راہِ طریقت میں جلد کامیابی کے لئے کچھ پابندی اختیار کرلی جائے تو منزل جلد مل جاتی ہے وغیرہ وغیرہ، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَرَخَّصَ فِيْهِ فَتَنَزَّهَ عَنْهُ قَوْمٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ ثُمَّ قَالَ مَابَالُ اَقْوَامٍ يَتَنَزَّهُوْنَ عَنِ الشَّيْءِ اَصْنَعُهُ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَعْلَمُهُمْ بِاللّٰهِ وَاَشَدُّهُمْ لَهُ خَشْيَةً (متفق علیہ)( صحیح بخاری، کتاب الادب، باب من لم یواجہ الناس بالعتاب::مسلم، کتاب الفضائل، باب علمہ باللہ تعالی وشدۃ خشیتہ )

ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز تیار کی پھر اس کی اجازت دی تو لوگوں نے اس سے پرہیز کیا یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچ گئی آپ نے ایک تقریر فرمائی پہلے اللہ تعالی کی حمد کی پھر فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا کہ وہ ایسی چیز سے پرہیز کرتے ہیں جس کو میں کرتا ہوں ہے، پس قسم ہے اللہ تعالی کی کہ مجھے ان لوگوں سے زیادہ علم ہے اور ان سے زیادہ خوف ہے۔ (بخاری ومسلم)

## (۱۸) عملیات میں تارک نماز ہونا

بعض عامل ایسے عمل اور وظائف بتلاتے ہیں کہ جس میں یہ تاکید کی جاتی ہے کہ اس دوران میں نماز وغیرہ نہ پڑھی جائے بلکہ ہر وقت وظیفہ میں مشغول

Marfat.com

رہیں، کیوں کہ اس طرح کرنے میں کامیابی کی زیادہ امید ہے (نعوذ باللہ) (جیسا کہ ریاض گوہر شاہی کا فتنہ ہے، جو صرف درود شریف پڑھتے رہنے کی تلقین کرتے ہیں اور نماز روزہ کی کوئی فکر نہیں، یا ادھر کامونکی میں میں نے سنا کہ کوئی پیر ایسا ہے جو نماز سے روکتا ہے اور کہتا ہے کہ میری بیت ہو جاؤ نماز وغیرہ کی تمہیں ضرورت نہیں وغیرہ وغیرہ من خرافاتہ معاذ اللہ یہ شخص تو پیر ہونے کے قطعاً لائق نہیں چہ جائے کہ اسے پیر بنایا جائے اور کوئی اس کا مرید ہو، قادری شطاری)

**اصلاح:** اس قسم کے وظیفے پڑھنے ہرگز جائز نہیں، یہ سراسر معصیت اور کفر ہے کیوں کہ نماز کو عمداً چھوڑنے والا کافر ہو جاتا ہے، چنانچہ احادیث شریف میں ہے:

(۱۱) عن ابی الدرداء قَالَ اَوْصَانِیْ خَلِیْلِیْ ...... لَا تَتْرُكْ صَلٰوةً مَكْتُوْبَةً مُتَعَمِّدًا فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ (رواہ ابن ماجۃ، کتاب الفتن، باب الصبر علی البلاء)

ابودردا رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ مجھے میرے محبوب دوست ﷺ نے یہ وصیت کی کہ نہ چھوڑو نماز فرض جان بوجھ کر کیوں کہ جو کوئی اسے جان بوجھ کر ترک کرے گا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہوا۔

(۱۲) عن جابر قال قال رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكَ الصَّلٰوةِ (رواہ مسلم)

جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام اور کفر کے درمیان نماز کا فرق ہے (صحیح مسلم شریف، کتاب الایمان، باب بیان اطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلاۃ)

Marfat.com

احناف کے نزدیک تارک نماز کافر نہیں ہوتا، بلکہ وہ قریب کفر کے پہنچ جاتا ہےکیونکہ اس نے کفر والا عمل کیا ہے (دلائل کے لئے دیکھو نماز حنفی)

میانِ مومن و مشرک تفاوتے نیست
کہ ایں نماز گذار است وآں نماز گزار

(نماز گذار سے نماز ادا کرنے والا اور نماز گزار سے نماز چھوڑنے والا مراد ہے، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

## (۱۹) مریدوں کے ہاں زبردستی مہمان بننا

بعض عامل اور پیر ذراسی واقفیت یا جدی پیر ہونے کی وجہ سے لوگوں کے گھروں میں جا کر ڈیرا جمالیتے ہیں، اور زبردستی مہمان بن جاتے ہیں بیچارے میزبان کو ان کا تمام خرچ اخراجات طوعاً وکرہاً برداشت کرنا پڑتا ہے، اور اچھے سے اچھا کھانا مرغ پلاؤ، وغیرہ کھلانا پڑتا ہے، خواہ وہ بے چارے غریب اور محتاج ہی کیوں نہ ہوں، اور رخصت کے وقت نذر و نیاز بھی مجبوراً دینی پڑتی ہے کہ اس کے بغیر بددعاء کا خدشہ، اور اپنے بزرگوں کا ننگ و ناموس ایسے موروثی پیروں کا ذکر آگے چل کر بڑی تفصیل کے ساتھ آئے گا۔

**اصلاح:** یہ تکلیف مالایطاق غریب غربا پر ڈالنا سخت ظلم ہے کہ لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا، ''اللہ تعالیٰ کسی بندے کو اس کی گنجائش سے زیادہ مجبور نہیں کرتا'' مگر یہ رنگیلے پیر ایسے حضرت ہیں، کہ سنت اللہ کے خلاف اپنے غریب مریدوں کا گلا گھونٹتے ہیں، اور ان کی چھ ماہ کی روٹیاں ہفتہ عشرہ میں چٹ کر جاتے ہیں ''چندیں شکل برائے اکل''

Marfat.com

## (۲۰) عاملوں کا مسجدوں میں ڈیرہ لگانا

بعض نمازی عامل مسجدوں میں آ کر فروکش ہوتے ہیں اور وہاں ہر قسم کے لوگ آنے شروع ہو جاتے ہیں جس سے مسجد کی بے ادبی ہوتی ہے بعض ننگے پاؤں آ جاتے ہیں، بعض جنبی اور ناپاک آدمی بھی آ گھستے ہیں اور بڑا شور وغل برپا کرتے ہیں ،اور دنیا کی باتیں کثرت سے کرتے ہیں۔

**اصلاح:** اول تو مسجدوں کو گھروں کی طرح استعمال کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ مسجد سے باہر حجرے وغیرہ میں ٹھہرنا مناسب ہے، تاکہ دنیاوی غرض سے لوگوں کی آمدورفت اور دنیاوی گفتگو سے خانہ خدا کی بے ادبی نہ ہو۔

حدیث شریف میں ہے:

○ عن الحسن مرسلا قال قال رسول اللهصلى الله عليه وسلم: يَأْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُوْنُ حَدِيْثُهُمْ فِيْ مَسَاجِدِهِمْ فِيْ أَمْرِ دُنْيَا هُمْ فَلَا تُجَالِسُوْهُمْ فَلَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِمْ حَاجَةٌ۔

حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلا روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ اپنی مسجدوں میں دنیاوی باتیں کریں گے، پس ایسے لوگوں کے پاس نہ بیٹھو اللہ کو ان کی ضرورت نہیں (بیہقی، شعب الایمان، فصل المشی الی،،،، جامع الاحادیث، باب یاء النداء، جزء ۲۳)

دوسرے عامل کے پاس ہر قسم کے لوگ جو آئیں گے تو ان میں سے بہت سے لوگ مسجد کے آداب سے واقف نہیں ہوتے، وہ اونچی آواز سے بولیں گے، اور مسجد میں ذکرِ حق کے سوا بلند آواز سے بولنا ممنوع ہے۔

چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

Marfat.com

عن مالك قال بَنٰی عُمَرُ رَحْبَةً فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ تُسَمّٰی الْبُطَيْحَاءَ وَ قَالَ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ اَنْ يَّلْغِطَ اَوْ يُنْشِدَ شِعْرًا اَوْيَرْفَعَ صَوْتَهٗ فَلْيَخْرُجْ اِلٰی هٰذِهِ الرَّحْبَةِ (رواہ فی الموطا، مشکوۃ شریف، کتاب الصلوۃ، باب المساجد ومواضع الصلوۃ، تیسری فصل)

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے مسجد کے دروازے پر ایک صحن بنایا تھا جس کا نام بُطَیحاء رکھا گیا اور فرمایا جو شخص چیختا چلاتا یا شعر پڑھتا یا آواز بلند کرتا ہے وہ اس صحن کی طرف آ جائے۔

تیسرے وہ لوگ کوئی عبادت وطاعت کی غرض سے تو نہیں آئیں گے کہ تطہیر وتنظیف کے پابند ہو کر آئیں،

بلکہ کوئی طلبِ روزگار کے لئے، کوئی خواہشِ نکاح کے لئے،
کوئی حصولِ اولاد کے لئے، کوئی دفعِ اعداء کے لئے،
کوئی فتحِ مقدمات کے لئے، کوئی تسخیرِ عوام کے لئے،
کوئی استمالتِ حکام کے لئے عمل سیکھنے آئے گا،

اور ممکن ہے ان میں بے نماز، بے وضو، جنبی، گندہ لباس، نجس البدن، فاسق، کافر، ہر طرح کے لوگ ہوں، حالانکہ مسجد کو ہر طرح کی ناپاکی اور بدبو سے محفوظ رکھنے کا حکم ہے، اور اس میں یہاں تک احتیاط ملحوظ ہے کہ:

عن معاوية ابن قرة عن ابيه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ وَقَالَ مَنْ اَكَلَهُمَا فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا وَقَالَ اِنْ كُنْتُمْ لَابُدَّ اٰكِلِيْهِمَا فَاَمِيْتُوْهُمَا طَبْخًا[1] قال يَعْنِي الْبَصَلَ وَالثُّوْمَ (ابوداود، کتاب الاطعمۃ، باب فی اکل الثوم)

[1] تفصیل کے لئے دیکھو میری کتاب ''آداب مسجد وتعمیر مسجد''

Marfat.com

معاویہ ابن قرۃ سے روایت ہے کہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں ،کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے ان دو پودوں سے یعنی پیاز اور لہسن سے ،اور فرمایا: جس شخص نے ان کو کھایا ہو وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے ،اور فرمایا: اگر تم ضروری ان کو کھانا چاہو تو پکا کر ان کی بو مارلو۔

## (۲۱) تعویذات کی بے ادبی

بعض عامل تعویذوں کے استعمال کا ایسا طریقہ تجویز کرتے ہیں جس میں ان تعویذات کے مندرجہ کلمات و آیات کی سخت بے ادبی ہوتی ہے، مثلاً کوئی تعویذ آمدورفت کی جگہ دفن کیا جاتا ہے، کوئی جلایا جاتا ہے، کوئی نجس جانور کتے وغیرہ کو کھلایا جاتا ہے۔

**اصلاح:** اس طرح کرنا یا جس طریقہ سے بے حرمتی اور بے تعظیمی ہوتی ہو، سب ناجائز ہے، چنانچہ ردالمحتار کتاب الکراہیۃ قبل فصل النظر والمس میں ہے:

یکرہ کتابۃ الرقاع فی ایام النیروز والزاقھا بالابواب لانہ فیہ اھانۃ اسم اللہ تعالی واسم نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

تعویذات کو نوروز کے دنوں میں لکھنا اور ان کو دروازوں سے چسپاں کرنا مکروہ ہے کیوں کہ اس میں اللہ تعالی کے نام اور اس کے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے نام کی توہین ہوتی ہے۔

## (۲۲) تعویذات کے لکھنے اور چھپوانے کے لئے وضو

بعض عامل تعویذات کو بلا وضو لکھ کر بے وضو طالبوں کو دے دیتے ہیں۔

**اصلاح:** اگر تعویذ آیات قرآنی کا ہو تو اس کو بے وضو لکھنا جائز نہیں ہے

Marfat.com

اور نہ ہی بے وضو ہاتھ لگانا جائز ہے، ہاں اگر اوپر سے دوسرا کپڑا علیحدہ لپٹا ہو تو جائز ہے، چنانچہ ردالمحتار کتاب الکراہیۃ قبل فصل النظر والمس میں ہے۔

لاباس بان یشد الجنب والحائض التعاویذ علی العضد اذا کانت ملفوفة۔

اس بات میں کوئی مضائقہ نہیں کہ جنبی مرد یا حائضہ عورت تعویذوں کو اپنے بازوؤں پر باندھیں جبکہ وہ چمڑے یا پارچہ میں ملفوف ہوں۔

اگر آیات قرآنی طشتری وغیرہ پر لکھی جائیں، تو ان کے لکھنے اور چھونے کے لئے بھی وضو شرط ہے اس لئے بہتر ہے کہ اگر طالب باوضو نہ ہو تو خود عامل لکھ کر پانی سے دھو کر اس کو دیدے، افسوس ہے کہ بڑے بڑے عامل و پیر بھی اس کی کچھ پرواہ نہیں کرتے طالب تو بالعموم جاہل ہی ہوتے ہیں وہ تو معذور ہیں۔

جب تعویذ کی ضرورت نہ رہے تو اس تعویذ کو دھو کر اس پانی کو کسی پاک جگہ پر پھینک دینا چاہئے یا اس کو کہیں جنگل یا قبرستان میں دفن کر دینا بہتر ہے۔

## (۲۳) غیر مسلموں کو تعویذ دینا

بعض عامل اور پیر غیر مسلموں کو آیات قرآنی والے تعویذ بھی دے دیتے ہیں۔

**اصلاح:** اگر غیر مسلم کو تعویذ دینا ہو تو بہتر یہ ہے، کہ اس میں آیات قرآنی بالکل نہ لکھے بلکہ کوئی اور جائز عبارت لکھ دے، یا حروف جدا جدا کر کے لکھ دے، یا ان کے ہندسے ابجد کے حساب سے لکھ دے، ورنہ ناجائز ہے، کیوں کہ غیر مسلم کے گھر میں پاک کلمات کی حرمت و تعظیم متوقع نہیں، ممکن ہے کہ جب اس تعویذ کی ان کو ضرورت نہ رہے، تو کہیں ادھر ادھر پھینک دیں، اسی لئے فقہ کا مسئلہ ہے، کہ بحالت

Marfat.com

جہاد کفار کے ملک میں قرآن مجید ساتھ لے جانا درست نہیں ہے، کیوں کہ ممکن ہے لشکر اسلام کو شکست ہو تو قرآن مجید کفار کے ہاتھ لگ جائے، اور وہ اس کی بے ادبی کریں، ہاں اگر اسلامی لشکر اس کثرت اور قوت کے ساتھ ہو کہ اس کی شکست کا اندیشہ نہ ہو، تو پھر قرآن مجید کا ساتھ لینا جائز اور درست ہے، چنانچہ غنیۃ الطالبین میں ہے۔

وتکرہ المسا فَرَةُ با لمصحف الیٰ ا رض العد و لئلا تنا ولہ ایدی المشر کین الا ا ن یکون للملسمین قوۃ ظاھرۃ و ا لشو کۃ و ا لغلبۃ فیجوز استصحابہ۔

اور قرآن مجید کو دشمن کی سرزمین کی طرف سفر میں ساتھ لے جانا مکروہ ہے تاکہ مشرک لوگوں کے ہاتھوں میں نہیں چلا جائے لیکن اگر مسلمانوں کی قوت نمایاں ہو اور شوکت اور غلبہ حاصل ہو تو پھر اس کا ساتھ لے جانا جائز ہے۔

اسی پر تعویذ کے معاملہ کو قیاس کرے گا چاہے اس میں بھی آیات قرآنیہ یا کلماتِ متبرّکہ درج ہوتے ہیں۔

Marfat.com

# فصل سوم

# بعض مفاسد دینیہ سے چشم پوشی بلکہ ان کی ترویج

عامل کا منصب یہ تھا کہ وہ عامل بالدین اور عامل باحکام الاسلام ہوتا ہے، وہ علم و عمل کا جامع ہوتا اور عامل کامل کہلا کر لوگوں کے لئے نمونہ کبری پیش کرتا، مگر صد افسوس، کہ آج کل کے عامل بجائے اس کے کہ گمراہ و غلط کار لوگوں کو اعمال حسنہ کی شاہراہ میں ڈالیں، اور ان کو نکوکاری و پرہیزگاری میں اپنا پیرو بنائیں الٹا مذاق عام سے مالی فائدہ اٹھانے کے لئے خود ان جاہل لوگوں کے پیرو بن جاتے ہیں عوام کالانعام اپنی جہالت و بے خبری میں عقائدِ فاسدہ اور اعمالِ باطلہ کی بنا پر جو کچھ خلافِ شرع ان عاملوں کی تعظیم و تکریم کرتے ہیں، اور جو غیر مشروع مرادات کے پورا ہونے کی آرزو ان پر ظاہر کرتے ہیں یہ عامل لوگ من وعن ان کا نام لیتے ہیں، گویا وہ خود ان جاہل لوگوں کی خواہشات کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں، اور ان کی کسی بات پر اصلاحی ترمیم و تردید نہیں کرتے، تا کہ ایسا نہ ہو، کہ یہ لوگ (ان عاملوں سے) بداعتقاد ہو جائیں، اور شکار قابو سے نکل جائے۔

## (۱) عاملوں اور پیروں کی پرستش

بعض جہلاء اور بے دین لوگ بالعموم عاملوں کو نہ صرف ولی بلکہ خدا کہنے سے بھی نہیں ڈرتے، چنانچہ کہہ دیا کرتے ہیں "حضرت جی آپ تو ہمارے رب ہیں ہیں (معاذ اللہ من ذلک) پھر کوئی ہاتھ جوڑتا ہے، کوئی جھک کر گھٹنوں کو ہاتھ لگاتا ہے، حتی کہ کوئی سجدہ تک کر دیتا ہے (نعوذ باللہ من جھل الجھلاء)۔

Marfat.com

## ((واقعات وحکایات

۱) ادھر کامونکی میں دو معتبر آدمی ڈاکٹر محمد اویس اور ڈاکٹر شمشاد احمد صاحبان نے اطلاع دی کہ ہسپتال کے ساتھ ایک مزار ہے اس میں ہم نے دیکھا کہ کچھ لوگ آٹے کے توڑے اٹھائے جارہے تھے ہم نے سوچا شاید کوئی عرس وغیرہ کی تقریب ہوگی ارادہ کیا کہ چلتے ہیں بابرکت محفل ہے اس میں شریک ہوتے ہیں۔

جب ہم آگے گئے تو ایک کمرے میں لوگ جارہے تھے ہم بھی ادھر ہو گئے کیا دیکھا کمرے کے اندر دروازے کے سامنے ایک بہت بڑی تصویر لگائی گئی ہے ایک عورت اور ایک بچہ آئے اس عورت نے پہلے پھر بچے نے اس تصویر کو سجدہ کیا پھر وہ دونوں آگے ہوئے تو ایک آدمی منہ میں نشیلہ پان ڈالے بیٹھا تھا بڑی ہی تجسس کی نگاہ سے دیکھتا تھا، اس عورت اور بچہ نے اس کو بھی سجدہ کیا مگر اس آدمی نے ان سے کچھ نہیں کہا، پھر ہم اٹھے اور دربار پر حاضری دینے کے لئے گئے تو وہا کیا دیکھا کہ عورتیں قبر کا طواف کر رہیں تھیں اسے دیکھ کر بھی بڑا افسوس ہوا، البتہ ہم سمجھ گئے کہ یہ دو نمبر کام ہے یہاں سے نکلنا چاہئے لہٰذا ہم وہاں سے دم دبا کر چلے آئے، کیوں کہ وہاں پر سارے وہ ہم خیال تھے ورنہ شاید کوئی ہنگامہ ہو جاتا۔

۲) یوں ہی میرے پاس ایک طالب علم مولانا محبوب عالم صاحب پڑھنے آتے ہیں ان کا بیان ہے کہ ادھر ملتان کی طرف ایک پنڈ (گاؤں) وغیرہ میں ہم تقریر کے لئے گئے تو وہاں ہم نے ایک پیر بے ضمیر کو دیکھا جو سال میں ایک بار نہاتا ہے، اور غسل کا پانی لوگ بطور تبرک لے جاتے ہیں، اور وہ چار پائی پر بیٹھ کر نہاتا ہے، افسوس کی بات ہے کہ لوگ اس سے بھی عقیدت رکھتے ہیں جو انہیں اپنی ناپاکی بھی دھو کر پلا دیتا ہے، سوال یہ ہے کہ کیا اسے سال بھر میں جنابت لاحق نہیں ہوتی، اگر وہ

Marfat.com

جنبی ہوتا ہے اور نہاتا نہیں تو سارا سال پلید رہا، جب نہایا تو پورے سال کی پلیدی اس پانی میں اتار کولوگوں کو پیش کردی جسے لوگ اَنّے واہ لے جاتے ہیں، نہ انہیں کوئی پوچھنے والا ہے جو گند پھلا رہا ہے نہ ان لوگوں کو کوئی ہدایت دینے والا ہے کہ یہ آدمی مسلمان نہیں ہے، روحانیت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، جادوگر ہے، اس لئے پلید رہتا ہے، کیونکہ کہ جادوگر کے لئے پلید رہنا ضروری ہے، ورنہ شیاطین اسے زندہ نہ رہنے دیں، کیونکہ روحانیت کے لئے پاک ہونا ضروری ہے۔

۳) ایک جادوگر کی بابت پتہ چلا کہ وہ بھی...... میں ہے اور بہت بڑا بدعقیدہ بھی ہے، ایک عورت اس کے پاس چلی گئی کہ میرا خاوند مر جائے، اس کے لئے کوئی تعویذ دے دو، اس نے کہا اپنے بڑے بیٹے کو لے کر آ، وہ بیٹے کو لے کر آ گئی، اس نے کہا یہاں پر میرے سامنے ماں بیٹا زنا کرو، ان دونوں نے کوئی دیر نہیں لگائی، اس نے انہیں تعویذ دے دیا وہ عورت تعویذ لے گئی اور جا کر گھر کی دیوار میں رکھ دیا وہ دیوار گر گئی مگر آدمی بچ گیا، گناہ گار بھی ہوئے، اس عمل کو اگر جائز سمجھا تو کافر بھی ہوئے مگر مطلوب ہاتھ نہ آیا، ایسے موقع پر پنجابی میں کہتے ہیں:

گروں بے گر ہویا باروں پڑوا کھایا

اس راوی کا نام ذکر نہیں کرتا ہوں، کہ اس کے سچا ہونے کا یقین نہیں، کہ اس کی عادت ہے، قصہ گوئی اور داستانیں گڑھنے کی، لکھ اس لئے دی ہے کہ ایسا بعید بھی نہیں آج کل لوگ دین کو سمجھ کر نہیں بلکہ لطف اندوزی اور انسانی حقوق کا نعرہ لگا بے حیا ہوئے جاتے ہیں۔

۴) جیسا کہ کسی نے بتایا: کہ انٹرنیٹ پر ایک لڑکا اس کی بہن اور اس کی ماں اپنی نشریات کرتے ہیں، کہ ہم آپس میں محبت کرتے اور انجائے (enjoy) کرتے ہیں، یہ ہمارا انسانی حق ہے، سمجھ یہ آتی ہے کہ ایسے لوگ بے دین ہیں جنہیں

Marfat.com

مسلمانوں میں اس طرح کی حرکات کرنے کے لئے داخل کر دیا جاتا ہے، ایک تو وہ اگر ملنگوں یا پیروں والا انداز بنا کر آئیں تو نذرانے بٹورتے ہیں۔

دوسرے (Enjoy) کا جھانسا دے کر بے حیائی پھیلاتے ہیں، تا کہ کوئی مسلمان اپنے دین پر قائم نہ رہے، کیونکہ کوئی مسلمان ایسا نہیں ہو سکتا کہ اپنی ہی ماں بہن سے بے حیائی کرے، اور پھر اسے نشر بھی کرے، استغفر اللہ و معاذ اللہ تعالیٰ من ذالک، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی))

**اصلاح:** ان باتوں میں کئی خرابیاں ہیں، اول تو اس غیر معمولی تعظیمی سلوک سے عامل میں عجب و تکرار پیدا ہو جاتا ہے، جو اس کے لئے ایک روحانی ہلاکت کا مترادف ہے۔

چنانچہ یہ حدیث اس پر ناطق ہے:

عن ابی بکرۃ قال: اَثْنٰی رَجُلٌ عَلٰی رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ وَیْلَکَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِیْکَ ثَلَاثًا (مشکوۃ) (صحیح بخاری، کتاب الشہادات، باب اذا رجلا رجلا کفاہ)

ابو بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور میں ایک شخص کی تعریف کی، تو آپ نے اسے فرمایا: تو نے تو اپنے بھائی کا گلا کاٹ ڈالا یہ الفاظ آپ نے تین مرتبہ دہرائے۔

دوسرے تعظیم کرنے والوں کے یہ افعال صاف شرک و کفر ہیں، اگر عامل اپنی تعظیم سے لذت گیر ہونے کے باعث ان افعال کو پسند کرے اور جائز رکھے، تو اس شرک و کفر میں برابر کا حصہ دار ہے، اگر دل سے افعال کو برا سمجھتا ہے، مگر اپنی دکانداری قائم رکھنے کے لئے لوگوں کو سختی سے نہیں روکتا تو بھی دین پر دنیا کو مقدم

Marfat.com

رکھنے کا مجرم اور گنہگار ہے۔

عامل کا فرض ہے کہ جو لوگ ایسی تعظیم کریں جو حد شرک تک پہنچے، ان کو خوب جھڑک کر ان افعال سے منع کرے اور ان کی برائی ان کے ذہن نشین کر دے، پھر بھی نہ مانیں تو ان کو تعویذ وغیرہ دینے سے صاف انکار کر دے۔

## (۲) تعویذ کو ناپاک جگہ لے جانا

بعض لوگ جو اپنے پاس تعویذ رکھتے ہیں، تو وہ پیشاب و پاخانہ کی جگہ میں ہمراہ لے جاتے ہیں۔

**اصلاح:** اگر نگینہ پر کوئی دعا یا آیت کندہ ہو، یا کاغذ پر لکھی ہوئی ہو، تو اگر اس پر موم یا کپڑا لپیٹ کر رکھا ہو تو جائز ہے، ورنہ ناجائز ہے بہتر تو یہی ہے، کہ دونوں صورتوں میں اتار کر جائے، چنانچہ ردالمحتار کتاب کراہیۃ میں ہے:

فلو نقش اسمه تعالى اواسم نبيه صلى الله عليه وسلم استحب ان يجعل الفص فى كمه اذا دخل الخلاء وان يجعله فى يمينه اذا استنجى (قهستانى)

پس اگر اللہ تعالیٰ کا نام یا اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نگینہ پر نقش کرایا ہو تو مستحب یہ ہے کہ نگینہ کو اپنی آستین میں چھپا لے جبکہ بیت الخلاء میں جانے لگے، اور یہ کہ اس کو اپنے دائیں ہاتھ میں پہن لے جبکہ استنجا کرنے لگے۔

## (۳) کیمیا گری کا خبط اور عاملوں کی عیاری

کیمیا گری کے معنی ہیں قلعی تانبا وغیرہ ادنیٰ دھاتوں سے چاندی سونا بنانا، یہ خبط زمانۂ قدیم سے آج تک چلا آتا ہے، اور اچھے اچھے مہذب و مقطع لوگ اس

Marfat.com

میں مبتلا رہ چکے ہیں، اور ساری عمر اپنی حلال کمائی کو کیمیا گری کی بھٹی میں جھونک دینے کے بعد مشت خاکستر کے سوا کچھ بھی ان کو ہاتھ نہیں لگا۔

کیمیا فی الواقع ممکن ہے یا محض خیال خام ہے، اس میں بڑا اختلاف ہے، اور قائلین و مانعین میں دونوں طرف بڑے بڑے ماہرین فن اور مشاہیر رجال شامل ہیں، بہرکیف کیمیا سچ ہو، یا جھوٹ، یہاں اس سے بحث نہیں، بلکہ یہاں مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ کیمیا گری کا عملیات کے ساتھ کوئی دور کا تعلق یا کوئی بھی نسبت نہیں مگر چونکہ محنت سے ٹلنے اور مفت کی دولت حاصل کرنے کی خواہش رکھنے والی مخلوق میں ایک بہت بڑی جماعت کیمیا کی دلدادہ ہے، اور ان میں سے بعض کا خیال ہے، کہ عامل لوگ جو کلام کے زور سے دشمن کو دوست بنا دینے کی طاقت رکھتے ہیں، وہ تانبے کا سونا بھی بنا دیں، تو بعید نہیں، اس لئے عملیات کے دکانداروں نے بھی عوام الناس کے اس خیالِ خام سے فائدہ اٹھانے کے لئے اپنے عملیات کے اجزاء میں ایک جزء کیمیا کا بھی شامل کر لیا ہے، گویا عامل کا یہ ذاتی منصب نہ تھا، کہ وہ کیمیا گر ہوتا، مگر چونکہ جہلائے خوش اعتقاد نے اس کو خواہ مخواہ کیمیا گر بنا دیا، اس لئے عامل نے سمجھا کہ جس بات میں فائدہ حاصل ہو اس کو اختیار کرنے میں کیا حرج ہے، چنانچہ بہت سے دغاباز عامل دیکھے گئے ہیں کہ وہ تعویذ نویسی کے ساتھ کیمیا گری کا جال بھی بچھاتے ہیں، اور اکثر بے خبر لوگوں کو خوب مونڈتے ہیں۔

**اصلاح:** سچے عامل کو کیمیا گری سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے، عملیات کا کام کلامِ الٰہی اور اسمائے الٰہیہ سے برکت حاصل کرنا قرب الٰہی سے تعلق رکھنا ہے، اور کیمیا گری خالص طلب دنیا کے مترادف ہونے کے اعتبار سے کلاب دنیا کا کام ہے۔

Marfat.com

# (۴) سٹّے کی قمار بازی اور عاملوں کا نرخ و نمبر بتانا

سٹے کا منحوس و نامبارک نام اکثر ناظرین قارئین نے سنا ہوگا، آج کل عاملوں کی ایک گندھا دماغ و تیرہ درون جماعت نے اس ناپاک کام میں بھی حصہ لینا شروع کیا ہے، مگر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پہلے سٹے کی تشریح کی جائے، کہ وہ کیا چیز ہے، اور اس کی صورت کیا ہے، پھر ہم بتائیں گے کہ وہ عامل لوگ اس میں کس طرح کا حصہ لیتے ہیں۔

## سٹے کی تعریف اور اس کی قسمیں

سٹے کی دو صورتیں ہیں، ایک تو تجارتی صورت ہے، وہ یہ ہے کہ مثلاً آج گندم کا نرخ منڈی میں چار روپیہ فی من ہے، ایک شخص کو امید ہے، کہ آئندہ چل کر گندم دو روپیہ فی من تک ارزاں ہو جائیں گے، اس لئے اس نے اعلان کر دیا کہ آج سے چار ماہ بعد میں تین روپیہ فی من کے حساب سے گندم دے سکوں گا، بخلاف اس کے ایک اور شخص کو توقع ہے کہ چار ماہ کو گندم بہت گراں ہو جائے گی، اس لئے وہ نفع کی امید سے آج ہی اس شخص کو کچھ رقم بطور بیعانہ دے کر پانسو من گیہوں ڈیڑھ ہزار روپے کے خرید لیتا ہے، بایں وعدہ کہ آج سے چار ماہ بعد فلاں تاریخ کو پانچ سو من گیہوں وزن کرالوں گا، اس وقت نرخ خواہ کچھ ہی ہو اگر معاملہ صرف یہاں تک ہو تو جائز ہے، اور اس کو شرع میں بیع سلم کہتے ہیں مگر اس میں خرابی یہ ہے کہ اس میں درحقیقت نہ بائع گندم فروخت کرتا ہے، نہ اس کے پاس اس کا کوئی ذخیرہ ہے اور نہ مشتری خریدتا ہے نہ اس کو اس کا ذخیرہ کرنا مقصود ہے، بلکہ یہ صرف زبانی لسانی نرخ قیمت آزمائی ہے، چنانچہ اگر یہاں وقت معہود پر گندم ارزاں ہوگئی مثلاً دو روپیہ فی من ہوگئی تو خریدار خسارہ کا پانچ سو روپیہ نقد بیچنے والے کے حوالے کر دیتا ہے، اور اگر

Marfat.com

گراں مثلاً چار روپیہ فی من ہو گئے تو فروخت کرنے والا منافع کے پانچ سو روپیہ خریدار کے دامن میں ڈال دیتا ہے۔

اس میں خرابی کی وجہ یہ ہے کہ اس معاملہ میں نہ جنس کا لینا دینا ہے نہ ہی کہیں جنس موجود ہے، اور نہ اس کی قیمت کی رقم لین دین میں ہوتی ہے، بلکہ جنس اس کی قیمت کے فرضی نام سے محض اس کے منافع یا خسارہ کی رقم کا لین دین ہے جو صاف قمار ہے، ان قمار باز تاجروں کو اس معاملہ میں عاملوں کی بڑی تلاش ہوتی ہے، جو اپنے علم کے زور سے یہ بتا دینے کا دعویٰ رکھتے ہیں، کہ فلاں ماہ اس میں یہ نرخ ہوگا، اور فلاں میں یہ ہوگا تاکہ اسی بنا پر نفع ونقصان کو ملحوظ رکھ کر سودا کریں یا اس سے باز رہیں، پنجاب کی بڑی بڑی منڈیوں میں اس قمار بازی کا وبا عام ہے، اور ایک دنیا اس سے بن اور بگڑ رہی ہے۔

سٹے کی دوسری صورت صاف اور بلا تاویل قمار بازی کی شکل میں ہے یعنی چند قرعہ دار مقامی حکام کی نگرانی ونظام میں اس کا کاروبار کھولتے ہیں جس کا فیصلہ ایک نمبر سے لے کر سو نمبر تک کئی ایک عدد پر ہوتا ہے، جو بطور قرعہ نکالا جاتا ہے، لوگ ایک روپیہ سے لے کر سینکڑوں روپے تک کی رقوم اس سٹے میں لگاتے ہیں، اور ہر شخص جو رقم لگاتا ہے اس کے ساتھ ہی رَجْمًا بِالْغَیْبِ ایک نمبر اختیار کر لیتا ہے، اور افسر کو نوٹ کرا دیتا ہے، جب سٹے کا نمبر نکلنے کا مقررہ دن آتا ہے، تو ایک مخلوق کثیر جمع ہوتی ہے، مقامی سرکاری افسر انتظام کے لئے موجود ہوتا ہے، اس کی نگرانی میں ایک سے سو نمبر تک الگ الگ پرچوں پر لکھ کر ایک گھڑے میں ڈال دئے جاتے ہیں، ایک ناخواندہ وبے تمیز بچہ کو بلا کر اس سے ایک نمبر نکلواتے ہیں پرچی کے کھلتے ہی جب نمبر ظاہر ہوتا ہے، تو جن جن لوگوں کا اختیار کردہ نمبر اس سے مل جاتا ہے، ان کو فی روپیہ کے عوض چونسٹھ روپیہ کے حساب سے رقم مل جاتی ہے، اور ایسے اشخاص چند ایک ہی

Marfat.com

ہوتے ہیں، اور باقی تمام لوگ خائب وخاسر روتے پیٹتے اپنے اپنے گھروں کی راہ لیتے ہیں۔

اس قسم کے سٹے کے لئے عاملوں کی بڑی ضرورت سمجھی گئی ہے، اور آج کل ایک دنیا ایسے عاملوں جفریوں نے مجذوبوں، فقیروں، سادھوؤں سنیاسیوں کے پیچھے ماری ماری پھرتی ہے، جن سے ان کو نمبر معلوم ہونی کی امید ہوتی ہے جو سٹے کی آئندہ صحبت میں نکلنے والا ہے۔

## سٹے بازوں کے مضحکہ انگیز قیاسات

یہ لوگ جن کا دماغ سٹے کے خیالات اور طمع زر کے خانمان سوز جذبے سے ماؤف ہو چکا ہے، نمبر فہمی کے لئے عجیب عجیب قیاسات جمایا کرتے ہیں، جب وہ مجذوبوں، اور تارک الدنیا فقیروں سے نمبر پوچھتے اور منت سماجت کرتے ہیں اور وہ حسب عادت کچھ بے معنی بڑ ہانک دیتے ہیں، تو سٹہ باز فوراً اس سے قیاساً کسی نمبر کا مطلب اخذ کر لیتا ہے، مثلاً ایک شخص کسی مجذوب کے پاس ہاتھ جوڑ کر بیٹھ گیا، اور بار بار التماس کی، کہ نمبر بتاؤ۔

مجذوب نے کہا، بابا کیوں ستاتے ہو، میں کیا جانوں نمبر کیا ہوتا ہے، جب اس نے زیادہ دق کیا، تو مجذوب نے کڑک کر کہا چلا جا، کتے! سٹے باز خوش ہو گیا، کہ کتے کے لقب میں نمبر بتا دیا، کاف کے بیس عدد ہیں یہی نمبر ہے۔

ایک شخص کو بتا دیا گیا، کہ فلاں گاؤں کے فلاں مندر کا سنیاسی سادھو نمبر بتاتا ہے، وہ آٹھ سات میل طے کر کے وہاں پہنچا، سادھو مندر کے دروازہ میں بیٹھا تھا، یہ شخص اس کے سامنے زمین پر بیٹھ گیا، سادھو نے اس کا مقصد پوچھا تو اس نے بتایا، کہ نمبر کا طالب ہوں، سادھو نے کہا کہ مندر کی مرمت کے لئے بیس روپیہ تو مجھے

Marfat.com

جڑتے نہیں، اگر سٹے کا نمبر مجھے آتا، تو سب سے پہلے میں خود ایک رقم حاصل کر کے اپنے مندر کی مرمت کراتا، لوگ غلط کہتے ہیں، کہ میں نمبر بتاتا ہوں، میری ساٹھ سال کی عمر ہوگئی، آج تک ایسے خبط کے پیچھے نہیں پڑا، سٹہ باز ساٹھ کا عدد سن کر نہال ہو گیا، اور خوش خوش واپس چلا گیا۔

ایک اور شخص اسی طرح کسی سادھو کے درپے ہوگیا، کہ نمبر بتاؤ، اس نے نہایت سختی سے انکار کر دیا، یہ شخص مایوس ہو کر جانے لگا، تو سادھو نے چند الائچی دانے جو اس کے پاس پڑے تھے، اس کو دے دیئے، اس نے لے کر گنے، تو سات عدد تھے، فوراً اس کو یقین ہوگیا، کہ سات کا نمبر بتایا ہے۔

## سٹے شاہ مجذوب

عرصہ ہوا شہر نابھ (پنجاب) میں ایک مجذوب رہتا تھا، وہ بالکل فاتر العقل تھا، ہر وقت غلاظت میں لت پت رہتا، فرائض دینی کا تو اسے کیا خیال ہوتا، سترِ بدن تک کی ہوش نہ تھی، کہتے ہیں کہ وہ شاہ غوث علی پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کا مرید تھا، اثنائے سلوک میں یہ حالت ہوگئی تھی کہ بعض لوگ اس کو ولی کامل سمجھتے تھے، اور بعض اس کے پشتارہ کمالات کو گرداب رجعت میں غرقاب خیال کرتے تھے، بہر کیف یہ حالت تو چشم دید ہیں، کہ وہ سٹہ بازوں کا مرجع خاص تھا، اور ان کی بدولت اس کے پاس شیرینی اور روپوں پیسوں کی ڈھیریاں لگی رہتیں، سٹے بازوں کے رجوع کثیر کے باعث اس کا اصلی نام بھی سٹے شاہ کے لقب میں مستور ہو کر رہ گیا، ان لوگوں کو بھی اس پر یہاں تک اعتقاد تھا، کہ اگر وہ کسی سٹے باز سے دق ہو کر اس کے دس جوتے لگا دیتا، تو وہ سمجھتا کہ مجھے دس کا نمبر بتایا ہے۔ (نعوذبالله من شرور انفسنا)

کامونکی میں بھی ایسے نمبری بہت زیادہ ہیں اگر کوئی راہنمائی کر دی جائے تو

Marfat.com

اپنی توہین سمجھتے ہیں اور نوجوان قسم کے لوگ ان کے ارد گرد رہتے ہیں جس سے ان کو بہت فخر حاصل ہوتا ہے اور وہ اپنے سا کسی کو نہیں سمجھتے، معاذ اللہ!

اس عمل کی یہاں اس قدر کثرت ہے کہ میں نے ایک دوست کو ذکر فکر کی طرف راغب کیا وہ ذکر میں مشغول ہوئے، تو کئی بار مجھے بتاتے کہ آج مجھے نمبر آیا تو وہ نمبر بالکل درست تھا مجھے شروع میں تو سمجھ نہ آئی پھر جب بار بار انہوں ایسی بات کا اظہار کیا تو سمجھ آ گئی اور وہ کہتے تھے کہ بیٹھے بیٹھے دل میں آ جاتا تھا یا خواب میں آ جاتا کہ اس بار فلاں نمبر لکی نمبر ہے اور وہ بالکل درست ہوتا آخر کار ان کے اس معاملہ کو سمجھنے کے بعد میں نے کہا بھائی یہ شیطانی فریب ہے اس سے بچو کہیں اس عملِ نیک یعنی اللہ تعالیٰ کے فکر سے دور نہ ہو جانا، ہماری اصل منزل ذکرِ الٰہی ہے نہ کہ لکی نمبر تلاش کرنا اس کے پیچھے پڑنے کی ہمیں ضرورت نہیں، اس لئے اس میں نہ پڑنا بلکہ اس کی طرف دھیان ہی نہ کرو کہ یہ تو جوا ہے اور جوا کی کمائی بالکل حرام ہے، اس بات کے بعد پھر بہت انکشافات ہوئے کہ لوگ اس کام میں کتنے مہارت رکھتے ہیں اور کاروبارِ زندگی ٹھپ کر اس کے پیچھے پڑے ہیں۔

اکثر لوگ سارا دن کمائی کر کے اس امید پر کہ اگر نمبر نکل آیا تو لہریں بہریں ہو جائیں گی رقم ضائع کرتے رہتے ہیں اور گناہ گار بھی ہوتے رہتے ہیں، اور اپنے حق والوں کے حقوق کو ادا نہی کر پاتے، ایک بری چیز کے حصول کا ارادہ کرنے سے کتنی برائیاں گلے آ لگتی ہیں، سرے سے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا چاہئے اور اس بات کو دل و دماغ میں جگہ دینی چاہئے کہ جو رقم اللہ تعالیٰ نے میرے لئے لکھ دی ہے کوئی اور نہیں لے سکتا وہ صرف اور صرف مجھے ہی ملے گی جب یہ بات پکی ہو جائے تو پھر یہ بھی جان لے کہ اللہ تعالیٰ روزی رساں ہے بندہ کا عمل محض نیکی کی حیثیت رکھتا ہے اور کچھ نہیں روزی اللہ تعالیٰ ہی دیتا ہے۔ لہٰذا میری روزی مجھے ہی ملے گی، قاری محمد

Marfat.com

یاسین قادری شطاری ضیائی)

## عاملوں کے ہتھکنڈے

سٹے کی اس عالم آشوب وبا میں بعض گرسنہ چشم عاملوں نے بھی اپنے پرپرزے کھولنے شروع کر دیئے ہیں، اور وہ بعض حسابات جفریہ ورملیہ سے نمبر بتانے کے مدعی ہیں۔

**اصلاح:** پہلی قسم سٹہ اصول شرعیہ کی رو سے بیع کی جائز صورتوں سے خارج اور قمار میں داخل ہے۔

○ عن حکیم بن حزام قَالَ نَهَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِیْعَ مَا لَیْسَ عِنْدِیْ رواہ الترمذی ولا بی داؤد قال قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ یَاْتِیْنِیْ الرَّجُلُ فَیُرِیْدُ مِنِّی الْبَیْعَ فَلَیْسَ عِنْدِیْ فَاَبْتَاعُ لَہٗ مِنَ السُّوْقِ قَالَ لَا تَبِعْ مَا لَیْسَ عِنْدَکَ ○ (ترمذی، کتاب البیوع، باب کراھیۃ بیع مالیس عندك)

سیدنا حکیم ابن حزام سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایسی چیز کے فروخت کرنے سے منع فرمایا جو میرے پاس موجود نہ ہو، اس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ حکیم ابن خرام کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ایک شخص آتا ہے اور مجھ سے کسی چیز کی خریداری چاہتا ہے جو میرے پاس نہیں، تو میں (وہ چیز اس کو فروخت کر کے) اس کے لئے بازار سے خریدتا ہوں، فرمایا: ایسی چیز فروخت نہ کر جو تیرے پاس نہ ہو۔

دیکھئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے موافق ایسی چیز کا فروخت کرنا بھی جائز نہیں ہوگا جو بالفعل پاس موجود نہیں، مگر تھوڑی دیر میں بازار سے خریدار

Marfat.com

کے حوالہ کر سکتے ہیں، لیکن سٹے کی تجارت نما قمار بازی میں مال کے احضار وادا کی نیت ہی نہیں ہوتی، نہ اولاً نہ آخراً، تو وہ بطریق اولیٰ حرام ومحظور ہوا۔

دوسری قسم کا سٹہ بلا تاویل قمار ومیسر (جوا) ہے، اس کا حرام ہونا بالکل ظاہر ہے چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

☆ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

مسلمانو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے تو بس ناپاک شیطانی کام ہیں، تو ان سے بچتے رہو، تا کہ تم فلاح پاؤ۔ (سورۃ مائدہ/۹۰)

اور اس قسم کے تمام معاملات اکل بالباطل (ناجائز طریقہ سے کھانا پینا) کی قسم سے ہیں، جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

☆ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ ۚ

مسلمانوں! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طور سے نہ کھاؤ، مگر سودا کر کے آپس کی خوشی سے (سورۃ نساء/۲۹)

جو عامل اس قمار بازی کا نمبر بتاتے ہیں یا اس تجارت نما قمار کے لئے نرخ اجناس کی اطلاع بہم پہنچانے کی مدد دیتے ہیں، وہ گویا اس رجس میں، اس عمل شیطان میں، اس اکل بالباطل میں اعانت کرنے کا مجرم ہے، اور اللہ کے حکم: وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ط کی خلاف ورزی کر رہا ہے، اس کا یہ فعل ایک جرم عظیم ہے، اور اس کی یہ کمائی قطعاً حرام ہے۔

## (۵) دست غیب کا لپکا

کیمیا گری ہو، یا قمار بازی (جواریوں کا کھیل) نمبری سٹہ، یہ سارے

Marfat.com

اعمال سنۃ اللہ کے خلاف ہیں، سنۃ اللہ یہ ہے کہ ہر شخص زور بازو سے اور محنت و مشقت سے روزی کمائے اور کھائے، پھر جس میں جتنی ہمت ہوگی، جس قدر خوش تدبیری اور کاروباری مادہ ہوگا، اتنا کما لے گا، کوئی صرف پیٹ پالنے کی ہمت رکھتا ہے کوئی سینکڑوں ہزاروں روپوں میں کھیلتا ہے، اور کوئی لکھ پتی بلکہ کروڑ پتی ہے، لیکن کیمیا گری کا دیوانہ قمار بازی کا دلدادہ اور سٹے کا شیدا تینوں یہ چاہتے ہیں، کہ سنت اللہ کے خلاف اور عالمِ اسباب کے دستور کے خلاف بلا محنت و مشقت مفت میں دولت کے ایک انبار کے مالک بن جائیں، ان کی یہ آرزو نہایت خود غرضانہ اور نامنصفانہ ہے، جو ان کی رداءتِ اخلاق اور پستیٔ فطرت کی دلیل ہے۔

اسی ذیل میں ایک دست غیب کا لپکا بھی شامل ہے، جس کی صورت یہ ہے کہ بعض اعمال کے زیر اثر غیب سے کچھ نقدی روزانہ آنے لگتی ہے، عامل ہر صبح مصلے کے نیچے سے روپیہ دو روپیہ یا جس قدر مقرر ہوں اٹھالیتا ہے، اس قسم کی روزی بلا محنت کا شوق بھی خارق سنۃ اللہ (اللہ تعالی کی عادتِ جاریہ کے خلاف) ہونے میں قمار اور سٹے سے کم نہیں۔

عوام کالانعام ہی نہیں، بعض خواص الناس بھی اس نامنصفانہ شوق میں مبتلا پائے جاتے ہیں کہ کسی طرح دست غیب کے حصول سے مالا مال ہو جائیں، اور محنت مشقت سے نجات ملے عامل بجائے اس کے لوگوں کو خیالِ خام سے باز آنے کی تلقین کریں، الثاان کو اس مراد کے حصول کے لئے زیادہ مشتاق بناتے ہیں اور طرح طرح سے ان کو ٹھگتے اور لوٹتے ہیں۔

## شیطان کے دو کارگر ہتھیار

شیطان نے لوگوں کی روحانی آسائش کا خون کرنے کے لئے دو کارگر ہتھیار

Marfat.com

بنار کھے ہیں، جو کسی کو نظر نہیں آتے، اور وہ اپنا کام کر جاتے ہیں لطف یہ ہے کہ وہ ہر شخص کو اس کے مناسب حال اپنے دام میں گرفتار کرتا ہے، اور اسی کے موافق اپنا ہتھیار بھی استعمال کرتا ہے، چنانچہ آجکل وہ دو ہتھیاروں کو بڑے زور سے چلا رہا ہے عوام تو درکنار بڑے بڑے صوفی منش لوگ اس کے شکار ہو رہے ہیں، وہ دو اوزار یہ ہیں۔ ۱) دست غیب کے لئے وظیفے

۲) کیمیا گری کی رٹ۔

## دُہدوں کے دام شیطان میں پھنسنے کی وجہ

شیطان کا قاعدہ ہے، کہ وہ جاہلوں اور بے دین لوگوں کو صاف و صریح کفر و شرک اور فسق و فجور میں مبتلا کیا کرتا ہے، لیکن عابد و زاہد لوگ جو اس کے ان چکموں میں نہیں آتے، ان کو مختلف وسوسوں میں پھنسا کر ترکِ افضل اور اختیارِ فضول کے بلکہ نیکی کے زعم میں بدی کے مرتکب بنایا کرتا ہے، عابدوں زاہدوں کو یہ چنگ لگاتا ہے کہ خوب عبادت کرو، خوب عبادت کرو کسب روزی اور حصول رزق کی کوشش چھوڑ دو! اس کے لئے دست غیب کا وظیفہ اور کیمیا کی ترکیب سیکھ لو، تاکہ چین سے زندگی بسر ہو، اور اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی بڑی فراغت اور اشتیاق سے کیا کرو، دیکھو عبادت و طاعت نہایت اعلیٰ چیز ہے، مگر شیطان دشمن ہونے کے باوجود اس کی ترغیب اس لئے دے رہا ہے، کہ یہ لوگ نکمے، مفت خورے، دست غیب اور کیمیا کے دیوانے بن جائیں، عموماً ایسے ہی لوگ ان چیزوں کے پیچھے پڑتے ہیں، اور اپنا قیمتی وقت ضائع کر کے خَسِرَ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةَ (سورۂ حج/۱۴۰) (دنیا اور آخرت کے نقصان میں پڑ گیا) کے مصداق بنتے ہیں۔

خبرِ قلبِ تیرہ ہیچ نشد حاصل وہنوز مُبطِل دریں خیال کہ اکسیر مے کنند

Marfat.com

# حصول دست غیب کی خوابیں

بعض عامل دست غیب کا عمل خود بھی کرتے ہیں، اور عوام الناس کو بھی سکھلاتے ہیں، چنانچہ دست غیب کے طالب کیمیا کی طرح سب جگہ موجود ہیں۔

اصلاح: دست غیب کے حصول میں بے شمار خرابیاں اور قباحتیں ہیں، چنانچہ چند ایک کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) دست غیب کو حاصل کر کے بلکہ صرف اس کے خیال میں پڑنے سے آدمی کسب حلال کے ثواب اور درجہ سے محروم رہ جاتا ہے، جو نہایت اعلیٰ درجہ کی فضیلت اور بہت بڑی عبادت ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

۱) عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطْيَبُ مَا اَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ (مشکوۃ)

سیدہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ پاکیزہ روزی جو تم نے کھائی ہے وہ تمہاری اپنی کمائی ہے (ترمذی، کتاب الاحکام، باب ان الوالد یاخذ من مالہ ولدہ)

۲) عن رافع بن خدیج قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْكَسْبِ اَطْيَبُ؟ قَالَ عَمَلُ الرَّجُلِ بِيَدِهٖ (المشکوۃ) (مستدرک حاکم علی صحیحین مع تعلیقات ذہبی، کتاب البیوع، حدیث نمبر ۲۱۶۰)

رافع ابن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہا عرض کیا گیا یا رسول اللہ کونسی کمائی زیادہ پاک ہے فرمایا آدمی کو اپنے ہاتھ کی محنت الخ

۳) عن المقداد بن معدیکرب قال قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

Marfat.com

سَلَّمَ مَا اَكَلَ اَحَدٌ طَعَامًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ اَنْ يَّاْكُلَ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ وَاِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ كَانَ يَاْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ (مشکوۃ)

مقداد بن معدی کرب سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نے کبھی کوئی کھانا اس سے بہتر نہیں کھایا کہ اپنے ہاتھ کی محنت و مشقت سے کما کر کھائے، اور نبی اللہ داؤد علیہ الصلاۃ والسلام اپنے ہاتھ کی محنت سے کما کر کھاتے تھے (بخاری شریف، کتاب البیوع، باب الکسب الرجل وعملہ بیدہ)

(۲) جب انسان کو ایک مرتبہ دست غیب کی چٹک لگ جاتی ہے، تو تمام عمر اسی شغل میں گزر جاتی ہے، جو کچھ تھوڑی بہت عبادت پہلے کرتا تھا، اس میں بھی خلل آجاتا ہے بلکہ بالکل چھوٹ جاتی ہے۔

(۳) دست غیب کے ورد و وظائف جن میں اکثر آیات قرآنی ہوتی ہیں، محض حصول زر کے لئے پڑھتے ہیں، جو نہایت مذموم ہے، کلام پاک کو دنیاءِ ناپاک کے لئے پڑھنا کس قدر نالائق ہے۔

پردۂ کعبہ راء جل خر کرد (کعبہ کے غلاف کو گدھے کا جل بنا دیا ہے)

(۴) بعض دفع عامل صرف نذرانے وصول کرنے اور خدمت لینے کی غرض سے غیر معتبر اور غیر آزمودہ عمل بتلا دیتے ہیں، اور جب طالب سخت محنت کے بعد ناکام رہتا ہے، تو اسی کا قصور بتلا کر دوبارہ اور سہ بارہ پڑھواتے ہیں، پڑھنے والا جب بظاہر اپنا کوئی قصور اور کسی شرط میں کمی نہیں دیکھتا، تو کلامِ الٰہی سے بداعتقاد ہو جاتا ہے۔

(جب کہ یہ بہت بڑی بدعقیدگی ہے، بندہ کسی کو اپنی طرف سے پیار کی بات کہے تو وہ شخص ایک قسم کی لذت محسوس کرتا ہے، اس کے دل کو خوشی حاصل ہوتی ہے تو کلام الٰہی اتنا بھی مؤثر نہیں سمجھتا جو اس سے بداعتقادی رکھے گا، معاذ اللہ! بات

Marfat.com

واضح ہے کہ کلام الٰہی تو بندہ کی کلام سے زیادہ مؤثر ہے، اس میں اثر ضرور ہے بتانے والا چونکہ نالائق خودغرض، دنیا کا کتا، دولت کا بھوکا، بے دین ہے اس لئے ایسے اعمالِ شاقہ سے گزارتا ہے تاکہ یہ بندہ بھی بدعقیدہ اور گمراہ ہو کر جہنم کا ایندھن بن جائے، خبردار رہ کر زندگی گزارنا چاہئے تاکہ ایمان کی متاع بے مثال، گراں بہا کا دشمن شیطان لوٹ نہ لے، اللہ تعالیٰ نبی کریم کا تصدق اپنی پناہ عطا فرمائے! آمین! قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

(۵) بعض دفعہ کثرتِ وظائف سے دماغ میں یبوست اور خشکی آجاتی ہے جس سے عامل کی صحت خراب ہو جاتی ہے، وہ نہ دین کے کام کا رہتا ہے، نہ ہی دنیا کے کام کا، ہاں لوگوں میں مشہور ہو جاتا ہے کہ وظیفہ الٹ گیا، مؤکلوں نے مجنون کر دیا یا بعض کہتے ہیں کہ مجذوب ہو گیا۔

(۶) کبھی درحقیقت مؤکلوں کی طرف سے عامل کو کچھ جسمانی یا روحانی تکلیف بھی پہنچ جاتی ہے کیوں کہ یہ شخص زبردستی ان کو اپنا تابع بنانا چاہتا ہے، اور وہ اس کا زور توڑنا چاہتے ہیں۔

(۷) جس طرح ظاہری دباؤ ڈال کر کسی سے خدمت لینا بھی ناجائز ہے، مؤکل خیر سمجھ کر مجبوراً اس کا کام کرتے ہیں، اس لئے وہ ہر طرح سے کوشش کرتے ہیں کہ یہ عمل چھوڑ دے، تاکہ ہم کو تکلیف نہ ہو۔

## حکایت

ایک شخص مسمی مستری امام الدین پنشنر مرحوم ساکن گڑھی شاہو لاہور راقم الحروف کے پاس آکر کہنے لگا، کہ میں نے سنا ہے، آپ کے پاس دستِ غیب ہے، میں نے کہا کہ مجھ کو یہ عمل نہیں آتا، لیکن یہ تو بتاؤ، کہ تم کو دستِ غیب کی کیا ضرورت

Marfat.com

پیش آ گئی، اس نے کہا:

کہ میں جب پلٹن میں ملازم تھا، تو مجھے ایک بزرگ نے دستِ غیب کا وظیفہ بتایا تھا، جس سے مجھے دو روپیہ ملجاتے تھے، لیکن انہوں نے کہا تھا، کہ یہ بھید کسی کو نہ بتلانا، جب یہ رقم ایک سال تک برابر ملتی رہی تو میں نے نوکری چھوڑ دی، اور اپنے وطن چلا آیا، چند سال تک یہ سلسلہ جاری رہا ایک دن میری بیوی نے کہا، کہ تم روپیہ کہاں سے لاتے ہو، مجھے ضرور بتلاؤ، کیوں کہ تم تو بوڑھے ہو، اور میں نو جوان، اور تمہارے بچے بھی چھوٹے چھوٹے ہیں، اگر تمہارا انتقال ہو جائے، تو ہمارا کیا حال ہو گا، لہذا جہاں جہاں تم نے روپیہ جمع کیا ہوا ہے، اس بینک یا اس شخص کا نام بتلاؤ، اور دستاویز دکھلاؤ، تا کہ ہمیں اطمینان اور تسلی ہو میں چند ماہ تک تو ٹال مٹول کرتا رہا، مگر بیوی نے میرا دم ناک میں کر رکھا تھا، تو میں تنگ آ کر اس کو یہ راز بتانے پر مجبور ہو گیا، جب میں نے یہ تمام قصہ بیان کر دیا تو پھر ان کو صبر آیا، لیکن اس راز کے بتلانے کا نتیجہ یہ ہوا، کہ وہ دستِ غیب جاتا رہا، نہایت پشیمان ہوا، آخر میں بڑے بڑے سجادہ نشینوں کی خدمتِ اقدس میں جا جا کر عرض معروض کرتا رہا، لیکن کوئی کارگر نہ ہوا، اب دو سال کا عرصہ گزرتا ہے کہ میں در بدر، پھرتا ہوں مجھے ان کی یہ رام کہانی سن کر بڑی عبرت ہوئی، آخر وہ مایوس ہو کر واپس چلا گیا، لیکن کبھی کبھی ضرور ملا کرتا تھا، اللہ اس کو بخشے نہایت خلیق اور نیک بخت بزرگ سیرت تھا۔

## دستِ غیب میں عملی خرابیاں

اگر دست غیب کا عمل کامل بالفرض ہاتھ لگ گیا، محنت بھی ضائع نہ ہوئی، اور کچھ روز یہ مقرر ہو گیا، تو وہ بھی خالی از خلجان نہیں، اس لئے کہ جہاں تک معلوم ہوا اور بزرگوں سے سنا ہے وہ یہ ہے کہ دست غیب کی چار صورتیں ہیں، اور چاروں میں فساد

Marfat.com

اورخرابیاں موجود ہیں، کسی میں کم اور کسی میں زیادہ۔

۱) پہلی صورت یہ ہے کہ چار آنے یا دو روپے یا پانچ روپے یا کم وبیش جیسا عمل ہو، اسی قدر رقم عامل اول مرتبہ اپنی طرف سے مقرر کردے اور لگا دے اور خرچ کردے، بس اب یہ خاص روپیہ جس جگہ جائے گا، اور جہاں پہنچے گا، مؤکل وہاں سے وہی لاکر اگلے روز اس کو دے دیں گے، اب گویا یہ دو روپیہ مقرر ہوگئے، اور مؤکلوں نے ان کو پہچان لیا ہے، ان کے ذمہ ہے کہ ان کا خیال رکھیں، اور جہاں روپیہ گیا ہو، وہاں سے لاکر دیں، اس لئے یہ شرط لگادی جاتی ہے، کہ اسی روز خرچ کرلینا، اگر کسی روز عامل صاحب خرچ نہیں کرتے، تو اس روز کا روزینہ موقوف رہتا ہے۔

یہ صورت بالکل ناجائز ہے، اس میں جس قدر دوسرے بے گناہ لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے، وہ کسی پر مخفی نہیں، حتی کہ بعض اوقات فساد بھی برپا ہوجاتا ہے، مثلاً کسی کو اس طریقہ سے ایک روز دو روپے وصول ہوئے، اس نے ایک روپیہ کا کپڑا خریدا، اور ایک روپیہ اللہ تعالیٰ کے نام پر مدرسے کے نام پر دے دیا، بزاز (کپڑے والے) نے اتفاق سے وہی روپیہ ایک غیرب مزدور کو چار دن کی مزدوری میں دے دیا، اس نے جاکر بیوی کے پاس رکھوادیا، اگلے روز جب شوہر غلہ خریدنے کے لئے بازار جانے لگا، تو عورت سے روپیہ مانگا، عورت دیکھتی ہے، تو روپیہ موجود نہیں ہوتا، موجود کیسے ہوتا، وہ تو مؤکلوں نے عامل صاحب کی خدمت میں پہنچادیا، اب شوہر غصہ میں لال پیلا ہورہا ہے، غریب عورت شرمندگی اور ڈر سے مری جاتی ہے، بچے ماں باپ کی لڑائی دیکھ کر چلا رہے ہیں، ہمسایہ کی ایک بڑھیا کبھی گھر میں آجاتی تھی، اس پر شبہ ہورہا ہے، ایک آفت برپا ہورہی ہے، اور وہ غریب ہر چند قسمیں کھاتی ہے، مگر اعتبار کسے آئے، اور کیسے آئے، میاں بیوی میں سخت لڑائی ہوئی، بچے دو وقت فاقہ سے تڑپے، ایک روز کی مزدوری کا حرج ہوا، بدن میں جان نہ رہی،

Marfat.com

لاچار ہو کر ایک پرانا پتیلا گروی رکھا، اور دو آنے ماہوار سود پر ایک روپیہ قرض لیا مفلسی میں اس کے ادا ہونے کی صورت نہ ہوئی، آخر باپ دادا کے وقت کا تبرک دیگچہ ساہوکار کی نذر ہوا، بلکہ تین آنے گھر سے دینے پڑے۔

اب بتلایئے کہ سارے فساد کہاں سے لازم آئے، درویش صاحب کے دست غیب کی برکت سے شوہر اور بیوی میں ناچاکی ہوئی، جس سے بڑھ کر شیطان کے لئے کوئی خوشی نہیں ہے، معصوم بچے بھوکے رہے، ہمسایہ سے رنجش ہوئی، غریب کو سود دینا پڑا، نقصان ہوا۔

دوسرا روپیہ مدرسہ میں دیا، وہ مہتمم نے کئی دفعہ شمار کر کے محرر سے دستخط کرا کر سو روپیہ کی تھیلی اس کے حوالہ کی، خزانچی صاحب کے سامنے شمار ہوئے، تو ایک روپیہ کم نکلا، جھگڑا پیدا ہوا، آخر غریب محرر برخاست ہوا، اور ہمیشہ کو بدنام و بے اعتبار ہو گیا۔

یہ سب نتیجے عامل صاحب کی طمع کے ہیں، اس لئے شیطان اس جال میں شکار کے آنے سے بہت خوش ہوتا ہے۔

۲) دست غیب کی دوسری صورت یہ ہے، کہ مؤکل لاچار ہو کر ہر روز دوسروں کا مال لا کر ان کو دیا کریں، یہ طریقہ بھی سابقہ طریقہ کے برابر صریحا حرام ہے، اور جو خرابیاں پہلے میں موجود تھیں، وہ اس میں بھی ہیں، غیروں کا مال بلا طریقہ شرعیہ کھانا ہرگز حلال نہیں، اللہ تعالی سورۃ البقرۃ رکوع ۲۳ میں ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (سورۂ نساء/ ۲۹)

یعنی ایک دوسرے کا مال ناحق اور برے طریقہ سے نہ کھاؤ۔

حدیث صحیح میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِطِيْبِ نَفْسٍ مِنْهُ

Marfat.com

یعنی کسی مسلمان کا مال کھانا اور لینا حلال نہیں، مگر اس کی خوشنودی اور رضا مندی سے۔ (کنز العمال، باب الفضائل::: موطا امام مالک، باب الصلح فی الشرب وقسمۃ الماء)

افسوس ہے کہ دونوں صورتوں میں اکل حلال کی مشاہرہ کو چھوڑ کر حرام خوری میں مبتلا ہو گئے اور تمام عبادت بے برکت اور ناکارہ ہو گئی۔

○ حدیث صحیح میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض آدمی نہایت لمبا سفر کرتے ہیں، ان کے بال پراگندھا اور کپڑے غبار آلود ہوتے ہیں، مگر ان کا کھانا پینا لباس وغیرہ سب چیزیں مال حرام سے ہوتی ہیں، بھلا ایسے شخص کی دعا کہیں قبول ہو سکتی ہے۔ (بیہقی، الثانی عشر شعب الایمان، باب ذکر فصول فی الدعاء یحتاج الی معرفتھا)

یعنی باوجودیکہ سفر کی حالت اور پراگندہ اور پریشان صورت باعث قبولیت دعا ہوا کرتی ہے، لیکن حرام کی نحوست سے ان سب کا اثر کھو دیتی ہے، اور دعا درجہ اجابت کو نہیں پہنچتی۔

○ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایک کپڑا دس درم میں خریدے، اس میں ایک درم حرام ہو تو، جب تک وہ کپڑا اس کے بدن پر رہے گا، اس کی نماز قبول نہ ہو گی (مشکوۃ) (جامع الاحادیث، حرف المیم:: کنز العمال، کتاب البیوع، الباب الاول فی الکسب، فصل اول فضائل الکسب الحلال)

احیاء العلوم میں مرقوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ بیت المقدس پر ہر رات آواز کرتا ہے، کہ جو شخص حرام کھائے گا، اس کا فرض، ونفل کچھ بھی قبول نہ ہو گا۔

غور کرو کہ جس عبادت کے شوق میں بڑی محنت سے مال مفت حاصل کیا تھا

Marfat.com

وہ رائیگاں جارہی ہے، اور مال مفت کی طمع عامل صاحب کو دوزخ میں پہنچارہی ہے۔

ترمذی شریف میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

كُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ الْحَرَامِ اَلنَّارُ اَوْلٰى بِهٖ (کتاب الجمعۃ، باب ماذکر فی فضل الصلاۃ، الفاظ حدیث شریف میں کچھ اور ہیں مفہوم یہ ہے)

یعنی جو گوشت حرام مال کھا کر بڑھے اس کے لئے دوزخ زیادہ شایاں ہے

حرام خوروں کو اس حدیث نبویہ پر ذرا گہری نظر سے غور خوض کرنا چاہئے، تاکہ ان کو لقمہ حرام کھانے کا نتیجہ معلوم ہوجائے، اور ممکن ہے کہ وہ تائب ہوجائیں۔

۳) دست غیب کی تیسری صورت یہ ہے کہ جنات مؤکل کسی ایسی جگہ سے سونا چاندی روپیہ پکڑ لائیں جو کسی کا ملک ہی نہ ہو، اس میں بظاہر کوئی خرابی نظر نہیں آتی، لیکن یہ صورت ناپید اور مفقود ہے، اور اگر بالفرض ہو بھی تو ناجائز ہے کیوں کہ مؤکلوں پر جبر کر کے ان سے خدمت لی جاتی ہے، اور اگر کوئی بھی خرابی نہ ہو تو، تو کسب حلال سے محرومی کتنی بڑی بدقسمتی ہے۔

۴) دست غیب کی چوتھی صورت یہ ہے کہ اس کے عمل کی برکت سے برضاؤ رغبت لوگ عامل صاحب کی خدمت کریں، اور بزرگی وتقدس کے معاوضہ میں نذرانہ دیں، یہ صورت نفس کو سب سے زیادہ مرغوب ہے، اس میں تو گویا خوبی ہی خوبی ہے، اور بہت ہی حلال وطیب معلوم ہوتی ہے، لیکن دوسروں کا دست نگر رہنا اور باوجود قدرت علی الکسب (کمائی پر قدرت وطاقت) کے کسب نہ کرنا جس قدر برا ہے، وہ کسی عقلمند پر پوشیدہ نہیں، اور اچھے طریقوں کو چھوڑ کر رازقِ مطلق سے اعتماد اٹھا کر اعتماد وتوکل علی الناس کر لینا جتنا مذموم ہے، دیندار خوب جانتے ہیں، یہ بھی فی الحقیقت سوال کا ایک دروازہ ہے۔

حدیث شریف میں مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

Marfat.com

جو شخص اپنے آپ پر سوال کا ایک دروازہ کھولتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر فقر و مفلسی کے ستر دروازے کھول دیتا ہے (حوالہ نہیں ملا)

ابوسلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ہمارے نزدیک عبادت اس کا نام نہیں کہ اپنا پاؤں جوڑ رکھو اور دوسرا شخص تم کو کھانا کھلائے۔

یہ چوتھی صورت گو حلال ہے، لیکن باوجود فرصت و طاقت کے اس کو ذرائع معاش بنانا مذموم ہے البتہ جو شخص معذور ہو مرض وغیرہ کی وجہ سے، یا علمِ دین کے حاصل کرنے میں مشغول ہو، یا مسلمانوں کے امورِ دنیاوی کے انتظام میں یا امور دین میں مصروف ہو، اور کوئی صورت معاش کی نہ ہو، تو اس کو اختیار کر لینے میں مضائقہ نہیں۔

پہلی دو صورتیں تو بالکل ناجائز ہیں، اور ان سے وصول شدہ مال کو صرف کرنا سخت معصیت ہے، اور اس کو فی سبیل اللہ اپنی طرف سے صدقہ کرنا بہت خطرناک گناہ ہے،

تیسری صورت بھی بعض وجوہ سے ناجائز ہے۔

انہی خرابیوں کی وجہ سے نہ اللہ تعالیٰ نے اس قسم کے دست غیب کی ترکیب بتائی اور نہ ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو ایسا عمل بتلایا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر برائے نام بھی کسی کو ایسا عمل بتلا دیتے ،تو کیا دست غیب میں کچھ کسر رہ جاتی ، اور اگر آپ کسی کو خاک کی چٹکی بھی اٹھا کر دے دیتے ،تو کیا کیمیا نہ بن جاتی، آپ نے سوائے کسب حلال کے نہ کسی کو کوئی عمل بتلایا، نہ کیمیا کی آگ میں پھنسایا۔

Marfat.com

## حکایت

منقول ہے کہ ایک صالح آدمی کسی سوداگر کی دوکان پر پانچ روپیہ ماہوار پر ملازم تھا، صوم وصلوۃ کا پابند تھا، ایک پیر صاحب تشریف لے آئے، اور دست غیب کا جال پھیلایا، اس شخص نے پیر صاحب کی دعوت کی، اور ایک روپیہ قرض لے کر نذرانہ دیا، اور دستِ غیب کے عمل کی درخواست کی، پیر صاحب نے فرمایا:

ایسی چیزیں آسانی سے نہیں ملا کرتیں، تم میرے وطن آ ؤ، اور چند یوم قیام کرو، پھر اس عمل کی ترکیب بتادوں ب گا، چنانچہ پیر صاحب تو وطن مالوف کی طرف تشریف لے گئے، اور وہ نیک شخص بھی چند یوم کے بعد حسب وعدہ پیر صاحب کے پاس پہنچ گیا، پیر صاحب وہاں موجود نہ تھے، ایک ہفتہ کے بعد تشریف لائے، اور اس بے چارے کے پاس جو کچھ تھا وہ اس نے ان ایام میں خرچ کر ڈالا القصہ پیر صاحب کے ہاتھ پاؤں چوم کر واپس وطن چلا آیا، جب وہ اپنی نوکری پر حاضر ہوا، تو سوداگر نے کہا کہ ہم نے اور ملازم رکھ لیا ہے، بے چارہ سخت پریشان ہوا، آخر الامر تیس روپیہ ماہوار کی طمع سے بال بچوں کو فاقہ میں ڈال کر وظیفہ رٹنا شروع کیا، رات کو بارہ ایک بجے تک وظیفہ ختم ہوتا تھا، نیند کی کمی کے باعث صبح کی نماز قضا ہونے لگی، لیکن وظیفہ میں کمی نہ ہونے دی، بڑی مشکل سے خدا خدا کر کے چالیس دن پورے ہوئے، یقین کامل ہو گیا، کہ اب غیب سے یومیہ روپیہ آیا کرے گا، چنانچہ بڑی امید بلکہ حق الیقین کے ساتھ مصلے کا گوشہ الٹتے ہیں مگر وائے تقدیر یہاں تو کچھ بھی نہیں بار بار مصلے کو الٹتا ہے اور چاروں گوشوں کو دیکھتا ہے، مگر ایسی قسمت کہاں، لاچار ہو کر اٹھا اور زار وقطار رونا شروع کر دیا، جب روتے روتے تھک گیا، تو وہیں لیٹ رہا، نہ نماز کا خیال نہ بھوک نہ پیاس اور نہ ہی نیند

Marfat.com

سیم وزر میں جس کا دل ہو اس کو کب آتی ہے نیند
کروٹیں لیتے ہی لیتے صاف اڑ جاتی ہے نیند

آخر الامر پیر صاحب کی طرف وظیفہ کی تکمیل کا قصہ اور ناکامیابی کی داستان نہایت درد انگیز لہجہ میں لکھی پیر صاحب نے ہفتہ عشرہ کے بعد نہایت انتظاری اور بے قراری میں جواب دو حرفہ لکھا کہ احتیاط اور پرہیز میں ضرور کوئی خلل آیا ہوگا، یہاں آؤ، تو دوبارہ سمجھا دیا جائے گا، قسمت اچھی تھی کہ حاضر ہونے کو ہاتھ میں پیسہ نہ تھا، علاوہ اس کے مہینہ بھر کی مشقت، تکلیف اور مایوسی نے حوصلہ افزائی نہ کی، کئی دنوں کی فاقہ کشی اور تنگ دستی سے لاچار ہو کر دوبارہ پھر چار روپیہ ماہواری کی ملازمت ملی، اور دست غیب کے خیال سے خلوصِ دل سے توبہ واستغفار کی۔

الحاصل یہ شیطانی دھوکہ ہے، کہ دست غیب کے طالب کے دل میں یہ بات پیدا ہوتی ہے کہ دستِ غیب حاصل ہونے سے فارغ البالی سے عبادت ہوگی، اور دستِ کرم دراز کریں گے، ہم نے تو آج تک کسی کو نہ دیکھا، کہ اس نے دستِ غیب حاصل کر کے مال ودولت لٹائی ہو، اور طاعت وعبادت میں دل لگایا ہو، بلکہ برعکس اس کے مشاہدے میں آیا ہے۔

وہ بڑے بڑے اولیاء اللہ جنہوں نے تمام عمر عبادتِ الٰہی کی نذر کردی، کیا ان میں سے کسی کی نسبت یہ کہہ سکتے ہو کہ، وہ دستِ غیب کے بھروسہ پر فارغ البال تھے۔

یاد رکھو کہ اطمینانِ قلب اور فراغتِ خاطر نہ دستِ غیب پر موقوف ہے، اور نہ گوشہ نشینی پر منحصر، بلکہ یہ وہ دولت ہے جو فاقہ مستوں کو مل جاتی ہے، اور ساز وسامان والے خواب میں بھی اسی کی صورت نہیں دیکھتے۔

حدیث شریف میں آیا ہے:

Marfat.com

اَلْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ○ (صحیح بخاری شریف، کتاب الرقاق، باب الغنی غنی النفس)

یعنی غنی ہونا دل سے ہے (نہ مال سے)

غرض سب سے اچھا دستِ غیب کسبِ حلال ہے جس کی نسبت اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ ط

اے ایمان والو! تم پاک کمائی میں سے خرچ کیا کرو (سورۃ بقرہ/ ۲۶۷)

## فصل چہارم

# عملیات کو فروغ دینے کیلئے توجہ اور تصور سے کام لینا

عملیات مقصودہ کو کسی حد تک دعا ومناجات سے مناسبت ہے، یعنی مختلف آیات وکلمات یا اسماء کے پڑھنے لکھنے یا ان کے اعداد کو بصورتِ نقش تحریر میں لانے سے برکاتِ غیب سے فائدہ اٹھانا مطلوب ہوتا ہے، اور یہی بات دعا ومناجات میں ہے، مگر جب عملیات کے فن کو بطور دکانداری اختیا کیا جاتا ہے، تو اس کو فروغ دینے اور رجوعِ عام پیدا کرنے کے لئے کوئی حیرت انگیز بات اختیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، جو خالص عملیات میں نہیں ہے، اس لئے بعض عامل لوگ ایسے طریقے بھی سیکھ لیتے ہیں جن سے اپنے تخیل اور توجہ کی طاقتوں کو ترقی دے کر وہ بعض ایسے تصرفات دکھا سکتے ہیں جن کو دیکھ کر حاضرین وناظرین متحیر ہو جائیں، ار ان کو خواہ مخواہ عامل صاحب کے صاحب کمال ہونے کا اعتراف کرنا پڑے، اور پھر عوام کے رجوع

Marfat.com

سے ان عامل صاحب کی پانچوں انگلیاں گھی میں ہوں۔

حاضرات اور مسمریزم وغیرہ اسی قسم کے فن ہیں، جن کو بعض عاملوں نے ناکارہ عرض سے داخل عملیات کر لیا ہے، حالاں کہ خالص عملیات سے ان کو کچھ بھی تعلق نہیں، یہ فنِ سفلیات کہ قبیل سے ہیں، اور عملیات اعمالِ صالحہ سے ہیں۔

## عملیات کو ذریعہ بزرگی بنانا

عامل لوگ چاہتے ہیں کہ عوام الناس ان کو سفلیات کے کرشموں کی بدولت بزرگ، ولی، اور مقدس سمجھیں۔

اصلاح: یہ سفلیات تو کسی طرح بھی باعث بزرگی نہیں ہو سکتے، بلکہ صلحاء و عرفاء کیلئے باعثِ ننگ و عار ہیں، اور بالفرض اگر کوئی عامل مشروع عملیات مثل تعویذ و رقیہ بھی کرے تو وہ بھی محض ان کی وجہ سے ولی اللہ اور کامل کا درجہ نہیں پا سکتا، کیوں کہ یہ امورِ دنیویہ واسباب طیبہ میں سے مثل تدبیرات طیبہ کے ہیں، طاعات وعبادات میں داخل نہیں ہیں، چنانچہ ردالمحتار کے باب اجارہ فاسدہ میں مرقوم ہے:

وما استدل به بعض المحشين على الجواز بحديث البخارى فى اللديغ فهو خطاء لان المتقدمين المانعين الاستيجار مطلقا جوزوا رقية بالاجرة ولو بالقرآن كما ذكره الطحاوى لانها ليس عبادة محضةبل من التداوى۔

اور بعض حاشیہ نگاروں نے جو اجرت علی الطاعات کے جواز پر یہ دلیل پیش کی ہے کہ بخاری میں ایک حدیث آتی ہے کہ کسی نے مار گزیدہ پر اجرت لے کر پڑھا تھا تو یہ غلطی ہے کیوں کہ جو متقدمین طاعات پر اجرت کا دینا لینا مطلق ناجائز ٹھہراتے ہیں، اجرت پر رقیہ پڑھنا وہ بھی جائز قرار دیتے ہیں اگر چہ رقیہ قرآن کیساتھ ہی ہو

Marfat.com

جیسا کہ اس کو طحاوی نے ذکر کیا ہے کیوں کہ وہ خالص عبادت کی قسم سے نہیں، بلکہ علاج معالجہ کی قسم سے ہے۔

بنابریں ان امور کو ذریعہ بزرگی سمجھنا اور لوگوں پر بطور سند کمال ان کا اظہار کرنا صریح دھوکا ہے۔

## ولایت کا مدار تاثیر توجہ کشف مغیبات کشف قبور وغیرہ پر نہیں

ولایت نام ہے صرف اصلاحِ ظاہر و باطن کا، اور مقصد اس سے اللہ تعالیٰ کے قرب اور رضا کا حصول ہے، اور کچھ نہیں۔ باقی ممکن ہے کہ صاحب ولایت کو کچھ تصرفات و مکاشفات کا حصہ بھی مل جائے، مگر ان باتوں پر مدار ولایت نہیں، نہ یہ باتیں داخل ولایت ہیں، بلکہ بعض اولیاء کے آثار ولایت سے ہیں، اگر بالکل نہ ہوں تو ان کے نہ ہونے سے ولایت میں کوئی حرج نہیں، کیوں کہ یہ بالکل زائد امور ہیں، مگر بدقسمتی سے آج کل لوگوں نے صرف تصرفات اور اظہارِ خوارق کو ولایت سمجھ رکھا ہے، حالانکہ یہ باتیں کفار و ملاحدہ سے بھی وقوع پا سکتی ہیں، جو اللہ تعالیٰ کے دوست ہونے کی بجائے اس کے دشمن ہیں، اور لوگوں کے اس مذاق بد کی بنا پر ڈھکو سلے باز عامل بھی اظہارِ عجائبات علمیہ و عملیہ کو اپنی ولایت کی سند سمجھ کر ان کے سیکھنے کی کوشش کرنے لگے ہیں۔ قطبِ سلسلہ نقشبندیہ و برہانِ طریقہ مجددیہ سیدنا و مولانا خواجہ محمد عثمان رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے:

اہالئے ایں زمان طالبِ کشف کرامات شدہ اند و فقیری را منحصر دریں داشتہ از مقصود و بمراحل دور افتادہ اندہ، و مقصود از فقیری آنست کہ آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم جبرئیل علی نبینا و علیہ الصلاۃ والسلام را فرمودہ بودند کہ

اَنْ تَعْبُدِ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ ○

Marfat.com

(صحیح بخاری شریف، کتاب الایمان، باب سؤال جبیلا لنبی عن الایمان والاسلام والاحسان)

اس زمانہ کے لوگ کشف وکرامات کے طالب ہورہے ہیں، اور انہوں نے فقیری کو اسی میں منحصر سمجھ رکھا ہے، اس لئے مقصود سے کوسوں دور جا پڑے ہیں، اور مقصود فقیری سے وہ ہے جو سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا تھا، کہ تم اللہ کی یوں عبادت کرو گویا اس کو دیکھ رہے ہو، پھر اگر تم اس کو نہیں دیکھتے تو وہ تم کو دیکھتا ہے۔

## (۱) عمل حاضرات

بعض لوگ چور وغیرہ معلوم کرنے کے لئے عمل حاضرات کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ اس سے جنات حاضر ہوتے ہیں اور وہ معمول کو بتلا دیتے ہیں، اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی ضعیف العمر یا نابالغ لڑکے کے ہاتھ میں کوئی نقش یا اس کے انگوٹھے کے ناخن پر سیاہی لگا کر یا نقش کا فلیتہ بنا کر چراغ میں جلاتے ہیں، اور اس پر نگاہ جما کر دیکھ دیکھتے ہیں جس سے اس کو کچھ صورتیں نظر آنے لگتی ہیں جن کی نسبت کہا جاتا ہے، کہ یہ جن ہیں۔

**اصلاح:** ہر چند جنات کا وجود دلائلِ عقلیہ ونقلیہ سے ثابت ہے، مگر اس صورت میں جنات کے حاضر ہونے کا دعوی سراسر دھوکا اور غلط فہمی ہے، دراصل بات یہ ہے کہ عامل جب تصور کو جما کر بیٹھتا ہے کہ معمول کو ایسا نظر آئے گا، تو اس عامل کی قوت خیالیہ سے معمول کے خیال میں وہ تصورات متشکل اور متمثل نظر آجاتے ہیں، یہ مسمریزم کا ایک شعبہ ہے جس کی بنا محض خیال ہے، اس میں کوئی خارجی چیز موجود نہیں ہوتی، چنانچہ اکثر دیکھا گیا ہے، کہ اگر عامل کسی اور طرف متوجہ ہو گیا، تو معمول

Marfat.com

کی نظر سے وہ سب چیزیں غائب ہوگئیں، اسی وجہ سے معمول اکثر بچہ یا ضعیف العقل اور رقیق القلب تجویز کیا جاتا ہے، جس میں قوت انفعالیہ زیادہ ہوتی ہے، قوی دل اور عاقل پر بالعموم ایسا اثر نہیں ہوسکتا، اور اگر شاذ و نادر عامل کی قوت بہت ہی زیادہ ہو، یا صرف معمول کی یکسوئی کافی ہوجائے، تو پھر بھی ہمارا دعوی غلط نہیں ہوسکتا، مسمریزم والے اس کو ارواح کا انکشاف اور تصرف سمجھتے ہیں (راقم الحروف نے اس عمل کو ابتداء عمر میں کثرت سے کیا ہے، لیکن جب اس کی حقیقت سمجھ میں آ گئی تو پھر اس کو ترک کر دیا گیا)۔

## فنِ حاضرات کے عقلاً ناجائز......فتوی

سوال: ایک شخص بذریعہ حاضرات بھوت پلید اور جن چڑیل وغیرہ دور کرتا ہے جس کی ترکیب یہ ہے، کہ وہ چراغ گھی کے جلا کر سامنے رکھتا ہے اور پھر چراغوں کے قریب ہی آگ کے دو انگارے رکھ کر اس پر گھی جلاتا ہے، اور چھوٹی عمر کے بچے کو پاس بٹھا کر ان چراغوں کی لو کے اندر دیکھنے کی ہدایت کرتا ہے، اور وہ بچہ اس میں دیکھتا ہے، اور عجائب وغرائب مشاہدہ آتا ہے، اور سوال و جواب ہو کر بھوت وغیرہ اتر جاتا ہے، تو کیا اس کا یہ فعل خلاف شرع شریف ہے یا نہیں؟

الجواب: میں نے جہاں تک تحقیق کیا ہے، وہ یہ ہے کہ جو کچھ اس بچے کو مشاہدہ ہوتا ہے، وہ کوئی واقعی شئے نہیں ہوتی، محض خیال اور وہمی اشیاء ہوتی ہیں، جو عامل کی قوت خیالیہ کی وجہ سے اس معمول بچہ کے خیال میں بشکل صور خارجیہ متمثل ہوجاتی ہیں، گو عامل خود بھی اس راز کو سمجھتا ہو، اور یہی وجہ ہے کہ بچوں ہی پر یہ عمل ہوسکتا ہے، یا کسی بیوقوف بڑی عمر کے آدمی پر بھی ہوجاتا ہے، اور عاقل پر خصوصاً جو اس کا قائل نہ ہو، ہرگز نہیں ہوتا، پس اس تقدیر پر ایک قسم کا خدع اور فریب اور کذب و زور ہے......الخ

Marfat.com

# حاضرات کے بطلان کا ثبوت تجربہ سے

مولانا......اپنا ایک تجربہ حاضرات کے بطلان پر بیان فرماتے ہیں:

عرصہ ہوا ایک شخص کسی قسم کے تیل کی شیشیاں فروخت کرتا پھرتا تھا، جس کا یہ خاصہ تھا کہ اگر نابالغ لڑکے کے ناخن پر کسی چیز کے ساتھ اس تیل کا نقطہ لگادیں، اور لڑکے کو کہیں، کہ اس نقطہ میں نظر جما کر دیکھتے رہو، تو پھر جس غائب شخ کا نام لے کر جو پردیس میں گیا ہو، حاضر ہونے کا حکم دیں، تو اس کی صورت بچے کو اس نقطہ کے اندر نظر آجاتی تھی، بہت سے لوگوں نے وہ شیشیاں خریدیں، تجربہ کیا، اور جو کچھ سنا تھا بالکل درست پایا، یورپ کی جنگ عظیم کے دن تھے، کئی اشخاص نے اپنے بچوں کو بٹھا کر اپنے ان عزیزوں کی صورتوں کے محاضرہ سے کلیجا ٹھنڈا کیا، جو فرانس، بصرہ، بغداد وغیرہ محاذات جنگ پر گئے ہوئے تھے، لوگ سمجھے تھے، کہ غائب عزیز اس وقت جس حالت میں جس لباس میں اور جس کیفیت میں ہیں ہو بہو وہی حالت اور صحیح صورت کسی اسراری طریقہ سے نظر آتی ہے، مگر مجھے اس پر اطمینان نہ تھا۔

حسن اتفاق سے ایک شیشی ہم کو بھی ہاتھ لگ گئی میں نے اس کے تیل کا ایک قطرہ اپنے چھوٹے لڑکے عزیزی محمد یعقوب کے انگوٹھے پر ٹپکایا، اور کہا اس میں نگاہ جمادو، پھر اس کو کہا تم کہہ دو کہ اشکی چھڑکاؤ کر دے، اس نے یہ لفظ کہہ دئے، اور تین چار سیکنڈ میں بتایا، کہ ایلوا ماشکی چھڑکاؤ کرتا پھر رہا ہے، پھر کہا کہو فرش بچھ جائے، اس نے یہی لفظ کہہ دیئے اور تھوڑی دیر میں بتایا، کہ فرش شطرنجی بچھ گیا، مجھے نظر آرہا ہے، پھر اس کو کہا گیا، اب تایا صاحب آجائیں (جو ان دنوں بانس بریلی تھے) اس نے یہ الفاظ کہہ دیئے، تین چار سیکنڈ کے بعد بتایا، تایا جی آگئے، سنہری ٹوپی پہنے کھڑے ہیں، پھر کہا گیا، کہو چچا صاحب آجائیں (یہ ان دنوں فاضلکا ضلع فیروز پور

Marfat.com

میں تھے) اس نے یہ کلمات کہہ کر چند سیکنڈ کے بعد بتایا، اب تایا جی چلے گئے، چچا جی آ گئے، جو گھوڑے پر سوار ہیں، غرض یہ تماشا ختم ہوا، اور اسی دن میں نے بانس بریلی برادر مکرم کو خط لکھ کر دریافت کیا، کہ کیا فلاں تاریخ کو آپ نے سنہری ٹوپی پہن رکھی تھی، اور ایک کارڈ بنگلہ فاضل کا برادر عزیزی کو لکھا، کہ کیا فلاں تاریخ کو تم گھوڑے پر سوار ہوئے تھے، بریلی سے خط آیا، کہ اس قسم کی ٹوپی میں نے ساری عمر نہیں پہنی، بنگلہ فاضلکا سے جواب پہنچا کہ یہ واقعہ بالکل غلط ہے، اس سے ہم نے یہ نتیجہ نکالا، کہ محاضرات نفس الامر میں کچھ بھی نہیں، صرف نظر جما کر دیکھنے والے کے تخیلاتِ بے اصل و بے بنیاد دکھاتے ہیں، جن لوگوں کی شکلیں نظر آتی ہیں، وہ شکلیں نہ ان کی موجودہ حالت کا فوٹو ہوتی ہیں، اور نہ وہ تمثیل وتنظیر جنات کا فعل ہوتا ہے، جیسا کہ عام لوگ خیال کرتے ہیں، بلکہ وہ صرف اس لڑکے کے صحیح دماغ کا اختراع ہوتا ہے، جس کی کچھ بھی اصلیت نہیں ہوتی۔

## (۲) لوٹا گھومنے کا عمل

بعض عامل چور کے معلوم کرنے کے لئے مشکوک اور مشتبہ لوگوں کے نام لکھ کر ایک لوٹے میں ڈال دیتے ہیں، اور عامل ایک اور شخص کو آمنے سامنے بٹھلا کر دونوں اپنی ایک ایک انگلی سے اس لوٹے کو پکڑتے ہیں، اور عامل سورۂ یاسین پڑھتا جاتا ہے، اگر لوٹا گھوم جائے، تو پھر سمجھا جاتا ہے، کہ چور ان ناموں میں موجود ہے، پھر علیحدہ علیحدہ ایک ایک نام لوٹے میں ڈالا جاتا ہے پھر جس نام پر لوٹا گھوم جائے، تو اس کو چور سمجھا جاتا ہے۔

**اصلاح:** یہ لوٹہ وغیرہ گھوم جانا محض قوت خیالیہ کا اثر ہے، جو مسمریزم کا شعبہ ہے، یہی وجہ ہے کہ جس پر زیادہ خیال ہوتا ہے اسی کا نام نکل آتا ہے، چنانچہ اگر

Marfat.com

دو عاملوں کے سامنے مختلف دو شخصوں پر چوری کا گمان ظاہر کر دیا جائے، اور وہ دونوں الگ الگ اس عمل کو کریں، تو دونوں جگہ مختلف نام نکلیں گے، راقم الحروف نے بھی اس عمل کو کثرت سے کیا ہے، لیکن جب اس کی حقیقت سمجھ میں آ گئی، تو پھر اس کو چھوڑ دیا گیا۔

## لوٹے کے عمل کا شرعاً عدم جواز

لوٹے کے عمل سے چور دریافت کرنا اس قدر رواج پکڑ چکا ہے، کہ اس میں اچھے اچھے سمجھدار اہلِ علم اور پرہیز گار لوگ مبتلا پائے جاتے ہیں، اگر وہ اصحاب شرعی اصول پر ایک لمحہ کے لئے بھی نظر کرتے، تو ان کو اس عمل کا غیر مشروع بلکہ باعث فتنہ ہونا معلوم ہو جاتا، شرع شریف میں چور پر چوری کا الزام عائد کرنے اور اس کو اہل مسروقہ کا ذمہ دار بنانے کے لئے دو باتیں ضرور ہیں۔

اول: یہ کہ وہ خود اقرار کرے، کہ ہاں میں نے یہ مال چرایا ہے۔

دوم: یہ کہ اگر اقرار نہ کرے، تو کوئی شاہد ہو جس نے اس کو چراتے دیکھا ہے، اس کے سوا کوئی صورت شرعی ایسی نہیں، کہ اس پر چوری کا الزام عائد کیا جائے، مگر لوٹے کے عمل میں نہ اقرار ہے، نہ شہادت، صرف اپنے ہاتھ کے ایک عمل سے کسی کو خوامخواہ موردِ الزام کر دینا ہے، جس میں کئی خرابیاں ہیں، ایک تو الزام سرقہ کے لئے ایک ایسے طریقہ کو استعمال کرنے کا گناہ، جو شرعاً حجت نہیں، دوسرے لوگوں کا اس نتیجہ کو سن کر یقین کر لینا کہ واقعی وہی چور ہے۔

اگر چہ وہ چور نہ ہو، بلکہ عامل کی غلطی سے اس کا نام نکل آیا ہو۔

تیسرے: اقرار شہادت کی صورت میں مزید فتنہ کا احتمال ہی نہیں بلکہ لوٹے کے عمل میں نام نکالنے کی صورت میں اگر چہ اصلی چور کا نام ہی نکلا ہو، نام نکلوانے

Marfat.com

والے کے خلاف آتش عداوت بھڑک اٹھنے کا احتمال ہے۔

چوتھے: یہ طریقہ کسی طرح بھی مفید نہیں، بلکہ موجب ظن گناہ ہے، اللہ تعالی فرماتا ہے:

یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ ○

مسلمانو زیادہ بدگمانی کرنے سے بچو، کیوں کہ بعض اوقات بدگمانی کرنا گناہ ہوتا ہے۔(سورۃ حجرات/۱۲)

## (۳) مسمریزم کی حقیقت

مسمریزم کے ذریعہ بھی بڑے بڑے تصرفات کیے جاتے ہیں، ان کا بھی یہی حال ہے، جس سے سوالوں کا جواب حاصل کرتے ہیں، اور جس کو اس کے مشاق (غلطی سے) ارواح کا تصرف سمجھتے ہیں۔

**اصلاح:** اس میں بھی قوت خیالی کا تصرف ہے، امتحان کے ذریعہ اس کا بطلان بھی ظاہر ہوسکتا ہے، راقم الحروف نے اس کا امتحان کیا ہے، چنانچہ ایک دفع ایک میز منگا کر اس پر عمل کیا گیا، اور زبان سے کہہ دیا گیا کہ اگر واقعی اس میں روحیں آتی ہیں، تو میز کا فلاں پایہ ایک بار اٹھے، اگر روحیں نہیں آتیں تو وہ پایہ دو بار اٹھے، چنانچہ تھوڑی دیر کے بعد عمل کے اثر سے پایہ دو بار زمین سے اٹھا، چونکہ یہ میرا اعتقاد تھا کہ حقیقت میں ارواح نہیں آتیں، یہ محض قوت خیالیہ ہے، اس لئے اسی کے موافق جواب نکلا اور جس کا اعتقاد اس کے خلاف ہوگا، اس کو اس کے خلاف جواب ملے گا، غرض مسمریزم کے قاعدہ سے ان تصرفات کا منشا قوتِ خیالیہ ہونا ثابت ہوگیا۔

یہ قوت خیالیہ عجیب وغریب چیز ہے، اس سے بڑے بڑے عجائب وغرائب امور ظاہر ہوتے ہیں، ناواقف اس کو غلط فہمی سے قوت قدسیہ کی طرف منسوب سمجھتے

Marfat.com

ہیں، لیکن یاد رہے کہ اولیاء کی کرامت اور انبیاء کے معجزات یہ محض وہبی اور غیر مکتسب ہیں۔

## مسمریزم کی حرمت پر فتوی

سوال: مسمریزم ایک علم ہے جس میں صرف نظر کی اور طبیعت کی یکسوئی کی مہارت چند روز حاصل کی جاتی ہے، پھر اس سے مراحل تصوف، مثلاً وحدۃ الوجود کشف القبور، سلب الامراض وغیرہ بلا کسی فکر کے طے کرتے ہیں، اور اس کے علاوہ ان کی اور اور باتیں بھی حاصل ہوتی ہیں، مثلاً کسی کو بزور نظر بے ہوش کر دینا اور اس سے پوشیدہ اسرار پوچھ لینا غیر مواضع کا جو نظر سے غائب میں حال بتا دینا وغیرہ، جیسے کہ حکمائے اشراقین کیا کرتے تھے، کیا اس کا حاصل کرنا درست ہے، کوئی خلاف شرع امر تو نہیں؟

الجواب: تصوف نہ یکسوئی کا نام ہے، نہ مکاشفات کا، نہ تصرفات کا، نہ واردات کا بلکہ اس کی حقیقت ہے، اصلاحِ ظاہر و باطن پس مقاصد اس کے اعمال قالبیہ وقلبیہ ہیں اور غایت اس کی قرب و رضائے حق ہے، اور یکسوئی اس کا مقدمہ ہے، جبکہ مقصود مذکور اس پر مرتب ہو، اور واردات مثل وحدۃ الوجود وغیرہ اس کے عوارض و آثار غیر لازمہ سے ہیں، اور مکاشفات کو یہ مثل کشف القبور وغیرہ اور تصرفات مثل سلب امراض وغیرہ کو اس سے کوئی مس نہیں، ریاضت پر اس کا ترتب ہو سکتا ہے، چنانچہ کفار بھی اس میں شریک ہیں، اور مسمریزم میں کل تین چیزیں ہیں۔

بعض مخفیات کی خبر دینا۔ کچھ تصرفات کرنا۔

اس کی مہارت کے لئے یکسوئی کی مشق کرنا۔

سو اول تو اس میں مخفیات کی خبر دینا اکثر تابع خیال عامل کے ہوتا ہے

Marfat.com

چنانچہ اگر ایک واقعہ غائبہ کو دو عاملوں کے سامنے جدا جدا مختلف طور سے بیان کر کے ہر ایک کو یقین دیا جائے، اور پھر کوئی شخص جدا جدا مجلسوں میں اس واقعہ کی نسبت دونوں عاملوں سے دریافت کرے، تو وہ دونوں اپنے قاعدہ وطریق کو استعمال کرنے کے بعد الگ الگ جواب دیں گے، جب چاہے امتحان کر لیا جائے، اور اگر فرض کر لیا جائے کہ احیاناً انکشاف واقعی بھی ہو جاتا ہے، تو کشف کا تصوف سے تعلق نہ ہونا اوپر معلوم ہو چکا ہے، اسی طرح تصرفات کا اس سے تعلق نہ ہونا ہے، اب رہی یکسوئی، سو وہ مقدمہ تصوف جب ہی ہے جب تصوف اس پر مرتب ہو، اور جب مسمریزم میں یہ نہیں، تو وہ مقدمۂ تصوف بھی نہ ہوا، پس محقق ہو گیا، کہ تصوف سے مسمریزم کو اصلاً تعلق نہیں ہے، اب رہا اس سے قطع نظر اس کا جواز یا ناجواز، تو چونکہ مشاہدہ سے اس پر مفاسد کثیرہ کا ترتب معلوم ہوا جیسے کہ انبیاء واولیاء کے کمالات کو اسی قبیل سے سمجھنا، چنانچہ ایسا ہی تو ہم اس سوال کا منشا بھی ہوا ہے، یا ان کیساتھ دعوی وزعم مساوات ومماثلت کا کرنا، اور عامل میں عُجب پیدا ہو جانا بعض امور جن کا تجسس حرام ہے، ان پر مطلع ہونے کی کوشش کرنا انکشافات پر جو کہ شرعی حجت نہیں ہیں، بلا دلیل شرعی بینہ، واقرار ومشاہدہ کے یقین کر لینا، اس بنا پر کسی پر چوری وغیرہ کے سوءِ ظن کو پختہ کر لینا بعض اغراض غیر مباحہ میں تصرف سے کام لینا، یا خود اگرچہ مفاسد سے بچ سکے، مگر عوام کے لئے اس عامل کا موجب افتتان واختلال ہو جانا، وغیرہ ذلک من المفاسد العدیدۃ الشدیدۃ، اس لئے یہ فن گویا بالذات وبنفسہ مقتضی قبح نہ ہو مگر بوجہ عوارض ومفاسد مذکورہ کہ عادۃً اس کے لوازم میں سے ہیں، قبیح لغیرہ کی قسم میں داخل ہو کر منہی عنہ وحرام ہے، چنانچہ ماہر اصول وفقہ پر یہ قاعدہ مخفی نہیں۔

Marfat.com

## (۴) فریمسین کی حقیقت

فریمسین کا گو اِن عاملوں سے تعلق نہیں، مگر چونکہ یہ بھی تخیل ہی کا ایک کرشمہ ہے، اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ اس کا ذکر بھی کر دیا جائے، اس کا ماحصل بھی اسی قوت خیالیہ کی تقویت ہے، جس کے لئے وہاں کے ممبر یہ تدبیریں کرتے ہیں کہ طالب کو بڑے بڑے سخت امتحانوں میں مبتلاء کرتے ہیں، اور سخت سخت قسمیں دیتے ہیں جس میں اکثر مضمون بددعا کا ہوتا ہے، کہ اگر میں فریمیسن کے اسرار کو ظاہر کروں، تو میں ہلاک ہو جاؤں، اور مجھ پر ایسی ایسی بلائیں نازل ہوں، میں ایسے ایسے مصائب میں مبتلا ہو جاؤں، پھر فیس بھی بہت زیادہ لیتے ہیں، اور کچھ وحشت ناک چیزیں مثل ہڈیوں اور کھوپریوں کو سامنے لاتے ہیں، اس کے بعد چند معاہدے اس شخص سے لئے جاتے ہیں اور بعض آلات معماری بھی وہاں ہوتے ہیں، ان کے استعمال کی کچھ اصطلاحیں مقرر ہیں، مثلاً بسولے کو زور سے زمین پر مارتے ہیں جو اشارہ ہے استحکام معاہدہ کی طرف، اور وجہ تسمیہ بھی یہی ہے کیوں کہ میسن معمار کو کہتے ہیں۔

**اصلاح:** ظاہر ہے کہ جس شخص کو کوئی بات اتنی مصیبتوں اور سختیوں کے بعد بتلائی جائے، اور اس پر اس کا وافر مال بھی خرچ ہو، طبعاً وہ اس کی بہت قدر کرے گا، اس کے بتلا دینے سے ضرور دریغ کرے گا، خاص کر جبکہ ان بددعاؤں سے اس کے واہمہ پر طوق ضرر کا خوف بھی غالب ہو جائے وہ ہرگز ہرگز بھی نہیں بتلا سکتا، چونکہ وہاں بعض کلمات ایسے بھی کہلوائے جاتے ہیں، اور نیز ایسے اعمال بھی کرائے جاتے ہیں جس میں غیر اللہ کی تعظیم مفرط حدِ عبادت تک ہوتی ہے، لہٰذا طالب کا کفر سے بچنا بھی مشکل ہے، اور باوجود ان سب کے پھر بعض بے نتیجہ رہتے ہیں، کیوں کہ وہ عہد

Marfat.com

چند اخلاق جمیلہ کا ہوتا ہے، جس کی تعلیم شریعت سے بہتر کوئی کر ہی نہیں سکتا، اور ان اخلاق کی مخالفت کی سزا کے واقعات بطور تھیٹر کے بھی دکھلا دیتے ہیں، جو محض مصنوعی ہوتے ہیں، اور نتائج کا یقین دلانے کے لئے تھیٹر کا مشاہدہ شرعی وعیدوں سے زیادہ نہیں ہو سکتا، نہ وہاں ارواح ہیں، نہ جن اور نہ کوئی عجب چیز ہے محض قوت خیالیہ کا نتیجہ ہے۔

## فصل پنجم

# ارضی وسماوی کائنات کی سعادت ونحوست کا عقیدۂ باطلہ

پیشہ ور عاملوں نے اشیاء کی سعادت ونحوست کا باطل عقیدہ اختیار کرنا اور لوگوں کو اس کا معتقد بنانا بھی اپنے پیشے کی ترویج کے لئے مفید سمجھا ہے، جب ایک عورت کی اولاد زندہ نہ بچتی ہو، تو اس کے لئے صرف تعویذ لکھ کر دے دینا اور اس کے عوض میں معمولی نذرانہ وصول کر لینا چنداں مفید نہیں تھا جس قدر اس بات میں فائدہ ہے، کہ اس کو کہا جائے:

تجھ پر فلاں منحوس ستارہ کا اثر ہے۔

تیرا طالع فلاں نحوست میں مبتلا ہے۔

تیرا گھر خاص نحوست کا مرکز ہے۔

تجھ پر فلاں بھوت کا سایہ ہے۔

فلاں چڑیل نے تجھ سے مس کیا ہے۔

فلاں جن تیرے پیچھے پڑا ہوا ہے۔

Marfat.com

ان کی نحوست تیری اولاد کو زندہ نہیں رہنے دیتی۔

اس لئے اس قدر ماش اتنا تیل، اتنا کپڑا، اتنی نقدی، ایک سفید مرغ بکری کی ایک سری وغیرہ وغیرہ حاضر کرو، تو اس نحوست کے دفع کرنے کی تدبیر ہو جائے گی اس فصل میں ان خرافات وہدایات کی قلعی کھولی جائے گی۔

# ستاروں کی تاثیر اور ایام کی سعادت ونحوست کا

# باطل عقیدہ

عاملوں کا اعتقاد ہے کہ ادعیہ عملیات اور تعویذات کے فوائد سیارات وغیرہ کے تاثرات سعد ونحس پر موقوف ہیں، ہر چند شرعی دلیل سے یہ عقیدہ سراسر باطل ہے، مگر چونکہ عامل لوگوں کا رزق وروزی اس پیشے میں موقوف ہے اس لئے وہ اپنے اسلام کو اس الزام سے بچانے کے لئے تاویلا کہتے ہیں کہ قدیم زمانہ کے تعلیم یافتہ لوگ ستاروں کی تاثیر سے بخوبی واقف تھے، جیسا کہ بڑی بڑی قوموں کی تواریخ سے یہ حال بخوبی معلوم ہوتا ہے، اور ان کی مختلف یادگاریں بھی اس قیاس پر کافی روشنی ڈال رہی ہیں بے شک وہ سیاروں کی قوت اور تاثیر سے واقف تھے، لیکن چونکہ عقل وہدایت کی کمی تھی، اس لئے انہوں نے ستاروں سے فائدہ اٹھانے کے طریقے میں غلطی کی، اور بجائے اس کے کہ ان کواکب کو مخلوق سمجھ کر کام نکالنے کی کوشش کرتے، اس کے برعکس انہوں نے ان کو خدا کی ذات وصفات میں شامل کر لیا، اور ان کی پرستش کرنے لگ گئے، چنانچہ اب تک بعض قومیں سورج، چاند، اور ستاروں کی پرستش کرتی ہیں۔

عامل لوگ اپنی مفروضہ تاثیراتِ کواکب کے ثبوت میں منجمین واہل ہیئت کی

Marfat.com

مسلمہ تاثیراتِ کواکب کو پیش کیا کرتے ہیں جیسے کہ اہل ہیئت کہا کرتے ہیں، کہ نجوم وکواکب میں اللہ تعالی نے خاص خاص تاثیرات رکھی ہیں، جن کا ظہور دنیا میں وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے، چنانچہ چاند کے کرہ کو سمندر سے خاص تعلق ہے، سمندر کا مدو جزر (اتار چڑھاؤ) چاند کی کمی بیشی پر منحصر ہے، چاند کی شعائیں غلہ اور نباتات میں عمر حیات پیدا کرتی ہیں۔

عاملوں کے نزدیک چاند کو عملیات کے اثر میں بڑا دخل ہے، چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ عامل بعض اوراد، وظائف، اشغال واعمال اور تعویذ وغیرہ چاند کے گھٹاؤ، بڑھاؤ کے موافق کرتے ہیں۔

چاند کے علاوہ ان کے نزدیک ہر ستارہ کی علیحدہ علیحدہ تاثیر ہے اور عالم دنیا کا ہر واقعہ وہر حادثہ انہی تاثیراتِ نجوم کا نتیجہ، عاملوں کا یہی عقیدہ خلافِ تعلیماتِ شرع ہے، ورنہ کواکب کی جزوی تاثیرات سے کون انکار کرتا ہے، چنانچہ بعض ستاروں کی یہ خاصیت ہے، کہ جب وہ طلوع ہوتے ہیں تو ایک خاص چیز پر اثر ڈالتے ہیں، مثلاً ایک ستارہ سہیل کے نام سے مشہور ہے، وہ جب طلوع ہوتا ہے تو جس چمڑے پر اس کی شعاع پڑتی ہے، وہ خوشبودار اور رنگین ہو جاتا ہے، لوگ اس ستارے کی ساعت طلوع کا انتظار کرتے رہتے ہیں، اور جب وقت آتا ہے، تو چمڑوں کو چھتوں اور کھلے میدانوں میں پھیلا دیتے ہیں جس سے وہ خوشبودار ہو جاتے ہیں، اور رنگین بھی یہ ایک خاص ستارہ کی جزوی تاثیر ہے۔

عامل صاحبان کہتے ہیں کہ ستاروں کی تاثیر دو طرح کی ہوتی ہے، ایک تو وہ جو خود بخود ہم پر ظاہر ہوتی ہے اور اثر ڈالتی ہے، دوسری وہ جو ہماری طلب اور کوشش کی محتاج ہے، ستاروں میں بذاتہ طاقت موجود ہے، مگر جب تک ہم اس کے حصول کی سعی نہ کریں اس میں اس طاقت سے کچھ فائدہ نہیں پہنچ سکتا، آفتاب میں اللہ تعالی نے

Marfat.com

ہزاروں قوتیں رکھی ہیں، جن میں بعض تو ہر خاص و عام پر بلا طلب نثار ہوتی ہیں، اور بعض خواہش اور محنت سے قبضہ میں آتی ہیں، مثلاً دھوپ جو انسان، حیوان اور نباتات وغیرہ کی زندگی کے لئے لازمی چیز ہے، بلا امتیاز تقسیم ہوتی ہے، مگر مادہ غذائی جو سورج کی روشنی میں قدرتی طور سے موجود ہے، اسی پھل کو ملتا ہے جس میں غذائیت قبول کرنے کا مادہ بھی ہو، یا وہی پودا اس کو حاصل کر سکتا ہے، جس کی تخم ریزی محض غذائی جوہر لینے کی خاطر ہوئی تھی۔

عامل صاحبان اپنے دعوے کے ثبوت میں یہ آیت بھی پیش کیا کرتے ہیں اللہ تعالی سورۂ نحل رکوع ۱،۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وَ الْخَيْلَ وَ الْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ...... وَسَخَّرَلَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ط وَ النُّجُوْمُ مُسَخَّرَاتٌ بِاَمْرِهٖ ○ (سورۂ نحل/ ۸، ۱۲)

اور اس نے پیدا کئے گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان سے سواری کا کام لو اور زینت کے لئے ...... اور اس نے تمہارے کام میں لگا دئے رات اور دن اور سورج اور چاند اور ستارے کام میں لگے ہوئے ہیں اس کے حکم سے۔

اور کہتے ہیں کہ اس ارشادِ الٰہی پر غور کرنے سے سمجھ میں آتا ہے کہ اگرچہ ان جانوروں میں تسخیر قبول کرنے کی خاصیت رکھی گئی ہے، لیکن وہ خود بخود آدمی کے تابع نہیں ہوتے، جب تک ان کو سکھلایا اور سدھایا نہ جائے، چنانچہ یہ مشاہدہ ہے کہ سرکس میں شیر اور ہاتھی وہ تعجب خیز کام کرتے ہیں جس سے اچھے اچھے عقیل وفہیم حیران و ششدر رہ جاتے ہیں، اسی پر چاند سورج اور ستاروں کو قیاس کیجئے، یہ بھی سدھانے سے کام دینے لگتے ہیں، گویا چاند سورج وغیرہ اجرام فلکی بھی ان طریقوں کے ذریعے جو عاملوں نے تسخیرِ کواکب کے لئے مقرر کئے ہیں، قابو میں آجاتے ہیں۔

صوفی نہاد دام وسرِ حقہ باز کرد بنیادِ مکر با فلک حقہ باز کرد

Marfat.com

غرض عاملوں نے ستاروں میں طرح طرح کی تاثیرات کا دعوی کیا ہے، اور عالم سفلی کو من کل الوجوہ عالم علوم کا تابع سمجھا ہے، چنانچہ ان کے نزدیک کوئی ستارہ ملکی ستاروں میں سے سعد ہے اور کوئی نحس اور اس طرح دنیا کے تمام واقعات خیر وشر وقوع پذیر ہوتے رہتے ہیں، جس وقت ستارہ سعد ہوتا ہے تو کام بنتا ہے، اور جب نحس ہوتا ہے، تو کام بگڑتا ہے، سبعہ سیاروں کے نام یہ ہیں، قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری، زحل، یہ شب وروز دورہ کرتے ہیں، اہلِ نجوم نے ان کی ساعتیں لکھی ہیں، اگر ان کے خلاف ہوگا، تو کچھ اثر نہ ہوگا، اور عمل برباد ہوگا، عامل ضرور سمجھتا ہے کہ جب عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے کا ارادہ کرے، تو وہ اول ساعت کو دیکھے، آج کے روز کیسا ستارہ ہے، اور اس وقت کس ستارہ کا دورہ ہے، اور یہ سعد ہے یا نحس، ہر ستارے کی ایک ساعت ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے، توسیع معلومات کے لئے ان خرافات کی تفصیل عرض کردینی مناسب معلوم ہوتی ہے۔

## اتوار کے دن کی نیک وبد ساعات

پہلی: ساعات شمس ہے عمل محبت، حکام کی ملاقات، اور نیا کپڑا پہنا جائے،

دوسری: ساعت زہرہ ہے یہ ساعت مذموم ہے، کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔

تیسری: ساعت عطارد ہے تعویذ محبت لکھا جائے اور سفر کیا جائے۔

چوتھی: ساعت قمر ہے، خرید وفروخت نہ کی جائے، کوئی نیا کام نہ کیا جائے۔

پانچویں: ساعت زحل ہے، اس میں بغض وعداوت کا عمل کرنا زیادہ مؤثر ہے۔

چھٹی: ساعت مشتری ہے، اس میں حکام وغیرہ سے مافی الضمیر بیان کرنا مفید ہے۔

Marfat.com

ساتویں: ساعت مریخ ہے، یہ ساعت نحس ہے، اس میں کوئی کام نہ کیا جائے۔

آٹھویں: ساعت شمس ہے، یہ ساعت نیک ہے، اس میں جو کام کیا جائے بخیر وخوبی انجام ہوگا۔

نویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں محبت کا عمل اور تسخیر خلائق اور سفر کیا جائے۔

دسویں: ساعت عطارد ہے، اس ساعتِ نیک میں محبت کا عمل کیا جائے۔

گیارہویں: ساعت قمر ہے، اس میں طلسمات وغیرہ لکھے جائیں۔

بارہویں: ساعت زحل ہے، یہ ساعت نحس ہے، اس میں بغض وعداوت کا عمل یا کوئی کام نہ کیا جائے۔

## پیر (دوشنبہ) کے دن کی نیک وبد ساعات

پہلی ساعت قمر ہے، اس میں تسخیر اور زبان بندی کا عمل کیا جائے۔

دوسری ساعت زحل ہے، اس میں سفر کیا جائے، اور حکام سے اپنی حاجات بیان کی جائیں۔

تیسری: ساعت مشتری ہے، اس میں میاں بیوی کی ناموافقت کے لئے تسخیر کا عمل کیا جائے۔

چوتھی: ساعت مریخ اس میں دشمن کی تباہی، ہلاکت اور بیمار ڈالنے کے لئے عمل کیا جائے۔

پانچویں: ساعت شمس ہے، اس میں انجامِ مرام، عقدِ لسان وتسخیرِ خلائق کے لئے عمل کیا جائے۔

Marfat.com

چھٹی: ساعت زہرہ ہے، اس میں طلسمات کو کیا جائے۔

ساتویں: ساعت عطارد ہے، اس میں تسخیر و عقد لسان کا عمل کیا جائے۔

آٹھویں: ساعت قمر ہے، اس میں محنت کا عمل کیا جائے، اور میاں بیوی کی موافقت کا عمل کیا جائے۔

نویں: ساعت زحل ہے، اس میں بغض و عداوت اور ہلاکت کا عمل کیا جائے۔

دسویں: ساعت مشتری ہے، اس میں جو کام کیا جائے گا اس کا انجام بخیر ہوگا۔

گیارہویں: ساعت مریخ ہے، اس میں بغض کے تعویذ لکھے جائیں، اور عداوت کے عمل کئے جائیں۔

بارہویں: ساعت شمس ہے، اس میں زبان بندی اور محبت کا عمل کیا جائے بڑا موثر ہوگا۔

## منگل (سہ شنبہ) کے دن کی نیکو بد ساعات

پہلی: ساعت مریخ ہے اس میں بغض و عداوت کے عمل کئے جائیں۔

دوسری: ساعت شمس ہے، اس میں کوئی کام نہ کرے۔

تیسری: ساعت زہرہ ہے، اس میں نکاح کرے، اور مباشرت کرے نیک بخت لڑکا پیدا ہوگا۔

چوتھی: ساعت عطارد ہے، اس میں قیدی کو رہائی کے واسطے عمل کیا جائے۔

پانچویں: ساعت قمر ہے، اس میں لوئی جدید کام نہ کرے۔

چھٹی: ساعت زحل ہے، اس میں بیماری کے لئے تعویذ کئے جائیں۔

Marfat.com

ساتویں: ساعت مشتری ہے، اس میں تسخیر کا عمل کرنا نہایت مفید ہے۔
آٹھویں: ساعت مریخ ہے، اس میں دشمن کو بیمار کرنے کے واسطے عمل کیا جائے۔
نویں: ساعت شمس ہے، اس میں نکاح کیا جائے، اور ہم بستری کی جائے، اور محبت کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔
دسویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے، کیوں کہ یہ ساعت نحس ہے۔
گیارہویں: ساعت عطارد ہے، اس میں سفر کرنا اچھا نہیں۔
بارہویں: ساعت قمر ہے، اس میں بغض وعداوت کا عمل کیا جائے۔

## بدھ (چارشنبہ) کے روز کی نیک وبد ساعت

پہلی ساعت عطارد ہے، اس میں محبت اور تسخیر کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔
دوسری: ساعت قمر ہے، اس میں کوئی عمل نہ کیا جائے، کیوں کہ یہ ساعت مذموم ہے۔
تیسری: ساعت زحل ہے، اس میں شفائے امراض کے تعویذ لکھے جائیں
چوتھی: ساعت مشتری ہے، اس میں محبت اور ترقی رزق کا عمل کرنا بڑا مفید ہے، یہ نیک ساعت ہے۔
پانچویں: ساعت مریخ ہے، اس میں دشمنی اور مخالفت کا عمل کیا جائے، یہ ساعت نحس ہے۔
چھٹی: ساعت شمس ہے، اس میں محبت اور ترقی رزق کا عمل پڑھا اور لکھا جائے اور اس میں سفر کرنا بھی بڑا اچھا ہے یہ ساعت نیک ہے۔

Marfat.com

ساتویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں جو کام کیا جائے اس کا نتیجہ اچھا ہوگا، یہ ساعت نیک ہے۔

آٹھویں: ساعت عطارد ہے، اس میں بچوں کے رونے اور نظر لگنے کے تعویذ لکھنا مفید ہے۔

نویں: ساعت قمر ہے، اس میں محبت کا عمل کرنا بڑا مفید ہے۔

دسویں: ساعت زحل ہے، اس میں حکام وغیرہ سے ملاقات کرنا اور ملازمین کے لئے درخواست کرنا غرضیکہ ہر طرح کے نیک کام کرنا بڑے مفید ہیں۔

گیارہویں: ساعت مشتری ہے، اس میں حکام اور رؤساء سے ملاقات کرنا بڑا مفید ہے۔

بارہویں: ساعت مریخ ہے، اس میں صرف بغض اور عداوت کا عمل کرنا مفید ہے۔

## جمعرات (پنجشنبہ) کے دن کی نیک ونحس ساعات

پہلی ساعت مشتری ہے، اس میں توسیعِ رزق خلاصی قیدیاں، اور تسخیرِ خلائق کا عمل کیا جائے۔

دوسری: ساعت مریخ ہے، اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے، نہ ہی سفر کیا جائے۔

تیسری: ساعت شمس ہے، اس میں محبت کا تعویذ لکھا جائے، اور سفر نہیں کرنا چاہئے۔

چوتھی: ساعت زہرہ ہے اس میں محبت اور تسخیر کے لئے عمل کیا جائے، یہ ساعت اچھی ہے۔

Marfat.com

پانچویں: ساعت عطارد ہے، اس میں نکاح کرنا بڑا مفید ہے۔
چھٹی: ساعت قمر ہے، اس میں حکام کے ساتھ ملاقات کی جائے، اور سفر نہ کیا جائے۔
ساتویں: ساعت زحل ہے، اس میں جو کام کیا جائے مفید ہے، ساعت نیک ہے۔
آٹھویں: ساعت مشتری ہے، اس میں ترقی رزق اور تسخیرِ خلائق کا عمل کرنا بڑا موثر ہے۔
نویں: ساعت مریخ ہے، اس میں تسخیر کا عمل کرنا، اور حکام سے ملاقات کرنا بڑا مفید ہے۔
دسویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں محبت کا تعویذ لکھا جائے۔
گیارہویں: ساعت عطارد ہے، اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے، اور نہ ہی سفر ورنہ نقصان ہوگا۔
(اس جگہ کتاب میں دسویں کو نویں لکھا ہے اس طرح ایک ساعت کا ذکر رہ گیا ہے)

## جمعہ کے دن کی نیک و بد ساعات

پہلی ساعت زہرہ ہے اس میں نکاح کرنا تسخیر خلائق کا عمل کرنا بڑا موثر ہے
دوسری: ساعت عطارد ہے، اس میں صرف طلسمات لکھنا بڑا فائدہ مند ہے
تیسری ساعت قمر ہے، اس میں کوئی نو ایجاد کام نہ کیا جائے۔
چھوتھی: ساعت زحل ہے، اس میں نظر بد کا تعویذ لکھا جائے۔
پانچویں: ساعت مشتری ہے، اس میں میاں بیوی کی موافقت کے لئے محبت کا تعویذ لکھا یا عمل کیا جائے۔

Marfat.com

چھٹی: ساعت مریخ ہے، اس میں قضائے حاجات کا تعویذ اور حکام سے ملاقات کی جائے۔

ساتویں: ساعت شمس ہے، اس میں محبت کا تعویذ لکھا جائے، اور نکاح کیا جائے۔

آٹھویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں جو کام کیا جائے مفید ہو، کشائش رزق کے لئے تعویذ لکھنا یا عمل کرنا بڑا مؤثر ہے۔

نویں: ساعت عطارد ہے، اس میں تسخیر کا عمل کرنا بڑا مفید ہے، یہ ساعت نیک ہے۔

دسویں: ساعت قمر ہے، اس میں عداوت کا عمل کیا جائے۔

گیارہویں: ساعت زحل ہے، اس میں کوئی عمل نہ کیا جائے۔

بارہویں ساعت مشتری ہے اس میں قضائے حاجات اور تسخیر خلائق کا عمل اور حکام وغیرہ سے ملاقات کی جائے، یہ ساعت مبارک ہے۔

## ہفتہ (شنبہ) کے دن کی نیک و بد ساعات

پہلی ساعت زحل ہے، اگر اس دن میں یہ ساعت شروع ماہ ہو تو نیک ہے محبت اور کشائش رزق کا عمل کیا جائے، اگر اخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے، بغض وعداوت کا عمل کیا جائے، آخر اور شروع ماہ سے مراد یہ ہے کہ اگر ہفتہ کو مہینہ کی پہلی تاریخ پڑے تو شروع ماہ میں یہ دن ہوا لہٰذا اس کی ساعت مبارک ہے، اگر انتیس یا تیس کوئی ایسی تاریخ ہو، کہ اسی دن چاند ہو، تو نحس ہے۔

دوسری: ساعت مشتری ہے، اس میں محبت کا عمل کرنا بڑا مؤثر ہے۔

تیسری: ساعت مریخ ہے، اس میں بغض وعداوت کا عمل کرنا بڑا مفید ہے

Marfat.com

چوتھی: ساعت شمس ہے، اس میں قضائے حاجات اور محبت کا تعویذ لکھا جائے۔

پانچویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں محبت کا عمل کیا جائے۔

چھٹی ساعت عطارد ہے، اس میں حصول تمنا کے لئے عمل کرنا چاہئے۔

ساتویں: ساعت قمر ہے، اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے، یہ ساعت نحس۔

آٹھویں: ساعت زحل ہے، اس میں دفع امراض کا عمل کیا جائے۔

نویں: ساعت مشتری ہے، اس میں جو کام کیا جائے کامیابی ہو، یہ ساعت نیک ہے۔

دسویں: ساعت مریخ ہے، اس میں دشمن کو بیمار ڈالنے کا عمل کیا جائے، یہ ساعت نحس ہے۔

گیارہویں: ساعت شمس ہے، اس میں تسخیر کا تعویذ کیا جائے۔

بارہویں: ساعت زہرہ ہے، اس میں محبت اور تسخیرِ خلائق کا تعویذ لکھا جائے، اور میاں بیوی کی موافقت کے لئے عمل کرنا بڑا ہی مفید ہے۔

## نقشہ دریافت ساعت

جب آفتاب طلوع ہو، تو ایک لکڑی بارہ انگلی کی ہموار زمین پر آفتاب کے سامنے کھڑی کرے، پھر اس کے سائے کو دیکھ کر ذیل کے نقشے سے ساعت معلوم کرے۔

| صبح | | | بعد دوپہر | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | انگل | ساعت | نمبر شمار | انگل | ساعت |
| ۱ | ۴۰ | ۱ | ۱ | ۶ | ۷ |

Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۲۰ | ۲ | ۲ | ۱۰ | ۸ |
| ۳ | ۱۸ | ۳ | ۳ | ۱۸ | ۹ |
| ۴ | ۱۲ | ۴ | ۴ | ۲۰ | ۱۰ |
| ۵ | ۸ | ۵ | ۵ | ۳۶ | ۱۱ |
| ۶ | ۴ | ۶ | ۶ | ۴۰ | ۱۲ |

## اوقاتِ تعویذات کی غیر شرعی تعین

عامل کہتے ہیں کہ جس شخص کا طالع حمل ہو، اس کے لئے تعویذ محبت یکشنبہ یا سہ شنبہ کے دن اول وقت اور عداوت وغیرہ کے لئے آخر روز لکھے، اگر طالع ثور ہو، تو دوستی کے لئے جمعہ کے دن صبح کی نماز کے وقت اور عداوت وغیرہ کے لئے زوال کے وقت، اگر طالع جوزاء ہو، تو حبّ کے لئے روز شنبہ کو آخر دن میں، اگر طالع سرطان ہو، تو صلح و سازگاری کے لئے شنبہ کے دن اور عداوت وغیرہ کے لئے زوال کے وقت اگر طالع اسد ہو تو دوستی کے لئے پنج شنبہ کے دن بعد نماز صبح کے، عداوت کے لئے چہارشنبہ زوال کے وقت، اگر طالع سنبلہ ہے، تو محبت کے لئے جمعہ کے دن صبح کو جمعہ کے وقت عداوت کے لئے، اگر طالع عقرب ہے، تو دوستی کے لئے جمعہ کے دن اول وقت، اور عداوت کے لئے آخر وقت، اگر طالع قوس ہے، تو محبت کے لئے پنج شنبہ کے دن اور عداوت کے لئے، دوشنبہ کے روز، اگر طالع میزان ہے تو دوستی کے لئے روز شنبہ، اور عداوت کے لئے سہ شنبہ کا روز، اگر طالع جدی ہے، تو محبت کے لئے روز یکشنبہ طلوع آفتاب کے وقت اور عداوت کے لئے، روز ادینہ یعنی جمعہ، اگر طالع دلو ہے، تو دوستی کے لئے، روز جمعہ، اور عداوت کے لئے روز یکشنبہ شام کے وقت، اگر طالع حوت ہے، تو دوستی کے لئے روز جمعہ بوقت صبح، اور عداوت کے

Marfat.com

لئے روز شنبہ۔

## تعویذ لکھتے وقت بخور جلانے کا خبط

عامل کہتے ہیں، کہ جب کوئی تعویذ لکھے، تو جس ستارے کی ساعت میں لکھنے کا اتفاق ہو، اس کے موافق بخور جلائے، بخور ستارے کے علیحدہ علیحدہ ہیں، اگر بخور اس ستارے کے موافق نہ ہوگا، تو فائدہ نہ ہوگا، بخور دھونی کو کہتے ہیں۔

| نام ستارہ | نام بخور |
|---|---|
| زحل | عود، لوبان، رال، قرنفل |
| مشتری | مشک، کافور، صندل سرخ، عود، شکر |
| مریخ | لوبان، عود، رال |
| شمس | دارچینی، عود، مشک، زعفران |
| زہرہ | عود، عنبر، مشک، صندل سفید، کافور، اسپند |
| عطارد | صندل سرخ، قرنفل، کافور، نمک، سنگ، عود |
| قمر | شہد، کافور، عود |

## طالع کے معلوم کرنے کا غیر مشروعہ طریقہ

عامل کہتے ہیں، کہ جو شخص کا طالع دریافت کرنا مطلوب ہو، اس کے نام کے عدد، اور اس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر جمع کرے، پھر اس مجموعہ کو بارہ پر طرح (تقسیم کر) دے، اگر ایک باقی رہے، تو حمل ہے، اگر دو بچیں، تو ثور ہے، اگر تین بچیں، تو جوزاء ہے، اگر چار بچیں، تو میزان ہے، اگر آٹھ بچیں، تو عقرب ہے، اگر نو بچیں، تو قوس ہے، اگر دس بچیں تو، جدی ہے، اگر گیارہ بچیں، تو دلو ہے، اگر کچھ نہ

Marfat.com

بجے تو حوت ہے، مثلاً

طالب غلام محمد بن ہاجرہ ہے، اس کے عدد ۱۳۷۷ ہیں جب بارہ سے طرح دیا، تو نو بجے لہٰذا اس کا طالع برج قوس ہے۔

اسی طرح سے عددِ مطلوب فاطمہ بنت جمیلہ ہے، اس کے عدد ۲۲۳ ہیں جب بارہ سے طرح دیا، تو سات بجے، لہٰذا اس کا طالع برج میزان ہے۔

عاملوں کا قاعدہ ہے کہ اگر برج عاشق آتشی ہے، اور برج معشوق آبی، درمیان آب و آتش کے مخالفت ہے، لہذا دو تعویذ لکھتے ہیں، ایک تعویذ آتشی، دوسرا آبی۔

اگر طالع عاشق بادی، اور طالع معشوق خاکی ہے، تو اس صورت میں بھی دو تعویذ لکھتے ہیں۔

اگر طالع طالب آبی اور طالع مطلوب خاکی ہے، اس میں موافقت ہے، پس ایک تعویذ کافی ہے۔

غرض جیسا مزاج ہو، اس کے موافق تعویذ لکھتے ہیں، آتشی کے لئے آتشی، اور آبی کے لئے آبی۔

## ہر شخص کے نام میں اس کی قسمت پوشیدہ ہونے کا خبط

ایک قدیم عبرانی طریقہ درج کیا جاتا ہے، جس کی مدد سے آپ کسی شخص کے نام کے عدد معلوم کر کے اس کے پورے کیرکٹر اور واقعات ماضی و مستقبل کا اندازہ کر سکتے ہیں، گویا دوسرے الفاظ میں ہر ایک شخص کی قسمت اس کے نام میں پوشیدہ ہوتی ہے، اگر کسی شخص کا نام اس کے لئے نحس ثابت ہو، اور وہ اپنے نام کو اس طرح تبدیل کر لے کہ اس کا مجموعہ اعداد مسعود مبارک ہو تو اس شخص کی قسمت خوشگوار طریقہ

Marfat.com

پر تبدیل ہو جائے گی، اگر ذرا بھی غور و تامل سے کام لیا جائے تو ایسی مثالیں بہت دستیاب ہوں گی کسی شخص کے محض نام تبدیل کر لینے سے اس کی قسمت بھی بدل گئی۔

## قسمت معلوم کرنے کا عبرانی یا عربی غیر شرعی طریقہ

جب کسی شخص کے حالات دریافت کرنے مطلوب ہوں، تو پہلے عبرانی یا عربی ابجد کے اعتبار سے اس نام کے اعداد نکال لئے جائیں، اگر وہ سینکڑوں میں ہوں، تو ان کو دہائیوں اور اکائیوں میں منتقل کر لیا جائے، اس کے بعد اعداد کے ما حصل سے حالات بیان کئے جائیں، مثلاً کسی شخص کے نام کے اعداد ۱۴۷ ہیں ان کو باہم جوڑنے سے ۴+۱+۷ = ۱۲ حاصل ہوئے ہیں، اگر ۱۲ کو پھر جوڑا جائے، تو ۱+۲ سے ۳ کا عدد حاصل ہوتا ہے، لہٰذا اس شخص کے حالات ۱۲ کے عدد کی خاصیت کے مطابق بیان کئے جائیں گے، مثلاً ایک شخص حامد حسین کا حال دریافت کرنا مطلوب ہے، تو اعداد ابجد کے اعتبار سے اس کے نام کے اعداد

ح ا م د ح س ی ن = ۳۷ ہوں گے

۸+۱+۴۰+۴+۸+۶۰+ ۱۰+۵۰=۳۷

۳۷ کا مجموعہ ۷+۳= دس ہے، پھر اعداد کی خاصیتوں کا نقشہ دیکھیں، پس جس شخص کے حالات ہم دریافت کر رہے ہیں، اس کے کیرکٹر میں یہ تمام باتیں مجتمع ہوں گی، ان حالات کو بیان کرتے وقت ہمیں دس کے حاصل یعنی ایک کے عدد کی خاصیتیں بھی پیش نظر رکھنی چاہئیں۔

## اعدادِ ابجد معلوم کرنے کا سہل طریقہ

اعداد معلوم کرنے کے لئے حروف ابجد کی ایک اور تقسیم بھی ہے جس میں عددِ حروف کو دہائیاں اور سینکڑے نظر انداز کر کے باہم جمع کر لیا گیا ہے، مثلاً ا - ی -

Marfat.com

قع = ایقغ ) = ۱ + ( ب - ک - ر = بکر ) = ۲ + ( ج - ل - ش = جلش ) = ۳ + د - م - ت = دمت ) = ۴ ( ہ - ن - ث = ہنث ) = ۵ + و - س - خ ( وسخ ) = ۶ + ز - ع - ز = زعز ) = ۷ + ( ح - ف - ض = حفض ) = ۸ + ( ط - ص - ظ = ( طصظ ) = ۹ ☆

## نقشہ عبرانی

۱) صناع ازل کی علامت ہے، جس شخص کے نام کا عدد ایک ہو، اس کی قوت متخیلہ بہت زبردست ہوگیا اور وہ اختراع پسندیوں کے لحاظ سے بہت شہرت حاصل کرے گا، اس کی فطرت میں حکمرانی اور اقتدار طلبی کا جذبہ پوشیدہ ہوگا، اس کی جسمانی صحت ہمیشہ اچھی رہے گی۔

۲) یہ عدد دیوی کی حیثیت رکھتا ہے، اور حکمت الٰہیہ کی علامت ہے، اس کی خاصیت تخلیقِ ایجادات، دلکشی، اثر اندازی، کیمیا کی جانب رجحان، علوم و فنون سے شوق، صنفی مسرت وغیرہ۔

۳) اس عدد کی حیثیت ملکہ کی ہے، خاصیت، وسعت ترقی اقتدار، دولت ثروت، افزائش۔

۴) بادشاہت کی علامت ہے، خاصیت، راست بازی، انصاف پسندی، انانیت، حصولِ خواہشات، قیام واستقلال، بلند حوصلگی، ناموری، تمول۔

۵) استاذ یا حکیم کی علامت ہے، خاصیت: قانون عمومی، مذہب، تربیت، درس وتدریس، آزادی، پابندی نظام عمل۔

۶) عاشق کی علامت ہے، خاصیت: جذباتِ محبت، عورت ہو، تو مرد کی جانب اور عورت ہو، تو مرد کی جانب رجحان طبیعت، وفاشعاری، اطاعت، جذبات میں ہیجان، قلبی سوز و گداز، تمتع، بیداریٔ ضمیر، غلط راستہ سے بچنا۔

Marfat.com

۷) اسیرس دیوتا کے رتھ کی علامت ہے، خاصیت: مقناطیسی کشش ذہانت، علم وعمل، امیدوں کی بارآوری، قوتِ احساس۔

۸) عدالت یا میزان وشمشیر کی علامت ہے، خاصیت: عدل و انصاف، دیانت، غیر جانبداری، معقولیت پسندی، اعتدال، قانون کا اہتمام، ہمدردیٔ خلائق، غریب پروری۔

۹) راہب کی علامت ہے، خاصیت سنجیدگی، متانت، بگڑنے کے بعد بننا، تقسیم کار، اصول پسندی، احتیاط، غور وفکر، مراقبہ ومجاہدہ، کسی چیز کی تلاش وجستجو، نئی چیزوں کا انکشاف۔

۱۰) یہ عدد ابو الہول یا قسمت کے پہیہ کی علامت ہے، خاصیت: اصباب وعلل، قانون، اخلاق، انقلاب، پسندی، شہرت طلبی، مطالعہ، پابندیٔ اوقات، کسی چیز کی ہر وقت اشاعت، تلون، مسلسل سیاحت، گردش، قلبی محبت۔

۱۱) شیر کی علامت ہے، خاصیت: قوت ارادی، قوت جسمانی، فتوحا تسخیر، سرگرمیٔ عمل، اظہار طاقت، عزم واستقلال، اقتدارِ حکومت مگر مالی فائدہ کم ہو۔

۱۲) قربانی کی علامت ہے، خاصیت: روحانی، زوال، بربادی، دیو ،نقصانات، ناکامی کے کاموں کا بن بن کر بگڑ جانا، توقعات میں مایوسی۔

۱۳) موت یا کاشتکاری کی علامت ہے، خاصیت: انقلاب، ردعمل، ناکامی، مایوسی نخل امید کی پامالی، زوال، بربادی، موت۔

۱۴) دیوتاؤں کے دوطشتوں کی علامت ہے۔ خاصیت: معاشری تعلقات، احباب واعزاء سے محبت اور ان کی امداد، کیمیا سازی کا شوق، ازدواجی محبت غیروں کی نگاہ میں محبوبیت۔

۱۵) شیطان کی علامت ہے، خاصیت: ریاکاری، بدظنی، بغض وحسد

Marfat.com

اسرار، سازشیں، جعلسازی، قانون شکنی، بغاوت، بدامنی، مفسدہ پردازی، اشتعال انگیزی۔

۱۶) متزلزل منارہ کی علامت ہے، خاصیت: ناگہانی مصیبت، اپنے غرور کی وجہ سے بربادی، حد سے تجاوز، شکست، تباہی، عزل وسقوط، غیر متوقع حادثات۔

۱۷) ستارہ کی علامت ہے، خاصیت: طمانیتِ قلب، ایمان واعتقاد، مایوسی میں کامیابی کی جھلک، دوسروں سے بہت جلد توقعات قائم کرنا ہر ایک بات کا فوراً یقین کر لینا۔

۱۸) شفق سرخ کی علامت ہے، خاصیت: تاریکی شبہات ہر کام میں لیت ولعل، ضرورت سے زیادہ تساہل، توقعات میں ناکامی، خوشگوار تبدیلیاں، دیوانگی، مختلف امراض۔

۱۹) سورج کی علامت ہے، خاصیت: قوت ارادی، مقناطیسی کشش، تسخیر، ہر دل عزیزی محبوبیت عیش ومسرت جسمانی صحت، کامیابی اعزاز، شہرت، ناموری، عروج واقتدار، خواہشات کی تکمیل۔

۲۰) روز حشر کی علامت ہے، خاصیت: روحانی ترقی، ذہانت، نئے مشاغل، مستعدی، تخریب کے اور تعمیر، قوتِ عمل، انہماک، مصروفیت، کام کے پورا کرنے کی عجلت۔

۲۱) تاج کی علامت ہے، خاصیت: طویل عمر جسمانی صحت طاقت، ثابت قدمی، عزم واستقلال، تکالیف برداشت کرنے کی غیر معمولی قوت، اعزاز، تمول، جائداد، میراث، امتیازات وغیرہ۔

۲۲) حماقت کی علامت ہے، خاصیت: ضرورت، احتیاج، محرومی،

Marfat.com

انانیت، غلط کاری، جھوٹی شیخی، ناعاقبت اندیشی، دیوانگی، بربادی۔

## مؤکلوں کی تحقیق عاملوں کی نظر میں

عامل کے لئے ضروری ہے کہ ہر یوم کے لئے موکل کے نام سے آگاہ ہو، تاکہ جس روز عمل شروع کرے، اس روز کے مؤکل کا نام ادب و تعظیم سے لے کر ان سے امداد کا طالب ہو اس سے دلی مقصد بہت جلد حاصل ہوتا ہے۔

## مؤکلوں کے نام

ہر روز میں دو فرشتے مؤکل ہیں، ایک علوی سماوی، دوسرا سفلی ارضی،

۱۔ اتوار کو مَلکِ علوی روقیائیل ہے، اور ملکِ سفلی ابوعبداللہ المذ ہب۔

۲۔ پیر کو ملک علوی جبرائیل، اور اس کا خادم شمکائیل ہے، اور ملک سفلی ابو عبداللہ الحارث۔

۳۔ منگل کو ملک علوی اسرافیل ہے، ملک سفلی ابوعبداللہ، بعض کے نزدیک المعصی الاحمر ہے۔

۴۔ بدھ کو ملک علوی میکائیل ہے، اور اس کا خادم توائیل ہے، اور ملک سفلی دو ہیں، ایک ودیعہ دوسرا ایرقان۔

۵۔ جمعرات کو ملک علوی صرفیائیل ہے، اور ملک سفلی السید شمودی ہے۔

۶۔ جمعہ کو ملک علوی عینائیل ہے اور مل سفلی عبدالرحمٰن جس کا لقب ابیض ہے۔

۷۔ ہفتہ کو ملک علوی عزرائیل ہے، اور ملک سفلی ابونوح میمون سبحانی ہے،

Marfat.com

# اعداد ابجد مع مؤکلات

اعداد ابجد مع مؤکلات مفصلہ ذیل ہیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آتشی | ا اسرائیل ۱ | ہ دورائیل ۵ | ط اسمائیل ۹ | م رومائیل ۴۰ | ف سرحمائیل ۸۰ | ش ہمرائیل ۳۰۰ | ذ اہرائیل ۷۰۰ |
| بادی | ب جبرائیل ۲ | و اتمائیل ۶ | ی سراکیطائیل ۱۰ | ن حولائیل ۵۰ | ص اہجمائیل ۹۰ | ت عزرائیل ۴۰۰ | ض عطکائیل ۸۰۰ |
| آبی | ج کلکائیل ۳ | ز شرفائیل ۷ | ک حروزائیل ۲۰ | س ہموائیل ۶۰ | ق عطرائیل ۱۰۰ | ث میکائیل ۵۰۰ | ظ نورائیل ۹۰۰ |
| خاکی | د دردئیل ۴ | ح تنکفیل ۸ | ل طاطائیل ۳۰۰ | ع لورائیل ۷۰ | ر موائکیل ۲۰۰ | خ مہکائیل ۶۰۰ | غ ارفائیل ۱۰۰۰ |

# اعمال مؤکلات

اعمال مؤکلات وہی طالب کرسکتا ہے، جس میں خداداد قابلیت، قوتِ ارادہ، اور جفاکشی خاص طور پر ودیعت کی گئی ہو، عام کا تو کیا ذکر خاص الخواص بھی باموکل اعمال کے نام سے کانپ اٹھتے ہیں، ایسے اعمال کا کرنا، اور ان میں پورا اترنا محض صاحبِ عزم اصحاب کا کام ہے، ہم اور تم کس شمار میں ہیں۔

# برجوں کا بیان عاملوں کی نظر میں

عامل کہتے ہیں کہ برج کی حقیقت یہ ہے کہ بسبب گردش آفتاب کے

Marfat.com

آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے، اور اس کو دائرۃ البروج کہتے ہیں، آفتاب اس دائرہ کو مدت ایک سال میں طے کرتا ہے، اور اس کو برابر بارہ حصوں پر تقسیم کیا ہے، اور ہر حصہ کا نام برج رکھا ہے، اور ہر برج کو موافق اس صورت کے جو بسبب اجتماع ستاروں کے جیسی شکل پیدا ہوئی ہے، اس شکل پر اس برج کا نام رکھا، اور برج کو اہلِ ہندراس کہتے ہیں۔ برج بارہ ہیں۔

**(۱) حمل** ہندی میکھ، ماہ بیساکھ بشکل مینڈھا، ذوشاخ، سر بجانب مغرب، اور دم بجانب مشرق، پیٹھ بجانب شمال، پاؤں بجانب جنوب، اور منہ پیچھے کی طرف پھرا ہوا ہے، گویا کسی چیز کو دیکھتا ہے، خانۂ مریخ شرقی آتشی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب، ہبوطِ زحل، مذکر منقلب مؤکل تنکفیل حرف ا، ع، ل، ی۔

**(۲) ثور** ہندی برکھ، ماہ جیٹھ بصورت گائے، سر بجانب مشرق اور دُم بطرفِ مغرب خانہ زہرہ، جنوبی خاکی سفید وبال مریخ بشرف قمر مؤنث، ثابت مؤکل میکائیل، حرف ا۔ب۔

**(۳) جوزا:** ہندی متھن، ماہ اساڑھ، بصورت دولڑکے، برہنہ باہم ملے ہوئے، سر بجانب شمال، مشرق، اور پاؤں بجانب جنوب اور مغرب، خانہ عطارد غربی بادی زرد وبال مشتری وشرف راس ہبوط، ذنب مذکر دوجسدین مؤکل کلکائیل حرف، ق۔ک۔

**(۴) سرطان:** ہندی کرک ماہ ساون، بصورت جانور دریائی، خانہ قمر شمالی آبی سفید وبال زحل شرف مشتری ہبوط، مریخ، مؤنث منقلب، مؤکل ہموکیل حرف۔ ح۔د۔

**(۵) اسد:** ہندی سنگھ، ماہ بھادوں بشکل جانور صحرائی (شیر) خانہ شمس شرقی آتشی سرخ، وبال زحل، مذکر ثابت مؤکل اسرافیل حرف۔م۔

Marfat.com

(۶) سنبلہ: ہندی کینیاں ماہ کنوار (آسن) بصورت دختر، دامن لٹکائے ہوئے، سر بجانب مغرب وشمال پاؤں بجانب مشرق وجنوب، بایاں ہاتھ لٹکائے ہوئے، داہنا ہاتھ برابر کندھے کے اٹھائے ہوئے، ہاتھ میں درخت کی بالی لئے ہوئے، خانہ عطارد جنوبی، خاکی سبز وبال مشتری شرف عطارد، وہبوط زہرہ مؤنث، ذوجسدین، مؤکل ہمواکیل حرف -ب-د۔

(۷) میزان: ہندی تلا، ماہ کاتک بصورت ترازو، خانہ زہرہ، غربی، بادی سفید وبال مریخ، شرف زحل، ہبوط آفتاب، مذکر منقلب، مؤکل رومائیل حرف -ر-ت-ط

(۸) عقرب: ہندی برچھیک، ماہ اگھن، بصورت بچھو، خانہ مریخ شمالی، آبی سرخ وبال زہرہ، ہبوطِ قمر، مؤنث ثابت، مؤکل لومائیل، حرف ج-ن-ض-ز-د -ط۔

(۹) قوس: ہندی دھن، ماہ پوس، بصورت مرد ہاتھ میں تیر کمان، خانہ مشتری شرقی، آتشی زرد وبال عطارد، شرف ذنب ہبوط راس، مذکر ذوجسدین مؤکل عطرائیل حرف -ف۔

(۱۰) جدی: ہندی بکر، ماہ ماگھ، بصورت بکری، خانہ زحل، غربی خاکی سیاہ وبال قمر، شرف مریخ، ہبوط مشتری، مؤنث منقلب، مؤکل کاکائیل حرف -خ-غ۔

(۱۱) دلو: ہندی کنجھ، ماہ پھاگن، بشکل مرد، ڈول ہاتھ میں لے کر ٹیڑھا کر کے پانی زمین پر گراتا ہے، خانہ زحل، غربی بادی، زرد وبال آفتاب مذکر ثابت مؤکل دردائیل، حرف -ص-س-ش-ث-ک۔

(۱۲) حوت: ہندی میں، ماہ چیت، بصورت دومچھلیاں ملی ہوئی کے، خانہ مشتری شمالی آبی، سرخ وبال، عطارد، شرف زہرہ مؤنث، دوجسدین مؤکل تنکفیل حرف -چ-د۔

Marfat.com

**اصلاح:** عاملوں، تعویذ نویسوں کے یہ تمام قواعد واصول منہاجِ شریعت سے جداگانہ اور عقائدِ اسلام سے بیگانہ ہیں کیوں کہ..........

..........قرآن مجید میں جتنی آیات دعا کے بارے میں وارد ہیں، ان میں سے کسی میں اس امر کا ذکر نہیں ہے کہ دعا میں ستاروں کی تاثیرات سعد ونحس کو معتبر مانا جائے اور نہ ہی احادیثِ صحیحہ میں اس کا ثبوت پایا جاتا ہے، یہ لوگوں کا اپنا خانہ ساز من گھڑت عقیدہ ہے، شرع شریف سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

غرض سعد ونحس کا انحصار ستاروں کی گردش پر مطلق نہیں ہے، بلکہ جس مطلب کے لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو بنایا ہے البتہ ان پر انکار ضرور پڑتا ہے، مثلاً سورج کی گرم روشنی سے میووں، پھلوں، اور کھیتوں کا پکنا، چاند کی روشنی سے پھولوں کا کھلنا وغیرہ اور بس، باقی سعد ونحس کے اعتبار سے کیا ستارے کیا ایام اور کیا ساعات سب یکساں ہیں، چنانچہ مجالس الابرار مجلس ۳۹ میں ہے۔

ان تخصيص شوم بزمان دون زمان غير صحيح لان الزمان عبارة عن مدة ممتدة يعرف مقدارها بحركة الافلاك والنجوم وهو فى ذاته امر واحدمتشابه الاجزاء يحصل بخلق اللّٰه تعالى ويقع افعال العباد فلايكون فيه يمن ولاشوم الاباعتبار افعال العبادفكل زمان شغل العبد بعبادة وهو زمان مبارك عليه وكل زمان شغله العبد بمعصية فهو زمان مشئوم عليه وفى الحقيقة اليمن ه الطاعة والشوم هوالمعصية۔

نحوست کی تخصیص کسی خاص زمانے کے ساتھ غیر صحیح ہے، کیوں کہ زمانے سے ایک مسلسل مدت مراد ہے، جس کی مقدار افلاک اور نجوم کی حرکت سے پہچانی جاتی ہے۔ اور فی ذاتہ ایک ہی چیز ہے، جس کے اجزاء یکساں ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کی

Marfat.com

قدرت سے وجود میں آتا ہے، اور بندوں کے افعال اس میں وقوع پاتے ہیں، پس خود اس میں برکت اور نحوست نہیں ہو سکتی، مگر بندوں کے افعال کے لحاظ سے، پس جس زمانہ کو بندے نے عبادت میں صرف کیا، وہ مبارک زمانہ ہے اور جس زمانہ کو بندے نے گناہ میں صرف کیا، وہ منحوس زمانہ ہے، اور فی الحقیقت برکت طاعت ہی ہے، اور نحوست گناہ ہی ہے۔

کسی حق شناس شاعر نے ان کواکب پرست خبطیوں کی طرف نہایت اچھے الفاظ میں اشارہ کیا ہے۔

دریں دریاءِ پُر گوہر سعادت جستن از اختر
بداں ماند کہ مورے دانہ از مورِ دگر گیرد

یعنی ستارے بیچارے خود مخلوق ہیں اور اپنے خالق کے محتاج ہیں، پس ان سے سعادت ویمن کی آرزو رکھنا ایسا ہی ہے، جیسے ایک چیونٹی دوسری چیونٹی سے دانہ چھیننے کی کوشش کرے۔

بے شک قرآن مجید میں برجوں کے ہونے کا ثبوت پایا جاتا ہے، چنانچہ

(۱) اللہ تعالیٰ سورہ حجر رکوع ۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ○ (سورۂ حجر/۱۶)

اور ہم نے بنائے ہیں آسمان میں برج اور اس کو آراستہ کیا ہے دیکھنے والوں کے لئے۔

(۲) اللہ تعالیٰ سورۃ فرقان رکوع ۵ میں ارشاد فرماتا ہے:

تَبٰرَكَ اللّٰهُ جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوْجًا ○ (سورۂ فرقان/۶۱)

یعنی بڑی بابرکت ذات ہے جس نے بنادئے آسمان میں برج۔

(۳) اللہ تعالیٰ سورہ بروج میں فرماتا ہے:

Marfat.com

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ○ (سورہ بروج/۱)

آسمان کی قسم جس میں برج ہیں۔

لیکن ان آیات میں صرف برجوں کے وجود کا ذکر ہے، اور وہ تفصیل مادی یا روحانی جو عامل اور منجم (نجومی) کرتے ہیں، اور ان پر جس عجائبات کے عمل تعمیر کرتے ہیں، کہیں نہیں پائی جاتی، یہ باتیں انہوں نے علم ہیئت اور نجوم سے حاصل کی ہیں، جو قابل اعتبار نہیں ہیں۔

## منازل قمر

قرآن مجید میں چاند کی منزلوں کا ثبوت بھی پایا جاتا ہے، چنانچہ اللہ تعالی سورہ یونس رکوع ایک میں ارشاد فرماتا ہے:

(۱) هُوَالَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ○ (سورہ یونس/۵)

وہی ہے جس نے بنایا سورج کو چمکتا ہوا، اور چاند کو روشن اور ٹھہرائیں اس کی منزلیں، تاکہ تم معلوم کرلو گنتی برسوں کی اور حساب۔

(۲) اللہ تعالی سورہ یاسین میں ارشاد فرماتا ہے:

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ○ (سورہ یٰسٓ/۳۹)

اور چاند کے لئے ہم نے مقرر کردیں منزلیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے پرانی ٹہنی۔

منجم کہتے ہیں کہ چاند کی اٹھائیس منزلیں ہیں، ہر رات ایک منزل (پچھتر) طے کرتا ہے، اگر انتیسویں رات کو پوشیدہ رہے، تو اس رات کو بھی ایک منزل طے

Marfat.com

کرتا ہے۔

ان آیات میں بھی وہ تفصیل نہیں پائی جاتی، جو علم ہیئت اور منجم لوگ بیان کرتے ہیں، وہ ان کی اپنی تحقیق ہے، جو شرح میں حجت نہیں ہوسکتی۔

## (۲) ساعت سعد یا نحس میں پیدا ہونے کے نتائج کا

# باطل خیال

عامل خیال کرتے ہیں کہ آدمی ساعت نحس میں پیدا ہونے کے سبب سے مفلس و نادار ہوتا ہے، اور ساعت سعد میں پیدا ہونے سے متمول اور امیر ہوتا ہے۔

**اصلاح:** یہ خیال بالکل لغو اور خلاف شرع ہے، چنانچہ معمولی سمجھ والا بھی یہ بات سمجھ سکتا ہے، کہ جس ساعت میں بادشاہ اور امیر لوگ پیدا ہوتے ہیں، اس میں غریب اور مسکین بھی پیدا ہوتے ہیں لیکن امیری غریبی راحت و تکلیف اور سعادت و شقاوت میں مختلف ہوتے ہیں، جس سے صاف معلوم ہوتا ہے، کہ ان میں مؤثر حقیقی اللہ تعالی کے سوا اور کوئی نہیں ہے، چنانچہ سورہ روم رکوع ۴ میں ارشاد ربانی ہے:

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ (سورہ روم/ ۳۷)

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالی فراخ کرتا ہے، روزی جس کے لئے چاہے اور تنگ کرتا ہے جس کے لئے چاہے بے شک اس میں نشانیاں ہیں ان کے لئے جو ایمان لاتے ہیں، یعنی جو حکم الٰہی کی تصدیق کرتے ہیں رزق کی فراخی اور تنگی میں)

الغرض عاملوں کا یہ خیال کہ ستارے وغیرہ میں سعادت و نحوست پائی جاتی

Marfat.com

ہے، بالکل غلط اور خلاف عقل ونقل ہے، کیا ہی اچھا ایک عربی نے کہا ہے:

فلا السعد یقضی به المشتری ولاالنحس یقضی علینا زحل

نہ مشتری سعد ونیکی کا حکم کرتا ہے اور نہ زحل نحس (بدبختی) کا حکم کرتا ہے

ولکنه حکم رب السمآء وقاضی القضاة تعالی وجل

بلکہ آسمان کے پروردگار کا حکم ہے، اور وہی احکم الحاکمین تعالی شانہ ہے

## (۳) عملیات میں ساعت اور دن کی قید

بعد عامل اکثر عملیات میں ساعت یا دن کی قید کی رعایت کرتے ہیں، بعض
ہ کے عروج ونزول کا لحاظ کرتے ہیں۔

اصلاح: ان سب کا مبنی وہی اعتقاد تاثیر نجوم ہے، جو سراسر معصیت ہے، چنانچہ مشکوۃ شریف باب الکہانت میں ہے:

○ عن ابی هریرةقال قال رسول الله صلی اللهعلیه وسلم :مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ بَرَكَةٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِيْقٌ مِّنَ النَّاسِ بِهَا كَافِرِيْنَ يُنْزِلُ اللّٰهُ الْغَيْثَ فَيَقُوْلُوْنَ الْكَوَاكِبَ كَذَا وَ كَذَا○ (مسلم شریف، کتاب الایمان ،باب بیان کفر من قال مطرنا بالنوء)

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ تعالی جب کوئی برکت آسمان سے نازل فرماتا ہے، تو لوگوں کی ایک جماعت اس کی ناشکری کرتی ہے، اللہ تعالی بارش اتارتا ہے، تو لوگ کہتے ہیں، کہ فلاں ستارے کے اثر سے اتری ہے (رواہ مسلم)

## (۴) عورت گھوڑے اور مکان کی نحوست کی تحقیق

بعض نفس پرور عامل علی الاعلان کہتے ہیں کہ بعض عورتوں یا بعض مال

Marfat.com

مویشی یا بعض مکانوں کے سبب سے نحوست ہو جاتی ہے، جس کا علاج تعویذ گنڈے کے سوا کچھ نہیں ہے، اسی وجہ سے جہلاء کو جب بھی کوئی تکلیف وغیرہ پہنچتی ہے، تو ان میں بھی یہی خیال خام پایا جاتا ہے، اسی لئے وہ دربدر تعویذات اور جنتر منتر وغیرہ کی تلاش کرتے پھرتے ہیں۔

اس پر طرہ یہ کہ ان چالاک، عاملوں نے اپنے دعوے کو بعض احادیث نبویہ سے ثابت کرنے کی بھی کوشش کی ہے، چنانچہ وہ احادیث یہ ہیں:

○ ۱)عن ابن مسعود كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا الطِّيَرَةُ فِي الْمَرْاَةِ وَالدَّابَّةِ وَالدَّارِ (رواه البیھقی والحاکم)

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اہل جاہلیت کہا کرتے تھے کہ نحوست صرف عورت اور گھوڑے اور گھر میں ہے۔

○ ۲)عن ابن عمر اَلشُّؤْمُ فِيْ ثَلٰثٍ فِي الْمَرْءَةِ وَالْمَسْكَنِ وَالدَّابَّةِ (رواہ الترمذی والنسائی)( صحیح بخاری/کتاب الطب، باب الطیرۃ)

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نحوست تین چیزوں میں ہے، عورت، گھر اور گھوڑے میں۔

○ ۳)عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اِنْ كَانَ الشُّؤْمُ فِيْ شَيْءٍ فَفِي الدَّارِ وَالْمَرْءَةِ وَالْفَرَسِ (رواہ احمد والبخاری، کتاب الجہاد والسیر، باب ما یکرہ من شوم الفرس)

سہل بن سعد سے روایت ہے کہ اگر نحوست کسی چیز میں ہے تو پھر گھر، عورت اور گھوڑے میں ہے۔

○ ۴)عن ابن عمر اَنَّ امْرَءَةً جَاءَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَنَّا دَارًا وَنَحْنُ ذُوْمَالٍ وَفِرٍ

Marfat.com

فَاحْتَجْنَا وَ سَاءَتْ ذَاتُ بَيْنِنَا وَ اخْتَلَفْنَا فَقَالَ بِيعُوْهَا اَوْ ذَرُوْهَا وَهِيَ ذَمِيمَةٌ (رواه ابن جرير)

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی، اور کہنے لگی، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم ایک گھر میں رہنے لگے، حالانکہ ہم بڑے دولتمند تھے، پھر محتاج ہو گئے، اور ہمارے تعلقات بگڑ گئے اور ہم میں اختلاف پیدا ہو گئے، آپ نے فرمایا: اس کو بیچ ڈالو، یا (فرمایا) اسے چھوڑ دو! (اس میں راوی کو شک ہے، کہ حضور نے بیچ دو فرمایا یا چھوڑ دو فرمایا) اور وہ برا ہے،

**اصلاح:** ان احادیث سے عورت، گھوڑا اور مکان کی نحوست کا امکان سمجھنا غلط فہمی ہے، کیوں کہ اول تو ان حادیث کے خلاف اور روایات موجود ہیں، چنانچہ:

○ عن حكيم ابن مُعْوِيَة ...... قَدْ يَكُوْنُ الْيُمْنُ فِي الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَ الْمَرْءَةِ (ترمذی، کتاب الادب عن رسول اللہ، باب ماجاء فی الشوم:: ابن ماجہ، کتاب النکاح، مایکون فیہ الیمن والشوم)

حکیم بن مُعوِیَہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ...... کبھی گھر میں اور گھوڑے میں اور عورت میں برکت ہوتی ہے۔

○ عن قتادة عن ابى حسان اَنَّ رَجُلَيْنِ دَخَلَا عَلٰى عَائِشَةَ فَحَدَّثَاهَا اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ اَلطِّيَرَةُ فِي الْمَرْءَةِ وَ الْفَرَسِ وَالدَّارِ فَغَضِبَتْ غَضَبًا شَدِيْدًا وَ قَالَتْ مَا قَالَ اِنَّمَا قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتَطَيَّرُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ (رواه ابن جرير)

Marfat.com

قتادہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ وہ ابوحسان رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں، کہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کے پاس دو شخص آئے انہوں نے بیان کیا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبھی نحوست عورت اور گھوڑے اور گھر میں ہوتی ہے، اس پر عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا نہایت غضبناک ہوئیں اور کہا: یہ نہیں فرمایا: آپ نے تو یہ فرمایا ہے کہ اہل جاہلیت ان چیزوں سے بدشگونی لیا کرتے تھے۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

○ عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے مذکورہ بالا روایت سن کر فرمایا:

وَالَّذِیْ نَزَّلَ الْقُرْاٰنَ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَا قَالَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وآله وسلم قَطُّ اِنَّمَا قَالَ اِنَّ اَهْلَ الْجَاهِلِیَّةِ كَانُوْا یَتَطَهَّرُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ (عینی شرح بخاری جلد۶)

قسم ہے اس ذاتِ پاک کی جس نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن مجید نازل فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز یہ نہیں فرمایا، آپ نے تو فقط یہ بیان کیا تھا کہ جاہلیت میں لوگ ان چیزوں سے بدشگونی لیا کرتے تھے۔

اس کے بعد بھی اگر کسی کوتہ خیال کو یہ شبہ رہے، کہ مذکورہ بالا احادیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشیاء مذکور کی نحوست کا اعتراف فرمایا ہے، تو اس کی تشفی کے لئے ہم ایک محدث کبیر اور فقیہ جلیل کا فتوی درج کرتے ہیں، جو حدیث کے تمام دفاتر متداولہ کے بڑے عالم اور روایات کی صحت وسقم کے پورے ناقد اور حدیثوں کے محل ومعنی کو پوری طرح سمجھنے والے ہیں، جب وہ بھی ان حدیثوں کے ہوتے ہوئے، فتوی دیتے ہیں، کہ ان احادیث سے کہیں بھی کسی چیز کی نحوست ثابت نہیں، بلکہ ایسے اعتقاد کی نہی وارد ہے، تو لامحالہ ان حدیثوں کی تاویل کرنی پڑے گی، اس

Marfat.com

کے بعد بھی اگراس کی تشفی نہ ہو، تو اس کا علاج اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

گرنہ بیند بروز شپرہ چشم　　　چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

## حدیث میں کسی چیز کی نحوست مذکور نہیں......فتویٰ

سـوال

ذکر چیزے نحس نیز بحدیث شریفہ یافتہ شدہ است یانہ، امید کہ بعینِ توجہ ثبت فرمائیند۔

سوال: کیا حدیث شریف میں کسی نحس شئے کا ذکر بھی آیا ہے، یا نہیں امید ہے کہ جناب پوری توجہ سے تحریر فرمائیں گے؟

الـجـواب

شرعانحوست درچیزے نیست وفالِ بد گرفتن ودر چیزے نحوست اعتقاد کردن دراحادیث منع ازاں واردشدہ است، واللہ اعلم،

الراجی عفور رب القوی

ابو الحسنات

الجواب: ازروئے شرع شریف کسی چیز میں نحوست نہیں ہے، اور بری فال لینا اور کسی شئے میں نحوست کا اعتقاد رکھنا حدیثوں میں منع کیا گیا ہے (چہ جائیکہ ان میں ثبوت درج ہو) فتاوی مولوی عبدالحق لکھنوی۔

دوم: شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ "ما ثبت بالسنۃ" میں تحریر فرماتے ہیں:

کلمہ لاطیرہ کے بعد اِن شرطیہ اس بات پر دلالت کرتا ہے، کہ نحوست ان تینوں چیزوں میں بھی نہیں ہے، اور مراد یہ ہے، کہ اگر نحوست کا دعویٰ کہیں ہوتا، تو ان

Marfat.com

چیزوں میں ہوتا، کیوں کہ یہ چیزیں سب میں زیادہ نحوست کو اخذ کرنے والی ہیں، لیکن نحوست کا وجود تو ان میں ہے ہی نہیں، تو اس کا وجود اصلاً نہیں ہے۔

## تطبیق روایات

ان دونوں مضامین میں تطبیق اس طرح پر ہوسکتی ہے کہ بالذات تاثیر یعنی مستقل نحوست تو منفی ہے، اور تمام اشیاء میں مؤثر بالذات اللہ ہی ہے، اور اور سب چیزیں اس کی پیدائش اور تقدیر سے ہیں، اور نحوست کا ثبوت ان اشیاء میں اللہ تعالی کی جریانِ عادت کے موافق ہے کہ ان میں پیدا کر دیتا ہے وران کو عادت کے موافق سبب بنایا ہے جیسے آگ جلانے کے واسطے ہے، اب نحوست کی نفی بالذات تاثیر کی طرف پڑتی ہے، اور اس کا ثبوت وجودِ عادی کی طرف ہے۔

سوم: بعض علماء نے گھوڑے، مکان اور عورت کی نحوست کی یوں تشریح کی ہے۔

عورت کی نحوست کا مطلب یہ ہے کہ وہ بدمزاج اور تند خو ہو، اور خاوند کی تابع اور فرمانبردار نہ ہو، یا خلیق اور سلیقہ والی نہ ہو، یا اسی طرح کا کوئی اور عیب رکھتی ہو، جس سے خانگی کاروبار میں خلل واقع ہوتا ہو۔

مکان کی نحوست کا مطلب یہ ہے کہ اس کی تعمیر بے قاعدہ ہو، اور حسب منشا نہ ہو تنگ و تاریک ہو، ہوادار نہ ہو، یا کوئی اور اس طرح کا عیب رکھتا ہو، جس سے اچھے، گھر کے سے فائدے اور منافع حاصل ہوتے ہوں۔

گھوڑے کی نحوست کا مطلب یہ ہے، کہ وہ شریر اور سرکش ہو، اس کی رفتار اور چال اچھی نہ ہو، یا خوشنما اور قد و قامت میں اچھا معلوم نہ ہوتا ہو، یا کوئی اور اس طرح کا عیب رکھا ہو، جس سے وہ کاروبار کے متعلق خلل انداز ہوتا ہو۔

Marfat.com

غرض نحوست باعتبار کراہت ان اسباب کے ہے جو ان اشیاء میں شرع یا طبع کے مخالف موجود ہیں، جو کہ شرع السنۃ میں مذکور ہے، وہ اس کی تائید ہے، گویا یوں کہنا ہے کہ اگر کسی کے پاس ایسا گھر ہو جس میں رہنا مکروہ معلوم ہوتا ہے، یا بیوی ہے، کہ اس کی صحبت سے ناخوش ہے، یا گھوڑا ہے، کہ اس کو پسند نہیں آتا، تو اس کو الگ کر دے۔

اس طور کہ گھر سے نکل جائے، اور بیوی کو طلاق دیدے، اور گھوڑے کو بیچ ڈالے۔ تاکہ اس پر سے وہ کراہت جاتی رہے، جو اپنے دل میں پاتا ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کے جواب میں فرمایا تھا: جس نے آپ سے عرض کیا تھا کہ ہم ایک گھر میں تھے اس میں ہماری گنتی بہت تھی، آخر حدیث تک ہے کہ یہ برا ہے، پھر اس کو حکم فرمایا کہ اس گھر میں سے چلے جاؤ، تاکہ ان پر سے وہ کراہت جاتی رہے، جو اس کے دل میں پیدا ہوئی تھی، آپ نے یہ نہیں فرمایا: کہ نحوست اس کا سبب ہے، لہٰذا شوم اور نظر کی نفی اپنے حال پر باقی ہے۔

غرض ان تینوں چیزوں کی نحوست کے وہ معنی نہیں ہیں، جو خود غرض عالموں اور جاہلوں نے سمجھ رکھے ہیں، کہ فلاں منحوس چیز کے خریدنے سے بیٹا مر جاتا ہے، یا فلاں قسم کے مکان میں رہنے سے اسے مفلسی اور غریبی آجاتی ہے، یا اور کسی جگہ کہ وہاں کوئی سکونت نہیں رکھ سکتا، یا وہاں کوئی پنپنے نہیں پاتا، یا فلاں عورت جب سے گھر آئی ہے، بے برکتی اور بے یمنی ہوگئی ہے، یا فلاں بچہ جب سے پیدا ہوا ہے، گھر میں اور کاروبار میں نحوست آگئی ہے، یہ باتیں محض جہالت اور بے علمی کے سبب سے مسلمانوں میں رائج ہوگئی ہیں۔

## (۵) کسی نومتولد بچے کی نحوست کا عقیدہ باطلہ

بعض عامل اور جوتشی پتری دیکھ کر کہہ دیا کرتے ہیں کہ تمہارے گھر میں جو

Marfat.com

بچہ پیدا ہونے والا ہے، اس کی پیدائش کی نحوست سے تم پر فلاں آفت آئے گی، پھر اس بچہ کی نحوست کو دور کرنے کی خود ہی تدبیر بتاتے ہیں، کہ اتنی رقم دو اتنا غلہ اتنا کپڑا، اتنی فلاں چیز، اور اتنی فلاں چیز ہم کو دے دو، تو بلا ٹل جائے گی، سائل جاہل جوان ٹھگوں کی باتوں کو حرف تقدیر کی طرح اہم سمجھتا ہے، فوراً ان کی مطلوبہ چیزیں حاضر کر دیتا ہے، اور اپنا مال و متاع لٹا کر اپنی دانست میں مطمئن ہو جاتا ہے۔

**اصلاح:** کوئی بچہ اپنے ساتھ کسی قسم کی نحوست نہیں لاتا، بلکہ وہ گناہوں سے پاک پیدا ہوتا ہے، البتہ پیدائش کے بعد ایسے جاہل و مبتدع ماں باپ کی صحبت و تربیت کی نحوست اس غریب بچہ پر پڑ جاتی ہے، یہ محض ان خود غرض عاملوں کے فریب ہیں۔

اگر اتفاق سے کسی بچہ کے تولد کے بعد کوئی حادثہ ہو جائے، تو اس کو بچہ کی نحوست کا نتیجہ سمجھنا بدترین جہالت ہے، یہ واقعات اتفاقیہ ہیں، جو ہمیشہ دنیا میں وقوع پذیر ہوتے رہتے ہیں، فرض کرو زید کے گھر میں ایک بچہ پیدا ہوتا ہے، ادھر تقدیر سے اس کا گھوڑا مر جاتا ہے، ساتھ ہی اس کی بھینس بیمار ہو جاتی ہے، وہ دوسری طرف سرکاری طور سے اس پر کسی قسم کا الزام عائد ہو کر، دارو گیر کی نوبت پہنچتی ہے، اب محلہ میں گھر گھر سرگوشیاں ہو رہی ہیں، کہ زید کے گھر میں بچہ کیا پیدا ہوا ہے، گوناگوں مصیبتوں کا پیغام لے کر آیا ہے، ایسی منحوس اولاد کا منہ خدا نہ دکھائے ان کم فہم لوگوں کو اتنا سمجھنے کی توفیق نہیں کہ ایک گناہوں سے پاک و معصوم بچہ کو نحوست شامت سے کیا علاقہ زید کو اس کے اپنے اعمال کی سزا قدرت کی طرف سے مل رہی ہے، ہاں یہ اتفاق کی بات ہے، کہ اس کی سزا اور بچہ کی پیدائش ایک وقت میں جمع ہو گئیں، اس میں بچہ کا کیا قصور؟ کہ اس کو نفرت و حقارت سے دیکھا جاتا ہے، بالغرض اگر یہ بچہ پیدا نہ

Marfat.com

ہوتا یا کسی عارضہ سے اس کا حمل ساقط ہو جاتا، تو کیا زید اپنے اعمال کی سزا سے بچ جاتا؟

# (۶) عدوی، ہامہ، طیرہ، صفر غول اور نوءوغیرہ اشیاء کی نحوست

عرب کے لوگ ایامِ جاہلیت میں عدوی، ہامہ طیرہ صفر، غول اور نوء وغیرہ کو منحوس خیال کرتے تھے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوئے، تو آپ نے ان چیزوں کی نسبت فرمایا: کہ ان میں نحس وغیرہ کچھ نہیں ہے، چنانچہ وہ احادیث یہ ہیں۔

○ عن ابی ھریرہ قال قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَاعَدْوٰی وَلَا طِیَرَۃَ وَلَا ھَامَۃَ وَلَا صَفَرَ (رواہ البخاری، کتاب الطب، باب لا ھامۃ)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چھوت ہے اور نہ اُلو ہے اور نہ بدشگونی ہے اور نہ نحوست ہے۔

○ عن جابر قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا عَدْوٰی وَلَا صَفَرَ وَلَاغُوْلَ (رواہ المسلم، کتاب السلام، باب لا عدوی ولا طیرۃ ولا ھامۃ ولا صفر ولا نوء ولا غول)

جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا، کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، نہ چھوت ہے، اور نہ نحوست ہے اور نہ بھوت ہے۔

○ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لاعدوی و لا ھام ولا نوء ولا صفر (رواہ المسلم، اوپر والا حوالہ ہے)

Marfat.com

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ چھوت ہے، نہ الو ہے، اور نہ تاثیر کرنے والی منازلی قربی، اور نہ صغر ہے (مسلم)

## ہامہ کی تشریح

ہام کے معنی الو کے ہیں، مگر عرب کے زمانہ جاہلیت میں اس کا اطلاق مقتول کی روح پر ہوتا تھا، جوان کی دانست میں مقتول کے جسم سے الو کی شکل میں متبدل ہو کر اڑ جاتی تھی، اور اس وقت تک مقتول کی قبر پر یا اس کی ہڈیوں پر منڈلاتی فریاد کرتی، اور "پانی پلاؤ، پانی پلاؤ" کا غل مچاتی رہتی تھی جب تک قاتل سے بدلہ نہیں لیا جاتا تھا۔

## الو کی محبت کا خیال

عرب کے لوگ زمانہ جاہلیت میں الو کو بھی منحوس خیال کرتے تھے، ہندوستان میں بھی اس خیال کے لوگ موجود ہیں، اسی لئے بعض لوگ الو کا گھر میں آنا اور بیٹھنا منحوس سمجھتے ہیں، اسی خیال کی نسبت سعدی علیہ الرحمۃ گلستان میں ارقام فرماتے ہیں:۔

کس نیاید زیرِ سایہء بوم ورہما از جہاں شود معدوم

(اگر ہما جہان سے ختم ہو جائے تو کوئی بھی الو کے سایہ کے نیچے نہ آئے گا)

تو ہم پرست لوگوں میں مشہور ہے کہ جہاں الو بولتا ہے، وہ مقام ویران ہو جاتا ہے، چونکہ یہ جانور ویران مقامات، پرانے کھنڈرات اور قبرستانوں میں رہتا سہتا ہے، اس لئے جاہل لوگ سمجھتے ہیں، کہ ان مقامات کی ویرانی اس جانور کی نحوست کا نتیجہ ہے۔

Marfat.com

**اصلاح:** یہ خیال ان لوگوں کی ایک منطقی غلطی پر مبنی ہے وہ علت ومعلول کی ترتیب میں غلطی کھا رہے ہیں، وہ کہتے ہیں، کہ بستی اس لئے اجڑی، کہ وہاں الو جا پہنچا، یعنی انہوں نے الو کا جانا علت اور بستی کا اجڑنا معلول سمجھ لیا، حالانکہ ترتیب بالعکس ہے، یعنی الو وہاں اس لئے گیا، کہ وہ بستی پہلے اجڑی ہوئی تھی، جس کو وبا یا قحط وغیرہ قدرتی حوادث نے اس کے رہنے والوں کے اعمال بد کی شامت سے تباہ وغارت کیا تھا، اور الو ویران مقامات کو اپنے رہنےسہنے کے لئے اس لئے پسند کرتا ہے کہ دن کو اسے نظر نہیں آتا، اس لئے دن کے وقت بستی میں کوے وغیرہ مختلف جانور اور کھلاڑی لڑکے اس کو ستاتے ہیں، ویران مقام میں نہ کوئی آتا ہے، نہ اس کو ستاتا ہے پس حقیقت یہ ہے، کہ بستی کا اجڑنا علت تھی، وہاں جانا معلول، الو نے بستی کو نہیں اجاڑا، بلکہ اجڑی ہوئی بستی نے اپنی طرف بلالیا، کہ یہاں آجاؤ، امن سے رہو گے پس بستی کی ویرانی میں الو کی نحوست کا دخل نہیں، بلکہ یہ اس کے رہنے والوں کی بداعمالی کی نحوست کا اثر ہے۔

ابر نا ید از پے منع زکات          وز زنا افتد وبال اندر جہات

(زکوۃ روکنے کی وجہ سے بارش نہیں ہوتی اور زنا کی وجہ سے تمام جہتوں میں وبال پڑتا ہے)

## غول کی تشریح

غول بھوت کو کہتے ہیں، مطلب یہ ہے کہ عرب کے لوگ ایامِ جاہلیت میں سمجھتے تھے کہ مرا ہوا انسان بھوت ہو جاتا ہے، اور وہ جو شکل چاہے، اختیار کر سکتا ہے، اور وہ جس کو چاہتا ہے، مار ڈالتا ہے، چنانچہ ہندوستان میں بھی بعض جہلاء ایسا ہی عقیدہ رکھتے ہیں۔

Marfat.com

# بھوت کی تحقیق

بھوت ہندی لفظ ہے، جس کے معنی زمانہ گذشتہ کے ہیں، ہر گذشتہ چیز کو بھوت کہتے ہیں، اور اسی معنی کے لحاظ سے مرے ہوئے آدمی کو بھوت کہتے ہیں، عام اس سے کہ وہ نیک اعمال ہو، یا بد، مگر عرف عام میں اس مرنے ہوئے آدمی کا نام ہے جو بداعمال یا بحالت ناپاکی مرا ہے، اس کی روح ہر طرف بھٹکتی، آوارہ پھرتی اور زندہ لوگوں کو ستاتی رہتی ہے، وہ روح ایسی ذی اختیار ہو جاتی ہے، کہ جب چاہے وجودِ ظاہری اختیار کرے، اور جب چاہے غائب ہو جائے، وہ زندہ آدمی کے جسم میں حلول کر جائے، اور بڑی قوت کے کام جو انسانی طاقت سے خارج ہوں کر گذرے۔

بھوت پریت کے معتقد اس امر کی شہادت بھی پیش کرتے ہیں، کہ ہم نے اپنے کانوں سے بھوت کی آواز سنی، اور اپنی آنکھوں سے اسے دیکھا، کسی نے اس کو سر بریدہ دیکھا اور کسی نے الٹے پاؤں والا، اور کسی نے بڑے بڑے دانتوں والا سیاہ رنگ کا کبھی بھیڑ کے بچے کی شکل، اور کبھی بکری اور بھینسے کی صورت میں دیکھا، کہیں وہ چھلاوہ کی صورت میں جلوہ کرتا ہے، اور کہیں بلند ہوتے اس کا سر آسمان سے لگ جاتا ہے، بہت سے آدمیوں نے اس کو عورتوں کے سر پر چڑھے ہوئے دیکھا ہے، بعض بھوتوں نے اپنا نام بقید ولدیت وسکونت بتا دیا ہے، بلکہ مزید براں اپنے بھوت ہونے کی وجہ کہہ دی، علی العموم ان کی سکونت ویران مکان، ٹوٹی ہوئی پرانی قبریں، مرگھٹ، ویران باؤلیاں، اندھے کنویں، انار کے درخت، خالی برج فصیلوں کے غیر آباد گرگج اور مہریاں قرار دی گئی ہیں۔

بھوت کا ظہور دو طرح کا بیان کیا جاتا ہے، ایک زندہ آدمی میں حلول کر دوسرا خارج میں باشکال مختلفہ

Marfat.com

اول: میں اس امر پر بحث کی جاتی ہے کہ آیا بھوت بذاتہ مادی ہے، یا غیر مادی، اگر مادی ہے، تو اس چیز کا ظہور جسم انسان میں کیوں کر ہوتا ہے، جبکہ پہلے اس قسم کی غیر مادی چیز جسم میں موجود ہے۔

مثلاً حرارت جو انسان کے جس میں ننانوے درجہ بموجب تھرمامیٹر کے ہے، اگر ہم اور حرارت داخل کریں، تو دو حرارتیں ظاہر ہے کہ باہم مل جائیں گی، اسی طرح بھوت وغیرہ کی روح زندہ آدمی کی روح سے مل کر ایک کیوں نہیں ہو جاتی، اگر یہ کہا جائے کہ اوپر سایہ پڑتا ہے تو بھی یہ سمجھ میں نہیں آتا، کہ بغیر داخل ہوئے جن یا بھوت کی روح انسان کے ہر عضو اور آلہ آواز پر قابو کیوں کر پا لیتی ہے، عموماً ایسی باتیں کہ کسی کے سر پر جن آسیب بھوت پری کا سایہ ہے طب کی لاعلمی کی وجہ سے پوشیدہ امراض کے اثرات اور نتائج کو کسی قسم کا سایہ تصور کیا جاتا ہے، فریب اور دھوکہ دہی کے یہ معنی ہیں کہ کچھ روپیہ حاصل کرنے یا ناجائز خواہشات کی تکمیل کا ذریعہ بنایا جاتا ہے شرفاء میں یہ باتیں بہت کم ہو گئی ہیں، مگر ارذل اقوام میں بہت شدومد سے جاری ہیں، ان کے ہاں مرنے کے بعد سوکن کا لپٹنا لازمی ہے، کوئی بچہ، عورت، یا مرد اُن کے ہاں بغیر جادو کے اثر کے مرتا ہی نہیں، قاعدہ ہے کہ ہر شخص کا کوئی نہ کوئی دشمن ضرور ہوتا ہے۔ مرنے والے کے رشتہ دار یہ سمجھتے ہیں، کہ دشمن نے یوں بٹھا کے مار ڈالا ہے، فلاں بھوت اسے اپنے ساتھ لے گیا۔

**اصلاح:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

انسان مرنے کے بعد بھوت نہیں ہو جاتا، اور نہ ہی وہ منحوس ہو جاتا ہے، البتہ اپنے اعمال وافعال کے لحاظ سے تا قیامت عذاب وثواب میں مبتلا ضرور رہتا ہے۔

Marfat.com

غرض اسلام کو ان فضول اور دور از عقل باتوں سے کوئی بھی تعلق نہیں ہے، اس قسم کے مہمل خیالات جو کم عقلوں کے لئے بھوت، پریت، جن، بلا، چڑیل، آسیب وغیرہ بن جاتے ہیں، دور کرنے کے لئے اسلام نے ہدایت کی ہے، کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہئے، وہی اس لاعلاج مرض سے نجات دے گا، اور ان اوہامِ باطلہ کا ازالہ اسی کی پناہ میں آنے سے ممکن ہے۔

## نوء کی تشریح

جامع الاصول کی شرح میں ہے کہ نوء اٹھائیس ستارے ہیں، سو وہ منازل ہیں اس میں سے غرب میں تیرھویں رات کو طلوع فجر کے ساتھ ایک منزل ڈوب جاتی ہے، اور دوسری منزل اس کے مقابل کی نکل آتی ہے، سو یہ اٹھائیس کے اٹھائیس ستارے سال کو پورا بنا دیتے ہیں، اور عرب کہا کرتے تھے، کہ ایک منزل کے ڈوبنے اور اس کے مقابل کے نکلنے سے مینہ برستا ہے، سو عرب مینہ کو منزل کی طرف نسبت کرتے تھے، اور یہ کہا کرتے تھے کہ فلانی منزل کے سبب سے ہم پر مینہ برسا۔

**اصلاح:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اعتقاد سے منع فرمایا کہ مینہ کو اس کی طرف نسبت کرنا شرک ہے، چنانچہ اس مضمون کی ایک حدیث پیچھے گذر چکی ہے۔

## صفر کی تشریح

ابن اثیر نہایہ میں کہتے ہیں کہ صفر عرب کے گمان میں پیٹ کے اندر سانپ ہوتا ہے۔

انسان کو بھوت کی حالت میں کاٹتا ہے، اور ستاتا ہے اور یہی مرض میں تجاوز

Marfat.com

کرتا ہے۔

کرمانی شرح صحیح بخاری میں ہے: صفر پیٹ کے اندر سانپ ہوتا ہے، عرب یہ سمجھتے ہیں کہ وہ بارش لئے زیادہ تجاوز کرنے والا ہے۔

طیبی شرح مشکوۃ میں ہے: عرب کہتے ہیں کہ وہ سانپ بھوک کے وقت کاٹتا ہے اور بھوک کے وقت جوالم ہوتا ہے، سو وہ اس کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ شرح صحیح مسلم میں لکھتے ہیں کہ صفر پیٹ میں کیڑے ہوتے ہیں اور وہ ایسے کیڑے ہیں، کہ بھوک کے وقت جوش میں آتے ہیں، اور بعض وقت مار ڈالتے ہیں۔

نہایہ میں ہے کہ صفر کیڑا ہوتا ہے، جو جگر میں اور پسلیوں کی ہڈیوں کے سرے میں پیدا ہوتا ہے، سو اس سے آدمی نہایت زرد ہو جاتا ہے، اور بعض وقت اس کو مار ڈالتا ہے۔

جامع الاصول میں ہے، کہ ابوداؤد کہتا ہے کہ میں نے ایک شخص سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ صفر ایک درد ہے جو پیٹ میں اٹھتا ہے، وہ خیال کرتے ہیں، کہ یہ متعدی ہے۔

نہایہ میں ہے کہ اس سے مراد ماہ محرم کو صفر سے مؤخر کر دینا، اور صفر کو وہ ماہ محرم ٹھہرا دینا ہے محدثین کے نزدیک صفر سے مراد وہ مہینہ ہے جو محرم کے بعد آتا ہے۔

غرض صفر کی تشریح میں مختلف اقوال ہیں، خلاصہ ان کا تین امور پر ہے، یا تو مشہور مہینہ یا پیٹ کے اندر کا کیڑا، یا تقدیم وتاخیر ماہ۔

غرض اس مہینے کو عرب کے لوگ منحوس سمجھتے تھے، ہندوستان میں بھی جاہل لوگ بالخصوص مستورات منحوس جانتی ہیں، اور اس ماہ کا نام انہوں نے تیرہ تیزیاں رکھا ہوا ہے، اسی واسطے ان دنوں بیاہ شادی وغیرہ خوشی کی رسم کبھی نہیں کرنے دیتے، وجہ

Marfat.com

تسمیہ ان کے نزدیک یہ ہے کہ اس مہینے کے پہلے تیرہ روز تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت بیمار تھے، گویا تیرہ روز تیزی کے ہیں، اور یہ نام ملکہ نور جہاں بیگم کی ایجاد ہے جو اس بات کی دلیل ہے، کہ اس قسم کی بدعات کی موجد زیادہ عورتیں ہوتی ہیں۔

بعض عاملوں نے کتب عملیات میں ماہ صفر کے بارے میں آفات وبلیات کا آسمان سے بکثرت نازل ہونے کا ذکر لکھا ہے، اور ان سے محفوظ رہنے کے لئے روحانی علاج ادعیہ وغیرہ سے بتلایا ہے علی ہذا اُن میں آخری چہار شنبہ (بدھ) کے فضائل بھی درج ہیں۔

اصلاح: یہ سب علاج غیر معتبر اور بے سند ہیں کسی صحیح اور مستند کتاب میں، ان امور کا ذکر نہیں ہے، یہ عاملوں کا اپنا گھر کا ساختہ پرداختہ علاج ہے، شرع شریف سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرما دیا: کہ یہ مہینہ منحوس نہیں ہے، تو پھر کون مسلمان اور حضرت کا نام لیوا ہو کر یہ کہنے کی جرءت کرسکتا ہے، کہ یہ مہینہ منحوس ہے، اور پھر اس کا علاج بھی تجویز کرے۔

خلاف پیمبر کسے راہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

جس کسی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف راہ پر چلنا چاہا وہ ہرگز منزل تک نہ پہنچ پائے گا۔

## عدوی کی تشریح

عدوی کہتے ہیں چھوت کو، یعنی ایک بیماری کا دوسرے کو لگ جانا چھوت کے متعلق اطباء میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ مرض متعدی نہیں ہوتا، اور بعض کہتے ہیں کہ تجربہ سے ثابت ہوا کہ بعض بیماریاں متعدی ہوتی ہیں، مثلاً خارش، جذام، طاعون، چیچک، سرخ بادہ، گندہ دہنی، موسمی بخار، اور زکام وغیرہ۔

Marfat.com

**اصلاح:** یہ بھی محض وہم ہے، کیوں کہ اگر حقیقت میں یہ امراض متعدی ہوتے ،تو یہ ضروری اور لازمی ہوتا، کہ ایک گھر یا ایک شہر کے سب لوگ ان میں مبتلاء ہوجاتے ،اور کوئی بھی نہ بچ سکتا، لیکن مشاہدہ اس کے خلاف ہے۔

عن ابی ھریرہ قال:قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوٰی وَلَا صَفَرَ وَلَاهَامَةَ۔ فَقَالَ اَعْرَابِیٌّ: یَارَسُوْلَ اللهِ! فَمَابَالُ اِبِلٍ تَكُوْنُ فِی الرَّمْلِ كَاَنَّهَا الظِّبَاءُ فَيَاْتِی الْبَعِيْرُ الْاَجْرَبُ فَيَدْخُلُ فِيْهَا فَيُجْرِبُهَا ؟ قَالَ فَمَنْ اَعْدَی الْاَوَّلَ (رواہ البخاری ومسلم وابو داوٗد)(جامع الاصول من احادیث الرسول ،کتاب الطیرۃ والفال الخ :: الجمع بین الصحیحین ،المتفق علیہ من مسند ابی ھریرۃ الدوسی )

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ عدوی ہے نہ ہامہ ہے اور نہ صفر۔ یہ سن کر ایک اعرابی نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا حال ہے ان اونٹوں کا جو ریگستان میں ہرن کی طرح پاک و صاف اور صحیح وتندرست ہوتے ہیں، ان میں ایک خارشی اونٹ آجاتا ہے تو وہ دوسروں کو بھی خارشی کردیتا ہے؟

آپ نے فرمایا: بھلا یہ تو بتلاؤ کہ پہلے خارشی اونٹ کو کس نے خارشی کیا؟

مطلب یہ ہوا کہ جس نے پہلے اونٹ کو خارشی کیا تھا، اسی کی طرف باقی اونٹوں کے خارش ہونے کو کیوں نہیں منسوب کیا جاتا۔

## اعتراض

بعض احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ جذامی سے نفرت کرو!

عن ابی ھریرۃ قال قَالَ رَسُوْلُ اللهِ : صلی اللہعلیہ وسلم لَا عَدْوٰی

Marfat.com

وَ لَاطِيَرَةَ وَ لَاهَامَةَ وَ لَاصَفَرَ وَفِرَّمِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ (رواہ البخاری، کتاب الطب، باب الجزام)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: متعدی بیماری کوئی چیز نہیں اور ان میں کوئی نحوست نہیں اور صفر میں کوئی نحوست نہیں اور کوڑی سے اس طرح بھاگو جس طرح شیر سے بھاگتے ہیں۔

## جواب:

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ممانعت محض بوجہ وفورِ شفقت ہے، کیوں کہ منظور یہ ہے کہ، عقیدہ عدوی کا سدِ باب کر دیا جائے اور جو امور اس عقیدہ کا سبب اکثر کمزور طبائع کے لئے بن جاتے ہیں، ان سے بھی روک دیا جائے، مثلاً، کوئی شخص کسی کوڑھی کے ساتھ نشست برخاست رکھتا تھا، اور قضائے الٰہی سے اسے بھی کوڑھ ہو گیا، تو ممکن ہے، کہ خود اس شخص کو یا کسی دوسرے ضعیف الاعتقاد کو یہ شبہ پیدا ہو کہ اس چھوت کے سبب سے ایسا ہوا، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کہ یہ لوگ شرکِ خفی کے دریا میں غرقاب نہ ہو جائیں، ورنہ اگر شبہ کے پیدا ہونے کا احتمال نہ ہو، تو پھر کوڑھی کے ساتھ نشست و برخاست کرنا ممنوع نہیں چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ جَابِرٍ اَنَّهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَهَا مَعَهٗ فِي الْقُصْعَةِ: فقال: كُلْ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَ تَوَكُّلًا عَلَيْهِ (مجالس الابرار مجلس ۳) (مسند ابن ابی شیبہ، ترمذی، باب الاکل مع المجذوم، مسند ابی یعلی، باب مسند جابر،)

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جذامی کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اپنے ساتھ کھانا کھلانے کے لئے پیالے میں ڈال دیا

Marfat.com

اور فرمایا: اللہ تعالی پر یقین رکھتے ہوئے اور اس پر بھروسہ کرتے ہوئے۔

غرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوڑھیوں کے ساتھ کھانے کی وجہ یہ تھی، کہ آپ یقین کرتے تھے، کہ اللہ تعالی کے حکم کے بغیر کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی۔

## طیرہ کی تشریح

طیرہ بدشگونی کو کہتے ہیں، چنانچہ کرمانی شرح صحیح بخاری میں ہے، کہ عرب کے لوگ ایامِ جاہلیت میں جب کسی اہم بڑے کام کے لئے اپنے گھر سے باہر نکلتے تھے، تو کسی پرندے کو اڑاتے تھے، اگر وہ پرندہ حسنِ اتفاق سے داھنی طرف اڑتا تو فال نیک سمجھتے، اور اگر بائیں طرف اڑتا تو منحوس جان کر لوٹ آتے، یا اسی قسم کی کوئی اور حرکت کرتے تھے۔

ہندوستان میں بھی ایسے جاہل لوگ پائے جاتے ہیں، چنانچہ راقم الحروف نے بہ چشمِ خود جاہلوں کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے، مثلاً اگر کسی کے ہاں نئی بہو بیاہی آئی، یا نیا ملازم نوکر رکھا گیا، یا نیا جانور خریدا گیا، یا لڑکا پیدا ہوا، اتفاق سے اسی عرصہ میں کسی قسم کا کوئی نقصان ہو گیا، تو بس یہ یقین ہو گیا، کہ یہ نقصان اس کی منحوس قدمی کی وجہ سے ہی ہوا ہے، گویا قضیہ اتفاقیہ قضیہ لزومیہ کے حکم میں قرار دے لیا گیا علی ہذا اگر سفر یا کسی خاص کام کو جاتے وقت کسی نے روک دیا، یا کوئی جانور بول اٹھا، یا کتا رو یا، یا بلی راستہ کاٹ گئی، یا کوئی کانا یا گنجا یا کوئی مُلاّ یا برہمن سامنے آ گیا، یا اتفاق سے کسی کو چھینک آ گئی تو پھر اس امر پر ایمان لے آئے، کہ اب یہ کام ٹھیک نہیں ہوگا۔

بعض جاہل جب سفر کے لئے گھر سے باہر جانے لگتے ہیں، تو اپنے زعم کے مطابق شگون نیک کا سامان مہیا کرتے ہیں، اس طرح کہ مہترانی کو کہتے ہیں کہ دروازے کے باہر کھڑی رہو یا کسی کو پانی کا بھرا ہوا مٹکا لے کر کھڑا کیا جاتا ہے، گویا یہ

Marfat.com

نیک فال سمجھے جاتے ہیں، ان کا سب سے پہلے ملنا سفر کو کامیاب بنا دیتا ہے۔

**اصلاح:** یہ محض کفار کی جہالت اور غلط فہمی تھی، جو انہوں نے ان امور کو شوم ونحس قرار دے رکھا ہے، لیکن مسلمانوں کی حالت پر سخت رنج اور افسوس آتا ہے، کہ انہوں نے بھی کفار کے لغو مخترعات پر اپنے عقائد کو وابستہ کر لیا، اور اللہ تعالی اور اس کے رسول مقبول کی اس مقدس تعلیم کی طرف جو ان سارے فاسد عقائد کی سرے سے بیخ کنی کر رہی ہے، کبھی التفات نہ کی، سنئے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے:

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلطِّيَرَةُ شِرْكٌ قَالَهُ ثَلٰثًا وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ (رواہ ابوداؤد)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدشگون لینا شرک ہے، اور آپ نے تین بار فرمایا (پھر ابن مسعود نے اپنی طرف سے کہا) اور ہم میں کوئی ایسا نہیں (کہ طیرہ کا خیال اسے نہ آئے) مگر اللہ اس کو توکل کی برکت سے دو کر دیتا ہے۔ (تفسیر قرطبی، تفسیر ابن کثیر، سورۂ یوسف ۱۰۵، ::)

دیکھئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شگون لینے کو بار بار فرمایا کہ یہ شرک ہے، تاکہ لوگ اس عادت بد کو چھوڑ دیں، مگر افسوس ہے کہ مسلمان آپ کے فرمان واجب الاذعان کی طرف مطلق توجہ نہیں کرتے، اور شرکیہ افعال سے باز نہیں آتے۔

خلاف پیمبر کسے راہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

بعض جاہل خاص تاریخوں دنوں، مہینوں میں سفر کرنا منحوس خیال کرتے ہیں، اور حتی المقدور ان دنوں میں سفر نہیں کرتے۔

Marfat.com

یہ باطل عقیدہ ہندوؤں سے مسلمانوں میں آیا ہے، ہندو لوگ وسوسوں کے معتقد ہیں جس کی رو سے خاص خاص ایام میں خاص خاص سمتوں کی طرف سفر کرنا مضر سمجھا جاتا ہے، یہ خیال سراسر غلط ہے، کیوں کہ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ محض مشیتِ ایزدی سے ہو رہا ہے، لَا تَتَحَرَّكُ وَرَقَةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ، یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ایک پتا بھی ہل نہیں سکتا۔

غرض شرع شریف میں نہ کوئی آدمی منحوس ہوتا ہے، اور نہ کوئی چرند پرند اور نہ کوئی حجر و شجر، اور نہ کوئی دن اور تاریخ، اور نہ ہی کوئی ستارہ اور شمس و قمر بلکہ جب کسی کو کوئی تکلیف اور مضرت پہنچتی ہے تو کسی کی نحوست سے نہیں پہنچتی، بلکہ اس کے خود اپنے اعمال کی شامت سے اور اللہ تعالیٰ ہی کے پہنچانے سے پہنچتی ہے۔

اس امر کا ماننا کہ بعض ایام میں سفر کرنا اچھا ہے، اور بعض میں منحوس، گویا اس بات کا اقرار کرنا ہے کہ زمانہ کے بعض حصے مبارک ہیں اور بعض منحوس۔

## زمانہ کی تعریف

زمانہ ایک دراز اور غیر قائم مدت کا نام ہے، جس کی مقدار افلاک اور ستاروں کی رفتار سے معلوم ہوتی ہے، باقی زمانہ فی نفسہ ایک امر واحد اور متشابہ الاجزاء ہے جس میں بندوں کے افعال واقع اور صادر ہوتے رہتے ہیں، پس زمانے کا شوم اور حسن اگر ہے، تو باعتبار افعالِ عباد ہے، فی نفسہ نہ اس میں شوم ہے اور نہ سعد زمانہ کے جس حصہ میں انسان کو طاعت اور عبادت کی توفیق ہے، اسی کو سعد اور مبارک کہیں گے، اور جس حصہ میں ان امور کی توفیق نہیں تو وہی منحوس خیال کیا جائے گا، باقی حقیقت میں یمن اور سعد طاعت اور فرمانبرداری سے ہے، اور شوم اور نحوست ارتکاب معاصی ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ زمانہ کا منحوس اور مبارک ہونا محض ایک اعتباری

Marfat.com

اور فرضی امر ہے، فی ذاتہ زمانے کے اجزاء کو شوم اور یمن میں کوئی دخل نہیں، یہ عقلی مسئلہ ہے، کہ موثر الاشیاء وہی چیز ہوگی، جس کا ثبوت واقعی اور نفس الامری ہو اور وہ چیز جس کا وجود یا تحقیق محض فرضی اور اعتباری ہو، جو ہر وقت فرضِ فارض اور اعتبارِ معتبر کے تابع ہو، بھلا کیا خاک مؤثر ہوگی، اور اگر بالفرض تھوڑی دیر کے لئے تسلیم بھی کر لیا جائے، تو ایسی بے اصل اور ضعیف شئے کا جیسا کچھ قوی اثر ہوگا، اس کا اندازہ بھی اہلِ عقل پر مخفی نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ زمانہ کا مبارک اور منحوس ہونا بذاتہ کوئی چیز نہیں، صرف ایک وہمی اور ایک فرضی خیال کی موافقت ہو جاتی ہے، تو پھر یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ واقعی ایسا ہی ہے، اگر فلاں فلاں اوقات میں فلاں کام کیا جائے گا، تو ضرور پورا ہوگا، ورنہ نہیں غرض مسلمان کو شگونِ بد وغیرہ کی کوئی اصلیت نہیں سمجھنی چاہئے، بلکہ ہر مصیبت اور ہر بلا کے وقت صابر اور عیش و آرام کی حالت میں شاکر رہنا چاہئے اور اس امر پر سچے دل سے ایمان لانا چاہئے، کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مؤثر حقیقی نہیں ہے، جو کچھ دنیا میں ہوتا ہے، اس کی مرضی سے ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں پر اگر کسی وقت کوئی مصیبت بھی پڑ جاتی ہے تو وہ یہ خیال کرتے ہیں، کہ ہمارے پیارے محبوب کی اس وقت یہی خوشی ہے ہمارے سر اور آنکھوں پر ہمارے لئے اس میں راحت ہی راحت ہے، کیوں نہ ہو سچا عاشق وہی ہے، جو اپنی تمام خواہشوں کو معشوق کی خواہش کے طابع کر دے بقول شخصے

صابر ہیں ہر ستم پر راضی ہیں ہر جفا پر
ہم ہیں تمہارے عاشق صبر و رضا کے بندے

جب انسان کو یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے، اس وقت اس کے سامنے یہ توہمات لغو اور شرک وغیرہ سب دور ہو جاتے ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی

Marfat.com

یاد سے ایک دم غافل رہنا اور غیر اللہ کے پاس جا کر التجاء کرنا شرک اور ہزار موت سے بڑھ کر ہے۔

ہردم چو بے دانایاں نتواں گرفت یاری　　مائیم وآستانش تاجاں زتن برآید

الحاصل جب کوئی مصیبت آجائے، یا کسی قسم کا مالی نقصان ہو جائے، تو اسے اپنی شامت اعمال خیال کر کے بدرگاہِ رب العالمین نادم ہو کر اپنے سابقہ اور موجودہ گناہوں سے خلوص دل سے توبہ واستغفار کرنی چاہیے، اور آئندہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے گناہوں سے بچنے کی توفیق مانگنی چاہیے، اور اس سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا (سورہ طلاق/۲)

اور جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات کی سبیل یعنی آسانیاں پیدا کر دیتا ہے۔

## شگون بد کے منہی عنہ ہونے کی علّت

بدشگون کے منہی عنہ ہونے کی وجہ اور علت جو راقم الحراف کی ناقص رائے میں آتی ہے، وہ یہ ہے کہ ایسے امور کے یقین کرنے سے چندروز کے بعد بتدریج انسان کو انہیں امور پر کامل بھروسہ اور پورا اطمینان ہو جاتا ہے، جس کا مہلک اور برنتیجہ کسی وقت میں یہ پیغام ہوتا ہے، کہ وہ قومی تعلقات جو ہر بندے کو اپنے حقیقی مالک کے ساتھ ہونے چاہئیں، آہستہ آہستہ ضعیف ہوتے اور گھٹتے جاتے ہیں، اور جس قدر تعلقات مبدءٔ فیاض کی جانب سے کم ہوتے جاتے ہیں فطرتی طور پر قلوب میں اسی قدر بجائے نور کے ظلمت اور تاریکی ترقی کرتی جاتی ہے، کیوں کہ دو مختلف اور متضاد چیزوں کا ایک وقت میں ایک جگہ جمع ہونا یقینی طور پر محال ہے، لہٰذا جب ان

Marfat.com

سے ایک زائل ہوگی، تو اس کے مقابل والی دوسری چیز ضرور پیدا ہوجائے گی، غرضیکہ چند دنوں میں انسان کے اپنے معبود کے ساتھ تعلقات منقطع ہوجاتے ہیں، اور اس کی وجہ سے اس کا تمام قلب سیاہ و تاریک ہوجاتا ہے، جس سے وہ ان غیبی امور کا جن کی حقیقت پر ایمان لانا ضروری ہے، قطعی منکر ہوجاتا ہے، کیوں کہ اس کے دل میں یہ امر پورے طور سے پختہ ہوجاتا ہے، کہ نظام عالم کی بعض اشیاء میں اجرام علویہ کو دخل ہے اور بعض میں اجسام سفلیہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ بھی نہیں ہوتا، اور بارش اس وقت ہوتی ہے، جب فلاں ستارہ فلاں برج میں جاتا ہے، ایسے ہی فلاں چیز کی موجودگی میں فلاں چیز کو دخل ہونا قطعی دلائل سے باطل ہوچکا ہے، مؤثر خیال کرنے لگتا ہے۔

## اللہ تعالیٰ ہی نفع و ضرر کا مالک ہے

تمام ظاہری اسباب سے اپنی نظر کو آگے بڑھا کر مسبب الاسباب پر اپنی نظر کو جمانا چاہیے، اور اس بات کا یقین رکھنا چاہیے، کہ تمام علل اور اسباب خالق کے ارادے اور اس کی قدرت کے ساتھ وابستہ ہیں، اور یہ اسباب بذاتِ خود اس کے اذن کے بغیر کچھ بھی ضرر و نفع نہیں پہنچا سکتے، وہی کسی کے دل میں ڈالتا ہے، کہ تم سے احسان کرے، اور کسی کے دل میں ایسا خیال پیدا کر دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ تمہارے ساتھ برائی کرنے پر آمادہ ہوجاتا ہے۔

گر گزندت رسید ز خلق مرنج — کہ نہ راحت رسد خلق نہ رنج
از خدا داں خلافِ دشمن و دوست — کہ دل ہر دو در تصرف اوست
گرچہ تیر از کماں ہمے گذرد — از کماں دار بیند اہلِ خرد

(۱) اللہ تعالیٰ سورہ یونس رکوع ۱۱ میں ارشاد فرماتا ہے:

Marfat.com

☆ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ ○ (سورہ یونس/ ۱۰۷)

اور اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی تکلیف پہنچائے تو سوائے اس کے اور کوئی بھی اس کو دور نہیں کرسکتا، اور اگر وہ تمہارے حق میں بھلائی کرنا چاہے تو کوئی بھی اس کی مہربانی کو دور نہیں کرسکتا۔

○ (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا: اے لڑکے اگر تمام لوگ اکٹھے ہو کر تم کو نفع پہنچانا چاہیں، اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مقدر نہ کیا ہو، تو وہ ہرگز تم کو نفع نہیں پہنچاسکیں گے، اسی طرح اگر وہ سب اکٹھے ہو کر تم کو کوئی تکلیف پہنچانا چاہیں، جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تقدیر میں نہیں لکھی ہے، تو وہ ہرگز تم کو کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچاسکیں گے، الخ (ترمذی ومشکوۃ) (اربعین نووی:: جامع الاحادیث، مسند عبداللہ بن عباس)

## فصل ششم

# رمل نجوم جفر وغیرہ علوم محظورہ کا استعمال

پیشہ ور عاملوں میں سے پچانوے فیصد عامل توہم پرست مردوں عورتوں کی ضعیف الاعتقادی سے مالی فائدہ اٹھانے کے لئے رمال اور منجم بھی بن جاتے ہیں، کیوں کہ یہ عامل جانتے ہیں، کہ ان عقل کے اندھے اور گانٹھ کے پورے لوگوں کو اپنے دام تسخیر میں لانے کے لئے، دوطرفہ گھیراڈالنا خوش تدبیری میں داخل ہے، پہلے نجوم ورمل کی کتاب نکال کر بتایا، کہ طالع ایسا ہے، اور تیرا انجام اس طرح خطرناک ہے، جب وہ خطرہ کے خوف سے لرزہ براندام ہوگیا (یا ہوگئی) اور ہاتھ جوڑ کر عرض

Marfat.com

کرنے لگا (یا لگی) کہ حضرت جی! کسی طرح اس خطرہ کو دور کیجئے تو جھٹ اپنی بھینٹ کی شرائط اس سے منوا کر تعویذات کی کتاب کھول کر نقش لکھ دیا، مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا ہے:

تا کہ احمق باقی است اندر جہاں  مردِ عاقل کے شود محتاج ناں

یعنی جب تک بے وقوف لوگ دنیا میں زندہ وسلامت موجود ہیں، چالاک آدمی بھوکا نہیں مرتا۔

اس فصل میں رمل ونجوم وغیرہ کے علوم باطلہ کے متعلق شرعی نقطہ نظر سے بحث کی جائے گی۔

## (۱) علم غیب اور انسان کی اس کے لئے بے صبری

یہ بات انسان کی سرشت میں داخل ہے، کہ وہ کسی بات کے انتظار میں صبر کر کے زیادہ کام نہیں لے سکتا، اس کے مرتعش ہاتھوں میں صبر کا پیمانہ ہمیشہ چھلکتا رہتا ہے، وہ چاہتا ہے، کہ اپنی بے صبری کے جھونکوں سے دفتر قدرت کا ایک ایک ورق الٹ دے، اور دیکھے اس کے اندر کیا ہے، مجموعی طور پر اولادِ آدم کی مثال اس طالب علم کی سی ہے جس نے یونیورسٹی کا امتحان دیا ہے، لیکن اس سے یہ نہیں ہوسکتا کہ کچھ عرصہ صبر وسکون سے کام لے تا کہ ایک دن نتیجہ شائع ہو اور معلوم ہو جائے کہ وہ امتحان میں کامیاب ہوا، یا ناکام، بلکہ وہ ہر وقت اسی فکر میں رہتا ہے، کہ کسی طرح مجھے اپنی کوششوں کا نتیجہ تاریخ معینہ سے پیشتر معلوم ہو جائے وہ اپنے امتحان کا پرچہ لے کر ایک ایک ساتھی طالب علم سے اس کا مقابلہ کرتا ہے، وہ اپنے جوابات کی صحت جانچنے کے لئے کتابوں کی اوراق گردانی کرتا ہے، وہ اپنے اساتذہ کے مکانوں کی خاک چھانتا ہے، اسے اس بات کا یقین کامل ہے، کہ ایک دن نتیجہ ضرور شائع ہوگا

Marfat.com

لیکن وہ تاریخ معینہ کا صبر کیساتھ انتظار نہیں کرسکتا۔

انسان کا علم بہت محدود ہے، اسے یہ خبر نہیں، کہ ایک ساعت کے بعد کیا ہونے والا ہے، لیکن وہ اپنے مستقبل کا حال معلوم کرنے کے لئے ہمیشہ بے چین رہتا ہے، اسے اتنا صبر نہیں کہ وہ اپنے مستقبل کے حالات سے بے، پرواہ ہو کر علیحدہ رہے، اور یہ سمجھ لے کہ جو کچھ ہونے والا ہے، وہ ایک دن ہو کر رہے گا، اور خود اس کے سامنے آجائے گا، بلکہ وہ یہ چاہتا ہے، کہ اسے مستقبل (آئندہ زندگی) کا عمل آج ہی معلوم ہو جائے ...... مثلاً اس کی شادی کب ہوگی؟

کتنے بچے ہوں گے؟ اس کی صحت کیسی رہے گی؟

اس کے معاملات کا انجام کیا ہوگا؟ اس کی عمر کیسی گذرے گی؟

یہ وہ سوالات ہیں جو عام طور پر حضرت انسان کے دماغ میں گشت کرتے ہیں، وہ ہر وقت اس چکر میں رہتے ہیں کہ کسی طرح اس روزن میں سوراخ کر کے جو قدرت نے ان کی نگاہ کے سامنے حائل کر دی ہے، عروس مستقبل کا خوش آئند کا نظارہ کرلیں، علم غیب تو سوائے علام الغیب کے کسی کو نہیں (اس پر مولانا صالح صاحب کی انتہائی تحقیقی کتاب شائع ہو چکی ہے، جس میں آپ نے بدلائل ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالی جسے چاہے رسولوں میں سے علم غیب عطا کر دیتا ہے، لہذا اس کی تفصیل مولانا کی تحقیق سے اس کتاب ''علمِ غیبِ رسل،، میں ملاحظہ فرمائیں، محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)، لیکن عامل کہتے ہیں کہ اللہ تعالی انسان کو چند اشارات ضرور بتلا دے ہیں، جن سے وہ اپنی تشنگی شوق بجھا سکے، انہیں مخفی اشارات کے سنگِ اساس پر بے صبر اولادِ آدم نے اپنے مستقبل کے حالات معلوم کرنے کے لئے مختلف علوم کا عالیشان قصہ تیار کیا ہے، علم الاعداد، علم نجوم، جوتش، رمل، جفر، سارک، تعبیر، سرو بلا و غیرہ سب اسی زنجیر کی کڑیاں ہیں۔

Marfat.com

# حالات مستقبلہ کے مخفی معنی کی حکمت

اگر بصیرت کاملہ سے کام لیا جائے، تو صاف نظر آتا ہے، کہ مستقبل کے حالات کا انسانی درک (پہنچ و سمجھ) سے مخفی رہنا حکمتِ الٰہیہ کے مقتضیات سے ہے، اور مذکورہ بالا من گھڑت علوم سے ان حالات کے گنج مکنون میں نقب لگانے کی کوشش کرنا حکمت الٰہیہ میں دخل اندازی کی کوشش ہے۔

# مثال

انسان کو صرف سامنے کی طرف دیکھنے کے لئے چہرے پر دو آنکھیں دی گئی ہیں، اگر قدرتِ حق کو یہ منظور ہوتا کہ وہ ساتھ ہی اپنے پس پشت کی فضا پر بھی نظر دوڑا سکے، تو اس کی گدی یا پشت پر بھی آنکھیں ہوتیں، جیسے کہ بعض کیڑوں کی نسبت محققین نے دریافت کیا ہے، کہ ان کی پشت، کمر اور پہلوؤں پر آنکھیں ہوتی ہیں، اور وہ ایک طرف رخ رکھے ہوئے بھی دوسری طرف دیکھتے ہیں جس طرح اس قادرِ مطلق نے انسان کے چہرے پر دو آنکھیں ایک خاص صنعت و حکمت کے ساتھ بنادی ہیں اس کے لئے کب مشکل تھا کے اس گدی پر بھی دو آنکھیں بنا دیتا مگر کسی وجہ حکمتِ خداوندی نے اس کی ضرورت محسوس نہیں فرمائی لہٰذا اس کی اس نے توجہ نہیں فرمائی۔

# خالق کی قدرت اور آئندہ کی معلومات

اسی طرح خالقِ برحق نے ہمارے دماغ میں یہ قوت ودیعت کردی ہے کہ واقعاتِ ماضیہ کا عکس اس میں محفوظ رہے اور ہم جب چاہیں چیز با آسانی نظر کرسکیں، اس کے لئے یہ کون سی انوکھی بات تھی کہ حوادث مستقبلہ بھی ہم پر آئینہ کر دیتا، ہمارے

Marfat.com

دماغ میں کوئی ایسی قوت رکھ دیتا، جس کی روشنی میں ہم اپنے آنے والے واقعات کو اس تفصیل کے ساتھ اوراس صفائی سے دیکھ سکتے جس طرح ہم تھوڑی دیر کے لئے ..........اپنے ماضی کے حالات کا دفتر حرف باحرف پڑھ سکتے ہیں۔

## حالات ماضی اور حالات مستقبل کا یکساں ہونا

واقعات خواہ ماضی سے تعلق رکھتے ہوں خواہ مستقبل سے فی نفسہا واقعات ہیں اور قدرت کی اس ایجاد کا تعلق دونوں کے ساتھ یکساں ہے، ہاں فرق ہے تو صرف اس قدر ہے، کہ مقدم الذکر واقعات موجود فی الخارج ہو چکے ہیں، اور مؤخر الذکر آئندہ ہونے والے ہیں، لیکن محض اس فرق کی بنا پر یہ بات ضروری نہ تھی، کہ ہماری نگاہِ ادراک پہلی قسم کے واقعات پر حاوی ہو اور دوسری قسم کے واقعات پر حاوی نہ ہو، لامحالہ اس میں کوئی خاص حکمت ہے، کہ ہماری چشم بصیرت صرف ماضی کا مطالعہ کرسکتی ہے، اور مستقبل کی طرف اس کے سامنے تاریکی ہی تاریکی رکھی گئی ہے، ہمارے آئینۂ دماغ پرصرف ماضی کا عکس پڑسکتا ہے، مستقبل کے عکس کی اس کو صلاحیت ہی نہیں دی گئی، ماضی کی طرف ہماری آنکھوں کے سامنے سے حجاب اٹھا دیا گیا اور مستقبل کی طرف ایک سنگین دیوار حائل کردی گئی، ماضی کے علم سے بندہ کو بہرور بنادیا، مگر مستقبل کا علم خداوند جل وعلانے اپنے لئے مخصوص کرلیا۔ (اور نبی پر منکشف فرمایا جیسا کہ علمِ غیب رسل میں دلائل مولانا صاحبِ کتاب نے دئے ہیں، قادری شطاری ضیائی)

## غیبی باتیں معلوم کرنے کے لئے انسان کی حرص

ایک مشہور مقولہ ہے:

اَلْاِنْسَانُ حَرِیْصٌ عَلٰی مَا مُنِعَ،

Marfat.com

انسان کو جس چیز سے باز رکھا جائے وہ اسی کے در پے حصول ہو جاتا ہے مستقبل کے علم کو غیب کے پردے میں مخفی رکھا گیا، اور انسان اس سے محروم رہ گیا، تو اس کو سب سے زیادہ اس علم کے حصول کی لو لگ گئی، اور وہ مختلف حسابات سے موجودات عالم کی حرکات وسکنات پر قیاس کرنے سے اور کبھی محض اٹکل پچو کے طریقہ سے اس کا پتہ لگانے کے در پے ہو گیا، علمِ غیب تو قطعاً وحتماً اس کے حیطۂ اختیار سے باہر ہے، وہ اپنی لاعلمی کی اس دیوار کو جو قدرت نے اس کی بصیرت اور بصارت اور مستقبل کے مابین کھڑی کر دی ہے، ہرگز ہٹا نہیں سکتا، وہ اگر چاہے کہ اپنی گدی پر چہرے کی آنکھوں کی سی دو اور آنکھیں بنا لے، تو نہیں بنا سکتا، ہاں کبھی حسابی حیلوں اور وہمی وتخیلی ڈھکوسلوں اور اٹکل سے تیر تکوں سے مستقبل کے متعلق کچھ کچھ الٹے سیدھے لشم پشم معلومات حاصل کرنے پر قادر ہو جاتا ہے، جن کو کسی یقینی یا ظنی علم کے ذیل میں شمار نہیں کیا جا سکتا، مذکورہ بالا معلوات اسی قسم کے ڈھکوسلوں میں سے ہیں، مگر شریعت نے ان علوم کا مقصد سنتِ الٰہیہ کے خلاف اور مصالح بشریہ کے لئے مضر ہونے کے سبب سے ان سے کام لینا اور ان پر یقین کرنا حرام قرار دیا ہے۔

## اندھے مدرک کا اندھا ادراک

علم غیب خاص خداوند تعالی کا حصہ ہے۔

لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ ط۔ (سورہ نمل/۶۵)

رمل نجوم اور جفر کا اندھا ہنرمند صرف اتنی طاقت رکھتا ہے، کہ علم غیب کے بلند پیکر ہاتھی کو ٹٹول ٹٹول کر کچھ اٹکل پچو بتا دے، کہ وہ ایسا ہے، اگر اس کا ہاتھ ہاتھی کی ٹانگ پر جا پڑا، تو پکار اٹھے گا، کہ ہاتھی ستون کا سا ہے، اگر سونڈ سے ہاتھ چھو گیا، تو بتائے گا، کہ وہ ایک بڑے موٹے سانپ کا ہم شکل ہے، اگر اس کے کان کو ہاتھ لگا

Marfat.com

گیا، تو کہے گا کہ ہاتھی ایک بڑے چھاج یا پنکھے کا سا ہوتا ہے، مگر اتنی سی بات پر یہ یقین کر لینا کہ اس قسم کے علوم غیب کا پردہ اٹھا دینے کی قوت رکھتے ہیں، سراسر جہالت ہے، حضرت حافظ نے خوب کہا ہے۔

زسرِ غیب کس آگاہ نیست قصہ مخواں　　　　کدام محرم دل رہ دریں حرم دارد

یعنی غیب کا راز کوئی نہیں جانتا، فضول جھک نہ مارو، وہ کون محرم دل ہے جو غیب کے مقام میں پاؤں رکھ سکے۔

## نجومیوں رملیوں کی بے بسی

خود منجم، رمال اور جفار لوگ اس بات کے معترف ہیں، کہ ہم صرف ایک قسم کا حساب جانتے ہیں، جو کبھی صحیح ہوتا ہے، اور کبھی غلط بھی ہو سکتا ہے، وہ خود اپنے منہ سے مانتے ہیں کہ ہم کو غیب کا علم نہیں غیب کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے، پھر ان کے بتائے ہوئے حال مستقبل کو نوشتہ تقدیر سمجھ بیٹھنا کہاں کی دانشمندی ہے، اگر ان کے حسابات فی الواقعہ حال مستقبل کا صحیح نقشہ پیش کر سکتے، تو وہ اپنے ذاتی احوال کے متعلق کبھی کسی غلطی کا ارتکاب نہ کرتے حالانکہ منجموں، جفاروں کی زندگی اسی طرح غلطیوں بے خبریوں اور بد تدبیریوں سے مملو ہوتی ہے، جس طرح عام لوگوں کی، کیا یہی بے عقل و بد تدبیر لوگ غیب دانی کا دعویٰ کرتے ہیں جہاں عقل اور علم کے پاؤں بھی لنگ ہیں حضرت حافظ رحمۃ اللہ علیہ خوب فرماتے ہیں۔

در کارخانۂ کہ رہِ علم و عقل نیست　　　　وہم ضعیف رائے فضولی چرا کند

یعنی جس کارخانہ میں عقل اور علم کا دخل نہیں، وہم ضعیف اس میں دخل دینے کی حماقت کیوں کرے۔

Marfat.com

## ایک نجومی اپنے گھر کے حال سے بے خبر رہا

کتاب گلستان میں ایک حکایت درج ہے کہ کسی شخص کی ایک نجومی کی عورت کے ساتھ آشنائی تھی، اور نجومی کو اس کا علم نہ تھا، ایک دن اچانک وہ گھر میں آیا تو عورت کو اس شخص کے ساتھ ہم بستر پایا، بہت سٹپٹایا، شور وغوغا سن کر لوگ اکٹھے ہو گئے، شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔

تو براوجِ فلک چہ دانی چیست چوں ندانی کہ در سرائے تو کیست

یعنی جب تجھے اتنی خبر نہیں کہ تیرے گھر میں کون شخص چوری چھپے روز آتا ہے، تو تجھے آسمان پر ستاروں کے آنے جانے کا حال کیا خاک معلوم ہوگا۔

حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ بھی خوب فرماتے ہیں:۔

منجے کہ کند صد غلط بہ تختہ خاک ، زنور چرخ چہ داند اگر چہ ہشیار است

جو نجومی سطح خاک پر سینکڑوں غلطیاں کرتا ہے، وہ انوار فلک کو کیا جانے۔

## ایک نجومی طلبہ مکتب کے نرغہ میں

لدھیانہ کے ہائی سکول کا سچا واقعہ ہے کہ ریاضی کے استاذ اپنے مکتب میں طلبہ کو پڑھا رہے تھے، ایک نجومی اندر چلا آیا، اور حسب عادت پکارا ''کوئی رمل نجوم فال نکلوالو'' سکول کے لڑکے آپ جانتے ہیں، فن شرارت کے استاد ہوتے ہیں، اس کی قطع وضع، اس کے علم وہنر، اس کے بستہ وزنبیل اور اس کی دستار وشلوار پر وہ پھبتیاں کسنی شروع کیں، کہ نجومی اپنا سا منہ لے کر رہ گیا، اور وہ بیچارہ پیکرِ ندامت بن کر واپس جانے ہی کو تھا، کہ منشی صاحب مرحوم نے اس سے کہا، میاں نجومی! لوگوں کی قسمتوں کا پتا دیتے تھے، اس کمرے میں داخل ہونے سے پہلی ذرا اپنی قسمت ملاحظہ نہ فرمائی، کہ یہاں سے انعام لے کر جاؤ گے یا نہیں، حضرت صائب رحمۃ اللہ علیہ نے

Marfat.com

خوب کہا ہے کہ رمل ونجوم کی پتری کو صحیح سمجھنے والوں کی عقل پر افسوس ہے۔

وائے برکوتاہ بینانیکہ میدانند حق     باہزاراں خطِ باطل صفحۂ تقویم را

## رمل ونجوم وغیرہ کے حرام ہونے کی حکمت

اسلام میں ایسے علوم کے ممنوع ومحذور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ دینِ پاک سراپائے عمل ہے، اس دین مقدس کی رو سے انسان دنیا میں خلافتِ الٰہی کے منصبِ جلیل پر مامور ہے، اور اس منصب کا تقاضا ہے کہ انسان دین ودنیا اور تمدن و معاشرت وغیرہ کے تمام شعبوں میں اپنے متعلقہ فرائض کو پوری ہمت واستقلال اور شوق وذوق سے بجالاتا رہے، دن ساعت اور سعد ونحس نہ دیکھے، کسی وہم فضول یا تخیل بے بنیاد کو اپنی ہمت وعزم میں مزاحم نہ ہونے دے، جب موقع ملے، توکل بخدا دنیا کے میدانِ عمل میں ہرچہ بادہ باد! کہہ کر کود پڑنے کے لئے ہمہ تن آمادہ رہے لیکن اگر وہ اپنی اس تگودو اور سعی وکوشش کے نتائج قبل از وقت معلوم کرنے کے درپے ہوجائے، اور اس پر کچھ واقعات مظنون ومتوہم طور پر منکشف بھی ہوجائیں، تو اس سے اس کی ذہنیت پر بہت برا اثر پڑے گا، اس کا سلسلہ عمل خلل پذیر ہوجائے گا، اور عامہ افراد پر اس قسم کا عالمگیر اثر پڑنے کی صورت میں نظام عالم ہی درہم برہم ہو جائے گا۔

## خلیفہ ہارون رشید اور ایک نجومی

خلیفہ ہارون رشید کے زمانہ میں ایک نجومی کے علم وہنر کا بہت چرچا ہوا، تو خلیفہ نے اپنے حضور میں اسے طلب کر کے یوں ہی ہنسی ہنسی میں پوچھا، بتاؤ ہماری کتنی عمر باقی ہے،؟ نجومی نے حساب لگا کر عرض کیا، صرف دو سال باقی ہیں۔ نجومی کا اتنا کہنا تھا کہ خلیفہ کے چہرے پر یاس، حسرت کی زردی چھا گئی، وزیر اعظم جعفر برمکی

Marfat.com

بڑا دانا و مدبر تھا، اس نے دیکھا کہ خلیفہ کی حالت متغیر ہوتی جاتی ہے، اگر اس کے دل و دماغ پر یوں ہی وہم وفکر کا غلبہ رہا تو چار دن میں شیرازۂ سلطنت منتشر ہو جائے گا، جعفر کو کیا عجیب تدبیر سوجھی، فوراً نجومی سے کہا، تم جھوٹ کہتے ہو، کہ خلیفہ کی عمر کے صرف دو سال باقی ہیں، بھلا بتاؤ تو تمہاری عمر کتنی باقی ہے، اس نے کہا میری عمر تو ابھی بہت باقی ہے، دس سال تک میری زندگی کو ابھی خطرہ نہیں، جعفر نے کہا پھر دیکھو ابھی تمہارے اس نجوم کا امتحان ہو جاتا ہے، اور ثابت ہو جاتا ہے کہ تمہاری زندگی کے دس سال تو کیا دس منٹ بھی باقی نہیں، اتنا کہہ کر ادھر جلاد کی طرف اشارہ کیا، اور ادھر نجومی کا سر تن سے جدا تھا، نجومی اور اس کے نجوم کا یہ حشر دیکھ کر خلیفہ کی جان میں جان آ گئی۔

## نتیجہ

اس واقعہ سے قیاس ہوسکتا ہے، کہ اگر اسی طرح ہر شخص کو اپنی عمر اپنی صحت اپنی دولت وثروت اپنی اولاد اور اپنے کاروبار کے متعلق غیبی نتائج کا پتا لگ جائے، تو دنیا دار العمل نہ رہے، بلکہ ایک ماتم کدہ بن جائے، عمران وحضارت کے گلزار کو وحشت اور اداسی کی خزاں تاخت تاراج کر ڈالے، اسی حکمت کی بنا پر قدرت نے مستقبل کے علم پر حجاب ڈال دیا اور انسانی قلب ودماغ کو اس سے بے خبر رکھا ہے، نجوم وجفر وغیرہ اس قدرتی حجاب کو اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں، گویا وہ منشائے قدرت کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، اس لئے وہ مسلک اسلام کے خلاف سمجھے گئے ہیں، اور اسی لئے حرام ہیں۔

## جاہلوں کی توہم پرستی

بدشگونی کا توہم علمی اور روحانی تاریکی کی علامات سے ہے، نفس الامر میں

Marfat.com

اس کی کچھ بھی اصلیت نہیں، ہمارے ملک میں بعض لوگوں خصوصا ہندوؤں میں طیرہ کے اعتقاد کا یہاں تک دخل ہے، کہ کسی کام کو جاتے وقت چھینک آجائے، تو وہیں بیٹھ جاتے ہیں، کہ بس اب کام میں کامیابی نہ ہوگی، راستے میں کوئی کتا کان ہلا دے، یا کوئی پوچھ بیٹھے، کہ حضرت کہاں جارہے ہیں؟ تو بس اس کو بھی اپنی ناکامی کی دلیل سمجھ لیتے ہیں، اور فوراواپس آجاتے ہیں، اس قسم کی سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں توہمات کی باتیں مروج ہیں، جن پر ہندوؤں کے بعد زیادہ تر مسلمان عورتیں کاربند ہیں، اور وہ ایک خلافِ اسلام مظاہرہ کرنے کے علاوہ اپنے وقت کا نقصان اور کام کا ہرج گوارا کرتی ہیں، افسوس صد افسوس۔

## مسلمان کی شان

ایک مرد مسلم کی شان یہ ہونی چاہئے، کہ وہ ہر وقت اپنے آپ کو مالک الملک جل شانہ کی حفظ وامان میں سمجھے اور تمام کائنات کو اس کے قبضہ وقدرت میں مقہور ومجبور جانے۔ ساتھ ہی یقین رکھے، کہ کائنات کی بڑی سے بڑی ہستی اس کے حکم بغیر ذرہ بھر نہ ضرور پہنچا سکتی ہے، اور نہ ہی فائدہ، وہ اپنے نیک مقاصد اور مباح ارادوں کو منصۂ ظہور پر لانے کے لئے ہر وقت اپنے لئے میدان عمل کو کشادہ سمجھے، جس کے اندر قدم رکھنے کے لئے اس کو نہ کسی پتری کھولنے کی ضرورت ہے، نہ کسی پنچھتر کے دیکھنے کی، اور نہ کسی مہورت کے کرنے کی نہ کوئی طیر اس کے مقاصد کا مانع ہوسکتا ہے نہ کوئی ہامہ، نہ کوئی بدشگونی، نہ کوئی چھینک، نہ کوئی بھیانک آواز، نہ کوئی منحوس شکل، یہ توہمات صرف مشرکوں کے لئے ہیں، مرد مسلم ان کی ذرا پروانہیں کرتا۔

رکتا نہیں کسی سے سیل رواں ہمارا

مولانا حالی نے مسلم کی عزت وہمت کا فوٹو خوب کھینچا ہے:۔

Marfat.com

باختر شناساں ندارم نیاز خداوند اختر بود کارساز

بود رائے روشن ارسطوئے من مددگار من زور بالائے من

مجھے نجومیوں کی ضرورت نہیں، خالقِ نجوم یعنی حق تعالی میرا کارساز ہے، روشن عقل میرا ارسطو وزیر ہے، زور بازو میرا مددگار ہے۔

## (۲) نجوم کا تعلق جادو اور کہانت سے

علم نجوم دو طرح کا ہے ایک وہ جو صرف اجرام علوی کی حرکات و سکنات، قرب و بعد، طلوع و غروب سے بحث کرتا ہے، اس کو غیبی امور کے انکشاف سے کوئی تعلق نہیں، وہ گویا آسمانی جغرافیہ ہے، اصولِ اسلام اس کے منع کا کوئی فتویٰ نہیں دیتا، دوسرا وہ جس میں ستاروں کی رفتار سے واقعات عالم پر استدلال کیا جاتا ہے، یہی علم نجوم ہے جو شرعاً حرام ہے، کیوں کہ اس سے عقائد دینیہ اور اعمال اسلامیہ میں خرابی لازم آتی ہے۔

**اصلاح:** اس قسم کے علم نجوم کا استعمال کرنا نہ صرف ناجائز ہے، بلکہ کفر ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

○ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ بَابًا مِّنْ عِلْمِ النُّجُوْمِ لِغَيْرِ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فَقَدِ اقْتَبَسَ شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ اَلْمُنَجِّمُ كَاهِنٌ وَالْكَاهِنُ سَاحِرٌ وَالسَّاحِرُ كَافِرٌ رواہ رزین (المشکوۃ باب الکہانت، فصل اول)

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی بات علم نجوم کی سیکھی سوائے اس کے کہ اللہ نے بیان کی ہے، تو اس نے جادو کی ایک راہ سیکھی، نجومی کاہن ہے، اور کاہن جادوگر ہے، اور جادوگر کافر

Marfat.com

ہے۔

## (۳) کاہن اور جوتشی کے پاس جانا

بعض جاہل مسلمان عورتیں اور مرد کاہنوں اور جوتشیوں کے پاس بھی جاتے ہوئے دیکھے گئے ہیں، ایسے لوگوں کے پاس جانے میں شرع شریف میں سخت ممانعت ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

○ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُوْلُ اَوْ اَتٰى امْرَءَتَهُ حَائِضًا اَوْ اِلٰى امْرَءَتِهٖ فِیْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ○ (شرح رسالہ کتاب الایمان، باب تاویل اهل السنة :: شبهات الرافضة حول الصحابة رضی الله تعالی عنهم وردها :: روایت ابوداؤد کی ہے)

ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی جوتشی کے پاس جائے، پھر وہ جو کچھ بتائے اس کو ٹھیک سمجھے، یا اپنی بیوی کے ساتھ بحالت حیض جماع کرے، یا اپنی بیوی کے ساتھ خلاف وضع فطری فعل کرے (یعنی اس کی پیٹھ میں بدفعلی کرے) تو وہ اس دین کے اتباع سے الگ ہوگیا۔

## (۴) نجومی اور رملی سے غیب کی بات پوچھنے کا نتیجہ

نجومی اور رمال سے غیب کی بات پوچھنے سے چالیس یوم کی نمازیں قبول نہیں ہوتیں، چناچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰى عَرَّافًا فَسَئَلَهُ عَنْ شَیْءٍ لَا تُقْبَلُ صَلَاتُهُ

Marfat.com

اَرْبَعِیْنَ لَیْلَۃً (رواہ مسلم) (بیھقی، سنن کبری، کتاب القسامۃ، باب ماجاء فی النھی عن عن الکھانۃ واتیان الکاھن)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیوی سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوکوئی غیب کی خبریں بتانے والے کے پاس جا کر اس سے کچھ نیک وبد پوچھے تو اس کی چالیس روز کی نمازیں قبول نہیں ہوتیں (مشکوۃ، باب الکہانت،)

## نجومی کے غیب نہ جاننے کا اقرار

ایک مولوی صاحب کسی شہر میں اپنے ایک دوست کے ہاں تشریف فرما تھے کہ ایک نجومی غیب کی باتیں بتلانے والا اس مکان کے اندر آ گیا، اور بہ آوازِ بلند کہنے لگا ''ساعت گھڑی بچاریں،، مولوی صاحب نے حاضرین میں سے ایک خادم کو کہا کہ تم جا کر اس نجومی کے پانچ جوتی لگاؤ کہ وہ کیوں بلا اجازت مکان کے اندر گھس آیا مولوی صاحب کے اس حکم کی فوراً تعمیل کی گئی جب شوروغل ہوا، تو مولوی صاحب نے اس نجومی کو بلا کر نہایت محبت اور اخلاق سے کہا:

پنڈت صاحب اگر آپ برانہ منائیں، تو میں کچھ عرض کروں، اس نے کہا: فرمایئے! آپ نے کہا: اگر تم غیب داں ہو تو تم کو لازم ہے کہ اس علم سے اپنی ذات کو بھی فائدہ پہنچاؤ، اس مکان میں گھسنے سے پہلے آپ کو بچار کر لینا چاہیے تھا کہ آیا اس مکان میں روپیہ پیسہ ملے گا، یا جوتے پڑیں گے، نجومی نے شرمندگی سے سر جھکا لیا اور کہا: سچی بات یہ ہے کہ ہم تو اس حیلہ سے اپنا پیٹ پالتے ہیں، غیب کی بات ایشور (خدا) کے سوا کوئی نہیں جانتا، یہ تائب ۔

چوں نتوانم دورِ گردوں راز یکدیگر شناخت

Marfat.com

من کہ خود زجوزا زاقرب سالہا نشنا ختم

یعنی میں برسوں جوزاء اور عقرب میں بھی فرق نہیں سمجھ سکا، پھر آسمان کی بارش کی مجھے کیا خبر؟

## (۵) رمل اور نجوم کے متعلق فتوی شرعیہ

# علم رمل اور فتوی

سوال: علم رمل سیکھنا اور سکھانا درست ہے، یا نہیں؟

الجواب: اصل رمل زمانہ حضرت ادریس علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام سے ہے، اور ان کے معجزات میں شمار کیا گیا ہے، مگر ہماری شریعت میں اس کی ممانعت وارد ہے، سذا للذریعہ طحطاوی حاشیہ درمختار میں لکھتے ہیں:

هو علم بضروب اشكال من الخطوط والنقطة بقواعد معلومة تخرج حروفا تجمع وتستخرج جملة دالة على عواقب الامور و قدعلمت انه حرام قطعا واصله لادريس عليه السلام☆

وہ نقطوں اور خطوں کی ایک طرح کی شکلوں کا علم ہے، جس کے خاص قواعد ہیں، ان سے حروف نکلتے ہیں، جن کو جمع کیا جاتا ہے، اور ایک فقرہ برآمد کیا جاتا ہے، جو نتائج امور پر دلالت کرتا ہے، اور تم کو معلوم ہو چکا ہے کہ وہ قطعی حرام اور اس کی اصلیت حضرت ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف منسوب ہے۔

ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے فتاوی میں ہے:

ان تعلمه وتعليمه حرام شديد التحريم لمافيه من ايهام العوام ان فاعله يشارك الله فى غيبهم -

Marfat.com

اس کا سیکھنا اور سکھانا نہایت سخت حرام ہے، اس لئے اس میں عام لوگوں کو یہ وہم دلاتا ہے کہ اس کا کرنے والا اللہ تعالیٰ کے ساتھ علم غیب میں شریک ہے۔

صحیح مسلم اور سنن ابی داؤد وغیرہ میں معاویہ بن حکم سے مروی ہے:

قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّونَ قَالَ اَىِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ نَبِىٌّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهُ فَذَاكَ ۔

راوی کہتا ہے: میں نے عرض کیا اور ہم میں سے بعض لوگ خط کھینچتے ہیں تو فرمایا: یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ انبیاء میں سے ایک نبی خط کھینچتے تھے تو اگر یہ خط ان کے خط کے مطابق ہو تو یہ وہ ہے (سنن کبری للبیہقی جزء۲: سنن نسائی ،باب الکلام فی الصلاۃ، کتاب صفۃ الصلاۃ)

جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ الصعود شرح سنن ابی داؤد میں لکھتے ہیں:

قال النووی اختلف العلماء فی معناه والصحيح ان معناه من وافق خطه فهو مباح ولا طريق لنا الى معرفة ذلك والعلم اليقينى بالموافقة فلا يباح وقال عياض معناه من وافق خطه فذاك الذى تجد ونه اصابة مما يقول لانه اباح ذلك لفاعله قال ويحتمل ان هذا مسخ من شرعنا وقال الخطابى هذاالحديث يحتمل النهى عن هذا الخط وان كا علما لنبوة ذالك النبى وقد انقضعت فنهى عن تعاطى ذلك قال النووى فحصل من مجموع كلام العلماء الاتفاق على النهى عنه الآن ☆ (فتاوی مولانا عبد الحی ،جلد دوم)

امام نووی فرماتے ہیں: علماء نے اس کے معنی میں اختلاف کیا ہے، اور صحیح یہ ہے کہ اس کے معنی ہیں کہ جس شخص کا خط ان کے خط سے مطابق ہو، وہ مباح ہے،

Marfat.com

اور ہم کو اس مطابقت کا علم ہونے اور علم بھی یقینی ہونے کا کوئی ذریعہ حاصل نہیں لہٰذا وہ مباح نہیں، عیاض نے کہا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ جس کا خط اس کے موافق ہو تو یہ وہی ہے، جسے اس کے کہنے کے مطابق ٹھیک پاتے ہو، نہ یہ کہ اس کو اس کے فاعل کے لئے جائز ٹھہرایا ہے، اور فرمایا کہ احتمال ہے کہ اس حدیث سے اس قسم کے خط کی معرفت ثابت ہونے کا احتمال ہے، اگرچہ وہ اس نبی کی نبوت کے لئے نشان و معجزہ تھا، مگر چونکہ ان کی نبوت گزر چکی اس لئے اب اس کے استعمال سے ممانعت فرمادی ہے، نووی کہتے ہیں: پس علماء کے تمام اقوال کا حاصل یہ نکلا کہ اب اس کے ممنوع ہونے پر سب کا اتفاق ہے (فتوی مولانا عبدالحی جلد دوم)

## علم نجوم کا حرام ہونا

سوال: مسلمان کو علم نجوم پڑھنا کیسا ہے،؟ اور نجومی نے جو لوگوں کو اخبار غیبی بتلا کر زر ولباس فراہم کیا ہے، شرعاً وہ کمائی کیسی ہے، بعض لوگوں کا مقولہ ہے، کہ یہ علم حق تعالی نے ادریس علیہ الصلوۃ والسلام کو تعلیم کیا تھا، وہ نجومی جو وقوع حوادث آئندہ کو کہ امر تقدیری ہے، بقواعد نجوم بتاتا ہے، یہ کچھ غیب میں شمار نہیں، تو مسلمان معتقدین علم نجوم کا اس طرح عقیدہ رکھنا اور بیان کرنا شریعت میں کیا سمجھا جائے گا؟

الجواب: چونکہ اس پر مفاسد اعتقادیہ وعملیہ مرتب ہوتے ہیں، لہٰذا حرام ہے، اور بعض اوقات مقتضی بکفر ہے، اور ایسی کمائی بھی حرام ہے، اس مقولہ کا جواب یہ ہے کہ اولاً، یہ روایت ثابت نہیں۔

دوسرے: وہ خاص قواعد مسند صحیح سے منقول نہیں، جس سے یہ کہا جائے، کہ یہ وہی علم ہے۔

Marfat.com

تیسرے: عام طور پر خود اہلِ فن اور دوسرے رجوع کرنے والے بھی کواکب کو متصرف اور فاعل مستقل سمجھتے ہیں، جو مثل عقیدہ علمِ غیب کے خود یہ عقیدہ استقلالِ فعل کا ہوتو منافی توحید ہے۔

چوتھے: جو علم بلا اسباب علم ہو، وہ علم غیب اور جو چیز اسباب علم سے نہ ہو اس کو سبب سمجھنا باطل ہے، اور کواکب کا اسبابِ علم سے ہونا ثابت نہیں پس یہ اسبابِ علم نہ ہوئے، تو ان کو اسبابِ علم سمجھنا باطل ہوا، پس ان کے ذریعہ سے جس علم کے حاصل ہونے کا دعوے کیا جائے گا، وہ علم بلا اسباب ہوگا، اور یہی علم غیب ہے پس اہل نجوم اس اعتبار سے مدعی علم غیب ہوئے، اور ان کا مصدق معتقد علمِ غیب کا ہوا۔

پانچویں: جس طرح عقیدہ باطلہ معصیت ہے اسی طرح عمل غیر مشروع بھی معصیت ہے، اور نجومی اس سے خالی نہیں ہے۔

انبیاء و اولیاء کا غیب دان ہونا اس سے مستثنیٰ ہے، تفصیل کے لئے دیکھو میری کتاب، ،علم غیب رسل'' مؤلف (جو اس وقت بھی قادری رضوی کتب خانہ سے چھپ چکی ہے)

## کہانت اور عرافت کے متعلق معلومات

### سوال

فال نکالنا کیسا ہے؟ مجھے اس بات کا علم ہے کہ دو شخصوں کے درمیان کوئی مقدمہ ہو، یا کسی قسم کا مقابلہ ہو، اور مجھے ان دونوں کا نام اور عمر معلوم ہو جائے، تو میں جان لیتا ہوں، کہ کون غالب ہوگا، اور کون مغلوب، کچھ قواعد ہندسہ وغیرہ سے معلوم کرتا ہوں، یعنی دونوں ناموں کے حروف کے عدد نکال کر اور عمر معلوم کر کے جان لیتا ہوں، کہ فلاں غالب اور فلاں مغلوب ہے، اور بعض وقت فقط عمر معلوم کرنے سے علم

Marfat.com

ہو جاتا ہے، اور گاہے دونوں مقابل کو ایک جگہ دیکھنے سے دل میں آ جاتا ہے، کہ اس معرکہ میں فلاں غالب ہوگا، اور فلاں مغلوب اور اس بات کو میں مدت سے آزماتا ہوں، اور ہمیشہ مطابق پاتا ہوں، جس سے میرے دل میں یہ آ گیا ہے، کہ یہ خداوند تعالیٰ کی عادات سے ہے، کہ ایسا ہی کرتا ہے، گو وہ ہر شئے پر قادر ہے، جس طرح بذریعہ بادل ہی پانی برساتا ہے، اگرچہ وہ قادر ہے کہ بدونِ بادل کے برسائے، اب مجھے یہ دریافت کرنا ہے، کہ یہ کیا چیز ہے؟ فال ہے، اور وہ شرعاً ممنوع ہے، اور میں نے ترجمہ احیاء العلوم مذاق العارفین میں بھی دیکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کہ میری امت سے ستر ہزار بلاحساب بہشت میں جائیں گے، تو لوگوں نے پوچھا وہ کون لوگ ہیں؟ تو آپ نے اس حدیث میں یہ لفظ بھی فرمایا ہے:

وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (صحیح البخاری، باب (ومن یتوکل) ○لَا يَتَطَيَّرُوْنَ کے معنی فال کے ہیں، تو اس حدیث سے ممانعت معلوم ہوتی ہے، اور خلاف توکل معلوم ہوتا ہے، پس اگر میرا یہ فعل بھی دال ہے، تو میں اس سے توبہ کرنا چاہتا ہوں، جب سے میں نے اس کو سنا، کہ یہ فال ہے، مجھے بہت فکر ہوگئی، کیوں کہ میں بہت دنوں سے ایسا کرتا تھا، اور مجھے دو فریقوں کو مقابل میں دیکھنے سے فوراً جی میں آ جاتا ہے، اور ہمیشہ مطابق ہونے کی وجہ سے میں کہہ بھی دیا کرتا ہوں، کہ فلاں غالب اور فلاں مغلوب ہوگا، انشاء اللہ تعالیٰ، اگر ممنوع ہو، تو اب کہنے سے توبہ کر لوں اور اس سے نفرت رکھوں جو حکمِ شریعت ہو اس سے اطلاع بخشیں، اور اگر دل میں آنے سے بھی گناہ ہو، تو میں اس کو کیوں کر دور کروں، اس کی ترکیب ارشاد فرمایئے۔

Marfat.com

الـــــجـــــواب

یہ عمل عرافتہ ہے، جو ایک قسم ہے کہانت کی اور حرام محض ہے، نیز حرمت فی نفسہا کے ساتھ موجب افتتان عوام و جہلاء بھی ہے، اور دل میں آ جانا، یہ القاءِ شیطانی ہے، اس کا مطابق نکلنا ایسا ہی ہے جیسے کہنہ اور منجمین کے اخبار کی مطابقت ہے، اول تو مطابقت کا کلیہ دعوی اور اثبات مشکل، دوسرے کسی طریق کا موجب علم ہو جانا مستلزم نہیں اس کے جواز کو، چنانچہ تجسس ممنوع یقیناً مفید خبر صحیح ہو سکتا ہے، پھر بھی حرام ہے، جواز ناجواز احکامِ شرعیہ سے ہے، اس کے لئے مستقل دلیل کی حاجت ہے، اور مانحن فیہ میں حرمت کے دلائل صریح و صحیح موجود ہیں، پس حرمت کا حکم کیا جائے گا، اور اسباب عادیہ پر مثل سیماب کے اس کا قیاس مع الفارق ہے۔

اولاً اس کی صحت مشاہد

ثانیاً سبب و مسبب میں وجہ ارتباط ظاہر

ثالثاً شرع میں بھی معتبر

رابعاً اس میں کوئی فتنہ اعتقادی و عملی نہیں، اور مقیس میں سب امور مفقود پس قیاس محض باطل ہے فال متعارف بھی اسی قبیل سے ہے، دونوں کا ایک حکم ہے، خود تسمیہ متحد ہو، یا متغائر، اور تطیر بھی اس کی ایک نوع ہے جس کو حدیث لا طیرہ میں صاف منفی و باطل فرمایا ہے اور حدیث شریف میں جو تطیر کو خلاف توکل فرمایا ہے اس سے کوئی شبہ نہ کرے کہ جائز ہوگا، لیکن خلافِ اولی ہوگا، اصل یہ ہے کہ توکل کے بعض مراتب یعنی اعتقادی توکل فرض اور شرائط ایمان سے ہے، تطیر اس توکل کے خلاف ہے، اس لئے حرام اور شعبہ شرک کا ہے، جیسا کہ اور احادیث سے مفہوم ہوتا ہے، جس فال کا جواز ثابت ہے اس میں اعـ ار ا اخبار نہیں ہے، بلکہ کلماتِ خیر سے رجاءِ رحمت ہے، جو ــے بھی مطلوب ہے، وانّی ہذا من ذاک؟ اور یہاں مانحن فیہ

Marfat.com

میں اول اعتقاد ہے، پھر اخبار پھر بدگمانی اور یاس بھی اس لئے اس کے ممنوع ہونے میں کوئی شک نہیں یہ اس طرح مشاہدہ کسی کو استخارہ سے شبہ پڑے تو وہ واقعہ استدلال کرنے کے لئے موضوع و مشروع نہیں، صرف مشورہ کے درجہ میں ہے بخلاف اس کے واقعات پر استدلال ہے، غرض یہ بالکل حرام ہے، اور توبہ کرنا اس سے فرض ہے اور دل میں اگر اس طرح آئے کہ اس کو حرام بھی سمجھا جائے تو کوئی گناہ نہیں، (اس مضمون میں یہ بات یقیناً کفر ہے کہ بندہ کہے کہ اللہ تعالیٰ بھی ایسے کرتا ہے، صاحب فتوی کا اعتقاد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب چاہے جان لے مگر اہلِ سنت کا اعتقاد یہ نہیں کیونکہ بندہ کی صفات اللہ تعالیٰ کی صفات کی مثل ہو نہیں سکتیں اور اللہ تعالیٰ کا علم قدیم ہے جب کہ بندہ کا علم حادث ہے اس لئے اپنے مطابق سمجھنا یہ کفر ہے، معاذ اللہ من ذالک، شطاری قادری ضیائی)

## (۶) فال نکالنا

فال نیک لینے کی اصلیت تو احادیث نبویہ میں پائی جاتی ہے، مگر افسوس ہے کہ اس جائز بلکہ مسنون چیز کو لوگوں نے اس کی اصلی حالت پر نہیں رکھا، بلکہ اپنی ایجادات اس میں ملا کر بدعات قبیحہ کی حد میں اس کو داخل کر دیا ہے، چنانچہ آج کل جو طریقے فال نکالنے کے عاملوں نے ایجاد کر رکھے ہیں، وہ سب بے اصل اور غیر ثقہ ہیں مثلاً بعض قرآن مجید کو کھول کر دیکھتے ہیں، یا دیوانِ حافظ اور سکندر نامہ وغیرہ کتابوں کے اشعار میں، یا تسبیح کے دانوں میں، یا لکیریں کھینچ کر، علاوہ اس کے اور کئی قسم کے فالنامے بڑے بڑے مشہور اشخاص اور اشیاء کے نام پر خود غرض لوگوں نے خود ساختہ شائع کئے ہیں، مثلاً فالنامہ امام جعفر صادق، فالنامہ حافظ شیرازی، فالنامہ ملا نجیب حسین، فالنامہ محی الدین ابنِ عربی، فالنامہ حضرت دانیال، فالنامہ قرآن مجید

Marfat.com

فالنامہ حکیم معظم ہندی اعدادی، فالنامہ نپولین، فالنامہ اسمائے پیغمبراں، فالنامہ اسماءِ اولیائے کرام، فالنامہ بروج، فالنامہ سیارگان، فالنامہ پھول وغیرہ وغیرہ۔

## فال کی شرعی تعریف

فال نیک لینے کی تعریف احادیث نبویہ میں اس طرح آئی ہے:

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا طِیَرَةَ وَخَیْرُهُمَا الْفَالُ قَالُوْا وَمَا الْفَالُ قَالَ: اَلْکَلِمَةُ الصَّالِحَةُ یَسْمَعُهَا اَحَدُکُمْ (متفق علیه) (الجامع الاحادیث، حرف الکاف، المحلی من الکاف::بخاری، کتاب الطب، باب الطیرۃ)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا: میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے کہ جانوروں کے ساتھ شگون (بدشگون) لینے کی کوئی اصلیت نہیں ہے اور اس کی اقسام سے بہتر فال ہے، لوگوں نے عرض کیا کہ فال کیا ہے، فرمایا: کہ اچھا کلمہ جس کو تم میں سے کسی نے سنا ہو۔ (بخاری ومسلم)

مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی اچھا کلمہ کان میں اتفاقاً پڑ گیا، تو اس سے رحمت خداوندی کے امیدوار ہو سکتے ہیں، یہی فال نیک ہے اور بس، نہ یہ کہ قصداً ایسے دلائل کا تتبع کیا جائے، جن سے خیر وشر کے نتائج نکلتے ہیں، اور پھر ان پر یقین کیا جائے۔

شرع شریف میں فال نیک کی اصلیت کو بطور مثال یوں سمجھو، کہ کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو وہ اسے تلاش کرتا ہو، اتنے میں اتفاق سے کسی کے منہ سے یہ لفظ نکلے یا واجد، یعنی اے پانے والے، یا کوئی شخص راہ بھول جائے، اتنے میں کوئی بول اٹھے، یا راشد، یعنی اے سیدھی راہ پانے والے وغیرہ ان کلمات کو سن کر اور شخص

Marfat.com

کہہ دے یا سالم، یعنی اے سلامت رہنے والے، وغیرہ، ان کلمات کو سن کر اس شخص کے قلب میں یہ خیال پیدا ہو جائے، کہ یہ ایک مبارک کلمہ ہے، امید ہے کہ میری کھوئی ہوئی چیز مل جائے گی، یا مجھے راستہ مل جائے گا، یا میرا بیمار تندرست ہو جائے گا، یہ فال نیک اور مسنون ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وبارک وسلم کسی چیز سے شگون بد نہیں لیتے تھے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَن عبد الله بن بُرَیْدَ ۃَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ کَانَ لَا یَتَطَیَّرُ مِنْ شَیْءٍ وَکَانَ اِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَئَلَ عَنِ اسْمِهٖ فَاِذَا اَعْجَبَهٗ اسْمُهٗ فَرِحَ بِهٖ وَ رُئِیَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِنْ کَرِهَ اسْمَهٗ رُئِیَ کِرَاهِیَةَ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِذَا دَخَلَ قَرْیَةً سَئَلَ عَنِ اسْمِهَا فَاِنْ اَعْجَبَهٗ اسْمُهَا فَرِحَ بِهَا وَرُئِیَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِنْ کَرِهَ اسْمَهَا رُئِیَ کِرَاهِیَةَ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ (رواہ ابو داؤد باب فی الطیر ۃ، کتاب الطب)

بریدہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی شئے سے براشگون نہیں لیتے تھے، اور یہ جب کسی عامل کو روانہ کرتے، تو اس کا نام پوچھتے، اگر وہ پسند آتا، تو خوش ہوتے، اور یہ خوشی آپ کے چہرہ انور میں معلوم ہوتی، اور اگر وہ نام پسند نہ آتا، تو وہ کراہت آپ کے چہرہ سے معلوم ہوتی، اور جب کسی گاؤں میں جاتے تو اس گاؤں کا نام پوچھتے، پھر اگر وہ پسند آتا تو خوش ہوتے، اور وہ خوشی آپ کے چہرہ مبارک سے معلوم ہوتی، اور اگر اس کا نام پسند نہ آتا تو اس کی کراہت آپ کے چہرہ میں معلوم ہوتی (ابوداؤ دومشکوۃ کتاب الفال والطیر ۃ)

یہ ناخوشی کا ظاہر ہونا بدشگون لینا نہیں ہے، کیوں کہ اس کے سبب سے آپ کسی کام سے باز نہ رہتے تھے۔

Marfat.com

# (۷) علاجِ اوہامِ فالِ بد

اگر کسی شخص کے دل میں کسی طرح کا فالِ بد کا وہم یا خلجان گذرے، تو اس کا کفارہ شرع شریف میں یہ ہے، کہ یوں دعا کرے۔

اَللّٰھُمَّ لَاطِیَرَ اِلَّا طِیَرُکَ وَلَاخَیْرَ اِلَّاخَیْرُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ

اے اللہ! نہیں ہے بدشگونی تیری قدرت سے اور نہیں بھلائی مگر بھلائی تیری اور نہیں کوئی معبود سوائے تیرے۔

مطلب: یہ ہے کہ نیک و بد تیری ہی تقدیر اور اختیار میں ہے، شگون کو کچھ بھی دخل نہیں ہے اس دعا کا ثبوت اس حدیث سے پایا جاتا ہے۔

عَنْ حَکِیْمِ بْنِ مُعٰوِیَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ قَالَ اَلطِّیَرَۃُ شِرْکٌ اَلطِّیَرَۃُ شِرْکٌ اَلطِّیَرَۃُ شِرْکٌ مَنْ خَرَجَ یُرِیْدُ السَّفَرَ وَیَرْجِعُ مِنْ طِیَرٍ فَقَدْ کَفَرَ بِمَا اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ لَا شُؤْمَ فَاِنْ یَّکُ شُؤْمٌ فَفِی الْفَرَسِ وَ الْمَرْءَۃِ وَ الْمَسْکَنِ مِنْ رَدَّتْہُ الطِّیَرَۃُ عَنْ حَاجَتِہٖ فَقَدْ اَشْرَکَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَ مَا کَفَّارَۃُ ذٰلِکَ قَالَ یَقُوْلُ اَللّٰھُمَّ لَا طِیَرَ اِلَّا طِیَرُکَ وَلَاخَیْرَ اِلَّاخَیْرُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ اَلْفَالُ مُرْسَلٌ وَالْعِطَاسُ شَاھِدٌ عَدْلٌ لَاشُؤْمَ وَقَدْ یَکُوْنُ الْیُمْنُ فِی الدَّارِ وَالْفَرَسِ وَالْمَرْءَۃِ (رواہ الترمذی وابن ماجه)

حکیم بن معویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: طیرہ شرک ہے، جو شخص سفر کا ارادہ کر کے نکلے، پھر وہ طیرہ سے ہٹ آئے تو وہ ان احکام سے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے ہیں، کافر ہوا، نحوست نہیں ہے، اگر نحوست ہوتی تو گھوڑے عورت میں اور گھر میں ہوتی، جس طیرہ کاروبار سے ہٹا رکھے، اس نے بیشک شرک کیا، صحابہ نے عرض کیا، یارسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم اس کا کفارہ کیا ہے، فرمایا: کہ یہ پڑھے، الٰہی کوئی طیرہ نہیں ہے مگر تیرا طیرہ، اور کوئی خیر نہیں مگر تیری خیر، اور سوائے تیرے کوئی معبود نہیں، فال بھیجی ہوئی ہے اور چھینک گواہِ عادل ہے شوم نہیں ہے، اور کبھی گھر میں اور گھوڑے میں اور عورت میں برکت ہوتی ہے۔

اس دعاء کا پڑھنا بھی بدشگونی کے توہم کا کفارہ ہے۔

(۲) اَللّٰھُمَّ لَا یَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا یَدْفَعُ السَّیِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّابِكَ (رواه ابو داؤد، كتاب الطب، باب فی الطيرة)

الٰہی تیرے سوا نیکیوں کو کوئی نہیں لاتا، اور تیرے سوا برائیوں کو کوئی نہیں دفع کرتا، نہ پھرنا برائی سے نہ قوت نیکی کی مگر تیرے سبب سے (تفسیر قرطبی)

اس دعا کا ماخذ حدیث شریف ہے۔

عن عروة بن عامر القرشي قال ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحْسَنُهَا الْفَالُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَّا يَكْرَهُ فَيَقُلِ اللّٰھُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَاحَوْلَ وَ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ (رواه ابو داؤد: كتاب الطب، باب فی الطيرة)

عروہ بن عامر قریشی سے روایت ہے: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس طیرہ کا ذکر آ گیا آپ نے فرمایا: اس میں سے فال بہتر ہے اور وہ آسمان کو (اس کے مقصد سے) نہ لوٹائے، جب تم میں سے کوئی مکروہ امر کو دیکھے تو یہ کہہ لیا کرے: الٰہی تیرے سوا نیکیوں کو کوئی نہیں لاتا، اور تیرے سوا برائیوں کو کوئی دور نہیں کرتا، اور نہ پھرنا برائی سے نہ قوت نیکی کی ہے مگر تیرے سبب سے۔

## (۸) استخارہ

اگر کسی شخص کو کوئی تکلیف ہو، یا کوئی نیا کام کرنا ہو، یا بیوپار کرنا ہو، ملازمت

Marfat.com

کی تلاش کر رہا ہو، اور اس میں متردد ہو، کہ یہ کام کسی طرح ہوگا۔ یا یہ تکلیف کیسے رفع ہوگی اور کب، تو خبردار وہ رمل نجوم کے خبط میں پڑ کر اپنے دین وایمان کو تباہ نہ کرے بلکہ اس کے لئے سب سے بہتر طریقہ یہ ہے، کہ حضور قلب اور خشوع وخضوع کے ساتھ دعائے خاص (استخارہ) پڑھ کر متوجہ الی الحق ہونا چاہئے، پس جو امر عزم کے ساتھ قلب میں آجائے، وہ مفید اور کارآمد ہوگا، اور یہ ضروری نہیں ہے، کہ اس سے انکشاف ہو، محض رفع تردد ہے۔

ہاں اگر اللہ تعالیٰ بتلادے، یا کسی بزرگ کی برکت سے معلوم ہوجائے، تو اور بات ہے، کیوں کہ بعض طالبوں کو بفضلہٖ تعالیٰ یہ برکت حاصل ہوتی ہے، وہ دعاءِ خاص اس کتاب کے حصہ حدیثی عملیات میں شرح وبسط کے ساتھ عملِ استخارہ کے تحت میں لکھی گئی ہے۔

غرض اگر امورِ غیبیہ کے متعلق کچھ اطمینان وسکون کے سامان کرنے کی خواہش ہے، تو اس کی تدبیر یہ نہیں، کہ نجوم ورمل وغیرہ خرافات سے توہمات کی الجھن میں پڑو بلکہ بہتر تدبیر یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو، دعا کرو، مناجات کرو، استخارہ کرو، نماز حاجت پڑھو! حضرت صائب رحمۃ اللہ علیہ خوب فرما گئے ہیں ۔

ہیچ نکشاید بجز وسواس از علم نجوم چہرہ از جدول خوں صفحۂ تقویم کن
درگذر از ثابت وسیارہ صائب ہمچو برق روئے از نیک قبلہ روشن ہمچو ابراہیم کن

یعنی نجوم سے کچھ حاصل نہ ہوگا، اشکباری سے کام لو، ستارہ دل کا خیال چھوڑ دو اور ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی طرح ستاروں کے خالق کی طرف رخ کرو، اور کہو۔

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ○ (سورۂ انعام/۷۹)

Marfat.com

## (۹) نیک عامل کی صفات

اعمال ونقوش کے کام کو ایک کھیل یا ذریعہ معاش نہ بنالیا جائے، اس کے آداب وقواعد کا پورا لحاظ رکھنا لازم ہے، یہ کام اس شخص کو زیبا ہے، جو متقی و پرہیزگار خداترس اور متبع شریعت ہو، جس کو کوئی طمعِ حکام دنیا یا کوئی غرضِ نفسانی اس پاک فن کے ناجائز استعمال پر آمادہ نہ کرے، بلکہ محض افادۂ خلق کے لئے اس سے کام لے، اور جو کچھ نذر ونیاز پیش کی جائے، اس کو محض ایک عقیدت مندانہ ہدیہ سمجھ لے، عمل کا معاوضہ نہ سمجھے، حتی کہ اگر ایک طالبِ عمل تعویذ وغیرہ لے کر کچھ بھی نذر نہ دے، تو اس پر دل گرفتہ وناراض نہ ہو، اور اپنی نیت محض اِفادہ خلق کی رکھ کر اس سے در گذر کرے، اگر اس فن کو محض روزی حاصل کرنے کا حیلہ بنالیا جائے، اور تعویذ ونقش کی فیس دوکانداروں کی طرح لڑ جھگڑ کر وصول کی جائے، اور عدم ادائگی فیس کی صورت عمل کو بدی کے ساتھ کیا جائے، یا بطور خیانت اس کو محض رکھا جائے، تو یہ باتیں شان بزرگی کے لئے بالکل غیر موزوں ہیں، اور ایسے عاملوں کے عملیات وتعویذات مسلوب البرکۃ (بی برکت) اور بے اثر ہو جاتے ہیں، اور نیز وہ افادۂ خلق کے ثواب سے محروم رہ جاتے ہیں، بلکہ کسی نہ کسی صورت میں مبتلائے شامت ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔

## (۱۰) آخری التماس

جس عامل نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، صحابہ کرام اور مجتہدین کی پیروی کی، اس نے ہدایت پائی، اور جس نے ان کی مخالفت کی، وہ گمراہ ہوا، اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہوا، سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

کسانیکہ زیں راہ برگشتہ اند برفتند و بسیار سرگشتہ اند

Marfat.com

خلاف پیمبر کسے راہ گزید    کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید
محال است سعدی کہ راہ صفا    تواں رفت جز بر پے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

## باب دوم

# تاثیرِ عملیات

آجکل کے بے برکت زمانہ میں عملیات کی برکات اور تاثیر کے متعلق بہت کچھ بدگمانیاں پھیل رہی ہیں، جس میں کچھ تو یورپ کے ملحد فلسفہ کا دخل ہے، اور کچھ موجودہ عاملوں کی کج اعمالی اس کی ذمہ دار ہے، بہر حال ہم اس باب میں عملیات کی تاثیر کے ثبوت میں بحث کریں گے۔

آخر ان لوگوں کے لئے ہدایات درج کریں گے جو عملیات کی تاثیر کے قائل ہونے کے باوجود بعض خاص صورتوں میں ناکامی کے باعث ان کی تاثیر کے متعلق بدمذہب اور متشکک ہوجاتے ہیں۔

## (۱) تاثیر عملیات کا ثبوت

**تقریر اول:** عام طور پر دیکھا جاتا ہے، کہ جس طرح پرانے خیالات کے لوگ کلام، افسون تعویذ کی تاثیرات کے قائل ہیں، اسی طرح کی روشنی والے، ایسی تاثیرات کے اعتقاد کو باطل پرستی یا قوت واہمہ کے انفعال پر محمول کرتے ہیں، اگر فریق اول اپنے مشاہدات یا تجربات سے اس کی وجہ استدلال اخذ کرتا ہے، تو فریق مخاطب ایسے مشاہدات اور تجربات کو محض حسن اعتقاد یا اتفاقی وقوع پر محمول کرتا ہے، لیکن اگر محض لانسلم کا فیصلہ کن فقرہ چھوڑ کر واقعات کو تحقیق کر کے ان کو عقلی کسوٹی پر

Marfat.com

رکھا جائے، تو صاف ثابت ہوگا، کہ تاثیر کا اثباتی پہلو نہایت ہی زبردست دلائل سے مؤید ہے، اوران کا ایسی تاثیرات سے واقعات اور دلائل عقلی کی تہ تک نہ پہنچنے کا ایک نتیجہ ہے، پہلے ہمیں دیکھنا چاہئے کہ اس تاثیرات کے وجود پر عقلی دلائل سے کیا امتناع وارد ہوتا ہے، یعنی کیا سچ مچ ایسی تاثیرات ممتنع الوجود ہیں، یا ممکن الوجود کیوں کہ منطقی خیال کے مطابق اگر کوئی شئے ممتنع الوجود نہ ہو، تو ممکن الوجود ضرور ہو گی، یا دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے، کہ کوئی چیز اگر ناممکن الوجود ثابت کی جا سکے، تو اس کو ممکن الوجود تسلیم کرنا لازم ہوگا، ایسی تاثیرات کے وجود کے برخلاف نئی روشنی والوں کی طرف سے بہ تفصیلِ ذیل اعتراضات پیش کئے جاتے ہیں۔

**پہلا اعتراض:** ایسی تاثیرات کا وجود خلاف قانون قدرت ہے، یا قاعدہ علت معلول کے مخالف ہے۔

**دوسرا اعتراض:** ......ایسی تاثیرات کے وجود پر کوئی عقلی دلیل قائم نہیں ہو سکتی؟

**تیسرا اعتراض:** ......گو ایسی تاثیرات ناممکن نہ ہوں، لیکن تاہم خارج از قیاس ضرور ہیں؟

## جواب

پہلا اعتراض جو سب سے زیادہ سنگین معلوم ہوتا ہے، اور بڑے شد و مد کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے، یہ درحقیقت بالکل بودا اور لغو ہے، کیوں کہ اگر ہم اس بات کو قبول کرتے ہیں کہ کسی امر کا قانون قدرت کے مخالف واقعہ ہونا ایک امر محال ہے، تو ساتھ ہی یہ بھی یقین کرتے ہیں کہ قانون قدرت سے وہی قانون مراد ہے جو انسانی دماغ کا بنایا ہوا نہیں ہے، اور انسانی طاقت کے حیطہ اقتدار سے باہر ہے، اور یہ بھی

Marfat.com

اظہر من الشمس ہے کہ اس دنیا میں جس قدر علل اور معلولوں کو ہم سلسلہ قدرت کے اندر داخل سمجھتے ہیں وہ بھی محض انسانی استقرار کا نتیجہ ہے، ورنہ عقلی دلائل سے کوئی شخص کسی خاص امر کا قانون قدرت میں داخل یا اس سے خارج ہونا ثابت نہیں کرسکتا، ہم دیکھتے رہتے ہیں کہ آگ ہمیشہ حرارت پیدا کرتی ہے، اس لئے ہم اس کے لئے حرارت کے لزوم کو قانون قدرت کے ماتحت سمجھنے پر مجبور ہیں، لیکن ہمارے پاس کوئی عقلی دلیل اس لزوم کی اس استقرار سے پہلے موجود نہ تھی، اور نہ اب ہے، کہ آگ کے لئے حرارت خاصہ لازم ہے، اور اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ایک معلول کو پیدا کرنے کے لئے جس طرح علت کا وجود ضروری ہے، اسی طرح اسُ کے ساتھ ہی یہ ضروری ہے کہ وہ علت صرت اس حالت میں معلول کو پیدا کرے گی، جبکہ کوئی دوسری علت اس معلول کی مانع موجود نہ ہو، اور نیز اس علت کی تمام شرائط متحقق ہوجائیں جن کی موجودگی اس علت کے وجود میں آنے کے لئے ضروری ہے یا دوسرے معنوں میں اس علت کے لئے دیگر اسباب کا وجود ایسا ہی ضروری ہے، جیسا کہ اس معلول اول کے لئے اس علت اول کا وجود، علی ہذا القیاس ایک معلول کے پیدا ہونے کے لئے ہزارہا علل اور اسباب کی ضرورت ہے، جن کا استقصا انسانی قدرت سے باہر ہے انسان آگ سے روشنی پیدا کرسکتا ہے، لیکن خیال کرو کہ اس میں کتنی باتیں ضروری ہیں، مکانیت اس کے لئے شرط ہے ہوادار کمرے کا وجود اس کے وجود کے لئے لازم ہے، دیگر منافی اسباب کا نہ ہونا شرط ہے۔

الغرض کسی معلول کی علت تامہ نہ کہ ناقصہ دریافت کرنا انسان کے لئے ایک نہایت ہی مشکل کام ہے اور اسی طرح یہ کہنا کہ کوئی معلول صرف ایک خاص قسم کی علت سے پیدا کیا جاسکتا ہے، اس سے بھی مشکل ہے، دنیا میں جس قدر معلولات کے لئے ہم مختلف علتیں تجویز کرتے ہیں، وہ سب کی سب علت ناقصہ ہی ہیں، پھر

Marfat.com

کیونکر انسان یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ ایک شخص کے کلام یا منتر یا تعویذ کا دوسرے پر اثر ڈالنے کے لئے کسی حد تک بھی مؤثر سمجھنا قانون قدرت کے خلاف ہے، جب ایسی ہزار ہا نامعلوم علل ناقصہ کسی واقعہ کے وجود اور عدم پر عمل کرتی رہتی ہیں، اور ہر ایک واقعہ کے وجود یا عدم پر قدرت کے کئی مخفی اسباب عامل ہوتے ہیں، تو یہ ہم کیونکر کہہ سکتے ہیں، کہ ہم قانون قدرت یا علت و معلول کے پورے سلسلے پر حاوی ہو گئے ہیں، بلکہ اس ساری بحث کا نتیجہ یہ نکلے گا، کہ ہم اپنے استقرار سے دیکھیں کہ دیگر علل ناقصہ کی طرح تاثیرات کے وجود پر منتر و کلام یا تعویذ بھی ایک علت ناقصہ ٹھہرائی جاسکتی ہے یا نہیں؟ دوسری صورت میں یہ نتیجہ ہوگا، کہ ہمارے پاس اس کے قطعی طور پر ناممکن ہونے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے۔

## دوسرے اعتراض کا جواب

میں یہ کہا جاسکتا ہے، کہ جس طرح اور اسباب کی تاثیرات پر ہمارے پاس کوئی عقلی دلیل نہیں ہے اسی طرح کلام کی تاثیرات کے متعلق عقلی دلیل کا نہ ہونا ان کے وجود کے منافی نہیں ہے، ہم روزمرہ اجسام کے زمین کی طرف آنے کو زمین کی کشش ثقل پر محمول کرتے ہیں، اور مؤخر الذکر کو مقدم الذکر کی علت قرار دیتے ہیں، لیکن ہمارے پاس اس بات کی کوئی عقلی دلیل موجود نہیں ہے، کیوں کہ زمین کی کشش ثقل موجود ہے، اور کیوں کہ وہ ایسی کشش اجسام کو مرکزِ زمین کی طرف کھینچتی ہے۔

## تیسرے اعتراض کا جواب

تیسرا اعتراض بھی اس تمثیل سے جو کشش ثقل زمین کے متعلق دی گئی ہے، رفع ہو جاتا ہے، یعنی جس طرح زمین کا ہر شئے کو اپنے مرکز کی طرف کشش کرنے کا فعل خلاف قیاس ہونے کے باوجود آپ تسلیم کر رہے ہیں، تعویذات کے اثر کو بھی

Marfat.com

باوجود خلاف قیاس ہونے کے تسلیم کر لیجئے۔

علاوہ ازیں جب ہم بہت سی ایسی باتوں کا جو ہمارے روزمرہ تجربے یا مشاہدے میں آرہی ہیں، صحیح ہونا تسلیم کرتے ہیں، گو ان کی حقیقت سے پوری واقفیت حاصل نہ کرسکیں، تو پھر کلام کی تاثیر کو محض خارج از وہم وقیاس سمجھ کر اپنے تمام تجربہ یا مشاہدہ پر پانی پھیر دینا کون سی عقلندی کی بات ہے؟

مشہور یونانی حکماء نے جس طرح عام دواؤں کو مفید یا مضر الاثر بیان کیا ہے، اسی طرح یعنی ادویات کو مفید یا مضر بالخاصیت بیان کیا ہے۔

جیسا کہ ایک خاص قسم کی لکڑی صرع کے مریض کے گلے میں لٹکائے رکھنا مفید ثابت ہوا ہے، گو یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ اس لکڑی میں کسی قسم کی فاعلی قوت ہے، جو ایسے مریض کے کسی عضو پر اور کیوں کر فائدے کا اثر پہنچاتی ہے، تاہم ان کو باوجود اپنے عدمِ فہم کے اس کے فائدے کو تسلیم کرنا پڑا۔

علم مسمریزم کے رو سے ایک حیوانی جسم کا دوسرے جسم کو مؤثر کردینا روزِ روشن کی طرح ثابت ہوگیا ہے، اور اس کی بعض دریافتیں ایسے پایہ تحقیق کو پہنچ گئی ہیں کہ ان سے کوئی نئی روشنی والا انکار نہیں کرسکتا ہے، اس لئے اگر ہمارے تجربات یا مشاہدات کلام افسون یا تعویذ کی تاثیرات کی بھی تائید کریں، تو صرف اس بناء پر کہ یہ پرانے طریق کے آدمیوں کے خلاف ہیں، اس سے انکار کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، تصدیق وتوثیق کے لئے تجربہ ومشاہدہ کے علاوہ قابل اطمینان اور کون سی بات ہوسکتی ہے، اگر محض اس بناء پر تجربات کی بھی تکذیب کی جاتی ہے، کہ یہ پرانے لوگوں کے خیالات ہیں، تو آگ کی حرارت اور پانی کی ٹھنڈک سے بھی انکار کردیجئے، کیوں کہ یہ بھی ایک پرانا خیال چلا آتا ہے۔

گراز بسیط زمیں عقل معدوم گردد  بخود گماں نبرد ہیچ کس کہ نادانم

Marfat.com

تعصب اور خود پرستی وہ بلائے عظیم ہے کہ اگر عقل دنیا سے ناپید ہو جائے، پھر بھی خود پرست آدمی اپنے آپ کو سب سے زیادہ عاقل اور اپنی بات کو سب سے زیادہ صحیح سمجھے گا۔

## تقریر دوم

بعض لوگ خواہ مخواہ بدیہیات اور محققین کے عینی مشاہدات کو غلط خیال کر کے سچے واقعات سے انکار کرتے ہیں، جب ہمارا اپنا ذاتی تجربہ عملیات کی تاثیر کے متعلق ہو چکا ہے، تو پھر ہم کیوں کر دوسروں کی غلط اور قیاسی باتوں پر یقین کر سکتے ہیں دنیا میں سب سے بہتر شہادت تجربہ ہے، جب کوئی شخص کسی بات کے متعلق اپنا ذاتی تجربہ بیان کرتا ہے، تو پھر کسی کی تکذیب اس کے یقین کو کب متزلزل کر سکتی ہے، جب دل و دماغ ذرا سی بات سے فوراً متاثر ہو جاتے ہیں، اور باعتبارِ روحانیت ان پر تھوڑا بہت اثر ضرور پیدا ہوتا ہے، تو پھر کونسی وجہ ہے کہ امراض جسمانی ہوں یا روحانی ان پر عملیات کا اثر نہ ہو، یہ بات دوسری ہے کہ اس زمانہ میں سچے اور لائق عاملوں کی تعداد بہت کم ہے، جن کا ملنا ہر شخص کے لئے دشوار ہے، کیونکہ جو لوگ بلا تعلیم و تلقینِ مرشد اور بلا محبت و ریاضت محض عملیات کی کتابوں کو پڑھ کر اپنے آپ کو عامل سمجھتے ہیں، البتہ ان کے عملیات میں تاثیر نہیں ہو سکتی، پس ایسے عاملوں کو دیکھ کر اگر کوئی یہ نتیجہ نکالے کہ عملیات میں تاثیر نہیں ہے، تو یہ ان کی غلط فہمی اور جہالت ہے، کیوں کہ سچے عاملوں کے عملیات کی ہزار ہا اشخاص نے آزما کر تصدیق کی ہے، چنانچہ راقم الحروف کوئی بڑا عامل تو نہیں ہے، اور نہ ہی دعویٰ کر سکتا ہے، البتہ بزرگوں کا عطیہ ہے، کہ چند عمل جو اکثر میرے تجربہ میں ہیں وہ اکسیر اور تیر بہدف ہیں جس کی تصدیق ناظرین خود اس کتاب کے عملیات سے کر لیں گے۔

Marfat.com

مشک آنست کہ خود ببوید نہ آں کہ عطار بگوید

عملیات کی تاثیرات کا ایک ثبوت یہ بھی ہے، کہ جب ہم اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں پر نظر ڈالتے ہیں، تو پھر ہر ایک میں ایک نہ ایک اثر ضرور پاتے ہیں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے نباتات حیوانات اور جمادات میں سے ہر چیز کو علیحدہ علیحدہ اثر دے رکھا ہے، جن کے معلوم کرنے کے لئے ہمارا ادراک جس قدر وسیع ہوتا جاتا ہے، اسی کے موافق ان کے جداگانہ اثر پر عبور ہوتا جاتا ہے لیکن جس قدر ان کے اثر کا ہم کو ادراک ہوتا ہے، وہ ایک محدود دائرہ میں ہے، حالانکہ ان اشیاء کی تاثیرات کا سلسلہ غیر محدود ہے، اس لئے کہ ان میں سے بہت سی ایسی چیزیں ہیں، جن کا اثر اب تک ہمارے علم میں نہیں ہے، تو کیا ان کی نسبت یہ کہہ دیا جائے گا، کہ وہ اثر سے خالی ہیں، نہیں بلکہ ہماری معلومات کا قصور ہے، کہ اس کے اثر سے ہم لاعلم ہیں، اس میں یہ بات غور کرنے کے قابل ہے کہ ان چیزوں کا وجود اس سے ہوا ہے جس کو عناصر بسیط کہتے ہیں، ان میں بھی قدرتی اثر موجود ہے، جس کی ترکیب سے ان چیزوں کا وجود ہوا، اگر ان میں کسی قسم کا اثر نہ ہوتا، تو کیا موالیدِ ثلاثہ کی پیدائش ان کی ترکیب سے ہوتی، ہرگز نہیں جبکہ یہ مسئلہ مانا ہوا ہے، کہ ہر شئے میں خواہ ذی روح ہو یا غیر ذی روح، ان میں اثر موجود ہے، اسی طرح کلام اور افسون کے اثر کو کیوں نہ تسلیم کریں، اور اس دعویٰ کے لئے کسی دلیل کی بھی ضرورت نہیں ہے، جبکہ ہم ان کے اثر کو دیکھتے اور اس سے مؤثر ہوتے ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب گر دلیلت باید از وے رو متاب

## تقریر سوم

ایک شخص کو کسی جرم میں بادشاہ نے قتل کی سزا دی، ابھی قتل کے سامان

Marfat.com

ہورہے تھے، کہ اس نے حاضرین سے کہا: مجھے تو اپنے بادشاہ کی خوشی منظور ہے، اس لئے جب تک میرے قتل کے لئے دارورسن آئے، اس وقت تک آپ صاحبان لاٹھی مکے، چھتر سے ہی مجھے مارنا شروع کریں، تاکہ میرے آقا خوش ہوں، بادشاہ اس بات سے ہنس پڑا اور اس کو معاف کردیا۔

قاضی ہمدان سے لواطت کا جرم سرزد ہوگیا، بادشاہ نے کہا: اس کو حنفیہ مذہب کے مطابق قلعہ کے برج پر سے گرادو، تاکہ دوسرے لوگوں کو عبرت ہو قاضی بڑا حاضر دماغ تھا بولا حضور کسی دوسرے شخص کو قلعہ کے برج پر سے گرانا چاہئے تاکہ مجھے عبرت ہو، بادشاہ کو اس بات پر ہنسی آ گئی، اور اس کو معاف کردیا۔

غرض ناظرین نے اس قسم کے واقعات اکثر کتابوں میں پڑھے ہوں گے، کہ ایک شخص کو قتل کرنے کے لئے لے جارہے تھے، کہ اس نے کوئی لطیفہ یا فقرہ ایسا برجستہ کہا کہ حاکم نے خوش ہوکر اسے معاف کردیا، تو یہ صرف کلام کی تاثیر ہے، جس نے اس کو موت کے منہ سے بچالیا۔

سخن کز دل آید بود دل پذیر　　　پذیرد سخن بود شکر جائے گیر

یعنی بات دل میں کھب جانے والی تھی کھب گئی، جو بات دل کی تہ سے نکلے، وہ دل میں کھب ہی جاتی ہے۔

اگر ایک ستم رسیدہ شخص نہایت عجز سے غمگینی کے تلخ آنسو بہاتا ہوا اپنی دردناک کہانی بیان کرے، تو سننے والا ضرور متاثر ہوگا، یہ کیوں؟ صرف اسی دردانگیز کلام کے اثر سے کسی شاعر کا شعر ہے:۔

جراحات السنان لها التیام　　　ولا یلتام ما جرح اللسان

یعنی نیزے کا زخم تو بھر جا[illegible] زبان کا زخم نہیں بھرتا۔

ایک اور شاعر کا کہنا:۔

Marfat.com

گر صد ہزار لعل و گہرے دہی چہ سود   دل را شکستۂ نہ کہ گوہر شکستۂ

یعنی اگر تم لاکھوں لعل و موتی بھی اس کے خوش کرنے کو دو، تو بے سود ہیں، کیوں کہ تم نے ایک بات کہہ کر اس کی دل شکنی کی ہے، گوہر شکنی نہیں کی۔

معلوم ہوا کہ کلام میں کوئی ایسا سحر انگیز اثر ہے جس کا اثر دل پر فوراً پڑتا ہے، پس جب معمولی کلام کی یہ تاثیر ہے تو بھلا اس مقدس اور متبرک کلام کی تاثیر کیسے کچھ نہ ہوگی، جس سے انوار الٰہی درخشاں ہیں۔

غرض جب ایک معمولی شخص کی دل شکن بات لوگوں کے دلوں کو چکنا چور کر دیتی ہے، اور اس کی شیریں کلامی ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیتی ہے، تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ نفس کش اور برگزیدہ اشخاص کا کلام غیر معمولی اثر نہ رکھتا ہو۔

## (۲) عملیات سے بدگمانی رکھنے والوں کو تسلی بخش جواب

وہ لوگ جو نقوش اور عملیات سے بدظن ہیں، وہ اگر ذیل کی تقریر کو صدق دل سے مطالعہ کریں تو امید قوی ہے کہ وہ راہ راست پر آجائیں۔

فرض کرو کہ ایک ناواقف بڑھئی کند اوزاروں کے ساتھ ایک عمدہ لکڑی کی چوکھٹ بنانے بیٹھا ہے، یا ایک ناواقف مسافر کسی جگہ جانے کے لئے جو مشرق کی طرف ہے، مغرب کی طرف منہ کر کے چل دیتا ہے، اور منزل مقصود کا راستہ یا پتہ کسی سے دریافت نہیں کرتا، اور اگر دریافت کرتا ہے تو اپنے جیسے ناواقف شخص سے، تو کیا تم کہہ سکتے ہو، کہ وہ مسافر منزل مقصود پر پہنچ جائے گا، یا وہ ناواقف بڑھئی کند اوزار کے ساتھ حسب دلخواہ عمدہ چوکھٹ تیار کر لے گا نہیں، ہرگز نہیں، بلکہ مسافر اپنی منزل مقصود سے دور ہوتا جائے گا، اور سفر کی تکلیف علیحدہ ہوگی، علی ہذا ناواقف بڑھئی نہ صرف لکڑی ہی کو خراب کرے گا، بلکہ اوزار بھی اور خراب ہو جائیں گے، اور ممکن ہے

Marfat.com

کہ وہ زخمی بھی ہو جائے، پس جب مادی اور ظاہری کاموں کا انجام یہ ہوتا ہے، کہ ناواقفی اور خاطر خواہ سامان واوزار نہ ہونے کی صورت میں ایک مسافر بھٹک جاتا ہے، یا دوسرا کام خراب کردیتا ہے، تو روحانی کاموں میں بدرجہ اولیٰ لازم آیا، کہ ناواقف بھٹک جائے گا، یا ناکام ہوگا، اور بعض دفع نقصان بھی اٹھائے گا، اور ہر ایک انسان خواہ کیسی ہی موٹی عقل کا کیوں نہ ہوگا، کسی دوسرے سے راستہ نہ پوچھنے والے ناواقف مسافر اور کند اوزاروں سے کام کرنے والے انجان بڑھئی کو بیوقوف اور پاگل وغیرہ کہے گا، اندریں حالات ہماری سمجھ میں نہیں آتا، کہ ان صحاب کو جو روحانیات کے میدان میں بغیر واقفیت اور رہبر کے اور اصول وقواعد جانے بغیر کود پڑتے ہیں، اور ناکام رہ کر تضیعِ اوقات کے علاوہ نقصان مایہ اوشماتتِ ہمسایہ کا مستوجب بن کر علم کی ہستی سے انکار کر بیٹھتے ہیں، اور نقوش وعملیات کے روحانی علم کو بے اثر اور فضول ڈھکوسلہ کہنے پر مجبور ہوتے ہیں، کیا کہیں وہ خود ہی سمجھ لیں کہ وہ کس خطاب کے مستحق ہیں۔

جس طرح الفاظ اپنے اندر معانی رکھتے ہیں یا جسم اپنے اندر روح رکھتا ہے اسی طرح نقوش وعملیات بھی اپنے اندر اثر ومعانی رکھتے ہیں، اور جس طرح الفاظ کو باہم موقع موقع پر ترتیب دیتے ہیں ایک کلام مکمل یا پورا مطلب سمجھ میں آجاتا ہے، یا ان کا کوئی اثر پیدا ہوتا ہے ٹھیک اسی طرح نقوش وعملیات کے بظاہر مہمل اور بے معنی الفاظ بھی اپنے اندر کوئی خاص معنی اور اثر یا نتیجہ رکھتے ہیں، اگر ان کو موقع اور محل کے لحاظ سے الفاظ کی طرح ترتیب دے کر استعمال کیا جائے گا تو بھی وہ اپنا نتیجہ یا اثر ظاہر کریں گے، یہ علم سرتاسر صفائی کی باطن قلب کی توجہ اور پرہیزگاری پر مبنی ہے، قلب کی توجہ ایک ایسی چیز ہے جو تمام اثر ڈالنے والی مادی یا روحانی اشیاء پر اثر ڈالنے میں ہمیشہ سبقت رکھتی ہے۔

---

Marfat.com

چنانچہ مسمریزم کا علم جو اس علم کا ایک معمولی حصہ ہے، صرف قلب کی توجہ پر منحصر ہے، دریاؤں کی روانی روکی جاسکتی ہے، پہاڑوں کی جگہ بدلی جاسکتی ہے، انسانوں کے دلوں کو مسخر کیا جاسکتا ہے، قلب کی طاقت کو سمجھنے کے لئے ایک معمولی مثال دیکھو، ایک انسان جس کے دل میں کسی قسم کا خوف نہیں ہوتا جب کسی حاکم کے روبرو کمرۂ عدالت میں جاتا ہے، تو خودبخود بغیر کسی ظاہری دباؤ کے اس کا دل مرعوب ہوجاتا ہے، حاکم کے ذاتی اثر اقتدار سے دل مرعوب نہیں ہوتا، کیونکہ وہی حاکم اگر کمرۂ عدالت کے باہر ملتا ہے، تو دل پر چنداں اس کا رعب نہیں پڑتا، بلکہ دل کو مرعوب کرنے والا وہ خیال ہے، جو ہر وقت کمرۂ عدالت میں جاری وساری رہتا ہے نقوش عملیات کے روحانی علم میں بھی یہی قلبی طاقت ہے، جو سب کام کرتی اور اثر پیدا کر کے نتائج مرتب کرتی ہے، بدظن لوگوں کی ناکامی اور دعا یا عمل کے بے اثر ہونے کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ ان کے اعمال پاک نہیں ہوتے۔

ایک شخص جس کا کھانا پینا بولنا چالنا اوڑھنا بچھونا سونا جاگنا گوشت پوشت اور خون کے ذرے ذرے میں لقمہ حرام شامل ہو، یا بدظنی جاری وساری ہو، اس کی دعا یا عمل یا نقش کس طرح موثر ہوسکتا ہے، حالانکہ صدق مقال، اکل حلال اور بے غرض عملیات کے عامل کے لئے پہلی شرط ہے، اس کے بغیر تمام عمل فضول اور اکارت ہوجاتا ہے۔

خواہ ہماری کوتاہ بین آنکھیں دیکھ سکیں یا نہیں، اور ہماری محدود عقل میں آسکے، یا نہیں لیکن یہ مسلمہ امر ہے کہ کائنات میں ہر ذرے کی ہر ادنی سے ادنی حرکت یا فعل سے کچھ نہ کچھ تغیر ضرور پیدا ہوتا ہے، اور اس کا وہ فعل یا حرکت قیاسی ووہمی ہو، یا مادی وروحانی اور اس تغیر کا اثر بھی تھوڑا ہو یا بہت، اچھا ہو، یا برا بہرحال ضرور ہوگا، ہلکی سے ہلکی ہوا کا ایک جھونکا کم از کم گردوغبار یا کسی تنکے یا کاغذ کے پرزے ہی کو ایک

Marfat.com

جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ پھینک دیتا ہے، ناتواں چیونٹی کی ایک حرکت بھی اپنے پاؤں سے سطح ارضی پر نقوش پیدا کرتی ہے، انسان وحیوان چرند وپرند کی آواز کی حرکات بھی کرۂ ہوائی میں تھرتھراہٹ ڈال کر تغیر پیدا کرتی ہیں، اس نظریئے کو مدنظر رکھ کر ہم کہہ سکتے ہیں، کہ بعض نقوش وعملیات کے بظاہر مہمل اور بے ربط اور نہ سمجھ میں آنے والے الفاظ یا اعداد بھی جن کو ایک انسان زبان سے ادا کرتا یا کاغذ پر لکھ کر اپنے خیال میں کوئی کام کرتا ہے، کائنات کی کسی نہ کسی چیز میں کچھ نہ کچھ تغیر پیدا کر سکتے ہیں چنانچہ اس تغیر کے پیدا ہو جانے کا نام اثر ہے، اور اسی اثر کا پیدا کرنا عامل کا منتہائے مقصود ہوتا ہے، اس تغیر یا اثر کو پیدا کرنے کے لئے روحانیت کے عاملوں نے روحانی طور پر چند دعاؤں یا افعال کو ایک خاص صورت میں ترتیب دیا ہے، جن کو نقوش و عملیات یا چلّے یا تعویذ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، خواہ ان ادعیہ کے الفاظ کے معانی یا افعال کی حرکت کی ترتیب اور وجہ بیاری سمجھ میں آئے یا نہ آئے، کیوں کہ روحانیات سمجھ سکنا کوئی آسان کام نہیں معمولی اور موٹی عقل والا کوتاہ بین تو کجا، بڑے بڑے سمجھدار اور زود فہم لوگوں کی عقل بھی اس میدان میں چکر کھا جاتی ہے، روحانیات کو سمجھ سکنا روحانی عالموں کا کام ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہمدردی نوع انسان کے خیال سے روحانی عاملوں کا یہ فرض ہونا چاہئے تھا، کہ وہ خلق خدا کے لئے ایسے صاف اور عام فہم اصول وضع کرتے جن کو ایک موٹی عقل کا انسان بھی سمجھ کر فائدہ حاصل کر سکتا ہے، اور اس کا ثواب ان لوگوں کو ملتا مگر انہوں نے ایسا کیوں نہ کیا بلکہ معاملہ کو پیچ دار بنا دیا لیکن اس اعتراض کے عائد کرنے سے بیشتر عامۃ الناس کی سیرت کا ایک گہری نظر سے مطالعہ کرنا ضروری ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ ہر زمانہ ہر قوم ہر ملک، میں انسانیت کا دور دورا ہے، حق گوئی حق جوئی کی بجائے ناحق گوئی اور دوسرے کو ضرر رسانی کا خیال ہر وقت

Marfat.com

دامن گیر رہتا ہے، اپنے فائدے کے لئے خواہ وہ کتنا ہی حقیر کیوں نہ ہو، دوسرے کا بڑے سے بڑا نقصان کر دینا عام آدمیوں کے نزدیک ایک معمولی بات ہے، وہ سرتاپا ظلمت ونفسانیت میں مبتلا ہیں، اگر نقوش وعملیات کے علم کو ایسا صاف آسان اور عام بنا دیا جاتا، تو دنیا میں امن وچین کی زندگی کا تصور مشکل سے ہوسکتا تھا، کیوں کہ روحانیات کا اثر ادویات کے تاثرات پر ہمیشہ سے غالب رہا ہے، اور تاقیام دنیا رہے گا، نیز دوسری وجہ یہ ہے کہ مفت کی کوئی قدر نہیں ہوتی، اگر عامۃ الناس کو یہ علم بغیر محنت میسر آجاتا، تو کوئی قدر بھی نہ رہتی، اور بیدریغ وبے جا اس کا استعمال کیا جاتا۔

علاوہ اس کے اس علم کو پیچیدہ اور مشکل بنانے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ زبان کو محنت جفاکشی، حوصلہ صبر واستقامت اور عزم واستقلال کا عادی بنایا جائے، تاکہ کشمکشِ حیات کی ساری منازل پر غالب آکر فائز المرام ہو، اور وہی صاحب عزم میدان میں داخل ہو، جو مخلوق خدا کو فائدہ پہنچانے کی اہلیت رکھتا ہو، اور خود بینی اور خود غرضی سے مبرا ہو۔

## (۳) عملیات اور نقوش کے مؤثر ہونے کا ایک اور ثبوت

اس میں شک نہیں ہے کہ کائنات کا تمامی کاروبار ایک ضابطہ میں منسلک ہے، اور دنیا کے جس قدر معاملات ہیں، ایک قاعدے میں جکڑے ہوئے ہیں، لیکن اس کا علاج، قاعدوں کا اجراء اور تنسیخ گورنمنٹ کے قبضہ میں ہے۔

اہل نجوم ستاروں کی تاثیرات پر بقائے عالم کا انحصار رکھتے ہیں، ان کے خیال میں اجرامِ فلکی کی نقل وحرکت تمام کارگریوں کا ذریعہ ہے، فلاسفر تدبیر کی ریشہ دوانیاں سبب استقرار عالم سمجھتے ہیں، ان کے خیال میں ہر شئے کا اتمام ظاہری ذریعہ کے ماتحت ہے، اہل تصوف ان دونوں باتوں کے خلاف ہیں، وہ ایک دوسرے برتی

Marfat.com

کارخانہ کے لامع پر کاروبار ہستی کا انحصار رکھتے ہیں، اور اسی طاقت کی تسخیر حقیقی تسخیر ہے۔

دعوت سہ حرفی، حروف تہجی مقطعات اور اعداد وغیرہ اسی کے تحت ہیں، کیوں کہ یہ اس طاقت کی تسخیر ہے جس کے قبضہ میں تسخیر کے تمام پہلو دیے ہوئے ہیں۔

نئی روشنی والے ان نقوش والفاظ کی وقعت اس سے زیادہ نہیں سمجھتے، کہ اول الذکر مہمل اور فضول لکیریں، اور ثانی الذکر لایعنی الفاظ ہیں، جس کا نہ کوئی اثر ہوتا، اور نہ ہوسکتا ہے لیکن اس پر ہمارا ایمان ہے، کہ یہ تمام نقش ونگار بامعنی اور اثر دار ہیں، معمولی باتوں میں بھی اگر غور کریں گے، تو اس کا اثر مستتر دیکھیں گے۔

## عروس مراد کی نقاب کشائی

اب ہم آپ کو یہ بتاتے ہیں کہ اعداد کی مخفی قوت کے ہاتھوں آپ عروس مراد کی نقاب کا کشائی کس طرح کر سکتے ہیں، ممکن ہے کہ آپ کے دل میں اب بھی مختلف قسم کے شبہات عائد ہوں، اور آپ اس پر یقین نہ کر سکیں، کہ اعداد میں مخفی قوت کس طرح پوشیدہ ہے ہم آپ کو مطمئن کرنے کے لئے آپ کی توجہ ایک معمولی مثالی کی طرف مبذول کرتے ہیں، آپ نے عاملوں اور درویشوں کو تعویذات اور نقوش لکھتے دیکھا ہوگا، بلکہ ممکن ہے کہ آپ خود بھی کسی بزرگ سے تعویذ طلب کرنے گئے ہوں، کبھی آپ نے اس پر بھی غور کیا، کہ اس تعویذ کے اندر جو چند لکیریں کھینچی ہوئی ہیں ان کا مطلب کیا ہے، یہ لکیریں فضول اور بے کار نہیں، بلکہ آیات اور اسمائے الٰہی کے حروف ہیں، جن کے اعداد کی مخفی قوت آپ کو فائز المرام بناتی ہے، جس وقت آپ تعویذ اپنے بازو پر باندھتے ہیں، یا اپنے عزیز اپنے بچے کے گلے میں پہنا دیتے

Marfat.com

ہیں اس وقت تعویذ میں درج شدہ خطوط اور حروف کے اعداد اپنا اثر ڈالتے ہیں، بعض تعویذوں میں کسی قسم کے حروف نہیں ہوتے، بلکہ اعداد ہوتے ہیں، یہ اعداد بھی کسی مقدس نام یا پُرعظمت کلمہ سے حاصل کر کے لکھے جاتے ہیں، اور یہاں بھی اعداد کی مخفی قوت کام کرتی ہے۔

غرض نقش ونقوش کے متعلق جو آج کل ان کی لغویّت اور بے بنیادی کے خیالات اشاعت پا گئے ہیں، وہ صرف عدمِ واقفیت کا سبب ہے، ورنہ یہ معاملہ جہاں تک غور کیا جائے، صحیح ثابت ہوتا جائے گا۔

نقش شطرنجی چالوں اور اعداد سے پُر کرنے کا نام نہیں ہے، یہ آیات مقدسہ کلام پاک کے مختلف مقامات کے عدد ہوتے ہیں جن کو استادوں کے بتائے ہوئے طریقوں سے بھرا جاتا ہے۔

آپ نے قرآن مجید میں پڑھا ہوگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کوڑھی اور اندھے وغیرہ مریضوں کو تندرست کر دیتے مٹی کے پرندے بناتے اور پھونک مار کر اڑا دیتے مُردوں کو جلا دیتے آخر یہ کوئی دوا نہ تھی، جو کچھ تھا، جھاڑ پھونک اور کلامِ الٰہی کا اثر تھا، بزرگانِ دین نے انہیں نقوش سے ہزاروں کو فیضیاب کیا، قبل یہ کہ قرآن مجید اس قادر مطلق کا کلام ہے، جس کے قبضہ میں عالم کی باگ ہے، اس کا ہر لفظ ہر حرف خاص اثر رکھتا ہے، کسی آیت سے حب کا کام لیا جاتا ہے، کسی سے بغض کا کسی سے جن اتارا جاتا ہے، کسی سے دست غیب کا کام لیا جاتا ہے، الغرض انہیں آیاتِ مقدسہ کے اعداد سے نقش بنائے گئے ہیں۔

سینکڑوں واقعات ہمارے مشاہدہ میں آچکے ہیں، پھر انکار کی وجہ کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ (سورہ مائدہ/۳۵)

Marfat.com

اور اس کی صورت یہی ہے کہ کلام یا اعدادِ کلام سے فائدہ اٹھانا سیکھو، اور فائدہ اٹھاؤ! امریکہ کے بعض محققوں نے معلوم کیا ہے کہ بعض آدمیوں کے ہاتھ میں مقناطیسی طاقت ہے، جس چیز کو وہ ہاتھ لگاتے ہیں، اس میں برقی اور مقناطیسی تاثیر منتقل ہو جاتی ہے، بعض آدمی محنت ریاضت سے اس طاقت کو بڑھاتے ہیں، اور ان کو ملکہ ہو جاتا ہے، کہ اگر کسی بیمار کو اس ارادہ سے ہاتھ لگائیں، کہ وہ اچھا ہو جائے، تو بیمار ان کے ہاتھ کی بجلی سے فوراً اچھا ہو جاتا ہے، امریکہ کے فلاسفروں نے جو کچھ معلوم کیا ہے، وہ آج کل کے نئی روشنی والوں کے ماننے کے لئے غالباً کافی ہوگا، اور ان کے لئے اس توضیح کی اب حاجت نہ ہوگی، کہ اسی دستِ برقی کو ہم اپنی اصطلاح میں تاثیر کہتے ہیں، حضرت محبوبِ الٰہی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

﴿بابا صاحب کے یہاں خدمت تعویذ نویسی مولانا بدر الدین اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کے سپرد تھی، ایک دن وہ موجود نہ تھے، مجھ کو حکم ہوا، کہ تعویذ لکھ دو، ہم نے تم کو اجازت دے دی فرمایا: بزرگوں کے ہاتھ کا لگنا بھی تعویذ کے اثر کے لئے ضروری چیز ہے﴾

میرا خیال ہے کہ حضرت سلطانُ المشائخ محبوبِ الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ روشنی والوں کے نزدیک اس قدر قابل یقین نہ ہوگا، جس قدر کہ امریکہ کے ڈاکٹر کا کہنا صحیح ہے، حالانکہ یہ چیزیں الفاظ ہی کی ترکیب سے لکھی گئیں جس کا اثر آپ پر ہوتا ہے۔

## (۴) ایک سوال اور اس کا جواب

سوال:...... بعض لوگ کہتے ہیں کہ رقی، عزائم، تعویذات اور نقوش وغیرہ کا استعمال قطعاً اور کلیۃً بے اثر اور غیر مفید ہے، خواہ ان میں کلماتِ الٰہیہ اور اسمائے

Marfat.com

متبرکہ اوراَدْعِیَہ ماثورہ کا استعمال ہی کیوں نہ ہو؟

جواب:......تعویذات اور رُقی کا استعمال خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَ الْحُمَّةِ وَ النَّمْلَةِ (مشکوۃ)

انس رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر بد اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے اور پھوڑے پھنسی پر کچھ پڑھ کر دم کرنے کی اجزت دی (سنن الکبری للنسائی، کتاب الطب، باب الطب)

ہمارا رات دن کا مشاہدہ ہے، کہ بعض امراض مثلا بواسیر، خنازیر، دردِ شقیقہ اورامِ ثبور پر کلمہ کلام پڑھ کر دم کرنے سے ایک بیّن فائدہ پہنچتا ہے، بلکہ بعض اوقات جب کسی مرض پر کوئی طبی یا ڈاکٹری دوا اثر نہ کرے، اور بجائے فائدہ کے نقصان ہوتا چلا جائے، تو مریض کے گلے یا عضو ماؤف پر ایک تعویذ وگنڈہ کا باندھ دینا یا کچھ پڑھ کر دم کر دینا ایک حیرت انگیز طریقے سے پیغامِ شفا بن جاتا ہے، اوراس غیبی تاثیر کو دیکھ کر جس کا سررشتہ کسی ظاہری حسی سبب کے ساتھ وابستہ نظر نہیں آتا، حکیم یا ڈاکٹر بھی انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں، سانپ، بچھو، دیوانہ کتا وغیرہ جانوروں کی ایذائیں اس حیرت انگیز طریقے سے زائل ہو جاتی ہیں کہ طب وڈاکٹری جس کا کام صرف یہ ہے کہ محسوس اسباب کے ذریعہ سے مقصود تک پہنچیں، اس غیر محسوس وغیر متعقل اور غیر مدرک ذرائع کو موصل الی مقصود دیکھ کر عجز و بے چارگی سے دم بخود رہ جاتی ہیں۔

غرض جس چیز سے بنی نوع انسان کے لئے ایک فائدہ عظیم متصور ہو، اور ایک خلقِ کثیر کی تکلیف رفع ہو، بلکہ بعض اوقات جانیں بھی بچ جائیں، اور ساتھ ہی اس میں کسی فعل شرک وبدعت کا ارتکاب بھی لازم نہ آئے، تو پھر اس کے ناجائز

Marfat.com

ہونے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے، بلکہ وہ تو پیغمبری تعلیمات میں افادہ خلق ہونے کی وجہ سے مامور بہ ہے۔

سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم لوگ بچھو کے کاٹنے پر ایک دم کیا کرتے ہیں، اور آپ نے دم کرنے سے منع فرمایا ہے، تو ان لوگوں نے وہ کلام جس سے دم کرتے تھے، آپ کو سنایا، تو آپ نے فرمایا:

مَا اَرٰی بِهَا بَاْسًا مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ○

میرے نزدیک اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، جو شخص اپنے بھائی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے، اسے پہنچانا چاہئے (مشکوۃ) (صحیح مسلم، کتاب السلام، باب استحباب الرقیۃ، مسلم کی روایت میں بھا نہیں ہے)

اس حدیث شریف سے ثابت ہوا، کہ عزائم و رقی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منع فرمانا اس امر پر مبنی تھا، کہ اہلِ عرب ایامِ جاہلیت سے جس قسم کے جنتر اور جھاڑ پھونک کرنے کے عادی تھے، ان میں عموماً شیطانوں اور بتوں کا ذکر ہوتا تھا، جس میں کفر و شرک لازم آتا ہے، اور کفر و شرک کی جڑیں کاٹنا اور توحید کے شجر کو بارآور بنانا اسلام کا اولین مقصد ہے، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے کلیۃ رقی (دم، جھاڑا) سے لوگوں کو منع فرمایا لیکن جب دیکھا کہ بعض رقی (دم، جھاڑا) میں کوئی وجہ شرک وکفر کی نہیں ہے، تو اجازت دے دی، گویا عزائم مطلق ممنوع نہیں ہیں، بلکہ ان میں سے وہی ممنوع ہیں، جو مخرب ایمان اور مستلزم شرک ہوں، چنانچہ اس کی تصریح اس حدیث سے ہوتی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا بَاْسَ بِالرُّقٰي مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ○ (صحیح مسلم کتاب السلام،

Marfat.com

باب لاباس بالرقی مالم یکن فی شرک )

یعنی رقی میں کوئی حرج نہیں، تاوقتیکہ ان میں کوئی شرک کی بات نہ ہو۔

## (۵) بعض دیگر امور مؤثرہ سے استدلال

عملیات سے بدگمان ہونے والے لوگ غور کریں، کہ کیا انہوں نے کبھی کلام کی بابت تاثیر کا مشاہدہ نہیں کیا؟

نظر بد کے برے اثر کا ذکر کہیں سنا؟

کیا کبھی لوگوں کو جادو کا شاکی نہیں پایا؟

جب ان امور کی تاخیر بدیہیات اور تواتر کے قبیل سے ہے، پھر عملیات کی تاثیر ماننے میں ان کو کون سی چیز مانع ہے۔

## (٦) کلام کی تاثیر کے سچے واقعات

(۱) اقبال نامہ جہانگیری میں ہے کہ ایک دن جہانگیر اور بادشاہ کی خدمت میں مجلس سماع منعقد تھی، قوال نہایت زور وشور سے امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

ہر قوم راست راہے دینے وقبلہ گاہے  من قبلہ راست کردم برسمت کج کلاہے

یعنی ہر جماعت کی ایک راہ ہے، ایک دین ہے، اور ایک قبلہ گاہ ہے، مگر میں نے تو اپنا قبلہ اس کجلا (معشوق) کی طرف بنالیا۔

جہانگیر نے ملا علی احمد جو فنِ مُہر کنی میں بے نظیر شخص تھا، اس شعر کی اصلیت پوچھی ملا صاحب نے جواباً عرض کیا، کہ عالیجاہ یا اس نے اپنے والد ماجد سے سنا تھا، کہ ایک دن خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے سر مبارک پر کلاہ شریف کج رکھے ہوئے ہندوؤں کا طریقہ اشنان اور عبادت ملاحظہ فرما رہے تھے، کہ اسی

Marfat.com

اثناء میں امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے، خواجہ صاحب نے فرمایا:

ان لوگوں کو دیکھتے ہو، پھر معاً زبان مبارک سے یہ مصرع پڑھا۔

''ہر قوم راست راہے دینے وقبلہ گاہے

امیر خسرو رحمۃ اللہ نے آپ کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا:۔

''من قبلہ راست کردم برسمتِ کج کلاہے،،

ملا علی احمد رحمۃ اللہ علیہ نے دوسرا مصرع بھی پورا نہیں پڑھا تھا، کہ دھم سے زمین پر آ رہے اور مرغِ روح، قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا۔

چو دل بمہر نگاہے نہ بستہ ءٔ اے ماہ ترا ز حالتِ عشاقِ بے نوا چہ خبر

''اے ماہ جبین جب تو نے کسی محبوب کی محبت میں دل نہیں لگایا، تو تجھے غریب عاشقوں کی حالت کی کیا خبر،،؟

(۲) ایک بزرگ نے کسی سے کہا، کہ یہ کیوں کر ہو سکتا ہے، کہ چند الفاظ کے کہنے سے ایک غیر شخص جس سے واقفیت بھی نہ ہو، مسخر ہو جائے، یا ہلاک ہو جائے آپ نے معاً سائل کو ایک سخت گالی دی، جس پر اسے طیش آ گیا، اور چاہتا تھا، کہ دست و گریباں ہو جائے، لیکن آپ نے نہایت نرمی سے فرمایا:

بھائی مجھے معاف کر، مجھے بعض اوقات جنون ہو جاتا ہے، اور غلطیاں ہو جاتی ہیں، یہ سن کر وہ شخص خاموش ہو گیا، پھر آپ نے فرمایا: کہ کس قدر تعجب ہے کہ محض مجھ انسان کے چند الفاظ سے تجھ کو اس قدر غصہ آیا کہ تو جامے سے باہر ہو گیا، پھر میرے ہی الفاظ نے تجھ پر فوری سکون کی حالت طاری کر دی، بھلا کیا اللہ تعالیٰ کے کلام کو میرے کلام سے بھی کم مؤثر سمجھتا ہے، اگر ایسا ہے، تو تیرا راستہ دوسرا ہے، اور میرا راستہ دوسرا، یہ فرما کر آپ اٹھ کر چلنے لگے، کہ وہ شخص آپ کے دست مبارک پر تائب ہو کر تاثیر کلام الٰہی کا قائل ہوا۔

Marfat.com

## (۷) نظر کا لگ جانا

کس چیز کی نظر میں زیادہ اثر ہے؟

(۱) اژدہے کی نظر میں تاثیر ایسی ہے کہ جب اس کی آنکھوں سے ہرن خرگوش وغیرہ دوسرے جانوروں کی آنکھیں ملتی ہیں، تو یہ جانور بے حس رہ جاتے ہیں پھر نہ ان کو ملنے جلنے کی ہمت رہتی ہے، اور نہ ہی اپنی سدھ بدھ، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ اژدہا باآسانی ان کو لقمہ بنالیتا ہے۔

(۲) بلی کی بابت تو شاید یہ سب لوگ جانتے ہی ہوں گے، کہ اس کی نظر کا حال ناگفتہ بہ ہے یہ نامراد ایسی موذی ہے، کہ ننھے ننھے بچوں کا دم ان کی نظر سے اپنی نظر ملا کر ایک پل میں نکال دیتی ہے، اور چنگے بھلے جاگتے بچے اپنی نظر کا شکار بنالیتی ہے، یہی وجہ ہے، کہ لوگ زچہ کے کمرے میں بلی کو نہیں آنے دیا کرتے۔

(۳) گیدڑ کی نظر ایسی ہے، کہ جب اس کی آنکھیں کسی پرندے کی آنکھوں سے چار ہوتی ہیں تو وہ پرندہ بے ہوش ہو کر نیچے گر پڑتا ہے، اور اس کا شکار ہو جاتا ہے جائے غور ہے کہ جب جانوروں کی نظروں کا یہ حال ہے، تو کیا انسان جو اشرف المخلوقات ہے اس کی نظر میں کچھ بھی اثر نہیں ہو سکتا؟ کیوں نہیں؟ انسان کی نظروں میں ایسا اثر ہے، کہ غیر کو اپنے بس میں کر لے۔

جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبت آ ہی جاتی ہے

## اقسامِ نظر

نظر کی دو قسمیں ہیں۔(۱) نظر بد (۲) نظر نیک

عام قاعدہ ہے، کہ جب کسی کے پاس کوئی اچھی چیز ہوتی ہے، یا جب کوئی بانکا ٹیڑھا بنتا ہے، اور کوئی دوسرا اس کی طرف گہری نگاہوں سے دیکھے، تو وہ بانکا

Marfat.com

ٹیڑھا صاف کہتا ہے، کہ یار چشم بد دور، ذرا گھور کر نہ دیکھئے۔

بارہا ایسا دیکھا گیا ہے، کہ جب کوئی شخص اپنے پیارے اور خوبصورت بچہ کو جس کے بال بنے سنورے ہوں، کپڑوں سے آراستہ ہو، آنکوں میں سرمہ لگا ہو، رخسارے بھولے بھالے ہوں، اور بچہ طرح طرح کی عجیب کھیل کھیل رہا ہو، گہری محبت کی نگاہوں سے دیکھتا ہو، تو بے چارے بچے کی جان پر آفت آجاتی ہے، یعنی یا تو اسے بخار ہو جاتا ہے، یا کسی اور مرض میں مبتلاء ہو جاتا ہے جس کا باعث یہی ہے کہ اس شخص کی بچہ کو نظر لگ گئی۔

جب کبھی کوئی خوبصورت اور نرالی چیز سامنے ہوتی ہے، تو اس کوئی آدمی مل کر دیکھتے ہیں، اور خوش ہو کر تعجب کرتے ہیں، تو وہ چیز بگڑ جاتی ہے۔

کئی دفعہ بھلی چنگی گائیں دودھ دیتی دیتی دودھ کم دینے لگتی ہیں، اس کی بھی یہی وجہ ہے کہ کسی نہ کسی شخص نے اس گائے کا زیادہ دودھ دیکھ کر تعجب کے لہجے میں کہا ہوگا،، ''ہیں اتنا دودھ،،

عام عورتوں کا قاعدہ ہے کہ غیر شخص کے سامنے دودھ کے مکھن نہیں نکالتیں اس کا سبب بھی نظر لگنے کا خوف ہے، اگر وہ کسی کے سامنے مکھن نکال بھی لیں، اور دیکھنے والا تعجب کرے تو دوسرے دن مکھن ضرور کم نکلتا ہے۔

یہ جو کہا کرتے ہیں کہ ہر شخص کے سامنے کوئی چیز نہ کھانی چاہئے، اس کا سبب بھی نظر کے لگنے کا خوف ہے، کہ اس سے قے ہو جانے، یا دردِ شکم عارض ہونے یا کم از کم اس چیز کا مفید نہ ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

راقم الحروف نے بارہا آزمایا ہے، کہ جب کبھی کوئی انوکھی چیز اس کے پاس آجاتی ہے اور اپنے دوست واحباب کو دکھلائی جاتی ہے، تو جتنی تعجب کی نگاہ سے وہ چیز دیکھی جاتی ہے، اتنی ہی جلد وہ چیز گم ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

## نظر نیک

جب کسی نہایت ہی بری چیز کو تعجب کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، بشرطیہ وہ چیز ایسی بری ہو، کہ اس سے زیادہ بری نہ ہو سکے، تو وہ چیز اچھی ہو جاتی ہے، مثل مشہور ہے، کہ بارہ برس کے بعد اروڑی (مزبلہ) کی بھی سنی جاتی ہے۔

جب سخت امساک باراں ہوتا ہے، اور لوگ اکٹھے ہو کر میدان میں جا کر دعا مانگتے ہوئے مایوس نظروں سے آسمان کی طرف دیکھتے ہیں، اور جب مطلع صاف نظر آتا ہے، تو ان کی مایوسی اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے، تو ان کی مایوس نگاہوں کی نظر کا اثر یہاں تک ہوتا ہے، کہ اللہ تعالیٰ کو ان کی مایوسی پر رحم آتا ہے، اور بارش ہونے لگی ہے، تو یہ بارش بھی گویا ایک طرح کی نظر کا نتیجہ ہے۔

یہی نظر ہے جس کے ذریعے ایک ولی اللہ اپنی ایک ہی نظر سے بداخلاق کو نیک بنالیتا ہے، اور ایک دائم المریض کو اچھا کر دیتا ہے، اور ایک ہی نظر سے جاہل کو خدارسیدہ اور سمجھدار بنا دیتا ہے۔

معلوم ہوا کہ نظر صرف برا اثر ہی نہیں کرتی، بلکہ اچھا اثر کرتی ہے، لیکن فرق صرف اس کے طریقہ استعمال میں ہے، کہ اگر بد نظر سے دیکھا جائے، تو بد ہی ہوتی ہے، اور اگر نیک نظر سے دیکھا جائے تو نیک ہی ہوتی ہے۔

## نظر لگنے کی مدت

نظر کا جلدی یا دیر سے لگنا نظر والے اور نظر رسیدہ کی طاقتوں کے فرق پر منحصر ہے، مثلاً اگر نظر لگنے کی طاقت زیادہ ہو، اور جس پر نظر لگے، اس کی طاقت کم ہو، تو نظر کا اثر فی الفور ہوتا ہے، اور زیادہ دیر تک رہتا ہے، لیکن اگر دونوں طاقتیں یکساں اور برابر ہوں، تو نظر کا اثر کم اور تھوڑی دیر تک رہتا ہے، اور اگر نظر لگنے کی طاقت کم

Marfat.com

ہو، اور جس پر نظر لگے، اس کی قوت زیادہ ہو، تو نظر کا اثر نہایت ہی کم بلکہ بعض اوقات بالکل ہی نہیں ہوتا۔

## نظر کے مؤثر ہونے کے منقولی دلائل

نظر کا لگنا تجربات اور مشاہدات کے علاوہ احادیث صحیحہ سے بھی ثابت ہوتا ہے، چنانچہ چند احادیث بیان کی جاتی ہیں۔

۱) (عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَ ابْنِ عَبَاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَیْنَ حَقٌّ (متفق علیه) (تفسیر خازن، سورہ یوسف/ ۶۶ :: تفسیر ابی سعود، سورہ یوسف، / ۶۷)

ابوہریرہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ علیہ وسلم نے نظر کی تاثیر حق ہے۔ (بخاری مسلم)

(۲) عَنْ اُمِّ سَلْمَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ :اِسْتَرْقُوْا لَهَا فَاِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ قَالَــــهٗ حِیْنَ رَای جَارِیَةً فِیْ وَجْهِهَا سُفْعَةٌ (متفق علیه) (مستدرک حاکم، کتاب الطب :: بخاری، کتاب الطب، باب الرقی فی العین)

ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسکے واسطے جھاڑ پھونک کراؤ کہ اس کو نظر لگی ہے یہ آپ نے اس وقت فرمایا جبکہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ایک لڑکی پر زردی دیکھی۔

عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ قَالَتْ: یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّ وَلَدَ جَعْفَرَ تَسْرَعُ اِلَیْهِمُ الْعَیْنُ اَفَاَسْتَرْقِیْ لَهُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّهٗ لَوْ کَانَ شَیْءٌ سَابِقَ الْقَدْرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَیْنُ (رواه احمد والترمذی وابن ماجة ومشکوة)

اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول

Marfat.com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ! جعفر کی اولو دا کثر نظر کا شکار ہو جاتی ہے، تو کیا ہم ان کے لئے کوئی دم درود وغیرہ کا عمل کریں؟ آپ نے اس بات کا جواب اثبات میں دیا، اور فرمایا کہ اگر کوئی چیز تقدیر سے آگے بڑھ سکتی ہے تو وہ نظر ہوتی (سنن ترمذی ﴿ ابواب الطب، باب الرقیۃ من العین)

(۴) عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَيْنُ حَقٌّ فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدْرِ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا ○ (رواہ مسلم ومشکوۃ)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نظر کا اثر واقعی ہوتا ہے، اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت لے سکتی، تو نظر ضرور سبقت کرتی اور جب تم سے ہاتھ پاؤں دھونے کی درخاست کی جائے، تو دھوڈالو! (مسلم شریف، کتاب السلام، باب الطب والمرض والرقی)

ہاتھ پاؤں دھوڈالنے سے مطلب یہ ہے، کہ نظر بد کا علاج ہے، جس شخص کی نظر لگ جانے کا احتمال ہو، اس کے استنجے اور ہاتھ منہ دھونے کا پانی لے کر نظر رسیدہ پر چھڑک دیا جائے، تو شفا ہو جاتی ہے، یہ علاج جائز بلکہ مسنون ہے، چنانچہ فرمایا:

اگر تم پر یہ شبہ کیا جائے، کہ تمہاری نظر لگ گئی، اور علاج کی غرض سے چاہیں کہ تمہارے ہاتھ پاؤں وغیرہ دھلا کر وہ پانی حاصل کریں، تو تم اس سے انکار نہ کرو، اور نظر کا اتہام اپنے لئے باعث عارضہ سمجھو، کہ نظر کا لگ جانا اپنے اختیار کی بات نہیں، خود ماں باپ کی نظر اپنے فرزند کو لگ جاتی ہے۔

(۵) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَعَيْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتَا اَخَذَ بِهِمَا وَتَرَكَ مَا سِوَاهُمَا ○ (رواہ الترمذی ومشکوۃ)

Marfat.com

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنات اور انسان کی نظر بد سے پناہ مانگا کرتے تھے حتی کہ آخری دو سورتیں نازل ہوئیں یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس جب یہ نازل ہوئیں تو ان کے علاوہ ہر چیز کو پڑھنا چھوڑ دیا (ترمذی، ابواب الطب، باب الرقیۃ بالمعوذتین)

اگر نظر بد میں کوئی شر نہ ہوتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے کیوں پناہ مانگتے۔

(۶) بخاری و مسلم شریف میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث میں جبرائیل علیہ والصلاۃ والسلام کے رقیہ کے یہ الفاظ ہیں:

مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ الخ (جامع الاصول من احادیث الرسول، کتاب الطب والرقی المجلد السابع:: سنن الترمذی، ابواب الجنائز، باب التعوذ للمریض)

اس حدیث شریف میں حاسد کی آنکھ سے پناہ مانگنے کا ذکر ہے لیکن یہ بات ظاہر ہے کہ حاسد کی آنکھ کے مجرد دیکھنے سے کچھ اثر ظاہر نہیں ہوتا مثلاً اگر وہ کسی چیز کو یا اپنے محسود کو ایسی نظر سے دیکھے، جیسے کہ وہ پہاڑ اور دریا وغیرہ کو دیکھتا ہے، اور اس کے دل میں حسد کا جذبہ بالفعل موجزن ہو تو محسود کو اس کے شر کا کچھ خطرہ نہیں، لیکن اگر وہ حسد کی کیفیت سے متاثر ہو کر اپنے محسود پر نظر ڈالے، جبکہ اس کے دل میں غضب اور انتقام کے ناپاک جذبات موجزن ہوں تو کچھ شک نہیں، کہ اس کی یہ نظر نفس حاسد کی قوت اور ضعف کی حالت کے مطابق محسود پر اپنا اثر ڈالے گی، اگر اس کے جذبات خبیثہ طاقت ور ہوں گے تو یہ ممکن ہے، کہ وہ محسود کو اپنی نظر سے ہلاک کر دے، یا بیمار بنا دے، اور بہت سے لوگ اپنے تجربہ سے اس کی تصدیق کر سکتے ہیں، اس نظر بد کا اثر نفس خبیثہ کے ذریعہ سے ہوتا ہے، جو اس کی سمیت کا اثر ہوتا ہے،

Marfat.com

جیسا سانپ جبکہ اس میں قوت غضبیہ جوش زن ہوتی ہے، اور اس حالت میں کسی کو کاٹ لے، تو اس کی سمیت کا اثر مہلک ہوتا ہے سانپوں کی بعض اقسام میں کیفیت بہت قوی ہوتی ہے، یہاں تک کہ صرف گھورنے سے کسی شخص کو اندھا کردیتے ہیں، اور عورت کا اس سے اسقاطِ حمل ہو جاتا ہے، جیسے کہ ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی لنڈورے سانپ اور ذوالطفتین کا یہی اثر بیان فرمایا ہے۔ (ذوالطفتین وہ سانپ ہوتا ہے جس کی آنکھوں کے نیچے دو سیاہ نقطے ہوتے ہیں) جبکہ سانپ میں ایسی کیفیت کا پیدا ہونا ممکن ہے جس کے اثر سے ایک انسان اندھا ہو سکتا ہے، اور کسی عورت کا حمل ساقط ہوسکتا ہے، اس لئے اگر کسی شریر اور خبیث نفس میں قوتِ غضبیہ کی آگ اور آتشِ انتقام مشتعل ہو کر جب وہ محسود کی طرف متوجہ ہو، تو کیا یہ ممکن نہیں کہ وہ اپنی زہریلی شعاعوں سے جو اس کی پُرغضب اور پُرحسد آنکھوں سے نکلتی ہیں اپنے محسود کو ہلاک کر ڈالے، یا کسی مرض میں مبتلا کردے یا کسی اور طرح اس کو تکلیف پہنچائے، نظرِ بد کے اثر سے جو شخص بیمار ہوتا ہے، اس کی تشخیص حکیم اور ڈاکٹر سے نہیں ہوسکتی جس کی وجہ یہ ہے، کہ اس کی بیماری کا تعلق عالمِ طبیعت سے نہیں، بلکہ عالمِ ارواح سے ہے، اور اس کی حقیقت قوتِ روحانی کا اجسام اور طبائع میں اثر کرنا ہے، اس کا علم خاص خاص لوگوں تک محدود ہے، اور جو لوگ اس کوچہ سے نابلد ہیں، وہ اپنی جہالت کے باعث اس سے منکر ہیں۔

## اپنے اختیار سے نظر لگا دینا

ہم نے ایک معتبر آدمی سے ضلع حصار (پنجاب کے ایک ضلع کا نام ہے) کی ایک قوم کا حال سنا ہے، وہ لوگ بلا اختیار نظر لگا دینے کا ملکہ رکھتے ہیں، عام لوگوں کی نظر تو بلا ارادہ و بلا اختیار لگتی ہے، اور ان کو خبر تک نہیں ہوتی، کہ نظر کا شرارہ کب

Marfat.com

آنکھ سے جھڑ گیا، اور کسی چیز کے خرمنِ حسن کو پھونک ڈالنے والا ثابت ہوا، مگر یہ لوگ نظرِ بد کا بھرا بھرایا طمانچہ اپنے قبضے میں رکھتے ہیں، جہاں ارادہ ہوا، چھوڑ دیا ایک شخص سے دوستی ہے، روز ملتے ملاتے ہیں، اس کے بال بچے گھر بار مال مویشی نظر کے سامنے ہیں، کوئی برا اثر کبھی نہیں ہوتا، سوءِ اتفاق سے آپس میں ناراضگی ہوگئی، عداوت اور انتقام کی ٹھن گئی، اب جو عمداً اور ارادۃً اس کی بھینس پر نظر ڈالتے ہیں، دودھ اپنا بند کر دیتی ہے، بچے کو تاکتے ہیں، تو بیمار ہو جاتا ہے، مکان پر نظر جماتے ہیں تو اس میں دراڑ آجاتی ہے، یہ ہیں نظر کے کرشمے۔

## نظر بد اور حسد کی مقناطیسی طاقت

نظر بد اور حسد کا مقناطیسی اثر من وجہ یکساں ہے، لیکن ایک اور درجہ سے دونوں میں فرق ہے، یکساں تو اپنے اثر سے ہیں کہ ہر ایک کا نفس خاص کیفیت سے رنگین ہو کر اپنی توجہ کو کسی ایک پر مبذول کرتا ہے، اور جس پر مبذول کی جاتی ہے، وہ صرف ایذاء و تکلیف بنتا ہے، اور بعض اوقات اس کا کام ہلاکت ہوتا ہے۔

دونوں میں فرق اس لحاظ سے ہے کہ نظرِ لگانے والے کی آنکھوں میں جو مسموم اثر پایا جاتا ہے وہ صرف اس شخص یا چیز پر اثر کرتا ہے، جس کے ساتھ وہ دوچار ہو جائے، لیکن حاسد کے لئے حاضر اور غائب یکساں ہے، نظر بد لگانے والے کے دل میں بھی اکثر حسد کا جذبہ موجود ہوتا ہے، لیکن بعض اوقات اس کا اثر ایسی چیزوں پر بھی ہوتا ہے، جن سے ان کو حسد نہیں ہوتا مثلاً پتھر یا عیون یا کھیتی وغیرہ۔

بعض اوقات اس کا اثر اپنی جان پر اپنے مال وغیرہ پر بھی ہوتا ہے، کیوں کہ نظرِ بد کا اثر اسی شخص یا چیز پر ہوتا ہے، جو صاحب نظر کو حسین معلوم ہو، اور پھر وہ اس کو گھور کر دیکھ لے، اللہ تعالیٰ سورۃ قلم رکوع ۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

Marfat.com

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ (سورۃ قلم/۵۱)

یعنی قریب ہے، کہ وہ لوگ جنہوں نے کفر اختیار کیا، تم کو اپنی آنکھوں (کی مقناطیسی تاثیر) کے ذریعہ سے اپنی جگہ اور اپنے مرکز سے ہٹائیں، اس حالت میں جبکہ وہ کلام پاک سنتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ وہ مجنوں ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں بعض مفسرین یہ کہتے ہیں، کہ اس سے مراد نظر بد کے (اثر سے آپ کو ایذاء پہنچانا ہے، چنانچہ مروی ہے، کہ بعض ایسے اشخاص جو نظر بد کے لئے مشہور تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لائے گئے، اور انہوں نے آپ کو گھور کر کہا، کہ ہم نے تو کبھی ایسا آدمی نہیں دیکھا، اور نہ کسی کا ایسا چبھتا ہوا کلام سنا۔

## گھورنے پر اونٹنی کا زمین پر لوٹنا

یہ اس قسم کے اشخاص تھے کہ جب کسی فربہ اونٹنی پر ان کی نظر بد پڑ جاتی تھی، تو ان کو اپنی نظر بد کے اثر پر اس قدر اعتماد تھا، کہ وہ اپنے غلام سے کہہ دیتے تھے، کہ یہ ٹوکری لے لو، اور فلاں شخص کی اونٹنی کا گوشت لے آؤ، اور ایسا ہی ہوتا تھا کہ ان کے گھورنے پر اونٹنی زمین پر گر کر لوٹنے لگتی، اور اس کا مالک اس کو مجبوراً ذبح کر دیتا۔

## نظر بد کے اثر کو بھوکے رہ کر تیز کرنا

کلبی کہتا ہے کہ عرب میں ایک شخص تھا، جو (اپنی نظر بد کے اثر کو تیز کرنے کے لئے) ایک دو دن کھانا چھوڑ دیتا تھا، اور پھر جب کوئی اونٹ یا بھیڑ بکری اس کے پاس سے گذرتی، اور وہ کہہ دیتا کہ میں نے تو ایسا کئی اونٹوں کو دیکھا تو ہر اونٹ فوراً گر پڑا، اسی شخص سے کافروں نے درخواست کی کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نظر بد کا نشانہ بنائے، لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اپنے رسول کو محفوظ رکھا، اور

Marfat.com

یہ آیت نازل فرمائی۔

## مہلک نظر کے اسباب اور اثرات

جو نظر مہلک اثر پیدا کرتی ہے، اس کا سبب بعض اوقات حسد اور عداوت ہوتا ہے، اور جیسے حاسد کے نفس خبیث کا محسود پر موذی اور مہلک اثر پڑتا ہے، اسی طرح اس نظر بد لگانے والے پر بھی پڑتا ہے، اور اس کا اثر اس وجہ سے زیادہ طاقتور ہوتا ہے کہ سامنے ہونے کی حالت میں قوتِ انسانی پر اپنا عمل زائد کرتی ہے، کیوں کہ جب دشمن نظروں سے غائب ہو، تو ممکن ہے کہ انسان اس کی عداوت بھول جائے، لیکن اس کو دیکھ کر پوشیدہ جذبات موج پر آ جاتے ہیں، اور نفس بالکلیہ محسود کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے، اور اس لئے اس حالت میں نظر کا اثر قوی ہوتا ہے، یہاں تک کہ جس پر نظر ڈالنا مقصود ہوتا ہے، بعض اوقات وہ گر جاتا ہے، بعض اوقات اس کو بخار ہو جاتا ہے، اور کبھی غش کھا جاتا ہے۔

# (۸) جادو کا اثر

## جادو کا اثر خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر

جادو کا اثر بھی برحق ہے، چنانچہ صحیح بخاری شریف میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا گیا، اور اس کا یہاں تک اثر ہوا کہ بعض اوقات آپ کو خیال پیدا ہوتا تھا، کہ میں نے فلاں کام کر لیا ہے، لیکن حقیقت میں نہیں کیا ہوتا تھا، جب یہ حالت پیدا ہوئی، تو آپ نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی، اور پھر مجھ سے اس طرح مخاطب ہوئے، کیا تم کو معلوم ہے، کہ

Marfat.com

جس کام کے بارے اللہ تعالی سے درخواست کی تھی، اس بارے میں مجھ کو قطعی علم عنایت ہوا ہے، عائشہ اس کی غرض تو اصلاح ہے (اور ایسی باتوں سے شریعت نے منع نہیں کیا) کہ میرے پاس (خواب یا مکاشفہ کی حالت میں) دو آدمی آئے، ان میں سے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا پاؤں کے پاس جس کے بعد ایک نے دوسرے سے کہا: اس شخص کو کیا بیماری ہے؟ دوسرے نے کہا: اس پر جادو کیا گیا ہے۔ پہلے نے پھر کہا: کس نے اس پر جادو کیا ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم یہودی نے۔ پہلے نے دریافت کیا: کس چیز کے ذریعہ سے؟ اس نے کہا: کنگھی کے گرائے ہوئے بالوں اور نر کھجور گابھے کے ذریعہ سے۔ پہلے نے سوال کیا: وہ جادو کہاں ہے؟ اس نے کہا: وہ ذروان کے کنوئیں میں جو بنی ذریق کے قبیلہ میں ہے۔

اس واقعہ کے دکھائی دینے کے بعد آپ اس کنویں پر تشریف لے گئے، اور واپس آکر عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کے سامنے اس طرح بیان فرمایا: کہ اس کا پانی اس قدر سرخ تھا، گویا اس میں مہندی کے پتے بھگوئے گئے ہیں، اور اس کے اردگرد کھجور کے درخت شیطانوں کے سر معلوم ہوتے تھے، (بدصورت اور پرانے ہونے کی وجہ سے) عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے اس کو نکالا نہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھ کو اللہ تعالی نے شفا بخشی، تو میں نے مناسب خیال نہیں کیا، کہ لوگوں میں فتنہ وفساد پیدا کروں، اس کے بعد اس کنویں کو بند کیا گیا، لیکن صحیح بخاری کی دوسری روایت میں ہے، کہ جب آپ کنویں پر تشریف لے گئے تو آپ نے اس کو باہر نکالا۔ (بخاری شریف، کتاب الطب، باب ہل یستخرج السحر)

Marfat.com

## تطبیق روایات

ان دونوں روایتوں میں بظاہر تناقض معلوم ہوتا ہے ایک سے نکالنا اور دوسری سے نہ نکالنا ثابت ہوتا ہے، لیکن درحقیقت ان میں کچھ تناقض نہیں، کیوں کہ نکالنے سے مراد یہ ہے کہ آپ نے اس کو خود نکال کر دیکھا اور پھر دفن کر دیا، لیکن نہ نکالنے سے مراد یہ ہے کہ نکال کر منظر عام پر اس کو نہیں لائے، اور لوگوں کو نہیں دکھایا، جس کا مانع بھی آپ نے بیان فرمایا، اور وہ یہ ہے کہ اگر ایسا کرتے تو مسلمانوں میں ایک جوش پیدا ہو جاتا، اور ان کا خاموش رہنا ممکن نہ تھا، جس کا نتیجہ یہ ہوتا، کہ ساحر کی قوم بھی اس کی حمایت کے لئے کھڑی ہو جاتی، اور فریقین میں فتنہ وفساد کی آپ مشتعل ہو کر اس کی چنگاریاں دور دور تک پھیل جاتیں، اور پھر اس کا فرو کرنا دشوار ہو جاتا، چونکہ مقصود حاصل چکا تھا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شفا ہوگئی، اس لئے جادو کو نکال کر منظر عام پر لانا، اور خواہ مخواہ لوگوں کے جذبات کو تحریک دینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مناسب خیال نہیں کیا تھا۔

## جادو کا اثر تفسیر ابن قیم سے

ایک یہودی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جادو کیا تھا جس کے اثر سے کئی روز تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شکایت رہی، اس کے بعد جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام آپ کے پاس تشریف لائے، اور کہا کہ ایک یہودی نے آپ پر جادو کیا ہے، اور گرہیں لگائی ہیں، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آدمی بھیج کر وہ گرہیں کنویں سے نکلوائیں، اور ان کو کھولنا شروع کیا، اور جب آپ کوئی گرہ کھولتے تھے، تو اس سے آپ کو تخفیف محسوس ہوتی تھی، یہاں تک کہ جب تمام گرہیں کھول دی گئیں، تو آپ کی طبیعت بالکل ہلکی پھلکی ہوگئی، آپ نے یہودی سے اس کا ذکر تک

Marfat.com

نہیں کیا اور نہ کبھی آپ کے چہرۂ مبارک پر اس کی کوئی علامت دیکھی گئی (تفسیر معوذتین مؤلفہ ابن قیم)

## بال و کنگی کا یہودی کے پاس پہنچنا

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ ایک یہودی غلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا، یہودیوں نے اسے بہکانا شروع کیا، اور اس کو مجبور کیا، کہ وہ ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کنگھی مبارک کے چند ایک دندانے دے چنانچہ یہودیوں نے ان دونوں چیزوں کے ذریعہ آپ پر جادو کیا، اور اس کام کو ابن اعصم نے انجام دیا۔

سورہ فلق اور سورۂ ناس اس بارے میں نازل ہوئیں، ان سورتوں کی گیارہ آیتیں ہیں، سورۂ فلق کی پانچ اور سورۂ ناس کی چھ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پڑھنا شروع کیا تو ہر آیت ختم ہونے پر ایک گرہ کھل جاتی تھی، یہاں تک کہ تمام گرہیں کھل گئیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیماری کے اثر سے بالکل آزاد ہو گئے

جادو کا اثر بھی دوسری بیماریوں کی طرح ایک عارضہ ہے، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کچھ مدت تک مبتلا رہے؛ یہ بیماری کا عارض ہونا انبیاء علیہم الصلاۃ و السلام کے لئے کوئی عیب کی بات نہیں، بلکہ ان کی بشریت کا تقاضا ہے، یہاں تک کہ بعض حالاتِ مرض میں ان پر بے ہوشی طاری ہو سکتی ہے۔

## بیہوشی کا طاری ہونا عیب نہیں

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مرض وصال میں چند مرتبہ بے ہوشی کا طاری ہونا صحیح روایت سے ثابت ہے۔

قتادہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: میں نے سعید بن میسب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

سے پوچھا، ایک شخص پر جادو کیا گیا ہے، اور وہ اپنی بیوی کے ساتھ ہمبستر ہونے سے روکا گیا ہے، کیا اس جادو کو کھولا جائے، اس نے جواب دیا کچھ حرج نہیں اس کی غرض تو اصلاح ہے، اور ایسی باتوں سے شریعت نے منع نہیں کیا جس میں لوگوں کا فائدہ ہو (تفسیر معوذتین ابن قیم)

جب اس بات کو تسلیم کیا جاتا ہے، کہ ساحر اپنے جادو کے زور سے آنکھوں کے فعل میں اس قدر تصرف کر سکتا ہے کہ وہ ساکن کو متحرک اور متصل کو منفصل اور مردہ کو زندہ یا زندہ کو مردہ دیکھ لیتا ہے مثلا جو اس کے نزدیک محبوب تھا اس کو مبغوض اور جو مبغوض تھا اس کو محبوب بنادے، اللہ تعالیٰ نے ساحروں کا حال بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْا بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ○

انہوں نے لوگوں کی آنکھوں پر جادو کیا اور ان کے دلوں میں سخت خوف پیدا کیا، اور بہت بڑا جادو کا عمل کیا۔ (سورۂ اعراف/۱۱۶)

اس آیت سے ایک تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آنکھوں کے فعل میں تغیر پیدا ہونے کے علاوہ ان کے دلوں کی بھی حالت بدل گئی تھی۔

دوسری یہ کہ تغیر یا تو اشیائے مرتبہ میں پیدا ہوا ہوگا، مثلا ساحروں نے ارواحِ خبیثہ یعنی شیاطین سے اس بارہ میں استعانت کی جنہوں نے رسیوں اور لاٹھیوں کو متحرک کر دیا اور ناظرین نے یہ خیال کیا، کہ یہ چیزیں بذاتِ خود حرکت کر رہی ہیں، دوسری صورت یہ ہوسکتی ہے، کہ دیکھنے والوں کی آنکھوں میں یہ تغیر پیدا ہو گیا ہو، چنانچہ انہوں نے رسیوں اور لاٹھیوں کو حرکت کرتا ہوا دیکھا لیکن حقیقت میں وہ متحرک نہیں تھیں۔

اس میں شک نہیں کہ ساحر دونوں طرح کا تصرف کر سکتا ہے، کبھی تو خود

Marfat.com

دیکھنے والے کے حواس میں تصرف کرتا ہے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ اس کو چیزیں غیر اصلی حالت میں نظر آتی ہیں، اور کبھی وہ ارواحِ خبیثہ سے استعانت کر کے نفسِ اشیاء میں تغیر پیدا کرتا ہے۔

## (۹) عملیات کے تخلف تاثیر کے متعلق چند ہدایات

### اثر نہ ہونے سے عقیدہ کا بگڑنا

بعض دفع عمل یا وظیفہ میں اثر نہیں ہوتا، تو عقیدہ ڈھیلا ہو جاتا ہے، یہ بھی غلط فہمی ہے، کیوں کہ اگر کسی بزرگ کی بتلائی ہوئی ترکیب سے مطلب حل نہیں ہوا، تو کیا مضائقہ اس خرابی کا بُرا بار اکثر جگہ عمل بتلانے والوں کی گردن پر ہوتا ہے، وہ حضرات بلا تمیز معتبر اور غیر معتبر کے نہایت معمولی اور بلاسند کتابوں سے بڑی بڑی تاثیریں اور خارج از وہم وگمان خواص بتلا دیتے ہیں، اور غریبوں اور ناسمجھوں سے بڑی بڑی محنتیں کراتے ہیں۔ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ (یعنی جو دوسروں پر دشواری ڈالے، اللہ تعالیٰ اس پر دشواری ڈالے گا) (مستدرک حاکم، کتاب البیوع) سے نہیں ڈرتے، حالانکہ خود ان کو اتنا یقین کامل نہیں ہوتا، اس لئے خود اس محنت کو برداشت نہیں کر سکتے، ناواقف غریب کچھ تو اصل کتاب یا اصل بزرگ کا لمبا چوڑا نام اور خطاب سن کر گرویدہ ہوتے ہیں، اور کچھ بتانے والے کے تقدس وعظمت واعتقاد سے دب جاتے ہیں، اگر محبت ٹھکانے لگ گئی، تو سبحان اللہ ورنہ دل سے اس عمل اور وظیفہ کی عظمت نکل جاتی ہے۔

### استقامت

عامل کے لئے لازم ہے کہ جب عمل کی تھوڑی تاثیر ظاہر ہو، یا مطلقا ظاہر نہ

Marfat.com

ہو، تو عمل کو نہ چھوڑے بلکہ برابر پڑھتا رہے، اور مایوس نہ ہو، اور دل میں ہرگز یہ خیال نہ لائے، کہ اتنے دنوں تک پڑھتا رہا، لیکن کچھ اثر نہ ہوا، اس لئے اس کو چھوڑ دینا چاہئے۔

غرضیکہ اس بات سے کبھی شکستہ نہیں ہونا چاہئے، کہ باوجود میعاد ختم ہو جانے کے اثر محسوس نہیں ہوا، تاوقتیکہ مقصود حاصل نہ ہو، عمل کو چھوڑنا نہیں چاہئے، کیوں کہ بعض اوقات کسی بے احتیاطی یا سقم کی وجہ سے خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلتا، لہٰذا اگر ایک چلہ میں مقصود حاصل نہ ہو تو دوسرے چلہ کو ذرا احتیاط سے کرنے سے ضرور اثر ظاہر ہوگا، ورنہ تیسرا، ہاں اگر تین چلہ کے بعد بھی مقصود حاصل نہ ہو، تو پھر سمجھ لینا چاہئے کہ حکمِ الٰہی اس کے خلاف ہے (یا عمل کرنے میں کوئی کوتاہی ہے، یا خوراک حلال نہیں، یا عمل میں نیت درست نہیں اور اس عمل کی تاثیر ظاہر نہ ہونے سے اللہ تعالیٰ نے اس گناہ سے بچالیا جس میں اس عمل کی وجہ سے واقع ہونا تھا لہٰذا یہ تاثیرِ عمل کا ظاہر نہ ہونا بھی اللہ تعالیٰ کا احسان ہے، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

## قرآنی عملیات خودساختہ کا مؤثر نہ ہونا

قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ میں جس قدر دعائیں ہیں اور جن مقاصد کے لئے وارد ہوئیں ہیں وہ بلا شک وشبہ قابل اعتماد ہیں، مگر جو کچھ تاثیر وخاصیت خود ساختہ کسی کتاب میں لکھی ہے یا کسی بزرگ نے بتلائی ہے، ان کو قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ سے نہیں پہنچی، اور نہ ہی ان کو الہام سے معلوم ہوا ہے کہ اس کا اثر حتمی ہے، اور اس کا خلاف ہو ہی نہیں سکتا بلکہ بات یہ ہے، کہ کسی کو کسی بزرگ نے کسی ضرورت کے لئے کوئی آیت یا دعا بتلادی، اس کو برکت اور ان کی ہمت وتوجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس کا مطلب پورا کردیا، جس کا مطلب پورا ہوا ہے، اس نے سمجھ لیا، کہ اس

Marfat.com

آیت اور دعاء سے ہر جگہ ہمیشہ یہ کام نکلا کرے گا، اس نے دوسروں کو بھی بتلا دیا، اور کتاب میں بھی لکھ دیا، حالانکہ ہر جگہ ہمیشہ ایسا ہونا ضروری نہیں ہے۔

اگر کسی کو کسی بزرگ نے سورۂ اخلاص پڑھنے کی کوئی ترکیب بتلادی، اس سے اس شخص کا مقصد بر آیا، تو وہ شخص اس کو قاعدہ کلیہ سمجھتا ہے، اور دوسروں کو بتلا دیتا ہے، اسی طرح رفتہ رفتہ وہ بات کتابوں میں نقل ہوتی چلی آتی ہے، کسی جگہ باذن اللہ اثر ہو جاتا ہے، اور کسی جگہ نہیں ہوتا، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی یہ تاثیر مقرر فرما کر دائمی وعدہ کہیں نہیں فرمایا: کہ ہم ہمیشہ اس عمل سے فلاں حاجت کو پورا کر دیا کریں گے۔

مسلمانو! اگر یہ محنت آخرت کے لئے کی جائے، تو ہر طرح ثواب ہی ثواب ہے، یہ لیکن یہ معاملہ برعکس ہے، کہ دنیاوی امور کے لئے اکثر ایسی حرکتیں اختیار کی جاتی ہیں، لطف یہ ہے کہ اگر کام بامراد نہ ہوا تو نہ صرف محنت ہی برباد ہوتی ہے، بلکہ عقیدہ میں بھی کمی آجاتی ہے، لہٰذا بتلانے والوں کو غریبوں کے دل پر رحم کرنا چاہئے، کہ خوامخواہ غیر معتبر اقوال پر بھروسہ نہ کیا کریں، جہاں تک ہو سکے مستند اور مجرب عمل بتلایا کریں۔

عمل کرنے والوں کو چاہئے، کہ اگر مقصود بر نہ آئے، تو بدظن اور بدعقیدہ نہ ہوں، بلکہ مذکورہ بالا امور پر خیال کر کے اپنا ہی قصور سمجھیں۔

بزرگوں کی حالت یہ تھی، کہ وہ لوگ خالص نیت سے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے بہت سے عمل کرتے تھے، اس کی برکت سے خود بخود بلا طلب وسعتِ رزق بھی ہو جاتی تھی، اور حلِ مطالب بھی، اور رجوع خلائق بھی نیت بخیر تھی، ثمرہ بھی اچھا ملتا تھا، اب نیت خراب ہو گئی، تو برکات اور اثرات میں بھی کمی آگئی، عمل و دعاء کا کیا قصور اپنی ہی تقصیر ہے، وظیفے اور دعائیں تو وہی ہیں لیکن کسی جگہ تو مشتبہ اور حرام لقموں

Marfat.com

نے اثر کو بالکل باطل کر دیا، اور کسی جگہ دوسری وجوہ مانع ہوگئی ہیں۔

منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام مردہ پر اپنا عصا مار کر قُـم بِـاذْنِ اللّٰہِ فرماتے تھے، اور مردہ زندہ ہو جاتا تھا، آپ کا ایک خاص خادم عصا لے کر بھاگ گیا، اور کسی اور ملک میں پہنچ کر کسی شہزادی کو زندہ کرنے کا دعویٰ کیا، بادشاہ نے کہا، اگر تم سچے نہ ہوئے تو تم کو قتل کر ڈالوں گا، اس نے کہا بہت بہتر پھر اس نے شاہی محلوں میں جا کر مردہ شہزادی پر عصا مار کر قُـم بِاذْنِ اللّٰہِ کہنا شروع کیا، اور منتظر ہوا، کہ اب زندہ ہو جائے گی، جب دس بیس ضرب کے بعد بھی مردہ کو حرکت نہ ہوئی، تو بہت گھبرایا اور اپنی جان کی فکر پڑ گئی، قسمت اچھی تھی، شرمندہ ہو کر توبہ کی، اور اللہ تعالیٰ سے نجات کی دعا کی، اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو بذریعہ وحی مطلع کیا، آپ وہاں تشریف لے آئے، اور عصا مار کا قُـم بِـاذْنِ اللّٰہِ کہہ کر مردہ کو زندہ کیا اور شرمندہ نادم خادم کی جان بچائی، اور آپ نے اس سے فرمایا: کہ اے عزیز عصا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا چرا لے گیا، مگر زبان عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی کہاں سے لاؤ گے۔ (تفسیر طبری میں اس سے کچھ مختلف روایت ہے، سورۂ آل عمران/۵۲، سورۂ ہود/ ۳۸، تفسیر ابن کثیر، ایضا)

## وظیفہ کو زیادہ مقدار میں پڑھنے سے اثر نہ ہونا

وظیفہ خواں درود وظائف تعداد اور شمار میں تو بہت پڑھتے ہیں، لیکن وہ دل لگا کر توجہ سے نہیں پڑھتے، اس کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے، کہ بتلانے والے حضرات اس قدر زیادہ مقدار بتلاتے ہیں کہ پڑھنے والا شروع کرنے کے بعد اسی انتظار اور خیال میں رہتا ہے، کہ کتنا ہو گیا، اور کتنا باقی رہ گیا، اس طرح یکسوئی نہیں رہتی، اور جب یکسوئی نہ ہوئی، تو عمل اپنا اثر کبھی بھی نہیں دکھلا سکتا، لہٰذا طالب کو اس کی

Marfat.com

مقدار کے مطابق پڑھنا چاہیے، جتنا کہ وہ حضورِ قلب کے ساتھ بآسانی پڑھ سکے، ورنہ کیا حاصل؟ ہاں وہ شخص زیادہ مقدار کے وظائف پڑھ سکتا ہے، جس میں یکسوئی قائم رہے، اور وہ خاص خاص ہی ہستیاں ہوتی ہیں، عوام وخواص کی حالت کا مقابلہ نہیں کرنا چاہیے۔

## عملیات کے مؤثر نہ ہونے کی وجہ

تمام اذکار اور ادعیہ وغیرہ جن سے چارہ جوئی کی جاتی ہے، اور کسی رفع تکلیف کے لئے انہیں پڑھا جاتا ہے، سب کے سب فی نفسہ مفید اور نافع ہیں، مگر بات یہ ہے کہ قابلیت محل اور عامل کا قوی التوجہ ہونا شرط ہے، سو جہاں کہیں، ان اشیاء پر اثر مرتب نہیں ہوگا، وہاں عامل کے ضعف، تاثیر اور محل (جس پر عمل کیا جاتا ہے) کے عدمِ قابلیت یا کسی دوسری قوی، وجہ کو اس کا مانع سمجھنا چاہیے، اور اس کی مثال بعینہ جسمانی امراض اور ادویہ کی سی ہے، کیوں کہ جسمانی امراض میں بعض اوقات دیکھا جاتا ہے، کہ دوا ہرگز مفید نہیں پڑتی اور اس کی وجہ یہ ہوتی ہے، کہ یا تو طبیعت اس دوا کو قبول نہیں کرتی، یا کوئی قوی مانع اس کے اثر کو روک دیتا ہے؛ کیوں کہ یہ مسلم ہے، کہ جس قدر طبیعت قبولِ اثر کے لئے تیار ہوگی اسی قدر قلب انسانی کو بھی اسی طرح سمجھ لو، جبکہ آیات یا اذکار کو قلب پورے طور پر قبول کر لیتا ہے، اور ان کا پڑھنے والا صاحب تصرف اور ہمت مؤثر کا ملک ہوتا ہے، اور وہی نتیجہ ظہور میں آتا ہے۔

## غافل دل کی دعا قبول نہیں

یہی حال دعا کا ہے، کیوں کہ وہ دفعِ مصیبت اور حصولِ مطلب کے لئے بدرجہ اکمل مؤثر ہوتی ہے، مگر بایں ہمہ بعض اوقات اس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا، اور اس کے مختلف وجوہ ہو سکتے ہیں، یا تو فی نفسہ دعا ہی ایسی ہوتی ہے، کہ اس کے پورا ہونے

Marfat.com

میں کسی گناہ کا ارتکاب لازم ہو جاتا ہے، اور اس وجہ سے اللہ تعالی ایسی دعا کو دوست نہیں رکھتا، یا توجہءِ قلب، اور جمعیتِ خاطر سے دعا نہیں کی جاتی، بلکہ رسماً زبان سے الفاظ نکال دیئے جاتے ہیں اس لئے وہ دعا بعینہٖ اس تیر کی طرح ہوتی ہے، جو ڈھیلی کمان سے پھینکا جاتا ہے، کیوں کہ ایسا تیر کمان سے نکل کر اس کے قریب ہی گر پڑے گا، یا دعاء کرنے والا حرام روزی کھاتا، ظلم وستم کرتا ہو، اور اس کے دل پر گناہوں کا زنگ چڑھا ہو، اور غفلت وسہو اور لہو ولعب کے تہہ بہ تہہ پردے پڑے ہوں۔

چنانچہ صحیح حاکم میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اُدْعُوا اللّٰهَ وَ اَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَ اعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبَلُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ ○ (مستدرک حاکم، کتاب الدعاء والتکبیر والتهلیل والتسبیح والذکر)

یعنی اللہ تعالی کو ایسے حال میں پکارو کہ تمہیں اجابت (قبولیت) کا یقین کامل ہو، اور یاد رکھو، کہ اللہ تعالی ہرگز ایسے دل کی دعا قبول نہیں کرتا، جو اس کے ذکر سے غافل ہو، اور اس کی طرف سے ہٹ کر کسی دوسری طرف لگا ہو، (پوری پوری توجہ درکار ہے) یہی ایک مفید دعا ہمارے پاس موجود ہے، جو مرض کو بالکل کھو دیتی ہے، مگر دل کا غافل ہونا (اور صرف زبان پر الفاظ کا جاری ہونا) اس کی قوت تاثیر کو بالکل باطل کر دیتا ہے۔

## عاملوں سے بدظن نہ ہونا چاہئے

عملیات بتلانے یا لکھنے والوں پر یہ بھی اعتراض کیا جاتا ہے کہ آیا وہ خود بھی ان طریقوں کے جو یہ بتلاتے یا لکھتے ہیں، عامل ہیں، یا نہیں؟ یہ اعتراض محض واقفیت

Marfat.com

نہ ہونے پر مبنی ہے، کیوں کہ کبھی کسی طبیب سے اس بات کا سوال نہیں کیا جاتا، کہ جو نسخہ تم تجویز کررہے ہو اس کو تم نے اپنی ذات پر بھی تجربہ کیا ہے یا نہیں؟ بنابریں طالب کر اس سے کوئی غرض نہیں ہونی چاہئے، البتہ اس کو اچھی طرح سمجھ کر عمل کرنا چاہئے، اگر بعد عمل کے ناکامی ہو، تو لکھنے والے سے دریافت کرنا چاہیئے کہ میں نے فلاں عمل کو آپ کی تحریر کے مطابق کیا، مگر کامیابی نہ ہوئی، ممکن ہے کہ وہ کوئی اصلاح کرسکے، ہاں اگر وہ شخص فوت ہوچکا ہو، تو پھر کسی اور کامل بزرگ سے دریافت کرنا چاہئے، اور خوامخواہ بغیر تجربہ کئے عاملوں اور بزرگوں سے بدظن نہیں ہونا چاہئے کامل بزرگ کی پہچان کے لئے دیکھو میری کتاب ضرورت شیخ (مؤلف)۔

دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اگر کسی حکیم سے علاج کرایا جائے، اور اس کے علاج سے فائدہ نہ ہو، تو کیا وہ قابل ملامت سمجھا جاتا ہے یا نہیں، ہرگز نہیں پھر کیا وجہ ہے کہ اگر عامل کے کسی عمل میں کامیابی نہ ہو تو اس کی طرف سے بدظنی ہوجائے، یا وہ کوئی عمل تعلیم کرے، اور اپنی بدقسمتی سے اس میں وہ فائدہ حاصل نہ کرسکو جو اس عمل کی غائت اصلی تھا، خدا کا حکم جس طرح حکماء اور اطباء کے علاج میں مضمر ہے، اسی طرح عاملوں کے عمل میں بھی مخفی ہے، جب یہ ثابت ہے، کہ

لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ

"خدا کے حکم کے بغیر کوئی ذرہ بھی جنبش نہیں کرتا،،

تو عمل کی ناکامیابی کیوں اس فائدہ سے باہر سمجھی جاتی ہے، بہر کیف عامل کو گھبرا کر عمل چھوڑنا نہیں چاہئے، بلکہ باربار کرتے رہنا چاہئے، ممکن ہے کہ اگر پہلی بار کامیابی نہیں ہوئی تو دوسری بار ہوجائے گی، اسی اعتقاد کو مدنظر رکھ کر باربار کرتے جاؤ، انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی، بشرطیکہ ترکیب اور ہدایت وغیرہ میں کسی طرح کی غلطی یا سقم نہ ہو۔

Marfat.com

## باب سوم

# تاریخِ جادو

## (۱) جادو یا سحر کی تعریف

جادو یا سحر وہ علم ہے جس کے ذریعہ افعالِ عجیبہ اور اعمال خارقِ عادات بغیر ارادۂ رضاءِ الٰہی کے ظہور میں آسکیں، چونکہ سحر کے خفیہ اسباب عالم میں کئی قسم کے ہیں، اس لئے جادو کی بھی کئی قسمیں ہوئیں، خفیہ سبب یا تو روحانیات کی تاثیر سے یا جسمانیات اور روحانیات کی مشتملہ قوت کی تاثیر سے یا جسمانیات کی مطلق تاثیر سے کبھی کواکب وافلاک کی روحانیات پر قبضہ پانے سے کبھی روحانیاتِ عناصر پر کبھی روحانیاتِ جن وشیطان ونفوس مفارقہ بنی آدم پر تصرف حاصل کرنے سے افعالِ عجیبہ کا اظہار ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک ارادہ ہے، اور ایک مشیت، ارادہ کے معنی ہیں کسی امر کا قصد کرنا جس میں رضا شامل ہو مشیت میں رضا لازم نہیں، عام اسباب ومسببات کی تخلیق حق تعالیٰ کی مشیت کے ماتحت عمل میں ذاتی ہے، چنانچہ بعض اسباب کا ظہور اور ان پر خاص مسببات کا ترتب محض مشیتِ حق کے ماتحت ہوتا ہے جس میں اس کی رضا شامل نہیں ہوتی، اس کی موٹی مثال یہ ہے کہ ایک بدکار آدمی بدکاری کرتا ہے، نامہ اعمال میں اس کا گناہ ثبت ہو جاتا ہے، اس بداعمالی کی شامت اس پر دنیا میں پڑتی ہے، یا آخرت میں اس کے لئے عذاب تیار ہو جاتا ہے، اور یہ سارا سلسلہ عمل حق تعالیٰ کی مشیت سے وقوع پاتا ہے، مگر حق تعالیٰ اس پر راضی نہیں، وہ

Marfat.com

راضی اسی طرح تھا، کہ وہ شخص پرہیزگار رہتا، اور جنت کا مستحق بنتا، دوسرے لفظوں میں یوں کہو کہ اس سلسلہ علل کو ظہور میں لانے کا حق تعالی نے ارادہ نہیں کیا، البتہ یہ اس کی مشیت تھی، جادو کا معاملہ بھی اس پر قیاس کر لینا چاہئے، یعنی جن اسباب مذکورہ پر جادو کے عجائبات مترتب ہوتے ہیں، ان اسباب کا ظہور اور ان پر ثمرات سحر کا ترتب مشیتِ حق کے تقاضوں میں سے ہے، ارادہ حق کا ان سے تعلق نہیں، یعنی اللہ تعالی اس پر راضی نہیں، اسی لئے ان اسباب کو اختیار کرنا اور ان سے جادو کے اعمال اور ان کے ثمرات کو مقصود بنانا قانونِ الٰہی میں حرام اور اکبر الکبائر ہے، مگر باایں ہمہ اسبابِ سحر پر آثار سحر کا مرتب ہونا مشیتِ الٰہیہ کے ماتحت ہے، اس لئے ان کا ظہور ہو جاتا ہے، اگرچہ ان کو عمل میں لانے والا کافر ہو جائے۔

اس میں کسی کو بھی شبہ نہیں ہے کہ جادو کا علم طب سے نکلا ہے، طب کے عجیب وغریب کرشموں نے لوگوں کے دلوں میں جادوگروں کے عقیدہ کو مستحکم کر دیا، اور انہیں یقین ہو گیا، کہ اتنی جلدی صحت ہو جانا ضرور ارواح اور شیاطین کی مدد سے ہوا کرتا ہے اصل حقیقت کو سمجھتے تو بہت کم ہوتے ہیں مگر ظاہری حالات کو دیکھ کر حکم لگانے والے ہمیشہ کثرت سے ہوا کرتے ہیں، پھر یہ علم نجوم میں جا کے مل گیا، اس وجہ سے کہ نافہمیوں نے یہ خیال کر لیا، کہ ہر چیز کا ظہورِ آسمان سے ہوتا ہے، ستاروں اور سیاروں کا اثر ہم پر ضرور پڑتا ہے۔

## جادو کی قسمیں

۱) جادو کی پہلی قسم وہ ہے جس کا علم ہاروت اور ماروت سے نکلا ہے، بابلیوں نے اس علم کو ان سے سیکھ لیا تھا، اور اسی علم میں وہ تعمق بہت کیا کرتے تھے، اور کلدانی جو بابل کے رہنے والے تھے، اسی علم میں زیادہ تر مشغول تھے۔

Marfat.com

مؤرخین کا بیان ہے کہ بابل کے حکیموں نے نمرود کے زمانہ میں جو بابل کا بادشاہ تھا، چھ طلسم بنائے تھے، جو وہم وادراک میں بھی نہیں آسکتے، اور ان کے سمجھنے سے عقل قاصر ہے، چنانچہ ان کے طلسم یہ ہیں۔

## پہلا طلسم:

ایک بطخ تھی، جو تانبے کی بنائی گئی تھی، اس میں یہ عجیب جادو رکھا تھا، کہ جب کوئی جاسوس شہر میں آتا، تو وہ بطخ زور سے شور مچاتی تھی، کہ اس کی آواز شہر کے ہر ایک آدمی کے کان میں پہنچ جاتی تھی، لوگ اس آواز سے سمجھ جاتے تھے، کہ کوئی جاسوس آیا ہے، یا کوئی چور شہر میں آ گھسا ہے، اسی وقت اس جاسوس یا چور کو گرفتار کر لیا جاتا تھا۔

## دوسرا طلسم:

ایک نقارہ تھا، جس میں یہ جادو رکھا گیا تھا، کہ اگر کسی کا کوئی عزیز یا رشتہ دار گم ہو جاتا، تو وہ شخص اس نقارہ کے پاس آکر ایک چوٹ اس پر مارتا، تو وہ فوراً شور مچا کر کہتا تھا کہ تیرا دوست یا تیرا رشتہ دار یا تیری فلاں چیز فلاں جگہ اور فلاں مقام پر ہے، پس وہ شخص یا وہ چیز اس کو وہیں مل جاتی۔

## تیسرا طلسم:

ایک آئینہ تھا جو چھپی ہوئی چیزوں کا عکس دکھا دیتا تھا خواہ وہ چیز زمین کی تہ میں ہو، یا پانی میں ہو، معلوم ہو جاتی تھی۔

## چوتھا طلسم:

ایک حوض تھا جس کے کنارے پر سالانہ ایک جشن ہوا کرتا تھا، اس جشن

Marfat.com

میں شہر کے بڑے بڑے رئیس اور امیر لوگ جمع ہوتے تھے، جس چیز کی ضرورت ہوتی تھی اس حوض میں سے پیدا ہو جاتی تھی، خواہ کسی قسم کا شربت پینے کو جی چاہتا خواہش کے مطابق اس حوض میں سے نکل آتا تھا۔

## پانچواں طلسم:

ایک تالاب تھا، جو قضیوں اور جھگڑوں کے رفع کرنے کے لئے بنایا گیا تھا، جب دو شخصوں میں جھگڑا ہوتا تھا تو وہ دونوں تالاب پر چلے آتے تھے، اور تالاب میں کود پڑتے تھے، جو شخص حق پر ہوتا تھا تالاب کا پانی اس کے ٹخنوں تک آجاتا تھا، جو شخص حق پر نہ ہوتا تھا، تالاب کا پانی اسے ڈبو دیتا تھا، لیکن اگر اس نے اپنی خطا کا اقرار کیا، اور سچی توبہ کی، تو پھر وہ نہیں ڈوبتا تھا۔

## چھٹا طلسم:

ایک درخت تھا جو نمرود کے محل کے دروازے پر لگا ہوا تھا، اس درخت کی یہ ایک عجیب خاصیت تھی، کہ جہاں اس کے نیچے لوگ جمع ہونے شروع ہوتے، تو اس کا سایہ بھی بڑھ جاتا حتی کہ جوں جوں آدمیوں کی کثرت ہوتی جاتی، سایہ میں بھی وسعت ہوتی جاتی تھی، یہاں تک کہ ایک لاکھ تعداد تک درخت کا سایہ برابر وسیع ہوتا جاتا تھا، اور جب ایک لاکھ سے ایک شخص بھی زیادہ ہو جاتا، تو وہ سایہ فوراً ہی گم ہو جاتا تھا۔

۲) **دوسری قسم کا جادو وہ ہے** جس سے جن و شیاطین کی تسخیر ہوتی ہے، اور اس زمانہ میں اکثر اسی کا بہت زور ہے، جادوگر جو جن کو اتارتے اور بھوت، پریت کو جلاتے ہیں، تقریباً ہر شہر اور ہر قصبے میں پائے جاتے ہیں، جاہل مرد اور عورتیں بہت

Marfat.com

جلد ان کا شکار بن جاتی ہیں، اور اپنی زندگی کا سرمایہ جو بڑی جان کاہی سے کمایا ہے، ان کی نذر کر دیتے ہیں، بعض اوقات اپنی جانِ عزیز بھی دے دیتے ہیں۔

۳) **تیسری قسم کا جادو** وہ ہے کہ اس کے زور سے بھوتوں یا شیاطین وغیرہ کے سردار کو حاضر کیا جائے، اور پھر اس سے کام لیا جائے۔

۴) **چوتھی قسم کا جادو** صرف روحانیات وتخیلات سے تعلق رکھتا ہے، جس میں اپنے خیالات کے زور سے یا جنّی ذرائع سے دوسرے پر اثر ڈالا جاتا ہے، جس کو مسمریزم کہتے ہیں۔

۵) پانچویں قسم کا جادو وہ ہے جس میں خواص اشیاء کے کرشمے دکھائے جائیں، مثلاً، انگلیوں کا آگ سے روشن کر لینا، اس کی ترکیب یہ ہے کہ تھوڑا سا قلمی شورہ سرکہ میں تر کیا جائے، اور اس میں تھوڑا سا کف دریا ملایا جائے، اور اسے انگلیوں سے مل لیا جائے، پھر اگر چراغ سے ان انگلیوں کو روشن کیا جائے گا تو انگلیاں مثل شمع کے روشن ہو جائیں گی، مگر جلیں گی نہیں اس قسم کے جادو کو شعبدہ کہتے ہیں۔

## ایک اور اعتبار سے جادو کی اقسام

جادو کی تین قسمیں ہیں۔(۱) فطری (۲) علوی (۳) مافوق القدرت

### ۱) فطری

جادو وہ ہے جس سے قوانینِ قدرت کے موافق عجائبات کا ظہور ہونا ہے، اور نظام کائنات اسی فطری جادو سے قائم ہے، مرنا جینا سب اسی جادو سے ظہور پذیر ہوتا ہے، بہت سے عجائبات سادہ یہ مطلق سمجھ میں نہیں آتے، جو روزمرہ یا کبھی کبھی ہماری آنکھوں کے آگے حادث ہو کے معدوم ہو جاتے ہیں، جن کا سبب ہم نہیں

Marfat.com

دریافت کرسکتے، اور جن کے حادث ہونے کے صحیح اسباب ہماری ضعیف اور محدود عقول نہیں پاسکتیں، تو بھی اس صورت سے ہمارے بہت سے تجربے فطری فلسفہ بالخصوص بجلی علم مناظر ومرایا اور علم قوت مقناطیسی اسی قسم کے جادو کی ایک شکل پیدا کرتے ہیں، ناواقف اور جاہل لوگ ان ہی کو معجزہ اور کرامت سمجھتے ہیں، چنانچہ کہتے ہیں کہ ریاستوں میں جب پہلے پہل ریل جاری ہوئی تو ہزاروں ہندوؤں نے انجن کو سجدہ کیا، اور اسے دیوتا مانا، اب بھی ہندوستان میں ایسے آدمی موجود ہیں جو انگریزوں کو بڑا جادوگر خیال کرتے ہیں۔

## (۲) علوی جادو

وہ ہے جس کے ذریعہ سے ہر قسم کے ارواح اور ستاروں پر کسی حد تک قدرت حاصل ہوجائے، اور پھر انسان پر پورا قبضہ ہوجائے۔

## (۳) مافوق الفطرت

وہ جادو ہے جس سے شیاطین اور جنات مسخر ہوسکیں، اور نیز وہ بعض اوقات فطرت کی قوتوں پر عمل کے زور سے غالب ہوجاتا ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ فطری قوتوں پر کوئی پوری طرح غالب نہیں آسکتا۔

## پہلا جادوگر

حکیم ارسطو جسے معلم اول کہتے ہیں جادو کا معتقد تھا، اس نے خود ایک روایت بابل کے جادوگروں کی بیان کی ہے، چنانچہ وہ لکھتا ہے کہ شہر بابل کے دو نامور جادوگر برہماطوس اور بیداغوس تھے، ان دونوں میں کچھ تنازعہ ہوا، جب کشیدگی زیادہ بڑھی، اور گفتگو تلخی کے ساتھ ہونے لگی، اور طرفین سے طیش انگیز کلمات زبان

Marfat.com

سے نکلنے لگے، تو بیداغوس نے کہا تو قوت اور طاقت میں مجھ سے کیا مقابلہ کر سکتا ہے؟ تو نہیں جانتا کہ مریخ اور زحل تو میرے مقابلہ کی تاب نہیں لا سکتے، تیری کیا حقیقت ہے؟ دم بھر میں تجھے خاک سیاہ کر سکتا ہوں، یہ سنتے ہیں برہماطوس کے تن بدن میں آگ لگی گئی، اس نے فوراً مریخ کی روح سے استعانت کی، اور دم زدن میں لاف زن بیداغوس کو جلا کر خاکستر کر دیا۔

اس قسم کے جادو کی دو شرطیں ہیں۔

اول شرط: یہ ہے کہ ارواح کو قلوب پر جاری سمجھے، اور یہ یقین رکھے کہ روحوں کو دلوں کی پوری کیفیت معلوم ہوتی ہے، اگر ایسا یقین نہ رکھے گا، تو قیامت تک روحیں اس کی التجاء نہ سنیں گی نہ اس پر کاربند ہوں گی۔

دوسری شرط: یہ ہے کہ کواکب کی روحانیات کی دعوت کرنے میں اول قمر کی دعوت کرے، کیوں کہ وہ ہماری دنیا سے سب سے زیادہ قریب سیارہ ہے، پھر قمر کے وسیلہ سے عطارد کی دعوت کرے، یونہی ایک کے وسیلہ سے ایک کی دعوت کرتا چلا جائے، قمر کی دعوت میں ایک نقش ہوتا ہے جس پر یہ عبارت لکھی جاتی ہے۔

اَیُّهَا الْمَلِکُ الْکَرِیْمُ السَّیِّدُ الرَّحِیْمُ وَمُنْزِلُ النِّعْمَةِ

اور جب عطارد کی دعوت ہوتی ہے تو نقش پر لکھ کر یہ پڑھا جاتا ہے۔

مَاحَصَلَ لِیْ مِنَ الْخَیْرِ فَهُوَ عَنْكَ وَکُلُّ مَا یَنْدَفِعُ مِنَ الشَّرِّ مِنِّیْ فَهُوَ مِنْكَ۔

اس عبارت کو چالیس بار پڑھ کر پھر گیارہ بار یہ پڑھتے ہیں:

اَلسَّیِّدُ الْفَاضِلُ النَّاطِقُ الْعَالِمُ بِخَفِیَّاتِ الْاُمُوْرِ الْمُطَّلِعُ عَلَی السَّرَائِرِ۔

Marfat.com

**اصلاح:** اس قسم کا جادو جوان الفاظ کے پڑھنے سے حاصل ہو قطعی حرام اور معصیت ہے، اور اس کا عامل نہ صرف کافر ہے بلکہ گردن زدنی بھی ہے، چنانچہ آگے چل کر ہم اس مسئلہ پر وضاحت سے روشنی ڈالیں گے۔

## جادو کی نسبت مصریوں کے خیالات

جادو کی بنیاد سب سے پہلے مصر میں پڑی، جہاں بت پرستی خوب زور وشور سے رائج تھی، اہلِ مصر شیاطین پر اس امر کا یقین رکھتے تھے کہ جادو کے بہت بڑے اور زبردست مؤکل یہی ہیں، مگر انہوں نے ان شیاطین یا اجنّہ کو اربعہ عناصر پر بھی پوری قدرت دے دی تھی، اور ان کا یقین تھا کہ ہوا، آگ اور پانی پر یہ پوری حکومت رکھتے ہیں، اور تمام انسانی معاملات بالکل ان کے قبضہ میں ہیں، جہاں انہیں کوئی شدید یا خفیف مرض ہوتا تھا تو وہ یہ خیال کرتے تھے کہ شیطان یا جن کا اثر ہے، اور کوئی سبب مرض کے حادث ہونے کا نہیں ہے، مثلاً جب کسی کو بخار چڑھتا تھا تو اس بخار کی فطری سبب کی جستجو نہیں کی جاتی تھی، بلکہ جادوگر یا عامل سے تعویذ گنڈے وغیرہ لائے جاتے تھے، کیوں کہ وہ سمجھتے تھے کہ بغیر اس ترکیب کے صحت یاب ہونا ناممکن ہے۔

یہ مافوق الفطرت کی باتیں مصر سے تمام مشرق میں پھیل گئیں، یہاں تک کہ جب یہودی بابل میں گرفتار ہوئے، تو انہوں نے اس پر عمل پیرا ہونا شروع کیا، اور اس کا اثر انجیل نویسوں پر بھی پڑا کہ جہاں اس قسم کی باتیں مروجہ انجیلوں میں کثرت سے پائی جاتی ہیں۔

کہتے ہیں کہ فیثاغورث کے شاگرد اپنے جادو سے اکثر مریضوں کو اچھا کر دیتے تھے، چنانچہ فیثاغورث کا بیان ہے کہ جس پر جن، بھوت، پریت یا آسیب کا سایہ ہو، وہ عمل کے مؤکلوں کی مدد سے بھی اچھا ہو سکتا ہے، در جھاڑ پھونک اور گنڈہ

Marfat.com

تعویذ سے بھی اور جادو کے راگوں سے بھی اچھا ہوسکتا ہے۔

## (۲) جادو یا سحر کی ابتداء

مؤرخین جادو کی ابتداء اس طرح بیان کرتے ہیں، کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی امت کو ارواحِ خبیثہ کی پرستش کے طریقے اور ان پر قبضہ پانے کے قاعدے بتانے شروع کئے اس قلیم سے خدا پرستی میں فرق آنے لگا، تو حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے وزیر آصف بن برخیا کو حکم دیا کہ سب جنات اور شیاطین کو حاضر ہونے کا حکم دو، چانچہ وزیر نے سب کو حکم دیا، اور وہ دربار میں حاضر ہوگئے، حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کو فرمایا:

کہ تم کل طریقے اور قواعد ارواح پرستی کے ایک کتاب میں جمع کرو، فوراً حکم کی تعمیل کی گئی، ایک کتاب تیار ہوگئی، حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کتاب کو اپنی کرسی کے نیچے جس پر آپ بیٹھا کرتے تھے دفن کر دیا، اس کے یہ معنی ہوئے کہ ارواح پرستی کا علم مٹ گیا۔

غرض جب تک حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام زندہ رہے یہی کیفیت رہی، مگر جب آپ کا اور آپ کے وزیر کا انتقال ہوگیا، پھر جنوں اور شیاطین نے چالاکی سے لوگوں کو یہ کہنا شروع کیا، کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے جادو کے زور سے یہ حکومت کی تھی، اور اسی کی وجہ سے سب جن اور شیاطین ان کے مطیع ہوگئے تھے، وہ جادوؤں کی کتاب اپنی کرسی کے نیچے دفن کر گئے ہیں، اگر وہاں سے کھود کر نکال لی جائے، تو جادو کا علم ہر ایک سیکھ سکتا ہے، اور ہر شخص حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی طرح تمام مخلوق کو مطیع کر سکتا ہے، چنانچہ لوگ شیاطین کے دھوکے میں آگئے، اور انہوں نے کرسی کے نیچے سے زمین کھود کر وہ کتاب نکال لی، اور اس کو

Marfat.com

پڑھنا شروع کیا، اس علم کے حاصل کرنے سے بہت سے عجائب وغرائب کا ظہور ہوا، اور ہر شخص سحر کی کتاب کو از بر کرنے کی فکر میں لگ گیا، ان کی تمام امت افسون گری اور جادو ٹونے میں مصروف ہونے لگی، تمام وہ خیالات جو حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام خدا پرستی کی بابت ان میں رائج کر گئے تھے، بتدریج ختم ہو گئے اور جب شیطانوں نے یہ دیکھا کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی امت پورے طور پر گمراہ ہو گئی، تو وہ رفتہ رفتہ رفو چکر ہونے شروع ہوئے، اس ترویج باطل سے دینِ حق کو سخت صدمہ پہنچا کتاب اللہ سے اعراض کرنے سے ان کے روحانی امراض بڑھنے لگے غائبوں، رواحِ خبیثہ اور اسلاف شیاطین کے ناموں کے ورد نے انہیں دین و دنیا کا نہ رکھا، وہ ان روحوں اور بتوں پر نذریں اور قربانیاں چڑھانے اور ان کی پرستش کرنے لگے یہی گویا کفر کی پہلی سیڑھی تھی۔

دوسرا کفران کا یہ تھا کہ وہ یہ خیال کرنے لگ گئے، کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام بھی بت پرستی کیا کرتے تھے اور بہت بڑے جادوگر تھے، یہ ان کے کفر کا دوسرا درجہ تھا۔

ابن جریر نے شہر بن جوشب سے روایت کی ہے کہ یہودی کہتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھو، کہ صادقوں کے ساتھ کاذب بھی ملاتا ہے، حالانکہ سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام بت پرست اور جادوگر تھے، اسے یہ معصوم پیغمبروں کی فہرست میں رکھتا ہے، اور وہ ایسا جادوگر تھا کہ اپنے جادو کے زور سے ہوا کو گھوڑا بنا کے اس کی پیٹھ پر سوار ہوتا تھا، جب یہودیوں نے اس کا غل مچایا، تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فوراً اس کی تردید کر دی، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ (سورۃ بقرہ/۱۰۲)

''یعنی سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام ہرگز کافر نہ تھے،،

Marfat.com

اگر کوئی پیغمبر ایسا کرے، تو وہ بھی کفر سے نہیں بچ سکتا، وہ تو حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے معجزے دکھائے تھے اس لئے جن وانس اور خدا کی دیگر مخلوقات ان پر ایمان لے آئی تھی، بھلا معصوم پیغمبروں کو سحر وافسونگری اور بتوں پر نذر چڑھانے سے کیا مطلب، چونکہ یہودیوں نے حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ و السلام کی ذات پر بہتان عظیم اٹھایا تھا، اس لئے وہ کافر ہو گئے، وہ لوگوں کو سحر کی تعلیم دیتے تھے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ط (سورہ بقرہ/۱۰۲)

''لوگوں کو اعمال سحر کی تعلیم دیتے تھے۔

ان کے افتراء اور دروغ سے لوگ دھوکا کھا کے جادو اور افسونگری میں مشغول ہوئے تھے، ان کو یقین ہو گیا کہ درحقیقت سحر کوئی بری چیز نہیں ہے، کیوں کہ جب پیغمبروں نے اس سے چشم پوشی نہیں کی بلکہ اپنی کامیابی کا اسے بہت بڑا آلہ بنایا، تو پھر اس کا سیکھنا کسی طرح بھی برا نہیں ہو سکتا، وہ جادو کے سیکھنے میں بتوں کی ایسی تعظیم کرتے تھے، جو اللہ کی شایانِ شان تھی، وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ ارواحِ خبیثہ غیب دان ہیں، اور یہ مشکل کشائی میں یدطولیٰ رکھتے ہیں، اگر انہیں مسخر کر لیا جائے، تو پھر دین و دنیا کی ہر چیز بہ آسانی حاصل ہو سکتی ہے۔

## (۳) سحر اور ساحر کے متعلق حکم شرعی

اس قسم کا سحر جس میں جنات یا ارواحِ خبیثہ یا بتوں کو مشکل کشا سمجھا جائے، یا بتوں کو سجدہ کیا جائے، بہت بڑا کفر ہے، اگر کوئی مسلمان ایسا کرے تو وہ مرتد ہے، اور اس کو توبہ کی مہلت دی گئی ہے، چنانچہ اگر وہ مرد ہے تو اس کو تین دن کی مہلت دینی چاہئے، اگر وہ تین دن تک توبہ نہ کرے، تو اسے قتل کر دینا چاہئے، اس کو

Marfat.com

مسلمانون کے قبرستان میں دفن نہیں کرنا چاہئے ،اور اگر عورت ہے تو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مرد کی طرح اسے بھی تین دن کی مہلت دینی چاہئے ،اگر تین دن میں وہ باز آگئی اور اس نے توبہ کرلی تو خیر ورنہ اسے بھی قتل کردینا چاہئے اور اس کو بھی مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں کرنا چاہئے مگر امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ ہے، کہ جب تک وہ توبہ نہ کرلے ،اسے قید رکھنا چاہئے ،بہر کیف جادو کرنا کفر ہے۔

اگر جادو کرنے والا یہ دعوی کرے کہ مجھ میں وہ طاقت ہے، کہ میں اپنے جادو سے خدا کا سا کام دکھا سکتا ہوں، یا پیغمبروں کے سے معجزے دکھا سکتا ہوں، جیسے پرند بنا کے ہوا میں اڑا دینا، یا ایک سال کی مسافت کو چشم زدن میں طے کر لینا، وہ شخص مرتد اور کافر ہے، ہاں اگر وہ یہ بیان کرے کہ یہ اعمال میں نے اس لئے سیکھے ہیں، کہ میں اس سے قتل نفس کرسکتا ہوں، یا بیمار کو تندرست اور تندرست کو بیمار بنا سکتا ہوں، اور امن میں خلل ڈال سکتا ہوں، یا فساد رفع کرسکتا ہوں، تو ایسا شخص فاسق اور مزوّر ہے، اس جادو کو فسق اور تزویر کہیں گے ایسے شخص کو بھی قتل کردینا چاہئے، کیوں کہ اس کی ذات سے فساد کا اندیشہ ہے، اور وہ ضرور بے گناہوں کو ستائے گا، اس حکم میں ساحرہ اور ساحر میں کچھ فرق نہیں ہے، دونوں کی ایک ہی سزا ہے، چنانچہ امام فخر الدین رازی اور زاہدی رحمۃ اللہ علیہم کا اس پر اتفاق ہے، لیکن امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر کوئی شخص یہ بیان کرے، کہ میں جادو کرتا ہوں، یا ثبوت ہو جائے، کہ وہ جادوگر ہے، تو اسے قتل کر ڈالنا چاہئے، اس کو توبہ کی بھی مہلت نہیں دینی چاہئے، ہاں اگر وہ اس امر کا ثبوت دے دے، کہ میں نے مدت سے جادو کو چھوڑ دیا ہوا ہے، تو پھر اسے معاف کردینا چاہئے، (تفسیر عزیزی)

Marfat.com

# جادوگر کی سزا ازروئے حدیث

جادو کا سیکھنا اور سکھانا سنگین جرم ہے، اور جادوگر کی سزا موت ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَۃٌ بِالسَّیْفِ (رواہ الترمذی)

سیدنا جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جادوگر کی سزا ضرب از شمشیر ہے (ترمذی ابواب الحدود، باب حد الساحر::تفسیر ابن کثیر/ سورۂ بقرہ/۱۰۲)

# جادوگروں پر امام شافعی کا فتوی

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ اگر ایک شخص نے جادو کر کے کسی کو مار ڈالا، اور پھر اس نے اقرار کیا، کہ میں نے اسے جادو سے مارا ہے، اور میرا جادو ہمیشہ مہلک ثابت ہوا ہے، تو اس پر قصاص واجب ہو گیا، بیشک وہ شخص قتل کر دیا جائے، اور اگر وہ یہ بیان کرے کہ میرے جادو سے یہ مرا ہے، مگر میرا جادو کبھی مہلک ہوتا ہے، اور کبھی نہیں ہوتا، تو گویا یہ قتل شبہ عمد میں داخل ہے، اور اس پر احکام شبہ عمد جاری ہونے چاہئیں اور اگر وہ بیان کرے، کہ جادو تو میں نے کسی اور شخص پر کیا تھا، لیکن چونکہ متوفی اس کا ہم نام تھا، اس سبب سے میرا جادو اس پر چل گیا، اور یہ ہلاک ہو گیا، یا یہ بیان کرے، کہ جادو کے موضع میں چلا گیا تھا، اس وجہ سے ہلاکت ہوئی، تو اس قتل کو قتل خطا کہیں گے، لہٰذا خطا کے احکام اس پر جاری ہوں گے۔

# رفعِ اشکال

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ خارق عادت اور افعال جو محض اللہ تعالیٰ کی

Marfat.com

قدرت سے ظہور پذیر ہوتے ہیں، اکثر اوقات انبیاء اولیاء سے ان کا ظہور ہو جاتا ہے، مثلاً صورتوں اور شکلوں کا بدل دینا، مردوں کا زندہ کرنا اور برسوں کی مسافت چشم زدن میں طے کر جانا، وغیرہ وغیرہ۔

## سوال

وہ افعال جو اولیاء کے ہاتھوں سے سرزد ہوتے ہیں، او وہ افعال جنہیں جادوگر کرتے ہیں، ان دونوں میں فرق کیا ہے؟

## جواب

فرق صرف اس قدر ہے کہ اولیاء ایسے افعال کا صدور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے ہیں، اور جادوگر اپنی طرف، یا اپنے مؤکلوں کی طرف، اور نیز ان افعال کو اپنے اختیار کا کام جانتے ہیں، اور اپنے اصنام اور ارواحِ خبیثہ پر قربانیاں کرتے ہیں، اس میں شرک صریح لازم آتا ہے، اور یہی کفر ہے، اسی طرح اولاد دینا توسیع رزق، اور شفا الامراض ارواحِ خبیثہ کی طرف نسبت دیتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں کہ ہماری قدرت اور ان کی کوشش سے اولاد پیدا ہوئی، یا رزق میں وسعت ہوئی یا مریض شفایاب ہوا، بخلاف اولیاء اللہ کے وہ یہ سمجھتے ہیں، کہ جو کچھ کرتا ہے، اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے، ہم تو صرف دعا کرنے والے ہیں۔

# (۴) قصہ جادو ہاروت وماروت

بعض علمائے کرام نے ہاروت وماروت کو بہت بڑا زبردست جادوگر اور صاحب قوت مانا ہے، چنانچہ ان کی بے نظیر قوت کا یوں بیان کرتے ہیں۔

حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے اپنی سنن میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ

Marfat.com

تعالی عنہا سے روایت کیا ہے، کہ آپ فرماتے ہیں: ایک عورت نے قبیلہ دومۃ الجندل میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ دریافت کرنا تھا، افسوس کہ آپ نے رحلت فرمائی، جب وہ میرے پاس آئی، تو میں نے اس سے دریافت کیا: تیری کیا حاجت ہے اور تو کیا کہنا چاہتی ہے؟ مجھ سے کہہ! اس نے کہا، میرا خاوند مجھ سے ہمیشہ بدسلوکی کیا کرتا تھا، اور کبھی صلح کی طرف راغب نہیں ہوا تھا، اور میری جان سخت عذات میں رہتی تھی، کہ اتفاق سے ایک دن ایک بڑھیا میرے مکان پر آ گئی، میں نے اس سے اپنی مصیبت کا حال بیان کیا، اس نے جواب دیا کہ بیٹی! یہ کوئی بڑی بات نہیں، ہے جو کچھ میں کہوں، اگر تو اس پر مستعد ہو جائے، تو تیرا شوہر تیرا غلام بن جائے گا، اور اگر تو اٹھتے بیٹھتے لات مارے گی تو بھی وہ اف تک نہیں کرنے کا۔

میں نے کہا، کہ میں آپ کے ہر ایک حکم کو بجالانے کے لئے تیار ہوں۔

غرض جب اخیر شب ہوئی تو وہ بڑھیا میرے پاس آئی اور اپنے ساتھ دو کالے کتے بھی لے آئی، ایک کتے پر آپ سوار ہوئی، اور دوسرے پر مجھے سوار کیا، اور پھر ہم دونو روانہ ہو کر شہر بابل میں جا پہنچے، وہاں دیکھتی ہوں کہ دو مرد الٹے لٹک رہے ہیں، انہوں نے میری صورت دیکھتے ہی کہا، تو یہاں کیوں آئی؟

بڑھیا کے اشارے سے میں نے ان کو یہ جواب دیا، کہ جادو سیکھنے آئی ہوں، دونوں نے کہا کہ جادو کفر ہے، اور جو سیکھتا ہے کافر ہو جاتا ہے، لہذا بہتر ہے کہ تو اپنے گھر کو واپس چلی جا، اور اپنے دین وایمان کو ضائع نہ کر! میں نے کہا: میں بغیر جادو سیکھے یہاں سے نہیں ٹلنے کی، چاہے کچھ ہی ہو، وہ بار بار منع کرتے تھے، لیکن میں اسی قدر اصرار کرتی تھی، غرض جب انہوں نے یہ سمجھ لیا، کہ یہ باز نہیں آتی تو بامر مجبوری انہوں نے کہا کہ تو اس تنور کے پاس جا کے اس پر پیشاب کر دے، چنانچہ جب میں اس تنور کے پاس پہنچی تو مجھے وہاں بڑا خوف معلوم ہوا، اس لئے میں وہاں

Marfat.com

سے واپس ان کے پاس چلی آئی، اور ان سے جھوٹ کہہ دیا، کہ میں پیشاب کر آئی ہوں، انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ تو نے وہاں کچھ دیکھا بھی؟ میں نے انکار کیا، انہوں نے کہا تو جھوٹ بولتی ہے، تو نے پیشاب نہیں کیا، بس اب تیرے لئے یہی بہتر ہے، کہ تو یہاں سے چلی جا، کہ تو کافر نہ ہو جائے، میں نے کہا میں ہرگز نہیں جانے کی، انہوں نے کہا جب تو نہیں مانتی اور ضد کئے جاتی ہے تو پھر جا اور تنور میں پیشاب کر، پس میں پھر دل مضبوط کر کے گئی پھر وہی خوف و ہراس مجھ پر طاری ہوا، اور کلیجہ کانپنے لگا میں گھبرا کے اور دوڑ کے واپس ان کے پاس چلی آئی۔ پھر انہوں نے واپس گھر جانے کے لئے مجھ سے کہا، غرض میں نے تیسری بار جا کر اس میں پیشاب کر دیا، پیشاب کرتے ہی میں نے ایک گھوڑے کے سوار کو تنور میں سے نکلتے ہوئے دیکھا جو سر سے پاؤں تک لوہے میں غرق تھا، سر پر خود فولادی بدن میں زرہ سینہ پر چار آئینہ لگائے ہوئے اس سج دھج اور شان وشکوہ سے نکلا، کہ میں ڈر گئی، وہ تنور سے نکلتے ہیں سیدھا آسمان کی طرف اڑتا چلا گیا، اور غائب ہو گیا، پھر میں ان کے پاس گئی، اور سوار کا حال بیان کیا، انہوں نے کہا، کہ اب تو سچ کہتی ہے، وہ سوار تیرا ایمان تھا، جو تجھ میں سے نکل کے آسمان پر چلا گیا، بس اب جا تو جادو کے فن میں کامل ہو گئی، پھر میں نے اپنی رفیقہ بڑھیا سے کہا، کہ میں تو جادو سیکھنے آئی تھی لیکن ان مردوں نے مجھے کچھ تعلیم نہیں دی، صرف اتنا کہہ دیا ہے کہ بس اب تو جادو میں کامل ہو گئی، بڑھیا نے کہا، میرا خیال ہے کہ تو نے اب ہر چیز سیکھ لی، اب جو کچھ تو چاہے گی وہ ہو جائے گا، ان کی تعلیم اسی قسم کی ہوتی ہے، میں نے اس بڑھیا سے کہا میں کیونکر یقین کروں کہ مجھے جادو آ گیا ہے۔

اس نے کہا: تو یک گیہوں کا دانہ زمین میں ڈال، اور کہہ کہ ''اے دانہ تو اگ آ'' چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا، وہ دانہ فوراً اگ آیا، پھر میں نے کہا بڑا ہو، بڑا ہو

Marfat.com

گیا، پھر کہا خوشہ لا، خوشہ لے آیا، پھر کہا خشک ہو، خشک ہو گیا، پھر کہا گیہوں بن جا، گیہوں بن گیا، جب میں نے ہر طرح آزما لیا، اور میں پوری اتری، تو اب ایمان کے خیال سے میری آنکھیں کھلیں، میں سخت نادم ہوئی، اور مجھے ایمان جانے کا بہت افسوس ہوا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال سن کر حاضر ہوئی تھی، کہ میرے دردِ دل کا کچھ علاج ہوگا، اور میرا گیا ہوا ایمان واپس آجائے گا، اے ام المؤمنین اب تک میں نے کسی کو نہیں ستایا، اور نہ ہی کسی کو تکلیف دی، اور میں سچ کہتی ہوں کہ میں کسی کو اذیت پہنچانے سے اب تک بچی ہوئی ہوں، عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: آپ کا تو وصال ہو چکا ہے، ہاں آپ کے صحابہ کرام موجود ہیں ان کے پاس جا کر اپنا حال عرض کر شاید وہ تیرے ایمان کے واپس آنے کی کوئی تدبیر بتائیں، چنانچہ وہ عورت کئی اصحاب کے پاس گئی مگر کسی نے بھی اس کی بیماری کا علاج نہ بتلایا، آخر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک تدبیر بتلائی کہ اگر تیرے والدین میں سے کوئی زندہ ہو تو اس کی خدمت کر، ممکن ہے کہ تیرا ایمان واپس آجائے۔ (مستدرک حاکم، کتاب البر والصلۃ :: سنن بیہقی، کتاب القسامۃ، باب قبول توبۃ الساحر حقن دمہ بتوبتہ)

## ہاروت و ماروت کو دیکھنے والا جوان

(۲) دوسری روایت ابن المنذر اوزاعی نے ہارون بن رباب سے نقل کی ہے، کہ میں ایک دن عبدالملک بن مروان سے ملنے گیا، وہاں دیکھتا ہوں کہ اس کے پاس ایک شخص تکیہ لگائے بیٹھا ہوا ہے، میں نے درباروں سے دریافت کیا، کہ یہ کون شخص ہے، جو بادشاہ کے برابر تخت پر بیٹھا ہوا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ اس بات کا فخر کرتا ہے، کہ کہ میں ہاروت اور ماروت کو دیکھ کر آیا ہوں یہ سن کر میں اس شخص کے

Marfat.com

پاس گیا اور اس سے کہا کہ تو ہاروت و ماروت کا قصہ مجھے سنا، اس نے آنکھوں میں آنسو بھر کر اپنا قصہ یوں بیان کرنا شروع کیا:

میں ایک نوجوان لڑکا تھا، میرا باپ عین جوانی کے عالم میں انتقال کر گیا، اور بہت سی دولت چھوڑ کر مرا، اور بعد میں مال میری ماں کے قبضے میں آیا میری ماں مجھ سے بہت محبت و پیار رکھتی تھی اور جو کچھ میں اس سے مانگتا تھا، وہ دے دیتی تھی اور ہر فضول خرچی میں روپیہ اڑا دیتا تھا، لیک میری ماں مجھ سے کچھ نہیں کہتی تھی، جب میں جوان ہو گیا اور مجھے کچھ عقل و شعور آیا تو میں نے اپنی ماں سے پوچھا کہ میرے باپ کے پاس اتنی دولت کہاں سے آتی تھی؟ اس نے کہا بیٹا! تجھے اس بات سے کیا تعلق جتنا تو خرچ کر سکتا ہے، خرچ کر مگر دریافت نہ کر و میں نے بڑی خواہش ظاہر کی، اور رونا شروع کر دیا، بہ امر مجبوری میری ماں میرا ہاتھ پکڑ کے ایک کوٹھڑی میں لے گئی، اور وہاں میں نے جواہرات اور اشرفیوں کے ڈھیر لگے ہوئے دیکھے، اس نے یہ دکھا کر کہا کہ یہ روپیہ اور یہ زر و جواہر تیری کئی پشتوں کے لئے کافی ہے تجھے ضرورت کیا پڑی کی خواہ مخواہ اس کا سبب دریافت کرنے میں اصرار کرتا ہے کہ یہ دولت باپ نے کہاں سے کمائی؟ لیکن میں پھر بھی اپنی ضد اور اصرار پر جما رہا، ناچار اس نے مجھ سے یہ راز کھول دیا، کہ تیرا باپ جادوگر تھا، اس نے جادو کے زور سے یہ دولت جمع کی تھی، یہ سنتے ہی میں نے کہا، کہ موروثی دولت پر قناعت کرنا ہمت اور الوالعزمی کے خلاف ہے، مجھے میری ماں نے ہر چند سمجھایا کہ باپ کی دولت کا تو ہی اکیلا وارث ہے، یہ بے وقت اولوالعزمی پیدا ہو جانا میری پریشانی کا باعث ہے، لیکن میں نے ماں کی نصیحت کی کچھ پروا نہ کی، اور اس سے پوچھا کہ یہ تو بتاؤ میرے باپ کا کوئی ایسا دوست بھی ہے، جو ان کے علم کے راز سے واقف تھا؟

ماں نے مجبور ہو کر کہا: ہاں فلاں شخص ہے، اور وہ فلاں جگہ رہتا ہے، یہ سن کر

Marfat.com

سیدھا اس شخص کے پاس دوڑا ہوا گیا، بڑے ادب سے جھک کر سلام کیا، اور دست بستہ اس کے سامنے بیٹھ گیا، اس نے مجھ سے دریافت کیا کہ تو کون ہے! اور کہاں سے آیا ہے؟

میں نے عرض کیا: میں فلاں شخص کا بیٹا ہوں، اور فلاں جگہ سے آیا ہوں، اس نے میرے باپ کا نام سنتے ہی مجھے گلے سے لگالیا، اور نہایت مہربانی سے پیش آیا، پھر مجھ سے دریافت کرنے لگا کہ تو کس ضرورت کے لئے آیا ہے؟ تیرا باپ تو اس قدر مال ودولت چھوڑ کر مرا ہے کہ جو تیری کئی پشتوں کے لئے بھی کافی ہے، میں نے صاف صاف کہہ دیا کہ مجھے مال کی ضرورت یہاں نہیں لائی ہے بلکہ میں جادو سیکھنے کے لئے آیا ہوں، اس شخص نے کہا، اے میرے بھتیجے! یہ خیال دل سے نکال دو، کیوں کہ اس میں سراسر نقصان ہے، لیکن میں نے کہا:۔

دست از طلب ندارم تا کام من برآید    یا تن رسد بجاناں یا جاں زتن برآید

جب تک آپ مجھے ایسا کامل نہ کردیں جیسا میرا باپ تھا، میں آپ کا دامن نہیں چھوڑنے کا، اس نے یہ سن کر سخت تاسف کیا، اور میری اس ضد سے اسے بہت صدمہ ہوا، ہرچند اس نے کوشش کی کہ میں سمجھ جاؤں، لیکن میرے سر پر تو جادو سیکھنے کا جن چڑھا ہوا تھا، بھلا میں کیوں سمجھتا اور مجھے اس کی نصیحت کیوں کر قبول ہوتی، وہ آبدیدہ ہونے کے بعد کہنے لگا:۔

نصیحت گوش کن جاناں کہ از جاں دوست تر دارند

جوانانِ سعادت مند پندِ پیر دانا را

مگر یہ ساری باتیں میری سحر آموزی کے شوق کے آگے فضول تھیں آخر الامر اس نے مجبور ہوکر کہا کہ اگر تو نہیں مانتا ہے، تو فلاں روز فلاں ساعت کا منتظر رہ، غرض خدا خدا کر کے وہ وقت آیا، تو میں نے اس سے ایفائے وعدہ کی درخواست کی،

Marfat.com

پھر بھی وہ مجھے سمجھانے لگا، کہ للہ تو اس خیال سے باز آ، میں انکار ہی کرتا رہا، لیکن جب وہ نصیحت کرتے کرتے تھک گیا:

تو اس نے کہا، میں تجھے اس جگہ لے جاتا ہوں، لیکن یہ یاد رکھنا کہ وہاں بھولے سے بھی اللہ تعالی کا نام نہ لینا، میں نے حتمی وعدہ کیا، کہ ایسا نہیں ہوگا، وہ مجھے ایک تہ خانہ میں لے کے اترا، میں اندازہ سے کہتا ہوں کہ ہم دونوں نے قریب تین سو۳۲ زینے طے کے کئے ہوں گے لیکن اس میں آفتاب کی روشنی اس قدر تیز تھی کہ جتنی سطح زمین پر ہوتی ہے، جب اخیر منزل پر پہنچے تو میں نے ہاروت اور ماروت کو لوہے کے زنجیروں میں لٹکا ہوا دیکھا، ان کی آنکھیں بڑی بڑی ڈھالوں کی طرح تھیں، اوران کے پر اس قدر چوڑے اور چکلے تھے، کہ میں خوف کے مارے کانپ گیا اور میری زبان سے بے ساختہ لاالــہ الاّ اللــہ نکل گیا، یہ کلمہ پڑھتے ہی انہوں نے پروں کو جنبش دی، اور آہ وزاری کرنے لگے، اور پھر خاموش ہو گئے، میں نے امتحانا پھر کلمہ پڑھا، پھران کی یہی حالت ہوگئی، پھر میں نے کلمہ دہرایا، پھران کی وہی حالت ہوگئی پھر میں ان کے پاس گیا، انہوں نے مجھ سے دریافت کیا، کیا تو انسان کی جنس سے ہے؟

میں نے کہا: ہوں، پھر میں نے ان سے پوچھا۔
کلمۂ حق سن کر تمہاری ایسی حالت کیوں ہوئی؟

انہوں نے کہا: کہ جب سے ہم آسمان سے زمین پر آئے ہیں ہم نے یہ کلمہ آج ہی سنا ہے، اوراس سے ہمیں اپنی اصلی جگہ یاد آ گئی اور ہمارے دل پر ایک چوٹ لگی اور ہم اس صدمہ سے غل مچانے لگے، اب تو بیان کر کہ تو کس پیغمبر کی امت سے ہے، میں نے کہا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے ہوں اور یہ سنتے ہی کہنے لگے، کہ کیا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم مبعوث ہو چکے ہیں، میں نے

Marfat.com

کہا ہاں، لیکن اب تو آپ کا وصال بھی ہو گیا، اور آپ کے بعد چار خلیفہ بھی ہو چکے پھر انہوں نے پوچھا کہ آپ کی امت ایک ہی شخص کے تابع ہے، یا ان کا سردار علیحدہ علیحدہ ہے، میں نے کہا ایک ہی شخص کے تابع ہیں، یہ سن کے انہیں سخت رنج ہوا، پھر پوچھا کہ ان میں اتفاق ہے یا نفاق، میں نے کہا دلوں میں تو نفاق ہے، مگر بظاہر اتفاق یہ سن کر وہ بہت ہی خوش وخرم ہوئے، پھر پوچھا کی ان کی عمارت کا سلسلہ بحر طبر یہ تک پہنچ گیا، میں نے کہا ابھی تک نہیں پہنچا، یہ سن کر وہ رنجیدہ ہوئے، مجھے ان کی باتوں سے تعجب ہوا آخر میں نے ان سے پوچھا کہ جب تم نے سنا کہ امت محمدی ایک ہی بادشاہ کے تابع ہے، تو تم کیوں رنجیدہ خاطر ہوئے، انہوں نے کہا کہ ہمارے خوش و نا خوش ہونے کی یہ وجہ ہے کہ جب ہم نے یہ سنا کہ ابھی تک ان میں اتفاق ہے، تو ہم پر بڑا صدمہ ہوا، کیوں کہ ہم سے یہ وعدہ کیا گیا ہے، کہ قیامت تک تم پر عذاب رہے گا، اور قیامت کے آنے کی نشانی یہ ہے کہ امت محمد یہ میں نفاق پھیلے، گروہ گروہ ہو جائیں، اور ہر گروہ اپنا سردار الگ الگ بنالے، دوسری قرب قیامت کی یہ نشانی ہے کہ بحر طبر یہ تک سلسلہ عمارت پہنچ جائے، تیرے کہنے سے ہمیں اس لئے رنج ہوا کہ ابھی قرب قیامت دور ہے پھر میں نے کہا کہ مجھے کچھ وصیت کیجئے، انہوں نے کہا کہ کم سویا کر، اور اس خطرناک حالت سے ہوشیار ہو جا، جو عنقریب آنے والی ہے، انہوں نے مجھے جادو نہیں سکھایا، اور نہ میرے رہنما نے مجھے سحر کی تعلیم کی پھر میں وہاں سے چلا آیا۔

## ہاروت و ماروت کا ذکر قرآن میں

قرآن مجید فرقان حمید میں ہاروت و ماروت کا قصہ اس طرح اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

Marfat.com

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَ لٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ (سورہ بقرہ/۱۰۲)

اور پیچھے پڑ گئے اس علم کے جو پڑھتے تھے شیطان سلطنت سلیمان میں، اور سلیمان نے کفر نہیں کیا، لیکن شیطانوں نے کفر کیا، کہ سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور وہ جو اتارا گیا بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اور یہ دو فرشتے کسی کو کچھ نہ سکھاتے تھے حتیٰ کہ کہتے کہ بلاشک ہم آزمائش میں ہیں تو تو کفر نہ کر، تو لوگ ان دونوں سے وہ سیکھتے جس کے ساتھ مرد اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالتے تھے۔

## ہاروت وماروت کا ذکر احادیث میں

ہاروت وماروت کا ذکر احادیث میں اس طرح آیا ہے:

ابن جریر بن ابی حاتم، حاکم ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، علی کرمہ اللہ وجہہ، عبداللہ بن عمر اور مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ہاروت وماروت کی بابت یہ روایت نقل کی ہے، کہ جب حضرت ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ میں لوگوں کے اعمال بد نے آسمان پر پرواز کی، فرشتوں میں قیل وقال شروع ہوگئی، اور انہوں نے بنی آدم کی سخت تحقیر کی، اور ان پر لعن طعن کرنے لگے اللہ تعالیٰ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا:

تم بنی آدم پر کیوں لعن طعن کرتے ہو، چونکہ ہم نے ان کی سرشت میں غضب اور خواہش نفسانی کو ملا دیا ہے، اس لئے ان سے یہ افعال قبیحہ سرزد ہوتے ہیں اگر میں تمہیں بھی زمین پر سکونت پذیر کروں، اور تم میں بھی غضب اور خواہش نفسانی

Marfat.com

ڈال دوں، تو تم سے بھی ایسے ہی گناہ سرزد ہونے لگیں گے۔

فرشتوں نے عرض کیا: یاالا العالمین اگر ہماری سرشت میں غضب اور خواہش نفسانی کی آمیزش ہو جائے، تو بھی ہم کبھی ایسے گناہوں کے مرتکب نہ ہوں گے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

تم اپنے گروہ میں سے دو فرشتوں کو منتخب کرلو، تاکہ انہیں بھی زمین پر بھیجا جائے، اور پھر تم پر حقیقت کھل جائے، چنانچہ فرشتوں نے ہاروت و ماروت کو منتخب کیا، کیوں کہ وہ تمام فرشتوں میں سے زیادہ عبادت کرنے والے اور ہر وقت تسبیح وتہلیل میں مشغول رہنے والے تھے، پس ان کو اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش کیا گیا، اللہ تعالیٰ نے ان کی سرشت میں غضب وخواہشِ نفسانی کا مادہ ملا دیا، پھر ان کو دنیا میں بھیج دیا، تاکہ وہ دنیا میں جا کر لوگوں پر حکومت کریں، اور انہیں لڑنے جھگڑنے سے روکیں، قتل وغارت کو موقوف کریں اور عدل وانصاف کی چاشنی انہیں چکھائیں، فرائضِ عبودیت کی تعلیم کریں لیکن ساتھ ہی یہ بھی حکم دیا کہ وہ دن بھر تو اپنے مقررہ فرائض کی انجام دہی کرتے رہیں، اور شام کو آسمان پر چلے آئیں اس لئے انہیں اسم اعظم سکھا دیا گیا تھا، کہ جب وہ اسم اعظم پڑھیں تو فوراً آسمان پر اڑ کے چلے آئیں، مہینہ بھر تک تو وہ یونہی آتے جاتے رہے، اور انہوں نے فرض منصبی کو بوجہ احسن ادا کیا، ان کی شہرت بھی شہر بھر میں ہوگئی، کہ دو شخص آسمان سے اتر کا فلاں موضع میں ٹھہرے ہیں نہایت نیک بخت ہیں، جو کچھ وہ کہتے ہیں وہ ہو جاتا ہے، اور جو بات بتاتے ہیں وہ ٹھیک اترتی ہے، اور مقدمات کا فیصلہ بھی حق حق کرتے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت کے بموجب یہ بیان کیا جاتا ہے، کہ ایک عورت زہرہ نامی ان کے پاس آئی یہ عورت بڑی خوب صورت تھی اور عمدہ لباس پہنے رہتی تھی، اس کا خاوند اس پر بہت سختی کیا کرتا تھا، اس نے ان فرشتوں سے داد

Marfat.com

خواہی کی، یہ عورت ایرانی تھی اس نے آ کر یہ بھی کہا کہ میں نے سنا ہے کہ آپ اسم اعظم جانتے ہیں، مجھے اسم اعظم سیکھنے کا بہت شوق ہے، اور اسی لئے میں آپ صاحبوں کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں، اگر مجھے اسم اعظم آ جائے گا، تو میں اس مصیبت سے نکل جاؤں گی، انہوں نے جونہی اس کی صورت پر نظر کی دل ہاتھ سے دے بیٹھے، اور اس پر فریفتہ ہو گئے، تمام وعدے جو اپنے خالق سے کئے تھے، وہ دل سے محو ہو گئے، گویا ان کی یہ کیفیت ہو گئی۔

نہ تنہا در رہش بازم دل و دیں فدائے جان شیریں جان شیریں

ہوش و حواس درست نہ رہے، محبت کی آگ دل میں بڑھ گئی اور اسی بے خودی میں وصل کی درخواست کی:

اس عورت نے کہا: یہ ایک محال امر ہے، میرا شوہر بڑا باغیرت شخص ہے، اگر اسے اشارۃ یہ معلوم ہو گیا، کہ میرا اور آپ کا تعلق ہے، تو وہ مجھے قتل کر ڈالے گا، ہاں اس کی ایک ترکیب یہ ہو سکتی ہے کہ اول تو تم میرے معبود کو سجدہ کرو، پھر میرے خاوند کو قتل کر ڈالو، پھر میں تمہاری ہو جاؤں گی۔

یہ سنتے ہی انہوں نے کہا: معاذ اللہ! ایسا کبھی نہیں ہو سکتا، کہ ہم سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی اور کو سجدہ کریں، اور کسی کو بلاوجہ قتل کر دیں، توبہ توبہ ان باتوں کا ہمارے آگے نام بھی نہ لو، زہرہ یہ سن کے اٹھ کھڑی ہوئی، اور چلتے چلتے یہ کہہ گئی، کہ اگر یہ منظور نہیں ہے تو پھر میرا وصل بھی ممکن نہیں ہے۔

ہاروت و ماروت نے انکار تو کر دیا، مگر ان کے دل میں محبت کی آگ چونکہ بھڑک چکی تھی اور اس کی لپٹیں زیادہ ہوتی جاتیں تھیں، اس لئے زہرہ کے چلے جانے پر ان کی یہ حالت ہو گئی تھی۔

زدیدہ رفتی و مردم ہماں نفس فریاد کہ بے تو مردم و آں گاہ چنیں بہ آسانی

Marfat.com

کسیکہ تشنۂ لب نازتست مے داند کہ موج آب حیات است چینِ پیشانی
نہشت غمزۂ اسلام دشمنت کہ دوروز محبت تو کنم جمع با مسلمانی

جب بے تابی اور پریشانی بڑھی، تو دوسرے دن زہرہ کو پیغام بھیجا کہ ہم آج تیرے ہاں مہمان رہنا چاہتے ہیں، اگر تو قبول کرے گی، تو ہماری اس میں بہت شرف افزائی ہے۔

زہرہ نے جواب میں کہلا بھیجا بسروچشم تشریف لایئے، آپ ہی کا گھر ہے۔

غرض یہ دونوں وقت مقررہ پر وہاں پہنچے زہرہ نے پہلے ہی سے مکان کی آراستگی کررکھی تھی، خود بھی خوب بن سنور کرآراستہ ہوگئی تھی، شراب کے شیشے بھی تیار تھے، زہرہ نے ان کی بڑی خاطر تواضع کی، اور اس کی زبان حال سے بیساختہ یہ نکل رہا تھا۔

وہ آئے گھر میں ہمارے خدا کی قدرت کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

اب اس کا حسن و جمال ان کے دل میں پہلے سے بھی زیادہ کھب گیا، اور ایک غیر معمولی جوش اٹھا، جس سے ان کی خواہش وصل کا اظہار ہوگیا۔

زہرہ نے کہا: سنو صاحب! بات یہ ہے کہ اگر آپ میرا وصل چاہتے ہیں، تو میں چار شرائط پیش کرتی ہوں، ان میں سے اگر ایک بھی مان لیں گے، تو میں آپ کی ہوجاؤں گی، انہوں نے نہایت اشتیاق سے دریافت کیا، سرت گردیم وقربانت شویم فرمایئے!

اس نے کہا: ایک شرط تو یہ ہے کہ میرے بت کو سجدہ کرو!
دوسری شرط یہ ہے کہ میرے خاوند کو مارڈالو!
تیسری شرط یہ ہے کہ میرے ہاتھ سے جام شراب پی لو!
چوتھی شرط یہ ہے کہ تم مجھے اسم اعظم سکھادو!

Marfat.com

یہ چاروں شرطیں پیش کر دی ہیں، اب آپ کو اختیار ہے انہوں نے باہم مشورہ کیا کہ سجدہ کرنا تو خدا کے سوا کسی دوسرے کو کفر ہے۔

قتل کرنا بھی کبیرہ گناہ ہے۔

اسم اعظم بھی نہیں بتا سکتے کیوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا بھید ہے۔

البتہ شراب کو پی لینا کچھ بڑا بھاری گناہ نہیں ہے، یہ معاف ہو سکتا ہے، پس انہوں نے شراب پی لی اور پی بھی اس قدر کہ بدمست ہو گئے، اور اس بدمستی میں انہوں نے زہرہ کے بت کو سجدہ بھی کیا، اس کے خاوند کو قتل بھی کیا، اسے اسم اعظم بھی بتا دیا۔

بعض روایتوں میں یہ بھی بیان ہوا ہے کہ جونہی زہرہ کو اسم اعظم کی تعلیم ہوئی، اس کی روح نے آسمان کی طرف صعود کیا، اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ روح سیارہ زہرہ کی روح کے ساتھ مل گئی، جو اب تک آسمان پر چمکتی ہے، ادھر جب ہاروت و ماروت کو ہوش آیا تو اپنے آپ کو اسم اعظم اور تجلیات ربانیہ سے خالی پایا۔

نہ خدا ہی ملا نہ وصالِ صنم     نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

غرض اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے خطاب کر کے ہاروت و ماروت کے حال کی طرف ان کی توجہ دلائی، کہ دیکھو یہ دونوں فرشتے باوجودیکہ میری تجلیات سے منور تھے، اور رات انہیں پھر آسمان پر رکھا جاتا تھا باوجود اس عنایت کے یہ کیسے شرمناک گناہ میں گرفتار ہو گئے بیچارے بنی آدم کو یہ تجلیات اور حضوری کہاں؟ اگر وہ گرفتار معصیت ہوں، تو زیادہ تعجب کی بات نہیں، فرشتوں نے اپنی خطا کا اقرار کیا، اور اہل زمین کے لئے دعائے مغفرت کرنے لگے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ (سورہ شوریٰ/۵)

Marfat.com

اور فرشتے اپنے پروردگار کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اہل زمین کے لئے بخشش مانگتے ہیں۔

اب ہاروت وماروت کی حالت دن بدن بدتر ہوتی گئی، آخر وہ ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اپنا سارا حال سنایا، اور کہا کہ آپ ہماری سفارش اللہ تعالی کے ہاں کریں، تاکہ ہمارا قصور معاف ہو جائے، اور ہم اپنی اصلی جگہ پر چلے جائیں، ادریس علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

جمعہ تک انتظار کرو میں تمہاری بابت رب العالمین کے حضور میں عرض کروں گا، چنانچہ یہ دونوں ہفتہ کے روز حسب وعدہ حضرت ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس آئے،

انہوں نے کہا: میں نے بارگاہ الٰہی میں تمہاری سفارش کی تھی، لیکن قبول نہیں ہوئی، اچھا آئندہ جمعہ کو پھر عرض کروں گا، چنانچہ دوسرے جمعہ کو عرض کرنے پر یہ جواب ملا کہ ان سے دریافت کرو کہ وہ دنیا کا عذاب چاہتے ہیں یا آخرت کا اگر وہ دنیا کا چاہیں، تو انہیں دنیا کا دیا جائے اور اگر آخرت کا چاہیں، تو آخرت کا چنانچہ پھر وہ حسب وعدہ ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اللہ تعالی کا حکم سنایا اس پر انہوں نے آپس میں مشورہ کیا، کہ عذاب دنیا فانی ہے، اور عذاب آخرت باقی ہے، لہٰذا مناسب یہی ہے کہ ہم عذاب دنیا اختیار کریں، کہ چند روزہ ہے چنانچہ انہوں نے مشورہ کے بعد کہا: ہم دنیا کا عذاب چاہتے ہیں۔

ادریس علیہ الصلاۃ والسلام نے بارگاہِ عالی میں ان کا جواب عرض کر دیا۔

اللہ تعالی نے اسی وقت فرشتوں کو حکم کیا: لوہے کی آتشین زنجیروں کے ساتھ ان کو جکڑ کر کنویں میں اوندھا لٹکا دو، اور اس کنویں میں تیز آگ برابر بھڑکتی رہے، اور باری باری سے ایک فرشتہ ہر وقت موجود رہے، جو آتشین کوڑوں سے شب

Marfat.com

وروز انہیں مارتا رہے، جب تک قیامت نہ ہو، ان کی کیفیت یہی رہے، جب ان پر پیاس کا غلبہ ہوتا ہے، تو ان کے پاس پانی لے جاتے ہیں لیکن جب وہ پانی کے لئے منہ کھولتے ہیں، تو پانی علیحدہ کرلیا جاتا ہے، (سنن بیہقی اور امام مسند امام احمد)

## قصہ ہاروت و ماروت کی صحت کا انکار

امام فخر الدین رازی اور قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہما نے قصہ ہاروت و ماروت کی صحت سے انکار کیا ہے، چنانچہ وہ انکار کی وجوہات یہ بیان کرتے ہیں:

اول :۔ فرشتے بالاجماع معصوم ہیں، گناہ کبیرہ کا صدور ان سے ممکن نہیں ہے کیوں کہ یہ منافی عصمت ہے۔

دوم...... ان دونوں فرشتوں کو اس شدید عذاب کی گرفت میں جادو کی تعلیم کی فرصت کہاں ہوسکتی ہے، کیوں کہ وہ تو اپنے حال میں مبتلا ہیں، اور لوگ ان کے پاس جادو دیکھنے کے لئے کس طرح جاسکتے ہیں، اور پھر انکا آنے والوں کے ساتھ اختلاط پیدا کرنا کیسا؟

سوم...... یہ کیوں کر ہوسکتا ہے، کہ ایک بدکار عورت اسم اعظم پڑھتے ہی آسمان پر اڑ کر چلی گئی، اور پھر وہ ستارہ بن گئی، جو ابھی تک چمک دے رہا ہے، بجائے اس کے کہ اس کے گناہوں، بدکاریوں اور فسق و فجور کی سزا دیجاتی، الٹا اس پر یہ احسان عظیم کیا گیا، کہ آج تک کسی ولی کو نصیب نہیں ہوا۔

چہارم...... زہرہ تو مشہور سیارہ ہے جو آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی خلقت سے پہلی ہی موجود تھا، لیکن اس روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت اس سیارہ کا جو سبعہ سیارات میں سے ہے ظہور ہوا ہے۔

پنجم...... یہ قصہ فرشتوں کی زبان سے نقل کیا گیا ہے، کہ انہوں نے کہا یا اللہ

Marfat.com

العالمین! اگر ہم میں غضب اور خواہش ہوتی تو بھی ہم کبھی گناہ نہ کرتے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا:

اگر تم میں انسانی غضب وغیرہ کا مادہ ہوتا تو تم بھی گناہ کبیرہ کرتے، اس واقعہ سے جنابِ الٰہی کی صریح تجہیل اور تکذیب لازم آتی ہے، اور یہ فعل شنیع منافی ایمان ہے۔ (اس سے تجہیل و تکذیب اس طرح لازم آتی ہے، کہ فرشتوں کا جو کہنا ہے کہ ہم ایسا نہیں کریں گے، یہ بات گستاخی پر محمول ہوگی، قاری محمد یاسین قادری)

ششم...... اس سے لازم آتا ہے کہ ان دو فرشتوں کے نازل کرنے کا سبب یہ تھا کہ مخلوق خدا میں جادو کی تعلیم پھیلے، تو گویا اللہ تعالیٰ نے جادو کی تعلیم مخلوق کو خود دی جو صریح البطلان ہے۔

## خلاصہء مضمون

جادو معاصی شدیدہ کی اقسام سے ہے، لہٰذا اس کا سیکھنا سکھانا اور عمل میں لانا نہایت برا ہے، بلکہ داخل کفر ہے، اس کتاب میں ایسے کفریہ اعمال کا ذکر کوئی اچھی مناسبت نہیں رکھتا تھا مگر چونکہ یہ کتاب اعمال کے تمام اصول و فروع پر مشتمل ہے، اور ہم ضروری سمجھتے ہیں، کہ فن و اعمال کا کائی شعبہ اس کتاب میں غیر مذکور نہ رہے، لہٰذا تکمیلِ کتاب کے لحاظ سے مشروع عملیات کے ساتھ اس غیر مشروع عمل کا بھی ذکر کر دینا مناسب سمجھا۔ تاہم اس ذکر سے یہ فائدہ ضرور ہوگا، کہ اعمالِ سحر کی تاریخ اس کی اصلیت، اس کی برائی، اور اس کے متعلق شریعت کا فیصلہ ناظرین کے ذہن نشین ہو جائے گا۔

اور اس سے معلومات میں ایک اچھا اضافہ متصور ہے۔

Marfat.com

# باب چہارم

# تاریخ عملیات

## عملیات کی ابتداء

عملیات اپنے عام مفہوم کے لحاظ سے جو عمل مشروع (تعویذ اور دم وغیرہ) اور عمل غیر مشروع (سحر وغیرہ) دونوں کو شامل ہے، ابتدائے عالم سے رائج معلوم ہوتے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا (سورۂ بقرہ/۳۱)

یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تمام اسماء سکھا دئے۔

اس سے یہ اشارہ مستنبط ہوتا ہے، حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو ان تمام اسماء پاک کا علم بھی سکھا دیا گیا جو بطور عمل پڑھنے اور لکھنے میں آتے ہیں، پھر وہ علم توارثاً بنی آدم میں سے خاص خاص افراد کو ملا ہے۔

اسی طرح معلوم ہوتا ہے کہ سحر بھی ابتدائے عالم سے چلا آتا ہے، چنانچہ جب شیطان بارگاہ حق سے مردود و مطرود ہوا، تو اس نے عرض کیا۔

اَنْظِرْنِیْ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ○ (سورۂ اعراف/۱۴)

الٰہی مجھے قیامت تک کے لئے مہلت دے!

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ○ (سورۂ اعراف/۱۵)

یعنی اچھا منظور ہے، اور تجھے قیامت تک کے لئے مہلت دی گئی۔

Marfat.com

پھر شیطان بولا:

فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ○ (سورۂ اعراف/ ۱۶، ۱۷)

یعنی ابلیس نے کہا، جب تو نے مجھے گمراہ کر دیا ہے، تو میں بھی تیری سیدھی راہ پر ان کی تاک میں بیٹھ جاؤں گا، پھر ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کی دائیں طرف سے اور ان کی بائیں طرف سے ان کے پاس چلا آؤں گا، اور تو اکثر آدمیوں کو شکر گذار (یعنی ایمان دار) نہ پائے گا۔

شیطان کو بارگاہ حق سے مہلت مل گئی اور اس کو یہ موقع بھی دے دیا گیا، جس طرح چاہے، لوگوں کو بہکائے ورغلائے، اور وسواس میں ڈالے تو اس میں ایک خاص حکمت تھی، کیوں کہ اگر کوئی ایسی طاقت شریر و فاسد کام کی ترغیب دینے والی موجود نہ ہوتی تو لوگوں کی اچھی اور بری استعدادوں میں کوئی امتیاز ظاہر نہ ہوتا، پھر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی تعلیم و تلقین سے نیک و بد اور سعید و شقی یکساں طور سے مستفید ہو کر اہل نجات کی ایک ہی صف میں کھڑے ہو جاتے، اور اسی طرح شقی بلا استحقاق سعیدوں میں شامل ہو جاتے، اور سعیدوں کو ان پر کوئی برتری حاصل نہ ہوتی، شیطان کے وجود اور اس کی گمراہ کن کارگزاری سے یہ فائدہ ہوا کہ اس کے مکر و حیل اشقیاء پر کارگر ہو کر ان کی شقاوت کے رنگ کو نمایاں کر دیتے ہیں، جس سے سعید و شقی کی الگ الگ حیثیتیں نظر آنے لگتی ہیں۔

شیطان کو آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے معاملے میں جو شکست نصیب ہوئی تھی، اس سے وہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا سخت دشمن ہو گیا تھا، اس نے بطور انتقام اپنی اس مہلت اور آزادی کے موقع کو یوں استعمال کرنا شروع کیا، کہ ان کی اولاد کو

Marfat.com

بہکانے کی کوشش کرنے لگا، چنانچہ سب سے پہلے اس کا داؤ حضرت آدم کے فرزند قابیل پر چل گیا، جو اپنے بھائی ہابیل کے قتل کا مرتکب ہوا۔

غرض دنیا میں جس قدر گمراہ لوگ کافر و مشرک مبتدع، ظالم، قاتل، ساحر، سارق، خائن، باغی، زانی وغیرہ ہیں، سب شیطان کے بگاڑے سے ہوئے اور اسی کے چیلے چانٹے ہیں، اور جب سے یہ جرائم و معاصی دنیا میں ظاہر ہوئے ان کا موجد شیطان ہے، بس سحر و جادو بھی شیطان کی ایجاد ہے، اور اسی کی تاثیرات شیطانی اعمال ہی کے قبیل سے ہیں۔

گمراہ لوگ کہا کرتے ہیں:

مرادمند کی مراد فلاں بت کے آگے ماتھا ٹیکتے ہی پوری ہو جاتی ہے۔

بانجھ عورت کو فلاں قبر پر سجدہ کرتے ہی حمل ٹھہر جاتا ہے۔

ناقابل علاج مریض کا مرض فلاں درخت کی پوجا کرتے ہی دور ہو جاتا ہے، اور کوئی تعجب کی بات نہیں، کہ یہ واقعات صحیح ہوں، دراصل یہ تمام شیطانی کرشمے ہیں، ممکن ہے کہ شیطان عورت کے شکم میں کوئی ایسا تصرف کر رکھتا ہو جس سے نطفہء رحم میں نہ ٹھہرتا ہو، جب کسی انسان صورت شیطان کے مشورے سے اس نے قبر پر سجدہ کر کے اپنا ایمان ضائع کر لیا، اور شیطان کا مقصد پورا ہو گیا، تو اس نے اپنا تصرف اٹھا لیا، اور حمل ٹھہر گیا، اسی طرح پر مرادمند کا ایمان ضائع کر دینا چاہتا ہے، اور بارگاہِ الٰہی سے اس کو ایسی کوشش کرنے کے لئے آزادی بھی مل چکی ہے، جادو کا عمل بھی اسی قسم کے شیطانی تصرفات سے مملو (بھرے ہوئے) ہوتا ہے تو گویا وہ شیطان کا مقصد پورا کر رہا ہے، اس کے عوض میں شیطان بھی اپنے غیر مرئی طریقے سے اس کا مطلب پورا کر دیتا ہے۔

Marfat.com

## برصیصا کا قصہ

بنی اسرائیل کے مشہور عابدوں سے برصیصا نام کا ایک عابد تھا، وہ ستر برس تک اس الزام کے ساتھ عبادت الٰہی میں مصروف رہا، کہ ایک دن بھی وظائف روز مرہ قضا نہ کیے، شیطان کی آنکھ میں اس کا یہ زہد وتقوی کانٹے کی طرح کھٹکنے لگا، اس لئے اس نے اپنے تمام شیطونگڑوں کو جمع کر کے کہا، میں اس برصیصا عابد کی عبادت سے تنگ آ گیا ہوں، کوئی تم میں سے ایسا ہے، جو اس کو اپنے اڑنگے پر چڑھا کر گمراہ کردے، ایک شیطونگڑا ابیض نام آگے بڑھا، اور بولا، میں حضور کے اقبال سے اس کو ایسا ٹھیک کروں گا کہ یاد ہی کرے گا، شیطان نے اس کی پیٹھ ٹھونکی، اور حکم دیا کہ جا جلدی کام کر، ابیض نے ایک عابد مرتاض کا بھیس بدلا، اور برصیصا کی عبادت گاہ پر پہنچ کر دستک دی، برصیصا نے پوچھا کون ہے؟ وہ بولا میں ایک طالب ہوں، حضرت کی صحبت میں رہ کر فیض حاصل کرنا چاہتا ہوں برصیصا نے کنڈی کھول دی، ابیض نے اندر آتے ہی نماز پڑھنی شروع کر دی، جتنی مدت وہ وہاں رہا نماز روزہ میں مشغول نظر آتا تھا، جب برصیصا کو اس پر پورا اعتماد ہو گیا، تو اس نے کہا اب اجازت دو کہ مجھے ایک اور بزرگ سے نیاز حاصل ہے، اب ان کی خدمت میں باقی عمر بسر کروں گا، میں آپ کو ایک اسم ایسا بتاتا ہوں جس کو پڑھنے سے ہر قسم کی بیماری دور ہو جاتی ہے، پھر وہ لعین عابد کو ایک اسم سکھا کر رخصت ہوا، اور ابلیس کے پاس جا کر کہا:

لیجئے میں برصیصا کی تباہی کا سامان کر آیا ہوں، پھر اس نے ایک بچے کا گلا دبایا جس سے بچے کا سانس رکنے لگا، اور وہ مرنے کے قریب ہو گیا، ماں باپ سخت پریشان ہوئے، ادھر جھٹ ابیض انسانی شکل میں نمودار ہو کر بچے کے ماں باپ سے کہنے لگا، اس بچے پر شیطان مسلط ہو رہا ہے، برصیصا کے پاس اس کا مجرب علاج ہے

Marfat.com

وہ بے چارے اس بچہ کو برصیصا کے پاس لے گئے، برصیصا نے وہ اسم پڑھا، تو فورا ابیض نے بچے کا گلا چھوڑ دیا، اور بچہ تندرست ہو گیا، اسی طرح یہ شیطو نگڑا کسی کو کوئی تکلیف دیتا اور کسی کو کوئی اذیت پہنچاتا، اور برصیصا کے اسم پڑھنے سے ان لوگوں کو آرام ہو جاتا، آخر اس ملعون نے اسی قسم کی تکلیف اس زمانے کے بادشاہ کی بیٹی کو پہنچائی، اس کے علاج پر بھی برصیصا مامور ہو گیا، تنہائی کا موقع جو ملا تو بدنصیب عابد کا دل اس پر آ گیا اور بہ اغوائے شیطان اس کے ساتھ منہ کالا کر بیٹھا، مدتوں علاج کے بہانے سے یہی رنگ رلیاں رہیں، آخر شہزادی کو حمل ٹھہر گیا، عابد نے بخوف فضیحت اس بے چاری لڑکی کو قتل کر کے دامن کوہ میں دفن کر دیا، آخر راز افشاں ہوا، مقتولہ کا سراغ لگایا گیا، عابد کی سزائے قتل کا فیصلہ ہوا، ابیض نے عابد سے کہا، کہ تم مجھ کو سجدہ کر دو، تو ابھی قتل سے بچا لوں گا، عابد نے اس ملعون کے آگے سجدہ کر کے رہا سہا ایمان بھی کھو لیا، اور ادھر وہ قتل کی سزا میں پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔

غرض شیطان اس طرح لوگوں کا ایمان برباد کرنے کے لئے ادھر ان سے کلمات کفر کہلاتا، اور اعمال کفر سرزد کراتا ہے اور ادھر ان کلمات واعمال کے اثرات ونتائج بروئے کار لاتا رہتا ہے، یہی جادو ہے اس لئے وہ داخل کفر ہے۔

## حضرت ہود علیہ الصلاۃ والسلام کا ایک عمل

تاریخ کے حالات سے پتہ چلتا ہے، کہ بعض انبیاء علیہ الصلاۃ والسلام کے معجزات بصورت عمل وقوع میں آئے ہیں، مثلا جب قوم عاد پر باد تند کا عذاب نازل ہوا، تو حضرت ہود علیہ الصلاۃ والسلام نے ایک دائرہ زمین پر اس طرح بنایا جس طرح عامل لوگ حصار بناتے ہیں، اور اپنے تابعین کی جماعت کو اس دائرہ میں رہنے کا حکم دیا، وہ تند ہوا جو بڑے بڑے تناور لوگوں کو پہاڑوں کی چٹانوں سے ٹکرا کر

Marfat.com

ٹکڑے ٹکڑے کیئے دیتی تھی، جب اس دائرہ کے پاس آتی تو باد صبا کی طرح نرم ہو جاتی، ہر چند یہ حضرت ہود علیہ الصلاۃ والسلام کا معجزہ تھا، مگر اس میں شک نہیں کہ اس کی شکل عمل کی سی تھی، جس سے یہ کہنا بے جا نہیں کہ عمل کرتا انبیاء علیہ الصلاۃ والسلام سے ماثور ہے، چنانچہ مولانا روم فرماتے ہیں۔

ہود گردِ مومناں خطے کشید نرم مے شد باد کانجا میرسید

حضرت ہود علیہ الصلاۃ والسلام نے مسلمانوں کے گرد ایک خط کھینچ دیا جب ہوا وہاں پہنچتی تو نرم ہو جاتی۔

ہر کہ بیروں بود زاں خط جملہ را پارہ پارہ مے شکست اندر ہوا

جو شخص اس خط سے باہر تھا ہوا اس کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی تھی۔

## شیبان راعی رحمہ اللہ تعالیٰ

ہم چنیں شیبان راعی مے کشید گرد بر گرد رمہ خطے پدید

اسی طرح شیبان راعی اپنے ریوڑ کے گرد ایک نمایاں خط کھینچ دیتے تھے۔

چوں بجمعہ می شد او وقت نماز تا نیارد گرگ آنجا ترکتاز

جبکہ وہ جمعہ کی نماز کے لئے جاتے تا کہ بھیڑیا وہاں لوٹ نہ مچائے۔

ہیچ گرگے در نرفتے اندراں گوسپندے ہم نہ گشتے گم ازاں

چنانچہ کوئی بھیڑیا اس خط کے اندر نہ جاتا، کوئی بکری بھی اس خط سے نکل کر گم نہ ہوتی تھی۔

حضرت شیبان راعی رحمۃ اللہ علیہ ایک ولی کامل ہوئے ہیں، بکریاں چرانا ان کا شغل تھا، اور وہ بھی اپنی بکریوں کے گرد ایک خط کھینچ دیتے تھے، تو کوئی بھیڑیا اس میں تعدی نہیں کر سکتا تھا، شیبان راعی کوئی پیغمبر نہ تھے، کہ ان کا یہ فعل معجزہ قرار

Marfat.com

پائے، لامحالہ یہ ایک مجرب عمل تھا جس کا عجیب اثر بمنزلہ کرامت سمجھنا چاہیے، جو اس بات کا کافی ثبوت ہے، کہ حضرت ہود علیہ الصلاۃ والسلام کا حصاری خط کھینچنا تو ایک معجزہ تھا، مگر عمل کی شکل میں تھا۔

## حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانے میں عملیات

ملک مصر قدیم زمانہ میں ساحرانہ عملیات کا گہوارہ تھا سحر جادو علمی و عملی کمالات میں سے ایک بڑا ہنر سمجھا جاتا تھا، اس لئے جادوگروں کو دربارِ شاہی میں خاص تقرب حاصل تھا، چونکہ مملکت مصر کے تمام ادنی واعلی لوگوں کے قلب ودماغ پر جادو کی عظمت چھائی ہوئی تھی، اس لئے ان کے اس اعتقادی طلسم کو توڑنے کے لئے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو معجزہ عطا ہوا جو ساحرانہ اعمال کا پورا جواب تھا۔

یعنی ان کا عصا اژدہا بن جاتا تھا، جس نے ساحروں کے بزورِ سحر بنائے ہوئے تمام سانپ سپولیے چٹ کر لئے، اور جادوگر جو اپنی بدتری کے زعم میں بڑے تن کر میدان مقابلہ میں آئے تھے، بے بسی سے ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ کے بہت امراء اور مشہور جادوگر مردوں اور عورتوں کی لاشیں بلکہ فرعون کی لاش بھی اسی زمانہ میں برآمد ہوئی ہے، جو مصر کے عجائب خانہ میں ہے، اور سیاح دیکھ کر آتے ہیں، لاشیں ہزار ہا سال سے جوں کی توں درست و سالم ہیں، بعض لاشوں کے تابوتوں پر کچھ عملی نقوش بھی بنے ہوئے ہیں، مصر میں یورپ کا خیال ہے کہ اہل مصر کو کسی قسم کی خاص حنوط کا نسخہ آتا تھا، جس کے استعمال سے لاشیں ہزار ہا سال تک خراب و بوسیدہ نہیں ہوئیں، ان لاشوں پر وہی حنوط مل دی گئی ہوگی، اس لئے ان پر کسی قسم کی بوسدگی و کہنگی مؤثر نہیں ہوئی، مگر ماہرین عملیات کا دعوی ہے کہ، ان لاشوں کی سلامتی انہی نقوش کی بدولت ہے جو ان

Marfat.com

کے تابوتوں پر منقش ہیں، ان سے قیاس کر سکتے ہیں، کہ اہلِ مصر عملیات کے فن میں کسی قدر ماہر تھے، اور انہوں نے اس فن کو کس اوجِ ترقی پر پہنچادیا تھا، ہزاروں سال گزرنے پر آج تک ان کے نقوش کی تاثیر قائم ہے۔

ہندوستان کا ایک مشہور سیاح اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے:

''مصری لاشیں کسی مصالحہ کے سبب سے سالم نہیں ہیں، بلکہ ان کی بقا کا راز خود ان کے چوبی صندوقوں پر کندہ ہے، مصری باشندے تاثیر کواکب کے عامل تھے، اور تاثیرِ کواکب پر ان کو پوری دسترس حاصل تھی، جس کا ذکر تاریخوں میں بھی پایا جاتا ہے، اور خود چوبی صندوقوں پر کندہ ہے''

اس کے بعد یہی سیاح لکھتا ہے:

''مجھے اس خط سے واقفیت نہیں ہے، لیکن ان نقوش میں ا [illegible] ے مروجہ تعویذات طلسمی وکواکبی سے مشابہ ہیں، اس لئے ہم کو یقین ہوتا ہے کہ یہ لاشیں عملِ کواکب کے دائروں میں محفوظ کی گئی ہیں''۔

آگے چل کر تحریر کیا ہے۔

''ایک ساحرہ کا بدن اس قدر شفاف اور چمکدار ہے کہ حیرت ہوتی ہے، گویا وہ شیشے کی مورت ہے، پر آہ! اس کے چہرہ کو دیکھئے بڑا ہیبت ناک ہورہا ہے، مرتے وقت سکرات کی تکلیف سے منہ کھل گیا ہے، اور حد سے زیادہ کھل گیا جس سے مرنے والی کی شکل ڈراؤنی ہوگئی ہے، معلوم ہوتا ہے کہ منہ پھاڑ کر چیخ رہی ہے، کیسا ہی سنگدل ہو اس کا چہرہ دیکھ کر خوف خدا سے پانی پانی ہوجائے گا، اس ساحرہ کے صندوق کو غور سے دیکھ رہا تھا، ناگہاں چند نقوش آشنا نظر آئے، خیال دوڑا کے دیکھا، تو بغض وہلاکِ دشمن کا منتر تھا، ہندوستان کے ایک جوگی نے اثنائے سفر تیرتھ یاترا میں مجھ کو ایسے نقوش کا ایک تعویذ بتایا تھا، مگر وہ کہتا تھا، کہ اس میں بعض نقوش کم ہیں جو

Marfat.com

مجھ کو معلوم نہیں، ساحرہ کے تابوت پر کل نقوش مل گئے، جن کو میں نے تمام وکمال نقل تو کرلیا، مگر جب ایسے عمل کرنے والوں کے انجام کو دیکھتا ہوں جس کی مجسم مثال ساحرہ کی لاش ہے، تو دل کانپ جاتا ہے، خدا تعالی ان تمام خرافات خبیثہ سے ہر انسان کو خصوصا ہر مسلمان کو محفوظ رکھے،،

اس بیان سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ اعمال مشروعہ وغیر مشروعہ صرف کمال وکلام میں محصور نہیں ہیں، بلکہ وہ نقوش اعداد اور دیگر اشکال کی تحریری صورت میں.......... الایام سے مروج ہیں جس کے آغاز وابتداء کا پتہ لگانا مشکل ہے،.......... یا تو دعا کی صورت کے اعمال پیدائش انسان کے ساتھ پیدا ہوئے آصف بن برخیا ایک عامل کامل تھے،((اشکال واعداد بنانے سیکھے، اور خواص اشیاء کے سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی حکومت ملک شام میں تھی، اس سے ...... حضرت موسی علی الصلاۃ والسلام کی قوم میں بلقیس حکمران تھی، جو مذہبا آفتاب پرست تھی سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام سے آواز پیدا کرنے کا طلسماتی عمل بھی عملیات اور بصورت انکار اس کے ملک پر حملہ آور ہونے کی دھمکی بھی دی۔ قدامت اور روشنی پڑتی ہے))(یہ عبارت کتاب میں واضح نہیں ہے، کیونکہ ایک صفحہ پھٹ کر دوسرے کے ساتھ مل گیا ہے اس لئے ملی جلی عبارت ہے)

## سیدنا سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کے زمانہ میں فن عملیات

قرآن مجید فرقان حمید میں ہاروت وماروت کا قصہ اس طرح اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَ لٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا وَ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ

Marfat.com

بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ زَوْجِهٖ (سورہ بقرہ/۱۰۲)

اور پیچھے پڑ گئے اس علم کے جو پڑھتے تھے شیطان سلطنت سلیمان میں، اور سلیمان نے کفر نہیں کیا، لیکن شیطانوں نے کفر کیا، کہ سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور وہ جو اتارا گیا بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اور یہ دو فرشتے کسی کو کچھ نہ سکھاتے تھے حتی کہ کہتے کہ بلاشک ہم آزمائش میں ہیں تو تو کفر نہ کر، تو لوگ ان دونوں سے وہ سیکھتے جس کے ساتھ مرد اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالتے تھے۔

ان آیات سے یہ پتا چلتا ہے کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو کچھ ادعیہ مستجابہ حاصل تھیں، جن کی برکت سے وہ سیر فی الہواء اور تکلم بالطیور وغیرہ خوارق پر قادر تھے، شیاطین نے کچھ کلمات متبرکہ اڑا لئے، اور کچھ اپنی اباطیل واکاذیب شامل کیں اور منتر جادو بنا کر لوگوں کی اس باطل پرستی اور ناجائز طریق معاش کا ذکر فرمایا ہے، جس سے ظاہر ہے کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ میں عملیات مشروعہ وغیر مشروعہ کا رواج ترقی پر تھا۔

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی صاحبِ تفسیر مظہری رحمہ اللہ تعالی اس آیت کے تحت تفسیر مظہری جلد اول میں علامہ بغوی سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

علامہ بغوی نے فرمایا ہے کہ سدی کا قول ہے کہ زمانہ گزشتہ میں شیطان آسمان پر چڑھا کرتے تھے اور ملائکہ جو آپس میں گفتگو کرتے تھے اسے سنتے اور سن کر اس میں بہت سا اپنی طرف سے جھوٹ ملا کر کاہنوں سے کہتے اور کاہن لوگوں کو خبر دیتے لوگ ان اخبار کو لکھ لیتے تھے حتی کہ بنی اسرائیل میں یہ بات پھیل گئی تھی کہ جن علم غیب جانتے ہیں۔

Marfat.com

یہ قصہ دیکھ کر سلیمان علیہ السلام نے ایسی تمام کتابوں کو جمع کیا اور انہیں ایک صندوق میں رکھ کر اپنی کرسی کے نیچے دفن کر دیا اور حکم دیا کہ خبردار آج کے بعد میں یہ بات کسی سے نہ سنوں کہ جن علمِ غیب جانتے ہیں اگر میں نے پھر کسی سے یہ بات سنی تو اس کی گردن اڑادوں گا۔

جب سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کا وصال ہوا اور وہ علماء بھی رحلت کر گئے جو سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کے اسرار اور اس دفن سے واقف تھے اس کے قصہ کو جانتے تھے، اور بعد کے لوگ پچھلوں کے جانشین ہوئے تو ایک شیطان، آدمی کی صورت میں بنی اسرائیل کے چند آدمیوں کے پاس آیا اور کہنے لگا: میں تمہیں ایسا خزانہ بتاتا ہوں جسے تم لوگ پوری عمر کھا نہیں سکتے ہو اس کرسی کے نیچے کھودو!

لوگوں نے اسے کھودنا شروع کیا تو شیطان ایک طرف کھڑا رہا اس لئے کہ اس کرسی کا یہ خاصہ تھا کہ جب کوئی شیطان اس کے پاس آتا تو وہ فوراً جل جاتا تھا، لوگوں نے اس جگہ کو کھود کر وہ دفن شدہ کتابیں نکال لیں، شیطان نے کہا سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام جن وانسان اور پرند چرند کو اسی کے ذریعہ مسخر کرتے تھے شیطان یہ بتا کر اڑ گیا اور لوگوں میں یہ بات پھیل گئی کہ سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام جادوگر تھے اور بنی اسرائیل نے وہ کتابیں لے لیں اسی واسطے جادو سب سے زیادہ یہود میں پایا جاتا ہے، جب ہمارے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رونق افروزِ عالم ہوئے اللہ تعالیٰ نے سلیمان علیہ الصلوۃ السلام کی قرآن پاک میں براءت کو ظاہر کر دیا۔

قاضی صاحب کہتے ہیں: میں کہتا ہوں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ولیمان علیہ الصلوہوالسلام نے جو دفن کیا تھا وہ جادو کی کتابیں تھیں اور جو شیطان کاہنوں کو فرشتوں سے سن کر حوادث کی خبریں دیتے تھے وہ نہ تھیں کیونکہ سالہا سال گزرنے کے بعد وہ خبریں کیا مفید ہو سکتی تھیں۔

Marfat.com

کلبی فرماتے ہیں: کہ شیطانوں نے سحر اور شعبدہ کی کتابیں آصف بن برخیا کی زبانی لکھیں پھر ان کو سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کے مصلی کے نیچے دفن کردیا اور سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کو اس کی خبر نہ ہوئی جب سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام کا وصال ہوا تو شیطانوں نے ان کتابوں کو نکالا اور لوگوں سے کہا کہ سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام نے اسی کی بدولت تمہیں مسخر کررکھا تھا، یہ افسون شیاطین کا عوام کالانعام پر تو چل گیا لیکن جو علماء صلحاء اہلِ بصیرت تھے انہوں نے شیطان کی تکذیب کی اور کہا توبہ توبہ سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو ایسی خرافات سے کیا نسبت، یہ ان کا علم وفن نہیں ہے اس وقت سے جہلائے، یہود میں سحر وفسون کا رواج ہوگیا۔ اور کتب الٰہیہ کو چھوڑ بیٹھے، اور حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو بھی ساحر مشہور کردیا، حتی کہ اللہ تعالی نے ان کی برائت فرمائی (تفسیر مظہری)

## آصف بن برخیا بزرگ ترین عامل تھے

حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے وزیر اعظم آصف بن برخیا ایک عامل کامل تھے، جس کا پتہ قرآن شریف فرقان مجید سے بھی ملتا ہے، اور یہ امر فن عملیات کی قدامت کا ایک بین ثبوت ہے، اس کا قصہ یہ ہے کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی حکومت ملک شام میں تھی، اس سے ہزاروں میل دور ملک یمن میں ملکہ بلقیس حکمران تھی، جو مذہبا آفتاب پرست تھی سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کو دین حق کی دعوت دی اور بصورت انکار اس کے ملک پر حملہ کرنے کی دھمکی بھی دی، بلقیس پر آپ کی دعوت کا اثر ہوا، اور مسلمان ہوکر آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے اپنے امراء ووزراء سمیت ملک شام کی طرف روانہ ہوئی، حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے چاہا کہ کسی طرح اس کے یہاں پہنچنے سے پہلے اس کا تخت جو

Marfat.com

اپنی صنعتی اعجوبہ کاری کے لحاظ سے تحفہ روزگار تھا، یہاں پہنچ جائے تاکہ دیکھیں بلقیس اس کو پہچانتی ہے یا نہیں اور اس سے اس کی فراست کا اندازہ ہو سکے گا، اس کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۝ قَالَ عِفْرِيتٌ مِنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ تَقُومَ مِنْ مَقَامِكَ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ ۝ قَالَ الَّذِي عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَنْ يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ ۚ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهُ قَالَ هَٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ ۖ وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ ۝ (سورۃ النمل/ ۳۸ تا ۴۰)

سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے درباریوں سے کہا سردارو تم میں سے کوئی ایسا ہے کہ یہ لوگ جو تابع ہو کر آرہے ہیں ان کے مجھ تک پہنچنے سے پہلے بلقیس کا تخت میرے پاس اٹھالائے، اس پر جنوں میں سے ایک دیو بولا میں اس کو آپ کے پاس لاسکتا ہوں اس سے پہلے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں اور اس پر طاقتور اور امانت دار ہوں وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی کتاب کا علم رکھتا تھا بولا میں اس تخت کو آپ کے پلک جھپکنے سے پہلے آپ کے پاس منگوادوں گا، جب سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے دیکھا کہ تخت سامنے رکھا ہوا ہے تو کہنے لگے یہ تخت کا اتنی جلدی آجانا میرے پروردگار کا احسان ہے تاکہ مجھے آزمائے کہ کیا میں شکر کرتا ہوں یا ناشکری کرتا ہوں اور جو کوئی شکر کرے گا وہ اپنی ہی بھلائی کے لئے شکر کرے گا، اور کوئی ناشکری کرے گا، تو میرا اور پروردگار، بے نیاز اور کرم والا ہے۔

مفسرین کا متفقہ قول ہے، کہ تخت کو لانے والے آصف بن برخیا تھے، جن کو اسم اعظم کا علم آتا تھا، اور اسی کے زور سے انہوں نے یہ حیرت انگیز عمل کر دکھایا،

Marfat.com

عفریت نے جو تخت کو لانے کا وعدہ کیا تھا تو وہ اپنی جناتی طاقت کے ساتھ ہوا میں پرواز کر کے لاتا، اور اس نے دربار کے برخاست ہونے تک تخت کو لے آنے کا ذمہ اٹھایا مگر سلیمان علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: اس سے بھی پہلے منگانا مطلوب ہے اس پر آصف بن برخیا نے چشم زدن میں لادیا، جس کے لئے وہ خود اپنے مقام سے کہیں نہیں گئے، بلکہ وہیں بیٹھے بیٹھے، بزور عمل یہ مہم سرانجام کردی، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عملیات کا زور جنات وعفاریت کی ذاتی طاقت سے بھی بڑھ کر ہوتا ہے، اسی لئے بعض عامل لوگ جنات کو تسخیر کرنے، سزا دینے بھگا دینے بلکہ جلا دینے پر قادر ہوتے ہیں۔

## حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کے معجزات بصورت عمل

عملیات کا ایک شعبہ سلب امراض کے لئے بھی خاص طور پر مسلم ہے، مگر ان امراض کے لئے معروف ومشہور فن علاج بالدوا ہے، اور یہ فن حکمائے یونان نے معراجِ کمال کو پہنچادیا تھا حتی کہ عامۃ الناس ان حکماء کے معالجاتی کمال کو فوق الفطرت سمجھ کر ان کو برگزیدہ ہستیاں ماننے لگے تھے، جب اللہ تعالی کو گمراہ لوگوں کی ہدایت کے لئے حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام..........................قول اور نفاذ حکم کے لئے ضروری بات ہے، ان کو ایسے معجزات عطا فرمائے، جو شفائے امراض اور احیائے اموات سے تعلق رکھتے تھے، چنانچہ حکماء جن امراض میں ہفتوں اور مہینوں تک مریض کو نضجوں مسہلوں اور ماء الجبنوں میں گھلاتے تھے، عیسی علیہ الصلاۃ والسلام بحکمِ خدا ایک پھونک مار کر ان کو شفایاب کردیتے۔

حکماء جذام، برص اور نابینائی کے علاج سے عاجز تھے، مگر عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام مریض پر صرف ہاتھ پھیر دیتے، اور وہ بھلا چنگا ہو جاتا، حکماء کا دفتر حکمت

Marfat.com

موت کا راز سمجھانے اور موت کو ٹالنے کی تدابیر سے یکسر خالی تھا، مگر عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام مردے کو ہاتھ سے پکڑ کر اٹھاتے، تو وہ زندہ ہو کر اٹھ بیٹھتا، ان معجزات سے حکماء کی بجائے عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وقعت نے دلوں میں گھر کرلیا، اور ان کا مذہب دنیا میں پھیلنے لگا، عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے یہ معجزات بھی سلب امراض کے عملیات سے مشابہ تھے، اگرچہ یہ صحیح ہے کہ وہ بجائے خود معجزات تھے، عملیات نہ تھے مگر صورت کے لحاظ سے، وہ مشابہ بہ عملیات ضرور تھے، چنانچہ بعض عملیات ایسے ہیں کہ عامل کی چند پھونکوں سے مرض زائل ہو جاتا ہے، بیمار درد سر سے بیتاب اور بد حواس ہو رہا ہے، عامل نے اس کا سر پکڑ کر جو متواتر تین پھونکیں لگائیں تو درد کا نام و نشان نہ رہا، بعض عامل مریض غائب کا نام و مقام پوچھ کر دور بیٹھے بیٹھے، پھونک مار دیتے ہیں تو وہیں مریض کو شفا ہو جاتی ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا دم ان کی اس زندگی میں باعث شفا تھا، پھر دوبارہ دنیا میں نازل ہونے کے بعد ان کا سانس قاتل کفار ہوگا، جس طرح اعمال میں حسب وعدہ دونوں طرح کے عمل ہوتے ہیں، چنانچہ ترمذی کی ایک روایت کے یہ الفاظ ہیں:

فَلَا يَحِلُّ لِكَافِرٍ يَجِدُ مِنْ رِيْحِ نَفَسِهِ اِلَّا مَاتَ وَنَفَسُهُ يَنْتَهِيْ حَيْثُ يَنْتَهِيْ طَرْفُهُ۔ (تفسیر ابن کثیر، سورہ نساء/۱۵۵:: مسلم، کتاب الفتن واشراط الساعۃ، باب ذکر الدجال، وصفتہ وما معہ)

یعنی جس کافر پر عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا سانس پہنچ جائے گا وہ مرجائے گا اور ان کا سانس اتنے فاصلے پر اپنا کام کرے گا جتنی دور تک ان کی نگاہ جائے گی، ان کے سانس کا یہ عمل دجال کی فوج پر کارگر ہوگا۔

Marfat.com

# حضرت محمد رسول اللہ

## صلی اللہ علیہ وسلم اور ثبوتِ عملیات

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عملیات کی مشروعیت و جواز صریحا ثابت ہے اور کتب احادیث آپ کے خود عملیات کرنے اور کرنے والوں کو اجازت دینے کی روایات سے مالا مال ہیں، ہاں بعض احادیث میں جو رقیہ وعزیمت کی نہی وارد ہے، تو اس سے وہ عزائم موروثی مراد ہیں جو ایامِ جاہلیت سے اہلِ عرب میں رائج تھے، اور ان میں عموما کلماتِ شرک درج تھے، وہ نہی مطلقا اور کلیۃ ہرگز نہیں ورنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود رقیہ کیوں فرماتے، اور اس کے کرنے کی اجازت کیوں بخشتے؟ جس کا ثبوت ہماری اس کتاب کے اندر حدیثی عملیات کے مستقل باب سے بطرز اکمل مل سکتا ہے، اور اس بات کے ثبوت کے لئے کہ عزائم ورقی ممنوعہ سے مراد وہ ہیں جن میں کلمات شرک درج ہوں، ورنہ جو عملیات ان کلمات سے پاک ہوں وہ جائز ہیں، یہ حدیث کافی ووافی ہے، جو مشکوۃ کی کتاب الطب والرقی میں صحیح مسلم سے نقل ہوکر مروی ہوئی ہے۔

عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا نَرْقِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَيَّ رُقَاكُمْ لَا بَاْسَ فَالرُّقٰى مَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ شِرْكٌ (رواہ المسلم، کتب السلام، باب لا باس بالرقی مالم یکن فیہ شرک) (سنن کبری بیہقی، جلد ۹، باب اباحۃ الرقیۃ بکتاب اللہ عزوجل،)

عوف ابن ملک اشجعی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ ہم جاہلیت میں منتر ٹونا کیا کرتے تھے، تو ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کا اسم میں کیا ارشاد ہے،

Marfat.com

تو آپ نے فرمایا تم اپنے منتر میرے پیش کرو، منتروں میں کوئی مضائقہ نہیں جبکہ ان میں کوئی شرک نہ ہو۔

## اسلام میں عملیات کا پہلا مخالف محمد بن عبدالوہاب نجدی

نجد کے مشہور شیخ محمد بن عبدالوہاب نے جو شعائر اللہ کی ہتک اکابر اسلام کی توہین پر سلف صالحین کی تخفیف شان کے لئے مشہور ہے، سب سے پہلے عملیات کا انکار کیا چنانچہ اس کی کتاب التوحید میں تمائم کے عدم جواز میں لکھا ہے:

اَلتَّمَائِمُ شَیْءٌ یُعَلَّقُ عَلَی الْاَوْلَادِ عَنِ الْعَیْنِ لٰکِنْ اِذَا کَانَ الْمُعَلَّقُ مِنَ الْقُرْآنِ فَرَخَّصَ فِیْهِ بَعْضُ السَّلَفِ وَبَعْضُهُمْ لَمْ یُرَخِّصْ۔

تعویذات وہ چیز ہیں جو بچوں، کے گلے میں نظر بد کے لئے لٹکائے جاتے ہیں، لیکن جب وہ تعویذ قرآن کی آیات سے ہوں اس میں بعض سلف نے اجازت دی اور بعض نے اجازت نہیں دی۔

مطلب یہ ہوا کہ غیر قرآن مثلاً اسماء باری تعالیٰ اسماء اصحابِ کہف، اور اعدادِ متبرکہ وغیرہ کے تعویذات کو بالکل ناجائز قرار دیا ہے، پھر اس عدم جواز کی شق کے متعلق حاشیہ پر لکھا ہے:

وهو الصحيح لان النهى عام وتخصيصه بغير تمائم القرآن تخصيص بغير مخصص وقد كان النبى صلى الله عليه وسلم رقى فلو كان تعليق تمائم القرآن جائزا لامر به۔

یہی (یعنی بعض کا اجازت نہ دینا صحیح ہے کیوں کہ نہی عام ہے، اور اس کی تخصیص بغیر تمائم القرآن کے ساتھ تخصیص بلا مخصص ہے، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم رقیہ (دم جھاڑا) کرتے تھے پس اگر قرآنی تعویذات کا پہنانا جائز ہوتا تو اس کا ضرور

Marfat.com

حکم فرماتے۔

استاد نے تو غیر قرآنی تعویذات کا انکار اور قرآنی تعویذات میں تامل کیا تھا، مگر شاگرد نے اس کا بھی صفایا کر دیا، طائفہ نجدیہ کو امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی مسند پر عمل کرنے بلکہ حنبلی ہونے کا دعوی ہے، جبکہ حنابل کے نزدیک تعلیق بالقرآن جائز ہے، چنانچہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ جو خود حنبلی ہیں اپنی کتاب غنیۃ الطالبین جس سے وہابیہ اس مزے میں ہیں کہ اس میں حنفیہ کے خلاف ایک فقرہ درج ہے، حرز جان بنائے پھرتے ہیں، صاف لکھا ہے:

ویکتب لمحموم ویعلق علیه ماروی عن الامام احمد بن حنبل انه قال حمیت : کتب لی بسم الله الخ۔

اور بخار کے مریض کے لئے تعویذ لکھا جائے اور اس کے گلے میں ڈالا جائے، جو امام احمد ابن حنبل سے مروی ہے، کہ انہوں نے فرمایا:

مجھے بخار ہو گیا تو میرے لئے یہ تعویذ لکھا گیا، بسم اللہ الخ۔

علاوہ ازیں وہابیہ کے پشت پناہ شیخ ابن قیم نے ہر قسم کے تعویذات و عملیات سے کام لیا ہے، اور ان کی تعریف لکھی ہے۔

وہابیہ کے چشم و چراغ نواب صدیق حسن بھوپالوی نے تعویذات کے موضوع پر مستقل کتاب بنام ''الداء والدواء'' لکھی ہے اور اس میں ہر قسم کے تعویذات وتمائم لکھے ہیں اور ان کے مجرب و مفید ہونے کی بڑی تعریف لکھی ہے،

وہابیہ کے دست و باز و مولوی حافظ محمد لکھوی نے اپنی کتاب زینت الاسلام میں ہر قسم کے تعویذات گلے میں پہنانے گھر کے کونوں میں گاڑنے، جانوروں کو کھلانے وغیرہ کی اقسام سے درج کئے ہیں، اور ایک تعویذ اصحاب کہف کے اسماء کا بھی لکھا ہے، کیا یہ شرک نہیں؟ وہابی گھرانے کے اختلاف اقوال وتشتتِ آراء کا یہ

Marfat.com

حال ہے، کس کی سنے کس کی نہ سنے، ایک عملیات کا ذکر کیا وہابیہ کے گھرانے میں تمام عبادات و معاملات کے متعلق اختلاف کا یہی حال ہے، اور ہونا بھی چاہیئے، ترک تقلید کا یہ ضروری ثمرہ ہے، اللہ تعالیٰ ان کو رشد وہدایت بخشے، تاکہ وہ دوزخ کا ایندھن بننے سے بچ جائیں۔

خلاف پیمبر کسے راہ گزید ہرگز بمنزل نخواہد رسید

## اعتذار

اس کے بعد ترتیب مضامین کے لحاظ سے تاریخ نقوش کا مضمون آنا چاہیئے تھا لیکن بعض وجوہات کے موجب وہ تیار نہیں ہوسکا، گو میں نے اس کی تلاش میں صدہا کتابوں کی ورق گردانی کی، لیکن خاطر خواہ مضمون فراہم نہ ہوا، آخر اس کی کمی کو پورا کرنے کے لئے اس فن کے دعویداروں سے درخواست کی گئی، لیکن باوجود معقول نذرانہ پیش کرنے کے صدائے نہ برخواست بامرِ مجبوری اس مضمون کو ادھورا چھوڑنا پڑا، انشاء اللہ تعالیٰ طبع ثانی میں اس کو مکمل کر کے شائع کر دیا جائے گا (مؤلف)

Marfat.com

## باب پنجم

# طریق عملیات

## فصل اول☆آداب نقوش وتعویذات

## (۱)حصولِ عملیات کے ابتدائی لوازمات

### ضرورت استاذ

دنیا میں کوئی علم یا ہنر ایسا نہیں ہے، کہ جس کے لئے استاد کی ضرورت نہ ہو، مولانا روم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مثنوی معنوی میں فرماتے ہیں: ؎

ہیچ چیزے خود بخود چیزے نشد ہیچ آہن خود بخود تیرے نشد

یعنی کوئی چیز اپنے آپ چیز نہیں ہوئی، کوئی لوہا آپ سے تیر نہیں بن گیا، مطلب یہ کہ چیز بدرجہ کمال حال جب ہی پہنچتی ہے، کہ کسی کی تربیت کا ہاتھ اس کی تکمیل کرے، اسی طرح ہنرمند کسی ہنر میں کمال حاصل نہیں کرسکتا تاوقتیکہ کسی استاد سے اس کو نہ سیکھے، صرف سنی سنائی باتوں یا کتابوں کے مطالعہ سے کمال حاصل نہیں ہوسکتا، مولانا دوسری جگہ فرماتے ہیں: ؎

ہر کہ گیرد پیشہ بے اوستا ریشخندے شد بشہر و روستا

ہر کہ تازد سوئے کعبہ بے دلیل ہمچو آں سرگشت گاں مانذ ذلیل

جو شخص استاذ سے سیکھے بغیر کوئی ہنر اختیار کرتا ہے، اس پر شہر و دیہات میں مضحکے لٹائے جاتے ہیں، دیکھو جو شخص رہنما کے بغیر کعبہ کا سفر کرتا ہے، وہ سرگرداں

Marfat.com

ہونے والوں کی طرح آخرخوار ہوتا ہے۔ یہ تو عام ہنروں اور صنعتوں اور پیشوں کا حال ہے، مگر عملیات کا فن خصوصیت سے استاذ طلب ہے جب تک اس کو کسی کامل شیخ سے نہ سیکھا ہو اس سے اس کے آداب حاصل نہ کئے ہوں، اور اس سے اس کی اجازت نہ پائی ہو، اس وقت تک نقوش وتعویذات پر خامہ فرسائی کرنا خیال خام ہے (تفصیل کے لئے دیکھو میری کتاب ضرورت شیخ (مؤلف))

## ترکیب عملیات

جو شخص حصول عملیات کا طالب اور شائق ہو، اسے چاہئے کہ کسی لائق استاد یا عامل کامل سے عمل کو شروع کرنے سے پہلے اس کی ترکیب اور طریقہ استعمال ضرور بالضرور سیکھے، کیوں کہ ہر ایک امر میں ترکیب کو بڑا دخل ہے، بغیر ترکیب کے کوئی چیز مؤثر نہیں ہوتی، مثلاً طبیبوں نے امراض کے لئے نسخے ترکیب دیئے، اور اوقاتِ استعمال بھی ساتھ ہی لکھ دیئے، اگر کچھ بھی خلاف ہوا تو کچھ کا کچھ ہو گیا، اگر کوئی شخص ناواقف بغیر تشخیصِ مرض کے دواء کی تاثیرات دیکھ کر ایک نسخہ غیر مربوط لکھدے تو اس کے استعمال سے سراسر نقصان ہوگا۔

کوئی مکان کوئی کپڑا، کوئی کھانا بغیر ترکیب کے تیار نہیں ہو سکتا، ایسا ہی عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں ترکیب اور وقت مقرر ہیں، اس لئے راقم الحروف نے اعمال میں جملہ ترکیبات کو شرح وبسط کے ساتھ لکھ دیا تاکہ مشاغل کی محبت برباد نہ ہو، چنانچہ تجربہ کیا گیا ہے، کہ جب خاص ترکیب کے ساتھ عمل وغیرہ کیا جائے، تو ضرور مؤثر ہوتا ہے، ورنہ نہیں۔

## اجازت عمل

طالب کو ہر عمل کی اجازت حاصل کرنا بھی نہایت ضروری اور لابدی ہے،

Marfat.com

اگر کوئی شخص بغیر اجازت اور تلقین عامل کے کوئی عمل کرے، خواہ وہ تمام شرائط ادا بھی کرے، کچھ فائدہ نہیں ہوگا، یہی وجہ ہے کہ بعض ناواقف لوگ عمل کو پڑھ کر بلا اجازت کرنے لگتے ہیں، تو کامیاب نہیں ہوتے، یا الٹا اثر ہوتا ہے، حتی کہ طالب بعض اوقات دیوانہ اور مجنون ہو جاتا ہے، چنانچہ ایسے واقعات راقم الحروف نے کثرت سے مشاہدہ کئے ہیں، اور کتب تصوف میں بھی پڑھے ہیں پس ضروری ہے کہ ہر عمل کو اس کے اہل سے بطور تلقین حاصل کیا ہو، اور اس کی اجازت لی ہو، پھر کرنا چاہئے۔

## اجازت کے مشروط ہونے کی وجہ

سوال: اعمال میں اجازت کے مشروط ہونے کی کیا وجہ ہے؟

جواب: میری دانست میں اس کی وجہ یہ ہے کہ جس شخص میں اس کے استعمال کی قابلیت ہو، اور اسے شرائط وارکان وغیرہ سے واقفیت پیدا ہو، اس کو استاد کامل عمل کرنے کی اجازت عطا فرمائے، اس طریقہ سے یہ فائدہ ہوگا، کہ ہرکس و ناکس اس کو بغیر آداب وشرائط کے عمل نہیں کرے گا، ورنہ ادعیہ ماثورہ اور وظائف مسنونہ کے استعمال کی اجازت خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہے، کسی کی اجازت کی احتیاج نہیں ہے، اور جس عمل کی فضیلت اور تاثیر حدیث شریف میں آئی ہے اس کے پڑھنے پڑھانے، دم کرنے یا لکھنے میں وہ اثر ہر وقت موجود ہوتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ جس شخص کو کسی عمل پر مواظبت اور مداومت ہوتی ہے، تو اس کو اس عمل سے ایک خاص قسم کی مناسبت ہو جاتی ہے، اور جب وہ اس عمل کو کرتا ہے، یا دوسرے کو دیتا ہے تو اس کے عمل کی تاثیر ظاہر ہوتی ہے۔

Marfat.com

## کسب حلال

عملیات میں اکلِ حلال عامل کے لئے نہایت ضروری شرط ہے جو لوگ کھانے میں احتیاط نہیں رکھتے، حرام و مکروہ جو ہاتھ لگے، سب چٹ کر جاتے ہیں، ان کی ریاضت کبھی کامیاب نہیں ہوتی، اوران کا مجاہدہ اور زہد و ریاضت برباد ہو جاتی ہے، اسی واسطے عمل اپنا اثر نہیں دکھلاتا، حدیث شریف میں کسب حلال سے روزی کمانے کی بڑی تاکید آئی ہے، اور حرام خوری کی سخت مذمت چنانچہ حدیث شریف میں آتا ہے:

﴿۱﴾ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اپنا کھانا پاک کرو، تاکہ تمہاری دعاء قبول ہو۔

﴿۲﴾ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کہ اگر کسی شخص نے حرام کا ایک لقمہ کھایا، تو چالیس روز تک اس کی دعاء قبول نہیں ہوگی۔ (یا اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی) (تفسیر ابن کثیر، سورۂ بقرہ/ ۱۶۸)

﴿۳﴾ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا:

كُلُّ لَحْمٍ يُنْبَتُ مِنَ الْحَرَامِ فَالنَّارُ اَوْلٰی (تفسیر ابن کثیر، سورۂ بقرہ/ ۱۶۸)

یعنی جو گوشت قوتِ حرام سے پرورش کیا جائے اس کے لئے اس کا دوزخ میں رہنا اور جلنا اولی اور سزاوار ہے۔

## قلیل طعام

عامل کو خوراک کم کھانی چاہئے، کیوں کہ شکم پری سے سستی پیدا ہوتی ہے،

Marfat.com

اور نیند کا غلبہ ہوتا ہے، شیخ سعدی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

اندروں از طعام خالی دار تا دراں نور معرفت بینی
تہی از حکمتی بعلت آں کہ پری از طعام تا بینی

غرض اعتدال سے کھانا کھانا چاہئے، کیوں کہ جب معدہ اعتدال سے زیادہ سیر ہوتا ہے، تو دل کو سیآت اور گناہ پر آمادہ کر دیتا ہے، اور عبادت کے ثواب کو برباد اور تباہ کر ڈالتا ہے، اور نیز پیٹ کی گرانی سے عبادت کرنا شاق گذرتا ہے، گویا سیریٔ شکم مانعِ عبادت اور موجبِ کسالت ہے، قوتِ روحانیہ ضعیف اور کمزور ہو جاتی ہے۔

غرض بھوک اور پیاس گویا امراض ہیں، اور ہر مرض کے لئے دواء کا استعمال اسی قدر چاہئے جس سے مرض کا ازالہ ہو جائے، اسی طرح بھوک پیاس کو دور کرنے کے لئے کھانے پینے کی اشیاء کو اس قدر استعمال کرنا چاہئے، کہ جس سے بھوک اور پیاس کی تکلیف دور ہو جائے، چنانچہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کا ارشاد فرماتے ہیں:۔

جمیع الطب فی البیتین جمع وحسن القول فی قصر الکلام

تمام علم طب دو شعروں میں جمع ہے، اور تھوڑا کلام کرنا ہی اچھا ہوتا ہے۔

تقل ان اکلت وبعد اکل تجنب فالشفاء لفی الجزام

جب کھائے تو تھوڑا کھائے، کہ دوبارہ کھانے سے پرہیز کرے، کیوں کہ منہ بند رکھنے میں صحت ہے۔

ولیس علی النفوس اشد بأسا من ادخال الطعام علی الطعام

انسان پر پیٹ میں کھانے پر کھانا داخل کرنے سے بڑھ کر کوئی زیادہ باعث تکلیف نہیں۔

Marfat.com

فعار ثم عار ثم عار شقاء المرء من اکل الطعام

پس آدمی کا کھانا کھانے کی وجہ سے بیمار پڑنا شرم کی بات ہے، ہاں شرم کی بات ہے، ہاں شرم کی بات ہے۔

مطلب یہ ہوا کہ جو شخص خوراک کم کھائے گا وہ تندرست اور اس کا دماغ روشن اور دل صاف ہوگا۔

ہے علی کا قول کیا خوب وہ کرم اللہ تعالی وجہہ
ساری طب دو بیت میں منحصر بات وہ اچھی ہے جو ہو مختصر
یعنی جب کھاؤ تو تھوڑا کھاؤ تم اور ہرگز مت دوبارہ کھاؤ تم
رہے دوبارہ کھانا کھانے میں جو ڈر زہر میں بھی ڈر نہیں ہے اس قدر
کھانے پیچھے ہو ضائع گر حیات کس قدر ہے شرم اور غیرت کی بات

غرض شکم سیری کی حالت میں شیطان کو نسبۃً زیادہ غلبہ ہو سکتا ہے، چنانچہ حدیث شریف میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

شیطان کے نفوذ کو روزے کے ذریعہ کم کرو، اور آدمی نے کوئی ایسا برتن نہیں بھرا ہے جس کا بھرنا پیٹ کے بھرنے سے زیادہ برا ہو (حوالہ نہیں ملا)

پیٹ بھرنے کی ایک یہی خرابی کافی ہے کہ انسان اللہ تعالی کی یاد سے غافل ہو جاتا ہے، اور تم جانتے ہو کہ اگر انسان ایک گھڑی بھی اللہ کی یاد سے غافل ہو تو شیطان اس کے دل کو جونک کی طرح چمٹ جاتا ہے، اور انواع واقسام کے وسوسے ڈال کر اس کا ستیاناس کر دیتا ہے، کیوں کہ شکم سیری کی حالت میں انسان کی نفسانی خواہشوں کو تحریک ہوتی ہے، اور شیطان اس پر جلدی قابو پا سکتا ہے، لیکن پیٹ بھرا ہو نہ ہو، تو اسکی خواہشات میں چنداں اضطراب پیدا نہیں ہوتا، اور اس لئے شیطان کو اس کے بہکانے کا بہت کم موقع ملتا ہے۔

Marfat.com

## صدق مقال

عامل کے لئے سچ بولنا نہایت ضروری اور لابدی ہے، اور جھوٹ اور دروغ سے نفرت کرنا لازمی ہے، کیوں کہ جو شخص جھوٹ بولتا ہے اس کی زبان سے تاثیر جاتی رہتی ہے، اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

لَّعْنَةَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ○ (سورہ آل عمران/٦١)

''جھوٹ بولنے والے پر اللہ تعالی کی لعنت ہے''

سورہ نحل میں اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ (سورہ نحل/١٠٥)

''جھوٹی بات وہی لوگ بناتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے''

کیا ہی اچھا کسی شاعر نے لکھا ہے ؎

ہمیشہ سچ کو رکھو عزیز　　کہ سچ کے برابر نہیں کوئی چیز

## فضول اور لغو باتوں سے احتراز

بے ضرورت اور فضول ادھر ادھر دیکھنے بے ضرورت بات کرنے ضرورت سے زیادہ کھانے اور لوگوں کے ساتھ زیادہ میل جول رکھنے سے بچنا چاہئے، کیوں کہ انہیں چار باتوں میں بے احتیاطی کرنے کا نتیجہ شیطان کا تسلط ہوتا ہے، اور شیطان اپنے اغراض میں انہی کے ذریعہ سے کامیاب ہوتا ہے، اگر کوئی شخص اپنی نظر کو آزادانہ استعمال کرے، تو ممکن ہے کہ کوئی خوب صورت عورت یا لڑکا اس کے دل میں گھر کر لے، اور رفتہ رفتہ اس کے قوائے فکریہ اور توجہ کا مرکز بن جائے، اور دین و دنیا کے کام سے اس کو بیکار کر دے۔

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ○ (سورۃ حج

Marfat.com

(۱۱/

یعنی اس نے گنوالی دنیا اور آخرت یہی ہے صریح گھاٹا۔

نظر کو بے کار چھوڑنے سے بڑے بڑے، فتنے پیدا ہوئے ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قول تجربہ سے نہایت درست معلوم ہونے لگتا ہے، کہ نظر شیطان کا ایک زہر آلود تیر ہے، اس لئے جو شخص اپنی آنکھوں کو جھکائے رکھے گا اللہ تعالی اس کے دل میں ایک ایسی حلاوت پیدا کر دے گا، جس سے وہ قیامت تک محروم نہیں ہوگا۔

راقم الحروف کے والد ماجد مولوی مست علی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اپنے چہرہ پر ہمیشہ نقاب رکھتے تھے، کہ الغرض فضول اور بے ضرورت نظر بلاؤ آشوب کی جڑ اور بعض صورتوں میں دین و دنیا کی تباہی کا موجب ہوتی ہے۔

اسی طرح کثرتِ کلام اور بے ضرورت بکواس شر کے متعدد دروازے کھول دیتا ہے، جس سے شیطان کو داخل ہونے کا موقع ملتا ہے، لیکن کم کوئی اس کے تمام داخلہ کو بند کر دیتی ہے، تم نے دیکھا ہوگا کہ ایک ہی کلمہ کے بے احتیاطی کے ساتھ منہ سے نکل جانے پر خونریز لڑائیوں تک نوبت پہنچتی ہے، حدیث پاک میں ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زبان کے روکے رکھنے کی ہدایت فرما کر یہ ارشاد فرمایا تھا:

لوگوں کو منہ کے بل دوزخ میں گرانے کا باعث ان کی زبان کی کاٹی ہوئی فصل ہے۔ (مشکوۃ شریف، کتاب الایمان، باب، فصل دوم:: تفسیر ابن کثیر، سورۃ سجدہ/۱۲)

ایک روایت ہے بعض اوقات انسان بے ساختہ اپنے منہ سے کوئی کلمہ نکال دیتا ہے، اس کے انجام کی وہ چنداں پرواہ نہیں کرتا، اور اس کے سبب سے وہ ستر سال

Marfat.com

تک جہنم میں غوطے کھاتا رہتا ہے۔

ترمذی شرف میں مروی ہے:

کہ صحابہ میں سے ایک شخص کا انتقال ہوا تو ایک صحابی نے اس کو جنتی کہا، جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا علم ہے، شاید اس نے کبھی فضول گوئی کی ہو، یا کسی ایسی چیز کے دینے میں بخل کیا ہو، جس کے دینے میں اس کا کچھ نقصان نہیں ہوتا تھا۔

اس میں شک نہیں کہ اکثر گناہوں کی ابتداء فضول نظر اور فضول کلام سے ہوتی ہے، اور انسان پر شیطان کا تسلط حاصل کرنے کا ایک بڑا ذریعہ یہی ہے، کیوں کہ آنکھ اور زبان دو ایسی چیزیں ہیں، جو تقریبا ہر وقت اپنے کام میں لگی رہتی ہیں، اور ان کی خواہش کا پیمانہ کبھی لبریز نہیں ہوتا۔

## ضرورت سے زیادہ اختلاط کی مضرت

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔

**لقاء الناس لیس یفید شیئا سوی ھذیان من قیل و قال**

لوگوں کی (فضول) ملاقات کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی، سوائے گفتگو کی بکواس کے۔

**فا قلل من لقاء الناس الا لطلب العلماء و اصلاح حال**

پس لوگوں سے ملنا کم کردو، مگر حصول علم یا اصلاح حال کے لئے۔

لوگوں کے ساتھ ضرورت سے زیادہ میل جول رکھنا یہ ایک لاعلاج بیماری ہے جس کی بدولت کتنی نعمتیں سلب ہوئیں، کتنی دشمنیاں پیدا ہوئیں، کتنے کینے دلوں میں جاگزیں ہوئے۔

Marfat.com

الغرض مخالطت میں دنیا و دین کا نقصان ہے، انسان کو چاہئے کہ کسی کے ساتھ ضرورت سے زیادہ میل جول نہ رکھے کہ اس سے باطن میں ظلمت پیدا ہوتی ہے، اور قلب متوجہ الی اللہ نہیں ہوتا۔

## اقسام مخالطت

مخالطت میں فائدہ یا ضرر پہنچانے کے لحاظ سے لوگ چار طرح کے ہوتے ہیں۔ (۱) بمنزلہ غذا۔ (۲) بمنزلہ ادویہ۔

(۳) بمنزلہ حرص۔ (۴) بمنزلہ ہلاکت۔

## پہلی قسم بمنزلہ غذا

لوگوں کی پہلی قسم وہ ہے جن کے ساتھ میل جول رکھنا بمنزلہ غذا ہے، اور اس لئے ان کے ساتھ میل جول رکھنا نہایت ضروری ہے، اور یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک اور حدیث نبوی کا عالم بنایا ہے، اور جو اس کے دشمن شیطان کے فریب کاریوں سے واقف ہیں، اور امراضِ قلوب کے ماہر ایسے لوگوں کے ساتھ میل ملاپ رکھنے میں سراسر نفع ہے، لیکن ان کا وجود کبریتِ احمر (سرخ گندھک) سے بھی زیادہ کمیاب ہے۔

خنک آنکہ در صحبت عاقلاں بیاموز داخلاق صاحبدلاں

## دوسری قسم بمنزلہ ادویہ

دوسری قسم وہ ہے جس کی مثال ادویہ کی ہے، کہ جب تک تندرست ہو، تم کو اس کی مطلق ضرورت نہیں، البتہ مرض کی حالت میں بقدرِ ضرورت اس کا استعمال ضروری ہوتا ہے، یہ وہ لوگ ہیں جن کے ساتھ تمہاری، دینوی اغراض وابستہ ہیں،

Marfat.com

کیوں کہ انسان کو مدنی الطبع پیدا کیا گیا ہے،اور اس لئے وہ اپنی ضروریات پورا کرنے کے لئے دوسروں کے ساتھ تعلقات رکھنے پر مجبور ہے اس قسم کے آدمی کے ساتھ میل جول رکھنے میں اس زریں اصول پر عمل پیرا ہونا چاہئے، کہ

الضروری یقدر بقدر الضرورۃ۔

یعنی بات کسی خاص ضرورت کی وجہ سے اختیار کی جائے ،اور وہ ضرورت کی حد تک محدود رہنی چاہئے۔

## تیسری قسم بمنزلہ مرض

تیسری قسم وہ ہے جن کے ساتھ میل جول رکھنا بمنزلہ مرض کے ہے،اور جس طرح بیماریوں کی مختلف قسمیں ہیں بعض ان میں ۔ سے مہلک اور بعض مزیل صحت ہوتی ہیں،اسی طرح ان لوگوں کی مضر صحبت کا مختلف اثر ہوتا ہے،بعض کی مثال لا علاج بیماری اور مرض مزمن کی ہے،جس کا انجام ہلاکت ہے، یہ وہ لوگ ہیں جن کی صحبت میں تم کوئی دینی یا دنیاوی فائدہ حاصل نہیں کر سکتے ، بلکہ الٹا ان کی صحبت میں دین ودنیا کا نقصان ہے،ان کی مخالطت مرض الموت کا حکم رکھتی ہے،بعض کی مثال داڑھ کے درد کی ہے، کہ جب تک داڑھ نکال نہ ڈالو، آرام نہیں ملے گا،بعض ان میں سے روح کے لئے تپ کا حکم رکھتے ہیں، یہ وہ گراں جاں اشخاص ہیں جن کو نہ تو بات کرنے کا سلیقہ ہے جس کو سن کر تم کو کسی قسم کا فائدہ ہو،اور نہ ہی وہ خاموش رہ کر تمہارا کلام سننے کی تکلیف گوارا کرتے ہیں،تا کہ ان کو تم سے کچھ فائدہ ہو،ان کو اپنی حیثیت کی بھی پہچان نہیں،اس لئے کہ وہ خود پسند واقع ہوئے ہیں،جب وہ بات کرتے ہیں تو ان کے منہ سے تعفن پھیلتا ہے،اور جب وہ خاموش ہوتے ہیں،تو ان کا وجود ایسا معلوم ہوتا ہے گویا تمہارے سینہ پر چکی کا پاٹ رکھا ہے۔

Marfat.com

نیک نامی خواہی اے دل بابداں صحبت مدار

خود پسندی جان من برہان نادانی بود

## چوتھی قسم بمنزلہ ہلاکت

چوتھی قسم وہ ہے جس کی مخالطت کا نتیجہ قطعی ہلاکت ہو اور ان کی مثال زہر کی ہے، اس لئے اگر کسی خوش نصیب سے ان کو تریاق مل جائے، تو زہے سعادت، ورنہ معاملہ سخت ہے، اس سے میرا مقصد اہل بدعت ضلالت ہیں، جو لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے اتباع سے روکتے ہیں، بدعت اور خلافت سنت کی طرف لوگوں کو بلاتے ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

یعنی یاد آنے کے بعد ظالم لوگوں کے پاس نہ بیٹھو (سورۃ انعام/ ۶۸)

یاد رکھو کہ اگر تم نے ان کو راضی رکھنے کا خیال کر کے ان کی نفسانی خواہشوں اور بدعت آرائیوں کی پیروی اختیار کی، تو تم آخرت میں خاسرین کے زمرے میں داخل ہو گے، اور باایں ہمہ وہ بھی ہرگز تم سے راضی نہیں ہوں گے، اس لئے میں نہایت تاکید کے ساتھ نصیحت کرتا ہوں، کہ تم ان کے ناخوش ہونے کی کچھ پروا نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی خوشی حاصل کرنے میں کوشاں رہو چنانچہ ارشاد باری ہوتا ہے:

وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ○ (سورہ توبہ/۶۳)

اللہ اور اس کا رسول زیادہ حق رکھتے ہیں کہ یہ لوگ ان کو راضی رکھیں اگر ایمان رکھتے ہیں۔

پس اگر وہ درحقیقت مومن ہیں تو اللہ اور اس کے رسول کی خوشنودی ہی

Marfat.com

حاصل کرنا سب سے مقدم ہے، تم کو ان کی ارواح ودم پر مطلق التفات نہیں کرنا چاہئے، اور اپنی دھن میں لگا رہنا چاہئے۔

## فحش بے حیائی سے پرہیز

عامل کے لئے نہایت ضروری اور فرض ہے اور واجب ہے کہ وہ زناء اور بدکاری وغیرہ سے سخت متنفر اور محتاط رہے، کیوں کہ اس سے ریاضت وعبادت برباد ہو جاتی ہے، اور غریبی ومحتاجی کا باعث ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اَلزِّنَا یُوْرِثُ الْفَقْرَ ○ (درمنثور/سورۂ اسراء/۷۷) (جامع الاحادیث)

یعنی زنا غریبی اور محتاجی پیدا کرتا ہے۔ (شعب الایمان، بیہقی، کنز العمال، جمع الجوامع، اوالجامع الکبیر سیوطی)

زنا سے دنیا میں وبا اور بیماری پیدا ہوتی ہے، چنانچہ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ مثنوی ومعنوی میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

ابر نہ آید از پئے منعِ زکات وز زنا افتد وبا اندر حیات

یعنی زکات کے ادا نہ کرنے سے آسمان سے ابر رحمت نازل نہیں ہوتا، اور زنا کرنے سے جہان میں وبا پھیل جاتی ہے۔

## (۲) درود شریف پڑھنا

جب عامل عمل کو شروع کرے یا تعویذ لکھے تو اس کو اول وآخر درود شریف طاق دفعہ ضرور بالضرور پڑھنا چاہئے، کہ اس کے پڑھنے سے مقصود میں کامیابی کی زیادہ امید ہے، چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے:

عَنْ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ: قَالَ اِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ

Marfat.com

بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ مِنْهُ شَیْءٌ حَتّٰی یُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّكَ (رواه الترمذی)(جامع الاحادیث، مسند العشرة، مسند عمر بن خطاب)

عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ارشاد فرمایا: کہ تحقیق دعا زمین اور آسمان کے درمیان ٹھہری رہتی ہے، اور نہیں چڑھتی جب تک تم اپنے نبی پر درود پاک نہ بھیجو۔

مطلب یہ ہے کہ جس عمل یا دعا کے ساتھ درود شریف نہیں پڑھا جاتا وہ قبول نہیں ہوتی۔

## (۳) صدقات وخیرات

عامل کو عمل شروع کرنے سے پہلے حتی المقدور کچھ نہ کچھ صدقات وخیرات غرباء ومساکین پر بانٹنا چاہیے، کیوں کہ اس کا حصولِ مقصود میں بڑا اثر ہے محتاجوں کا دل خوش ہوتا ہے، اللہ تعالی کی خوشنودی کا سبب ہے انہیں کے سبب سے رحمتِ الٰہی جوش میں آتی ہے، اور صدقہ دینے والا اللہ تعالی کا محبّ ہو جاتا ہے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَلسَّخِیُّ حَبِیْبُ اللّٰہِ○ الكاسب حبيب الله ياالمؤمن حبيب الله ہے سخاوت کرنے والا اللہ تعالی کا حبیب اور دوست ہوتا ہے۔

## (۴) ترک جلالی وجمالی

عامل کہتے ہیں کہ جس طرح ظاہری علاج کے لئے مریض کو بعض اشیاء سے پرہیز کرنا ضروری ہوتا ہے، ورنہ دوا اثر نہیں کرسکتی، اسی طرح بعض عملیات میں بھی بعض چیزوں سے پرہیز کرنا ضروری ہوتا ہے، بد پرہیزی سے مقصود میں کامیابی نہیں ہوتی، گو اللہ تعالی کی حلال کی ہوئی چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرنا ایک طرح کی

Marfat.com

ناشکری میں داخل ہے، اور قرآن مجید میں کئی جگہ اس کی ممانعت آئی ہے، جیسا کہ باب تنقید عملیات میں بتفصیل بحث گذر چکی ہے، لیکن اگر حرام نہ سمجھے بلکہ اس خیال سے ان اشیاء کو کچھ وقت کے لئے چھوڑ دے کہ چونکہ مقوی چیزوں کے کھانے سے تزکیہ نفس نہیں ہوسکتا، کیوں کہ دل ہر وقت اچھی اور مرغن چیزوں کے کھانے اور اس کے فراہم کرنے کی طرف لگا رہتا ہے، جو عامل کے لئے ناکامیابی کا باعث ہے، کیوں کہ اس طرح یکسوئی نہیں ہوتی، جو مقصود تک پہنچانے کے لئے لازمی ہے، مضائقہ نہیں علی ہذا عمدہ اور فاخرانہ لباس کا بھی یہی حال ہے، کہ ہر وقت اس کے مہیا کرنے کی طرف دل لگا رہتا ہے، جو یکسوئی کا متضاد ہے، اور بودار چیزوں سے پرہیز کرنے کا بھی یہی مطلب ہے، کہ عامل کے لئے صفائی کا ہونا خواہ ظاہری ہو یا باطنی نہایت ضروری ہے، کیوں کہ اس سے دماغ معطراور تروتازہ رہتا ہے، جو ترقی درجات اور حصول مقصود کا سبب ہے چنانچہ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

جلالی اشیاء: گوشت مچھلی انڈا، مشک، شہد، چونہ یا جن چیزوں میں ہڈی وغیرہ کی لاگ ہو۔

جمالی اشیاء: چربی، دودھ، دہی، بالائی، سرکہ، نمک، چھوہارا، مجامعت اور بوس وکنار وغیرہ۔

کیوں کہ ملائکہ کو ان سے بڑی نفرت ہے، چنانچہ حدیث صحیح میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

”جو کوئی بدبودار چیز کھائے وہ ہماری مسجد (مسجد نبوی) میں نہ آئے، کیوں کہ اس کی بو سے ملائکہ کو تکلیف ہوتی ہے“

علی ہذا جب کوئی شخص عمل پڑھنا شروع کرتا ہے، تو اس کے مؤکل حاضر ہوتے ہیں اگر اس کے منہ سے پڑھتے وقت بدبو نکلتی ہے تو مؤکل نہایت ہی پریشان

Marfat.com

ہوتے ہیں، اور اس سے نفرت کرتے ہیں، جس سے مقصود میں کامیابی حاصل نہیں ہوتی، لہٰذا اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے چنانچہ حدیث شریف میں اس کی تصریح ہے۔

## (۵) نصاب، زکوۃ، عشر، قفل، دورمدور

عامل کہتے ہیں کہ اسمائے الٰہی پر حاوی ہونا گویا ایک لا انتہا خزانہ پر قبضہ حاصل کرنا ہے، اور جس طرح خزانہ اور مال نقد کی بقا کے لئے زکوۃ واجب ہوتی ہے، اور صاحب نصاب اس کے شرائط کو پورے طور پر بجالاتا ہے، اسی طور سے چونکہ خزانہ الٰہی کا منصف صاحب نصاب ہے، زکوۃ دینا جس طرح عاملانِ اسمائے الٰہی نے بتادی ہے ضروری ہے، زکوۃ دینے کے بعد اس کے لئے ہمیشہ تصرف قائم رہے گا بطور شکرانہ کے عشر ادا کرنا ہے، اس کے بعد قفل کے ارادہ سے پڑھے تاکہ درِاجابت کھل جائے کیوں کہ یہ خزانہ ہائے اسرارِ باری تعالی کی کنجی ہیں، جب سب اتمام کو پہنچ جائیں، تو بہ نیت دور مدوّر پڑھے، تاکہ تمام صفات مذکورہ بالا سے متصف ہو، اور تصرف کامل ہوجائے، اسی باعث سے دورِمدوّر بسااوقات نصاب کے برابر بتایا جاتا ہے۔

جب کسی عمل کی زکوۃ دے چکے تو چاہئے کہ ہر روز سات بار یا بارہ بار یا اس سے زیادہ اس کو بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔

## (۶) سوگند دینے کی تشریح

عامل کہتے ہیں کہ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں اول اللہ تعالی کے نام سے مدد طلب کرے اور سرحرف اپنے نام اور اسم اللہ تعالی کو موافق کرے، مثلاً، طالب اکمل اور مطلوب اسمٰعیل ہے، اس کے موافق اسم اللہ تعالی یہ ہے، اللہ، احد، اول

Marfat.com

وآخر، ان کو ملا کر سوگند دے پھر مؤکل حرف اول کہ اسرافیل ہے، اس کو کہے یا اسرافیل ،محبت اکمل در قلب اسمعیل ثابت گرداں، اور مؤکلات برجوں اور ستاروں کی بھی سوگند دے، اس طرح کہ یا فلاں مؤکل بحق یا اللہ یا احد یا اول یا آخر محبت فلاں بن فلاں در قلب فلاں بن فلاں ثابت گرداں، اور اسی طرح قیاس کرے، اگر نام مختلف ہوں، تو دو نام ضم کرے (یہ عاملوں کی خودساختہ باتیں ہیں)

## اللہ تعالٰی اور بنی آدم کے اسماء میں امتزاج

عاملوں نے یہ ایک عجیب قاعدہ نکالا ہے کہ اللہ تعالٰی اور مطلوب کے نام میں شرح کرنی چاہئے، اس طرح کی جس شخص کے سر اسم الف ہو، جیسے اکمل واسمعیل وغیرہ اس کے موافق یا اللہ، یا احد، یا اول، یا آخر

(ب) یا باسط، یا باطن، یا باری، یا باعث

(ت) یا تواب

(ث) یا ثابت

(ج) یا جبار یا جلیل

(ح) یا حی، یا حلیم، یا حکیم، یا حاکم

(خ) یا خالق، یا خبیر

(د) یا دیان، یا دائم

(ذ) یا ذالجلال والاکرام

(ر) یا رب، یا رشید، یا رقیب، یا رزاق، یا رحمٰن، یا رحیم

(ز) یا عزیز (یہ اسم "ز" سے شروع نہیں ہو رہا)

(س) یا سمیع، یا سلام

Marfat.com

(ش) یاشکور، یاشہید، یاشافی

(ص) یاصمد، یاصبور

(ض) یاضار

(ط) یاطاہر

(ظ) یاظاہر

(ع) یاعلیم، یاعظیم، عزیز

(غ) یاغفور، یاغنی، یاغفار

(ف) یافتاح

(ق) یاقادر، یاقدیم، یاقہار، یاقیوم

(ک) یاکریم، یاکافی، یاکبیر

(ل) یالطیف

(م) یامؤمن، یامہیمن، یامتکبر، یامعز

(ن) یانافع، یانصیر، ناصر

(و) یاواجد، یاوہاب، یاودود، یاواحد

(ہ) یاہادی

(ی) یاحی

اگراول موافقت نہ ہوتو حرف اخیر کو ملائے مثلاً کسی شخص کا نام یحی ہے تو حی کو ملائے جس کام کے واسطے امتزاج کرے اسی کے موافق اللہ تعالی کے نام کو لے جیسے ترقی رزق کے لئے یارزاق، علی ہذاالقیاس (یہ بھی عاملوں کی خودساختہ باتیں ہیں)

Marfat.com

# (۷) تعویذات کی قسمیں مع تشریح

عاملوں نے تعویذات کی کی چار قسمیں لکھی ہیں۔

(۱) آتشی (۲) بادی (۳) آبی (۴) خاکی

## تعویذ آتشی

آتشی تعویذ وہ ہے کہ کاغذ یا کوری سفال یا ہرن کی جھلی یا چینی کی طشتری وغیرہ پر لکھ کر آگ میں ڈالیں یا چولھے کے قریب دفن کریں، لکھنے کے وقت ایک زانو پر بیٹھے اور منہ مشرق کی طرف کرے، اور آگ کا پاس ہونا ضروری ہے، خواہ چولہے یا تنور کے قریب بیٹھ کر لکھے یہ تعویذ فتوحات وغیرہ کے لئے لکھا جاتا ہے۔

## تعویذ بادی

بادی تعویذ وہ ہے کہ لکھ کر درخت پر لٹکائے تاکہ اس کو ہوا ہلائے اور جب یہ تعویذ لکھے تو بہت اونچے مکان پر بیٹھ کر اور جہاں بہت ہوا ہو لکھے اور اپنا منہ مغرب کی طرف کرے، یہ تعویذ محبت اور زبان بندی کے لئے لکھا جاتا ہے۔

## تعویذ آبی

آبی تعویذ وہ ہے کہ تعویذ لکھ کر چلتے پانی دریا، نالا، وغیرہ یا حوض جوہڑ میں ڈالا جائے اس کو دریا وغیرہ کے کنارے بیٹھ کر یا نصف جسم پانی میں ڈبو کر منہ شمال کی طرف کرکے لکھنا چاہئے، یہ تعویذ خلاصی بندی، تسخیر، وسعتِ رزق اور زبان بندی کے واسطے لکھا جاتا ہے۔

## تعویذ خاکی

Marfat.com

خاکی تعویذ وہ ہے کہ چوکھٹ کے نیچے یا راستے یا چوراہے یا پرانی قبر وغیرہ میں دفن کریں لیکن جب یہ تعویذ لکھا جائے تو منہ جنوب کی طرف ہونا ضروری ہے، اور نیز اس کو ایک زانو زمین پر رکھ کر بیٹھ کر لکھے، یہ تعویذ تسخیر، رہائی قید وغیرہ کے لئے لکھا جاتا ہے۔

## (۸) نقوش کے پر کرنے کا طریقہ

عامل کہتے ہیں کہ نقش کو اس طرح پر کرنا چاہئے کہ پہلے نقش کے خانے بنائے جائیں، پھر جو عدد سب سے چھوٹا ہو اس سے بھرنا شروع کیا جائے، پھر اس کے بعد اس سے بڑا علی ہذا القیاس، مثلاً یہ بند ریہ نقش ہے جو نو خانوں والا ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ۷ | ۵ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ۴ |

ن میں مسلسل ہندسے ہیں، اس کو پہلے ہندسے سے شروع کیا جائے، پھر دوسرا پھر تیسرا ہندسہ، علی ہذا لیکن بسم اللہ شریف کے اعداد جو ۷۸۶ ہیں ضرور ہر ایک نقش پر لکھنے چاہئیں غرض کہ ہر ایک نقش کو اسی ترتیب سے لکھنا چاہئے، ورنہ اثر نہیں ہوتا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۴ | ۴٦ | ۷٢ |
| ٢۷ | ١٢ | ٣٢ |
| ٢١ | ٢٦ | ١٨ |

اگر کوئی ایسا نقش ہو کہ اس کے ہندسے بے ترتیب ہوں تو اس کو بھی ایسا ہی پُر کرنا چاہئے، کہ پہلے چھوٹا پھر بڑا پھر اس سے بڑا، علی ہذا مثلاً ..........

## (۹) تعویذات کے مرتب کرنے کی خاص ہدایات

عامل جب تعویذ لکھنے لگے تو اول غسل کرے، بلکہ کم سے کم وضو تو ضرور کرے، اور کپڑے صاف ستھرے رکھے، پھر کپڑوں پر خوشبو لگا کر تھوڑی خوش بو اپنے

Marfat.com

پاس بھی رکھ لے مکان بھی مصفا ہو، اگر ایک ہو تو زیادہ موزوں ہے مگر شارع عام نہ ہو، زمین یا فرش یا چٹائی پر بیٹھنا زیادہ مؤثر ہے، درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے، ناپاک عورت اس کے پاس نہ آئے، اور تعویذ کے سرے پر اعداد بسم اللہ شریف ضرور لکھ دے۔

بعض عامل کہتے ہیں کہ جب تعویذِ محبت و تسخیر لکھے، تو کوئی میٹھی چیز منہ میں رکھ لے لیکن محبت حرام کے لئے ہرگز ہرگز نہ لکھے، حب حلال کے لئے لکھے، دمنہ خانہ مطلوب کی طرف کرے اور اس کا اس قدر تصور کرے گویا کہ سامنے کھڑا ہے، اگر عداوت کا نقش لکھے تو تلخ چیز منہ میں رکھے اگر زبان بندی کا لکھے تو تھوڑا موم دانتوں میں دبا لے اور اخیر مہینے میں لکھے اگر خواب بندی اور تیغ بندی کا لکھے تو سیاہی سے لکھے۔

بعض عامل کہتے ہیں کہ جس کے واسطے تعویذ لکھے، اس کے رنگ کو دیکھے، اگر اس کا رنگ سرخ ہے تو تعویذ سرخی سے لکھے، اگر زرد ہے تو تعویذ کو زعفران سے لکھے، اگر سفید ہے، تو کافور یا چونہ سے اگر سیاہ ہے تو تعویذ سیاہی سے لکھے۔

## (۱۰) خلاصہ آداب وہدایات عملیات

عامل کے لئے حضورِ قلب، اکلِ حلال، صادق مقال، طہارتِ کاملہ اور ترکِ جلالی و جمالی اشیاء شرط ہے، پڑھنے کے وقت ہمیشہ روبقبلہ اور تنہا ہی ہونا چاہئے، لباس ایک ہو، اور جگہ ایسی ہو جہاں انسان کی آواز کا گذر نہ ہو نیز ہمیشہ اسی جگہ پر پڑھے، جہاں عمل شروع کرے پڑھنے سے پہلے خوشبویات کی دھونی دے، علاوہ اس کے سورتیں یعنی سورۂ فلق اور سورۂ ناس سورۂ فاتحہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو علیحدہ، اور تمام ارواحِ صوفیائے

Marfat.com

کرام کو علیحدہ بخشے، اوران کے ذریعے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا مانگے۔

## فصل دوم

# تعویذات کا استعمال بطریقِ شرعی

عاملوں کے بعض طریقے اور قاعدے تو واقعی خلافِ شرع اور غلط فہمی پر مبنی ہیں، مگر جو صحیح اور درست ہیں ان سے انکار نہیں کیا جاسکتا، چنانچہ مفصلہ ذیل سات طریقے مشہور ومعروف ہیں جن کا ماخذ احادیث نبویہ اور روایات صحیحہ ہیں۔

۱) وظیفہ اور درود کو وقت معینہ پر اور بہ تعداد مقصود پڑھنا،

۲) حصولِ منفعت یا ردِ بلا کے لئے یا بوقت حاجت پڑھنا،

۳) مریض کو شفاء کے لئے اس پر پڑھ کر دم کرنا یا تھوکنا،

۴) مریض کے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر یا صرف پڑھ کر دم کرنا،

۵) کاغذ یا کسی اور چیز پر لکھ کر مریض کو تعویذ بنا کر لٹکانے کے لئے دینا،

۶) پانی یا کسی اور کھانے کی چیز پر دم کر کے مریض کو کھلانا پلانا،

۷) تشتری یا کسی اور چیز پر لکھ کر اور ان کو پانی سے دھو کر مریض کو کھلانا پلانا۔

اب ان طریقوں کے دلائل اتمام حجت کے لئے بیان کئے جاتے ہیں، ممکن ہے کہ اللہ تعالی کسی منکر کو ہدایت بخشے۔

## (۱) حصولِ منفعت یا ردِ بلا کے لئے پڑھنا

دعا کو دفعِ ضرر اور حصولِ منفعت کے لئے پڑھنا ذیل کی حدیث سے ثابت ہوتا ہے۔

Marfat.com

○ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ هُمُوْمٌ لَزِمَتْنِیْ وَ دُیُوْنٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَفَلَا اُعَلِّمُكَ كَلَامًا اِذَا قُلْتَهٗ اَذْهَبَ اللّٰهُ هَمَّكَ وَقَضٰى عَنْكَ دَیْنَكَ قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ قُلْ اِذَا اَصْبَحْتَ وَ اِذَا اَمْسَیْتَ "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعِجْزِ وَ الْكَسْلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَ الْجُبْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ" قَالَ فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَذْهَبَ اللّٰهُ هَمِّیْ وَ قَضٰى عَنِّیْ دَیْنِیْ (رواہ ابوداؤد کتاب الوتر، باب فی الاستعاذۃ، جامع الاصول فی احادیث الرسول کتاب الدعاء، باب الادعیۃ المؤقتۃ والمضافۃ الی اسبابھا، مشکوۃ)

ابی سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ مجھ کو کئی غم اور قرض چمٹے ہوئے ہیں آپ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تو ان کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ تیرا غم دور کر دے اور تیرا قرض خود سے ادا کرے، اس نے عرض کیا کہ فرمائے، آپ نے ارشاد فرمایا: کہ ہر صبح وشام پڑھا کر اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور کاہلی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں نامرادی اور بخل سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے بوجھ اور آدمیوں کے قہر سے۔ اس شخص نے بیان کیا کہ جب میں نے یہ دعا پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے میرا غم دور کر دیا، اور میرا قرض بھی ادا کر دیا۔

## (۲) وظائف وغیرہ کو اوقات معینہ اور مقدار مقررہ پر پڑھنا

(۱) وِرد و وظائف کو مقررہ وقت اور خاص تعداد پر پڑھنا بعض حالتوں میں بڑا ہی اہم اور مؤثر ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

۱) ○ عَنِ ابْنِ زَمَلِ الْجُهَنِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَهُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا سَبْعِيْنَ مَرَّةً ثُمَّ يَقُوْلُ سَبْعِيْنَ بِسَبْعِ مِائَةٍ ،لَاخَيْرَ لِمَنْ كَانَتْ ذُنُوْبُهٗ فِيْ يَوْمٍ وَاحِدٍ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِ مِائَةٍ ثُمَّ يَقُوْلُ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ النَّاسَ بِوَجْهِهٖ وَكَانَ يُعْجِبُهُ الرُّؤْيَا فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهٖ (تفسیر ابن کثیر جز ۷ صفحہ ۵۲۰) زیر آیۃ ۱۷ تا ۲۶: معرفۃ الصحابۃ، ابونعیم اصبہانی، باب ضحاک بن زمل الجہنی: جامع الاحادیث، مسند صہیب، المعجم الکبیر: کنز العمال، التعبیر )

ابن زمل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب نماز فجر پڑھ لی تو آپ اپنی ٹانگ کو دوہرا کر کئے ہوئے تھے تو: "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا"، اللہ پاک ہے اس حمد کے ساتھ، میں اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دعا مانگتا ہوں، بے شک اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا ہے، یہ کلمات آپ نے ستر بار پڑھے، پھر فرمایا: ستر سات سو کے ساتھ ہیں، اس شخص میں کوئی خیر نہیں جس کے گناہ ایک دن میں سات سو سے زیادہ ہوں، پھر یہ دو مرتبہ فرمایا: پھر آپ نے لوگوں کی طرف منہ کر لیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم خواب کو پسند کیا کرتے تھے۔

۲)○ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً (بخاری، کتاب الدعوات، باب استغفار النبی فی الیوم واللیلۃ، عدد الحدیث ۵۸۳۲)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ فرماتے تھے: اللہ کی قسم میں دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ بار اللہ تعالیٰ سے بخشش کی دعا مانگتا ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

Marfat.com

۳) ○ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ سَیِّدُ الِاسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ : اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَھَا مِنَ النَّھَارِ مُوْقِنًا بِھَا فَمَاتَ مِنْ یَوْمِہٖ قَبْلَ اَنْ یُمْسِیَ فَھُوَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَھَا مِنَ اللَّیْلِ وَھُوَ مُوْقِنٌ بِھَا فَمَاتَ قَبْلَ اَنْ یُصْبِحَ فَھُوَ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّةِ ( صحیح البخاری باب افضل الاستغفار وقولہ تعالیٰ استغفروا ربکم......، کتاب الدعوات )

سیدنا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، سید الاستغفار یہ ہے کہ تو کہے:

" اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ "

''اے اللہ! تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد و پیمان پر ہوں جب تک مجھ سے ہو سکے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے جو میں نے کیا میں تیری طرف تیرا جو مجھ پر احسان ہے اس کے ساتھ رجوع کرتا ہوں اور میں تیرے لئے رجوع کرتا ہوں اپنے گناہ کے ساتھ تو مجھے بخش دے کہ بلاشک تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخشتا ہے،، آپ نے فرمایا: اور جو کوئی ان کلمات کو دن میں یقین سے پڑھے پھر اسی دن مر جائے شام ہونے سے پہلے تو وہ جنت والوں میں سے ہے اور جس نے ان کلمات کو یقین کے ساتھ رات کو پڑھا پھر صبح ہونے سے پہلے اسی رات وہ مر گیا تو جنتی ہے۔

Marfat.com

اس کے علاوہ حدیث پاک میں کئی سورتوں اور آیات واوراد کے بڑے فضائل بیان ہوئے ہیں۔

## ۳) مریض کو شفاء کے لئے اس پر پڑھ کر دم کرنا یا تھوکنا

احادیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ نبی کریم خود بھی اپنے پر دم کیا کرتے تھے اور بیمار کو بھی دم کر دیا کرتے تھے، کچھ پڑھ کر پھر اسے اپنے ہاتھوں پر پھونک کر درد کی جگہ پھر دیتے تھے، جو جواز کی دلیل ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، مثلاً حدیث شریف میں ہے:

۱)○ اِنَّ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ کَانَ اِذَا اشْتَکٰی نَفَثَ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْهُ بِیَدِهٖ فَلَمَّا اشْتَکٰی وَجْعَهُ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ طَفِقْتُ اَنْفُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِیْ کَانَ یَنْفُثُ وَ اَمْسَحُ بِیَدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْهُ (صحیح البخاری، کتاب المغازی باب رقیۃ النبی)

بیشک سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی مرض لاحق ہوتی تو آپ معوذات پڑھکر اپنے پر پھونکتے اور اپنے آپ کو ہاتھ پھیر لیتے، تو جب آپ کو وہ شکایت ہوئی جس میں آپ کا وصال ہوا تو میں آپ پر وہ معوذات پڑھ کر دم کرتی تھی جو آپ خود پڑھ کر دم کیا کرتے تھے اور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ کو پکڑ کر آپ پر پھیر دیتی تھی۔

۲)○ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ کَانَ اِذَا اشْتَکٰی یَقْرَءُ عَلٰی نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَیَنْفُثُ فَلَمَّا اشْتَدَّ وَجْعُهُ کُنْتُ اَقْرَءُ عَلَیْهِ وَاَمْسَحُ بِیَدِهٖ رَجَاءَ بَرَکَتِھَا○(صحیح البخاری، کتاب

Marfat.com

فضائل القرآن، باب فضل المعوذات)

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی بیمار ہوتے تو معوذات پڑھ کر اپنے اوپر دم کرتے اور جب آپ کی تکلیف زیادہ ہوگئی تو میں آپ کو دم کرتی تھی اور آپ کے ہاتھ کی برکت کے لئے آپ کا ہاتھ پکڑ کر پھیرتی تھی۔

۳) ○ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ اِذَا اَتٰى مَرِيْضًا اَوْ اُتِيَ بِهٖ قَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ وَ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ○ (صحيح البخاری، كتاب المرضی، باب دعاء العائد للمريض)

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مریض کے پاس آتے یا مریض کو آپ کے پاس لایا جاتا تو آپ فرماتے:

اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِ وَ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ○

اے لوگوں کے رب سختی کو دور فرما، شفا دے تو شفا دینے والا ہے، نہیں شفا اس مریض کے لئے مگر تیری شفا ایسی شفا عطا کر جس کے بعد بیماری نہ ہو!

۴) ○ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ قَرَءَ اَرْبَعَ آيَاتٍ مِنْ اَوَّلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ وَآيَتَانَ بَعْدَ آيَةِ الْكُرْسِيِّ وَ ثَلَاثًا مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ لَمْ يَقْرَبْهُ وَلَا اَهْلَهٗ يَوْمَئِذٍ شَيْطَانٌ وَّلَا شَيْءٌ يَكْرَهُهٗ وَلَا يُقْرَئْنَ عَلٰى مَجْنُوْنٍ اِلَّا اَفَاقَ ○ (سنن الدارمی، کتاب فضائل القرآن، ۳۲۴۹)

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: آپ نے فرمایا: جو کوئی سورہ بقرہ کی پہلی چار آیات اور آیت الکرسی اور اس کے بعد دو آیات اور آخری تین آیات

Marfat.com

پڑھے تو اس دن اس کے اور اس کے گھر والوں کے قریب شیطان نہیں آئے گا اور نہ کوئی ایسی چیز جسے وہ نہ پسند کرتا ہو اور یہ آیات کسی مجنوں پر نہیں پڑھی جائیں گی مگر اسے شفا ہوگی۔

۵) ○ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ عَنْ عَمِّهِ قَالَ أَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْنَا عَلَى حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ فَقَالُوا إِنَّا أُنْبِئْنَا أَنَّكُمْ قَدْ جِئْتُمْ مِنْ عِنْدِ هٰذَا الرَّجُلِ بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ دَوَاءٍ أَوْ رُقْيَةٍ فَإِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوهًا فِي الْقُيُودِ قَالَ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَجَاءُوا بِمَعْتُوهٍ فِي الْقُيُودِ قَالَ فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً كُلَّمَا خَتَمْتُهَا أَجْمَعُ بُزَاقِي ثُمَّ أَتْفُلُ فَكَأَنَّمَا نَشِطَ مِنْ عِقَالٍ قَالَ فَأَعْطَوْنِي جُعْلًا فَقُلْتُ لَا حَتّٰى أَسْأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَلَعَمْرِي مَنْ أَكَلَ بِرُقْيَةٍ بَاطِلٍ لَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةٍ حَقٍّ ○ (سنن ابی داؤد، کتاب الطب، ۳۴۰۲)

سیدنا خارجہ بن صلت تمیمی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آئے تو ایک عرب کے محلّہ میں پہنچے تو ان لوگوں نے ہمیں کہا: ہمیں خبر ملی ہے کہ تم اس آدمی کے پاس سے کوئی خیر لے کر آ رہے ہو تو کیا تمہارے پاس کوئی دوا یا کوئی دم ہے؟ اس لئے کہ ہمارے پاس ایک بے عقل ہے جسے بیڑیوں میں جکڑ رکھا ہے، راوی کہتے ہیں ہم نے کہا ہاں ہے فرمایا تو وہ اس بے عقل کو لے آئے فرمایا تو میں نے اس پر فاتحہ الکتاب تین دن تک صبح شام پڑھی جب میں اسے ختم کرتا تو میں اپنا تھوک جمع کرتا پھر میں تھوتھو کرتا تو وہ ایسا ہوا کہ گویا وہ رسی سے نقل کر آزاد ہو گیا تو کہا کہ انہوں نے کچھ میری خدمت کی تو میں نے کہا نہیں حتی کہ میں رسول اللہ صلی اللہ لیہ علیہ وسلم سے پوچھ لوں، تو آپ ﷺ نے فرمایا مجھے میری جان کی قسم ایسے لوگ ہوئے جنہوں نے باطل دم کر کے کھایا اور تو نے تو بلا شک حق دم پڑھ کر

Marfat.com

کھایا ہے۔

# ۴) مقام درد پر ہاتھ رکھ کر یا صرف پڑھ کر دم کرنا

## ۱) آسیب زدہ کے جسم پر ہاتھ پھیرنا

سیدنا وزاع راوی ہیں کہ ایک قافلہ میں ایک آسیب زدہ آدمی تھا جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے عرض کیا: کہ یا رسول اللہ! اسے دورے پڑتے ہیں دیوانہ ہے، اس کے لئے دعا فرما دیجئے! آپ نے اس کی پشت پر ہاتھ مار کر فرمایا: اے اللہ کے دشمن نکل جا! تو اچھا بھلا ہو گیا پھر آپ نے سامنے بٹھا کر اس کے چہرہ پر ہاتھ پھیرا اور دعا فرمائی تو وہ ایسا ہو گیا کہ وفد میں اس بہتر کوئی نظر نہ آتا تھا۔

## ۲) ہاتھ لگنے سے نکلی ہوئی آنکھ درست ہوگئی

سیدنا قتادہ صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کی جنگ میں اچانک تیر لگنے سے آنکھ نکل گئی، دوستوں نے کاٹ ڈالنے کا مشورہ دیا مگر آپ نے کہا کیوں کٹواؤں، آنکھ پکڑ کر آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے، حضور نے صبر کرنے اور جنت کی دعا کرنے کا کہا تو آپ عرض گزار ہوئے سرکار جنت کے لئے دعا کر دیں اور میری بیوی بھی ہے میں نہیں چاہتا کہ مجھے کانا کہا جائے اس لئے آنکھ بھی عطا کر دیں، تو سرکار صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مبارک سے آنکھ کا ڈیلا اس کی جگہ رکھ کر دعا کر دی، یا اللہ قتادہ کو حسن و جمال عطا فرما کیونکہ یہ اپنا چہرہ تیرے نبی کے چہرہ پر قربان کرتا رہا اور جب ہاتھ مبارک اٹھایا تو وہ آنکھ دوسری آنکھ سے خوبصورت تھی اور اس کی نظر تیز تھی اور پھر کبھی دکھی نہیں۔

Marfat.com

## ۳) ٹوٹی ٹانگ اور دست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے کون سنبھالے گا؟ ابورافع یہودی بہت زبان دراز تھا، اس کے لئے یہ حکم صادر ہوتھا، یہ سن کر عبداللہ بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے قتل کرنے کی ذمہ داری لی اس کے گھر گئے، اسے قتل کر کے جلدی جلدی سیڑھیوں سے اتر رہے تھے، آخری سیڑھی کا انداز نہ ہوسکا گر گئے پنڈلی ٹوٹ گئی ساتھیوں نے پگڑی سے باندھ دیا سرکار دوعالم کے پاس پہنچے تو آپ نے ٹانگ کی پٹی کھلوا کر برکتوں والا ہاتھ پھیرا تو یوں ہوا جیسے کبھی پنڈلی کو تکلیف ہی نہ ہوئی تھی۔

## ۴) چیچک زدہ چہرہ پر ہاتھ پھیرا

سیدنا ابیض بن جمال کے چیچک زدہ چہرہ پر رحمتِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ پھیرا تو چہرہ بالکل ٹھیک ہوگیا اور کوئی نشان چیچک کا باقی نہ رہا۔

## ۵) پھنسیوں والا جسم خوشبودار ہوگیا

سیدنا عتبہ بن فرقد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: مجھے شرا یعنی پت نکل آئی تھی جو بہت تکلیف دیتی تھی میں دربارِ رسالت میں حاضر ہو، شکایت کی، سرکار نے فرمایا: کرتا اتار کر بیٹھ! میں بیٹھ گیا تو نبی رحمت نے دونوں ہاتھوں پر پھونک لگا کر میرے جسم پر پھیر دیئے اس وقت سے میرے جسم سے خوشبو مہکتی ہے (اور خوشبو لگانے کی ضرورت نہیں)

## ۶) سینہ پر ہاتھ پھیرا قرآن یاد ہوگیا

سیدنا عثمان بن ابی العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شکایت کی کہ مجھے قرآن یاد نہیں رہتا آپ نے عثمان کے سینہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا اے شیطان نکل جا عثمان کے

Marfat.com

سینے سے، اس کے بعد انہیں کوئی چیز نہیں بھولی۔

## ۷) جسم پر عصا پھیرا کوڑھ درست

سیدنا معاذ بن عفرا رضی اللہ تعالی عنہ کی بیوی کو برص (پھلبہری) کی بیماری تھی وہ دربار رسالت میں حاضر ہوئیں تو شاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنی لاٹھی مبارک ان کے جسم پر پھیری تو وہ تندرست ہو گئیں۔

(یہ سب واقعات باحوالہ مفتی محمد امین صاحب مدظلہ کی کتاب البرہان میں صفحہ ۳۷۳ سے ۴۰۱ تک موجود ہیں ان کو اختصار سے پیش کیا ہے تفصیل وہاں سے معلوم کریں، محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

## ۵) کاغذ یا کسی اور چیز پر لکھ کر تعویذ بنانا

○ اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَجَاءَ اَعْرَابِیٌّ فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ اِنَّ لِی اَخًا وَبِہٖ وَجَعٌ قَالَ وَمَا وَجَعُہٗ قَالَ بِہٖ لَمَمٌ قَالَ فَأْتِنِی بِہٖ فَوَضَعَہٗ بَیْنَ یَدَیْہِ فَعَوَّذَہُ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ وَاَرْبَعَ آیَاتٍ مِنْ اَوَّلِ سُوْرَۃِ الْبَقَرَۃِ وَھَاتَیْنِ الْآیَتَیْنِ ﴿وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ﴾ وَآیَۃَ الْکُرْسِیِّ وَ ثَلَاثَ آیَاتٍ مِنْ آخِرِ سُوْرَۃِ الْبَقَرَۃِ وَآیَۃً مِّنْ آلِ عِمْرَانَ ﴿شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ﴾ وَآیَۃً مِنَ الْاَعْرَافِ ﴿اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ﴾ وَآخِرَ سُوْرَۃِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿فَتَعَالَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ﴾ وَآیَۃً مِّنْ سُوْرَۃِ الْجِنِّ ﴿وَاَنَّہٗ تَعَالٰی جَدُّ رَبِّنَا﴾ وَعَشْرَ آیَاتٍ مِنْ اَوَّلِ الصَّافَّاتِ وَثَلَاثَ آیَاتٍ مِنْ آخِرِ سُوْرَۃِ الْحَشْرِ وَقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَیْنِ فَقَامَ الرَّجُلُ کَاَنَّہٗ لَمْ یَشْتَکِ قَطُّ ○ (مسند احمد بن حنبل، مسند الانصار)

سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم کے پاس تھا، ایک اعرابی آیا، اس نے کہا یارسول اللہ! میرا ایک بھائی ہے اسے تکلیف ہے، آپ نے فرمایا: اس کیا تکلیف ہے؟ اس نے کہا اسے جنون ودیوانگی ہے۔ آپ نے فرمایا: اسے میرے پاس لے آؤ! تو آپ نے اسے اپنے سامنے بٹھایا اور اس کے لئے آپ نے درج ذیل آیات وسُور کا تعویذ بنایا:

سورۃ فاتحہ ☆ چار آیات سُورۃ بقرہ کے شروع والی ☆ دو آیتیں یہ ﴿وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ﴾ ☆ آیۃ الکرسی ☆ سُورۃ البقرہ کی آخری تین آیتیں ☆ ایک آیۃ سورۃ آل عمران کی ﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ﴾ آخر تک ☆ ایک آیۃ سورۃ اعراف سے ﴿اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ﴾ ☆ سُورۃ المؤمنین کا آخر ﴿فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ﴾ ☆ ایک آیۃ سُورۃ الجن کی ﴿وَاَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا﴾ آخر تک ☆ دس آیات سورۃ الصافات کے شروع سے ☆ تین آیات سُورۃ الحشر کے آخر سے ☆ سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اور آخری دو سورتیں جنہیں معوذتین کہا جاتا ہے، تو آدمی اسی وقت اٹھ کھڑا ہوا جیسے کہ اس کو کبھی شکایت ہی نہ تھی۔

(نوٹ: یہاں پر اصل کتاب کے دو صفحے ۹۶، ۹۷ نہیں تھے، مولانا کے عنوانات درج کردینے کی وجہ سے راہنمائی مل گئی تو میں نے حدیث شریف سے اس مضمون کو مکمل کرنے کی کوشش کی ہے، اب وہ مضمون تقریباً نو صفحات پر مشتمل ہے، نیز درجِ بالا تعویذ مکمل درج ذیل ہے (فوٹو کاپی سے فائدہ حاصل کریں قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

Marfat.com

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ○ بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ الحمد للہ رب العالمین ○ الرحمن الرحیم ○ مالک یوم الدین ○ ایاک نعبد و ایاک نستعین ○ اھدنا الصراط المستقیم ○ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین ○ آمین ○ الم ○ ذلک الکتب لاریب فیہ ھدی للمتقین ○ الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوۃ و مما رزقنھم ینفقون ○ والذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک وبالآخرۃ ھم یوقنون ○ اولٓئک علی ھدی من ربھم واولٓئک ھم المفلحون ○ والھکم الہ واحد لاالہ الاھو الرحمن الرحیم ○ ان فی خلق السموات والارض واختلاف اللیل والنھار والفلک التی تجری فی البحر بماینفع الناس وما انزل اللہ من السماء من ماء فاحیا بہ الارض بعد موتھا وبث فیھا من کل دابۃ و تصریف الریاح والسحاب المسخر بین السماء والارض لایات لقوم یعقلون ○ اللہ لاالہ الا ھو الحی القیوم لاتاخذہ سنۃ ولا نوم لہ مافی السموات ومافی الارض من ذالذی یشفع عندہ الاباذنہ یعلم مابین ایدیھم وما خلفھم ولا یحطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السموت والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم ○ لا اکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی فمن یکفر بالطاغوت ویؤمن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی ق لاانفصام لھا واللہ سمیع علیم ○ اللہ ولی الذین آمنوا یخرجھم من الظلمت الی النور والذین کفروا اولیاء ھم الطاغوت یخرجونھم من النور الی الظلمت اولٓئک اصحب النار ھم فیھا خلدون ○ للہ مافی السموت وما فی الارض وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ فیغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء واللہ علی علی کل شیء قدیر ○ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون کل آمن باللہ وملٓئکتہ و کتبہ ورسلہ لا نفرق بین احد من رسلہ وقالوا سمعنا واطعنا غفرانک ربنا والیک المصیر ○ لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا لھاما کسبت و علیھا ما اکتسبت ربنالاتؤاخذنا ان نسینا اواخطانا ربنا ولا تحمل علینا اصرا کماحملتہ علی الذین من قبلنا ربنا ولا تحملنا مالاطاقۃ لنا بہ واعف عنا و اغفرلنا و ا رحمنا انت مولنا فانصرنا علی القوم الکفرین ○ شھد اللہ انہ لاالہ الاھو والملئکۃ و اولوا العلم قائما بالقسط لاالہ الاھو العزیز الحکیم ○ ان ربکم اللہ الذی خلق السموت والارض فی ستۃ ایام ثم استوی علی العرش یغشی اللیل النھار یطلبہ حثیثا والشمس والقمر و النجوم مسخرات بامرہ الا لہ الخلق والامر تبارک اللہ رب العالمین ○ فتعالی اللہ الملک الحق لاالہ الا ھو رب العرش الکریم ○ ومن یدع مع اللہ الھا آخر لابرھان لہ بہ فانما حسابہ عند ربہ انہ لا یفلح الکفرون ○ وقل رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین ○ (سورۃ مؤمنین) وانہ تعالی جد ربنا مااتخذ صاحبۃ ولاولدا ○ و الصافات صفا ○ والزاجرات زجرا ○ فالتالیات ذکرا ○ ان الھکم لواحد ○ رب السموت والارض ومابینھما ورب المشارق ○ انازینا السماء الدنیا بزینۃ الکواکب ○ و حفظا من کل شیطان مارد ○ لایسمعون الی الملا الاعلی ویقذفون من کل جانب ○ دحورا ولھم عذاب واصب ○ الا من خطف الخطفۃ فاتبعہ شھاب ثاقب ○ ھو اللہ الذی لاالہ الاھو علم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم ○ ھو اللہ الذی لاالہ الاھو الملک القدوس السلام المؤمن المھیمن العزیز الجبار المتکبر سبحان اللہ عما یشرکون ○ ھو اللہ الخالق الباری المصور لہ الاسماء الحسنی یسبح لہ ما فی السموت والارض وھو العزیز الحکیم ○ قل ھو اللہ ○ اللہ الصمد ○ لم یلد ولم یولد ○ ولم یکن لہ کفوا احد ○ قل اعوذ برب الفلق ○ من شر ماخلق ○ ومن شر غاسق اذاوقب ○ ومن شر النفثت العقد ○ ومن شر حاسد اذاحسد ○ قل اعوذ برب الناس ○ ملک الناس ○ الہ الناس ○ من شر الوسواس الخناس ○ الذی یوسوس فی صدور الناس ○ من الجنۃ والناس ○

رطوبت اور ہوا اور دونوں کی قید سے معلوم ہوتا ہے کہ رقیہ کو پڑھ کر یوں پھونکے کہ رطوبت ہوا دونوں خارج ہوں۔

Marfat.com

# (۲) رقیہ کی تحقیق

## رقیہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی

لغت میں رقیہ کے معنی منتر اور افسون کے ہیں، اور اصطلاح شرع میں رقیہ ان آیاتِ قرآنی، اسمائے الٰہیہ اور ادعیہ ءِ استعاذہ کو کہتے ہیں، جنہیں پڑھ کر بیمار وغیرہ پر دم کرتے ہیں چنانچہ علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے قول سے تصریح کی ہے۔

## رقیہ کے جواز اور عدم جواز کی تحقیق

بعض احادیث سے رقیہ ناجائز معلوم ہوتا ہے اور بعض سے جائز ثابت ہوتا ہے، لیکن، محدثین نے جواز والی احادیث کو ترجیح دی ہے، اور تمام امت کا اس پر اتفاق ہے، کہ آیاتِ قرآنی اور اسمائے الٰہیہ اور ادعیہ استعاذہ (رقیہ) کو پڑھ کر دم کرنا جائز ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

○ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا مَرِضَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِهٖ نَفَثَ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ فَلَمَّا مَرِضَ مَرَضَهُ الَّذِیْ مَاتَ فِيْهِ جَعَلْتُ اَنْفُثُهٗ عَلَيْهِ وَ اَمْسَحُهٗ بِيَدِ نَفْسِهٖ لِاَنَّهَا اَعْظَمُ بَرَكَةً مِنْ يَدِیْ ○

عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب کوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر بیمار ہوتا تو آپ اس پر معوذات (یعنی سورہ فلق اور سورہ ناس) پڑھ کر دم کر دیا کرتے تھے، جب آپ مرض موت میں مبتلاء ہوئے تو میں آپ ہی کے دست مبارک پر دم کر کے آپ کے جسم پر مل دیتی تھی، آپ ہی کے ہاتھ سے ملنے

Marfat.com

کی وجہ یہ تھی کہ آپ کے ہاتھ میرے ہاتھ سے زیادہ برکت والے تھے (صحیح مسلم شریف، کتاب السلام، باب رقیۃ المریض بالمعوذات والنفث)

اس حدیث کے تحت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

فیہ استجاب فی الرقیة وقد اجمعوا علی جوازہ واستحبہ الجمھور من الصحابۃ والتابعین ومن بعد ھم۔

اس حدیث میں رقیہ کا استجاب وجواز ہے اور علماء نے اس کے جواز پر رجوع کیا ہے اور صحابہ اور تابعین ان کے بعد والوں جمہور علما نے رقیہ کو مستحب کہا ہے

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ کو ایک اور مقام پر یوں بیان فرماتے ہیں:

وقد نقلوا الاجماع علی جواز الرقی بالآیات واذکار اللہ تعالی قال الماذری جمیع الرقی جائزۃ اذا کانت بکتاب اللہ وبذکرہ ومنھی عنھا اذا کانت باللغۃ العجمیۃ او بما لا یدری معناہ یجوز ان یکون فیہ کفر ☆

عالم لوگوں نے آیات اور اذکار اللہ کے ساتھ رقیہ کے جواز پر اجماع نقل کیا ہے، ماذری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ تمام رقیہ جو کتاب اللہ اور ذکر اللہ کے ساتھ ہوں جائز ہیں، اور ناجائز رقیہ وہ ہے جو عجمی زبان میں ہو، یا جس کا معنی معلوم نہ ہو، کیوں کہ ممکن ہے کہ اس میں کفر و شرک ہو۔

غرض احادیث صحیحہ اور اقوال محدثین سے ثابت ہو گیا، کہ آیات قرآنی اور اسمائے الٰہیہ اور ادعیہ استعاذہ پڑھ کر دم کرنا جائز بلکہ مسنون ہے۔

## (۷) مریض کا درد کی جگہ اپنا ہاتھ رکھ کر دم کرنا

اگر مریض اپنے درد کے مقام پر اپنا ہاتھ رکھ کر دم کرے یا بغیر ہاتھ رکھے

Marfat.com

کے دعا پڑھے تو جائز ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْعَاصِ الثَّقَفِيِّ اَنَّهُ شَكٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجْعًا يَجِدُ فِيْ جَسَدِهٖ مُنْذُ اَسْلَمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ يَدَكَ عَلَى الَّذِيْ يَاْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثَلَاثًا وَقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ ○

عثمان بن عاص ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں اپنے جسم میں درد پاتا ہوں آپ نے فرمایا: اپنا ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر تین بار بسم اللہ پڑھ اور سات بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ پڑھ (یعنی میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی اور اس کی قدرت کی اس چیز کی بدی سے جس کو میں معلوم کرتا ہوں اور اس کی زیادتی سے ڈرتا ہوں۔ (حوالہ نہیں ملا)

حصن حصین میں ہے:

اَوْ يَقْرَاُ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوَّذَاتِ وَيَنْفُثُ

یعنی یا درد والا آدمی اپنے اوپر سورۂ قل اعوذ برب الفلق اور سورۂ قل اعوذ برب الناس پڑھے، اور خود کو دم کرے۔

# (۸) تعویذ کے معنی کی تحقیق

## تعویذ کے لغوی اور اصطلاحی معنی

لغت میں تعویذ کے معنی پناہ دینا اور پناہ میں لانا اور اصطلاحِ عملیات میں آیاتِ قرآنی یا اسمائے الٰہیہ کو لکھ کر گلے یا بازو وغیرہ میں لٹکانے اور باندھنے کے

Marfat.com

لئے دیتے ہیں، اسے تعویذ کہتے ہیں، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ اِذَا فَزِعَ اَحَدُکُمْ فِی النَّوْمِ فَلْیَقُلْ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ فَاِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهٗ وَ قال کَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ یُعَلِّمُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهٖ وَمَنْ لَمْ یَبْلُغْ مِنْهُمْ کَتَبَهَا فِیْ صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِیْ عُنُقِهٖ (رواہ ابوداؤد و الترمذی ومشکوۃ)

سیدنا عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے باپ سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی ڈرے یا گھبرائے یا نیند اچاٹ ہو جائے تو یہ کلمات پڑھے: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ○ ''میں پناہ چاہتا ہوں خدا کے پورے کلموں یعنی کتابوں اور اسمائے الٰہیہ کی اس کے غصے اور اس کے عذاب اور اس کے بندوں کی برائی اور شیطان کے وسوسوں اور ان کے اپنے پاس حاضر ہونے سے'' پس اس دعا کی بدولت یہ بلیات ضرر نہیں پہنچائیں گی اور عبداللہ بن عمر بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دستور تھا کہ یہ دعا اپنے سمجھ دار بیٹوں کو سکھا دیتے تھے اور جو لڑکا عقل وشعور نہ رکھتا تھا، تو اس دعا کو ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں لٹکا دیتے تھے (ترمذی ، ابواب جامع الدعوات عن النبی ﷺ باب:: سنن ابی داؤد، کتاب الطب، باب کیف الرقی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص پڑھنا نہ جانے اس کو تعویذ دینا جائز ہے، اور جو پڑھ سکتا ہو اس کو خود پڑھنا ہی بہتر ہے۔

Marfat.com

## (۹) پانی یا کسی اور کھانے والی چیز پر دم کر کے کھلانا پلانا

مریض کو پانی یا کسی دوسرے ماکولات ومشروبات پر دم کر کے کھلانا پلانا جائز ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

عَنْ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ اَخَذَ مِنْ مَاءِ الْمَطَرِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ مَطَرِ نِیْسَانَ وَقَرَءَ عَلَیْہِ فَاتِحَۃَ الْکِتَابِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً وَآیَۃَ الْکُرْسِیِّ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً وَقُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً وَ الْمُعَوِّذَتَیْنِ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً وَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ جِبْرَئِیْلَ جَاءَنِیْ وَ اَخْبَرَنِیْ اِنَّ مَنْ شَرِبَ مِنْ ذٰلِکَ الْمَاءِ سَبْعَۃَ اَیَّامٍ مُتَوَالِیَاتٍ بِالْغَدَاۃِ فَاِنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ یَدْفَعُ عَنِ الَّذِیْ یَشْرَبُ مِنْ ذٰلِکَ کُلَّ دَاءٍ فِیْ جَسَدِہٖ وَ یُعَافِیْہِ مِنْہُ وَ یُخْرِجُہٗ مِنْ عُرُوْقِہٖ وَ لَحْمِہٖ وَعَظْمِہٖ وَجَمِیْعِ اَعْضَائِہٖ کَذَا فِیْ تَفْسِیْرِ الْفَاتِحَۃِ (خزینۃ الاسرار)

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بارش کا پانی لیا اور ایک روایت میں آیا ہے کہ نیسان کا پانی لیا، اور اس پر سورۃ الحمد، آیۃ الکرسی، قل ھو اللہ احد، معوذتین (آخری دو قل) ہر ایک ستر ستر بار پڑھ کر دم کیا، قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام میرے پاس آئے، اور مجھے خبر دی، کہ جو شخص اس پانی سے سات دن تک صبح کے وقت پیئے گا خداوند تعالیٰ اس پینے والے کے بدن سے ہر بیماری نکال کر اسے صحت بخشے گا، اور اس کی رگوں، گوشت ہڈیوں غرضیکہ تمام بدن سے اس بیماری کو دور کر دے گا، اور اسی طرح تفسیر فاتحہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

پس جب پانی پر دم کر کے استعمال میں لانے کا حکم آ گیا، تو اس پر قیاس کر کے ہر پاک چیز پینے کی ہو یا کھانے کی، اس پر دم کر کے مریض کو کھلانا اور پلانا

Marfat.com

درست ہے، جیسا کہ متقدمین ومتاخرین علماء وصلحاء کا مسلک رہا ہے۔

## (۱۰) طشتری یا پتے وغیرہ پر لکھ کر دھو کر پلانا

مریض کے لئے آیات طشتری وغیرہ پر لکھ کر اور اس کو دھو کر پلانا یا حلوہ وغیرہ پر دم کر کے کھلانا جائز ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

(۱) مَنْ كَتَبَ يٰسٓ ثُمَّ شَرِبَهَا دَخَلَ فِيْ جَوْفِهٖ اَلْفُ نُوْرٍ وَّ اَلْفُ بَرَكَةٍ وَّ اَلْفُ دَوَاءٍ وَخَرَجَ مِنْهُ اَلْفُ دَاءٍ۝ (كنز العمال في سنن الاقوال والافعال، فصل ثاني في فضائل السور والآيات والبسملة، فضائل سور الباقية من الاكمال (جامع الاحاديث::باب حرف الميم)

یعنی جس نے سورہ یٰس کو لکھ کر اور دھو کر پیا اس کے دل میں ہزار نور، ہزار برکت اور ہزار دواء داخل ہوئی اور ہزار بیماریاں اس سے دور ہوئیں۔

(۲) قال النووی عليه رحمة الله القوی فی شرح المهذب لو كتب القرآن فی لوح او اناء ثم غسله وسقاه لمريض فقال الحسن البصری و مجاهد و ابوقلابة و الاوزاعی لاباس به وكره النخعی (قال) ومقتضى مذهبنا انه لاباس به فقد قال القاضی حسين والبغوی وغيرهما لو كتب قرآنا علی حلوی او طعام فلا بأس باكله (وذكر) الامام احمد وغيره ان يكتب للمصاب و غيره من المرضى شئی من كتاب بالمداد المباح و يغسل ويسقی (خزينة الاسرار)

نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح المہذب میں لکھا ہے، کہ اگر قرآن پاک تختی یا کسی برتن پر لکھا جائے، اور اس کو دھو کر مریض کو پلایا جائے، تو حسن بصری، مجاہد ابوقلابہ اور اوزاعی رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں، ہاں نخعی رحمۃ اللہ

Marfat.com

علیہ نے اس کو مکروہ لکھا ہے، مگر امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

ہمارے مذہب کے مقتضا سے ہے کہ اس میں کچھ حرج نہیں جیسا کہ قاضی حسین اور بغوی رحمۃ اللہ علیہما نے کہا کہ اگر قرآن حلوہ یا کسی اور چیز پر لکھا جائے تو اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

امام احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے کہ مصیبت زدہ مریضوں کے لئے قرآن شریف کی کوئی آیت مباح و پاک چیزوں کی روشنائی سے لکھا جائے، اور دھو کر پلائی جائے تو مضائقہ نہیں۔

## التماس

راقم الحروف نے جو کچھ اس حصے میں لکھا ہے اس سے میرا مقصود کسی کی دل آزاری نہیں، بلکہ محض تحقیقِ حق کے لئے انصاف پسند احباب کی خدمت میں عرض کیا گیا، علاوہ اس کے اگر کسی ذی علم کو اس قسم کے مفید اور کارآمد باتیں یاد ہوں، تو مجھے پتہ ذیل پر ترسیل فرما کر مشکور فرمائیں، تاکہ طبع ثانی میں ان کو درج کر دیا جائے۔

ابوالبشیر محمد صالح حنفی نقشبندی بن حضرت مولانا مولوی مست علی نقشبندی بمقام میترنوالی، براستہ وزیر آباد (ملک پنجاب)

موجودہ رابطہ

قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی

مدرس جامعہ اسلامیہ حیدری مسجد کامونکی

خطیب جامع مسجد عمر چشمۂ فیضِ محمدی

عمر روڈ کامونکی گوجرانوالہ

۰۳۳۳۴۲۸۹۳۲۳

Marfat.com

# عامل بنانے والی کتاب

## حصہ دوم

## ملقب بہ

# قرآنی عملیات

Marfat.com

## باب اول

# بیاض انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام

اس پر آشوب زمانہ میں جہاں دین کے اور کاموں میں روز بروز تنزل وانحطاط ہے، وہاں مسلمانوں کے تمسک بالقرآن میں بھی تنزل اور کمی واقع ہوگئی ہے حتی کی ادعیہ، تعویذات اور عملیات میں بھی ان کو کتاب اللہ کی طرف رجوع کرنے کا خیال نہیں رہا حالانکہ مقتدمین صحابہ تابعین اور تبع تابعین کے حالات کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو سوائے کلام اللہ کے اور کوئی چیز محبوب اور مرغوب خاطر نہ تھی، اور تمام امورِ دینیہ ودنیویہ میں ان کا عمل اسی پر تھا، اور تمام معاملات وضروریات اور مشکلات اور مصائب میں اسی کی طرف رجوع کیا کرتے تھے۔

گر تو می خواہی مسلماں زیستن　　نیست ممکن جز بقرآن زیستن
آں کتابِ زندہ قرآنِ حکیم　　حکمتِ او لا یزال است و قدیم
نسخہ ء اسرارِ تکوینِ حیات　　بے ثبات از قوتش گردد ثبات

اللہ تعالیٰ خود قرآن مجید کے بارے میں فرماتا ہے کہ وہ شفا ہے، چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

☆ (۱) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَاءٌ (سورہ حم سجدہ/۴۴)

کہدے (اے میرے حبیب) کہ قرآن مجید ایمان لانے والوں کے لئے ہدائت اور شفا ہے۔

☆ (۲) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ○

اور ہم قرآن میں سے وہ آیتیں نازل کرتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہیں

Marfat.com

ایمان لانے والوں کے لئے۔(سورۂ اسراء/۸۲)

قرآن مجید جس طرح کفر وشرک وغیرہ امراض قلب کے لئے شفاء ہے اسی طرح امراض جسمانیہ کے لئے بھی شفاء ہے چنانچہ ہزار ہا حکماء وصلحاء کا تجربہ ہے جسے ہم آگے چل کر وضاحت سے بیان کریں گے۔ لیکن اس زمانہ میں ضعیف الاعتقاد لوگ جاہل وغیر متشرع فقیروں اور بے دین سادھوؤں سے ایسے تعویذ گنڈے اور جھاڑ پھونک کراتے ہیں جو کفر وشرک سے ملوث ہوتے ہیں، گو بظاہران کا اثر بھی ہوتا ہے، لیکن ان کے استعمال سے ایمان رخصت ہو جاتا ہے، جس سے، عوام کالانعام غافل ہیں اور جو لکھے پڑھے ان کو عمدا اختیار کرتے ہیں، وہ دراصل ایمان کے زائل ہونے کی کچھ پرواہ نہیں کرتے ان کے نزدیک کفر واسلام میں کچھ فرق نہیں ہے۔

مسلمانو! اگر کسی شخص نے دولتِ ایمان کو کھو کر دولتِ دنیا حاصل کی، یا کسی دشمن کو مغلوب کیا، یا کوئی بڑا عہدہ حاصل کرلیا، یا کوئی اور حاجت اور مراد پالی، تو اس کو کامیاب نہیں کہا جا سکتا، بلکہ وہ شخص درحقیقت نامراد ہے، کہ اس نے اپنی مراد مانگنے کا غلط راستہ اختیار کیا، کیوں کہ خدا سے مراد مانگنے کے دو ہی طریقے ہیں ایک جائز اور دوسرا ناجائز، اس میں کسی طرح کا شک وشبہ نہیں ہے، کہ دینے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے، مگر جو مشروع طریق سے مانگتا ہے، اس سے وہ راضی ہوتا ہے، اور جو ناجائز طریق سے مانگتا ہے وہ اس سے ناخوش ہوتا ہے، دیتا وہ دونوں طریق سے ہے، جو مقدر میں ہوتا ہے وہ ضرور ملتا ہے، لیکن ایک میں اس کی رضا ہے اور ایک میں نہیں ہے۔

بنابریں ایک صحیح العقیدہ مسلمان جو اعمال اور عزائم کی تاثیر کو مانتا ہے، اس کو ایسے عملیات سے جو بے دین فقیروں اور عاملوں اور غیر مذاہب کے پنڈتوں گروؤں بظاہر درویشوں اور سادھوؤں سے حاصل ہوئے ہوں اجتناب اور پرہیز

Marfat.com

کرنا لازمی ہے، کیوں کہ وہ بے دینی کے سبب سے ایمان کی حقیقت سے ناواقف اور کفر و شرک کے کلمات استعمال کرنے کے عادی ہیں، حتیٰ کی بعض لکھے پڑھے عمداً کلمات کفریہ کہنے میں بڑے دلیر اور لاپرواہ ہوتے ہیں، اس لئے وہ اپنے مقتدیوں، عقیدت مندوں اور مریدوں کو کھلم کھلا گمراہی اور ضلالت کے گڑھے میں گرا کر دوزخ کا ایندھن بنادیتے ہیں۔

خلاف پیغمبر کسے رہ گزید — ہرگز بمنزل نخواہد رسیدہ

میں نے اس کتاب میں حتی المقدور اس قسم کے اعمال و حرز اکم جمع کیے ہیں جن سے کوئی فسادِ عقیدہ، یا ارتکابِ محذور لازم نہیں آتا، ہاں اگر کہیں اور مجھ سے کوئی غیر مشروعہ عمل درج ہو گیا ہو، تو مطلع فرما کر مشکور فرمائیں۔

## فصل اول

# دعاء کا بیان

قرآن مجید میں کئی مقامات پر دعاء کا ذکر آیا ہے، جن کو بغور و خوض پڑھنے سے دعاء کی حقیقت پر روشنی پڑتی ہے، چنانچہ (سورۂ بقرہ/۱۸۶) میں ارشادِ ربانی ہوتا ہے:

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ ...... ○

اور جب میرے بندے تجھ سے میری بابت پوچھیں تو کہہ دے کہ میں پاس ہی ہوں، قبول کرتا ہوں دعاء کرنے والے کی دعاء کو جب مجھ سے دعاء کرتا ہے، تو چاہئے کہ یہ بھی میرا حکم مانیں مجھ پر ایمان لائیں۔

Marfat.com

یہاں خالقِ ارض وسماء نے اپنا محیط ہونا اور ہر جگہ حاضر وناظر ہونا (جیسا کہ اس کی شایانِ شان ہے) بیان فرمایا ہے جس شخص نے اللہ تعالیٰ کو پکارا وہ اس کی پکار کو معاً سن بھی لیتا ہے، اور اس کے قریب بھی پہنچ جاتا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دعاء کو قبول کر لیتا ہے، اور بندے کو اپنی آرزو پوری کرنے کی توفیق دیتا ہے، اس توفیق سے وہ بہ مقتضائے قانون قدرت اسباب اور ذرائع کے بہم پہنچانے میں جس سے اس کی آرزوئیں پوری ہوں گی، سرگرمی اور تندہی سے کوشش کرتا ہے، اور آخر وہ اپنی اس کوشش میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

(یہاں حاضر ناظر ہونا، اور قریب پہنچنا سے مراد یہ نہیں ہے کہ بندہ سے اللہ تعالیٰ دور ہوتا ہے پھر بندہ کی پکار پر وہ قریب تشریف لے آتا ہے، اہلِ سنت کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے لئے قرب وبعد، آنا جانا کچھ بھی نہیں، وہ ہر وقت بندہ کے ساتھ ہے مگر اس طرح نہیں جیسے بندے ایک دوسرے کے ساتھ ہوتے ہیں، حاضر ہونا اس کی شان ہے جو غائب ہو، وہ غائب ہی نہیں تو اس کی نسبت سے حضور کا تصور مناسب نہیں ہے، البتہ یہاں یہ وہم کے پھر وہ نظر کیوں نہیں آتا اس کا حل یہ ہے کہ وہ تو اپنی قدرتوں سے ظاہر وآشکار ہے مگر ہماری آنکھوں پر پردے ہیں جن کی وجہ سے ہم اسے دیکھ نہیں پاتے، البتہ مولانا نے عام لوگوں کو سمجھانے کے لئے یہ انداز گفتگو اپنایا ہے، ان مسائل کو سمجھنے جاننے کے لئے دیکھیں (۱) بہارِ شریعت جزء اول، (۲) ایمان کی حفاظت کیجئے، صفحہ ۴۵ تا ۵۵، (۳) اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی قوارع القہار علی المجسمۃ الفجار ملقب بہ ضرب قہاری، اللہ اعلم بالصواب، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

دعاءِ اسلام کا ایک جزءِ اعظم ہے، مگر آج کل بعض ایسے لوگ پیدا ہو گئے ہیں جو دعاء کے بارے میں مختلف شکوک میں مبتلاء ہیں چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ دعاء

Marfat.com

عبادت تو ضرور ہے مگر اس کے مقبول وغیر مقبول ہونے کا یقین صرف طفل تسلی ہے، بعض دبی زبان سے کہتے ہیں کہ دعاء کوئی چیز تو ضرور ہے، مگر اس کی قبولیت کی کوئی مثال نہیں دیکھی، حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ دعاء کسی امرِ خاص کے لئے اللہ تعالی کے حضور میں اپنی کمزوریوں اور مجبوریوں کا اقرار کر کے الحاح وزاری وعجز وفروتنی کے ساتھ عرض کرنا ہے، خواہ وہ عرض قبول ہو یا نہ ہو، اور اس میں شک نہیں، کہ جو دعاء پابندیٔ شرائط کے ساتھ مانگی جائے، وہ ضرور مقبول ہوتی ہے اور جس غرض اور مقصد کے لئے دعاء کی جاتی ہے، وہ ایسے پوشیدہ ذرائع سے حل ہو جاتا ہے جن کا کبھی وہم و گمان بھی نہیں ہوتا، مگر موجودہ زمانہ کے فلسفہ دان ان باتوں کو تسلیم ہی نہیں کرتے، بلکہ وہ کہتے ہیں، کہ یہ ساری باتیں مضحکہ خیز ہیں بھلا کیسی دعاء اور کس کی دعاء کس کی اجابت اور کس کی مقبولیت؟ معاذ اللہ!

## بہترین عمل

قرآن مجید کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں سب سے بہتر عمل جس کے مقبول ہونے کا حتمی وعدہ اللہ تعالی نے کیا ہے، وہ دعاء ہے، چنانچہ سورۂ مومن رکوع ۶ میں ارشاد پاک ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ط (سورۂ مومن/۶۰)

مجھ سے دعاء مانگو میں تمہاری دعاء کو قبول کروں گا۔

بنابریں انبیاءِ کرام علیہم الصلاۃ والسلام اپنے اپنے وقت میں بدرگاہِ رب العالمین مختلف الفاظ سے دعائیں مانگتے رہے، جو بارگاہ ایزدی میں قبول ہوتی رہیں، چنانچہ ان کی وہ سب دعائیں اور عملیات مع واقعات صحیحہ کے اگلی فصل میں ہدیہ ناظرین کریں گے، تاکہ ہم بھی ان کی اتباع میں ان دعاؤں سے استفادہ کریں، در

Marfat.com

اصل یہی سب سے زیادہ مجرب اعمال وعزائم ہیں، جن کی قبولیت کا حتمی اور یقینی وعدہ ہے۔

## دعاء نہ مانگنا غرور کی علامت ہے

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رونا اور زاری کرنا اور اپنے آپ کو ہیچ اور لاشے (ناچیز وحقیر) سمجھنا بہت بڑی عبادت ہے، تمام نماز میں یہی ہوتا ہے، اپنی عبودیت کا اقرار اور خدا کی قدرت پر بھروسہ اور اس سے یہ التجاء کرنا کہ تو ہمیں سیدھے راستے پر چلا، اور جو لوگ اپنے آپ کو کچھ سمجھتے ہیں اور بارگاہِ الٰہی میں اپنا عجز وانکساری کا اظہار کرنا معیوب جانتے ہیں، وہ ذلیل اور خوار ہو کر صفحہ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ جاتے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ سورۂ مومن رکوع ٦ میں فرماتا ہے:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ○ (سورۂ مومن/٦٠)

اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے، کہ مجھ سے دعا مانگو میں تمہاری دعا قبول کروں گا، جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری عبادت سے وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل بن کر داخل ہوں گے۔

## دعاء کیا ہے؟

دعاء کا مطلب یہ ہے کہ نہایت خلوص اور قلب کی صفائی سے گڑگڑا کر تنہائی میں اپنی عبودیت کا اقرار کر کے اور اس کے جلال اور قدرت کو تسلیم کر کے اس کے حضور پیش ہو، اور صدق دل سے اقرار کرے کہ

میں جاہل وناتواں ہوں، میری ہستی ایک ذرہ کے برابر بھی نہیں ہے۔ میرے تمام کاموں میں تو ہی مدد کرتا ہے جو کامیابیاں مجھے اپنی کوششوں میں

Marfat.com

ہیں، ان میں بھی تیری ہی قدرت کام فرما ہے، میں تیرا ایک بے حقیقت بندہ ہوں، اگر تو رہنمائی نہ کرے، تو میری عقل میری تدبیریں اور میری دولت کچھ بھی کام نہیں کر سکتی، تیری روشنی میں چلتا ہوں، تیری رحمت سے میں زندہ ہوں، تو نے ہمیشہ میری مدد کی ہے، اور جس طرح تیرے دست و قدرت نے میرے ہر کام میں مدد کی ہے ابدالاباد تک تیرا ہی دستِ قدرت میرے ساتھ کام کرتا رہے!

## دعا کا مقصد

اللہ تعالیٰ دعاء کے مقصد کو قرآن مجید میں تصریح کے ساتھ سمجھاتا ہے چنانچہ سورۂ اعراف رکوع ۸ میں ارشاد فرماتا ہے:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ (سورۂ اعراف/۵۵)

پکارو اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے چپکے، اسے پسند نہیں ہیں حد سے بڑھنے والے۔

پس دعاء کا مطلب ہوا کہ اپنے معبودِ حقیقی کے حضور میں نہایت انکساری کے ساتھ گڑگڑا کر رونا، انکساری کرنا اور اپنی تمام کمزوریوں اور مجبوریوں کا اقرار کرنا۔

مگر حد سے بڑھنے والوں کو اللہ تعالیٰ نے ناپسند فرمایا ہے، جو لوگ بارگاہِ الٰہی میں کسی کی حق تلفی کی دعاء کرتے ہیں، تو یہ گویا حد سے بڑھنا قرار دیا گیا، مثلاً ایک شخص نے ناجائز طور پر کسی کے خلاف مقدمہ دائر کیا جس سے اس کی مراد یہ ہے کہ حقدار کا حق غصب کیا جائے، پس وہ اس ناجائز آرزو یا امید کے پورا ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ کو پکارے، تو سمجھو کہ اس نے حد سے تجاوز کیا۔ جس سے اس نے اپنے نفس ہی پر ظلم نہیں کیا، بلکہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی، اور ایسی دعاء سے اس پر کئی جرم

Marfat.com

عائد ہو گئے، تھوڑی سی توجہ سے سمجھ میں آئے گا کہ ہم کسی ایسے حاکم سے جو در حقیقت منصف ہے، اور جسے ہم بھی انصاف پسند جانتے ہیں، خواہ وہ ہمارا کیسا ہی جانی دوست ہوگا، کبھی ایسے مقدمہ میں سفارش نہیں کرے گا، جس میں حق کا خون ہوتا ہوگا، اور ایک بے گناہ اور حقدار کی حق تلفی ہوتی ہوگی، اور اگر ہم نے اپنی بے عقلی سے سفارش کی تو ہماری اس سفارش کو حاکم تو سن لے گا مگر اسے ہم سے دلی نفرت ہو جائے گی، اور ہمیں کبھی بھی ایمان دار نہیں سمجھے گا، اگرچہ نہایت ادنی مثال ہے، تاہم اس سے یہ سمجھ میں آ جاتا ہے کہ اللہ تعالی پکارنے والے کی پکار تو سنتا ہے، مگر ایسی نافرمانی کی دعاؤں کو پسند نہیں کرتا، پس اس قسم کی دعائیں درحقیقت دعائیں نہیں ہیں بلکہ اپنی روسیاہی بداعمالی اور تیرہ باطنی کی کیفیت اللہ تعالی کے حضور میں دہرانی ہے اور غرض ایسی معتدیانہ دعاؤں سے یہ ہے کہ ان بربادکن ارذل ترین عیوب اور نقائص میں زیادتی ہو۔

دعاء کے متعلق ایک مفصل مبسوط مضمون لکھا گیا ہے جو اس کتاب کے آئندہ صفحات میں آرہا ہے (مولف)

Marfat.com

## فصل دوم

# انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مجرب اعمال

اس فصل میں صرف وہی اعمال وعزائم قرآن مجید سے استنباط کر کے جمع کئے ہیں، جو اولوالعزم انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور برگزیدہ نفوس پر القاء ہوئے ان کی پاک زبان سے نکلے، اور بارگاہِ الٰہی میں مقبول اور مستجاب ہوئے، اس لئے وثوق سے کہا جاسکتا ہے کہ اس حصہ کا کوئی عمل ایسا نہیں ہے جو زیورِ قبولیت سے آراستہ نہ ہو، ہاں حسنِ عقیدت، خلوصِ دل اور حضورِ قلب کا ہونا لازمی ہے، اور ان ماثورہ اعمال کی اجازت لینے کی بھی ضرورت نہیں ہے البتہ ان کلمات کو صحیح اور درست پڑھنا بہت اہم اور ضروری ہے، لہٰذا واجب ہے، کہ کم علم یا ناخواندہ طالب ان عملیات کو کسی صوفی مشرب عالم سے پڑھ لے، تاکہ غلط پڑھنے سے تاثیر میں کمی نہ ہو، اور عربی عبارات کے معانی بھی حفظ کر لے، کیوں کہ وظیفہ کو سمجھ کر پڑھنے سے خلوص پیدا ہوتا ہے، جس سے وظیفہ میں کامیابی کی زیادہ امید ہوتی ہے۔

## (۱) معاملاتِ دینیہ اور امورِ اخرویہ کے لئے اعمال

ذیل کے اعمال توبہ واستغفار وغیرہ امورِ دینیہ سے متعلق ہیں، ان میں سے جس عمل کو مناسب سمجھیں اس کا روزانہ ورد کرنا چاہئے، اگر وقت اور جگہ معین کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

### قبولِ توبہ کا عمل

سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

Marfat.com

تیری ذات پاک ہے میں نے توبہ کی تیری جناب میں اور میں سب سے پہلے ایمان لایا (سورۂ اعراف/۱۴۳)

ثبوت: یہ عمل حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے کہ جب انہوں نے شوق کے جوش میں اللہ تعالیٰ سے درخواست کی تھی میں ایک نظر تجھ کو دیکھنا چاہتا ہوں، لیکن اس جوش میں بات ان کے ذہن سے اتر گئی کہ خدا کو چشم سر سے دیکھنا ناممکن ہے بلکہ اس کو جس نے دیکھا چشمِ دل سے دیکھا، یعنی مخلوقات سے خالق کو پہچانا، کہ جو کچھ دنیا میں ہے آپ سے آپ تو نہیں ہو گیا جس کے کرنے سے ہوا، وہی خدا ہے، الغرض اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو زجر فرمایا کہ آپ ہم کو نہیں دیکھ سکو تے یعنی تم میں چشمِ سر سے ہمارے دیکھنے کی صلاحیت نہیں اور یہ تم کو اس طرح ثابت ہو جائے گا، کہ اس سامنے کے پہاڑ پر ہم اپنی قدرت کا ایک کرشمہ دکھاتے ہیں تم اس کے دیکھنے کی تاب نہ لا سکو گے، چنانچہ انہیں معلوم ہو گیا کرشمۂ قدرت تھا جو خدا نے پہاڑ پر ظاہر کیا، زلزلہ تھا، آتش فشاں کی طرح کچھ ظہور تھا، بہرکیف موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام اسی ظہور کے ہوتے ہی بے ہوش ہو کر گر پڑے، ہوش آیا تو یہ عا مانگنی شروع کی اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کی توبہ قبول کی۔

## توبہ واستغفار کا عمل

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمَانَ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ○

(سورۂ نمل/۴۴)

اے میرے پروردگار میں نے اپنا نقصان کیا اور میں ایمان لائی سلیمان کے ہمراہ اللہ رب العالمین پر۔

ثبوت: یہ عمل ملکہ بلقیس کا مجرب ہے، چنانچہ ان کا قصہ مختصرا اس طرح پر ہے کہ

Marfat.com

سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ میں ملکہ بلقیس تھی، جس کا مذہب آفتاب پرستی تھا، اس کا تخت جو اس زمانہ میں بڑا مشہور و معروف تھا سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے وزیر آصف بن برخیا کی روحانی قوت کے ذریعہ سے اٹھوایا اور منگوایا گیا، اور آخر کو بلقیس بھی حاضر خدمت ہو کر اسلام لے آئی اور سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے نکاح میں آئی، پھر اس نے نہایت تضرع وزاری سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس کا آفتاب پرستی کا گناہ معاف کر دیا۔

# طلب مغفرت کا عمل

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا فَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ○ (سورۂ اعراف/۲۳)

اے ہمارے پروردگار ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر گر تو نہ بخشے ہم کو اور ہم پر رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور ضرور برباد ہو جائیں گے۔

ثبوت: یہ عمل حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، چنانچہ وہ قصہ اس طرح پر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو باغِ بہشت میں جگہ دے کر اجازت دی کہ بآرام و آسائش اس میں رہیں اور بافراغت کھائیں پئیں، مگر ان کی فرمانبرداری دیکھنے کو آزمانے کے لئے گیہوں کے درخت کے پاس جانے اور اس کے کھانے کی ممانعت کر دی گئی لیکن شیطان کے بہکانے سے دونوں نے درخت ممنوعہ کا پھل کھالیا اور اللہ تعالیٰ نے ناخوش ہو کر شیطان سمیت زمین پر اتار دیا ... ت آدم علیہ الصلاۃ والسلام مدتوں اس پر روتے رہے، آخر اللہ تعالیٰ نے رحم ... ان کو یہ دعا تعلیم دی اور انہوں نے حضورِ قلب کے ساتھ اس کو پڑھنا شروع کیا اللہ تعالیٰ نے اس کی وجہ سے انہیں معاف کر دیا۔

Marfat.com

# درخواست بیجا کے گناہ سے مغفرت چاہنے کا عمل

رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ وَاِلَّا تَغْفِرْلِیْ وَتَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ○

اے میرے پروردگار میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تجھ سے سوال کروں جس کا مجھے علم نہ ہو اور اگر تو نہ بخشے اور نہ رحم فرمائے مجھ پر تو میں ہوں جاؤں گا گھاٹا پانے والوں میں سے (سورہ ہود/ ۴۷)

ثبوت: یہ عمل حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے جس کی تفصیل اس طرح ہے کہ نوح علیہ الصلاۃ والسلام کا بیٹا کنعان ان کی فرمانبرداری سے باہر اور کافروں میں شامل تھا، یہاں تک کہ جب طوفانِ نوح آیا تو وہ باپ کی کشتی میں بھی نہیں بیٹھا، اور باپ نے بلایا تو کہا کہ میں تیر کر کسی پہاڑ کے سہارے جا لگوں گا لیکن نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے بمقتضائے محبتِ پدری اس کے حق میں دعا مانگی، تو اللہ تعالیٰ ناراض ہوا پس نوح علیہ الصلاۃ والسلام خلافِ رضائے الٰہی دعا کرنے سے نادم ہوئے، اور اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا۔

# دوسروں کے لئے طلب مغفرت کا عمل

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ○ (سورہ یوسف/۹۲)

اللہ تعالیٰ تمہیں بخشے گا اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔

ثبوت: یہ عمل حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ ان کو ان کے بھائیوں نے باپ کو دھوکا دے کر بستی سے باہر کسی اندھے کنویں میں ڈال دیا، ادھر سے کوئی قافلہ گذرا اور ان کو پانی کی ضرورت ہوئی تو انہوں نے اس کنویں میں ڈول لٹکایا، یوسف علیہ الصلاۃ والسلام ڈول میں بیٹھ کر باہر آ گئے ان کے بھائی ادھر ادھر

Marfat.com

بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے انہیں غلام بنا کر قافلہ والوں کے ہاتھ بیچ دیا پھر قافلہ والوں سے عزیزِ مصر نے خرید لیا، وہاں دربارِ شاہی میں یوسف علیہ الصلاۃ والسلام رہنے لگے اور رفتہ رفتہ وہاں کے بادشاہ ہو گئے ان دنوں مصر کے علاقہ میں بڑا سخت قحط پڑا اور ملکِ کنعان بھی قحط کی زد میں آ گیا، یوسف علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے ہاں غلہ پہلے سے بافراط فراہم کر رکھا تھا، اور اپنی رعیت کو سستے داموں دیا جاتا تھا، یہ خبر سن کر حضر یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کے بھائی بھی غلہ لینے کے لئے مصر میں آ گئے اور تیسری بار کی آمد میں یوسف علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے تئیں ان پر ظاہر کیا، گو اس وقت ان کے بھائیوں کو اپنی بدسلوکی یاد کر کے سخت ندامت ہوئی ہوگی، مگر یوسف علیہ الصلاۃ والسلام نے اعلیٰ درجہ کی فراخ دلی وحوصلگی ظاہر کی، اور بھائیوں کو ملامت تک بھی نہ کی، ورنہ اس وقت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام بااختیار تھے، جو چاہتے کر گذرتے، ہاں اگر کچھ کہا، تو یہ کہا یَغْفِرُ اللّٰہُ لَکُمْ یعنی اللہ تعالیٰ تمہارے قصور معاف کرے۔

## انجام بخیر ہونے کا عمل

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ (سورہ یوسف/۱۰۱)

اے میرے پروردگار تو نے دی مجھ کو بادشاہی اور مجھ کو سکھائی تعبیر کرنی خوابوں کی، اے پیدا کرنے والے آسمان اور زمین کے تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں مجھ کو موت دے اسلام پر اور ملا مجھ کو نیک بختوں میں۔

ثبوت: یہ عمل حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے کہ جب وہ عزیزِ مصر

Marfat.com

ہوئے، تو ان کی طبیعت دنیا سے سیر ہو گئی اور اللہ تعالیٰ سے ملنے کا شوق غالب آیا، تو انہوں نے یہ دعا مانگی اور یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کا انجام بخیر کیا۔

## (۲) برائے قضائے حاجات وحصول مراد اسم اعظم کا عمل

اسم اعظم (اللہ یا کوئی اور اسم)

**خاصیت:** اسم اعظم کی بابت مشہور ہے، کہ وہ اللہ تعالیٰ کا کوئی ایسا نام ہے کہ جب اس کو پڑھ کر بارگاہِ ربِ العالمین میں دعا کی جائے تو قبول ہو جاتی ہے، لیکن قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے کسی نام کی تخصیص نہیں پائی جاتی بلکہ اس امر کی تصریح ہے، کہ اگر کوئی ان ناموں میں سے کوئی نام لے کر مجھ سے کچھ مانگے تو میں اس کو عطا فرماتا ہوں، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

(۱) وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ○

اور اللہ کے سب ہی نام اچھے ہیں، تو اس کو ان ناموں سے پکارو (سورۃ اعراف/۱۸۰)

(۲) قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ○

کہہ دے کہ تم اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو جو کہہ کر پکارو گے، تو اس کے سارے نام اچھے ہیں (سورہ بنی اسرائیل/۱۱۰)

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کثرت سے پڑھے، لیکن ایک ہی جگہ اور ایک ہی وقت مقررہ پر خواہ صبح خواہ شام پڑھنا لازمی ہے۔

اسم اعظم کی تحقیق علیحدہ علیحدہ وضاحت سے لکھی گئی ہے جو اس سلسلہ کا

Marfat.com

چوتھا حصہ ہے (مولف)

# آیت کریمہ کا عمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْنَ○

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو پاک (بے عیب) ہے میں ظالموں میں سے ہوں (سورہ انبیاء/ ۸۷)

**خاصیت:** یہ عمل مشکل مہموں کو سر کرنے اور خطرناک بلیات و مصائب سے بچنے کے لئے سریع الاثر ہے۔

**ترکیب:** اس کو با طہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کثرت سے پڑھا جائے اگر جگہ اور وقت کی تعین کی پابندی کی جائے تو زیادہ مفید ہے۔

آیت کریمہ کے پڑھنے کی اور ترکیبیں بھی ہیں جو حصہ مشائخی عملیات میں وضاحت سے مرقوم ہیں (مولف)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام کا ہے، جب آپ مچھلی کے پیٹ میں تھے، تو اس وقت آپ نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس کی برکت سے جلد ان کی خلاصی ہوگئی، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح پر ہے:

وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ○

اور یاد کر مچھلی والے (یونس) کو جب وہ چل دیا غصہ ہو کر پھر سمجھا کہ ہم اس پر تنگی نہ کریں گے، پھر پکارا اندھیروں میں کہ کوئی معبود نہیں تیرے سوا تو بے عیب ہے

Marfat.com

میں ستمگاروں میں سے تھا ہم نے اس کی سن لی، اور غم سے نجات دی اور یوں ہی ہم ایمان والوں کو بچالیا کرتے ہیں۔ (سورۂ انبیاء/ ۸۷، ۸۸)

## قصہ یونس علیہ الصلاۃ والسلام

یونس علیہ الصلاۃ والسلام سے ان کی قوم نے کہا کہ اگر تم پانی سے آگ نکال کر دکھا دو اور اس آگ کو روشن کرو، تو البتہ ہم ایمان لے آئیں گے، چنانچہ یونس علیہ الصلاۃ والسلام نے ایسا کر دکھایا مگر وہ سنگ دل قوم پھر بھی ایمان نہ لائی، آپ نے رنجیدہ ہو کر اپنی قوم کو عذاب الٰہی سے ڈرایا اور آپ اپنی قوم سے علیحدہ ہو گئے، اور اپنے بیوی بچوں کو لے کر ملک روم کی طرف چل دیئے، راستے میں دریا دجلہ عبور کرنا پڑا، آپ نے بڑے بیٹے کو اٹھا کر دریا پار کرا دیا، لیکن جب چھوٹے بیٹے کو اٹھا کر دریا گذرنے لگے، تو دریا کے بیچ میں جا کر اتفاق سے بڑے بیٹے کی طرف نظر گئی دیکھا تو اس کو بھیڑیا اٹھا کر لے جا رہا ہے، یہ خوفناک منظر دیکھ کر یونس علیہ الصلاۃ و السلام سخت گھبرا گئے اور اس گھبراہٹ میں چھوٹا لڑکا کندھے سے گر کر ڈوب گیا، بامر مجبوری ان کو واپس آنا پڑا آ کر کیا دیکھتے ہیں، کہ بیوی وہاں نہیں ہے، دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اس کو کوئی ظالم بادشاہ لے گیا ہے، اس وقعہ سے نہایت مضطرب اور بے چین ہو گئے، حتیٰ کہ بے اختیاری میں آنسو نکل آئے، مگر چونکہ نبی تھے نہایت صبر و استقلال سے قدم آگے بڑھایا، حتیٰ کہ سمندر کے کنارے پر جا پہنچے، وہاں ایک جہاز تیار تھا، جہاز والوں نے یونس علیہ الصلاۃ والسلام کی حالت زار پر رحم کھا کر ان کو سوار کر لیا، ابھی جہاز تھوڑی ہی دور گیا تھا کہ ہوا کا سخت طوفان آیا اور جہاز کے غرق ہونے کا خطرہ ہو گیا۔ جہاز ران نے کہا کہ میرے تجربہ کی بات ہے کہ جب کوئی غلام اپنے مالک سے بھاگ کر سوار ہوتا ہے، تو عموماً جہاز طوفان میں پڑ جاتا ہے، یونس علیہ

Marfat.com

الصلاۃ والسلام نے یہ سن کر دل ہی دل میں کہا کہ میں ہی ایک ایسا غلام ہوں جو اپنے مالک و مولا کے حکم کے بغیر نکل کر بھاگا ہوں، آپ نے یہ بات سچ کہی، کیوں کہ قوم جب ان کے معجزے دکھانے پر ایمان نہ لائی، تو آپ کو جب اللہ تعالیٰ نے عذاب کی خبر دے دی تو آپ قوم کو خبر دے کر خفا ہو کر چلے آئے، لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابھی آپ کو حکمِ ہجرت نہیں ہوا تھا۔

الغرض آپ نے علی الاعلان کہہ دیا، کہ مجھے دریا میں ڈال دو تم میری وجہ سے کہاں غرق ہوتے ہو، مگر یونس علیہ الصلاۃ والسلام کی نورانی شکل دیکھ کر جہاز والوں کو یہ جرءت نہیں ہوتی تھی، کہ ان کو دریا میں پھینک دیا جائے، آخر الامر یہ قرار پایا کہ قرعہ ڈالا جائے، جس کے نام کا قرعہ نکلے گا اس کو دریا میں ڈال دیا جائے گا، چنانچہ قرعہ ڈالا گیا اور ہر دفعہ یونس علیہ الصلاۃ والسلام جس کا ہی نام نکلا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○ فَسَاهَمَ وَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ○

”جب بھاگ کر پہنچا بھری ہوئی کشتی پر پس قرعہ ڈالا تو وہی مغلوبوں میں سے ہوا،، آخر جہاز والوں کی ہمت نہ ہوئی کہ یونس علیہ الصلاۃ والسلام کو دریا میں ڈالیں تو آپ نے خود ہی آدھی رات کے وقت دریا میں چھلانگ لگا دی، اسی وقت ایک بڑی مچھلی نے آپ کو نگل لیا، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ○ (سورۃ والصفت/۱۴۰ تا ۱۴۲)

تو اس کو نگل لیا مچھلی نے اور وہ ملامت کرنے والا ہوا (سورۃ والصفت رکوع ۵)

یونس علیہ الصلاۃ والسلام اس وقت تین تاریکیوں میں مبتلا ہوئے، اول مچھلی کے شکم کی تاریکی میں، دوم دریا کے اندر کی تاریکی، سوم رات کی تاریکی۔

الغرض اللہ تعالیٰ نے مچھلی کو حکم دیا کہ یونس علیہ الصلاۃ والسلام کو لقمہ نہ بنانا

Marfat.com

بلکہ تیرا شکم ان کے لئے قید خانہ بنایا گیا ہے۔

اس قید خانہ سے مخلصی پانے کے لئے یونس علیہ الصلاۃ والسلام نے اس وظیفہ کو مچھلی کے شکم میں پڑھنا شروع کیا جب کہ اللہ تعالی فرماتا ہے:

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖۤ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ○ (سورۂ صافات/۱۴۴)

اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں نہ ہوتا تو مچھلی کے پیٹ میں اس دن تک رہتا کہ لوگ اٹھا کھڑے کئے جائیں گے، یعنی قیامت کے دن تک۔

پس اس وظیفہ کی برکت سے مچھلی نے چالیس یوم کے بعد یونس علیہ الصلاۃ والسلام کو دریا کے کنارے اگل دیا، اور صحیح وسلامت زندہ نکل آئے، جیسا کہ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے:

فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ ○

پھر ہم نے اس کو چٹیل میدان میں ڈال دیا۔ (سورۂ صافات/ ۱۴۵)

اس کے بعد یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے دونوں بیٹے اور بیوی بھی اس وظیفہ کی برکت سے زندہ اور صحیح وسلامت مل گئے جن کا قصہ مختصر طور پر یہ ہے، کہ ڈوبے ہوئے لڑکے کو تو ایک ملاح نے نکال کر پرورش کرلیا اور دوسرا لڑکا جس کو بھیڑیا لے گیا تھا، اس کو ایک کسان نے چھڑا کر پالا، اور بیوی جس کو ظالم بادشاہ لے گیا تھا، وہ بھی اس کے ظلم کے پنجے سے بچ گئی۔

# ۳) رزق، روزی، زراعت وتجارت کے اعمال

## حصول برکت کا عمل

رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○

اے میرے پروردگار! مجھ کو اتار برکت کا اتارنا، اور تو سب سے بہتر

Marfat.com

اتارنے والا ہے (سورۂ مومنون/۲۹)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب طوفان فرو ہوا اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری تو نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے اترتے وقت یہ وظیفہ پڑھا یا یہ دعا مانگنی شروع کی، اور اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت عطا فرمائی کہ زمین از سرِ نو آباد ہوگئی، جو مومن لوگ آپ کے ساتھ کشتی میں سوار ہوئے تھے، انہوں نے اپنی تعداد کے لحاظ سے سوق الثمانین نام کی ایک بستی آباد کی، مگر کچھ عرصہ کے بعد وہ سب کے سب ایک وبا میں وفات پاگئے، تو حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے صرف تین بیٹوں یعنی سام، حام اور یافث سے انسانی نسل چلی جن سے روئے زمین پر ہزاروں شہر آباد ہوگئے، یہی اس دعا کی قبولیت تھی۔

## طلبِ روزی کا عمل

ذیل میں طلبِ روزی کے دو عمل درج کئے جاتے ہیں، ان میں سے جس عمل کو چاہیں بکثرت پڑھا کریں، اگر اس کے ساتھ وقت اور جگہ بھی معین ہو، تو زیادہ بہتر ہے۔

(۱) رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ○

اے میرے پروردگار تو جو خیر میری طرف نازل فرمائے میں اس کا حاجت مند ہوں، (سورۂ قصص/۲۴)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے اس کا قصہ اس طرح پر ہے، کہ جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے قبطی کے قتل کے بعد مصر سے مدین جا کر دم لیا، جہاں فرعون کی حکومت نہ تھی، وہاں ان کے پاس زادِ راہ نہ تھا، اسی وقت آپ نے یہ وظیفہ (دعا) پڑھنا شروع کیا، تو اللہ تعالیٰ نے ان کو خزانۂ غیب سے روزی عطا

Marfat.com

فرمائی۔

## تفصیل قصہ

جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام فرعون کے خوف سے مدین کی طرف تشریف لے گئے تو دیکھا کہ کچھ لوگ اپنی بکریوں کو کنویں سے پانی پلا رہے ہیں، مگر دو حیادار لڑکیاں اپنی بکریوں کو الگ لئے کھڑی ہیں، تا کہ یہ لوگ چلے جائیں، تو پھر اپنی بکریوں کو پانی پلائیں جب وہ لوگ چلے گئے، تو خود حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے ازراہِ ترحم پانی کھینچ کر ان کی بکریوں کو پانی پلا دیا، اور وہ اپنے گھر چلی گئیں اس وقت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام بہت بھوک کی حالت میں اور بے ساز و سامان تھے، چنانچہ وہ اس جگہ سے ذرا فاصلہ پر جا کر سایہ میں بیٹھ کر مذکورہ دعاء کرنے لگے، ادھر تو موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام یہ دعا کر ہی رہے تھے کہ بارگاہِ ایزدی میں اس کی قبولیت کے سامان ہونے لگے، یعنی وہ دونوں لڑکیاں جو حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام کی بیٹیاں تھیں اپنی بکریوں کو لے کو چلیں تو دوسرے لوگوں سے اور معمول سے پہلے اپنے گھر پہنچ گئیں حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام نے پوچھا آج کیا سبب ہے کہ تم سب سے پہلے اتنی جلدی اپنی بکریوں کو پانی پلالائیں، انہوں نے کہا، ابا جان آج ایک نیک بندہ وہاں آ گیا تھا، اس نے پانی نکال کر ہماری بکریوں کو پلا دیا، حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام نے ان میں سے ایک لڑکی کو کہا، تم اس نیک کو بلا لاؤ، غرض حضرتِ موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام شعیب علیہ الصلاۃ والسلام کے گھر گئے، کھانا کھایا پناہ پائی امن وعافیت سے دن بسر کئے اور حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام کی دامادی کے ساتھ ممتاز ہوئے، اور یہی اس دعا کی قبولیت تھی۔

(۲) اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا

Marfat.com

وَآخِرِنَا آيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ ○

اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے ایک دستر خوان اتار کہ وہ دن عید قرار پائے ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لئے اور تیری طرف سے نشانی ہو اور ہم کو روزی دے اور تو ہی سب سے بہتر روزی دینے والا ہے (سورۂ مائدہ/۱۱۴)

**ثبوت:** یہ عمل عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے کہ انہوں نے اپنی امت سے اپنی پیغمبری تسلیم کرانے کے لئے اللہ تعالیٰ سے ایک دستر خوان اتارنے کی درخواست کی تھی، کیونکہ آپ سے آپ کے حواریوں نے درخواست کی تھی جس طرح حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی امت کے لئے من وسلوی اترا کرتا تھا، اللہ تعالیٰ نے اس وظیفہ کی برکت سے ان کی دعا پوری کردی۔

## دسترخوانِ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام

حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر ایمان لانے والے لوگ حواری کہلاتے تھے، جو تعداد میں دس تھے، ان لوگوں نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے سوال کیا، کہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لئے ایک دستر خوان طعام کا نازل فرمائے، حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا تم لوگوں کو ایسا سوال کرنے سے ڈرنا چاہئے، انہوں نے عرض کیا ہم نے یہ سوال اس لئے کیا ہے تاکہ اس معجزے کے ظہور سے ہم کو خداوند تعالیٰ کی قدرت آپ کی رسالت کا یقین ہو جائے، اور ہم دوسرے بنی اسرئیل کے سامنے آپ کی سچائی کی گواہی دے سکیں، تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے غسل کیا موٹا چھوٹا لباس پہنا اور دو رکعت نفل پڑھ کر سر بگریبان ہو کر مذکورہ دعا کرنے لگے، حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے اس فعل سے اعمال وادعیہ کے آداب کا بھی پتہ چلتا ہے، کہ پہلے غسل کرنا لباس بدلنا نفل پڑھنا اور پھر خشوع

Marfat.com

وخضوع کے ساتھ دعا کرنا چاہئے، غرض دعا قبول ہوئی، فرشتے آسمان سے ایک دستر خوان لائے، جس میں سات روٹیاں اور سات بھنی ہوئی مچھلیاں، کچھ نمک سرکہ اور کئی قسم کے سالن ساگ تھے، اور ایک روٹی پر زیتون، دوسری پر شہد تیسری پر گھی، چوتھی پر پنیر پانچویں پر کباب تھے، تمام جماعت نے اس خوان سے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا، یہ دستر خوان مدت تک برابر نازل ہوتا رہا، لوگوں کو حکم تھا کہ اس خوان سے جس قدر کھا سکو کھاؤ باقی خیرات کر دو، اس میں سے کوئی چیز چرا کر گھر نہ لے جاؤ نہ ذخیرہ رکھو لوگوں کی گرسنہ چشمی اور حرص ان کو کب باز رکھتی تھی، ان طعاموں میں سے تھوڑا بہت چرانے اور گھر لے جانے لگے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس دستر خوان کا اترنا بند ہو گیا اور ان نافرمان لوگوں پر عذاب الٰہی نازل ہوا۔

## (۳) کشائش رزق کا عمل

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ...... ؕ (سورہ بقرہ/۱۲۶)

خداوندا بنا اس شہر کو امن والا اس شہر کے رہنے والوں کو پھلوں سے روزی عطا فرما، ان لوگوں کو جو ان میں سے ایمان لائیں اللہ اور روز آخرت پر۔

**ثبوت:** یہ عمل حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اپنی بیوی ہاجرہ اور ان کے فرزند اسمعیل علیہ الصلاۃ والسلام کو جہاں اب شہر مکہ آباد ہے لا کر بسایا، اور یہاں انہوں نے خانہ کعبہ کی بنیاد رکھی، اور شہر والوں کے حق میں آپ نے یہ دعا مانگی، اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح پر ہے۔

Marfat.com

# حضرت اسمعیل اور ان کی ماں ہاجرہ کا مکہ میں آباد ہونا

اوپر بیان ہو چکا کہ حضرت ابراہیم کی دو بیویاں تھی، ایک بی بی ہاجرہ دوسری بی بی سارہ، بی بی ہاجرہ سے حضرت اسمعیل اور بی بی سارہ سے حضرت اسحاق پیدا ہوئے، کچھ مدت بعد دونوں بیبیوں میں نا اتفاقی ہوئی، تو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ و السلام حضرت جبرئیل کی رہبری کے موافق حضرت حاجرہ اور حضرت اسمعیل کو ملک حجاز کی طرف لے گئے، اور اس میدان میں جا کر اترے، جہاں اب چاہِ زم زم ہے، اس وقت حضرت جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ سے کہا کہ خدا کا حکم یہ ہے کہ ان دونوں کو اس میدان میں چھوڑو، اور تم اپنے گھر کو واپس جاؤ حضرت ابراہیم کو اپنے بچے اور بیوی کی جدائی کا بہت رنج ہوا، مگر خدا کی رضا پر راضی ہو گئے اس بے آب و گیاہ جنگل میں ایک خاتون اور اس کے صغر سن بچے کا گزارہ بظاہر سخت مشکل تھا، مگر خدا کی قدرت سے اس جگہ چاہِ زمزم نمودار ہو گیا اور یمن کے ایک قبیلے کے لوگ جس کا نام جرہم تھا چشمہ جاری دیکھ کر وہاں اتر پڑے اور حضرت ہاجرہ کی اجازت سے وہیں رہنے لگے اس قبیلے کے ایک سردار نے اپنی بیٹی حضرت اسمعیل کے نکاح میں دے دی، مدت کے بعد حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام ان دونوں کی خبر گیری کے لئے تشریف لائے تو بیٹے کو جوان اور کامران پایا، باپ بیٹے نے مل کر خانہ کعبہ تعمیر کیا، پھر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اس بستی کے رہنے والوں کے لئے جس کا نام مکہ مشہور ہو گیا تھا مذکورہ دعا کی الٰہی اس خشک اور سنگلاخ وادی کے رہنے والوں کو رزق و روزی وافر عطا فرما چنانچہ ہزار ہا سال سے اس بابرکت دعا کا یہ ظہور ہے کہ آج تک شہر مکہ ایک عالَم کی زیارت گاہ اور اس کے بازار دنیا جہاں کی نعمتوں کی تجارت گاہ ہیں۔

Marfat.com

# (۴) حصول اولاد کے اعمال

ذیل کے اعمال میں سے کسی عمل کو حصولِ اولاد کے لئے باطہارت کاملہ بکثرت بلاناغہ پڑھا جائے اگر اس کے ساتھ وقت اور جگہ کو متعین کرلیا جائے تو زیادہ اچھا ہے۔

## عمل

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اے میرے پروردگار! مجھ کو عطا فرما نیک بخت بیٹا (سورۂ صافات/۱۰۰)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ انہوں نے فرزند کے پیدا ہونے کے لئے یہ دعا مانگی تھی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبول فرما کر ان کو فرزند نرینہ اسمٰعیل علیہ الصلاۃ والسلام عطا فرمایا چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح پر ہے۔

## حضرت اسمٰعیل کی ولادت باسعادت

حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے گھر مدت تک کوئی اولاد نہ ہوئی تھی، حتیٰ کہ آپ بوڑھے ہو گئے، آپ کی بڑی بیوی بھی جن کا نام سارہ تھا بانجھ تھی اس لئے اولاد پیدا ہونے کی طرف سے مایوسی کے آثار نمایاں تھے، چھوٹی بیوی جن کا نام ہاجرہ تھا، اگرچہ جوان تھیں مگر بڑی بیوی سارہ کے اقتدار وقوت کی وجہ سے ان کو شوہر عالی قدر کی صحبت میں حاضر ہونے کا موقع نہ ملتا تھا، مگر جب سارہ نے دیکھا کہ حضرت ابراہیم بار بار یہ دعا کرتے ہیں:

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصَّالِحِيْنَ ○ (سورۂ صافات/۱۰۰)

Marfat.com

اور آپ کا دل اولاد کی نہایت تمنا بھی رکھتا ہے، ادھر بارگاہِ ایزدی میں دعا بھی قبول ہوگئی تھی، تو قدرتِ حق سے حضرت سارہ کے دل میں ایک رحمت ورافت کا جذبہ پیدا ہوا اور انہوں نے حضرت ہاجرہ کو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت وصحبت میں حاضر ہونے کا موقع بخشا، چنانچہ حضرت ہاجرہ سے اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام پیدا ہوئے اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے یوں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَی الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ○ (سورۂ ابراہیم/۳۹)

عمل: رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ○

اے میرے پروردگار مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے (سورہ انبیاء/۸۹)

**ثبوت:** یہ عمل زکریا علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، جن کے قصہ کی تفصیل یہ ہے

## حضرت یحییٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش

جب حضرت زکریا علیہ الصلاۃ والسلام کی عمر ایک سو بیس سال ہوگئی، اور آپ کے ہاں کوئی فرزند نہ ہوا تو آپ ایک دن حضرت مریم علیہا الصلٰة والسلام کی خدمت اقدس میں تشریف فرما ہوئے کیا دیکھتے ہیں کہ ان کے پاس بے موسم کے پھل وغیرہ پڑے ہوئے ہیں تعجب سے پوچھنے لگے:

یٰمَرْیَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا؟

یعنی اے مریم یہ تیرے لئے کہاں سے آیا؟

قالت (مریم علیها الصلاۃ والسلام) هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ

Marfat.com

یعنی یہ اللہ کے ہاں سے

اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

بے شک اللہ تعالیٰ روزی دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بغیر حساب (سورہ آل عمران/ ۳۷)

زکریا علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ سن کر قدرتِ الٰہی کا بڑا اثر ہوا، اور سوچنے لگے، کہ جب وہ خدا بے وقت اور بے فصل میوے اور پھل پیدا کرسکتا ہے، تو کچھ کیا عجب ہے کہ میرے جیسے بوڑھے کو بھی بے وقت اولاد کے پھل سے سرسبز وشاداب کرے اسی وقت بدرگاہِ ربّ العالمین میں یوں دعا مانگنی شروع کی، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ○

اور یاد کرز کریا کو جب اس نے پکارا اپنے پروردگار کو کہ اے میرے رب! مجھے نہ چھوڑ اکیلا، اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔ (سورۂ انبیاء/ ۸۹)

اللہ تعالیٰ نے آپ کی یہ دعا قبول فرمائی اور تھوڑے ہی دنوں کے بعد ایک فرزند نرینہ عطا فرمایا چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ○

تو ہم نے اس کی سن لی اور اس کو عطا کیا یحییٰ اور بھلا چنگا کر دیا اس کے لئے اس کی بیوی کو (سورۂ انبیاء/ ۹۰)

یحییٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا نام اللہ تعالیٰ نے خود رکھا تھا کیوں کہ اس سے پہلے اور کسی شخص کا نام یحییٰ نہ تھا، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨاسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ○

Marfat.com

ہم نے کہا اے زکریا ہم تجھے خوشخبری سناتے ہیں ایک لڑکے کی جس کا نام یحییٰ ہے ہم نے نہیں کیا اس سے پہلے اس نام کا کوئی اور (سورہ مریم/ ۷)

زکریا علیہ الصلاۃ والسلام کی اس دعا کا ذکر قرآن مجید میں تین مقامات پر آیا ہے چنانچہ۔

(۱) رَبِّ اِنِّیْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا وَلَمْ اَكُنْ بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِیًّا ○ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآئِیْ وَكَانَتِ امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا ○ یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ○ (سورہ مریم/ ۴ تا ۶)

(۲) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَاءِ ○

اے میرے پروردگار! عطا فرما مجھ کو اپنی جناب سے اولاد نیک، بے شک تو ہی دعا کا سننے والا ہے (آل عمران/ ۳۸)

(۳) رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ○

اے میرے پروردگار مجھے نہ چھوڑ اکیلا اور تو سب سے بہتر وارث ہے (انبیاء/ ۸۹)

صوفیائے کرام آخری دعاء کو ہی بالعموم پڑھنے اور عمل میں لانے کے لئے ارشاد فرماتے ہیں، کیوں کہ اس دعاء کے بعد قبولیت کے وعدے کی تصریح موجود ہے

## (۱۵) دشمنوں پر غلبہ

دشمنوں ظالموں اور کافروں کی شر سے محفوظ رہنے ان پر فتح پانے اور ان کی تباہی کے اعمال،

ذیل کے تمام اعمال دشمنانِ اسلام اور اعدائے مسلمین کے شر سے محفوظ

Marfat.com

رہنے کے لئے ہیں ان میں سے جو عمل مناسب حال ہو، اس کو روزانہ بطہارت کاملہ بلاناغہ پڑھنا چاہئے، اگر جگہ اور وقت کی تعین کرلیں، تو زیادہ مؤثر ہوگا۔

## (۱) دشمن، کافر، منکر کے ظلم سے محفوظ رہنے کا عمل

(۱) رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَ عَمَلِهٖ وَ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○

اے میرے پروردگار بنا میرے لئے اپنے پاس ایک گھر جنت میں اور مجھ کو نجات دے فرعون اور اس کے کرتوت سے، اور مجھے نجات دے ظالم لوگوں سے (تحریم/۱۱)

**ثبوت:** یہ عمل فرعون کی بیوی آسیہ کا مجرب ہے، چنانچہ یہ قصہ اس طرح سے ہے، فرعون ملعون تو خدا ہونے کا مدعی تھا لیکن اس کی بیوی آسیہ مومنہ تھی، اور اسی نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی پرورش کی تھی کہ جن دنوں موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام پیدا ہوئے اس سے پہلے فرعون نے منادی کروا رکھی تھی کہ بنی اسرائیل میں جو لڑکا پیدا ہو اس کو فوراً قتل کرڈالو، جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پیدا ہوئے تو ان کی والدہ کو بڑا تردد ہوا، لیکن انہوں نے اللہ کے حکم سے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو ایک صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں بہادیا، دریائے نیل کی ایک نہر فرعون کے محل میں جاتی تھی، صندوق بہتے بہتے محل میں آ اٹکا، آسیہ نے نکلوایا، تو موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام برآمد ہوئے اس نے ترس کھا کر اس کو بیٹے کی طرح پرورش کیا، آسیہ اپنے شوہر فرعون کی خدائی کی قائل نہ تھی، اس لئے میاں بیوی میں اکثر نہ چاقی رہتی تھی، جس کے باعث فرعون کے ہاتھوں آسیہ کو ایذا پہنچتی تھی، اور وہ خدا پرست بی بی فرعون کے پنجۂ ظلم سے نجات پانے کے لئے یہ وظیفہ پڑھا کرتی تھی، جس کی برکت

Marfat.com

سے اللہ تعالیٰ نے اس کو ظالم کے پنجہ سے رہائی بخشی۔

(۲) رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا، وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا○ (سورہ نساء/۷۵)

اے ہمارے پروردگار! ہم کو نکال اس بستی سے جس کے رہنے والے ظلم کر رہے ہیں اور بنا ہمارے لئے اپنی طرف سے کوئی حمایتی اور اپنی طرف سے مددگار۔

**ثبوت:** یہ عمل ابتدائے اسلام کے غریب مسلمانوں کا مجرب ہے، جو مشرکین مکہ کے نرغے میں تھے، اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کو رہائی اور نجات بخشی جس کی تفصیل اس طرح سے ہے:

## صحابہ کرام کا وظیفہ

جب کفار مکہ کی ایذا رسانی مسلمانوں کے خلاف حد سے افزوں ہوگئی تو خداوند تعالیٰ کی طرف سے ان کو مدینے کی طرف ہجرت کو جانے کا حکم ہوا، جو لوگ صاحب قدرت اور طاقت ور تھے، وہ یکے بعد دیگرے ہجرت کرتے جاتے تھے، مگر جو غریب اور مجبور تھے، کفار کے ظلم وستم ان مسلمانوں پر اس شدت کے ساتھ تھے، کہ ہجرت کی بشارت ان کے لئے گویا ایک تازہ پیغام زندگی تھی، اور اس نعمت کو ہر قیمت پر خریدنے کو تیار تھے، حضرت صہیب رومی جب مدینے کو عازم ہوئے تو ان کے پاس ساٹھ ہزار درہم تھے اہل مکہ نے ان کو روک لیا اور کہا کہ تم جب روم سے مکہ آئے تھے، تو مفلس اور تنگدست تھے، مکہ میں آکر یہ سارا مال کمایا ہے لہٰذا تم یہ مال مکہ سے باہر نہیں لے جاسکتے؟

صہیب نے کہا: مجھے مال کی ضرورت نہیں، یہ کہہ کر سارے درہم ان کے سامنے ڈھیر کر دئے، اور ہاتھ جھاڑ کر مدینے کی راہ لی، ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی

Marfat.com

بیوی بچے سمیت اونٹ پر سوار ہو کر روانہ ہونے لگے، تو ان کے سسرال والوں نے مہار پکڑلی اور کہا تم جاسکتے ہو، مگر ہماری لڑکی کو نہیں لے جاسکتے، پھر خود ان کے اپنے اہل خاندان آئے اور کہا تم ہمارے بچے کو نہیں لے جاسکتے آپ جاسکتے ہو، ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیوی اور بچے کو وہیں چھوڑا اور اکیلے مدینے کی طرف چل پڑے مگر بہت سے غریب اور مفلس الحال مسلمان ایسے بھی تھے جن کے پاس نہ سواری تھی نہ زادِ راہ تھا، نہ وہ مشرکوں کے پنجے سے نکلنے کی طاقت رکھتے تھے، انہی کے بارہ میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَ الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَامِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا○

کمزور مرد عورتیں اور بچے جو یہ کہتے ہیں کہ اے خدا ہم کو اس شہر سے نکال کہ یہاں کے لوگ ظالم ہیں۔ (سورۃ نساء/۷۵)

اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا قبول فرمائی ظالموں کے پنجہ ستم سے ان کو نجات بخشی بلکہ مکہ کو کفر و شرک کی آلائش سے پاک کر دیا۔

(۳) رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ○

اے میرے پروردگار مجھ کو نجات دے ان ظالم لوگوں سے (سورۃ قصص/۲۱)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب انہوں نے شہر مصر میں ایک قبطی کو اپنی قوم بنی اسرائیل کے ایک غریب آدمی پر ظلم کرتے دیکھا، تو بہ تقاضائے عصبیت آپ کو جوش آ گیا، ایک مکا اس قبطی کے اس زور سے رسید کیا کہ وہ اسی لمحہ مرگیا، حکمران قوم کے ایک آدمی کا قتل سنگین واقعہ تھا حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام قانونی داروگیر سے الگ ہو گئے، اور ہر طرف ان کی تلاش ہونے لگی،

Marfat.com

اس وقت انہوں نے یہ دعا کی چنانچہ بارگاہِ ایزدی میں ان کی دعاء قبول ہوئی اور اللہ تعالی نے اپنے فضل سے ان کو شہر مدین حضرتِ شعیب علیہ الصلاۃ والسلام کے گھر میں پناہ بخشی جنہوں نے یہ بشارت ان کو دی:

لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ○

نہ ڈر تو نے ظالم قوم سے نجات پالی۔ (سورۂ قصص/ ۲۵)

(۴) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ○

اے ہمارے پروردگار ہمیں آزمائش نہ بنا اس ظالم قوم کی اور ہم کو چھڑا اپنی رحمت سے کافر لوگوں کے پنجے سے (سورۂ یونس/ ۸۵)

**ثبوت:** یہ عمل بنی اسرائیل کا مجرب ہے کہ جب اللہ تعالی نے ان کو فرعون اور اس کی قوم سے نجات دینی چاہی تو حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے انہیں نجات کی خوشخبری دینی شروع کی اور ان کو یہ وظیفہ پڑھنے کا حکم دیا، چنانچہ بنی اسرائیل نے حضور قلب سے اس کو پڑھنا شروع کیا جس کی برکت سے اللہ تعالی نے ان کو نجات دی اور فرعون کو غرق کیا۔

(۵) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ○

اے ہمارے پروردگار ہم پر زور نہ آزما کافروں کا اور ہم کو معاف کر، اے ہمارے پروردگار بے شک تو زبردست حکمت والا ہے (سورۂ ممتحنہ رکوع ا پارہ ۲۹، آیت ۵)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب ان کو کفار نے تکلیف اور ایذا دینی شروع کی تو انہوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس کی

Marfat.com

برکت سے اللہ تعالی نے ان کو مخلصی عطا فرمائی اس قصہ کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

## حضرت ابراہیم کا حال

جب حضرتِ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نبوت کے منصبِ جلیلہ پر سرفراز ہوئے، تو اس وقت نمرود کافر بادشاہ تھا، جو خود خدائی کا مدعی تھا، اس کی قوم بتوں کو پوجتی تھی، اور بادشاہ کو بھی خدا سمجھ کر سجدہ کرتی تھی، خود حضرتِ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے چچا کافر اور بت تراش تھے، حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے پہلے اپنے چچا کو سمجھایا، مگر اسے کچھ اثر نہ ہوا پھر دوسرے لوگوں کو ہدایت کرنی شروع کی، ہوتے ہوتے چرچا نمرود تک پہنچا، تو وہ اس نئی تحریک سے بہت برہم ہوا اور اس نے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو بلا بھیجا، نمرود کے دربار کا دستور تھا کہ جب کوئی شخص بادشاہ کے سامنے جاتا تو سجدہ کرتا، مگر آپ نے اس کے آگے سجدہ نہ کیا، اور کہا "میں اپنے پروردگار کے سوا کسی کو سجدہ نہیں کرتا" ان کی تقریر سن کر بہت سے لوگ ایمان لائے۔

ایک روز کا ذکر ہے کہ سب کافر بت خانے خالی کر کے کہیں چلے گئے تھے، آپ نے موقع پا کر ان کے بتوں کو توڑ ڈالا، اور جو سب سے بڑا بت تھا اسے بچا کر اس کے گلے میں ایک تبر ڈال دیا جب لوگ بت خانے میں آئے، تو یہ حال دیکھ کر نہایت گھبرائے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پر تو پہلے ہی سے شبہ تھا ان سے پوچھا کہ، یہ کاروائی کس کی ہے؟ انہوں نے فرمایا:

اپنے بڑے بت سے پوچھ لو اسی کی کاروائی ہوگی، لوگ اس حجت سے اور بھی ناراض، ہوئے اور سب نے نمرود کے پاس جا کر فریاد کی کہ ہمارے بت خانے کی حرمت ابراہیم نے برباد کر دی، نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو بلا کر

Marfat.com

ان کے قید کئے جانے کا حکم دیا، ان پر بڑی سختی اور ظلم کیا، پھر ان کو ایک بہت بڑے گڑھے میں آگ جلا کر اس میں ڈلوا دیا، مگر خدا تعالی کی قدرت سے وہ آگ گلزار ہوگئی، اور فرشتوں نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا بازو پکڑ کر نہایت تعظیم کے ساتھ ایک تخت پر بٹھا دیا اور بہشت سے خلعت فاخرہ لا کر پہنا دی۔

جب نمرود نے یہ حال دیکھا اور نہایت حیران ہوا اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام سے اس کا سبب پوچھا آپ نے فرمایا:

یہ خدا تعالی کی قدرت کا ادنی کرشمہ ہے تو بھی ایمان لا، مگر کفر و شرک سے باز نہ آیا، آخر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی دعاء سے اس پر عذابِ الٰہی نازل ہوا، یعنی اللہ تعالی نے اس پر مچھروں کی فوج کو مسلط کر دیا، جس نے تمام کافروں کو گھیر لیا مچھر جس شخص پر حملہ کرتے تھے اس کے بدن میں گوشت کی بوٹی اور لہو کی بوند تک نہ چھوڑتے تھے اس آفت سے ہزاروں آدمی اور جانور مر گئے، ایک مچھر نمرود کے مغز میں چڑھ گیا جس کے سبب سے اس کا عیش و آرام جاتا رہا، آخر چالیس روز تک بڑی تکلیف میں مبتلاء ہو کر واصل جہنم ہوا۔

## سیدنا ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدین کا ایمان

(یہ بیان بھی اصل کتاب میں نہ تھا ضرورتِ قارئین کے لئے زیادہ کرنا پڑا)

کچھ لوگوں میں یہ مسئلہ بڑا واضح ہے کچھ لوگ اسے سمجھ نہ سکے اور گمراہیکا شکار ہو گئے، اس پر دلائل بہت ہیں: مثلا

مفتی اعظم مہاراشٹ شمس العلماء حضرت علامہ مفتی غلام مجتبی صاحب اشرفی دامت برکاتہم کا تحقیقی مقالہ:

مبسملا و حامدا اور مصلیا و مسلما○

Marfat.com

(۱) حضرت سیدنا آ ‍ ‍م علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی روئے زمین پر تشریف آوری کے تقریبا سوا تین ہزار سال بعد نمرود بن کنعان بن کوش بن سام کے دور پر رتن میں ابوالانبیاء حضرت سیدنا ابراہیم علی نبینا علیہ الصلاۃ والسلام کی ولادت ماہ ذی الحجہ میں ہوئی، خاتم الانبیاء حضور سیدنا ومولینا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سلسلۂ نسب مبارک تقریبا ۲۹ واسطوں سے ان تک پہنچتا ہے، اور ہو حضور کے اجداد میں شامل ہیں۔

(۲) حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے والد کون تھے؟ اس سلسلہ میں مفسرین مورخین، اصحاب سیر، نسابین اور اہل نعت کے اقوال مختلف ہیں، یہ عظیم اختلاف بلحاظ امتداد زمانہ وطول مدت ناگزیر بھی تھا، بالخصوص ایسی صورت میں جبکہ بقول بعض مورخین نمرود کو بعض کاہنوں نے خبر دی تھی کہ ایسا شخص پیدا ہونے والا ہے، جو دین شاہی کا مخالف ہوگا، بتوں کو توڑ دے گا، نمرود نے یہ سن کر لڑکوں کو قتل کرنے کا حکم عام دے دیا تھا، جب ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی ولادت کا زمانہ قریب آیا تو آہ کی والدہ نے ایک غار میں جا کر وضع حمل کیا اور اسی غار میں پرورش پاتے رہے، آپ کی والدہ روزانہ وہاں آ کر دودھ پلایا کرتی تھی، آپ کی ولادت کا حال آپ کے والد سے پوشیدہ تھا، یا معلوم تھا، لیکن نمرود کے خوف سے پوشیدہ رکھا، حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام ایک دن میں اس قدر بڑھتے تھے جس قدر اور لڑکے ایک ماہ میں نشو نما پاتے ہیں، تھوڑے ہی دنوں میں آپ جوانی کے قریب پہنچ گئے، اور اس کے بعد ہی اپنے باپ کے ساتھ شام کے وقت غا سے نکل کر آبادی میں تشریف لائے۔ (مرآۃ الانساب)

ایسی صورت میں یہ ظاہر ہے کہ نمرود جیسا ظالم حکمران کے پر آشوب دور میں حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے والدین کے نام بھی پوشیدہ رکھے گئے

Marfat.com

ہوں گے، اور عام لوگوں پر یہ ظاہر نہ ہوگا، کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے والدین کون تھے؟ جس طرح حضرت سیدنا موسی کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کی پرورش فرعون کے گھر میں ہوئی لیکن ان کے والدین کے نام دور فرعون میں طویل مدت تک پوشیدہ رہے، ان کی والدہ کے نام میں آج بھی شدید اختلاف موجود ہے۔

(۳) یہی وجہ ہے کہ بعض نے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے والد کا نام آزر بتادیا، بعض نے کہا مورخین ونسابین کے نزدیک ان کے والد تارخ تھے، بعض نے کہا کہ نسابین کا اجماع ہے کہ والکد کا نام تارخ تھا، بعف نے کہا دو نام ہو سکتے ہیں، ہوسکتا ہے کہ اصلی نام تارخ ہو اور لقب آزر ہو، یا اصلی نام آزر ہو اور تارخ لقب بعض نے کہا آزر بت کا نام تھا، بجاری کو اسی نام سے موسوم کیا گیا، بعض نے کہا کہ آزر نہ تو باپ کا نام تھا اور نہ بت کا نام بلکہ آزر کا معنی کج رو، خطا کار ہے، حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے پجاری کو اس کی اہانت کے طور پر اس وصف سے خطاب کیا، بعض اصحاب تحقیق نے کہا کہ والد کا نام تارخ تھا، اور آزر چچا تھا، نہ کہ والد، ان اختلافات کا حاصل یہ ہے کہ والد کا نام تارح یا تارخ تھا، اور آزر یا تو ان کا ہی دوسرا نام تھا، یا دوسرا شخص ہے، جو ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا چچا تھا۔

(۴) جب اختلاف اقوال کا یہ عالم ہے تو کوئی بھی پڑھا لکھا شخص کسی بھی ایک قول سے متعلق دو چار دس کتابوں کے حوالہ جات نقل کر کے یہ کہہ سکتا ہے کہ میرے نزدیک یہ قول راجح ہے یہی حق ہے، لیکن اہل فہم پر حیاں ہے کہ محض حوالہ جات نقل کر دینے کے بعد راجح بتا دینے سے اس قول کا حق ہونا ثابت نہ ہوگا، کیوں کہ دوسرے قول پر بھی حوالہ جست مل جائیں گے، تو کیا سارے متضاد اقوال کو حق کہہ دیا جائے گا؟ ہرگز نہیں! یہ کوئی حکم فقہی عملی نہیں کہ مجتہدین کے اختلافات کے باوجود اپنے اپنے عمل کے لئے ہر ایک قول کو حق اور واجب العمل کہا جائیگا، بلکہ یہ تو ایک واقعہ کی تحقیق

Marfat.com

ہے کہ آزر چچا تھا یا والد؟ یہاں دو باتوں میں ایک ہی حق ہوسکتی ہے، دونوں باتوں کو حق نہیں کہا جاسکتا، الحاصل محض حوالہ جات کی نقل سے مدعی ثابت نہ ہو، بلکہ کثرت اقوال بھی بلا دلیل وجہ ترجیح نہیں، ہاں نقل اقوال کے ساتھ اگر قوت دلیل بھی شامل ہے تو بلاشبہ وہی راجح اور حق ہے، خواہ کثرت اقوال، رمشتمل ہو یا قلت اقوال پر۔

## انبیاء سابقین اور راقم

سابقہ کے دور سے متعلق اختلافی واقعات کی تحقیق کے لئے ہمارے پاس وحی الٰہی یعنی قرآن وحدیث سے بڑھ کر کوئی بھی معیار ترجیح وتحقیق نہیں ہوسکتی، لہٰذا ہمارا یہ ایمانی فریضہ ہے کہ ہم قرآن وحدیث کی روشنی میں تحقیق کریں، کہ آزر ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا چچا تھا یا والد؟ کثرت اقوال یا کلت اقوال کو معیار ترجیح نہ قراردیں﴾ کثرت اقوال بھی ایک دوسرے کی تقلید پر مبنی ہوتی ہیجو لائق توجہ نہں ہوتی نہایت ہی سنجیدگی اور دیانت کے ساتھ غور کریں کہ حق اور راجح کیا ہے؟ ملاحظہ ہو۔

(۵) (الف) حضرت امیر المومنین مولی المسلمین سیدنا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی حدیث صحیح میں ہے:

لَمْ يَزَلْ عَلٰى وَجْهِ الدَّهْرِ سَبْعَةٌ مُّسْلِمٍ وَ فَصَاعِدًا فَلَوْلَا ذٰلِكَ هَلَكَتِ الْاَرْضُ وَ مَنْ عَلَيْهَا

روئے زمین پر ہر زمانہ میں کم سے کم سات مسلمان ضرور رہے ہیں، ایسا نہ ہوتا تو زمین واہل زمین سب ہلاک ہوجاتے۔

اخرجہ عبدالرزاق وابن المنذر بسند صحیح علی شرط الشیخین (شمول والا سلام)

(ب) قرآن کریم میں ہے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے:

Marfat.com

وَلَعَبۡدٌ مُّؤۡمِنٌ خَيۡرٌ مِّنۡ مُّشۡرِكٍ

بے شک مسلمان غلام بہتر ہے مشرک سے۔(سورۂ بقرہ/۲۲۱)

نیز خداوند قدوس کا ارشاد ہے:

اِنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ وَالۡمُشۡرِكِيۡنَ فِىۡ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِيۡنَ فِيۡهَا اُولٰٓئِكَ هُمۡ شَرُّ الۡبَرِيَّةِ ○ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمۡ خَيۡرُ الۡبَرِيَّةِ ○

بے شک کافر کتابی اور مشرک جہنم کی آگ میں ہیں، ہمیشہ اسی میں رہیں گے وہ سارے جہاں سے بدتر ہیں، بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ سارے جہان سے بہتر ہیں۔(سورۂ بینہ/۶،۷)

**فائدہ:** (۶) وَاُفَوِّضُ اَمۡرِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ○

اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو بے شک اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے(سورۂ مومنون/۴۴)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت حزقیل علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب وہ فرعون کے شر اور ایذاء میں مبتلاء ہونے لگے، تو انہوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا اللہ تعالی نے اس وظیفہ کی برکت سے ان کو بچالیا، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح ہے۔

جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے فرعون کو دعوتِ اسلام دی تو وہ بجائے ایمان لانے کے ان کے قتل کے درپے ہوگیا، چنانچہ اللہ تعالی نے سورۂ مومن رکوع ۳/آیت ۲۶،۲۷ میں ارشاد فرمایا:

وَقَالَ فِرۡعَوۡنُ ذَرُوۡنِىۡۤ اَقۡتُلۡ مُوۡسٰى وَلۡيَدۡعُ رَبَّهٗ ۚ...... ○ وَقَالَ مُوۡسٰۤى اِنِّىۡ عُذۡتُ بِرَبِّىۡ وَرَبِّكُمۡ مِّنۡ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤۡمِنُ بِيَوۡمِ الۡحِسَابِ○

Marfat.com

اور فرعون بولا، مجھ کو چھوڑ دو کہ میں موسیٰ کو مار ڈالوں اور اسے چاہئے کہ وہ اپنے پروردگار کو پکارے اور موسیٰ نے کہا کہ میں تو پناہ لے چکا ہوں اپنے اور تمہارے پروردگار کی ہر مغرور کے شر سے جو حساب کے دن کا یقین نہیں رکھتا (سورہ مومن)

موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام یہ کہہ کر تو چلے گئے، مگر حزقیل علیہ الصلاۃ والسلام نجار جو فرعون کے خاندان میں سے ایک ایمان دار شخص تھے، فرعون کے خوف سے اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتے تھے، وہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی کلام سے متاثر ہو کر فرعون سے نڈر ہو گئے، اور کھلم کھلا اقرارِ توحید کرنے لگے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلًا أَنْ يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءَكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ وَإِنْ يَكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ ۖ وَإِنْ يَكُ صَادِقًا يُصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ○ (سورۂ مومن ۴۰، آیت نمبر ۲۸)

اور کہا ایک ایمان دار مرد نے فرعون کے عزیزوں میں سے جو چھپاتا تھا اپنے ایمان کو کہ کیا تم قتل کئے دیتے ہو ایک مرد کو اسی بات پر کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ لایا ہے تمہارے پاس کھلم کھلی نشانیاں تمہارے پروردگار کی طرف سے اور اگر بالفرض یہ جھوٹا ہے تو اسی پر اس کے جھوٹ کا وبال پڑے گا اور اگر سچا ہے تو تم پر آ پڑے گا کچھ اس عذاب میں سے جس کا یہ تم سے وعدہ کرتا ہے بے شک اللہ اس کو ہدایت نہیں دیا کرتا جو حد سے بڑھا ہوا اور جھوٹا ہو۔

غرض حزقیل علیہ الصلاۃ والسلام نے اس قسم کی بہت سی نصیحت آمیز باتیں کہہ کر سنائیں جس کا ذکر سورۂ مومن کے رکوع ۳ و ۴ میں مفصل مذکور ہے، مگر فرعون یہ سن کر آگ بگولہ ہو گیا، اور کہنے لگا کہ معلوم ہوتا ہے کہ تو بھی موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام

Marfat.com

اور اس کے خدا پر ایمان لے آیا ہے، حزقیل علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کے جواب میں بہ آوازِ بلند کہا:

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ (سورۂ مومنون/۴۴)

اور میں سونپتا ہوں اپنا کام اللہ کو بے شک اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

یہ کلمات کہہ کر وہاں سے چل پڑے، فرعون نے ان کے گرفتار کرنے کا حکم دے دیا، آپ وہاں سے جلدی جلدی قدم بڑھا کر ایک پہاڑ پر پہنچے اور یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا، جس کی برکت سے اللہ تعالی نے بے شمار خونخوار درندے ان کی حفاظت کے لئے ان کی چاروں طرف جمع کر دئے، جب فرعونی لشکر ان کی تلاش میں وہاں آیا، تو ان درندوں کو دیکھ کر خوف زدہ ہو گیا اور آگے بڑھنے سے رک گیا، مجبوراً ناکام واپس آنا پڑا، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۂ مومن کے پانچویں رکوع میں ارشاد فرمایا:

فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝

تو اس کو اللہ تعالی نے بچا لیا ان کے مکر کی سختیوں سے اور گھیرا فرعون کے لوگوں کو سخت عذاب نے۔ (سورۂ مومن/۴۵)

## دشمن پر فتح پانے کا عمل

(۱) رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ۝

اے پروردگار انڈیل دے ہم پر صبر اور جمائے رکھ ہمارے پاؤں مدد فرما ہماری کافر قوم کے مقابلہ میں (سورۂ بقرہ رکوع ۳۳ پارہ ۲/۲۵۰)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ کے نبی اسرائیل کا مجرب

Marfat.com

ہے، چنانچہ یہ قصہ اس طرح ہے، کہ طالوت نبی اسرائیل کا بادشاہ تھا، اور حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام اس کے لشکریوں میں تھے، اور ایک بادشہ جالوت تھا، وہ بنی اسرائیل اور طالوت کا مخالف تھا، طالوت لشکر لے کر جالوت پر چڑھا، تو اس کے ہمراہیوں نے لڑائی سے پہلے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا جس کی برکت سے جالوت مارا گیا، اور بنی اسرائیل کو کامیابی ہوئی۔

(۲) رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ○

اے میرے پروردگار میری مدد کر اور انہوں نے مجھ کو جھٹلا دیا (سورہ مومنون/ رکوع ۳ پارہ ۱۸/ ۳۹)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب ان کی قوم نے ان کو جھٹلا دیا، اور ان کو تکلیف اور ایذاء دینی شروع کی، تو انہوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا، جس کی برکت سے اللہ تعالی نے اس قوم کو ہلاک کر دیا، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

## حضرت صالح علیہ السلام کی قوم

ثمود ایک بڑی متموّل اور آسودہ قوم تھی جو قوم عاد کی بربادی کے بعد ان کے مکانات و عمارات اور قوم ثمود کی وارث ہوئی، یہ لوگ بھی اپنی کثرتِ مال واولاد سے مغرور ہو کر گمراہ ہو گئے، بت پرستی اور فساد ان کا شیوہ ہو گیا حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام ان لوگوں کو ہدایت کے لئے مبعوث ہوئے، مگر ان لوگوں پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا، بلکہ وہ صالح علیہ الصلاۃ والسلام کی غیبت اور بدگوئی کرتے تھے، آخر ان لوگوں نے حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام سے کہا کہ اگر تمہاری دعا کی بدولت پہاڑ کی چٹان سے ایک اونٹنی پیدا ہو جائے، تو ہم تم پر ایمان لے آئیں گے صالح علیہ

Marfat.com

الصلاۃ والسلام نے دعا کی، تو اس چٹان سے اونٹنی نمودار ہوگئی، جو بڑی قد آور اور دس ماہ کی حاملہ تھی، جس سے اسی وقت اسی قد و قامت کا بچہ بھی پیدا ہوا کئی آدمی یہ معجزہ دیکھتے ہی ایمان لے آئے بہت سے امیر لوگ بھی ایمان لانے کو تیار تھے، مگر بت خانے کے پجاری اور دیگر کئی سرکردہ لوگوں نے جن کا رزق اور کمائی صرف لوگوں کے گمراہ رہنے پر تھی (جیسے کہ اب بھی بعض جاہل فقیروں اور پیروں اور ملحدوں کا شیوہ ہے ان کو بہکانا شروع کیا، کہ صالح علیہ الصلاۃ والسلام تو ایک جادوگر ہے اس کے کہنے میں نہ آؤ، اور قدیمی دھرم کو نہ چھوڑو، اس اونٹنی اور بچے کے پانی کا یہ انتظام ہوا کہ ایک دن وہ دونوں پانی پیتے، اور ایک دن باقی تمام جانور پانی پی سکتے تھے، اور جن لوگوں کے مال مویشی بہت تھے، وہ اس انتظام سے بہت تنگ آئے، کیوں کہ اونٹنی اور اس کا بچہ ہمارا پانی پی جاتے ہیں، ان لوگوں نے سازش کر کے اونٹنی کو ہلاک کر ڈالا اور اس کا بچہ بھاگ کر غائب ہوگیا، حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام نے بحکم الٰہی ان لوگوں کے اس جرم کی پاداش سنادی کہ تین دن کے بعد تم پر عذاب آئے گا جس کی علامت یہ ہے کہ پہلے تمہارے چہرے زرد ہو جائیں گے، دوسرے دن سرخ ہو اور تیسرے دن سیاہ چوتھے دن عذاب آ جائے گا، چنانچہ اس پیشگوئی کے مطابق چوتھے روز آسمان سے ایک ہیبت ناک آواز آئی جس سے ان لوگوں کے دل وجگر شق ہو گئے، اور تمام قوم تباہ اور برباد ہوگئی۔

(۳) رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ○

اے ہمارے پروردگار فیصلہ کر ہم میں اور ہماری قوم میں انصاف سے اور تو ہی بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (سورۂ اعراف رکوع ۱۱ پ ۹/آیت ۸۹)

ثبوت:

یہ عمل حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، جو حضرت موسیٰ علیہ

Marfat.com

الصلاۃ والسلام کے خسر تھے، جن کا قصہ اس طرح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اہلِ مدین کی طرف پیغمبر بنا کر بھیجا تھا، اور وہ لوگ علاوہ دوسری بدکاریوں کے تول اور ماپ میں کمی کر کے لوگوں کو دھوکا دیتے تھے، شعیب علیہ الصلاۃ والسلام ان کو بہت سمجھاتے رہے مگر انہوں نے ایک نہ مانی بلکہ آپ کو تنگ کرنا شروع کیا، انہوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو زلزلے سے ہلاک کر دیا، چنانچہ قصہ کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

## حضرت شعیب کا قصہ

حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام اپنی فصاحت و بلاغت کی وجہ سے خطیب الانبیاء کے لقب سے ممتاز ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو پیغمبر بنا کر مدین میں اور ایکہ کے لوگوں کی ہدایت کے لئے بھیجا، ان لوگوں میں کئی قسم کے گناہ رائج تھے، ایک تو خریداروں کو ماپ تول میں دھوکا دیتے تھے، دوسرے کھوٹے روپے اشرفیاں بناتے اور چلاتے تھے، تیسرے مسافروں کو لوٹتے، اور ڈاکے ڈالتے تھے، حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کو بہت سمجھایا، کہ ان بداعمالیوں سے باز آجاؤ ورنہ تم قہر الٰہی میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

ان لوگوں نے ایک نہ مانی، بلکہ حجت و استہزاء کرنے لگے، حضرت شعیب علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کے لئے بددعا کی، اس بددعا کا اثر یہ ہوا کہ سات دن تک شدت کی گرمی پڑی، جس سے وہ لوگ اپنے گھروں کی دیواروں کے تپ جانے سے تنگ آ گئے، اور باہر نکل کر میدانوں اور باغوں میں فردکش ہوئے، اللہ تعالیٰ نے پھر ان پر بادِ سموم بھیجی جس سے ان کے بدنوں کا خون جوش کھانے لگا اور چمڑے ادھڑنے لگے، پھر ایک سیاہ ابر آیا جس کے سائے میں یہ لوگ پہنچے، تو اس ابر سے

Marfat.com

آگ برسنے لگی جس سے ایک بڑی جماعت ہلاک ہوئی، اور جو باقی بچے تو ان کی تباہی کے لئے حضرت جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام نے ایک ہولناک آواز نکالی جس سے وہ بھی جہنم رسید ہو گئے۔

## (۳) دشمن ظالم اور کافر کی تباہی کے لئے عمل

(۱) رَبَّنَآ اِنَّکَ اٰتَیْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَہٗ زِیْنَۃً وَّ اَمْوَالًا فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا رَبَّنَا لِیُضِلُّوْا عَنْ سَبِیْلِکَ وَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓی اَمْوَالِھِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ فَلَا یُؤْمِنُوْا حَتّٰی یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ○

اے ہمارے پروردگار تو نے دے رکھی ہے فرعون اور اس کے سرداروں کو آرائش اور بہتیری دولت دنیا کی زندگی میں، اے رب یہ اس واسطے دے رکھا ہے کہ وہ بہکائیں تیرے راستہ سے یا الٰہی ملیا میٹ کر دے ان کے مال اور سخت کر دے ان کے دلوں کو کہ ایمان ہی نہ لائیں یہاں تک کہ دیکھ لیں دردناک عذاب (سورۂ یونس رکوع ۶ پارہ ۱۱/ آیت ۸۸)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ جب وہ فرعون کے مظالم سے تنگ آ کر بحکمِ خدا بنی اسرائیل کو رات کے وقت مصر سے لے کر بھاگے، اور فرعون نے آپ کا تعاقب کیا تو آپ نے اس وقت یہ دعاء یا یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا، جس کی برکت سے فرعون اپنے لشکر سمیت غرق ہو گیا۔

(۲) وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ○

بارِ الٰہا! اور کچھ نہ بڑھا ستمگاروں کے حق میں گمراہی کے سوا (سورۂ نوح رکوع ۲ پ ۲۹/ آیت ۲۴)

(۳) رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ دَیَّارًا ○

Marfat.com

اے میرے پروردگار نہ چھوڑ زمین پر کافروں کا ایک بھی بسنے والا گھر

(سورۂ نوح رکوع ۲ پارہ ۲۹/ آیت ۲۶)

(۴) رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○ (سورۂ قمر/ ۱۰)

اے میرے رب! میں مغلوب ہوں پس تو بدلہ لے (سورۂ مومنون رکوع ۴ پارہ ۱۸/ آیت)

(۵) رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ کَذَّبُوْنِ ○ فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَھُمْ فَتْحًا وَّ نَجِّنِیْ وَ مَنْ مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ○

اے میرے پروردگار میری قوم نے مجھے جھٹلایا پس یہ فیصلہ کر دے میرے اور ان کے درمیان فیصلہ کرنا اور بچالے مجھ کو اور ان کو کہ جو میرے ساتھ مسلمان ہیں۔ سورۂ شعراء/ ۱۱۷، ۱۱۸)

**ثبوت:** پچھلے پانچ عمل حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے مجرب ہیں، جب ان کی قوم نے ان کو جھٹلایا اور وہ راہِ راست پر نہ آئے، تو حضرت نوح علیہ الصلاۃ و السلام نے یہ وظیفے پڑھے تھے، جن کی برکت سے اللہ تعالی نے ان کے دشمنوں کو اور منکروں کو طوفان سے تباہ و برباد کر دیا، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

## حضرت نوح علیہ السلام کا قصہ

اللہ تعالی نے گمراہ لوگوں کی ہدایت کے لئے حضرت نوح علیہ الصلاۃ و السلام کو رسول بنا کر بھیجا انہوں نے ہر چنداں لوگوں کو نصیحت کی، مگر وہ راہ راست پر نہ آئے، بڑی مدت کے بعد صرف اسی آدمی مسلمان ہوئے، آخر حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے وحیِ الٰہی کے موافق ایک کشتی بنائی، اور حضرت جبرئیل نے ہر جنس

Marfat.com

کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس پہنچادیا، جن کو کشتی پر چڑھالیا گیا اور مومن لوگوں کو بھی کشتی میں جگہ بخشی حضرت نوح کے تین بیٹے سام، حام، اور یافث بھی ساتھ سوار ہوئے، صرف ایک بیٹا جو نافرمان تھا کشتی میں سوار نہ ہوا، نہ ایمان لایا، پھر ایک تنور سے پانی نکلنا شروع ہوا، اور آسمان سے بھی مینہ کی جھڑی لگی، رفتہ رفتہ تمام پہاڑوں اور درختوں سے پانی بلند ہوگیا، اور کافر اپنے مال ومتاع اور عمارتوں سمیت اس طوفان میں غرق وتباہ ہوگئے۔

چھ ماہ تک طوفان ترقی پر رہا، پھر حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کی کشتی موصل کی زمین میں جودی پہاڑ پر ٹھہری، اور آپ کی اولاد سے ہزاروں شہر آباد ہوئے۔

ان واقعات کو اللہ تعالی نے قرآن مجید میں یوں بیان فرمایا:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ط

اور ہم نے بھیجا نوح علیہ الصلاۃ والسلام کو اس کی قوم کی جانب تو وہ رہے ان میں پچاس برس کم ایک ہزار برس (سوۂ عنکبوت رکوع ۲/ آیت ۱۴)

لیکن جب قوم کے ظلم کی انتہا ہوگئی ☆ فَدَعَا رَبَّهٗٓ ○

تو آپ (ان کے ایمان لانے سے) مایوس ہوکر بدرگاہ رب العالمین سے یوں عرض کرنے لگے:

اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○

''میں مغلوب ہوں پس تو ہی بدلہ دے''

اللہ تعالی نے آپ کی اس دعاء کو قبول فرمایا، اسی وقت پانی کا طوفان آگیا، جیسا کہ اللہ تعالی سورۂ عنکبوت رکوع ۲ میں ارشاد فرماتا ہے:

فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

Marfat.com

پھر ان لوگوں کو پکڑا طوفان نے اور وہ ظالم تھے۔ (سورۂ عنکبوت/۱۴)

سورۂ قمر رکوع ۱/ آیت ۱۱، ۱۲ میں یوں ارشاد فرمایا:

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ○ وَ فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ○

تو ہم نے کھولدئے آسمان کے دہانے موسلا دھار پانی سے اور پھاڑ دیئے زمین سے چشمے تو پانی ہر جانب سے جمع ہو گیا، ایک امر پر جو مقدر ہو چکا تھا۔

غرض نوح علیہ الصلاۃ والسلام مع چند آدمیوں کے بچ گئے، اور باقی سب کے سب غرق ہو گئے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

فَاَنْجَيْنٰهُ وَ اَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ ○

اور ہم نے بچالیا نوح کو اور کشتی والوں کو (سورۂ عنکبوت رکوع ۲/ ۱۵)

# (۶) خطرات وبلیات سے حفاظت کے اعمال

## (۱) سفر دریا میں غرق ہونے سے محفوظ رہنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ......○

اللہ تعالیٰ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور ٹھہرنا (سورۂ ہود رکوع ۴/ ۴۱)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، اس قصہ کی تفصیل اس طرح پر ہے، کہ حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام ساڑھے نو سو برس اپنی قوم کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی پرستش کی طرف بلاتے رہے لوگوں نے معدودے چند کے سوائے ان کو الٹا ایذائیں دیں، رحمت الٰہی جوش میں آئی اور اللہ تعالیٰ نے تمام نافرمانوں کو طوفان سے غرق کر دینا چاہا، مگر نوح علیہ الصلاۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی بتا دیا

Marfat.com

تھا کہ ہم طوفان بھیجنے والے ہیں، اس لئے تم کشتی بنا رکھو، اور طوفان کے آتے ہی ان لوگوں سمیت جو تم پر ایمان لائے ہیں، اس میں بیٹھ جانا، چنانچہ یہ وظیفہ ہے، جو نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے کشتی میں سوار ہوتے وقت پڑھا تھا جس کی برکت سے وہ اور ان کے ہمراہی طوفان میں غرق ہونے سے محفوظ رہے۔

## ۲) خوف وخطر سے محفوظ رہنے کا عمل

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○

ہم کو اللہ بس ہے اور وہ کیا ہی اچھا کارساز ہے (سورۂ آل عمران/۱۷۳)

**ثبوت:** اس عمل کے مؤثر ہونے کے بارے میں خود اللہ تعالی سورۂ آل عمران رکوع ۸، آیت ۱۷۳، ۱۷۴ میں یوں ارشاد فرماتا ہے:

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ○

جن کو لوگوں کو کہا کہ کافروں نے تمہارے مقابلہ کو بڑا لشکر جمع کیا ہے تو ان سے ڈرتے رہنا تو اس بات نے ان کا ایمان بڑھا دیا اور بول اٹھے کہ ہم کو اللہ بس ہے، اور وہ کیا اچھا کارساز ہے غرض یہ واپس آئے اللہ کی نعمت اور فضل سے کہ نہ پہنچا ان کو کوئی گزند اور یہ چلے اللہ کی رضا پر اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

اس میں اللہ تعالی نے چار باتیں بیان فرمائیں:

(۱) نعمت (۲) فضل (۳) ہر برائی سے حفاظت (۴) خوشنودئ مولیٰ۔

## شان نزول

جنگِ احد میں جب کفار کو مسلمانوں کے مقابلہ میں شکست فاش ہوئی اور

Marfat.com

پرلے درجے کی زک اٹھائی تو اپنی ندامت کو مٹانے کے لئے ابوسفیان نے کہا: آئندہ سال ہم مسلمانوں سے پھر مقام بدرِ صغریٰ میں جنگ کریں گے، چنانچہ جب دوسرا سال آیا تو قحط اور خشک سالی کے باعث سامان جنگ و جدل مہیا نہ ہو سکا، تو انہوں نے کہا کہ چونکہ ہم خود اعلان جنگ کر چکے ہیں، اس لئے حسب وعدہ کوئی چال چلنی چاہئے، تاکہ اس وعدہ سے بچ جائیں، چنانچہ اس نے ایک شخص کو طمع دنیوی دے کر مدینہ طیبہ میں بھیجا، تاکہ وہ مسلمانوں میں ہماری افواج کی کثرت اور قوت کی تشہیر کرے، مسلمان، ہماری طاقت اور کثرت کی خبر سن کر بدرِ صغریٰ میں نہ آئیں، پس اس نے مدینہ طیبہ میں جا کر کفار کی کثرت کی شہرت کا ڈنکا جا بجا بجایا مگر مسلمانوں نے کفار کی کثرت کی چنداں پروانہ کی، بلکہ حسب وعدہ بدرِ صغریٰ میں وظیفہ حسبنا اللہ پڑھتے ہوئے جا پہنچے اور میدان کو خالی پا کر فتح و نصرت کے نعرے لگاتے ہوئے بہت سامالِ غنیمت لے کر مدینہ طیبہ میں واپس چلے آئے۔

## (۳) دفع مصائب و تکالیف کا عمل

اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ○

ہم اللہ ہی کے ہیں اور اللہ کی طرف لوٹنے والے ہیں (سورۂ بقرہ / آیت ۱۵۶)

**ثبوت:** اس عمل کی تاثیر کی نسبت خود اللہ تبارک و تعالیٰ سورۂ بقرہ کے رکوع ۹۶ / آیت ۱۵۵ تا ۱۵۷ میں ارشاد فرماتا ہے:

وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ○ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ○

Marfat.com

اور خوشخبری سنا ان صبر کرنے والوں کو کہ جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے، تو بول اٹھتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، یہی ہیں جن پر رحمتیں ہیں ان کے پروردگار کی طرف سے اور یہی لوگ ہدایت پر ہیں۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو مصیبت کے وقت دو کام کرنے چاہئیں، اول دل سے صبر کرنا، دوم زبان سے کلمہ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّـآ اِلَیْـہِ رَاجِعُوْنَ○ پڑھنا چاہئے۔

اس کلمے کے پڑھنے سے تین طرح کے فائدے اور منافع ہوتے ہیں، اول مغفرت، دوم رحمت، سوم ہدایت۔

یہ تینوں صفتیں انسان کے لئے نعمت عظمٰی ہیں، کیوں کہ اس کو تین حالتوں کے درست ہونے کی ضرورت ہے، اول حالت دنیا، دوم حالت دین، سوم حالت آخرت، چونکہ اس کلمہ کی بھی تین فضیلتیں ہیں، اس لئے اس میں گویا ان تینوں حالتوں کی درستی کی طرف اشارہ فرمایا جاتا ہے، مثلاً دنیا میں رحمت، دین میں ہدایت اور آخرت میں مغفرت ہے۔

اے خدا قربانِ احسانت شوم

# (۷) مختلف امراض کے دور ہونے کا عمل

ذیل کے اعمال میں سے جو عمل کسی خاص مرض کے لئے ماثور ہے، اور جو ہر مرض کے لئے معمول ہے اس کو حسبِ ضرورت باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ بکثرت پڑھنا چاہئے۔

## (۱) شرح صدر لکنت زبان کے کھلنے کے لئے عمل

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ○ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ○ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ

Marfat.com

لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

اے میرے رب میرے سینہ کو کھول دے اور کھول دے میری زبان کی گرہ ،تاکہ لوگ میری بات سمجھیں۔ (سورہ طٰہٰ/ ۲۵ تا ۲۸)

## برے لوگوں کی صحبت سے بچنے کا عمل

رَبِّ نَجِّنِیْ وَاَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ۝

اے میرے پروردگار بچالے مجھ کو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے وہاں سے جو یہ کررہے ہیں (سورہ شعراء رکوع ۹ پارہ ۱۹/ آیت ۱۶۸)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ ان کی قوم لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کیا کرتی تھی، آپ ان کی یہ بدعادت ترک کرانے کے درپے تھے، مگر وہ باز نہیں آتے تھے، اس لئے آپ نے نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ بارگاہِ ربِ العالمین میں ان کی صحبتِ ناپاک سے نجات پانے کے لئے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا جس کی برکت سے اللہ تعالی نے ان کا تختہ ہی الٹ دیا، چنانچہ اس قصہ کی تفصیل اس طرح سے ہے۔

## لوط علیہ الصلاۃ والسلام کا قصہ

حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام ہاران کے بیٹے اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے بھتیجے تھے، شہر سدوم کے گمراہ لوگوں کی ہدایت کا کام ان کے سپرد ہوا جب کہ وہ بت پرستی کے علاوہ لڑکوں کے ساتھ خلاف وضع غیر فطری فعل کرنے کے بھی عادی تھے، حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام نے بہت سمجھایا مگر ان پر کوئی اثر نہ ہوتا تھا، حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام نہ صرف ان لوگوں کے وعظ ونصیحت پر عمل نہ

Marfat.com

کرنے سے ناراض تھے، بلکہ ان ناپاک وبدکار لوگوں کی صحبت سے بھی تنگ آ گئے تھے، اس کے لئے مذکورہ بالا دعاء کیا کرتے تھے، آخر ان کی دعا قبول ہوئی، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی تباہی کے لئے فرشتے بھیجے، حضرت جبرئیل اور ان کے ساتھ کے فرشتے نہایت خوبصورت وگلعذار لڑکوں کی صورت میں شہر کے اندر داخل ہوئے، اور حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام کے گھر پہنچے، حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اب تک اس طرف توجہ نہ کی تھی کہ یہ فرشتے ہیں، اپنے مہمان سمجھ کر ان کی خوب خاطر و مدارات کرنے لگے، کافروں کے کانوں میں بھی ان مہمانوں کے حسن وجمال کی خبر پڑ چکی تھی، بہت سے لوگوں نے نیت بد سے حضرت لوط علیہ الصلاۃ والسلام کے گھر داخل ہونا چاہا، آپ ان لوگوں کے لچھنوں سے آگاہ تھے اپنے مہمانوں کی عزت و آبرو کی خاطر ان کے لئے فوراً دروازہ میں کھڑے ہو کر ان لوگوں کو سمجھانے اور منت سماجت سے ٹالنے لگے فرشتوں نے یہ بحث وتکرار سن کر حضرت لوط علیہ الصلاۃ و السلام سے کہا: آپ کچھ خیال نہ فرمائیں، ان لوگوں کو اندر آنے دیں کہ ہم خود ان سے سمجھ لیں گے، غرض وہ لوگ اندر آئے، تو حضرت جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے پروں کو حرکت دی، تو ان کی ہوا کے جھونکے سے سارے کافر اندھے ہو گئے، اور سب فرشتوں نے شہر سدوم اور اس کے ملحقات کے ساتھ زمین کو اکھیڑا اور اوپر لے جا کر آسمان کے قریب اسے الٹ دیا اور اس کے اوپر پتھر برسائے، جس سے تمام کافر وبدکار نیست ونابود ہو گئے۔

## عورتوں کے کید وفتنہ اور فواحش سے حفاظت کے لئے عمل

رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْٓ اِلَیْهِ وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَیْهِنَّ وَاَکُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ○

Marfat.com

اے میرے پروردگار مجھ کو قید اس بات سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف یہ مجھ کو بلا رہی ہیں اور اگر تو نہ دفع کرے گا، مجھ سے انکا مکر تو قریب ہے کہ میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں، اور بن جاؤں نادان (سورۂ یوسف رکوع ۴ پارہ ۱۲، آیت ۳۳)

**ثبوت:** یہ عمل حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے کہ جب زلیخا اور اس کی سہیلیوں نے ان کو ارتکاب گناہ پر مجبور کیا تو انہوں نے ان کے نرغے سے بچنے کے لئے، یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا، جس کی برکت سے اللہ تعالی نے ان کو گناہ سے بچالیا جس کی تفصیل یہ ہے۔

## زنانِ مصر کا قصہ

جب حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام اپنے بھائیوں کی حرکت سے غلام بن کر کارواں کے ہاتھ فروخت ہو گئے، اور کاروانیوں نے ان کو مصر میں لے جا کر عزیز مصر کے ہاتھ فروخت کر دیا، تو ان کے بے مثال حسن و جمال کی وجہ سے عزیز مصر کی بیوی کا ان کے متعلق برا ارادہ ہوا، مگر حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام ہر طرح پاک دامنی پر قائم رہے، شدہ شدہ ان باتوں کا چرچا ہوتا ہوا زنانِ مصر میں پھیل گیا، اور وہ عزیزِ مصر کی بیوی کو جس کا نام زلیخا تھا، طعن دینے لگیں کہ بڑی اوچھی اور بے وقار عورت ہے، جو اپنے غلام پر فریفتہ ہو رہی ہے، زلیخا کو بھی یہ طعن کھٹکنے لگا اس نے ان تمام عورتوں کی ضیافت کی، جب کھانے سے فارغ ہوئیں، تو دستور کے موافق ان کے سامنے ایک ایک ترنج اور ایک ایک چھری لا رکھی، تا کہ اس کو کاٹ کر اس کا عرق چوسیں، جو معینِ ہضم ہوتا ہے، ادھر معاً حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کو حکم دیا کہ جلدی ان عورتوں کے آگے جا کھڑے ہوں، حضرت یوسف کا سامنے آنا تھا، کہ گویا وہ دوسرا آفتاب کمرے میں طلوع ہو گیا، ساری عورتیں ششدر رہ

Marfat.com

گئیں، اور چھریوں سے ترنج کی بجائے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے، اور کہنے لگیں، اہاہاہا! یہ کوئی انسان نہیں، بلکہ ایک عالی قدر فرشتہ ہے، اس پر زلیخا نے ان کو جو جواب دیا اللہ تعالیٰ نے اس کو یوں ذکر فرمایا ہے:

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِىْ لُمْتُنَّنِىْ فِيْهِ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ وَ لَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ○

زلیخا بولی بس یہی تو ہے جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کیا کرتی تھیں اور بیشک میں نے اس سے مطلب ناجائز حاصل کرنا چاہا، مگر یہ بچا رہا اور جس کام کے کرنے کو میں اسے کہہ رہی ہوں، اگر اس کو نہیں آئے گا تو ضرور قید کیا جائے گا اور ضرور ذلیل ہوگا۔ (سورۂ یوسف/۳۲)

اس پر حضرت یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دعا کی جو درگاہ خداتعالیٰ میں قبول ہوئی اور ان کا (دو صفحات نہیں ہیں)

Marfat.com

## باب دوم

# بیاض نبوی

## حصہ اول

اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک کے بعض خواص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ مخلوق کو مطلع کیا تاکہ حقیقی شفا سے لوگ محروم نہ رہیں، اور محض اسباب ظاہریہ محسوسہ ہی پر قناعت نہ کرلیں، نیز اصل حکمت یہ ہے کہ لوگ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہیں، خواہ کسی حیلہ سے توجہ کریں، اگر عبادت کریں تو اس صورت میں توجہ ظاہر ہے اللہ تعالیٰ کی طرف ہی ہوگی، اور تعویذ وغیرہ اگر دعاء کی نیت سے کئے جائیں، اور یہ سمجھا جائے کہ یہ بھی ایک دعا ہے تو ثواب بھی ہے، کیوں کہ یہ ایک طرح کی عبادت بن جاتی ہے، اور ان تمام امور سے اصلی مقصود اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہے، اور جب ہر کام میں اللہ ہی کی طرف رجوع ہوگا تو غفلت نہ ہوگی اور عجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نام کی کثرت کسی طریق پر ہو کسی روز اصلی اور حقیقی عبادت پر پہنچائے، غرض عالی ہمت اور سچے طالبانِ حق تو اصلی مقصود ہی کی طرف توجہ کرتے ہیں۔

### قرآن مجید شفا ہے، دلائل احادیث نبویہ

جس طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو روحانی اور جسمانی امراض کے لئے شافی فرمایا ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی تائید فرمائی ہے:

Marfat.com

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً ○

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے جو بیماری دنیا میں اتاری ہے، اس کے لئے شفا کی تدبیر بھی اتاری۔ (کتاب الطب والرقی، فصل اول، پہلی حدیث)

بخاری شریف میں سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دواؤں میں عمدہ دعاء قرآن مجید ہے اس حدیث سے قرآن مجید کا بہتر اور اصلی علاج ہونا معلوم ہوا۔

(۳) عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ اَنَّ رَجُلًا شَکٰی اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجْعَ حَلْقِهٖ فَقَالَ عَلَیْكَ بِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ وَقَالَ الْقُرْاٰنُ هُوَ الشِّفَاءُ (رواہ البیھقی، کنزالاعمال مخزینہ)

واثلہ بن اسقع سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گلے کی درد کی شکایت کی، آپ نے فرمایا:

تم قرآن پڑھو اور فرمایا کہ قرآن مجید شفا ہے۔

(۴) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَیْکُمْ بِالشِّفَائَیْنِ الْعَسَلِ وَالْقُرْاٰنِ ○ (مستدرک حاکم میں کتاب الطب کے اندر الفاظِ حدیث یوں ہیں: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اَلشِّفَاءُ شِفَاءَانِ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ وَشُرْبُ الْعَسَلِ)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو شفاء بخشنے والی چیزوں کے استعمال کو اپنے اوپر لازم سمجھو، شہد اور قرآن مجید (رواہ ابن ماجہ)

Marfat.com

اس حدیث سے طب جسمانی سے علاج کا جائز ہونا ثابت ہوا مگر دوا سے علاج کرنا کم درجہ ہے اسی واسطے شہد کا لفظ پہلے فرمایا تا کہ ادنے سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہو۔

۵) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ جَاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّیْ اَشْتَکِیْ صَدْرِیْ قَالَ اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَ شِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ......○ (رواہ ابن مرویہ خزینہ)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا۔شکایت کی کہ میرے سینے میں درد ہے آپ نے فرمایا کہ قرآن مجید پڑھو! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قرآن سینے کی بیماریوں کے لئے شفاء ہے۔ (سورہ یونس)

۶) تَبَرَّكْ بِالْقُرْآنِ فَاِنَّهٗ كَلَامُ اللّٰهِ ( کنز الاعمال، فی فضائل تلاوۃ القرآن )(باب سابع ،فصل ثانی)

قرآنِ پاک سے برکت حاصل کرو کہ یہ بلاشک اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

۷) علامہ بغوی رحمتہ اللہ علیہ معالم التنزیل میں آیت واعتصموا بحبل اللہ جمیعا سورہ آل عمران رکوع ۱۰/۱۰۳ کے ضمن میں یہ حدیث نقل فرماتے ہیں:

قَالَ قَتَادَةُ وَ السُّدِیُّ هُوَ الْقُرْآنُ وَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ تَعَالٰی وَ هُوَ النُّوْرُ الْمُبِیْنُ وَ الشِّفَاءُ النَّافِعُ وَ عُصْبَةُ مَنْ تَمَسَّكَ (بِهٖ) وَ نَجَاةُ مَنْ تَبِعَهٗ○

قتادہ اور سدی نے کہا کہ وہ قرآن مجید ہے اور ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ قرآن مجید ہی حبل اللہ ہے اور وہ نور روشن ہے، اور شفاء مفید ہے، جس نے اس سے استمداد کی اس کا معاون ہے اور جس نے

Marfat.com

اس کی پیروی کی اس کے لئے نجات ہے۔

(۸) ابو عبیدہ نے طلحہ بن مطرف رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مریض کے پاس قرآن پاک پڑھا جاتا ہے، تو اس کی بیماری میں تخفیف ہو جاتی ہے (تفسیر الخازن)

(۹) اَخْرَجَ ابْنُ قَانِعٍ عَنْ رِجَالِ الْغَنْوِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: اِسْتَشْفُوْا بِمَا حَمِدَ اللّٰهُ بِهٖ نَفْسَهٗ قَبْلَ اَنْ يَحْمَدَ خَلْقَهٗ وَ بِمَا حَمِدَ اللّٰهُ بِهٖ نَفْسَهٗ قُلْنَا مَا ذَاكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَمَنْ لَمْ يَشْفِ الْقُرْآنُ فَلَا شَفَاهُ اللّٰهُ (خزينة)

ابن قانع رجال غنوی سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شفا چاہو اس چیز سے جس کے ساتھ اللہ تعالی نے اپنی خود حمد کی قبل اس کے کہ اپنی خلق کی تعریف بیان کرے، اور شفا چاہو اس چیز سے جس کے ساتھ اللہ تعالی نے اپنی مدح خود کی، ہم لوگوں نے پوچھا، یا رسول! (اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) وہ کیا ہے، آپ نے ارشاد فرمایا: سورۂ الحمد اور قل شریف جس شخص کو قرآن مجید نے شفا نہ دی اس کو اللہ شفا نہ دے گا۔

## (ا) رزق و روزی کی وسعت اور تجارت وصنعت میں برکت

روزق روزی کی وسعت اور تجارت وصنعت میں برکت حاصل کرنے کے لئے، ذیل میں جس قدر اعمال درج ہوں گے ان میں سے جو عمل مناسب سمجھو اس کو طہارتِ کاملہ کے ساتھ بلا تعینِ اعداد کثرت سے پڑھنا چاہیے۔

## کشائش رزق کے لئے

سورۂ اخلاص با بسم اللہ شریف۔

Marfat.com

**ثبوت:** سہیل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محتاجی اور تنگی معیشت کی شکایت کی، آپ نے اس سے فرمایا: جب تو گھر میں داخل ہو تو سلام کر، خواہ اس میں کوئی شخص ہو، یا نہ ہو، پھر مجھ پر سلام بھیج، اور سورۂ اخلاص ایک بار پڑھ، اس شخص نے ایسا ہی کیا، اللہ تعالیٰ نے اس کثرت سے اس کو رزق دیا کہ اس نے اپنے ہمسایوں اور قرابت داروں کو نفع بھی پہنچایا (نزول الابرار)

# دفع تنگئ رزق

سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص با بسم اللہ شریف۔

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے مکان میں داخل ہوا، تو اس کو چاہئے کہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کو پڑھے، اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی کو دور کر دے گا، (بیہقی، دارقطنی)

# مال تجارت میں برکت

سورۂ ناس اور بسم اللہ شریف

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے جبیر کیا تو چاہتا ہے، کہ جب تو سفر کو نکلے تو اپنے سب ساتھیوں سے صورت اور حالت میں بہتر ہو، اور توشہ میں ان سے بڑھ کر ہو، عرض کیا ارشاد فرمایئے، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان پانچ سورتوں کو پڑھا کرو! سورۂ کافرون، سورۂ نصر، اور سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس، اور ہر سورت کو بسم اللہ سے شروع کرو، اور میں جب سفر کو نکلتا تھا، اپنے ساتھیوں سے بہت خراب حال اور توشہ میں

Marfat.com

ان سے کمتر ہوتا تھا، لیکن جب میں یہ سورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھیں تو ان کو پڑھنا شروع کیا اب میں اپنے ہمراہیوں سے ہر امر میں بہتر اور توشہ میں ان سے زیادہ ہوتا ہوں، حتی کہ اپنے سفر سے لوٹ آتا ہوں (ابویعلی)

## ادائے قرض کا عمل

اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ (سورۂ آل عمران، ۲۶) رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَ رَحِیْمَھُمَا تُعْطِیْھِمَا مَنْ تَشَآءُ وَ تَمْنَعُ مِنْھُمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ ○

''اے اللہ! تمام ملک کے مالک تو جس کو چاہے ملک دے، اور جس سے چاہے، ملک چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے، اور جس کو چاہے ذلت دے تیرے ہی ہاتھ میں ساری بھلائیاں ہیں، بے شک تو ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے'' اے دنیا اور آخرت کے رحمٰن اور دنیا اور آخرت کے رحیم تو جس کو چاہے دنیا اور آخرت دے اور جس کو چاہے دونوں روک لے پھر ایسی رحمت کے ساتھ رحم فرما جس کی وجہ تو مجھ کو ان لوگوں کی رحمت سے بے نیاز کر دے جو تیرے سوا ہیں۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** انس بن مالک رضی اللہ تعالی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

معاذ رضی اللہ تعالی عنہ سے کیا میں تجھے ایسی دعا سکھادوں، کہ اگر تو وہ دعا کرے تو اگر تجھ پر قرض کوہِ احد کے برابر ہو تو اللہ تعالی اس کو تیری طرف سے ادا کر دے، اے معاذ کہہ اللھم تا من سواک (رواہ طبرانی صغیر و ترغیب و ترہیب)

Marfat.com

# (۲) جان و مال کی حفاظت

جان و مال و اولاد کے ہر قسم کے خطرات و بلیات سے بچنے کے لئے اعمال

## اولاد کی حفاظت کے لئے عمل

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ( سورہ کہف رکوع ۵/ آیت ۳۹ )

اللہ جو چاہے کچھ زور نہیں مگر اللہ کا دیا۔

**ترکیب:** اسکو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اپنے جس بندے کو مال اور اولا کی قسم سے کوئی نعمت عطا فرمائے۔ اگر وہ کہے: مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ○ تو اس نعمت میں موت کے سوا کوئی آفت نہ دیکھے۔ اسکی تصدیق سورہ کہف میں ہے۔

وَلَوْ لَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ☆ (سورہ کہف/۳۹)

اور کیوں نہیں ایسا ہوا کہ جب تو اپنے باغ میں آیا تو یہ کہتا: جو کچھ اللہ چاہے کچھ زور نہیں مگر اللہ کا دیا۔ ( کنز الاعمال )

## مال کا چوری سے محفوظ رہنے کا عمل

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَ لَا تَجْهَرْ بِصَلٰوتِكَ وَ لَا تُخَافِتْ بِهَا وَ ابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ○ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ

Marfat.com

الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا○ (سورۂ بنی اسرائیل آیت ۱۱۰)

ترکیب اسکو باطہارت کاملہ ہرروز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے:

ثبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان آیات کو پڑھنے سے مال وغیرہ چوری سے محفوظ رہتا ہے۔ قل ادعوا اللہ تا تکبیرا:

# آندھی سے محفوظ رہنے کا عمل

سورہ فلق اور سورہ ناس

**ترکیب:** اسکو باطہارت کاملہ چند بار حضور قلب سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْجُحْفَةِ وَ الْاَبْوَاءِ اِذْ غَشِيَتْنَا رِيْحٌ وَ ظُلْمَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَتَعَوَّذُ بِاَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ○ وَاَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ○ وَ يَقُوْلُ يَاعُقْبَةُ تَعَوَّذْ بِهِمَا فَمَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ بِمِثْلِهِمَا قَالَ وَ سَمِعْتُهُ يَؤُمُّنَا بِهِمَا فِي الصَّلَاةِ (رواه ابو داؤد/باب المعوذتين/سجود القرآن)

عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جحفہ اور مقام ابواء کے درمیان چلے جاتے تھے کہ اسی اثنا میں ہم کو آندھی اور سخت اندھیری نے گھیر لیا، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے ساتھ پناہ پکڑنے لگے یعنی دونوں سورتیں پڑھنے لگے، اور یہ فرمانے لگے کہ اے عقبہ ان دونوں کے ساتھ پناہ لے کیوں کہ ان دونوں کی مثل کوئی چیز نہیں ہے جس کے ساتھ کوئی پناہ لینے والا پناہ لے، راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ کو سنا کہ انہی سورتوں کے ساتھ آپ نے ہماری امامت کی۔

Marfat.com

# ہر خوفناک چیز سے محفوظ رہنے کا عمل

سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے ہر روز بلاناغہ پڑھا جا۔

**ثبوت:** عبداللہ بن خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

ہم لوگ ایک بڑی اندھیری رات کو جس میں پانی برس رہا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طلب میں نکلے، تاکہ آپ ہم کو نماز پڑھائیں، پس آپ سے ملاقات ہوگئی، آپ نے فرمایا:

کہہ تو میں نے کچھ نہیں کہا، پھر فرمایا:

کہہ تو میں نے کچھ نہیں کہا، پھر فرمایا:

کہو تب میں نے کہا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم میں کیا کہوں؟ فرمایا:

صبح شام تین تین بار قل ھو اللہ احد اور معوذتین یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ لیا کر یہ تینوں سورتیں ہر چیز سے تجھ کو کفایت کریں گی، یعنی ہر خوفناک امر سے تجھ کو محفوظ رکھیں گی (ابوداؤ دو ترمذی و نسائی)

# رات کے ہر قسم کے ضرر سے محفوظ رہنے کا عمل

سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص با بسم اللہ شریف۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ رات کو سونے کے وقت بلاناغہ پڑھا جائے۔

**ثبوت:** حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا:

جب تو اپنا پہلو بچھونے پر رکھے، اور سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ لے، تو

Marfat.com

بے شک تو ہر چیز سے اس میں ہو گیا سوائے موت کے (بزاز سیوطی)

## رات کو مکمل حفاظت کرنے والا عمل

قرآن مجید کی کوئی سورۃ

ترکیب: اس عمل کو سونے سے پیشتر پڑھا جائے، اگر باوضو ہو، تو زیادہ مؤثر ہے۔

ثبوت: شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جو شخص اپنے بستر خواب پر آ کر کتاب اللہ کی کوئی سورت پڑھ لیتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک فرشتہ کو بھیج دیتا ہے، جو ہر ایذاء دینے والی چیز سے اس کی حفاظت کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ بیدار ہو، جس وقت بیدار ہو (ترغیب وترہیب)

## مصائب وتکالیف کے دور کرنے کا عمل

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ○ یا

اللہ ہم کو کافی ہے، اور وہ کیا اچھا کارساز ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ○ یا

اللہ مجھ کو کافی ہے، اور وہ کیا اچھا کارساز ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا○

اللہ ہم کو کافی ہے، اور وہ کیا اچھا کارساز ہے، اللہ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا۔

ترکیب اس کو باطہارت کاملہ روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے، اگر اس کے ساتھ وقت اور جگہ کی تعین کے جائے تو زیادہ مفید ہے۔

ثبوت عوذ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے دو شخصوں کے درمیان میں ایک جھگڑے کا فیصلہ فرمایا تھا، جو شخص ہار چکا تھا، اس کی زبان سے بے ساختہ کلمہ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ☆ نکلا آپ نے اس کو بلا کر فرمایا:

تجھ کو دانائی سے کام لینا چاہئے، جب کوئی مصیبت آئے، جو ٹل نہ سکے، اور انسان ہر طرح سے عاجز اور پریشان ہو جائے اس وقت اس کلمہ سے کام لے (ترمذی ،ابن ابی شیبہ، ابوداؤد)

مطلب یہ ہے کہ معمولی بات کی ہار جیت میں تو نے ایسے کیوں پڑھا، کوئی بڑی سے بڑی مصیبت میں پڑھ کر اس کی تاثیر کو دیکھ۔

(۲) مروی ہے کہ جب عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا ایک دفعہ سفر میں پیچھے رہ گئیں اور قافلہ آگے بڑھ گیا، گویا آپ بالکل تنِ تنہا رہ گئیں، اس وقت آپ نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ○

اس کی برکت سے آپ بہت جلد قافلہ میں بخیریت پہنچیں۔

(۳) عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا آخری قول جس وقت وہ آگ میں ڈالے گئے تھے، یہ تھا، حَسْبِیَ اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ☆ اور دوسری روایت میں ہے:

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ ○ (صحیح بخاری (مستدرک حاکم/کتاب التفسیر: تفسیر سورۂ آل عمران آیت: ۱۷۳)

(۴) ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوں کر میں آرام سے رہوں اور حالت یہ ہے کہ اسرافیل علیہ الصلاۃ و

Marfat.com

السلام نے صور منہ میں لے لیا ہے، اور کان لگائے ہوئے ہے، کہ جب پھونکنے کا حکم دیا جائے پھونک دے، پس تو یہ امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب پر شاق گذرا، آپ نے ان سے فرمایا: کہو

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا (ترمذی، احمد، مستدرک حاکم، کتاب الاھوال)

# (۳) مختلف امراض سے شفایاب ہونا

## دیوانگی دور کرنے کا عمل

سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف،

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چند بار پڑھ کر مریض پر تھوکے، تین روز تک بلاناغہ ایسا کرے۔

**ثبوت:** عَنْ خَارِجَۃَ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ عَمِّہٖ قَالَ اَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْنَا عَلٰی حَیٍّ مِنَ الْعَرَبِ فَقَالَ اِنَّا اُنْبِئْنَا اَنَّکُمْ قَدْ رَجَعْتُمْ مِنْ عِنْدِ ھٰذَا الرَّجُلِ بِخَیْرٍ فَھَلْ عِنْدَکُمْ مِنْ دَوَاءٍ اَوْ رُقْیَۃٍ فَاِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوْھًا فِی الْقُیُوْدِ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَجَاءُوْا بِمَعْتُوْہٍ فِی الْقُیُوْدِ فَقَرَاْتُ عَلَیْہِ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ ثَلٰثَۃَ اَیَّامٍ غُدْوَۃً وَّعَشِیَّۃً اَجْمَعُ بُزَاقِیْ ثُمَّ اَتْفُلُ قَالَ فَکَاَنَّمَا اُنْشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَاَعْطُوْنِیْ جُعْلًا فَقُلْتُ لَا حَتّٰی اَسْاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ کُلْ فَلَعَمْرِیْ لَمَنْ اَکَلَ بِرُقْیَۃٍ بَاطِلٍ لَقَدْ اَکَلْتَ بِرُقْیَۃٍ حَقٍّ (رواہ احمد وداؤد بمعناہ کماسیاتی)

Marfat.com

خارجہ بن صلت سے روایت ہے، اس نے اپنے چچا سے نقل کی کہ ہم اپنے وطن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ہو کر چلے، تو عرب کی ایک قوم کے پاس سے گذرے اس قوم کے بعض لوگوں نے ہم سے کہا: ہم کو معلوم ہوا ہے کہ تم اس شخص محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے بھلائی (یعنی قرآن اور ذکر اللہ) لائے ہو، کیا تمہارے پاس کوئی دوا یا منتر ہے، کیوں کہ ہمارے پاس ایک دیوانہ در زنجیر موجود ہے ہم نے کہا: ہاں ہے ہمارے پاس منتر موجود ہے، پس وہ اس دیوانے کو ہمارے پاس لے آئے میں نے اس پر سورۂ فاتحہ پڑھی تین دن صبح اور شام اس حال میں کہ میں اپنا لعاب دہن جمع کرتا پھر میں ان پر تھوکتا، میرے چچا نے کہا کہ وہ ایسے ہوا جیسے اسی وقت بندھی ہوئی رسی سے کھولا گیا (یعنی اسی وقت تندرست ہو گیا) پھر انہوں نے مجھ کو مزدوری دی، میں نے کہا کہ میں یہ مزدوری نہیں لینے کا جب تک کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ پوچھ لوں پھر انہوں نے حضرت سے پوچھا آپ نے فرمایا:

کہ لے لو پس مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے، البتہ جو شخص منتر باطل کے ساتھ کھاتا ہے وہ برا کرتا ہے، تحقیق تو نے منتر حق کے ساتھ کھایا۔

(۲) عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيْمِيِّ عَنْ عَمِّهِ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَاَسْلَمَ ثُمَّ اَقْبَلَ رَاجِعًا مِنْ عِنْدِهٖ فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ عِنْدَ هُمْ رَجُلٌ مَجْنُوْنٌ مُوْثَقٌ بِالْحَدِيْدِ فَقَالَ اَهْلُهٗ اِنَّا حُدِّثْنَا اَنَّ صَاحِبَكُمْ هٰذَا قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ فَهَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ تُدَاوِيْهِ فَرَقَيْتُهٗ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَءَ فَاَعْطَوْنِيْ مِائَةَ شَاةٍ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ هَلْ اِلَّا هٰذَا قُلْتُ لَا (اس سے آگے کتاب میں نہیں) قَالَ خُذْهَا فَلَعَمْرِيْ لَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةٍ بَاطِلٍ لَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةٍ حَقٍّ ......... (نسائی، ابوداؤد، کتاب الطب،، باب کیف

Marfat.com

الرقی:: درمنثور، سورۂ فاتحہ/۱)

خارجہ بن مصلت تمیمی اپنے چچا رضی اللہ تعالی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر مسلمان ہوئے پھر آپ کے یہاں سے رخصت ہوکر چلے، ان کا ایک قوم پر گذر ہوا، جس میں ایک دیوانہ لوہے میں جکڑا ہوا تھا، اس کے گھر والوں نے ان سے کہا کہ ہم کو خبر ملی ہے کہ تمہارے صاحب، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھلائی لائے ہیں، پس کیا تمہارے پاس اس دیوانہ کی کوئی دواء ہے خارجہ بن صلت کا بیان ہے کہ میں نے سورۂ فاتحہ کا منتر اس پر پڑھا، وہ اچھا ہوگیا، اس پر انہوں نے سو بکریاں مجھے دیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر آپ کو اس کی خبر دی، آپ نے فرمایا کہ اس سورۂ کے سوا اور بھی کچھ پڑھا تھا، میں نے کہا نہیں، فرمایا کہ بکریوں کو قبول کرلے میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جو شخص ناجائز منتر کے ذریعہ سے کھاتا ہے، وہ برا ہے اور تو نے تو سچے منتر کے ذریعہ سے کھایا ہے (ابوداؤد)

## دردسر دور کرنے کا عمل

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ (سورۃ حشر/آخری تین آیات)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

Marfat.com

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:

کہ جب تمہارے سر میں درد ہو تو اس پر اپنا ہاتھ رکھو، اور سورۃ حشر کی آخری آیتیں، ہواللہ الذی لا الہ الا ہو، تا وہوالعزیز الحکیم تک پڑھو (مسند الفردوس)

## دردِ حلق کو دور کرنے کا عمل

(۱) قرآن مجید کی کوئی آیت یا سورۃ۔

**ترکیب:** اس کو با طہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت:** واثلہ بن الاثقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حلق کے درد کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا۔ کہ قرآن مجید کی تلاوت لازم کرے۔ (بیہقی)

(۲) سورت فاتحہ مع بسم اللہ شریف:

**ترکیب:** اس کو با طہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت:** سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے حلق کے درد کے واسطے سورہ فاتحہ سے پناہ مانگی۔ (طبرانی)

(۴) درد سینہ کو دور کرنے کا عمل قرآن مجید کی کوئی آیت یا سورہ

ترکیب اس کو با طہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ جَآءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ

Marfat.com

رَجُلٌ فَقَالَ اِنِّیْ اَشْتَکِیْ صَدْرِیْ قَالَ اِقْرَءِ الْقُرْاٰنَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ○(اتقان)(تفسیر روح المعانی/سورہ یونس/آیت ۱۷)
(درمنثور، سورہ یونس/۶)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ میرے سینے میں درد ہے، آپ نے فرمایا کہ قرآن مجید کی تلاوت کر اللہ تعالے فرماتا ہے کہ یہ قرآن شفا ہے ان امراض کی جو سینوں میں ہیں (اتقان)

## دردِ زہ سے آرام پانے کا عمل

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَعَالٰی رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (فاتحہ) کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْ ضُحٰھَا (سورہ النازعات/۴۶) کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ ○ لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ بَلٰغٌ فَھَلْ یُھْلَکُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ○ (سورہ احقاف رکوع ۴/۳۵)

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے کاغذ پر لکھ کر مریضہ کو پانی میں پڑھ کر پلایا جائے۔

**ثبوت:** فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس عورت کو بچہ جننے میں تکلیف ہوتی ہو اس کو یہ آیات کاغذ پر لکھ کر پانی گھول کر پلائی جائیں۔ یعنی بسم اللہ تا الفاسقون (بیہقی) اس کے ساتھ ملتی جلتی عبارت جمع الجوامع یا الجامع الکبیر امام سیوطی رحمہ اللہ تعالی کی میں ہے مگر کسی بھی حاجت کے لئے پڑھنے اور دعا کرنے کا حکم ہے، جب کہ یہ دردزہ کے ساتھ خاص ہے واللہ اعلم بالصواب

Marfat.com

# وجع مفاصل کے دور کرنے کا عمل

سورہ فلق اور سورہ ناس۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت:** حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ غنیۃ الطالبین میں ارقام فرماتے ہیں۔ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی عضو میں درد ہوتا۔ تو آپ سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھتے۔ اور درد کی جگہ پر دم فرماتے۔

# ہر قسم کے درد کا تریاقی عمل

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف

**ترکیب:** اس کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب سے چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورہ فاتحہ شفا ہے زہر سے (بیہقی)

# (۸) بچھو کے کاٹے کا عمل

سورہ فلق اور سورہ ناس۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔ یا اپنا لعاب دہن لگایا جائے۔

**ثبوت:** عَنْ عَلِيٍّ قَالَ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ نُصَلِّيْ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْاَرْضِ فَلَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ فَنَاوَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَعْلِهِ فَقَتَلَهَا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْعَقْرَبَ مَا تَدَعُ مُصَلِّيًا وَ

Marfat.com

لَا غَيْرَهٗ اَوْ نَبِيًّا وَغَيْرَهٗ اِلَّا لَدَغَتْهُ ثُمَّ دَعَا بِمِلْحٍ وَ مَاءٍ فَجَعَلَهٗ فِیْ اِنَاءٍ ثُمَّ جَعَلَ يَصُبُّهٗ عَلٰى اِصْبَعِهٖ حَيْثُ لَدَغَتْهُ وَيَمْسَحُهَا وَ يُعَوِّذُهَا بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ (رواه البيهقي، مشكوة) (كنز العمال، كتاب الطب والرقى والطاعون من قسم الاقوال، فصل في الرقى المحمودة)

سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات کو نماز پڑھ رہے تھے، اتنے میں آپ نے زمین پر ہاتھ رکھا، تو بچھو نے ڈس لیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جوتی سے مار ڈالا، جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کہ اللہ تعالی اس بچھو پر لعنت کرے کہ نمازی اور بے نمازی کسی کو نہیں چھوڑتا۔ یا یوں فرمایا۔ کہ نبی یا غیر نبی کو نہیں۔ پھر نمک اور پانی منگوا کر اس کو برتن میں ڈالا اور اس سے اپنی انگلی کو تر کرنے لگے، جہاں ڈنک مارا تھا، اور سورہ کافرون، سورہ فلق، اور سورہ ناس پڑھتے جاتے تھے (اسکو روایت کیا بیہقی نے)

## کھٹمل سے محفوظ رہنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابادرداء جب کھٹمل تجھے تکلیف دیں تو ایک پیالہ پانی لے اور اس پر سات بار پڑھ:

وما لنا ان لا نتوكل على الله فان كنتم آمنتم بالله فكفوا شركم واذاكم عنا

پھر تو اسے چارپائی کے اردگرد چھڑک دے، تو اس رات تو ان سے محفوظ رہے گا (کنز العمال، فصل فی الرقی المحمودۃ)

## (۹) سانپ بچھو کے کاٹے کا عمل

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف

Marfat.com

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کیساتھ سات بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت** : عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَفَرًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَرُّوْا بِمَاءٍ فِیْہِمْ لَدِیْغٌ اَوْ سَلِیْمٌ فَعَرَضَ لَھُمْ رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ الْمَاءِ فَقَالَ رَجُلٌ فِیْکُمْ مِنْ رَاقٍ اَنَّ فِی الْمَاءِ رَجُلًا لَدِیْغًاوَ سَلِیْمًا فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْھُمْ فَقَرَءَ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ عَلٰی شَاۃٍ فَبَرِءَ فَجَاءَ بِالشَّاۃِ اِلٰی اَصْحَابِہٖ فَکَرِھُوْا ذٰلِکَ وَ قَالُوْا اَخَذْتَ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ اَجْرًا حَتّٰی قَدِمُوا الْمَدِیْنَۃَ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَخَذَ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ اَجْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اَحَقَّ مَا اَخَذْتُمْ عَلَیْہِ اَجْرًا کِتَابُ اللّٰہِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَحْسَنْتُمْ اِقْسِمُوْا وَ اضْرِبُوْا لِیْ مَعَکُمْ سَھْمًا (رواہ البخاری)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ایک جماعت ایک گاؤں میں روانہ ہوئی یہاں ایک شخص کو بچھو یا سانپ نے کاٹا ہوا تھا، بستی میں ایک شخص ان کے پاس آ کر پوچھنے لگا کہ کیا تم میں سے کوئی منتر کرنا جانتا ہے، کہ بستی میں ایک شخص کو بچھو یا سانپ نے کاٹا ہوا ہے صحابہ میں سے ایک شخص نے اس کے ساتھ جا کر اس مریض پر بکریوں کے لینے پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا یعنی اس صحابی نے ان سے کہا کہ میں اس شرط پر منتر پڑھتا ہوں کہ تم مجھے اتنی بکریاں دے دو، وہ راضی ہو گئے، انہوں نے اسی وقت سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا، کہ آیا ہے (فَاتِحَۃُ الْکِتَابِ الشِّفَاءُ مِنَ السَّمِّ، یعنی فاتحہ الکتاب زہر کی شفاء ہے) وہ اسی وقت تندرست ہو گیا، پھر وہ بکریاں اپنے یاروں کے پاس لایا، لیکن انہوں نے اس کے اس لینے کو مکروہ جانا اور انہوں نے کہا کہ تو نے کتاب اللہ پر مزدوری لی حتی کہ وہ

Marfat.com

صحابہ مدینہ میں آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ فلاں شخص نے کتاب اللہ پر مزدوری لی، اس پر آپ نے فرمایا: تحقیق سب سے زیادہ جو چیز اس لائق ہے کہ تم اس پر مزدوری لو یہ کتاب اللہ ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا: تم نے اچھا کیا بکریوں کو آپس میں تقسیم کر لو اور میرے واسطے بھی اپنے ساتھ ایک حصہ رکھو (بخاری)

(۲) عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا فِیْ سَفَرٍ فَمَرُّوْا بِحَیٍّ مِنْ اَحْیَاءِ الْعَرَبِ فَاسْتَضَافُوْهُمْ فَلَمْ یُضِیْفُوْهُمْ فَقَالُوْا لَهُمْ هَلْ فِیْكُمْ رَاقٍ فَاِنَّ سَیِّدَ الْحَیِّ لَدِیْغٌ اَوْ مُصَابٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ نَعَمْ فَاَتَاهُ فَرَقَاهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَءَ الرَّجُلُ فَاُعْطِیَ قَطِیْعًا مِنْ غَنَمٍ وَاَبٰی اَنْ یَّقْبَلَهَا وَقَالَ حَتّٰی اَذْكُرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ! مَارَقَیْتُ اِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَتَبَسَّمَ وَقَالَ وَمَا اَدْرَاكَ اَنَّهَا رُقْیَةٌ ثُمَّ قَالَ خُذُوْا مِنْهُمْ وَاضْرِبُوْا لِیْ بِسَهْمٍ مَعَكُمْ (رواہ مسلم، کتاب السلام، باب جواز اخذ الاجرۃ علی الرقیۃ بالقرآن والاذکار ،بخاری شریف، کتاب الاجارۃ، کتاب فضائل القرآن، کتاب الطب، ترمذی شریف، کتاب الطب عن رسول اللہ، ابوداؤد، کتاب البیوع والطب، ابن ماجہ کتاب التجارات، مسند احمد بن حنبل، باقی مسند المکثرین)

ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چند اصحاب کا ایک قبیلہ عرب پر گذر ہوا، تو انہوں نے اہل قبیلہ سے ضیافت چاہی، مگر انہوں نے ضیافت نہ کہ، اس قبیلہ والوں نے ان لوگوں سے کہا کہ تمہارے ساتھ کوئی منتر پڑھنے والا ہے کیوں کہ قبیلہ کے سردار کو بچھو نے کاٹ کھایا، راویوں نے کہا کہ وہ بیمار ہے تو انہیں سے ایک صحابی نے کہا ہاں! پھر اس کے پاس آیا اور

Marfat.com

فاتحۃ الکتاب پڑھ کر اس پر پھونکی، پس وہ شخص اچھا ہو گیا، تو اس نے بکریوں کا ریوڑ دیا اس نے لینے سے انکار کیا، اور کہا (نہ لوں گا) یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لوں پھر وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا اور آپ سے اس بات کو پوچھا اور عرض کیا یارسول اللہ میں نے صرف فاتحۃ الکتاب سے دم کیا تھا، آپ ہنسے، اور فرمایا: کہ تجھ کو یہ کیوں کر معلوم ہوا کہ یہ سورۃ منتر ہے، پھر فرمایا: ان بکریوں کو لے لو اور اپنے ساتھ میرے لئے بھی حصہ رکھو (مسلم)

تجھے کیوں کر معلوم ہوا فرمانا بنظر تعجب آپ ہے کہ ان کو یہ کیسے سمجھ میں آ گیا، کیوں نہ ہو اللہ والوں کا فہم نہایت نفیس ہوتا ہے، اور قلب گناہوں سے بچنے پر ترک دنیا کر دینے کے باعث صاف اور ستھرا ہوتا ہے، چنانچہ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ مثنوی معنوی میں ارشاد فرماتے ہیں:۔

بینی اندر خود علوم انبیاء بے کتاب و بے معید واوستاء

یعنی جب تم تصفیہء قلب اور تزکیہ باطن سے اپنی اصلاح کر لو تو استاد کے درس اور کتاب کے مطالعہ کے بغیر اپنے اندر علوم و معارف کا فیضان پاؤ گے جو انبیاء و مرسلین کا درس ہے۔

# شیطان اور وبا سے محفوظ رہنے کا عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

**ترکیب:** اس کو باطہارت کا۔ہ ہر روز بلا ناغہ چند بار پڑھا جائے۔

**ثبوت:** جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رات شروع ہو جائے یا یہ فرمایا: کہ جب شام کا وقت ہو جائے، تو اپنے لڑکوں کو باہر جانے سے روکو، کیوں کہ شیاطین اس وقت منتشر ہوتے ہیں، اور اچک

Marfat.com

لے جاتے ہیں، پس جب تھوڑی سی رات گذر جائے تو ان کو چھوڑ دو، اور دروازوں کو بند کر دو، اور اللہ کا نام ذکر کرو، یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ کیوں کہ شیطان ایسے بند دروازے کو نہیں کھولتا ہے، اور اپنی مشکوں کا منہ باندھ دو، کیوں کہ اس میں ایک ایسی مشک پر جس کا منہ بندھا ہوا نہیں ہے، اس کا گذر ہوتا ہے، تو اس کا کوئی حصہ ضرور اس میں اترتا ہے، اور اللہ کا نام ذکر کرو، اور اپنے برتنوں کو چھپا دو اور اللہ کا نام ذکر کرو، اگر چہ عرض میں اس پر کوئی چیز رکھ دو، اور اپنے چراغوں کو بجھا دو کیوں کہ چھوٹا موذی چوہا بھی اکثر بتی کو کھینچ کے لے جاتا ہے، اور گھر والوں کو جلا دیتا ہے۔

(بخاری ، کتاب الستیذان ، باب لاتترک النار فی البیت عند النوم ، وباب غلق الابواب باللیل ومسلم، کتاب الاشربۃ، باب الامر بطغتیۃ الاناء وایکاء اکسقاء اغلاق الابواب)

## ہر قسم کے مرض سے شفا پانے کا عمل

۱) سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر ہر روز بلاناغہ مریض پر دم کیا جائے، یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں دھو کر پلایا جائے۔

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ سورۂ فاتحہ ہر مرض کی شفاء ہے سوائے موت کے (اتقان)

(۲) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ○ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ○ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ○ (سورۂ مومنون رکوع ۶ پارہ ۱۸ آیت ۱۱۵ تا

Marfat.com

(۱۱۸

**خاصیت:** یہ عمل ہر قسم کی بیماری کو شفا بخشنے میں سریع الاثر ہے، خصوصاً روتے بچے کے چپ کرانے کے لئے از بس مجرب ہے، بچہ فوراً چپ ہو کر با آرام سو جاتا ہے۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضورِ قلب سے چند بار پڑھ کر مریض کے کان میں دم کیا جائے۔

**ثبوت:** ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک مریض کے کان میں کچھ قرآن مجید پڑھا، پس اس کو (افاقہ) ہو گیا، اور بہت جلد تندرست ہو گیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے پوچھا کہ تم نے اس مریض کے کان میں کیا پڑھا تھا انہوں نے عرض کیا، کہ سورہٗ مومنون کی (آخری) تین آیتیں، آپ نے فرمایا: کہ اگر کوئی شخص یقین کے ساتھ ان آیتوں کو پہاڑ پر پڑھے تو وہ ضرور اپنی جگہ سے ٹل جائے (بیہقی)

(۳) سورہٗ اخلاص، سوہٗ فلق اور سورہٗ ناس ۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کرے، یا اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کر مریض کے منہ پر پھیرے۔

**ثبوت:** عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اوپر معوذات پڑھ کر دم کرتے، اور اپنا ہاتھ پھیرتے، جس بیماری میں آپ نے وصال فرمایا میں اس میں معوذات پڑھ کر آپ پر دم کیا کرتی تھی، اور آپ کا ہاتھ اس کی برکت کی وجہ سے آپ پر پھیر دیا کرتی تھی۔ (بخاری ومسلم، کتاب السلام، باب استحباب رقیۃ المریض، باب رقیۃ المریض بالمعوذات والنفث)

صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جب آپ کے گھر والوں میں سے

Marfat.com

کوئی بیمار ہوتا تو آپ اس پر معوذات پڑھ کر دم کرتے تھے۔

صحیح بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ معمر نے زہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیوں کر دم کرتے تھے، زہری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، کہ اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرتے تھے، پھر ان دونوں کو اپنے منہ پر پھیرتے تھے۔

## (۴) جنات شیاطین دور کرنے کا عمل

جنات، شیاطین، ارواحِ خبیثہ اور آسیب کے دور کرنے کے اعمال۔

(۱) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ○ اٰمِيْنَ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الٓـمّٓ ○ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ

Marfat.com

يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ
مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا
غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ
اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ؕ وَ
اعْفُ عَنَّا وَ اغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا ۚ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝
شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ
اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ
الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَ
مَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ
الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَ قُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَ الصّٰٓفّٰتِ
صَفًّا ۝ وَ الزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ رَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ
الْكَوَاكِبِ ۙ ۝ وَ حِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَ يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّ لَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ
الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا
خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا
مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ وَ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ○

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے پڑھکر مریض پر دم کیا جائے

**ثبوت:** حاکم نے مستدرک میں ابی بن کعب سے اور ماجہ نے ابی یعلی رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔ کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھا، ایک اعرابی نے آ کر کہا: یا نبی اللہ! میرا بھائی بیمار ہے۔ آپ نے پوچھا کیا بیماری ہے؟ اس نے کہا: کہ اس پر آسیب ہے۔ فرمایا: اس کو میرے پاس لے آ! تو اسے لے آیا تو آپ نے اس کو ان آیتوں سے پناہ دی، سورۃ فاتحہ اور سورۃ بقرہ کے شروع کی چار آیتیں، اور یہ دو آیتیں، والھکم والہ واحد، الآیۃ الکرسی، اور سورۃ بقرہ کے آخر کی تین آیتیں، اور سورۃ آل عمران کی ایک آیت شھد اللہ انہ لآ الہ الا ھو الآیۃ اور سورۃ اعراف کی ایک آیت ان ربکم اللہ الذی خلق السموت والارض

Marfat.com

الآیۃ، اور سورۂ مؤمنون کا آخر فتعالی اللہ الملک الحق الآیۃ، اور سورۂ جن کی ایک آیت وانہ تعالی جدربنا اور والصافات کے شروع کی دس آیتیں سورۂ حشر کی آخری آیتیں، اور قل ھواللہ احد اور معوذتین، پھر وہ اعرابی ایسا اٹھ کھڑا ہوا گویا کہ وہ کبھی بیمار ہی نہیں ہوا تھا (اتقان) (مستدرک حاکم، کتاب الرقی والتمائم، اس کتاب میں حدیث نمبر ۴، ۵)

**عمل ۲** اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ○ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ○ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِیْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ

Marfat.com

عَنَّا وَ اغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت:** عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جو شخص سورہ بقرہ کی پہلی چار آیتیں اور آیت الکرسی اور دو آیتیں اس کے بعد والی اور سورہ بقرہ کی آخری تین آیتیں پڑھے گا۔ اس کے اور اس کے اہل کے اس دن شیطان قریب نہیں ہوگا۔ اور نہ کوئی ایسی چیز جو اسے ناگوار ہو، اور نہ پڑھی جائیں گی یہ آیات کسی مجنون پر مگر اسے آرام ہو جائے گا۔

## عمل ۳ آیت الکرسی

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار حضور قلب سے ہر روز بلاناغہ پڑھا جائے

## شیطان اور آیت الکرسی

۱) ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ ان کے لئے کھجوروں کا ایک ڈھیر تھا وہ گھٹتا جاتا تھا۔ ایک رات جو انہوں نے اس کی نگہبانی کی۔ تو ان کو ایک جن بالغ لڑکے کے مشابہ نظر آیا۔ انہوں نے ان کو سلام کیا، اس نے سلام کا جواب دیا۔ پھر انہوں نے اس سے پوچھا۔ کہ تو کون ہے۔ جن ہے یا آدمی، اس نے کہا۔ میں جن ہوں۔ انہوں نے کہا: ذرا اپنا ہاتھ مجھے دے۔ اس نے اپنا ہاتھ ان کو دیا۔ تو کیا معلوم ہوا۔ کہ اس کا ہاتھ کتے کا ہاتھ ہے۔ اور اس کے بال کتے کے بال ہیں۔ انہوں نے کہا، کیا جن کی خلقت یہی ہوتی ہے، اس نے کہا، کہ جن اس بات کو جانتے ہیں کہ ان میں مجھ سے زیادہ کوئی سخت نہیں ہے، انہوں نے کہا، تو یہاں کیوں آیا؟ اس نے کہا، کہ ہم کو خبر پہنچی ہے، کہ تم صدقہ کو دوست رکھتے ہو، ہم اس لئے آئے، کہ تمہارے

Marfat.com

کھانے میں سے کچھ حصہ ہم بھی لیں، انہوں نے کہا، کیا چیز ہم لوگوں کو تم سے نجات دیتی ہے؟ اس نے کہا: آیت الکرسی، جو سورۂ بقر میں ہے، جو شخص شام کے وقت اس کو پڑھ لے، تو وہ صبح تک ہم لوگوں سے محفوظ رہے، اور جو شخص صبح کو پڑھ لے، تو شام تک ہم لوگوں سے محفوظ رہے، جب صبح ہوئی، تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے اس واقعہ کو بیان کیا، آپ نے فرمایا، کہ اس خبیث نے سچ کہا، (نسائی، کتاب عمل الیوم واللیۃ، باب ذکر ما یکب صحیح بخاری شریف، کتاب الوکالۃ، باب اذا وکلر جلا وترک الوکیل شیئا...... ) وترغیب وترہیب )

۲) ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے، کہ مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوۃ رمضان کی حفاظت کے لئے مقرر کیا، ایک شخص میرے پاس آیا، اور دونوں ہاتھوں سے کھانے کی چیزیں اٹھانے لگا۔ میں نے اس کو پکڑ کر کہا۔ کہ میں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ضرور لے چلوں گا۔ اس نے کہا کہ میں محتاج اور عیالدار ہوں۔ اور مجھے سخت حاجت ہے۔ پس میں نے اس کو چھوڑ دیا۔ جب میں نے صبح کی۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ اے ابوہریرہ! رات تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اس نے شکایت کی۔ کہ میں سخت محتاج اور عیالدار ہوں۔ میں نے اس پر رحم کیا اور اسکو چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا: یاد رکھ بیشک اس نے تجھ سے جھوٹ کہا، اور وہ پھر آئے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانے سے کہ وہ پھر آئے گا مجھ کو یقین ہو گیا۔ کہ وہ پھر آئیگا۔ چنانچہ میں اس کی تاک میں بیٹھا۔ اور وہ آیا۔ اور دونوں ہاتھوں سے کھانے کی چیزوں کو اٹھانے لگا۔ میں نے اس کو پکڑ کر کہا: میں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ضرور لے چلوں گا۔ اس نے کہا: مجھے چھوڑ دے۔ میں محتاج اور عیالدار ہوں پھر نہ آؤں گا۔ میں نے اس پر رحم کیا اور اس کو چھوڑ دیا۔ جب میں نے صبح کی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا: تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی۔ یارسول اللہ اس نے شکایت کی، میں سخت محتاج اور عیالدار ہوں۔ میں نے اس پر رحم کیا اور اس کو چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا: یادرکھ۔ بیشک اس نے تجھ سے جھوٹ کہا۔ اور وہ پھر آئے گا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمانے سے کہ وہ پھر آئے گا۔ مجھ کو یقین ہو گیا کہ وہ پھر آئے گا۔ پھر میں اس کی تاک میں بیٹھا۔ پس وہ آیا اور دونوں ہاتھوں سے کھانے کی چیزیں اٹھانے لگا۔ میں نے اس کو پکڑا اور کہا: میں تجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ضرور لے چلوں گا۔ اور یہ تیسری بار ہے۔ ہر بار تو کہتا ہے۔ کہ پھر نہ آؤں گا اور پھر آ جاتا ہے۔ اس نے کہا: تو مجھے چھوڑ دے، میں تجھے ایسے کلمات سکھائے دیتا ہوں۔ جن سے اللہ تجھ کو نفع دے گا، جب تو اپنے بستر خواب پر آئے۔ تو آیت الکرسی شروع سے آخر تک پڑھ لے۔ کیونکہ اس کے پڑھنے سے صبح تک اللہ تعالیٰ کی طرف سے برابر تیرے لئے ایک نگہبان رہے گا اور شیطان تیرے نزدیک نہ آئے گا۔ پس میں نے اسے چھوڑ دیا۔ جب صبح ہوئی، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تیرے قیدی نے کیا کیا؟ میں نے عرض کی: اس نے کہا کہ میں تجھ کو ایسے کلمات سکھائے دیتا ہوں۔ جن سے اللہ تعالیٰ تجھ کو نفع دے گا۔ آپ نے فرمایا: بیشک اس نے تجھ سے سچ کہا۔ حالانکہ وہ بڑا جھوٹا ہے۔ اے ابو ہریرہ! کیا تو جانتا ہے کہ تو تین راتوں سے کس کے ساتھ مخاطب ہے؟ میں نے عرض کی۔ کہ نہیں۔ آپ نے فرمایا: وہ شیطان ہے۔

Marfat.com

# (۵) جادو اور نظر بد

## (۱) دفع سحر کا عمل

(۱) سورۂ فلق اور سورۂ ناس (معوذتین)

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

**ثبوت:** لبید بن اعصم یہودی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا، اور کمان کے چلہ میں گیارہ گرہیں دے کر زردان کنویں میں ایک پتھر کے نیچے دبا دیا، جس کے باعث آپ بیمار ہو گئے۔

جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام سورۂ فلق اور سورۂ ناس (معوذتین) جن میں گیارہ آیتیں ہیں لے کر نازل ہوئے، اور آپ کو سحر کے سب حالات سے مطلع کیا، آپ نے معاً اس کنویں سے چلے کو منگوایا، اور یہ دونوں سورتیں پڑھنی شروع کیں، جب ایک ایک آیت پڑھتے تھے، تو ایک ایک گرا کھلتی جاتی تھی، یہاں تک کہ آخر میں سب گرہیں کھل گئیں، اور آپ تندرست ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے، گویا آپ ایک رسی میں بندھے ہوئے تھے، جس سے کھل گئے (تفسیر جلالین) (صحیح بخاری، کتاب الادب، باب قول اللہ تعالی ان اللہ یامر بالعدل...... ، باب ھل یستخرج السحر)

(۲) فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○ (سورۂ یونس رکوع ۸۱،۸۰/۵) فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ (سورۂ اعراف رکوع ۱۱۸/۱۳) اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا

Marfat.com

يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ○ (سورۂ طٰہٰ/۶۹)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے بیمار کے سر پر ڈال دیا جائے۔

ثبوت: ابن ابی حاتم نے لیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے، کہ انہوں نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے، کہ بیشک یہ آیتیں جادو کے لئے شفا ہیں، ایک برتن میں پانی رکھ کر اور ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر دے، پھر جس کو جادو کیا گیا ہے، اس کے سر پر بکھیر دے (اتقان)

## (۲) دفع زخم چشم کا عمل

سورۂ فلق و سورۂ ناس (معوذتین)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جن اور انسان کی نظر سے پناہ مانگتے تھے، یہاں تک کہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس (معوذتین) نازل ہوئیں جب یہ دونوں سورتیں اتریں، تو آپ نے انہیں دونوں کو لے لیا، اور ان کے سوا اور چیزوں کو چھوڑ دیا۔

# (۶) مختلف حوائج دینیہ و دنیویہ

## ۱) مغفرتِ گناہاں اور شہادت کا ثواب پانے کا عمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (سورۂ انبیاء ع ۶)

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو تمام عیبوں سے پاک ہے، بیشک میں ظلم

Marfat.com

کرنے والوں میں سے تھا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے قول لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ کے باب میں فرمایا ہے کہ جو مسلمان اپنی بیماری میں چالیس بار اس کے ساتھ دعا کرے، اور اس بیماری میں مرجائے تو اس کو شہید کا ثواب دیا جائے گا، اور اگر اچھا ہو جائے، تو ایسی حالت میں ہو، کہ اس کے تمام گناہ بخشے ہوئے ہوں (ترغیب وترہیب، مستدرک، حاکم)

# ۲) سخت دل کو نرم کرنے کے اعمال

سورۂ یاسین (پارہ ۲۲ و ۲۳)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چینی کی پیالی یا مٹی کے پیالہ پر چالیس روز بلا ناغہ اس شخص کو لکھ کر دیا جائے یا دم کیا جائے جس کا دل سخت ہو۔

ثبوت: ابو جعفر بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو اپنے دل میں سختی پائے اس کو چاہئے کہ سورۂ یاسین پیالہ میں زعفران سے لکھ کر پی لے (المستدرک للحاکم مع تعلیقات الذہبی، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ یاسین)

# (۳) حل مشکلات کا عمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ (سورہ انبیا)

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو پاک ہے، بیشک میں خطا کاروں سے ہوں

**ترکیب:** اسکو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔ اسکی

Marfat.com

خاص ترکیبیں مشائخی عملیات میں شرح وبسط سے لکھی گئی ہیں۔

**ثبوت**: یہ عمل حضرت یونس علیہ السلام کا ہے۔ کہ جب وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے، تو اس وقت آپ نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ اس کی برکت سے اللہ تعالی نے ان کو مخلصی بخشی چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ دَعْوَةُ ذِی النُّوْنِ وَهُوَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ (رواه الترمذی والنسائی) الترغیب والترهیب)

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی فضیلت بیان فرمائی۔ تو صحابہ کرام نے عرض کیا۔ یارسول اللہ یہ اسم اعظم کیا خاص یونس علیہ السلام کے لئے ہے یا ہر مسلمان کے لئے ہے؟ آپ نے فرمایا: یونس علیہ السلام کے لئے خاص نہیں ہے، بلکہ تمام مسلمانوں کے لئے ہے۔ اور اس کے ثبوت میں آپ نے یہ آیت پڑھی۔

وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ○

اور اسی طرح ہم ایمان والوں کو بچالیا کرتے ہیں۔ (ترمذی، ابواب الدعوات، باب ۸۲)

## رات کو مقررہ وقت پر جاگنے کا عمل

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ○ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ○ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ

Marfat.com

عَمَلًا صَالِحًا وَّ لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا○ (سورہ کہف رکوع ۱۱/آخری آیات)

**ترکیب:** اسے رات کے وقت حضورِ قلب سے پڑھا جائے۔اور جس وقت جاگنا چاہے اس کا دل میں خیال کرلیا جائے۔عین وقت پر خود بخود آنکھ کھل جائے گی۔

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سورہ کہف کی آخری تین آیات رات کسی وقت اٹھنے کے لئے پڑھے۔تو اسی وقت جاگے گا جس وقت کا ارادہ ہے۔(دارمی)

## سفر سے بہ خیریت واپس آنے کا عمل

سورہ اخلاص با بسم اللہ شریف

**ترکیب:** اس کو سفر پر جانے سے پہلے گھر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر گیارہ بار پڑھا جائے۔

**ثبوت:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی سفر کا ارادہ کرے، اسے چاہئے کہ اپنے گھر کے دروازے کے دونوں بازو پکڑ کر گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا نگہبان رہتا ہے۔یہاں تک کہ سفر سے پھر واپس آئے (درمنثور)

## سرکش جانور کو مطیع کرنے کا عمل

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَ لَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ○ سورہ ال عمران رکوع ۹/۸۳

کیا وہ لوگ اللہ کے دین کے سوا ڈھونڈتے ہیں۔اور حال یہ ہے کہ جو لوگ

Marfat.com

آسمانوں اور زمین میں ہیں وہ سب بخوشی یا بالجبر اسی کے فرمانبردار ہیں اور اسی کی طرف سب پھیرے جائیں گے۔

**ترکیب:** اسکو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر جانور کے دونوں کانوں میں دم کیا جائے۔

**ثبوت:** ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب تم میں سے کسی کا جانور چوپایہ سختی اور سرکشی کرے، یا گھوڑا وغیرہ سواری نہ دے، تو اس کے دونوں کانوں میں یہ آیت پڑھنی چاہیے: (بیہقی)



Marfat.com

# عامل بنانے والی کتاب

## حصہ سوم

ملقب بہ

## حدیثی عملیات

اعنی

## بیاض نبوی ﷺ حصہ دوم

Marfat.com

# علاج کی دو تدبیریں روحانی اور جسمانی

جسمانی بیماریوں کے علاج کی صرف دو ہی تدبیریں مشہور و معروف ہیں
ایک دوا ☆ دوسری دعا۔

دوا زمینی پیداواروں سے کام لینے کا نام ہے، اور دعاء آسمانی برکات سے متمتع ہونے کو کہتے ہیں۔

اس میں شک نہیں ہے، کہ وہ بھی بحکم خدا اپنی تاثیر سے، ازالہءِ مرض کی خاصیت رکھتی ہے مگر دعا کا اثر اس سے کہیں بڑھ کر ہوتا ہے، لیکن بعض نادان اپنی بے سمجھی سے دعا کو بے سود سمجھتے ہیں، اور طب روحانی کو چھوڑ کر طب یونانی و فرنگستانی کی طرف رجوع کرتے ہیں، حالانکہ یہ بات پایہءِ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ دواء کا مدار محض ظن پر ہوتا ہے، لیکن دعاء کا انحصار یقین پر۔

دعائے صبح و شام تو کلیدِ گنجِ مقصود است

باین راہ وروش میشو کہ بادلدار پیوندی

تیری صبح شام کی دعا مقصد کے خزانہ کی چابی ہے اس راہ اور عادت کو اپنا تا کہ دل دار کے ساتھ تیرا تعلق قائم ہو جائے۔

دواء صرف جسمی عوارض میں کام دے سکتی ہے، مگر دعاء سے امراض جسم کے ازالہ کے علاوہ دفعِ مصائب وحلِ مشکلات، توفیرِ رزق، تسخیرِ خلائق، دفعِ شیاطین وجنات وغیرہ سینکڑوں فائدے بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔

دریں دریائے گوہر خیز ، نومیدی نمی باشد

غنی شد چوں صدف بر کس دہانِ خود کشود اینجا

اس موتی پیدا کرنے والے دریا میں ناامیدی نہیں ہوتی وہ شخص غنی ہو جاتا

Marfat.com

ہے جس پر سیپ اپنا منہ کھول دے۔

علاوہ اس کے پھوڑے پھنسی، بواسیر وخنازیر وغیرہ کے اکثر ایسے بیمار دیکھے گئے ہیں جن کے جسموں کو ڈاکٹروں اور جراحوں نے (آپریشن سے) کاٹ کاٹ لہو لہان کر دیا، اور مریض ہفتوں بلکہ مہینوں تک پٹی باندھتا رہا، لیکن بعض مریض صحت یاب ہو کر دوبارہ ان امراض میں مبتلا ہو جاتے ہیں، مگر دوسری طرف اللہ کا مقبول بندہ ایک دھاگہ پر کچھ کلمات پڑھ کر چند گرہیں لگاتا ہے، اور مریض کے گلے میں ڈال دیتا ہے، یا مٹی کے ڈھیلے پر دم کر کے مریض کو اس مقام پر پھیرنے کے لئے دیتا ہے، اور وہ ان موذی امراض سے ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہو جاتا ہے، لطف یہ ہے کہ خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر اور کڑوی کسیلی دواء کا گھونٹ پیئے بغیر وہ چند یوم میں تندرست ہو جاتا ہے، اور ڈاکٹر بے چارے منہ تکتے رہ جاتے ہیں۔

جام صافی دیگراں خورند محفل برشکست کاسہ ءِ دُردِ ے نصیب ماز اں محض نماند

## استخارہ

انسان جب کوئی کام کرنا چاہتا ہے، تو اس کا مفید یا مضر ہونا پردہ غیب میں مخفی ہوتا ہے، اور انسان کو کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ یہ کام جو میں کرنے والا ہوں، میرے لئے مفید ہوگا یا نہیں اس لئے وہ اس کی دریافت میں اِدھر اُدھر نجومیوں اور رملیوں وغیرہ کے آستاں بوسی میں مارا مارا پھرتا ہے، اسلام نے اس کے متعلق ایک صحیح راستہ بتلایا ہے، جس پر عمل کرنے سے یہ اضطراب اور تشویش جاتی رہتی ہے، وہ عمل استخارہ ہے۔

## استخارہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی

استخارہ کے لغوی معنی بھلائی طلب کرنے کے ہیں، اور اصطلاح شرع میں

Marfat.com

استخارہ وہ عمل ہے جس کے ذریعہ انسان اللہ تعالیٰ سے یہ التجاء کرتا ہے، کہ اگر یہ کام میرے لئے مفید ہو، تو اس کے سرانجام پانے کے اسباب مہیا ہو جائیں، اور اگر مضر ہو تو قدرتِ حق اس میں رکاوٹ ڈال دے، تاکہ میں اس کے شر سے بچ جاؤں۔

علاوہ اس کے استخارہ کی برکت سے بعض بندوں کو خواب میں بھی کوئی بات اس امر کے نیک و بد ہونے کے متعلق ظاہر ہو جاتی ہے، مگر یہ ضروری نہیں ہے کیوں کہ استخاہ سے اصل مقصد یہ ہے، کہ قدرت خود بخود اس امر کی پور کرنے یا اس کی رکاوٹ کے سامان کر دے، اور اس کا اثر بندے کے عزم اور ارادے پر پڑے مطلب یہ ہے کہ اگر وہ امر اچھا ہو، تو بندے کی ہمت خود بخود مضبوط ہو جائے، تاکہ وہ اپنی سعی و کوشش سے دست بردار نہ ہو، اور اگر وہ مضر ہو، تو وقت رائیگاں نہ ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود استخارہ کرنے کی ترغیب دلائی ہے، چنانچہ مسند امام احمد میں مرفوع روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم کی نیک بختی یہ ہے کہ نماز استخارہ پڑھا کرے اور خدا تعالیٰ کی قضا پر راضی رہے، اور ابن آدم کی یہ کم بختی ہے کہ اللہ سے خیر طلب کرنا ترک کر دے۔

اس حدیث سے صاف ثابت ہوا کہ مسلمان کو ہر ایک کام شروع کرنے سے پہلے استخارہ کرنا مسنون ہے، لیکن نہایت افسوس کا مقام ہے کہ آج کل کے مسلمان اس سنت صحیحہ کو چھوڑ کر غیر مشروعہ طریق کو اختیار کر رہے ہیں، اللہ تعالیٰ رشد و ہدایت بخشے۔

خلاف پیمبر کسے راہ گزید ہرگز بمنزل نخواہد رسید

(۲) عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا كَالسُّوْرَةِ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ اِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّي

Marfat.com

اَسْتَخِيْرُكَ ........ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ قَالَ وَيُسَمِّيْ حَاجَتَهٗ (رواه البخاری)

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو تمام کاموں میں استخارہ کرنا اس اہتمام سے سکھاتے تھے، جس طرح آپ قرآن مجید کی کوئی سورۃ سکھایا کرتے تھے، آپ فرماتے ہیں کہ جب تم میں سے کوئی شخص کسی کام کا قصد کرے تو فرض نماز کے سوا دو رکعت نماز پڑھے، پھر یہ دعا پڑھ اللھم انی استخیرک تاثم ارضنی بہ، فرمایا ساتھ ہی اپنی حاجت کا بھی ذکر کر دے۔

## پوری دعاءِ استخارہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَ اَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَ اصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَ اقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ ○

اے اللہ میں تجھ سے بذریعہ تیرے علم کے بھلائی طلب کرتا ہوں، اور تجھ سے بذریعہ تیری قدرت کے قدرت طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیرے بڑے فضل کو مانگتا ہوں، کیوں کہ تو ہی قدرت رکھتا ہے، اور میں قدرت نہیں رکھتا اور تو ہی جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو ہی غیب کی تمام باتوں کا خوب جاننے والا ہے، اے اللہ اگر تو اس بات کو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے میرے دین اور میری دنیا اور میرے انجام کار میں بہتر ہے تو اس کو میرے لئے مہیا کر دے، اور اس کو میرے لئے آسان

Marfat.com

کر دے اور اس کی برکت عطا فرما اور اگر تو اس بات کو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین اور میری دنیا اور میرے انجام کام میں برا ہے، تو اس کام کو مجھ سے پھیر دے، اور مجھ کو اس کام سے پھیر دے اور بھلائی کو میرے لئے مہیا کر دے، جہاں وہ ہو، پھر مجھ کو اس پر راضی کر دے۔ (صحیح بخاری، کتاب التہجد، باب ماجاء فی التطوع مثنیٰ مثنیٰ)

ترکیب: رات کو باطہارت کاملہ دوگانہ پڑھ کر یہ عمل و دعاء معنی سمجھ کر پڑھے، اور چپ چاپ سو رہے، اس کے بعد بات چیت نہ کرے، یہ عمل سات روز تک متواتر کرے۔

ثبوت: (۱) ایک روایت اوپر گذر چکی ہے، جو صحیح بخاری میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

(۲) انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انس جب تو کسی امر کا قصد کرے تو اس کے باب میں اپنے پروردگار سے سات بار استخارہ کر، پھر جو بات تیرے دل کی طرف پیش دستی کرے، اس کو دیکھ، کیوں کہ اسی میں بہتری ہے (ابن سنی)

# (۲) امور دینیہ اور اخرویہ کے اعمال

## گناہوں کی بخشش کا عمل

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَـہٗ ط لَـہُ الْمُلْکُ وَ لَہُ الْحَمْدُ وَھُوَعَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ○لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کا

Marfat.com

سارا ملک ہے اور اسی کے لئے ساری تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے گناہوں سے باز رہنا اور اطاعت کی قوت سوا اللہ کی مدد کے ممکن نہیں اللہ تمام عیبوں سے پاک ہے اور ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور کوئی معبود اللہ کے سوا نہیں ہے، اور اللہ بہت بڑا ہے۔ (صحیح کنوز السنۃ النبویۃ، باب مایعادل ثواب الحج)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سونے کے وقت پڑھا جائے۔

ثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بستر خواب پر آنے کے وقت یہ پڑھے، اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے، اگر چہ وہ کف دریا کے برابر ہوں (نسائی)

(۲) اَللّٰھُمَّ اَنْتَ تَعْلَمُ سَرِیْرَتِیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ وَتَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا یُبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرِضًا بِمَا قَسَمْتَ لِیْ ○

الٰہی تو بیشک جانتا ہے میری چھپی نیت کو اور میرے ظاہر کو پس قبول کر میرے عذر کو، تو جانتا ہے میری حاجت کو اور تو جانتا ہے جو کچھ میرے دل میں ہے۔ پس بخش دے میرا گناہ! الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسا ایمان جو میرے دل میں قائم رہے، اور یقین سچا حتی کہ مجھے معلوم ہے کہ مجھ کو وہی پہنچتا ہے جو تو نے لکھدیا میرے لئے اور مجھ کو اس پر راضی رکھ جو تو نے میرے سے قسمت میں لکھ دیا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

ثبوت: عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام دنیا میں تشریف لائے، تو کعبہ کے پاس دو رکعت نماز پڑھی اس وقت اللہ تعالی نے یہ دعا آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو الہام فرمائی

Marfat.com

،آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اس دعا کو پڑھا، تب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلاۃ و السلام کے پاس یہ وحی بھیجی کہ میں نے تمہاری دعاء قبول کی، اور تمہیں معاف کر دیا، اور جو بندہ اس دعا کو پڑھ کر مجھ سے سوال کرے گا، تو اس کے گناہ معاف کر دوں گا، اور اس کے کل کاموں کو درست کر دوں گا اور اس سے شیطان کو دفع کر دوں گا اور اگر وہ تاجر ہوگا تو اس کی تجارت بڑھا دوں گا، اور دنیا اس کی تابع ہو کر اس کے پاس آئے گی، اگرچہ وہ دنیا کا طلبگار نہ بھی ہو (معجب طبرانی) (المعجم الاوسط، جزء ۶، ص ۱۱۸)

## رسول اللہ کی شفاعت سے منتفع ہونے کا عمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَ سَلِّمْ عَلَیْھِمْ ○

الٰہی رحمت بھیج ہمارے سردار محمد پر اور ہمارے سردار محمد کی آل پر اور ہمارے سردار محمد کے اصحاب پر۔ اور برکت دے۔ اور سلام بھیج ان پر!

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ صبح اور شام دس دس بار پڑھا جائے۔

**ثبوت:** ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح کو مجھ پر دس بار درود بھیجے اور شام کو بھی دس بار۔ تو قیامت کے روز میری شفاعت اس کی دستگیر رہے گی۔ (طبرانی وترغیب وترہیب) (المعجم الاوسط طبرانی، باب من اسمہ بکر، جزء ۳، قریب المفہوم حدیث ہے)

## فضائل درود شریف

درود شریف کے پڑھنے میں دینی اور دنیوی بیشمار برکتیں پائی جاتی ہیں،

Marfat.com

چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

(۱) عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرَ صَلَوَاتٍ وَحُطَّتْ عَنْہُ عَشْرَ خَطِیْئَاتٍ وَرُفِعَتْ لَـــہٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ (رواہ النسائی، الفضل فی الصلاۃ علی النبی ﷺ، کتاب صفۃ الصلاۃ)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف ہوتے۔ اور اس کے لئے بہشت میں دس درجے بلند کئے جاتے ہیں۔ (نسائی)

(۲) عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً (رواہ الترمذی)

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک قیامت کے دن سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود پڑھنے والا ہوگا (ترمذی) (کنز العمال، الکتاب الثانی من حرف الہمزۃ فی الاذکار من قسم الاقوال، الباب السادس، فی الصلاۃ علیہ وعلی آلہ)

آسان ہر ایک ہوتی ہے مشکل درود سے
مقصد دلوں کے ہوتے ہیں حاصل درود سے
ہر رنج کا علاج ہے ہر درد کی دوا
غمگین کو ہے رفاہ تو بیمار کو شفاء

## (۳) دوزخ کی آگ سے محفوظ رہنے کا عمل

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

Marfat.com

اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کا سارا ملک ہے اور اسی کے لئے سب تعریفیں ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گناہوں سے باز رہنا اور طاقت کی قوت اللہ کی مدد کے بغیر ممکن نہیں۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** ابو سعید اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما اس امر کی شہادت دیتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ جو شخص کہتا ہے: لاالہ الا اللہ واللہ اکبر تو اس کا رب اس کی تصدیق کرتا ہے اور فرماتا ہے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا اَكْبَرُ اور جب وہ کہتا ہے لاالہ الا اللہ وحدہ تو اللہ فرماتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا وَحْدِیْ اور جب وہ کہتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ تو اللہ تعالی فرماتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا وَحْدِیْ لَا شَرِيْكَ لِیْ۔ اور جب وہ کہتا ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ۔ تو اللہ تعالے فرماتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا لِیَ الْمُلْكُ وَلِیَ الْحَمْد۔ اور جب وہ کہتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تو اللہ تعالی فرماتا ہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِیْ۔ جو شخص یہ سب کلمات حالت مرض میں کہے۔ پھر اسی مرض میں مرجائے۔ تو دوزخ کی آگ اس کو نہ جلائے گی (ترمذی، ابن ماجہ، نسائی، ترغیب وترہیب) (سنن نسائی کبری، جزء ۶، جامع الاحادیث، باب الھمزۃ مع الذال، اذا مع القاف)

## دوزخ سے خلاصی پانے کا عمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَ اُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلٰٓئِكَتَكَ وَ

Marfat.com

جَمِیْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَ رَسُوْلُكَ○ (سنن کبریٰ نسائی، جزء ۶، جامع الاحادیث، حرف المیم شرح السنۃ للبغوی، باب اسماء اللہ سبحانہ، کتاب الجمعۃ)

اے اللہ میں نے صبح کی اس حال میں کہ تجھ کو گواہ کرتا ہوں اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو اور تیرے فرشتوں کو اور تیری ساری خلق کو گواہ کرتا ہوں اس بات پر کہ بیشک تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ اور بیشک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔

**ترکیب:** اسکو باطہارت کاملہ صبح یا شام کو پڑھا جائے۔

**ثبوت:** انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ جو شخص صبح کو یا شام کو ایک بار کہے: تو اللہ تعالیٰ اس کی ایک چوتھائی کو دوزخ سے آزاد کر دیتا ہے۔ اور جو شخص دو بار کہے: تو اللہ تعالیٰ اس کے نصف کو آزاد کر دیتا ہے۔ اور جو شخص تین بار کہے تو اللہ تعالیٰ اس کی تین چوتھائی کو آزاد کر دیتا ہے۔ اور جو شخص چار بار کہے۔ تو اللہ تعالےٰ اس کو دوزخ سے بالکل آزاد کر دیتا ہے۔ ابن عساکر کی روایت میں ہے۔ کہ جو کوئی اس دعا کو مرنے سے پہلے چار بار پڑھ لے۔ وہ بہشت میں داخل ہوگا۔ (ریاض الجنۃ)

## (۵) جنت لے جانے والا عمل

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ○

Marfat.com

اے اللہ تو ہی میرا پروردگار ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔تو نے مجھ کو پیدا کیا،اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں تیرے عہد اور وعدے پر ہوں۔جس قدر مجھ سے ہو سکا۔میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کو میں نے کیا تیرے آگے اقرار کرتا ہوں تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہ کا تو مجھ کو بخشدے کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخشتا ہے۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سید الاستغفار یہ ہے کہ تو کہے:اللھم انت ربی ......تا الا انت۔ (بخاری واحمد)(سنن کبری نسائی، جزء٦:: مستدرک حاکم، مع تعلیقات الذہبی، تفسیر سورۂ محمد، کتاب التفسیر)

# مختلف امراض کے لئے اعمال

## (۱) ہر مرض سے شفاء پانے کا عمل

اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ ○

اللہ سے جو عظمت والا ہے عرش عظیم کا پروردگار ہے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھ کو شفاء دے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سات بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کسی ایسے مریض کی عیادت کرے جس کی موت کا وقت نہ

Marfat.com

آیا ہو اور اس کے نزدیک سات بار کہے اسأل اللہ...... تا یشفیک تو اللہ تعالیٰ اس کو اس مرض سے شفا عطا فرماتا ہے (ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ترغیب وترہیب) (سنن کبریٰ نسائی، جزء ۶:: کنز العمال، حق عیادۃ المریض، الباب الرابع فی حقوق تترتب علی الصحبۃ)

(۲) لَا بَأْسَ عَلَيْكَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ ○

تجھ پر کچھ ہرج نہیں یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے، اگر اللہ نے چاہا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چند بار مریض کے پاس پڑھا جائے یا اس کو دم کیا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہےکہ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک اعرابی کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، اور آپ اس سے فرماتے تھے لا بَـــأْسَ عَـــلَيْكَ طَهُـــوْرٌ اِنْ شَـــآءَ اللّٰهُ ○ (بخاری ومسلم) (بخاری، باب فی المشیۃ، کتاب التوحید)

۳) شَفَا اللّٰهُ سُقْمَكَ وَ غَفَرَلَكَ ذَنْبَكَ وَ عَافَاكَ فِيْ دِيْنِكَ وَجِسْمِكَ اِلٰى مُدَّةِ اَجَلِكَ ○

اللہ تجھ کو بیماری سے شفا دے اور تیرے لئے تیرے گناہ بخش دے، اور تجھ تیرے دین اور تیرے جسم میں تیری موت کے وقت تک عافیت دے۔

ثبوت: سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری بیماری میں میری عیادت کے لئے تشریف لائے آپ نے یہ فرمایا:

شَفَا اللّٰهُ سُقْمَكَ وَ غَفَرَلَكَ ذَنْبَكَ وَ عَافَاكَ فِيْ دِيْنِكَ وَجِسْمِكَ اِلٰى مُدَّةِ اَجَلِكَ ○ (مستدرک حاکم)

Marfat.com

(۴) بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ○

اللہ کے نام کے ذریعہ سے آپ کی حفاظت کرتا ہوں ایسی ہر چیز سے جو آپ کو اذیت دیتی ہے ہر نفس کے شر سے یا حسد کرنے والے کی آنکھ کی برائی سے، اللہ آپ کو شفا دے اللہ ہی کے نام کے ذریعہ سے آپ کی حفاظت کرتا ہوں (یعنی پڑھتا ہوں اور دم کرتا ہوں)

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جبرائیل علیہ الصلاۃ و السلام رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ یا رسول اللہ آپ بیمار ہو گئے ہیں، فرمایا: ہاں، جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے پڑھا:

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ○ اور دم کر دیا (مسلم، ترمذی، ابن ماجہ ونسائی)

(۵) بِسْمِ اللّٰهِ يُبْرِئُكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيْكَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ عَيْنٍ ○

اللہ کے نام سے جو آپ کو صحت دے گا، اور ہر بیماری سے آپ کو شفا دے گا اور حسد کرنے والے کی برائی سے جس وقت وہ حسد کرے، اور ہر بدنظر کرنے والے کی برائی سے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم بیمار ہوتے تو، جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام آپ کے لئے منتر پڑھتے اور یہ کہتے: بِسْمِ اللّٰهِ يُبْرِئُكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيْكَ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ عَيْنٍ ○ (صحیح بخاری) (جامع الاحادیث، مسانید النساء، مسند عائشہ)

(۶) بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيْكَ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ○ (سنن النسائی الکبری، ذکر ما کان جبریل یعوذ، جزء ۶)

اللہ کے نام سے تیری حفاظت کرتا ہوں اور اللہ تجھ کو شفا دے گا ہر بیماری سے جو تجھ میں ہے اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کی بیماری سے اور حسد کرنے والے کی برائی سے جس وقت وہ حسد کرے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس عیادت کے لئے تشریف لائے، اور فرمایا: کہ میں تیری لئے وہ منتر نہ پڑھوں جس کو جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام میرے پاس لائے، میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، کیوں نہیں آپ نے تین بار درج بالا الفاظ پڑھ کر دم کر دیا: (ابن ماجہ اور مستدرک حاکم)

(۷) بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيْكَ اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ○

اللہ کے نام سے تیری حفاظت کرتا ہوں اور اللہ تجھ کو شفا دے گا، ہر بیماری سے جو تجھ میں ہے بیماری کو دور کرا ے تمام لوگوں کے پروردگار اور شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: میمونہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے، کہ انہوں نے اپنے بھتیجے عبد الرحمن بن سائب رضی اللہ تعالی عنہ سے کہا، کیا میں تیرے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منتر نہ پڑھوں عبدالرحمن رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا کیوں نہیں؟ میمونہ رضی اللہ تعالی عنہا نے پڑھا اور دم کر دیا (مسند احمد بن حنبل، حدیث میمونۃ بنت حارث، باقی مسند الانصار) (جامع الاحادیث، مسند میمونہ ام المومنین، کتاب مسانید النساء)

(۸) اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے اللہ! ہم کو دنیا میں بھلائی دے، اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ خضوع وخشوع سے پڑھا جائے، یا مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے مسلمان کی عیادت کی جو ضعف سے چوزے کی طرح ہو گیا تھا، آپ نے اس سے فرمایا: کیا تو اللہ سے کچھ دعا کیا کرتا تھا، یا کچھ مانگا کرتا تھا، اس نے کہا: ہاں میں یہ دعا کیا کرتا تھا: ''اے اللہ جو عذاب تو مجھ پر آخرت میں کرنے والا ہے، وہ دنیا ہی میں مجھ پر کر لے'' آپ نے فرمایا: سبحان اللہ! تو اس عذاب کی طاقت نہیں رکھتا تو نے یہ دعا کیوں نہ کی، اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ انس رضی اللہ تعالی عنہ کا بیان ہے کہ اس شخص نے یہی دعا کی، اللہ تعالی نے اس کو شفاء عطا فرمائی: (صحیح مسلم، باب کراہۃ الدعاء، کتاب الذکر والدعاء والتوبہ)

(۹) رَبُّنَا اللّٰهُ الَّذِيْ فِي السَّمَاءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِي السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

Marfat.com

كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ، اِغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا أَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِنْ رَحْمَتِكَ وَ شِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَءُ ۝

ہمارا پروردگار اللہ ہے جو آسمان میں ہے اے اللہ تیرا نام پاک ہے، تیرا حکم آسمان میں ہے، اب تو اپنی رحمت زمین میں اتار ہمارے لئے ہمارے بڑے اور چھوٹے گناہ بخش دے تو ہی پاک لوگوں کا پروردگار ہے اپنی رحمتوں میں سے رحمت اور اپنی شفاؤں میں سے شفا اس بیماری پر اتار، تاکہ وہ اچھا ہو جائے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: ابوالدرداء اور فضیلہ بن عبید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، کہ جب تم میں سے کوئی شخص یا اس کا بھائی بیمار ہو، تو اس کو چاہئے کہ یہ دعاء پڑھے: (ابوداؤد، کتاب الطب، باب کیف الرقی، وسنن نسائی، مایقول من کان بہ اس وذکر الاختلاف ...... کتاب عمل الیوم واللیلۃ:: ترغیب وترہیب)

مسند امام احمد حنبل میں ہے کہ اس دعا کو تین بار پڑھے، پھر تین بار معوذتین (سورۂ فلق وسورۂ ناس) پڑھے۔

## دفع بخار کا عمل

۱) بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ ۝

اللہ کے نام سے اے اللہ اپنے بندے کو شفا دے اور اپنے رسول کو سچا کر۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ نماز فجر کے بعد چلتے پانی کے بہاؤ کی طرف منہ کر کے پڑھے، پھر پانی میں تین غوطے لگائے، نو روز تک یہ عمل جاری رکھے۔

Marfat.com

ثبوت: ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی شخص کو بخار آئے تو اس کو چاہیے، کہ اس کو ٹھنڈے پانی سے بجھائے، کیوں کہ بخار آگ کا ایک ٹکڑا ہے پس نماز فجر کے بعد اور سورج نکلنے سے پہلے کسی چلتے پانی یا نہر رواں میں جا کر پانی کی طرف منہ کر کے یہ کہے: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ ○ پھر اس میں تین غوطے لگائے، تین دن تک ایسا کرے، اگر تین دن تک اچھا نہ ہو، تو پانچ دن تک ایسا کرے، اگر پانچ دن میں بھی اچھا نہ ہو، تو سات دن تک ایسا کرے، اگر سات دن میں اچھا نہ ہو، تو نو دن تک ایسا کرے، اللہ تعالیٰ کے حکم سے نو دن سے آگے بخار نہ بڑھے گے (مسند احمد:: باب ۳۸/سنن ترمذی باب:: ۳۳ کتاب الطب)

## بخار، درد سر اور جگر کے دور کرنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ○

اللہ کے نام سے جو بڑائی والا ہے جوش مارنے والی آگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی کی برائی سے ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں جو عظمت والا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ نعوذ کی بجائے اعوذ آیا ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: (۱) عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کو بخار اور سارے دردوں کے لئے تعلیم فرماتے تھے، کہ یہ کہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ○ (مستدرک حاکم مع تعلیقات الذہبی، کتاب الرقی والتمائم)

Marfat.com

# (۴) دردِ سر اور دردِ ورم کے دور کرنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰہِ اَذْهِبْ عَنْهَا سُوْئَهٗ وَ فُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمُبِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللّٰہِ ○

اللہ کے نام سے، دور کردے اس سے اس کی برائی اور اس کی زیادتی اپنے نبی کی دعاء سے جو پاک ہے مبارک ہے روشن ہے تیرے نزدیک اللہ کے نام سے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: مواہبِ لدنیہ میں ہے ابن انسی سے منقول ہے، کہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں سر درد اور درد ورم کی شکایت کی آپ نے اپنا ہاتھ اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سر کے دوپٹہ کے اوپر سے سر پر رکھا، اور تین بار یہ کلمات پڑھ کر دم کیا، بِسْمِ اللّٰہِ اَذْهِبْ عَنْهَا سُوْئَهٗ وَ فُحْشَهٗ بِدَعْوَةِ نَبِيِّكَ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْمُبِيْنِ عِنْدَكَ بِسْمِ اللّٰہِ ○، پھر آپ نے اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حکم دیا کہ تم خود اسی طرح دم کرنا، اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تین دن تک دم کیا پھر اس کو درد اور ورم سے آرام ہوگیا۔ (دلائل النبوۃ، للبیہقی، جماع ابواب دعوات نبینا، جماع ابواب غزوۃ تبوک)

# دفعِ آشوبِ چشم کا عمل

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ وَ اجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ وَ اَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ ثَارِيْ وَ انْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ ○

اے اللہ مجھ کو میری بینائی سے فائدہ مند کر اور اس کو میرا وارث کر اور مجھ کو دشمن میں میرا بدلا دکھا دے، اور اس شخص کے مقابلہ میں جس نے مجھ پر ظلم کیا میری مدد کر۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مریض کی آنکھ پر دم کیا جائے۔

ثبوت: انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یا آپ کے گھر والوں میں سے یا آپ کے احباب میں سے کسی کو آشوبِ چشم ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعاء فرماتے: اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِبَصَرِیْ وَاجْعَلْہُ الْوَارِثَ مِنِّیْ وَاَرِنِیْ فِی الْعَدُوِّ ثَارِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ۝ (مستدرک حاکم، کتاب الرقی والتمائم، کنز العمال)

## آنکھ سے پانی بہنے اور دیگر امراض کو دور کرنے کا عمل

اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآءُکَ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا۝

بیماری کو دور کر اے تمام لوگوں کے پروردگار اور تو ہی شفا دینے والا ہے شفا نہیں مگر تیری شفا ایسی شفا دے جو کسی بیماری کو باقی نہ چھوڑے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مریض کے بدن پر ہاتھ پھیرا جائے، اور آنکھ کے مرض میں پانی پر دم کر کے آنکھوں پر چھڑکا جائے۔

ثبوت: (۱) عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب ہم میں سے کوئی آدمی بیمار ہوتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر اپنا داہنا ہاتھ پھیرتے، اور یہ فرماتے اذھب الباس تاسقما (ترمذی، ابواب الدعوات، باب فی دعاء المریض ومسلم، کتاب السلام، باب استحباب رقیۃ المریض) (سنن کبریٰ بیہقی، جزء ۳)

۲) صحیح بخاری کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاْسَ وَاشْفِہٖ وَاَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا۝

Marfat.com

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ کی بیوی زینب رضی اللہ تعالی عنہا کے بھتیجے سے روایت ہے کہ زینب رضی اللہ تعالی عنا نے کہا کہ ایک بڑھیا جو سرخ بادہ کا منتر پڑھا کرتی تھی، ہمارے یہاں آیا کرتی تھی، اور ہمارے یہاں ایک تخت تھا، جس کے پائے لمبے لمبے تھے، اور عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ جب گھر میں آتے تھے، تو کھانستے اور آواز دیتے تھے، وہ ایک دن گھر میں آئے تو جب بڑھیا نے ان کی آواز سنی تو وہ ان سے چھپ گئی، عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ میرے پہلو میں آ کر بیٹھے اور مجھے ہاتھ لگایا، میری گردن میں ایک دھاگا پایا، کہا یہ کیا ہے؟ میں نے کہا، کہ اس میں میرے لئے سرخ بادہ کا منتر پڑھا گیا ہے، پس اس کو کھینچ کر کاٹ ڈالا، اور پھینک دیا اور کہا، عبداللہ کے گھرانے والوں کو شرک کی کوئی حاجت نہیں ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، کہ منتر اور تِولَہ (ایک قسم کا سحر ہے) یہ سب شرک ہیں میں نے کہا کہ میں ایک دن گھر سے نکلی مجھے فلاں شخص نے دیکھا، میری اس آنکھ سے جو اس کے مقابل تھی، پانی بہنے لگا، پس جب میں اس پر منتر کا استعمال کرتی ہوں، تو پانی بہنا موقوف ہو جاتا ہے اور جب منتر کا استعمال چھوڑ دیتی ہوں، تو پھر پانی بہنے لگتا ہے، کہا وہ شیطان ہے جب تو اس کی اطاعت کرتی ہے، تو وہ تجھ کو چھوڑ دیتا ہے، اور جب تو اس کی نافرمانی کرتی ہے، تو وہ اپنی انگلی تیری آنکھ میں چھوتا ہے، اگر تو اس طرح کرے، جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا ہے تو وہ تیرے لئے بہتر ہوگا، اور لائق تر اس کے ہو کہ تو شفا پائے، وہ یہ ہے کہ تو اپنی آنکھ میں پانی چھڑکے اور یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْھِبِ الْبَاسَ وَ اشْفِہٖ وَ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سُقْمًا ○ (ابن ماجہ، کتاب الطب، باب تعلیق التمائم، ان الرقی والتمائم والتولۃ شرک، وابو داؤد) (مسند الصحابۃ فی الکتب التسعۃ، مسند عبداللہ بن عباس، ترمذی کا حوالہ بھی ہے جو گزر گیا)

Marfat.com

# (۷) کان بہنے کا عمل

ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مَّنْ ذَکَرَنِیْ ○

اللہ تعالیٰ اس شخص کو بھلائی کے ساتھ یاد کرے جو مجھ کو یاد کرے۔

ترکیب: باطہارت کاملہ درود شریف پڑھ کر اس کو حضور قلب کے ساتھ پڑھ کر کان پر دم کیا جائے۔

ثبوت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولیٰ (غلام) ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا کان بولے تو مجھ کو یاد کرے، اور مجھ پر درود بھیجے اور یہ کہے: ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ مَّنْ ذَکَرَنِیْ ○ (نزل الابرار) (اتحاف الخیرۃ المہرۃ بزوائد المسانید العشرۃ، باب مایقول اذا رای الاسد او ہر علیہ الکلب، کتاب الاذکار)

# (۸) دفع درد شکم کا عمل

دوگانہ نفل۔

ترکیب: باطہارتِ کاملہ دوگانہ پڑھ کر حضورِ قلب کے ساتھ مریض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے، اس حال میں کہ میں مسجد میں سو رہا تھا، آپ نے فرمایا کہ تمہارے پیٹ میں درد ہے میں نے عرض کیا کہ بے شک درد ہے، آپ نے فرمایا: کھڑا ہو اور نماز پڑھ یعنی نماز سے آرام ہو جائے گا، ایک اور روایت میں ہے کہ بے شک نماز شفا ہے (ابن ماجہ، باب الصلاۃ شفاء، کتاب الطب:: وابونعیم)

# بندش پیشاب، سنگ مثانہ کے دور کرنے کا عمل

رَبَّنَا اللّٰہُ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُکَ اَمْرُکَ فِی السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ

Marfat.com

فَاجْعَلْ كَمَا رَحْمَتُكَ فِي السَّمَاءِ فاجعل رَحْمَتَكَ فِي الْاَرْضِ، اِغْفِرْلَنَا حُوْبَنَا وَ خَطَايَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ اَنْزِلْ رَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ وَ شِفَاءً مِّنْ شِفَائِكَ عَلٰى هٰذَا الْوَجْعِ فَيَبْرَءُ ○

اے ہمارے پروردگار اللہ جس کا پاک نام آسمان میں ہے تیرا حکم آسمان اور زمین میں چلتا ہے جس طرح تیری رحمت آسمان میں ہے، پس اپنی رحمت زمین پر نازل فرما بخش ہم کو ہمارے بڑے گناہ اور ہمارے چھوٹے گناہ، تو پاک لوگوں کا پروردگار ہے، اپنی رحمت میں سے رحمت بھیج، اور اپنی شفاء میں سے شفا بھیج اس مرض پر پس وہ شفایاب ہو۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر بیمار پر دم کیا جائے، یا پانی دم کر کے مریض کو پلایا جائے۔

ثبوت: ابوالدرداء رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس ایک شخص نے آ کر کہا، کہ میرے باپ کا پیشاب بند ہو گیا ہے، اور ان کو سنگ مثانہ کی بیماری ہو گئی ہے، آپ نے اس کو یہ کلام سکھایا، جس کو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا، (نسائی، ابوداؤد ، باب کیف الرقی، کتاب الطب، مستدرک حاکم)

## دفع درد کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ ○

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ کی اور اس کی قدرت کی پناہ چاہتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کی تکلیف میں پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار بسم اللہ اور سات بار دعا پڑھ کر مقام درد پر دم

Marfat.com

کیا جائے۔

ثبوت: عثمان بن ابی العاص ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درد کی شکایت کی جس کی تکلیف وہ اپنے جسم میں جب سے وہ مسلمان ہوئے تھے، پاتے تھے، ان سے آپ نے فرمایا: کہ جس جگہ تیرے جسم میں درد ہے اس پر ہاتھ رکھ اور تین بار کہہ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ پھر سات بار کہہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ ○ (مسلم) (سنن کبریٰ نسائی، جزء ۶)

لیکن مالک، ابوداؤد اور احمد کی روایت میں ہے کہ درد کے مقام پر اپنا ہاتھ سات بار پھیر کر کہہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ ○

اللہ تعالیٰ کے غلبہ اور اس کی قدرت کی پناہ چاہتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کی تکلیف میں پاتا ہوں۔

## (۱۱) ہر قسم کی جسمانی تکلیف کے دور کرنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِیْ هٰذَا○

اللہ کے نام سے غلبہ اور اس کی قدرت کی پناہ چاہتا ہوں اپنے اس درد کی برائی سے جس کی تکلیف میں پاتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ پڑھ کر مقام تکلیف پر دم کیا جائے۔

ثبوت: محمد بن سالم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ مجھ سے ثابت بنانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اے محمد جب تیرے جسم میں تکلیف ہو، تو تکلیف کے مقام پر ہاتھ رکھ کر یہ پڑھ، بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِیْ هٰذَا○ پھر اپنا ہاتھ اٹھا لے، پھر ایسا ہی بعد دِطاق کر، کیوں کہ انس بن مالک رضی اللہ

Marfat.com

تعالی عنہ نے مجھ سے یہ بیان کیا ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ان سے فرمایا ہے۔ (سنن ترمذی، کتاب الدعوات، باب فی الرقیۃ اذا اشتکی)

## (۱۲) قوّت، جذام، برص اور بینائی کا عمل

(۱) سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ○

میں یاد کرتا ہوں اللہ کو پاکی کے ساتھ اور اس کی حمد کے ساتھ اور پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں میں اللہ بزرگ کو اور اس کی حمد کے ساتھ اور نہیں طاقت برائی پھیرنے کی اور نہ قوت نیکی کرنے کی مگر اللہ کے ساتھ۔

(۲) اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَ اَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَ اَسْبِغْ عَلَيَّ رَحْمَتَكَ وَ اَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ○

الٰہی مجھ کو اپنے پاس سے ہدایت دے اور مجھ پر اپنے فضل کا دریا بہادے، اور مجھ پر اپنی رحمت کامل کر دے، اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل فرما۔

ترکیب: باطہارت کاملہ نماز صبح کے بعد پہلے عمل کو تین بار اور دوسرے کو ایک بار پڑھا جائے یا مرض پر دم کیا جائے۔

ثبوت: ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب قبیصہ رضی اللہ تعالی عنہ بوڑھے اور کمزور ہو گئے تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مبارک میں حاضر ہو کر اپنی کمزوری کی شکایت کر کے عرض کیا، کہ کوئی دعا ایسی سکھا دیجئے کہ مجھ کو قوت ہو جائے، تو آپ نے فرمایا: کہ نماز فجر کے بعد تین بار پڑھا کرو (درج بالا دعا نمبر ۱) اگر تم اس کو پڑھا کرو گے، تو اللہ تعالے کے حکم سے تم اندھے نہیں ہو گے، اور تم کو جذام اور برص (سفید داغ) جسم پر نہ ہو گا، اور پھر یہ پڑھا کرو (درج

Marfat.com

بالا دعا نمبر۲) (ابن سنی)

## (۱۳) دنبل (پھوڑا یا زخم کا عمل)

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا○

اللہ کے نام سے یہ ہماری زمین کی مٹی ہے اور یہ ہم میں سے اک کا تھوک ہے، ہمارا بیمار ہمارے پروردگار کے حکم سے شفایاب ہو جائے گا۔

ترکیب: امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح صحیح مسلم میں اس کی ترکیب اس طرح رکھی ہے کہ کلمے کی انگلی کو اپنے منہ کا لعاب لگا کر اس کو خاک آلودہ کر کے درد و زخم کے مقام پر پھیرے لیکن پھیرنے کی حالت میں یہ کلام پڑھتا جائے۔

ثبوت: صحیح مسلم میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ جب ہم میں کوئی آدمی بیمار ہوتا یا اس کو پھوڑا یا زخم ہوتا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگلی سے اشارہ کرتے، اور فرماتے: بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا○ لیکن ترمذی میں اتنا زیادہ آیا ہے کہ انگلی میں ذرا سی خاک لگ جاتی تو مقامِ مرض پر رکھ دیتے (صحیح بخاری، کتاب الطب، باب رقیۃ النبی:: مسلم کتاب السلام، باب استحباب الرقیۃ من العین والنملۃ والحمۃ والنظرۃ:: ابوداؤد کتاب الطب، باب الرقی:: ابن ماجہ کتاب الطب، باب ما عوذ بہ النبی وما عوذ بہ)

## (۱۴) جلے ہوئے عضو کا عمل

اَذْهَبَ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ○

لوگوں کے پروردگار نے تکلیف دور کر دی، تو شافی ہے تیرے سوا اور کوئی شافی نہیں۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ پڑھ کر جلے ہوئے اعضاء پر دم کیا جائے، انشاء اللہ

Marfat.com

تعالیٰ فوراً درد سے سکون ہو جائے گا۔

ثبوت: محمد بن حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میرا دیگ اٹھانے میں ہاتھ جل گیا میری والدہ مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں لے آئی، آپ نے کچھ پڑھ کر دم کیا، گھر آ کر میں نے اپنی ماں سے پوچھا کہ آپ کیا پڑھتے تھے؟ اس نے کہا: اَذْھِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاَنْتَ الشَّافِیْ لَاشَافِیَ اِلَّا اَنْتَ ○ (مسند احمد بن حنبل، کتاب اول مسند الکوفیین، حدیث محمد بن حاطب، اس کتاب میں لاشافی الا انت کی جگہ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُ کَ ہے)

# (۴) دشمن اور ظالم حاکم سے امن پانا

## (۱) حاکم کے خوف اور ظلم سے بچنے کا عمل

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ كُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَ شَرِّ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ اَتْبَاعِھِمْ اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْھُمْ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَائُكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ○

اے اللہ ساتوں آسمان کے پروردگار عرش عظیم کے پروردگار تو میرے لئے پناہ دینے والا ہو جا فلاں بن فلاں کی برائی سے اور سارے جن وانس اور ان کے فرماں برداروں کی برائی سے یعنی اس بات سے کہ ان میں سے کوئی شخص مجھ پر زیادتی کرے تیرا پناہ چاہنے والا غالب ہے اور تیری توصیف بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص بادشاہ سے

Marfat.com

ڈرے تو یہ کہے: (جامع الاحادیث، حرف الھمزۃ باب اذامع التاء)

(۲) رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا وَّبِالْقُرْاٰنِ حُكْمًا وَّ اِمَامًا ۝

اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر اور قرآن کے فیصلہ کرنے والے پیشوا ہونے پر میں راضی ہوا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابومجاز لاحق بن حمید تابعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہ جو شخص امیر کے ظلم سے ڈرتا ہو، اگر وہ یہ دعا پڑھے، تو اللہ تعالی اس امیر سے اس کو نجات دے گا (ترغیب وترہیب، ابن ابی شیبہ)

## (۱۵) مخالف کے خوف سے محفوظ رہنے کا عمل

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِىْ نُحُوْرِهِمْ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۝

اے اللہ ہم تجھ کو ان کے مقابلہ میں کرتے ہیں، اور ان کی برائیوں سے تیری پناہ چاہیے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابوموسی اشعری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی قوم سے خوف ہوتا تو آپ یہ کلمات ادا فرماتے (احمد بن حنبل، کتاب اول مسند الکوفیین، حدیث ابی موسی اشعری، ابوداود، کتاب الصلاۃ، باب ما یقول الرجل اذا خاف قوما، نسائی)

## دشمن کو ضرر پہچانے کا عمل

اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ

Marfat.com

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ سے (ایک حدیث طویل میں) روایت ہے کہ ہم لوگوں نے کوچ کیا اور قومِ کفار ہماری تلاش کرنے لگی، لیکن سراقہ بن مالک بن جعشم کے سوا اور کسی نے ہم کو نہ پایا، وہ اپنے ایک گھوڑے پر سوار چلا آ رہا تھا، میں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ ڈھونڈنے والا ہم تک پہنچ گیا، آپ نے فرمایا: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا "غمگین نہ ہو، بیشک اللہ تعالی ہمارے ساتھ ہے" یہاں تک کہ جب وہ ہم سے قریب ہو گیا اور ہمارے اور اس کے درمیان میں ایک یا دو یا تین نیزے کا فاصلہ رہ گیا، تب میں نے کہا یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم یہ ڈھونڈنے والا ہم تک پہنچ گیا اور میں نے رونا شروع کر دیا، آپ نے فرمایا: کیوں روتے ہو؟ میں نے کہا: خدا کی قسم میں اپنی جان کے ڈر سے نہیں روتا، بلکہ میرا رونا آپ کے لئے ہے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سراقہ کے حق میں بددعا کی، اور فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اَكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ پھر تو اس کا گھوڑا چاروں پاؤں سے ایک سخت زمین میں اپنے پیٹ تک دھنس گیا، اور سراقہ اس پر سے کود کے نیچے آ رہا (مسند احمد، جزءِ اول، مسند ابی بکر صدیق) (کنز العمال، کتاب الھجر تین من قسم، حرف الھاء)

# ۵) حلِ مشکلات، دفعِ صعوبات

## (۱) حل مشکلات کا عمل

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَ اِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

Marfat.com

اے اللہ تیرے ہی لئے سب تعریفیں اور تجھی سے شکایتوں کا اظہار ہے، اور تو ہی وہ ہے جس سے مدد طلب کی جاتی ہے اور گناہوں سے پھرنا اور عبادت کی قوت بے مدد اللہ کے جو بلندی اور بڑائی والا ہے ممکن نہیں۔

ترکیب: اس کو با طہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ ہر روز کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے دو کلمات نہ سکھا دوں جن کو موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا تھا، جس وقت وہ بنی اسرائیل کے ساتھ دریا سے پار اترے تھے، ہم لوگوں نے کہا، یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم کیوں نہیں آپ نے فرمایا: کہو:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَ اِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَ اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ ......ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، کہ ان کلمات کا کہنا چھوڑا نہیں جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علہ وسلم سے ان کو سنا (طبرانی صغیر، حرف الجیم، باب من اسمہ جبیر:: ترغیب وترہب)

(۲) اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَاءَکَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاکَ حَتّٰی لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَکَ اَللّٰھُمَّ وَ مَا ضَعُفَتْ عَنْہُ قُوَّتِیْ وَ قَصُرَعَنْہُ عَمَلِیْ وَ لَمْ تَنْتَہِ اِلَیْہِ رَغْبَتِیْ وَ لَمْ تَبْلُغْہُ مَسْئَلَتِیْ وَ لَمْ یَجْرِعَلٰی لِسَانِیْ مِمَّا اَعْطَیْتَ اَحَدًا مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِہٖ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ○

اے اللہ میرے دل میں اپنی امید القاء کر دے اور اپنے غیر سے میری امید منقطع کر دے، حتیٰ کہ میں تیرے سوا کسی سے امید نہ رکھوں، الٰہی! وہ بھی جس سے مری قوت کمزور ہو گئی اور اس سے میرا عمل قاصر رہا، اور اس کی طرف میری نسبت کی انتہاء نہیں ہوئی، اور اس پر میرا سوال نہیں پہنچا، اور نہ وہ میری زبان پر آئی اس چیز سے جو تو نے کسی کو عطا کی ہے اولین اور آخرین کو یقین سے پس مجھ کو وہ محسوس

Marfat.com

کرا دے اے تمام رحم کرنے والوں سے بڑے رحم کرنے والے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ حضور قلب سے پڑھا جائے۔

ثبوت: امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں: کہ جب امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنہ ۴۱ ہجری میں خلافت سے دست بردار ہو گئے، اور منصب آپ نے امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ کر دیا تو آپ کا وظیفہ ایک لاکھ درہم سالانہ مقرر ہوا، لیکن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کا وظیفہ ایک سال بعد بند کر دیا تو امام صاحب کو بڑی تنگ دستی ہوگئی، آپ نے مجبور ہو کر قلم دوات منگوائی، تا کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یاد دلایا جائے، مگر آپ شش و پنج میں پڑ گئے، کہ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، آپ نے ارشاد فرمایا:

كَيْفَ اَنْتَ يَا حَسَنُ!

یعنی اے حسن تیری کیا حالت ہے؟ آپ نے کہا:

بِخَيْرٍ يَا اَبَتِ

ابا جی بخیریت ہوں، پھر آپ نے تنگدستی کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تم نے تو قلم دوات منگوائی تھی، تا کہ اپنے جیسی مخلوق کو لکھ کر یاد دلاؤں، کہ میرا وظیفہ کیوں بند کیا گیا، عرض کیا بے شک عالیجاہ مجبوراً ایسا لکھنے پر آمادہ ہوا تھا، آپ نے ارشاد فرمایا: کہ یہ دعا مانگو، اللہ تعالیٰ تنگ دستی دور کر دے گا۔

امام صاحب فرماتے ہیں: کہ بخدا میں اس وظیفہ کو ابھی ہفتہ بھر ہی پڑھتا تھا کہ معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک کروڑ پانچ لاکھ درہم بھیج دیئے، میں نے کہا: الحمد للہ بے شک وہ وحدہ لاشریک نہیں بھولتا، جو اس کو یاد کرے، اور جو اس کو پکارے وہ اس کو محروم نہیں کرتا، امام صاحب نے فرمایا: کہ پھر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا، آپ نے فرمایا، كَيْفَ اَنْتَ يَا حَسَنُ، یعنی اے حسن اب

Marfat.com

تمہارا کیا حال ہے؟ میں نے عرض کیا، بخیر یارسول اللہ، یعنی یارسول اللہ! بخیریت ہوں، پھر اپنا تمام قصہ عرض کیا، آپ نے فرمایا: بیٹا سچ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہے اور مخلوق کے دروازے کی طرف خیال نہیں رکھتا، اس کو اللہ تعالیٰ اپنی قدرتِ کاملہ سے ہر ایک چیز عطا فرماتا ہے۔ (صواعق محرقہ، جزء۲، باب عاشر فی خلافۃ الحسن وفضائلہ...... فصل ثالث فی بعض مآثرہ)

(۳) حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدِيْنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَا اَهَمَّنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِي حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِي بِسُوْءٍ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِي الْقَبْرِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ○

اللہ میرے لئے کافی ہے میرے دین میں اللہ میرے لئے کافی ہے اس کام میں جس کا مجھے فکر ہے، اللہ میرے لئے کافی ہے اس شخص کے برخلاف جو میرا بدخواہ ہو آپ اللہ میرے لئے کافی ہے اس شخص کے خلاف جو مجھے ایذا دینے لگا ہے، اللہ میرے لئے کافی ہے موت کے وقت، اللہ میرے لئے کافی ہے منکر نکیر کے سوال کے وقت قبر میں، اللہ میرے لئے کافی ہے میزان کے وقت عند الصراط اللہ میرے لئے کافی ہے پل صراط کے وقت، اللہ میرے لئے کافی ہے، نہیں کوئی معبودِ برحق مگر وہی اس پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کیا۔

خاصیت: یہ عمل پانچ دنیاوی اور پانچ اخروی اہم کاموں کے لئے سریع الاثر ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ حضورِ قلب کے ساتھ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: امام ابو عبداللہ حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں لکھا ہے کہ بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کلموں کو نمازِ فجر

Marfat.com

کے بعد جو کوئی ہمیشہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہوگا، کہ اس کے پانچ دنیاوی اور پانچ اخروی کام کو بخیر انجام فرمائے گا، وہ کلمات وہی ہیں جو اوپر گزر گئے۔ (تفسیر قرطبی، جزء ۸، سورہ توبہ کی آخری آیت (اس میں حسبی اللہ لدینی کے بعد حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدُنْیَایَ زائد ہے، درمنثور سورۂ آل عمران/آیت ۹۸ کی تفسیر میں اسی طرح ہے))

(۴) یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ یَاصَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا کَاشِفَ السُّوْءِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ بِكَ اُنْزِلُ حَاجَتِیْ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا○

اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اے بزرگی والے اے تعظیم والے اے خرابوں کو سنوارنے والے اے فریاد کرنے والوں کے فریادرس اے برائی کو دور کرنے والے اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان اے عاجزوں کی دعا قبول کرنے والے اے سارے جہان کے معبود میں تیرے ہی آگے اپنی حاجت پیش رتا ہوں، اور تو اسے خوب جانتا ہے تو اس کو پورا کردے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام میرے پاس چند دعائیں لائے، اور کہا جب آپ کو دنیا کی کوئی حاجت پیش آئے، تو پہلے ان دعاؤں کو پڑھئے پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگئے (ترغیب وترہیب) (یہ دعا المعجم الاوسط، جزء اول، اول الکتاب میں ملی ہے، اس کے الفاظ اس سے مختلف ہیں فائدہ کے لئے وہ بھی ذیل میں درج کررہا ہوں، یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَا زَیْنَ السَّمَاوَاتِ وَ الْاَرْضِ

Marfat.com

يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا تَاجَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَمُنْتَهَى الْعَابِدِيْنَ الْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ الْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبُ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّيْنَ وَيَا كَاشِفَ الْكُرَبِ يَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ وَيَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○)

(۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ (وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ) وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ (قوسین والے الفاظ درج ذیل حوالہ میں نہیں ہیں)

کوئی معبود نہیں ہے اللہ کے سوا جو تحمل اور کرم والا ہے اللہ جو عرش عظیم کا پروردگار ہے تمام عیبوں سے پاک ہے، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہاں کا پروردگار ہے اے اللہ میں تجھ سے تیری رحمت کے واجب کرنے والی اور تیری ہر نیکی سے فائدہ مندی اور ہر گناہ سے بچاؤ اور سلامتی مانگتا ہوں، میرے لئے کوئی گناہ نہ چھوڑ مگر یہ کہ تو اسے بخش دے، اور نہ کوئی غم چھوڑ یہ کہ تو اسے دور کردے، اور نہ کوئی حاجت جو تجھے پسندیدہ ہو مگر یہ کہ تو اسے پورا کردے اے تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن ابی ادفی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اللہ سے یا کسی آدمی سے کوئی حاجت ہو، تو وہ وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے اللہ تعالی کی ثنا بیان کرے

Marfat.com

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے، پھر ان کلمات کو پڑھے: ابن ماجہ کی روایت میں یہ بھی ہے کہ ان کلمات کے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دنیا اور آخرت کی جو حاجت چاہے مانگے، وہ پوری ہوجائے گی۔ (ترمذی، ابن ماجہ، ترغیب و ترہیب) (ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ، باب ماجاء فی صلاۃ الحاجۃ)

(۶) اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَامُحَمَّدُ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ فَتَقْضِیْ لِیْ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ ○

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں بوسیلہ تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے یارسول اللہ میں نے آپ کے وسیلہ سے اپنے پروردگار کی طرف اپنی اس حاجت کے باب میں توجہ کی تاکہ وہ پوری ہوجائے، اے اللہ تو ان کی سفارش میرے حق میں قبول فرما۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ دوگانہ نفل ادا کر کے حضورِ قلب کے ساتھ پڑھا جائے

ثبوت: عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اندھا شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہنے لگا، آپ دعا کیجئے کہ وہ مجھ کو عافیت دے، یعنی میری آنکھیں روشن کردے، آپ نے فرمایا: اگر تو چاہے تو میں تیرے لئے دعا کردوں، اور اگر تو چاہے، تو میں اس امر میں توقف کروں، یعنی تو صبر کرے، اور وہ تیرے لئے بہتر ہے، انہوں نے عرض کی آپ دعا ہی کردیجئے! تو آپ نے ان کو حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کرلے، پھر دو رکعت نماز پڑھ، اور یہ دعا کر، پس انہوں نے یہ دعا کی، ان کی آنکھیں روشن ہوگئیں، گویا کبھی اندھے نہ تھے (نسائی، ابن ماجہ، احمد، ترمذی ترغیب و ترہیب) (درجِ بالا لفظوں میں، صحیح ابن خزیمہ، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الترغیب والترہیب)

Marfat.com

# (۷) نماز حاجت (دو، چار یا چھ رکعت)

ترکیب: نماز حاجت کی ترکیب احادیث نبویہ اور روایات صحیحہ میں مختلف طور پر مروی ہے، چنانچہ مشہور و معروف پانچ ترکیبیں ہدیہء ناظرین کی جاتی ہیں۔

(۱) انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کی والدہ ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک دن صبح کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا آپ مجھے چند ایسے کلمات تعلیم فرمائیں، کہ میں اپنی نماز میں پڑھا کروں، آپ نے فرمایا: کہ دس بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور دس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہہ پھر جو چاہے مانگ، اللہ تعالیٰ فرمائے گا: نَعَمْ نَعَمْ (یعنی اچھا اچھا) (ترمذی ونسائی، جزء ا، کتاب الصلاۃ)

(۲) ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ سے کچھ حاجت رکھتا ہو، اس کو چاہئے کہ تنہا مکان میں با طہارتِ کاملہ چار رکعت نماز پڑھے، اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص دس بار دوسری رکعت میں بیس بار، تیسری رکعت میں تیس بار، چوتھی میں چالیس بار پڑھے، پھر پچاس بار سورۃ اخلاص اور ستر بار لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، پڑھے اگر وہ شخص قرضدار ہو تو قرض سے خلاصی ہو، اگر وطن سے دور ہو تو اللہ تعالیٰ اسے گھر پہنچائے، اگر آسمان کے برابر گناہ رکھتا ہو، تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے، اگر بے اولاد ہو، اللہ تعالیٰ اسے اولاد عطا فرمائے، اور اگر دعاء کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے، اور جو اللہ تعالیٰ سے دعاء نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتا ہے (مسند عبدالرزاق) (مستدرک حاکم، کتاب صلاۃ التطوع، اس جگہ جو حدیث پاک ہے اس کے الفاظِ وظیفہ میں بھی مختلف ہیں اور اس کی نماز میں

Marfat.com

سورتیں بھی مختلف ہیں البتہ فوائد یونہی مذکور ہیں)

(۳) ابو درداء رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا، کہ جو شخص وضو کامل طور پر کرے، (یعنی سنن اور آداب کی رعایت کرے) پھر دو رکعتیں پورے طور پر پڑھے (یعنی سنن و مستحبات اور حضورِ قلب کے ساتھ) پھر جو کچھ اللہ تعالی سے مانگے عاجل یا آجل (جلد یا دیر میں) اللہ تعالی اسے عطا فرمائے گا (مسند امام احمد)

(۴) عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات دن میں بارہ رکعتیں ایک نیت سے ہر دو رکعت پر التحیات پڑھے آخری التحیات کے بعد اللہ تعالی کی حمد و ثنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بجالائے پھر سجدہ میں سورۂ فاتحہ سات بار آیت الکرسی سات بار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، دس بار پھر کہے، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَ اسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَ جَدِّكَ الْاَعْلٰى وَ كَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ ○ پھر اپنی حاجت مانگے، پھر سر اٹھا کر دائیں بائیں سلام پھیرے اور اسے بے وقوفوں کو نہ سکھلاؤ، کہ وہ اس کے ذریعہ سے دعا مانگیں گے، تو قبول ہوگی (مستدرک حاکم)

تنبیہ: اول اس دعا کے یہ الفاظ اسالك بمعاقد العز من عرشك چھوڑ دینے چاہئیں کیوں کہ جمہور علماء اس کو منع فرماتے ہیں، اور اس صورت میں و منتھی الرحمة کو بِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ کہیں۔

دوم: رات کے وقت اس نماز کو پڑھا جائے، کیوں کہ دن کے وقت ایک نیت سے چار رکعتوں سے زیادہ پڑھنا ممنوع ہے، بعض کے نزدیک رات کو بھی آٹھ

Marfat.com

رکعتوں سے زیادہ پڑھنا مکروہ ہے، مگر امام شمس الائمہ سرخسی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک رات کو ایک نیت سے آٹھ سے زیادہ رکعت پڑھنا مکروہ نہیں ہے (بدائع وفتوی خلاصہ)

(۵) حافظ ابوالفرج ابن الجوزی بطریق ابان بن ابی عیاش انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جسے اللہ تعالی سے کوئی حاجت دنیا یا آخرت کی ہو، وہ پہلے کچھ صدقہ دے، اور بدھ جمعرات، جمعہ کا روزہ رکھے، پھر جمعہ کو جامع مسجد میں جا کر بارہ رکعتیں پڑھے، اس طرح کہ دس رکعتوں میں الحمد ایک بار کے بعد آیۃ الکرسی دس بار اور باقی دو میں الحمد ایک بار اور سورۂ اخلاص پچاس بار پڑھے، پھر اللہ تعالی سے اپنی حاجت خواہ دنیا کی ہو یا آخرت کی، مانگے اللہ تعالی پوری فرمائے گا۔

(۸) اَللّٰھُمَّ لَاسَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَّ اَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلًاo

اے اللہ کوئی چیز آسان نہیں ہے مگر وہ چیز جس کو تو آسان کردے، اور تو غم کو آسان کر دیتا ہے جس وقت چاہتا ہے۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دعا کو پڑھنے کی تعلیم دی (ابن حبان وغیرہ)

## (۲) دین و دنیا کی حاجتیں برلانے کا عمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْھِمْo

Marfat.com

الٰہی رحمت بھیج ہمارے سردار محمد پر اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پر اور برکت نازل کر اور سلام بھیج ان پر۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نمازِ صبح پڑھ کر اس سے پہلے کہ کسی سے بات کرے سو بار مجھ پر درود بھیجے، تو اللہ تعالی اس کی سو حاجتیں پوری کرے تیس تو دنیا میں اور ستر قیامت پر اٹھا رکھے، اور نماز مغرب میں بھی یہی حال ہے۔

(۲) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِی الْاِیْمَانَ وَ الْعَمَلَ وَ مَتِّعْنِیْ بِالْمَالِ وَ الْوَلَدِ۝
اے اللہ مجھے ایمان و عمل عطا کر اور مجھے مال و اولاد کے ساتھ نفع بخش۔

ترکیب اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ بہ حضورِ قلب کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: حیوۃ الحیوان میں مروی ہے کہ مکحول شامی تابعی رحمۃ اللہ علیہ اس جامع دعاء کو جس میں دین اور دنیا کے تمام مطالب و مقاصد کا سوال ہے ہمیشہ پڑھا کرتے تھے

# (۶) حب اور تسخیر کے اعمال

## (۱) حب کا عمل

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَ لَا اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ فَاِنْ رَاَيْتَ اَنَّ فِیْ فُلَانَةَ (اس فلانة کی جگہ پر عورت کا نام لینا چاہیے) خَيْرًا لِّیْ فِیْ

Marfat.com

دِیۡنِیۡ وَدُنۡیَایَ وَآخِرَتِیۡ فَاقۡدُرۡهَا لِیۡ وَاِنۡ کَانَ غَیۡرُهَا خَیۡرًا لِّیۡ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَ دُنۡیَایَ وَآخِرَتِیۡ فَاقۡدُرۡهَا لِیۡ ○

اے اللہ بے شک تو ہی قدرت رکھتا ہے، اور میں قدرت نہیں رکھتا اور تو ہی جانتا ہے میں نہیں جانتا، اور تو ہی غیب کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے اگر تو جانتا ہے کہ فلاں عورت میرے لئے میرے دین اور میری دنیا میں میری آخرت میں بھلی ہے، تو اس کو میرے لئے مہیا کردے اور اگر دوسری کوئی عورت میرے لئے میرے دین میں اور دنیا اور میری آخرت میں بہتر ہو تو اس کو میرے لئے مہیا کردے۔

**خاصیت:** یہ عملِ حب بالخصوص کسی عورت کو نکاح میں لانے کے لئے سریع الاثر ہے۔

**ترکیب:** اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ چند بار حضورِ قلب سے پڑھا جائے، چالیس روز تک جاری رکھے، اور ضرورۃً تین چلہ تک پھر اختیار ہے۔

**ثبوت:** ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھپکے سے نکاح کا پیغام بھیج دو پھر وضو کرو اور اچھی طرح وضو کرو، پھر نماز پڑھ جس قدر اللہ نے تیرے مقدر کی ہے اب اپنے رب کی حمد کر اور اس کی بزرگی بیان کر، پھر یہ دعاء مانگ (کنز العمال احمد، ترمذی، طبرانی)

## (۲) تسخیر خلائق کا عمل

اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ صَبُوۡرًا وَّ اجۡعَلۡنِیۡ شُکُوۡرًا وَّ اجۡعَلۡنِیۡ فِیۡ عَیۡنِیۡ صَغِیۡرًا وَّ فِیۡ اَعۡیُنِ النَّاسِ کَبِیۡرًا (مسند بزاز)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ایک سو بار یا کم وبیش ہر روز بلا ناغہ صبح وشام پڑھا جائے۔

Marfat.com

# (۷) شیاطین، جنات، ارواحِ خبیثہ،

## سحراور نظر بد کے ضرر سے محفوظ رہنے کے اعمال

## شیاطین سے محفوظ رہنے کے عمل

(۱) اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ اللَّاتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّ لَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّمَاخَلَقَ وَ ذَرَءَ وَ بَرَءَ وَمِنْ مَّا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مِنْ شَرِّ مَا یَعْرُجُ فِیْھَا وَ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَءَ فِی الْاَرْضِ وَ مِنْ شَرِّ مَا یَخْرُجُ مِنْھَاوَ مِنْ شَرِّفِتَنِ اللَّیْلِ وَ النَّھَارِ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ○

اللہ کے ان پورے کلموں کے ذریعہ سے جن سے نہ کوئی نیک تجاوز کرتا ہے اور نہ کوئی بدکار ان چیزوں کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں جن کا اس نے اندازہ کیا اور جن کو پھیلایا، اور بلا تفاوت پیدا کیا، اور ان چیزوں کی برائی سے جو آسمان سے اترتی ہیں اور ان چیزوں کی برائی سے جو آسمان میں چڑھتی ہیں اور ان کی چیزوں کی برائی سے جن کو اللہ تعالیٰ نے زمین میں پھیلایا اور ان چیزوں کی برائی سے جو زمین سے نکلتی ہیں رات اور دن کے فتنوں کی برائی سے اور رات کے ہر ایک آنے والے کی برائی سے مگر وہ رات کو آنے والا جو بھلائی کے ساتھ آئے۔ اے بہت رحم کرنے والے!

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابو...... رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں نے عبد الرحمٰن بن اخنس تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جو ایک بہت بڑے بوڑھے بزرگ تھے، پوچھا کہ کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کی ہے انہوں نے فرمایا: ہاں میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس رات کو کیا کیا تھا، جس رات کو شیاطین نے آپ

Marfat.com

کے ساتھ مکر کیا تھا فرمایا: شیاطین اس رات کو وادیوں سے نکل نکل کر اور پہاڑوں سے اتر اتر کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نکلے، ان سے ایک شیطان ایسا تھا جس کے ہاتھ میں آگ کا ایک شعلہ تھا وہ ارادہ کرتا تھا کہ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جلا دے، آپ ان سے خوف زدہ ہو کر پیچھے ہٹنے لگے، تو اسی وقت جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیئے آپ نے فرمایا: کیا پڑھوں؟ جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا کہ یہ دعا پڑھیئے (احمد، ترغیب وترہیب)

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللهِ الْكَرِيْمِ وَ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ اللَّاتِيْ لَا يُجَاوِزُ هُنَّ بَرٌّ وَّ لَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَ شَرِّ مَا ذَرَءَ فِي الْاَرْضِ وَ مِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَ مِنْ فِتَنِ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ مِنْ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ○ (یہ عبارت موطا امام مالک سے بروایت یحیی بن سعید ملی ہے، کتاب الجامع، باب مایؤمر بہ من التعوذ)

(۲) اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ○ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ○ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ○ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ○ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ○

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں، آؤ نماز کی طرف آؤ نماز کی طرف، آؤ فلاح کی طرف آؤ فلاح کی طرف، اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت برا ہے اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ پڑھا جائے۔

ثبوت: سہیل بن ابی صالح رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے، کہ مجھ کو میرے باپ اور ابو صالح نے ایک کام کے لئے بنی حارثہ کی طرف بھیجا، اور میرے ساتھ ایک اور شخص ہمارا غلام یا ساتھی تھا، کہ ایک باغ سے کسی پکارنے والے نے اس کا نام لے کر پکارا جب وہ باغ کے پاس آیا، تو اس نے کچھ نہ دیکھا، میں نے اپنے باپ سے اس کا ذکر کیا، انہوں نے کہا، اگر میں جانتا کہ تجھ کو یہ پیش آئے گا، تو ہرگز تجھ کو نہ بھیجتا، لیکن جب تو کوئی آواز سنے، تو نماز کی اذان پکار کے کہہ دے کیوں کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے کہ جب نماز کی اذان کہی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگ جاتا ہے (صحیح مسلم :: بخاری شریف، کتاب الاذان، باب فضل التاذین، بروایت ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، شیطان کے اذان سن کر بھاگنے کا ذکر ہے)

(۴) بِسْمِ اللّٰهِ ذِی الشَّانِ عَظِیْمِ الْبُرْهَانِ شَدِیْدِ السُّلْطَانِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ○

اللہ کے نام سے جو ذی شان ہے، بڑی دلیل والا ہے سخت غلبہ والا ہے، جو کچھ اللہ چاہے وہ ہوتا ہے، میں شیطان سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ صبح شام بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابن عساکر نے زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس دعا کو فجر اور مغرب کے وقت پڑھ لے گا، اللہ تعالیٰ اس کو ابلیس اور اس کی فوج سے محفوظ رکھے گا۔

Marfat.com

## (۴) کبوتروں کا گھر میں رکھنا

ثبوت: ابن عدی نے محمد بن...... کے حال میں میمون بن مہران کی یہ روایت لکھی ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ: اِتَّخِذُوْا الْحَمَامَ الْمَقَاصِيْصَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ فَاِنَّهَا تَلْهِى الْجِنَّ عَنْ صِبْيَانِكُمْ ○

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ پر کٹے کبوتروں کو گھروں میں رکھو کہ وہ بچوں کی حفاظت کرتے ہیں جنوں کے شر سے۔

(۲) دارقطنی اور مسند الفردوس میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِتَّخِذُوْا الْحَمَامَ فِي الْمَقَاصِيْرِ فَاِنَّهَا تَلْهِى الْجِنَّ عَنْ صِبْيَانِكُمْ ○

تم لوگ کبوتروں کو مکانوں میں رکھو، کہ وہ جنوں سے بچوں کو بچا رکھیں گے،

## جن بھوت کو مکان وغیرہ سے دور کرنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿هٰذَا كِتٰبٌ﴾ مِنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَ الزُّوَّرِ وَ الصَّالِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّا وَ لَكُمْ فِي الْحَقِّ سِعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ مُدَّعِي حَقٍّ مُبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَ رُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَ انْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَ اِلٰى مَنْ يَزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَ بَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا

Marfat.com

بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

اللہ کے نام سے جو مہربان ہے رحم والا ہے یہ خط ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے جو رسول ہیں پروردگار عالم کے اس چیز کی طرف جو گھر میں رات کے وقت آنے والے آباد رہنے والوں سے زیارت کے لئے آنے والوں سے مگر وہ آنے والا جو رات کے وقت بھلائی کے ساتھ آئے، اما بعد پس ہمارے لئے اور تمہارے حق میں فراخی ہے پس اگر تو ہے عاشق فریفتہ یا بدکار خوامخواہ گھس آنے والا تو یہ اللہ کی تحریر ہے ہم پر اور تم پر حق کے ساتھ ناطق ہے کہ ہم تمہارے سابقہ عملوں کو لکھواتے رہے ہیں اور تمہارے فرشتے تمہاری بداعمالیوں کو لکھتے رہے ہیں اس خط لانیوالے کو چھوڑ دو اور بت پرستوں کی طرف چلتے جاؤ، اور اس شخص کی طرف جن کا یہ عقیدہ ہے کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے، حالانکہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چیز فانی ہے مگر اس کی ذات اسی کا حکم چلتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے، حٰمٓ ان کی مدد نہ کی جائے حٰم عسق اللہ کے دشمن متفرق ہو جائیں اور اللہ کی حجت خوب ہے اور نہیں طاقت پھیرنے کی اور قوت مگر اللہ کے ساتھ جو بزرگ و برتر ہے پس ان سے اللہ تمہارے لئے کافی ہے اور وہ خوب جاننے والا اور خوب سننے والا ہے۔

ترکیب: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نامہ مبارک تمام جہان کے جنات کے نام لکھا ہوا ہے، جس کسی شخص کے مکان میں جن بھوت آسیب کا خلل ہو، اس نامہ مبارک کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر مکان میں رکھے، اور جس شخص میں جن کا دخل ہو، اس کو یہ دکھلایا جائے، لیکن عامل کو پہلے اس کی زکوۃ نکالنی لازم ہے۔

## زکوۃ نامہ مبارک

Marfat.com

زکوۃ کی ترکیب اس طرح ہے، کہ آدھی رات کے بعد غسل کر کے بارہ رکعت نماز تہجد پڑھی جائے، پھر ایک ہزار بار یہ پڑھا جائے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْمَبْعُوْثِ وَ بَارِکْ وَ سَلِّمْ ○

اس کے بعد ایک سو اکتیس بار نامہ مبارک کی تلاوت کی جائے، پھر اس کو باطہارت کاملہ سفید کاغذ پر سیاہی (دیسی) سے لکھ کر آسیب زدہ کو دکھلایا جائے، یا مکان میں رکھ دیا جائے۔

**ثبوت:** بیہقی نے دلائل النبوت میں روایت کی ہے کہ ایک دن ابودجانہ سماک بن خرشہ رضی اللہ تعالی عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں حاضر ہوکر شکایت کی عرض کیا، یارسول اللہ! رات کو جب کہ میں اپنے بستر پر لیٹا ہوا تھا میرے مکان میں چکی چلنے کی آواز اور شہد کی مکھی کی طرح آواز میں نے سنی پھر بجلی کی طرح شعائیں چمکتی نظر آئیں تو میں ڈر کر رعب زدہ کر سر اٹھایا تو اچانک میں سیاہ سائے میں تھا جو میرے گھر کے صحن میں بلند اور لمبا ہوتا جاتا تھا تو میں اس کی طرف اپنا ہاتھ بڑھایا تو اس کی کھال سیہ (ایک کانٹوں والا جانور ہے جس کے جسم پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں جب وہ سمٹ کر بیٹھتا ہے تو گیند نما ہو جاتا ہے) کی طرح کی تھی اس نے میری طرف آگ کے انگارے کی طرح میری طرف پھینکے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا، کہ تیرے گھر میں جن ہے، اور برا جن ہے پھر فرمایا: اے سماک قلم دوات اور کاغذ لاؤ، (میں اس جن کو نامہ لکھتا ہوں، میرا نامہ اس جن کو دکھانا) سماک رضی اللہ تعالی عنہ قلم دوات لائے، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ تعالی عنہ سے فرمایا: کہ اے علی لکھو: (تو علی نے وہ سارا مضمون جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نامہ مبارک میں علی رضی اللہ تعالی عنہ سے لکھوادیا سماک رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہ کو عنایت فرمایا) ابودجانہ سماک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں وہ خط مبارک لے کر نکلا اور اپنے گھر چلا گیا اور رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نامہ اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا، اور میں (سو کر) رات گزار رہا تھا کہ اچانک مجھے ایک چیخنے والے کی آواز نے خبردار کر دیا اور میں بیدار ہو گیا وہ کہہ رہا تھا اور فریاد کرتا تھا: اے ابودجانہ تو نے ہمیں آگ سے جلا دیا اے سماک ہمیں اس خط والے کی قسم تو یہ خط اٹھا لے تو ہم نہ اب تیرے گھر آئیں گے نہ اس جگہ جہاں یہ خط ہوگا، سماک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، کہ نہیں، مجھے میرے صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قسم میں اس خط کو یہاں سے نہ اٹھاؤں گا حتی کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت لے لوں، سماک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رات مجھ پر لمبی ہوگئی اس لئے کہ میں جنوں کا رونا سن رہا تھا حتی کہ صبح ہوئی تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا، اور رات کا واقعہ عرض کیا، رسول اللہ صلی االلہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے سماک جنات کی قوم سے خط مبارک کو اٹھا لے، اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا بے شک قیامت تک جنات اسی طرح عذاب میں مبتلا رہیں گے (سماک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ نامہ مبارکہ تکیہ کے نیچے سے ہٹا لیا، اور وہ تمام جنات غائب ہو گئے، اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے، تخریج الاحادیث والآثار الواقعۃ فی تفسیر الکشاف، باب سورہ بقرہ، جزء ا، حیاۃ الحیوان، قاف کے تحت)

## دفع سحر کا عمل

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمُ مِنْهُ وَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّ لَا فَاجِرٌ وَ بِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَ مَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَءَ وَ ذَرَءَ○

Marfat.com

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی ذات کی جو ایسا بڑا ہے کہ اس سے کوئی چیز بڑی نہیں ہے۔ اور اللہ کے ان پورے کلموں کی جن سے نہ کوئی نیک کار تجاوز کرتا ہے اور نہ کوئی بدکار۔ اور اللہ کے سارے اچھے ناموں کی جن کو میں نے جان لیا اور جن کو نہیں جانا۔ ان سب چیزوں کی برائی سے جن کو اس نے پیدا کیا۔ اور بویا۔ اور اگایا۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

**ثبوت:** قعقاع بن حکیم رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ کعب احبار رضی اللہ عنہ نے کہا۔ اگر یہ کلمات نہ ہوتے جن کا میں ورد رکھتا ہوں۔ تو یہود اپنے سحر کے ذریعہ سے مجھ کو گدھا بنا دیتے۔ ان سے دریافت کیا کہ وہ کونسے کلمات ہیں۔ تو یہ کلمات آپ نے تعلیم فرمائے (موطا امام مالک، کتاب الجامع، باب مایؤمر بہ من التعوذ)

## بدنظری وغیرہ آفات سے بچنے کی حفاظت کا عمل

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ ○

اللہ کے پورے کلموں کے ذریعہ سے شیطان اور زہریلے ہلاک کرنے والے جانور سے اور نظر نہ آنے والی آنکھ سے پناہ مانگتا ہوں۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ پڑھا جائے۔

**ثبوت:** عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع صاحبزادگان حسن وحسین رضی اللہ عنہما کی حفاظت کے لئے یہ دعاء کیا کرتے تھے اور فرماتے کہ تم دونوں کے باپ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ السلام اپنے دونوں صاحبزادوں اسمٰعیل اور اسحاق علیہما الصلوٰۃ والسلام کے لئے یونہی کیا کرتے تھے

Marfat.com

(بخاری، ترمذی، احمد)

## دفع نظر بد کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا، قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ○

اللہ کے نام سے، اے اللہ! اس کی گرمی اور اس کی سردی اور اس کی تکلیف دور کر! اللہ کے حکم سے اٹھ کھڑا ہو۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ چند بار پڑھ کر مریض پر پھونک مارے۔ پھر کہے کہ اللہ کے حکم سے اٹھ۔

**ثبوت:** عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے (ایک حدیث طویل میں جس میں سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کے نظر لگ جانے کا ذکر ہے) روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینے کو مار کر یہ ہی دم فرمایا۔ (نسائی۔ ابن ماجہ۔ احمد)

(۲) اِمْسَحِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ الشِّفَاءُ لَا كَاشِفَ لَهُ اِلَّا اَنْتَ○

تکلیف کو مٹا دے، اے تمام لوگوں کے پروردگار تیرے ہی ہاتھ شفاء ہے تیرے سوا کوئی اس کا دور کرنے والا نہیں۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ مریض کے سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھا جائے۔

**ثبوت:** عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نظر بد کا منتر پڑھتی تھی، اپنا ہاتھ آپ کے سینہ مبارک پر رکھ کر یہ کہتی تھی (بخاری و مسلم)

## ۳) کالا ٹیکا لگانا (تل کا نشان لگانا)

**ترکیب:** باطہارت کاملہ بچہ کی ٹھوڑی پر سیاہی کا ٹیکا لگایا جائے، تو نظر بد کے اثر سے

Marfat.com

محفوظ رہے گا۔

ثبوت: عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھ کر فرمایا: کہ اس کی ٹھوڑی میں ایک کالا ٹیکا لگادو تاکہ، اس کو نظر بد نہ لگے (ترمذی)

## (۴) نظر والے کے غسل اور وضو کا پانی نظر زدہ پر چھڑکنا

**ترکیب:** جس شخص کو نظر لگ گئی ہو اس کا منہ دونوں ہاتھ کہنیاں، دونوں زانوں، دونوں پاؤں پنڈلیوں، تک اور اندام نہانی دھلایا جائے، اور ایک برتن میں جمع کر کے مریض پر چھڑک دیا جائے۔

**ثبوت:** ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کی کہ میں نہاتا تھا، اور عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھا، اور متعجب ہو کر کہا کہ خدا کی قسم ایسا خوبصورت جسم کسی عورت پردہ نشین کا بھی میں نے کبھی نہیں دیکھا، پس مجھ کو فالج ہو گیا یہاں تک کہ میں سر نہ اٹھا سکتا تھا، اب یہ حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا، فرمایا: کہ تم لوگ ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو متہم کرتے ہو عرض کیا گیا، کہ ہماری عرض معروض صادق ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوامامہ عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دونوں کو طلب کیا، اور ارشاد فرمایا: سُبْحَانَ اللّٰهِ تَعَالٰى بِمَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ اِذَا رَءَى شَيْئًا يُعْجِبُهُ فَيَدْعُ لَهُ بِالْبَرَكَةِ ○

یعنی پاکی ہے واسطے خدا کے کیا سبب ہے کہ ایک آدمی دوسرے بھائی کو قتل کرتا ہے، جب دیکھو تم کوئی چیز جو تعجب میں لائے تم کو تو تم اس کے لئے برکت کی دعا کرو، بعد اس کے عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ ابوامامہ اس کے لئے غسل کرے عامر نے منہ اور پیٹھ اور دونوں ہتھیلیاں اور دونوں کہنیاں اور اندام نہانی اور دونوں زانوں اور دونوں پاؤں مع پنڈلیوں کے اپنے ایک طرف میں دھوئے تب رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پانی ابوسہل کے سر پر ڈالو موجب حکم اس ظرف کا پانی ابوامامہ کے سر پر ڈالا گیا، اور پھر فرمایا: جو پانی اس برتن میں باقی ہے وہ ابوامامہ کے تمام بدن پر ملو! اس کے بعد ابوامامہ اچھا ہوگیا، اور چل کھڑا ہوا، لیکن اگر وہ شخص جس کی نظر بد نے اثر کیا ہے غسل کامل کرے، اور جس کو نظر لگی ہے، اس کے سر پر ڈالا جائے تو زیادہ مناسب ہے (غنیۃ الطالبین فصل چشم بد)

# ۸) قلبی تکلیف، غم، کرب، اضطراب

## تشویش اور ہر طرح کی تکلیف دور کرنے کا عمل

(۱) تَوَکَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا۝

میں نے بھروسہ کیا اس ہمیشہ زندہ رہنے والے پر جو نہیں مرے گا، اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے لئے اولاد نہیں ٹھہرائی اور جس کا کوئی شریکِ سلطنت نہیں ہے، اور نہ کوئی مددگار کمزوری کی وجہ سے اور اس کی بڑائی بیان کرو بڑا جان کر۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے کسی امر نے سخت تکلیف دی، تو جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھ پر ظاہر ہو کر کہا کہ اے محمد (یہ کلمات) پڑھئے! (طبرانی، حاکم، ترغیب وترہیب)

Marfat.com

(۲) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاُخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا○

ہم اللہ ہی کے لئے ہیں اور ہم اس کی طرف رجوع کرنے والے ہیں، الٰہی مجھے میری مصیبت میں پناہ دے، اور مجھے اس سے اچھا عوض دے۔

(۳) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاَجِرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْھَا خَیْرًا○

ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہم اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں، الٰہی میں تجھ سے اس مصیبت پر ثواب کا امیدوار ہوں پس مجھے خیر دے اور مجھے اس سے اچھا بدل عطا فرما۔

**ترکیب:** اس کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب سے ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے

**ثبوت:** (۱) صحیح مسلم میں ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصیبت کے وقت:

(۲) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاَجِرْنِیْ فِیْھَا وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا○

پڑھنے سے مصیبت بہت جلد آسان ہو جاتی ہے، بلکہ اس سے بہتر بدل ملتا ہے۔

اور ابوداؤد کی روایت میں اس طرح سے ہے:

(۳) اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ عِنْدَکَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ فَاَجِرْنِیْ فِیْھَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْھَا خَیْرًا○

(۲) ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں: جب میرے

Marfat.com

پہلے شوہر ابو سلمہ کا انتقال ہو گیا تو میں نے یہ کلمہ پڑھا، پڑھنے کو تو میں نے پڑھ لیا، مگر یہ خیال میرے دل سے نہیں گیا تھا، کہ میرے شوہر سے بہتر مجھے کوئی شوہر نہیں ملے گا، کیوں کہ اس میں حسن، خلق اور مروت بے حد تھی، جس کی اب امید نہیں ہو سکتی، مگر خدا کی شان ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ اس وظیفہ کے ورد سے میری خلاف امید میرے شوہر سے کہیں بہتر بلکہ بہترینِ خلائق افضل الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے شوہر ہو گئے۔

مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے حضور علیہ الصلاۃ و السلام کی شان کے بارے میں تفسیر عزیزی میں ارقام فرمایا ہے:

يَاصَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَاسَيِّدَ الْبَشَرْ مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ
لَايُمْكِنُ الثَّنَاءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اے صاحب جمال اور اے سردار انسانوں کے آپ کے روشن چہرہ سے تحقیق چاند نے روشنی پائی۔

آپ کی تعریف نہیں ہو سکتی جیسے کہ تعریف کا حق ہے مختصر بات یہ ہے کہ خدا کے بعد آپ ہی بزرگ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ

## مصیبت کی تعریف

مصیبت کا مفہوم عام لوگوں نے غلط سمجھ رکھا ہے، کیوں کہ احادیث صحیحہ میں مصیبت کا مطلب اس طرح پر آیا ہے:

عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ طَفِى سِرَاجُهٗ فَقَالَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ فَقِيْلَ لَهٗ اَمُصِيْبَةٌ هِيَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ نَعَمْ كُلُّ شَيْءٍ يُؤْذِيْ

Marfat.com

بِمُؤْمِنٍ فَهُوَ لَهٗ مُصِيْبَةٌ ۝

عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چراغ بجھ گیا، تو آپ نے (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن) کہا، عرض کیا گیا یا رسول اللہ یہ بھی کوئی مصیبت ہے؟ تو آپ نے فرمایا: ہاں، جو چیز بھی مسلمان کو تکلیف دے وہ اس کے لئے مصیبت ہے۔

عوام الناس میں یہ ایک غلط فہمی پائی جاتی ہے، کہ جب کسی کی موت کی خبر سنتے ہیں، تو کلمہ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) پڑھتے ہیں، مگر جب کوئی اور مصیبت درپیش ہوتی ہے، تو پھر اس کلمہ کا استعمال نہیں کرتے، گویا ان کے نزدیک یہ کلمہ صرف موت کا حادثہ واقعہ ہونے کے لئے مختص ہے، کسی اور جگہ جائز نہیں ہے۔

غرض انسان کو کسی مصیبت سے خواہ چھوٹی ہو، یا بڑی گھبرانا نہیں چاہئے، بلکہ صبر کرنا لازم ہے اور کلمہ (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ) پڑھنا مسنون ہے۔

مصیبت تو باعثِ رحمت ہے، اسی واسطے اللہ تعالیٰ جس سے زیادہ محبت کرتا ہے، اس پر بالعموم زیادہ مصیبت ڈالتا ہے، چنانچہ جلیل القدر انبیاء و اولیاء پر حسب مراتب مصائب و تکالیف کا بوجھ ڈالا گیا جو اہل علم پر پوشیدہ نہیں ہے۔

ہر کہ دریں بزم مقرب تر است جام بلا بیشترش مے دہند

## قضائے حاجات اور رفع تکالیف کا عمل

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ ۝

اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

Marfat.com

**ثبوت:** عتبہ بن عزدان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے، یا مدد چاہے، اور وہ ایسی جگہ ہو جہاں اس کا کوئی مددگار نہیں ہے، تو یہ کہے: یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ، تین بار کیوں کہ اللہ تعالیٰ کے ایسے بزرگ بھی ہیں جن کو دیکھنے والا نہیں دیکھتا (طبرانی کبیر)

(۲) عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے زمین میں حفاظت کرنے والوں کے سوا اور فرشتے ہیں، کہ درختوں کے پتے جو گرتے ہیں، ان کو وہ لکھ لیتے ہیں، پس جب تم میں سے کسی کو کسی میدان میں کوئی مصیبت پہنچے، تو یہ کہہ کر آواز دے: یَـا عِبَـادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ (بزرگ)

## اضطراب و بے چینی کے دور کرنے کا عمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ بڑا ہی حلم والا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ آسمانوں اور عرش عظیم کا رب ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ گیارہ بار یا زیادہ پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رنج یا بے چینی ہوتی، تو آپ یہ کلمات پڑھتے تھے (بخاری و مسلم)

(۲) اَللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّيْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا ○

اللہ اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتا۔

Marfat.com

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ تین بار یا زیادہ پڑھا جائے۔

**ثبوت:** اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھے ایسے کلمات نہ سکھلادوں جنہیں تو بے چینی کی حالت میں کہے (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ)

طبرانی کی روایت میں تین مرتبہ آیا ہے، اور نیز یہ بھی مروی ہے کہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا آخری کلام موت کے وقت یہی تھا۔

(۳) یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ○

اے ہمیشہ زندہ، اے ہمیشہ خلق کی تدبیریں قائم رکھنے والے میں تیری رحمت ہی سے فریاد کرتا ہوں۔

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

**ثبوت:** ابن مسعود اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی بے چینی کی بات پیش آتی، تو یہ کلمات پڑھتے: (ترمذی، نسائی، حاکم)

## مصیبت اور غم کے دور کرنے کا عمل

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ وَفِیْ قَبْضَتِکَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِکَ مَاضٍ فِیَّ حُکْمُکَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَاؤُکَ اَسْئَلُکَ بِکُلِّ اِسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِہٖ نَفْسَکَ اَوْ اَنْزَلْتَہٗ فِیْ کِتَابِکَ اَوْعَلَّمْتَہٗ اَحَدًامِنْ خَلْقِکَ، اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِہٖ فِیْ مَکْنُوْنِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَصَدْرِیْ وَجَلَاءَ حُزْنِیْ وَذَھَابَ ھَمِّیْ وَغَمِّیْ ○ (احمد، ابن ابی شیبۃ،

Marfat.com

طبرانی، حاکم عن ابن مسعود، وابن السنی فی عمل یوم ولیلۃ عن ابی موسیٰ:: جامع الاحادیث، حرف المیم، جزء ۱۸، ۲۱۴، اس روایت میں کئی روایات کے الفاظ کو جمع کردیا ہے)

اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں اور (تیرے قبضہ میں ہو) مجھ میں تیرا قبضہ ہے، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے، تیرا حکم مجھ پر نافذ ہے، تیرا فیصلہ میرے حق میں منصفانہ ہے، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں بواسطہ ہر اس اسم کے جو تیرا ہے، جس کے ساتھ تو نے خدایا اپنے آپ کو موسوم کیا ہے، یا تو نے اس کو اپنی کتاب میں نازل کیا ہے یا تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے، یا اس کے ساتھ ممتاز ہے اپنے پوشیدہ، علم غیب میں جو تیرے پاس ہے کہ قرآن کو میرے دل کا موسم بہار بنادے اور میرے لئے غم والم کے دوا کرنے کا باعث بنادے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی کو رنج وغم بکثرت پہنچے، تو وہ اس دعا کو پڑھا کرے، جب کبھی کسی بندے نے اس کو پڑھا ہے، اللہ نے اس کا غم دور کردیا ہے، اور اس کو فراخی سے بدل دیا ہے (مشکوٰۃ)

(۲) وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا ○

اور کہہ تمام تعریف اللہ تعالیٰ کی ہے جس کا نہ کوئی بیٹا ہے، اور نہ کوئی اس کا بادشاہی میں شریک ہے، اور نہ اس سبب سے کہ وہ کمزور ہے اس کا کوئی مددگار ہے اور اس کی بڑائی بیان کرتے رہا کرو۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کبھی مجھ کو کوئی رنج وغم پیش آیا، تو جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے آ کر کہا، اے حبیب خدا پڑھو! (تقان)

(۳) اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ○

اے اللہ میں تیری رحمت ہی کی امید رکھتا ہوں تو ایک چشم زدن کے برابر بھی مجھ کو میرے نفس کے سپرد نہ کر، اور میرے سارے کام میرے لئے درست کر دے کیوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ بڑے غم زدہ کے لئے یہ دعاء ہے، (ابوداؤد، ابن حبان)

(۴) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ○

گناہوں سے پھرنے اور نیکی کرنے کی طاقت نہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے کے۔

خاصیت: یہ عمل غم کے دور کرنے کے لئے سریع الاثر ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کہے، لاحول ولاقوۃ الا باللہ، تو یہ اس کے لئے ننانوے بیماریوں کی دوا ہے، جن میں سے بہت ہلکی بیماری غم ہے، (طبرانی وحاکم)

Marfat.com

# حصول برکت اور دفع رنج وغم

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی دِیْنِیْ بِالدُّنْیَا وَعَلٰی آخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا حَضَرْتُهٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَ لَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ وَ اغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَرَجًا قَرِیْبًا وَ صَبْرًا جَمِیْلًا وَ رِزْقًا وَاسِعًا وَ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ مِنْ کُلِّ سَیِّئَةٍ وَّ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْعَافِیَةِ وَ اَسْئَلُكَ دَوَامَ الْعَافِیَةِ وَ اَسْئَلُكَ الشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَةِ وَ اَسْئَلُكَ الْغِنٰی عَنِ النَّاسِ وَ اَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ سُوْءٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

اے اللہ مجھے میرے دین کے ساتھ مدد دے اور میری آخرت پر (تقویٰ) پرہیزگاری کے ساتھ مدد دے اور میری حفاظت کر اس امر میں جس سے میں غائب ہوں اور مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر اس بات میں جس میں حاضر ہوں اے وہ ذات پاک جس کو بندوں کے گناہ کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، اور نہ مغفرت اس کا کچھ کم کر سکتی ہے، عطا کر مجھ کو وہ چیز جو تیرے خزانہ میں کچھ کمی نہیں کر سکتی اور بخش دے مجھے وہ جس سے تیرا کچھ ضرر نہیں بے شک تو بڑا بخشنے والا ہے الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں قریب کی فراخی کا اور اچھے صبر کا اور کھلے رزق کا اور تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر بلا سے سلامتی کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں پوری سلامتی کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سلامتی کے دوام کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں سلامتی پر شکر کرنے کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں لوگوں کی بے رخی سے دور رہنے کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر برائی سے سلامت رہنے کا، اور نہیں قدرت ترکِ گناہ کی اور نیکی کرنے کی مگر ساتھ اللہ کے جو بڑا بزرگ عظمت والا ہے۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہرروز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابن عساکر نے علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کسی قسم کا رنج یا غم پیش آتا تھا، تو آپ اپنی اور دعاؤں میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

## دنیاوآخرت کےتمام غم کودورکرنے والاعمل

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

اللہ مجھ کو کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہرروز بلاناغہ صبح شام سات بار پڑھا جائے۔

ثبوت: ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہرروز صبح شام سات بار پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیاوآخرت کے سارے غمزدہ کرنے والے امور کو کافی ہوجائے، خود وہ اس کے کہنے میں سچا ہو یا جھوٹا

(ابوداؤد، ترغیب وترہیب)

## (۹) ارضی وسماوی آفات سے بچنے کے لئے

یعنی قحط، سیلاب، طوفان، صاعقہ، آتشزدگی، تندباد وغیرہ آفاتِ ارضی و سماوی سے بچنے کے لئے اعمال

## طلبِ بارش کے لئے عمل

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِہٖ ○

اے اللہ ان چیزوں کی برائی سے جن کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے ہم تیری پناہ

Marfat.com

چاہتے ہیں۔

(۲) اَللّٰھُمَّ سَیِّبًا نَافِعًا ○

اے اللہ بارش کو نفع دینے والی بخشش کر دے۔

ترکیب: باطہارت کاملہ پہلے عمل کو ایک بار اور دوسرے عمل کو تین بار حضورِ قلب سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی بدلی کو آسمان کے کسی کنارے سے آتے ہوئے دیکھتے، تو جس کام میں ہوتے، اس کو چھوڑ دیتے، اگرچہ اپنی نماز میں ہوتے یہاں تک کہ اس بدلی کی طرف متوجہ ہو کر اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اُرْسِلَ بِهٖ ○ فرماتے، پھر اگر وہ بدلی برستی تو تین بار فرماتے: اَللّٰھُمَّ سَیِّبًا نَافِعًا ○ اور اگر اللہ تعالیٰ اس بدلی کو کھول دیتا اور وہ نہ برستی تو اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے (ابن ماجہ، وابوداؤد)

(۳) اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا ○

اے اللہ ہم کو پانی پلا، اے اللہ ہم کو پانی پلا، اے اللہ ہم کو پانی پلا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز کثرت سے پڑھا جائے۔

## بارش کو بند کرنے کا عمل

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا لَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَ الْجِبَالِ وَ الظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ○

اے اللہ ہمارے گرد پانی برسا اور ہم پر نہیں، اے اللہ ٹیلوں پر برسا اور پہاڑوں پر برسا اور نالوں اور درختوں کے اگنے کی جگہوں پر۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ کثرت سے پڑھا جائے۔

Marfat.com

ثبوت: دونوں عملوں کا ثبوت ارشادِ نبویہ سے پایا جاتا ہے، چنانچہ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص جمعہ کے دن اس دروازہ سے جو منبر کے سامنے تھا آیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ پڑھ رہے تھے، وہ شخص آپ کے سامنے کھڑا ہو کر کہنے لگا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مویشی ہلاک ہوگئے، اور راستے بند ہوگئے، آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہماری فریادرسی کرے یعنی پانی برسائے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا اَللّٰهُمَّ اسْقِنَا○ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ اللہ کی قسم اس وقت ہم نہ بدلی دیکھتے تھے نہ بدلی کا کوئی ٹکڑا نہ اور کچھ، اور ہمارے اور سلع (مدینہ منورہ میں ایک پہاڑ کا نام ہے) کے درمیان میں نہ کوئی گھر تھا، نہ کوئی محلہ پھر اس پہاڑ کی پشت سے ایک بدلی ڈھال کی طرح ظاہر ہوئی، اور جب اس نے آسمان میں جگہ پکڑ لی تو پھیل گئی، پھر اس سے پانی برسا واللہ! ہم نے چھ دن تک آفتاب کی صورت نہیں دیکھی، پھر ایک شخص دوسرے جمعہ کو اسی دروازے سے آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ پڑھ رہے تھے، وہ شخص آپ کے سامنے کھڑے ہو کر کہنے لگا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مال ہلاک ہوگئے اور راستے بند ہوگئے، آپ اللہ سے دعا کیجئے کہ پانی روک لے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے، اور فرمایا: اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا لَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ○ (بخاری شریف، کتاب الجمعۃ، باب الاستسقاء فی المسجد الجامع، وباب الاستسقاء فی خطبۃ الجمعۃ غیر مستقبل القبلۃ ومسلم)

Marfat.com

# بجلی اور رعد سے بچنے کا عمل

(۱) اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَ عَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ○

اے اللہ ہم کو اپنے غضب سے قتل نہ کر اور ہم کو اپنے عذاب سے ہلاک نہ کر اور اس سے پہلے ہم کو عافیت دے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجلی اور رعد کی آواز سنتے، تو یہ پڑھتے (احمد:: ترمذی، کتاب الدعوات عن رسول اللہ، باب مایقول اذا سمع الرعد:: ادب المفرد، مستدرک حاکم، منتخب کنز العمال)

(۲) سُبْحَانَ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ○

اس ذات پاک کی پاکی کرتا ہوں جس کے خوف سے رعد اور سارے فرشتے اس کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ (سورۂ رعد/۱۳)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ جب وہ رعد کی آواز سنتے، تو بات کرنا چھوڑ دیتے، اور یہ کلمات کہتے، اور کہتے کہ یہ دھمکی زمین والوں کے لئے سخت ہے۔ (موطا امام مالک و ادب مفرد)

(۳) سُبْحَانَ مَنْ سَبَّحَتْ لَہٗ○

اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں جس کی پاکی رعد اور سارے فرشتوں نے کی۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

ثبوت: امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ طاؤس تابعی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں، کہ جب وہ رعد کی آواز سنتے تو کہتے تھے، سُبْحَانَ مَنْ سَبَّحَتْ لَہٗ○

Marfat.com

# آگ بجھانے کا عمل

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ○

اللہ بہت بڑا ہے۔

ترکیب وثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم آگ لگی ہوئی دیکھو، تو اللہ اکبر کہو، کیوں کہ اللہ اکبر کہنا آگ کو بجھا دیتا ہے۔ (طبرانی اوسط ومسند ابویعلی)

# آندھی سے محفوظ رہنے کا عمل

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَ خَیْرِ مَا فِیْھَا وَ خَیْرِ مَا اُمِرَتْ بِہٖ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَ شَرِّ مَا فِیْھَا وَ شَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ ○

اے اللہ ہم تجھ سے اس ہوا کی بھلائی اور ان چیزوں کی بھلائی جو اس ہوا میں ہیں اور ان چیزوں کی بھلائی جن کا حکم اس ہوا کو دیا گیا ہے مانگتے ہیں اور اس ہوا کی برائی سے اور ان چیزوں کی برائی سے جو اس میں ہیں اور ان چیزں کی برائی سے جن کا حکم اس ہوا کو دیا گیا ہے، تیری پناہ چاہتے ہیں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہوا کو برا نہ کہو، پس اگر تم ایسی ہوا کو دیکھو جو تم کو ناپسند ہو، تو یہ دعا پڑھو۔

Marfat.com

# (۱۰) خواب و بیداری کے متعلق اعمال

## بے خوابی کے عمل

(۱) اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَصَدَءَتِ الْعُيُوْنُ وَاَنْتَ حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَاْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَهْدِئْ لَيْلِيْ وَاَنِمْ عَيْنِيْ ○

اے اللہ رات کے ستارے ڈوب گئے، اور آنکھوں نے آرام پایا، اور تو ہمیشہ زندہ ہمیشہ خلق کو قائم رکھنے والا ہے، اونگھ تجھ کو نہ پکڑے اور نہ نیند، اے ہمیشہ زندہ ہمیشہ خلق کو قائم رکھنے والے تو میری رات کو آرام دے اور میری آنکھ کو نیند عطا فرما۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نیند نہ آنے کی شکایت کی، آپ نے فرمایا: یہ دعا کیا کر!

(۲) اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرْضِيْنَ وَمَا اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضَلَّتْ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ ○

اے اللہ پروردگار ساتوں آسمانوں کے اور ان چیزوں کے جن پر انہوں نے سایہ ڈالا، پروردگار زمینوں کے اور ان چیزوں کے جن کو انہوں نے اٹھایا، اور پروردگار شیطانوں کے اور ان لوگوں کے جن کو انہوں نے گمراہ کیا، میرے لئے پناہ دینے والا ہو اپنی ساری مخلوقات کی برائی سے یعنی اسبات سے کہ کوئی شخص ان میں سے مجھ پر زیادتی کرے یا سرکشی کرے تجھ سے پناہ لینے والا غالب ہے اور تیرا نام با

Marfat.com

برکت ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ سونے کے وقت پڑھ لیا جائے۔

ثبوت: سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بے خوابی کی شکایت کی، آپ نے فرمایا: کہ اے خالد جب سونے کے لئے بستر پر لیٹو، تو یہ دعا پڑھو (طبرانی وترمذی)

## خواب میں ڈرنے سے محفوظ رہنے کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ نَّفْسِهٖ وَ عِقَابِهٖ وَ مِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ○

اللہ کے نام سے اللہ کے پورے کلموں کے ذریعہ سے پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب اور اس کے عذاب اور اس کے بندوں کی برائی سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ سونے کے وقت پڑھا جائے، یا لکھ کر گلے میں ڈالا جائے۔

ثبوت: عمرو بن شعیب کے والد عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص خواب میں ڈرے، تو سونے کے وقت یہ کہے پس وہ خواب اس کو ضرر نہ کرے گا، اور عبداللہ بن عمرو اپنے بالغ لڑکوں کو یہ کلمات سکھاتے تھے، تا کہ سونے کے وقت ان کو پڑھ لیا کریں، اور جو ایسے نابالغ تھے جن سے یاد نہیں ہو سکتا تھا، ان کے لئے ایک کاغذ میں لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیتے تھے (ترمذی، ابوداؤد اور نسائی)

Marfat.com

# (۱۱) قرض سے سبکدوشی کا عمل

سبکدوشی قرض کے عملیات کی ضرورت ہماری دانست میں اقوامِ سالم میں سے صرف مسلمانوں کو ہی ہے کیوں کہ جہاں تک استقراء سے دیکھا جاتا ہے، دنیا بھر میں مسلمان ہی اس بلا میں سب اقوام سے زیادہ مبتلا ہیں جس کی چند خاص وجوہ ہیں مثلاً افلاس بیکاری، غیر دوراندیشی، اسراف کی عادت وغیرہ جو قومیں محنت کے ساتھ کمانے کی عادی ہیں، وہ تنگ دست نہیں ہوتیں نہ ان کو قرض لینے کی ضرورت پڑتی ہے، اور وہ قرض گونا گو نتائجِ قبیحہ کو خوب جانتی اور سمجھتی ہیں، اس لئے قرض سے بچتی ہیں وہ مالدار ہونے کی وجہ سے مال کی قدردان ہیں، اس لئے کہ کفایت شعاری کی عادی ہیں جو قرض پر سود نہیں ہونے دیتیں مگر افسوس کہ مسلمان ان تمام اچھے اوصاف ے محروم ہیں اس لئے قرض کی قید میں بال بال بندھے ہوئے ہیں، سنا گیا ہے کہ صرف پنجاب کے مسلمانوں کے ذمہ جس قدر قرض ہے اس کی اصل رقم تو درکنار کئی کروڑ روپیہ سالانہ اس کے سود میں وہ ادا کرتے ہیں، الامان!

قرض کی بلا کو ہولناک و پرخطر بنانے والے اسباب میں سے ایک نادہندگی بھی ہے، جو شخص قرض لے کر ادا کرنے کی نیت نہیں رکھتا، یا اس کی ادائگی کی پرواہ نہیں کرتا، وہ اپنی بے اعتباری، خواری اور مشکلات کا بیج بو رہا ہے، بخلاف اس کے قرض لے کر فوراً ادا کرنے کی کوشش کرنے والا اعتباری کہا جاتا ہے۔

کہہ رہا ہے ایک دانائے فرنگ ۔۔۔ قرض کرتا ہے ادا جو بیدرنگ
ہے وہ مالک دوسرے کے نقد کا ۔۔۔ یعنی جب چاہے اٹھائے فائدا

بعض محققین کا قول ہے کہ سود کی لعنت دنیا میں نادہندہ قرضداروں نے ایجاد کرائی ہے، پہلے پہل اہلِ مال بطور ہمدردی بنی نوع لوگوں کو قرس حسنہ دیتے تھے

Marfat.com

اورقرض دار مقررہ وقت پر ادا کردیتے تھے، رفتہ رفتہ نیتوں میں خلل آ گیا، اور ادائگی میں ٹال مٹول ہونے لگی، ناچار قرض خواہوں نے محض دھمکی کے لئے یہ حیلہ نکالا، کہ مثلاً اگر یہ سو روپیہ تم نے وعدے پر ادا نہ کیا، تو میں دس روپیہ جرمانہ زائد وصول کروں گا نادہندو بے قوف نے زائد دس روپے دینے منظور کر لئے مگر وقت پر وعدے کی پابندی نہ کی بہرکیف نادہندگی گوناگوں رذائل کی منبع اور طرح طرح کی مصائب کی پیش خیمہ ہے، اور احادیث میں اس پر بڑی وعید آتی ہے، چنانچہ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں فرماتے ہوئے سنا:

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الْكُفْرِ وَ الدَّيْنِ ○

''یعنی میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں کفر اور قرض سے''

☆ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ آپ کیا قرض کو کفر کے برابر کرتے، اور اس کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، فرمایا: ہاں (نسائی، حاکم، ترغیب وترہیب)

☆ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرض خدا کا جھنڈا ہے زمین میں جب وہ کسی بندے کو ذلیل کرنا چاہتا ہے، تو اس کی گردن پر قرض کا بوجھ رکھ دیتا ہے (حاکم)

☆ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، کہ آپ ایک شخص کو اس طرح وصیت فرماتے تھے، کہ گناہ کم کیا کرو، تم پر موت آسان ہو جائے گی، قرض کم لیا کرو، آزاد ہو کر جیو گے (بیہقی)

☆ ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص لوگوں کا مال ضائع کرنے اور مار لینے کی نیت سے لے، اللہ تعالی اس کو تباہ کر دیتا ہے (بخاری، ابن ماجہ)

Marfat.com

☆ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں جو شخص قرض کے بھار میں لد جائے، اور اس کے ادا کرنے میں پوری کوشش کرے، پھر ادا کرنے سے پہلے مر جائے، تو میں اس کا مدد گار ہوں (احمد، ابویعلی، طبرانی اوسط)

☆ میمون کردی اپنے باپ سے جو صحابی ہیں روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی عورت سے قلیل یا کثیر مقدار میں مہر پر نکاح کیا، اور اس کے دل میں عورت کا حق مہر ادا کرنے کی نیت نہیں، بلکہ محض دھوکہ دیا، پھر بغیر ادا کئے مر گیا تو وہ قیامت کے دن زنا کار بن کر خدا کے سامنے جائے گا، اور جس شخص نے کسی سے قرض لیا اور اس کے دل میں قرض ادا کرنے کی نیت نہیں، بلکہ محض دھوکہ سے مال لے لیا، پھر یہ بن ادا کئے مر گیا، تو اللہ تعالی کے سامنے چور بن کر جائے گا۔ (طبرانی، صغیر واوسط)

☆ ابوذر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالی تین شخصوں سے بہت نفرت کرتا ہے، ایک بڈھا زنا کار، دوسرا مفلس تکبر کرنے والا تیسرا مالدار ظالم، جو قرض خواہوں پر ٹال مٹول کر کے ظلم کرتا ہے، (ابو داؤد، نسائی، ترمذی، حاکم، ابن حبان، ابن خزیمہ)

## ادائے قرض کا عمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعِجْزِ وَ الْكَسَلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَ الْبُخْلِ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَ قَهْرِ الرِّجَالِ ○

اے اللہ فکر اور غم سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور عاجزی اور کاہلی سے تیری پناہ

Marfat.com

چاہتا ہوں اور بزدلی اور کنجوسی سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور قرض کے غلبہ اور مردوں کے قہر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن مسجد میں تشریف لائے، ایک مرد انصاری کو جس کا نام ابوامامہ رضی اللہ تعالی عنہ تھا، بیٹھے ہوئے دیکھ کر پوچھا کہ اے ابوامامہ! کیا بات ہے، کہ میں تجھے مسجد میں بیٹھا ہوا دیکھتا ہوں، حالانکہ یہ نماز کا وقت نہیں ہے، ابوامامہ رضی اللہ تعالی عنہ نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت غم اور بہت سے قرض مجھے لپٹ گئے ہیں، آپ نے فرمایا: کیا میں تجھے ایسا کلام نہ بتادوں کہ جب تو اسے کہے، تو اللہ تیرے غم دور کر دے، اور تیرے قرض ادا کر دے، کہا کیوں نہیں! فرمایا: صبح شام یہ پڑھا کرو، ابوامامہ رضی اللہ تعالی عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ایسا ہی کیا، اللہ تعالی نے میرے غم دور کر دیئے، اور میرے قرض ادا کر دیئے (ابوداؤد ترغیب وترہیب)

(۲) اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ○

اے اللہ اپنی حلال روزی کے ذریعہ سے مجھ کو اپنے حرام سے بچا، اور اپنے فضل سے مجھ کو ان لوگوں سے بے نیاز کر دے جو تیرے سوا ہیں۔

ترکیب: اس کو ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: علی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ ان کے پاس ایک غلام مکاتب آیا اور اس نے کہا: میں بدل کتابت سے عاجز ہوں، آپ میری مدد کیجئے، فرمایا: کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھادوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سکھلائے ہیں اگر تجھ پر ثبیر پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے تیری طرف سے ادا کر دے گا،

Marfat.com

تو یہ دعا پڑھا کر (ترمذی، حاکم، بیہقی)

(۳) قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَيُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَ الْآخِرَةِ تُعْطِيْ مَنْ تَشَاءُ مِنْهُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ صبح اور شام سات بار یا زیادہ پڑھا جائے

ثبوت: سیدنا معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذمہ ایک یہودی کا قرض تھا، اور اس کو آپ کو مجبور کر رکھا تھا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ کیا میں تجھ کو ایسی دعا تعلیم نہ کروں جس کے ذریعہ سے اللہ سے دعا کرے تو اگر کوہ عیر کے برابر قرض ہو تو اللہ تعالیٰ اسے بھی ادا کر دے (طبرانی)

## (۱۲) فقر، فاقہ، افلاس و تنگدستی سے نجات پانے کا عمل

## بھوک اور فاقہ دور ہونے کا عمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهُمَا اِلَّا اَنْتَ ○

الٰہی میں تجھ سے تیرے فضل اور رحمت کا سوال کرتا ہوں، کیوں کہ ان دونوں کا مالک تو ہی ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تنگی پیش آئی، تو انہوں نے اپنی بیویوں کے پاس ایک شخص کو کچھ

Marfat.com

کھانے کی چیز لانے کے لئے بھیجا لیکن کسی کے پاس کھانے کی کوئی چیز نہ ملی، اس وقت آپ نے یہ دعا مانگی، پھر تھوڑی دیر کے بعد ایک بھونی ہوئی بکری ہدیہ میں آئی، تو آپ نے فرمایا: یہ اللہ کا فضل ہے، اور ہم اللہ کی رحمت کے منتظر رہا کرتے ہیں (معجم طبرانی)

## تنگی معاش کے دور کرنے کا عمل

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللهَ ○

پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں میں اللہ کو اس کی حمد کے ساتھ پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں میں اللہ بزرگ کو بخشش مانگتا ہوں میں اللہ سے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: مسند امام احمد میں مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ! دنیا تو میری طرف پیٹھ پھیر کر چلی گئی، آپ نے فرمایا: کہ ملائکہ کی تسبیح پڑھا کر عرض کی کہ ملائکہ کی تسبیح کیا ہے، آپ نے فرمایا: صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے: سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللهِ سو بار پڑھ لیا کر، دنیا تیرے پاس ذلیل وخوار ہو کر آئے گی، یہ سن کر وہ شخص چلا گیا، پھر چند روز کے بعد وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! اب تو اللہ تعالیٰ نے اتنا دیا ہے کہ میرے گھر میں رکھنے کو جگہ نہیں رہی (مواہب لدنیہ)

## کشائش رزق اور دفع غم کا عمل

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ ○

میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، وہ زندہ

Marfat.com

ہے کارخانہ عالم کو قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص استغفار کو اپنے پر لازم کرلے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کی جگہ بنادے گا، اور ہر غم سے اس کو رہائی دے گا، اور اس جگہ سے اس کو رزق دے گا کہ وہ گمان نہیں رکھتا ہے (ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، احمد، بیہقی)

# کشائش رزق کا عمل

(۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ بادشاہ ہے حق ہے ظاہر کرنے والا ہے۔

خاصیت: یہ عمل کشائشِ رزق حصولِ جنت اور انیسِ قبر کے لئے سریع الاثر ہے۔

ترکیب: اس کو ہر روز بلاناغہ باطہارت کاملہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہر روز سو بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ○ پڑھے تو یہ اس کے لئے محتاجی سے پناہ ہو اور قبر میں وحشت سے اس کا انیس ہو، اور اس کی بدولت وہ تونگر ہو جائے، اور جنت کے دروازے کو کھٹکھٹائے (کنزالعمال)

(۲) یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَ یَا آخِرَ الْآخِرِیْنَ وَ یَا ذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ وَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ وَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اے سب پہلوں کے پہلے، اور اے سب پچھلوں کے پچھلے، اور اے زبردست قوت والے، اور اے مسکینوں پر رحم کرنے والے اور اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان۔

Marfat.com

ترکیب: اس کو ہر روز بلا ناغہ طہارت کاملہ کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: سُوید بن غفلہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو محتاجی کی تکلیف پہنچی تو فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا، کاش تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جاتیں، اور آپ سے سوال کرتیں، پس فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کے یہاں آئیں، اور دروازہ کھٹکھٹایا، اس وقت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ کے یہاں موجود تھیں، آپ نے ان سے فرمایا: کہ یہ فاطمہ کا کھٹکھٹانا ہے، اور وہ میرے پاس ایسے وقت میں آئی ہے، کہ ایسے وقت میں اس کے آنے کا معمول نہ تھا، فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا یا رسول اللہ! فرشتوں کی غذا تہلیل، تسبیح اور تحمیدؔ ہے، ہم لوگوں کی غذا کیا ہے، فرمایا: کہ اس ذات پاک کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا محمد کے لئے یعنی ہمارے گھر میں تیس دن سے آگ نہیں سلگی ہے، اور میرے پاس کچھ بکریاں آئی ہیں، اگر تو چاہے تو میں تیرے لئے پانچ بکریوں کے دئے جانے کا حکم دوں، مگر تو چاہے، تو میں تجھ کو وہ پانچ کلمے سکھادوں جو جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھے سکھائے ہیں، فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا، مجھے وہی پانچ کلمے سکھا دیجئے، جو جبرائیل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کو سیکھائے ہیں آپ نے فرمایا: یَا اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ وَیَا آخِرَ الْآخِرِیْنَ وَیَا ذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ وَیَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ○ پھر فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پلٹ کر علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئیں، تو انہوں نے پوچھا کیا خبر ہے؟ کہا میں آپ کے یہاں سے دنیا کے لئے گئی تھی، اور حضور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے آخرت لے کر پھری ہوں، علی کرم اللہ وجہہ نے کہا، تمہارا یہ دن سارے دنوں سے بہتر ہے (کنز العمال)

## درازی عمر اور کشائش رزق کا عمل

سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْأَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضٰی وَزِنَۃَ

Marfat.com

الْعَرْشِ ○

پاکی بیان کرتا ہوں میں اللہ کی جس سے میزان بھر جائے اور جس پر علم کی انتہاء ہے اور جس پر رضا پہنچتی ہے، اور عرش کی ہم وزن ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ تین بار صبح اور تین بار شام کو یا کثرت سے پڑھا جائے۔

ثبوت: حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ صبح وشام اس تسبیح کے پڑھنے سے عمر دراز ہوتی ہے، دشمن پر فتح یابی ہوتی ہے، روزی میں کشائش ہوتی ہے، اور بُری موت سے بھی محفوظ رہے گا۔

## کشائش رزق کیلئے اور غلبہ شہوت وزنا سے بچنے کا عمل

يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَانِيْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ○

اے زندہ جاوید اے جہان کو قائم رکھنے والے میں تیری رحمت کے ساتھ فریاد کرتا ہوں میری ساری حالت درست کر دے، اور مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کر ایک لمحہ بھر کے لئے بھی۔

ترکیب: اس کو ہر روز بلا ناغہ طہارتِ کاملہ سے پڑھا جائے۔

ثبوت: سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مصیبت میں رنج وتکلیف کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے، اور آپ نے کشائش رزق کے لئے یہ دعا فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو سکھلائی، نیز اس کو قطعِ شہوت اور دفع غلبہ شہوت اور حفظِ زنا کے لئے بھی فرمایا (ترمذی)

Marfat.com

## (۱۴) درندوں زہریلے جانوروں ہر بلا سے محفوظ

## ہر متعدی بلا سے محفوظ رہنے کا عمل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ۝

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھ کو اس بلا سے سلامت رکھا، جس میں اس نے تجھ کو مبتلا کیا، اور مجھ کو اپنی بہت سی مخلوقات سے فضیلت بخشی۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ چند بار حضورِ قلب سے پڑھا جائے۔

ثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مبتلائے بلا کو دیکھے، اور یہ پڑھے، تو وہ بلا اس کو نہ پہنچے گی (ابن ماجہ، ترمذی)

## ہر بلا سے محفوظ رہنے کا عمل

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَ مَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۝

تمام عیبوں سے اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں، اور اس کی تعریف کرتا ہوں بندے کو کچھ قوت نہیں مگر اللہ کا دیا ہوا جو اللہ چاہے، وہ ہو، اور جو نہ چاہے وہ نہ ہو میں یقین رکھتا ہوں کہ بے شک اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے، اور بے شک اللہ کے علم نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ صبح شام پڑھا جائے۔

Marfat.com

ثبوت: مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صاحبزادی کو تعلیم فرماتے تھے، کہ تو صبح کو یہ کلمات کہہ لیا کر، کیوں کہ جو شخص صبح کو یہ کلمات کہہ لے وہ شام تک محفوظ رہے گا، اور جو شام کو یہ کلمات کہہ لے، وہ صبح تک محفوظ رہے گا (ابوداؤد)

## (۱۳) ہر ضرر رساں چیز اور بلائے ناگہانی سے محفوظ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

اللہ کے نام کے ساتھ جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز ضرر نہیں دیتی زمین میں نہ آسمان میں اور وہ بڑا سننے والا بڑا جاننے والا ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ صبح وشام تین بار پڑھا جائے۔

ثبوت: عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ ہر دن کی صبح کو اور ہر رات کی شام کو تین بار کہہ لے، تو اس کو کوئی چیز ضرر نہ دے، امام احمد کی روایت میں ہے کہ وہ ہر بلائے ناگہانی سے محفوظ رہے گا۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ ونسائی وغیرہ)

## (۱۴) درندے جانوروں سے بچنے کا عمل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يَنْسٰى مَنْ ذَكَرَهٗ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يُخَيِّبُ مَنْ رَجَاهُ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَا يَكِلُ مَنْ تَوَكَّلَ عَلَيْهِ اِلٰى غَيْرِهٖ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هُوَ ثِقَتُنَا حِيْنَ تَنْقَطِعُ عَنَّا الْحِيَلُ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هُوَ رَجَائُنَا حِيْنَ تَسُوْءُ ظُنُوْنُنَا بِاَعْمَالِنَا ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَكْشِفُ ضُرَّنَا عِنْدَ كَرْبِنَا ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَجْزِيْ بِالْاِحْسَانِ اِحْسَانًا ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَجْزِيْ بِالصَّبْرِ نَجَاةً ○

Marfat.com

سب تعریفیں اللہ کے واسطے ہیں جو اپنے یاد کرنے والوں کو نہیں بھولتا سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو اپنے امیدوار کو بے مراد نہیں رکھتا، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو اس شخص کو دوسرے کے سپرد نہیں کرتا جو اس پر بھروسہ کرتا ہے، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس پر ہمارا اعتماد ہے جس وقت ہمارے تمام حیلے ختم ہو جائیں، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو ہماری آس ہے جس وقت ہم کو اپنے اعمال کے ساتھ بدگمانی ہو، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو ہماری سخت مصیبت کے وقت ہماری مصیبت کو دور کرتا ہے، سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو صبر کے بدلے نجات دیتا ہے۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ کثرت سے پڑھا جائیں۔

ثبوت: یہ عمل حضرت دانیال علیہ الصلاۃ والسلام کا مجرب ہے، کہ وہ اس عمل کی برکت سے دو شیروں کے پنجے سے محفوظ رہے، چنانچہ علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ بخت نصر نے دانیال علیہ الصلاۃ والسلام کو بلا کران کے قید کئے جانے کا حکم دیا، اور حملہ کرنے والے دو شیروں کے ساتھ آپ کو ایک کنویں میں پانچ دن تک قید رکھا اور کنویں کے منہ کو مٹی سے بدن کر دیا، جب پانچ دن کے بعد کنویں کا منہ کھولا تو دیکھا، کہ دانیال علیہ الصلاۃ والسلام کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے ہیں، اور دونوں شیر اس کنویں کے ایک گوشے میں چپ چاپ بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے آپ سے کچھ سرزنش نہیں کی، بخت نصر نے آپ سے پوچھا تم نے کیا پڑھا تھا، جس کی وجہ سے یہ بلا تم سے ٹل گئی، آپ نے یہی کلمات پڑھنے کا اظہار فرمایا: (کنز العمال

## سانپ بچھو دفع اور ہر زہریلے جانور سے محفوظ

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ○

Marfat.com

اللہ کے پورے کلموں کے ذریعہ سے ان سب چیزوں کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں جن کو اس نے پیدا کیا۔

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ ہر روز صبح شام تین بار پڑھے۔

ثبوت: ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا، یارسول اللہ! رات مجھ کو بچھو کے ڈنک مارنے سے نہایت تکلیف پہنچی، آپ نے فرمایا: کہ تو شام کو یہ کلمات کہہ لیتا، تو تجھ کو ضرر نہ پہنچاتا،

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ ○

بعض روایات میں ہے، کہ جو شخص شام کے وقت اس کو تین بار کہہ لے تو اس کی رات کو زہریلے جانور کا زہر اس کو ضرر نہ دے (مسلم ابوداؤد، ابن ماجہ، ترمذی وغیرہ) اور طبرانی نے اوسط میں صبح کے وقت بھی اس کا پڑھنا روایت کیا ہے۔

# ۱۴) مختلف اعمال

## (۱) زناو بدکاری سے بچانے والا عمل

(اَللّٰھُمَّ) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ○

(اے اللہ) اے دلوں کو پھیر دینے والے میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر نماز کے بعد تین بار پڑھا جائے۔

ثبوت: مسند امام احمد میں ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے، کہ انہوں نے کہا: اس دعا کے پڑھنے سے انسان کا دل ٹھیک رہتا ہے، اور کسی بدکاری کی طرف دل متوجہ نہیں ہوتا، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت میں (اَللّٰھُمَّ نہیں ہے)

Marfat.com

# غصہ کو دور کرنے کا عمل

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ○

میں شیطان راندھے ہوئے سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چند بار پڑھا جائے۔

ثبوت: سیدنا سلیمان بن ......رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ دو شخصوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے گالی گلوچ کی، اور ہم لوگ آپ کے پاس بیٹھے تھے، ان دونوں میں سے ایک شخص دوسرے کو گالیاں دیتا تھا، اس کا چہرہ غصہ کے ساتھ سرخ ہورہا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ایک کلمہ معلوم ہے، کہ اگر وہ اس کو کہے تو اس کا غصہ جاتا رہے، وہ یہ ہے، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ○ لوگوں نے اس شخص سے کہا کیا تو نہیں سنتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا فرمارہے ہیں، اس نے کہا کہ میں دیوانہ نہیں ہوں (بخاری و مسلم)

# جنگ میں فتح پانے اور مصائب کے دور کرنے کا عمل

کُنْتَ وَ تَکُوْنُ وَ اَنْتَ حَیٌّ لَّا تَمُوْتُ تَنَامُ الْعُیُوْنُ وَتَتَکَرَّرُ النُّجُوْمُ وَ اَنْتَ حَیٌّ قَیُّوْمٌ لَا تَاْخُذُکَ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ○

تو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، اور تو زندہ ہے تو نہیں مرے گا، آنکھیں سوجاتی ہیں اور ستارے ماند پڑ جاتے ہیں بحالیکہ تو زندہ ہے عالم کو قائم رکھنے والا ہے تجھ کو اونگ نہیں آتی نہ نیند آتی ہے اے زندہ وجاوید اور جہان کو قائم رکھنے والے!

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب سے بکثرت پڑھا جائے۔

ثبوت: یہ عمل حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ماثور ہے، چنانچہ حدیث شریف میں مروی ہے، کہ جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا

Marfat.com

مقابلہ فرعون سے ہوا، اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ حنین میں تشریف لے گئے، تو راستہ میں یہ دعا پڑھتے جاتے تھے۔

# گمشدہ جانور کو پانے کا پہلا عمل

یَاعِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْا یَاعِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْا○

اے اللہ کے بندو روک لو، اے اللہ کے بندو روک لو۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ با آواز بلند پڑھا جائے۔

ثبوت: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کا چارپایہ میدان میں بھاگ جائے، تو یوں پکارے، یَاعِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْا یَاعِبَادَ اللّٰہِ اِحْبِسُوْا○ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے زمین میں ایک روکنے والا ہے، جو ضرور اس کو روک لے گا (کنز العمال، طبرانی و بزار وغیرہ)

**دوسرا عمل** یَاعِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَاعِبَادَاللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ یَاعِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ○

اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو اے اللہ کے بندو میری مدد کرو۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ تین بار پڑھا جائے۔

ثبوت: عتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جب تم میں سے کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے، اور وہ مدد چاہے تو وہ کہے، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو اے اللہ کے بندو میری مدد کرو، بے شک اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے ہیں جو تمہیں نظر نہیں آتے، اور یہ عمل تجربہ کیا ہوا ہے (طبرانی)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۵
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۵

Marfat.com

# عامل بنانے والی کتاب

## حصہ چہارم

ملقب بہ

## اسم اعظم

Marfat.com

# اسم اعظم

اسم اعظم کی تلاش میں عام وظیفہ خواں اور دنیادار لوگ دربدر مارے مارے پھرتے ہیں اور جو اسم کسی شخص نے بتلا دیا، اس کو پڑھنا شروع کر دیتے ہیں، لیکن جب وہ اپنے مقصود میں کامیاب نہیں ہوتے تو پھر یا تو وہ بزرگوں سے بدظن ہو جاتے ہیں، یا سرے سے اسم اعظم کے وجود کا ہی انکار کر دیتے ہیں، کہ یہ کوئی شے نہیں ہے، چونکہ قرآن اور حدیث میں اس کا ثبوت پایا جاتا ہے، اس لئے اس سے انکار کرنا سراسر جہالت اور گمراہی ہے، کامیاب ہونا نہ ہونا یہ اور بات ہے، چونکہ اسم اعظم کو پوشیدہ رکھا گیا اس لئے اس کے حصول کی مختلف صورتیں ہیں، جس کی تحقیق سے وضاحت سے کی جاتی ہے، تاکہ ناظرین اور شائقین ان اوراق سے متمتع ہو کر راقم الحروف کو دعائے خیر سے یاد کریں۔

## اسم اعظم کے لغوی اور اصطلاحی معنی

اسم اعظم کے لغوی معنی ہیں اللہ کا سب سے بڑا نام، لیکن اصطلاح میں اس کے معنی تین طرح بیان کیے جاتے ہیں۔

(۱) بعض کہتے ہیں: وہ اللہ تعالیٰ کا ایک خاص ایسا اسم ہے کہ جب اس کو پڑھ کر بدرگاہِ ربِ العالمین دعا کی جائے تو قبول ہو جاتی ہے۔

(۲) بعض کہتے ہیں: اسم اعظم کوئی خاص اسم نہیں ہے بلکہ ہر اسم اسمِ اعظم ہے، پس اللہ تعالیٰ کے ننانوے ناموں میں سے کوئی نام لے کر دعا کی جائے، تو اللہ تعالیٰ منظور کر لیتا ہے۔

(۳) بعض کہتے ہیں: اضطراب بے قراری کی حالت میں جس اسم سے بھی خلوصِ دل اور حضورِ قلب سے اللہ کو پکارا جائے اللہ سنتا اور قبول فرماتا ہے: پس وہی

Marfat.com

اسمِ اعظم ہے۔

اب ہم تینوں قسم کے اسم اعظم کے متعلق نقلی اور روایتی دلائل جداگانہ فصلوں میں درج کرتے ہیں۔

## فصل اول

# اسمِ اعظم اسمِ معیّن یا کلامِ معیّن ہے

بعض بزرگوں نے درویشی اشارات اور اپنے قیاسات کی بنا پر جن جن اسماء کو اسم اعظم سمجھا ہے وہ ایسے اقوال جن میں اس کی تعین کی گئی ہے، چالیس تک پہنچتے ہیں، چنانچہ ان میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) ﴿هُوَ﴾ بعض کے نزدیک یہ اسمِ اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعے دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی منظور کر لیتا ہے، چنانچہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں: کہ اسم اعظم (هُوَ) ہے کیوں کہ جب اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے: هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سورۂ حشر)

اس آیت میں (ہو) پہلے مسند الیہ اور پھر مسند واقع ہوا ہے جس سے اس کی عظمت اور شان کا بخوبی پتہ چلتا ہے، جو نکات بلاغت کے سمجھنے والوں پر مخفی نہیں ہے۔

(۲) ﴿اَللّٰهُ﴾ بعض کے نزدیک یہ اسمِ اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعے دعا کی جائے، تو اللہ تعالی قبول فرما لیتا ہے، چنانچہ سیدنا جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ هُوَاللّٰهُ اَلَا تَرٰی اَنَّهٗ فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ یَبْدَأُ بِهٖ

Marfat.com

قَبْلَ كُلِّ اسْمٍ (رواہ البخاری)

لفظِ "اللہ" اسمِ اعظم ہے اسی واسطے تمام قرآن میں اس نام سے شروع کیا جاتا ہے، اور کسی اسم سے نہیں (صحیح بخاری)

اللہ تعالی سورۂ انعام رکوع ۱۱ میں ارشاد فرماتا ہے:

قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ○

یعنی تو خود ہی کہہ دے کہ اللہ نے اتاری تھیں پھر ان کو چھوڑ دے کہ اپنی بک بک میں پڑے کھیلا کریں۔

پس اس آیت میں اللہ تعالی کی ذات کے ساتھ بالکل دل لگانے اور ہر نفس میں ذکر اللہ میں مشغول رہنے اور اس کے غیر سے قطعاً تعلق چھوڑنے کا ارشاد ہے، یعنی غیر اللہ کو دل سے نکال کر (اللہ اللہ کہو) اور اسی میں محو ہو جاؤ تو اللہ تعالی جس نام سے اپنی ذات کو یاد کرنے کا حکم دیتا ہے وہی بڑا نام یعنی اسم اعظم ہے، کیوں کہ اس کی ذات اعلیٰ واشرف ہے، اس کے یاد کرنے کو نام بھی وہی چاہئے جو سب ناموں سے اعلیٰ ہو پس جو نام اعلیٰ ہو وہی اسم اعظم ہے۔

(۳) ﴿ رَبِّ رَبِّ ﴾ (اے میرے پروردگار، اے میرے پروردگار)

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی قبول کر لیتا ہے، چنانچہ

(۱) ابوداؤد میں ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسم اعظم رب رب ہے (مستدرک حاکم)

(۲) ابن ابی الدنیا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت کرتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بندہ یَارَبِّ یَارَبِّ کہتا ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے، "لَبَّيْكَ"، یعنی اے میرے بندے مانگ کہ تجھے دیا جائے گا۔

Marfat.com

(۴) ﴿ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ﴾ زندہ اور قائم رہنے والا۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے، چنانچہ سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ جب میں جنگ بدر میں کفار کے مقابلہ میں ڈٹا ہوا تھا، تو اطمینانِ قلب کی غرض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنے کے لئے جنگی مرکز پر واپس آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ آپ سجدے میں سر رکھ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھ رہے ہیں، میں یہ دیکھ کر واپس کارزار میں چلا آیا، تھوڑی دیر کے بعد شوق دیدار نے پھر بے قرار کیا، تو حاضر ہو کر دیکھا، کہ آپ بدستور سجدے میں سر رکھ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھ رہے ہیں، یہ دیکھ کر پھر جنگ کے مقام پر واپس چلا آیا، تھوڑی دیر بعد میں پھر خدمت اقدس میں حاضر ہوا، اس خیال سے کہ شاید آپ کو کسی طرح کا رنج یا تکلیف پہنچی ہو، دیکھا تو آپ ویسے ہی سربسجود ہو کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بدستور پڑھ رہے ہیں، یہ دیکھ کر میں فتح و نصرت کے یقین سے کفار پر مع اپنے ہمراہیوں کے حملہ آور ہوا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہم فتح یاب ہو گئے، اور دشمنوں کو شکست فاش ہوئی (بیہقی، نسائی، حاکم)

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اسم اعظم اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے۔

اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ کے اسم اعظم ہونے پر ایک اور قوی استدلال اس روایت میں ملتا ہے جو، طبرانی حاکم اور ابن ماجہ میں ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا وہ اسم اعظم جس کے ذریعہ دعا کی جائے، اللہ تعالیٰ اور اسے قبول کرے اور قرآن مجید کی ان تین سورتوں بقرۃ، آل عمران اور طٰہ میں ہے، چنانچہ قاسم بن عبدالرحمٰن شامی جو ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد ہیں، فرماتے ہیں، کہ میں نے جو ان تینوں سورتوں میں اسم اعظم تلاش کیا، تو

Marfat.com

معلوم ہوا کہ وہ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ہے، کیوں کہ یہ اسم سورہ بقرہ کی آیت الکرسی میں اور سورۂ آل عمران کے شروع میں ہے، اور سورۂ طٰہٰ میں اس طرح سے ہے کہ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ○

راقم الحروف کے نزدیک بھی اسم اعظم ان تینوں سورتوں میں یہی معلوم ہوتا ہے، کیوں کہ ان سورتوں میں کوئی ایسا اسم نہیں ہے، جو تینوں میں مشترک ہو، ناظرین (ان تینوں) سورتوں کو پڑھ کر خود تصدیق کرلیں۔

(۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ○

اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعہ دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالیٰ قبول فرمالیتا ہے، چنانچہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ کلمۂ توحید اسم اعظم ہے۔

(۶) لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ○

اس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے، چنانچہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر مظہری میں لکھتے ہیں، کہ میرے نزدیک اسم اعظم (لاالہ الا ھو) ہے کیوں کہ یہ کلمہ حدیث ابوامامہ اور حدیث اسماء بنت یزید دونوں میں مشترک ہے۔ سیدہ فرماتی ہیں کہ میں نے خود سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے: اللہ کا اسم اعظم ان دو آیات میں ہے، وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ اور اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○ (رواہ ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی، بحوالہ تفسیر مظہری جلد ۲ صفحہ ۱۷۱)

Marfat.com

(۷) یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی منظور فرمالیتا ہے، چنانچہ ابوامامہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے، جو اس شخص پر متعین ہے جو کہے، یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ پس وہ شخص اس کو تین بار کہتا ہے، تو وہ فرشتہ کہتا ہے کہ بے شک وہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ تیری طرف متوجہ ہو گیا، اب تو سوال کر (مستدرک حاکم، ترغیب وترہیب)

(۸) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے جو مہربان ہے رحم والا

بعض کے نزدیک یہی اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی قبول فرمالیتا ہے، چنانچہ شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ اسم اعظم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ ہے۔

(۹) اَلْحَلِیْمُ الْعَلِیْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

حلم والا علم والا برتر بزرگ

بعض کے نزدیک یہ اسماء، اسمِ اعظم ہیں، کہ جب ان کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی منظور فرمالیتا ہے۔

## اسمِ اعظم اور ابرِ رحمت

چنانچہ حیٰوۃ الحیوان میں ہے: ابی بکر محمد بن ولید رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ المنصور کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ کی صورت دیکھ کر خلیفہ نے کہا کہ محمد کے پاس کوئی ایسی

Marfat.com

دعا ہے جو میرے غم کو دور کر دے، فرمایا میں آپ کو ایسی دعا تلقین کرتا ہوں جو کاشف مشکلات اور دافعِ بلیات ہے، اس کا تجربہ سنئے کہ شہر بصرہ میں کسی شخص کے کان میں مچھر گھس کر دماغ تک پہنچا مریض بے چارہ نہایت مضمحل ہوا رات دن مرغِ نیم بسمل کی طرح تڑپنے لگا، اتفاق حسنہ سے خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شاگردِ رشید اسے دیکھنے کے لئے تشریف لائے مریض کی حالت دیکھ کر فرمایا: کہ تم وہ دعا کیوں نہیں پڑھتے جو علاء خضرمی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک سخت مصیبت و حیرانی کے وقت میں پڑھی تھی، عرض کیا کہ حضرت اللہ! جلد فرمادیجئے، کہ وہ کون سی دعا ہے فرمایا: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نجرین کی طرف جہاد کے لئے بھیجا، تو اتفاق سے آپ کا لشکر راستہ بھول کر کسی ریگستان میں جا نکلا، جب دھوپ کے وقت جنگل کی ریت نہایت گرم ہوئی، اور ادھر لشکر میں پانی ختم ہوا، تو پیاس کی شدت سے لوگ نیم جان ہوئے ملا خضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سواری سے اترے، دوگانہ نفل ادا کیا پھر جناب باری میں عرض کیا:

يَاحَلِيْمُ يَاعَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اسْقِنَا○ آپ کی دعا اور التجاء کے ساتھ ہی ابر کا ٹکڑا سامنے سے پیدا ہوا، ایک آن کی آن میں سارے لشکر پر پھیلا، اور خوب زور شور سے مینہ برسا، جب لشکر والے پانی پی کر سیراب ہوئے، تو ابر غائب ہو گیا، دوسرے دن ایک بڑا دریا راستہ میں حائل ہوا، وہاں نہ پل تھا نہ کشتی سوچا کہ کیا کریں، کس طرح پار اتریں، اسی وقت علاء خضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بدستور نماز پڑھی، ہاتھ دعاء کے لئے اٹھائے، اور عرض کیا۔

يَاحَلِيْمُ يَاعَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اَجْزِنَا○ الٰہی دریا سے پار اتار معا چار ہزار فوج مع سامان اونٹ گھوڑے اور گدھے کے ایک لحظہ میں دریا سے پار ہوئے، نہ کسی آدمی کا پاؤں بھیگا، اور نہ ہی کسی گھوڑے کا سم، اے اللہ کے بندے! تو

Marfat.com

بھی اس دعا کو پڑھ مریض نے ایک ہی دفعہ اس دعا کو پڑھا تھا، کہ مچھر اس کے دماغ سے نکلتا اور جاتا ہوا سب کو نظر آیا اور بیمار اسی وقت تندرست ہو گیا، اے امیر المؤمنین آپ بھی اس دعاء کو پڑھیں، چنانچہ خلیفہ منصور نے اسی وقت وضو کیا، اور نماز دوگانہ پڑھ کر یہ دعا کی:

يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اكْشِفْ عَنَّا الْهَمَّ ○

اے حلیم اے علیم اے علی اے عظیم ہمارا غم دور کر دے۔

تھوڑی دیر کے بعد اس نے ہنس کر کہا الحمد للہ کہ میرے غم کو اللہ تعالیٰ نے دور کر دیا ہے، اسی وقت کھانا منگوایا، اور احباب کے ساتھ بیٹھ کر کھایا، کیوں کہ غم کے سبب کئی روز سے کھانا نہیں کھایا تھا۔

(۱۰) يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے اے عظمت اور بزرگی والے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے، تو اللہ تعالیٰ قبول فرمالیتا ہے، چنانچہ حدیث کی کتاب ترغیب و ترہیب میں مروی ہے کہ ایک بزرگ نے بدرگاہِ رسولِ رب العالمین یہ عرض کی، کہ یا رسول اللہ! مجھے وہ اسم اعظم ضرور بتلا دیجئے جس کی برکت سے، دعاء قبول ہو جائے، رات کو خواب میں دیکھا، کہ آسمان کے ستاروں میں یہ لکھا ہوا ہے۔

يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

گویا اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بزرگ کو یہ اسم اعظم بتلایا گیا۔

(۱۱) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورۂ بقرہ رکوع ۱۹)

اور تمہارا معبود خدائے واحد ہے، اس کے سوائے کوئی معبود نہیں ہے وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

Marfat.com

الٓمّٓ ۙ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (سورۂ آل عمران)

اللہ ذات پاک ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ ہمیشہ زندہ ہے سب کا تھامنے والا ہے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ منظور کر لیتا ہے، چنانچہ اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے، پچھلے صفحات میں گزر چکا ہے۔

(۱۲) لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو سارے عیبوں سے پاک ہے بیشک میں ظلم کرنے والوں مین سے تھا (سورۂ انبیاء رکوع ۳)

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے، چنانچہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذوالنون (سیدنا یونس علیہ الصلاۃ والسلام) کی دعا جو انہوں نے اللہ سے مانگی تھی اس وقت جب وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے، یہ ہے: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

یعنی تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تو سارے عیبوں سے پاک ہے بیشک میں ظلم کرنے والوں میں سے تھا (ترمذی، نسائی، بیہقی، حاکم، احمد)

ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ وسلم کیا یہ خاص سیدنا یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے واسطے تھا، یا تمام ایمان والوں کے لئے ہے آپ نے فرمایا: کیا تو اللہ تعالیٰ کے قول کو نہیں سنتا: فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ (سورۂ انبیاء رکوع ۶)

Marfat.com

ہم نے یونس علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا سن لی، اور اسے غم سے نجات دی اور اسی طرح ہم ایمان والوں کو بچالیا کرتے ہیں۔

(۱۳) اَللّٰهُ اَللّٰهُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

اللہ اللہ اللہ وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عرش عظیم کا پروردگار ہے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے، تو اللہ تعالی منظور کر لیتا ہے، چنانچہ امام زین العابدین رضی اللہ تعالی عنہ نے خواب میں دیکھا کہ اسم اعظم یہ ہے اَللّٰهُ اَللّٰهُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○

(۱۴) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس واسطے سے کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو وہ یکتا بے نیاز ہے جو نہ پیدا ہوا اور نہ پیدا کیا گیا، نہ اس کے لئے کوئی جنس ہے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو اللہ تعالی منظور فرمالیتا ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے:

بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ آپ نے فرمایا: بخدا تو نے اللہ تعالی سے اسم اعظم کے ذریعہ سے دعا مانگی ہے یہ وہ اسم اعظم ہے کہ جب اس سے سوال کیا جاتا ہے، تو اللہ تعالی عطا کرتا ہے، اور جب اس سے دعا کی

Marfat.com

جاتی ہے تو قبول کرتا ہے۔ (ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابوداؤد اور ترغیب وترہیب)

(۱۵) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ○

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا شریک کوئی نہیں ہے، اسی کا سارا ملک ہے، اور اسی کے لئے ساری تعریفیں ہیں، اور وہ ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گناہ سے باز ہونا اور طاعت کی قوت اللہ کے وسیلہ کے بغیر ممکن نہیں۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ منظور کر لیتا ہے، چنانچہ سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے، کہ جو شخص ان پانچ کلموں کے ساتھ دعا کرے، اللہ تعالیٰ سے جس چیز کا سوال کرے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور عطا فرمائے (طبرانی ترغیب وترہیب)

(۱۶) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَدْعُوْكَ اللّٰهَ اَدْعُوْكَ الرَّحْمٰنَ وَ اَدْعُوْكَ الْبَرَّ الرَّحِيْمَ وَ اَدْعُوْكَ بِاَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَ مَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَ تَرْحَمَنِيْ ○

اے اللہ میں تجھ کو اللہ پکارتی ہوں اور تجھ کو رحمٰن پکارتی ہوں، اور تجھ کو بڑا رحیم پکارتی ہوں، اور تجھ کو تیرے سارے اچھے ناموں کے ساتھ جن کو میں نے جان لیا اور جن کو نہیں جانا پکارتی ہوں اور یہ التجا کرتی ہوں، کہ تو مجھ کو بخش دے۔

بعض کے نزدیک ان کلمات میں اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ منظور کر لیتا ہے، چنانچہ سیدہ ام المومنین عائشہ صدیقہ

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ الْاَحَبِّ اِلَیْکَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِہٖ اَجَبْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِہٖ رَحِمْتَ وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِہٖ فَرَّجْتَ (رواہ ابن ماجہ)

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام کے ذریعے جو پاک ہے پاکیزہ ہے، مبارک ہے جو تجھ کو زیادہ محبوب ہے جب اس نام کے ساتھ تجھ سے دعا کی جائے، تو تو عطا فرمائے، اور جب اس نام کے ساتھ تجھ سے رحم طلب کیا جائے تو تو رحم کرے، اور جب اس نام کے ساتھ تجھ سے دفع مصیبت کی درخواست کی جائے تو تو مصیبت دفع کرتا ہے۔

پھر ایک دن آپ نے فرمایا [illegible] تجھے معلوم [illegible] نے مجھے اپنا وہ نام بتا دیا کہ جب اس نام [illegible] سے دعا کی جائے [illegible] کرے، میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر [illegible] یا رسول اللہ [illegible] سکھا دیجئے، فرمایا: اے عائشہ تیرے لئے [illegible] تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ پھر میں الگ [illegible] میں نے دو رکعت نماز پڑھی پھر یہ دعا کی: اَللّٰھُمَّ [illegible] اَللّٰہَ اَدْعُوْکَ [illegible] اَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ [illegible] عَلِمْتُ [illegible] اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ○ [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] فرمایا: کہ وہ نام بیشک انہیں ناموں میں [illegible] ساتھ [illegible] ہے۔

(۱۷) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ [illegible] لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ [illegible]

Marfat.com

لَكَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَابَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ ○

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تیری جناب سے اس واسطے کہ تعریف تیرا حق ہے، اور تیرے سوا اور کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اے رحمت کرنے والے اے احسان کرنے والے اے زمین اور آسمان کے بنانے والے، اے عظمت اور بزرگی والے، اے ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والے۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا کی جائے تو اللہ تعالی منظور فرما لیتا ہے، چنانچہ سیدنا انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن صامت رضی اللہ تعالی عنہ کو ان لفظوں سے دعا کرتے سنا، تو آپ نے فرمایا: یہ اللہ کا وہ اسم اعظم ہے جب اس کے ساتھ اس کو پکارا جائے، تو وہ قبول فرما لیتا ہے اور جب مانگا جائے، تو عطا فرمائے۔ (احمد، ابن شیبہ، ابن حبان، حاکم وغیرہ)

(۱۸) يَامَنْ لَهٗ وَجْهٌ لَا يَبْلٰى وَ نُوْرٌ لَّا يُطْفٰى وَ اسْمٌ لَّا يُنْسٰى وَ بَابٌ لَّا يُغْلَقُ وَ سِتْرٌ لَّا يُهْتَكُ وَ مُلْكٌ لَّا يَفْنٰى اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِجَاهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَتِيْ وَتُعْطِيَنِيْ مَسْئَلَتِيْ ○

اے وہ جس کی ذات پاک کہنہ نہیں ہوتی اور اس کا وہ نور ہے جو بجھتا نہیں ہے، اور اس کا وہ اسم ہے جو فراموش نہیں ہوتا اور اس کا دروازہ ہے جو بند نہیں ہوتا، اور وہ پردہ ہے جو پھاڑا نہیں جاتا اور وہ بادشاہی ہے جو زوال پذیر نہیں ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف وسیلہ بناتا ہوں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بزرگی کو کہ میری حاجت پوری کر، اور جو کچھ میں مانگتا ہوں مجھے عطا کر۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، چنانچہ مروی ہے کہ ابراہیم ابن ادہم

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ سے ان کے ایک خادم نے سوال کیا، کہ آپ مجھے اسم اعظم سکھلا دیں کہ جب میں اس کے توسل سے دعا کروں تو قبول ہو جایا کرے آپ نے فرمایا: کہ یہ کلمات پڑھنے والا خوف سے امن پا جاتا ہے اور جو مانگتا ہے اسے مل جاتا ہے (الداء والدواء)

(۱۹) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الزَّکِیِّ الطُّھْرِ الطَّاھِرِ الْمُطَھَّرِ الْمُقَدَّسِ الْمُبَارَکِ الْمَخْزُوْنِ الْمَکْنُوْنِ الْمَکْتُوْبِ عَلٰی سُرَادِقِ الْمَجْدِ وَ سُرَادِقِ الْحَمْدِ وَ سُرَادِقِ الْقُدْرَۃِ وَ سُرَادِقِ السُّلْطَانِ وَ سُرَادِقِ السِّرِّ اَنِّیْ اَدْعُوْکَ یَارَبِّ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ النُّوْرُ الْبَارُّ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الصَّادِقُ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ نُوْرُھُنَّ وَ قَیِّمُھُنَّ ذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ حَنَّانٌ مَنَّانٌ نُوْرٌ دَائِمٌ قُدُّوْسٌ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ ○

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام کے ذریعہ سے جو پاکیزہ ہے بالکل پاک ہے، پاک کرنے والا ہے، مقدس ہے مبارک ہے محفوظ ہے پوشیدہ ہے، اور وہ بزرگی اور حمد کے سراپردہ اور قدرت کے سرپرداہ اور بادشاہی کے سراپردوں بھید کے سرپردوں پر لکھا ہوا ہے، کہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں اے میرے رب اس وسیلے سے کہ تیرے ہی لئے سب تعریفیں ہیں تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو نور ہے احسان کرنے والا ہے، بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا سچا ہے، پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اور ان کا نور اور ان کا قائم رکھنے والا ہے بزرگی والا ہے، لائق تعظیم ہے، بڑا مہربان بڑا احسان کرنے والا ہے، نور ہے ہمیشہ رہنے والا نہایت پاک ہے ہمیشہ زندہ رہنے والا۔

بعض کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے، کہ جب اس کے ذریعہ سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالی منظور کر لیتا ہے، چنانچہ انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوشع بن نون علیہ الصلاۃ والسلام کی جس دعا سے آفتاب ٹھہر گیا تھا وہ یہی ہے (کنزالعمال، ابن عساکر)

## اسم اعظم کو پوشیدہ رکھنے کی وجہ

جس طرح اللہ تعالیٰ نے لیلۃ القدر یا قبولیت دعا کا وقت بروز جمعہ پوشیدہ رکھا ہے، اسی طرح اسم اعظم کو بھی پوشیدہ رکھا ہے، کیوں کہ اگر یہ اسم ہر شخص کو معلوم ہو جائے، اور اپنی کم حوصلگی کی بناء پر جا بجا اس سے کام لینے لگے، تو دنیائے جہاں میں ایک قیامت برپا ہو جائے، یہی وجہ ہے کہ احادیث وآثار میں اسم اعظم کی بکثرت تعریف وتوصیف مروی ہونے کے باوجود کہیں صراحۃ اس کی تعیین نہیں کی گئی، اور اس راز کو بڑی حد تک سربستہ رکھا گیا ہے۔

ہر چند یہ بات یقینی ہے کہ وہ اسم الٰہی اسمائے حسنیٰ میں سے ہے، جو متعارف ہیں اور وہ قرآن مجید میں بعینہ یا مادہ کی صورت میں موجود ہے، اور ہمیشہ ہماری تلاوت میں آتا ہے، مگر شارع علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف سے صراحۃ اس کی تعیین نہ ہونے کے باعث کوئی اس سے متوقع فائدہ نہیں اٹھا سکتا، اگر روایتی کنایات کی بنا پر کوئی کسی ایک اسم کو اسم اعظم قرار دے بھی دے، تو اس کا قطعی الدلالۃ ہونا مخل یقین تام ہے، اور یقینِ تام کے خلل سے اسم اعظم کی تاثیرات خاصہ کا ظہور کیوں کر ہو سکے۔

## اسم اعظم کی بابت مولانا روم کی تحقیق

مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ مثنوی معنوی میں اسم اعظم کی برکات اور اس کو مخفی رکھنے کے متعلق ایک صحیح قصہ کا بیان فرماتے ہیں۔

گشت بر عیسیٰ یکے ابلہ رفیق استخوانہا دید در گوئے عمیق

Marfat.com

گفت اے ہمراہ آں نام سنی — کہ بداں تو مردہ زندہ مے کنی

مر مرا آموز تا احسان کنم — استخوانہا را بداں با جاں کنم

یعنی ایک بے وقوف آدمی حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ جارہا تھا، اس نے کچھ ہڈیاں ایک گڑھے میں دیکھیں۔

تو وہ رفیق ابلہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کہنے لگا، اے رفیق محترم وہ اسم اعظم جس سے آپ مردہ کو زندہ کیا کرتے ہیں، مجھے بھی سکھلا دیجئے، تا کہ میں بھی یہ نیک کام کردیا کروں اور سردست ان ہڈیوں کو زندہ کروں۔

اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں، ایک تو یہ کہ اسم اعظم کی برکت سے مردہ زندہ ہوسکتا ہے، دوسری یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا معجزہ احیائے اموات اسی اسم اعظم کی بدولت تھا، مولانا فرماتے ہیں۔

گفتہ خامش کن کہ آں کار تو نیست — لائق نفاس و گفتار تو نیست

آپ نے فرمایا: چپ رہو، یہ تمہارا کام نہیں، اسم اعظم تمہاری بات اور کلام کے لائق نہیں ہے۔

اس سے ایک تیسری بات معلوم ہوئی کہ اس اسم کو جاننا اور اس سے کام لینا ہر کس و ناکس کا کام نہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کو اسم اعظم نہ بتایا [illegible] کہ اس ودیعتِ عظمیٰ کو اٹھانے کے لئے اعلیٰ صلاحیت درکار ہے، او[illegible] کہاں؟

غرض وہ شخص اصرار پر اصرار کرتا رہا، تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ نے اس کو اسم اعظم سکھادیا، اور آگے روانہ ہوگئے، اس شخص نے فوراً ان ہڈیوں کے پنجر پر اسم اعظم پڑھ کر دم کیا، تو ایک ہیبت ناک شیر زندہ ہو کر سامنے آ کھڑا ہوا جس کی وہ ہڈیاں

Marfat.com

تھیں وہ اس کم ظرف و بے صبر آدمی کو چیر پھاڑ کر کھا گیا، اور اس کو اپنے ناواجب سوال اور نامناسب طلب کی سزا مل گئی، فی الواقع اسمِ اعظم کی عظمت کے لئے قلب بھی عظیم چاہئے۔

ہر سخن جائے و ہر نکتہ مقامے دارد
شربت سیمرغ نتواں برگلوئے مور ریخت

## فصل دوم

# اسماء حسنیٰ سے ہر اسم، اسم اعظم ہے

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے کسی نام کی تخصیص نہیں کی حالانکہ اپنے کئی نام بتلائے ہیں اگر ان ناموں میں سے کوئی نام لے کر مجھ سے کچھ مانگے، تو اس کو ضرور دیتا ہوں، جیسا کہ ارشاد باری ہے:

(۱) وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ط○ (سورہ اعراف رکوع ۲)

اور اللہ کے سب ہی نام اچھے ہیں تو اس کو پکارو ان ناموں کے ساتھ۔

(۲) قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّامَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (بنی اسرائیل رکوع ۱۲)

کہہ دے کہ تم اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو جو کہہ کر پکارو گے اس کے سارے نام اچھے ہیں۔

(۳) هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط○ (سورہ حشر رکوع ۲)

وہ اللہ ہے پیدا کرنے والا، موجد، صورتیں بنانے والا اس کے کئی اچھے نام

Marfat.com

ہیں۔

امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر کبیر میں لکھتے ہیں کہ اسم اعظم کی تعیین میں اختلاف ہے، چنانچہ بعض کے نزدیک اسمِ اعظم کوئی معین اسم نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالی کا ہر ایک اسم، اسم اعظم ہے، بشرطیکہ اس وقت اس کا دل غیر اللہ سے بالکل خالی ہو، اور نام والے کی ذات بے مثال کے تصور میں اس قدر محو ہو، کہ اس کے غیر کی خبر تک نہ ہو، اور ظاہر و باطن اپنے وجود کے ذرہ ذرہ میں وہی موجود ہو، وہی اسم اعظم ہے۔

## فصل سوم

# مضطر و عاجز کی خلوصِ دل سے دعا اسم اعظم ہے

بعض کہتے ہیں کہ قرآن مجید میں کوئی ایسا نام نہیں ہے جس کو اسم اعظم کہا جائے، البتہ اتنا ظاہر ہوتا ہے، کہ اللہ تعای کو کسی حاجت روائی اور مشکل کشائی کے لئے پکارنے میں اخلاصِ دل اور اضطراب کی ضرورت ہے، گویا عجز وانکساری اور زاری و بے قراری میں ہی اسم اعظم کا اثر ہے، حتی کہ جس دل میں یہ کیفیت ہو، اور غیر اللہ سے علاقہ دلی بالکل منقطع ہو چکا ہو، تو اس حالت میں اللہ تعالی کا کوئی اسم ہو وہی اسمِ اعظم ہوگا۔

(۱) حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے جب کمالِ اضطرار و بیقراری میں یہ کہا:

اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ○ (سورۂ قمر/۱۰)

میں مغلوب ہوں پس تو مدد کر۔

Marfat.com

توان کی فوراً سنی گئی، اور تمام دشمن غرق ہو گئے۔

(۲) حضرت یعقوب علیہ الصلاۃ والسلام نے نہایت بیقراری ہو کر اضطرار میں یہ کہا:

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ عَسَى اللهُ اَنْ يَّاْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○ (سورہ یوسف/۸۳)

پس صبر بہتر ہے امید ہے کہ اللہ لے آئے گا میرے پاس ان سب کو وہی ہے خبردار حکمت والا۔

توان کی خواہش پوری ہو گئی۔

(۳) حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے جب مخالفین کے انکارِ حق سے بچنے کی کوئی صورت نہ دیکھی تو بے اختیار پکارنے لگے۔

رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ (سورہ قصص/۲۱)

اے میرے پروردگار مجھ کو نجات دے، ان ظالم لوگوں سے۔

توان کی دلی آرزو برآئی۔

(۴) حضرت ایوب علیہ الصلاۃ والسلام نے جب اپنی بیماری اور بیقراری میں یہ کہا:

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (سورہ انبیاء/۸۳)

مجھے ایذا پہنچی ہے اور تو تمام مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے ان کو صحت اور شفا بخشی۔

(۵) حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام کو جب مچھلی کے پیٹ سے رہائی کی کوئی صورت نظر نہ آئی تو سخت اضطراب میں یوں پکارا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ (سورہ انبیاء/۸۷)

Marfat.com

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو بے عیب ہے میں بیشک گناہگاروں میں سے تھا۔

تو اللہ تعالیٰ نے فی الفور رہائی عطا فرمائی۔

غرض ان تمام واقعات میں قبولیت کی وجہ صرف بیقراری اور زاری تھی، جس نے اس حالت میں جو اسم لیا، وہی اسم اعظم ہو گیا۔

(۶) کہتے ہیں کہ کسی نے امام جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا: آپ مجھے اسم اعظم بتلائیں، آپ نے ارشاد فرمایا: بہت اچھا، لیکن پہلے اس حوض میں اچھی طرح نہا دھو، پھر میں تم کو بتلا دوں گا، وہ شخص فوراً حوض میں جا کودا، پانی نہایت سرد تھا، اور موسم بھی جھاڑے کا تھا، لیکن حصول اسم اعظم کے اشتیاق میں اسے سردی محسوس نہ ہوئی، جب وہ حوض سے باہر نکلنے لگا تو امام صاحب کے خادموں نے کچھ پروانہ کی آخر جب وہ ان سے مایوس ہو گیا، اور سردی سے بھی تنگ آ گیا، تو پھر اس نے نہایت تضرع اور بیقراری سے بارگاہِ رب العالمین میں یوں عرض کی، اے میرے مولا! اس وقت تیرے سوا میرا بچانے والا کوئی نہیں ہے تو ہی مجھے بچا لے، خادموں نے یہ سن کر اسے فوراً نکال لیا، اور گرم کپڑے پہنا کر اسے گرم جگہ بٹھا دیا، جب اسے آرام میسر ہوا اور ہوش و حواس درست ہوئے، تو امام صاحب سے عرض کیا، کہ عالیجاہ! میں نے آپ کے حکم کی تعمیل میں اپنی جان ہی دے دی تھی، اب تو مجھے اسم اعظم بتلا دیں! آپ نے فرمایا: کہ یہی اسم اعظم تھا، جو تو نے اپنی مخلصی کے لئے پڑھا تھا، اس نے کہا، کس طرح؟ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے سب اسم، اسمِ اعظم ہیں، بشرطیکہ بندہ کو اپنی مطلب برآری کے لئے توجہِ کامل اور استغراقِ کلی حاصل ہو، گویا اس صورت میں جب کوئی غیر اللہ سے سب علاقے چھوڑ کر پوری توجہ سے اپنے خالق کو کسی نام سے پکارے، تو وہی اسمِ اعظم ہو گا، چنانچہ جب تو نے دیکھا، کہ ہمارے

Marfat.com

خادم تم کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں، اور تمہاری منت وزاری کا کچھ بھی خیال نہیں کرتے، تو تم نے ہم لوگوں سے مایوس ہو کر نہایت بیقراری کی حالت میں خلوصِ دل سے اپنے خالق کو کسی اسم سے پکارا، تو اس نے تیرے منہ سے نکلنے سے پہلے ہی تیری فریاد سن کر تجھے بچالیا، پس تیری فریادرسی کے لئے وہی اسم اعظم ہو گیا۔

(۷) کہتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی، عالیجاہ! آپ مجھے اسم اعظم بتلائیں، آپ نے فرمایا: اسمِ اعظم کوئی خاص اسم نہیں ہے، بلکہ جب دل کو غیر اللہ سے خالی کر کے اسے کسی نام سے پکارا جائے، تو چونکہ وہ پکار فوراً سنی جاتی ہے اس لئے وہی اسمِ اعظم ہوتا ہے۔

(۸) کہتے ہیں کہ ایک عورت نے حضرت جنید بغدادی کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی، کہ میرا بیٹا گم ہو گیا ہے، آپ دعا فرمائیں کہ وہ بخیریت تمام گھر آجائے، آپ نے فرمایا: جا صبر کر، وہ چلی گئی، پھر گھر سے ہو کر واپس آئی اور وہی عرض کی، فرمایا: جا صبر کر اسی طرح وہ اپنی بے قراری میں بار بار آتی، آپ اس کو یہی فرماتے، کہ جا صبر کر، آخرالامر اس نے نہایت بیقرار ہو کر عرض کی، کہ اب مجھ سے صبر نہیں ہو سکتا، میں سخت بے تاب ہوں آپ نے فرمایا اگر تیری یہ حالت ہے، تو جا اپنے بیٹے کو آیا ہی جان، چنانچہ جب وہ گھر گئی تو کیا دیکھتی ہے کہ اس کا بیٹا واقعی گھر میں آیا ہوا ہے، پھر خوشی خوشی آپ کی خدمتِ مبارک میں حاضر ہو کر اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کیا، کسی نے آپ سے پوچھا، کہ آپ نے کیوں کر کہہ دیا تھا، کہ تو اپنا بیٹا گھر ہی جان، فرمایا: کہ جب اس عورت کی بیقراری و اضطرابی حد تک پہنچ گئی، تو میں نے اپنی قوتِ ایمانی سے اسے کہہ دیا، کہ تیرا بیٹا آچکا، کیوں کہ اس کی حالت شہادت دے رہی تھی، کہ اس کی اجابتِ دعا اور مشکل کشائی کا وقت آچکا ہے، اور وعدہ ربانی پورا ہونے والا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

Marfat.com

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ (سورہ نمل/۶۲)
بھلا کون بیقراری کو پہنچتا ہے جب وہ اس کو پکارتا ہے اور برائی کو دور کر دیتا ہے۔

پس ان دلائل سے ثابت ہوتا ہے، کہ اسم اعظم کوئی معین اسم نہیں ہے، بلکہ دعا کرنے والا مصیبت و بلا میں اپنے دل کو ماسوی اللہ سے خالی اور سب علاقوں کو قطع کر کے باخلاصِ قلب نہایت الحاح وزاری اور اضطرار و بیقراری سے اللہ تعالیٰ کو اس کا کوئی نام لے کر پکارے تو اجابتِ دعا اور حصولِ تمنا کے لئے پورا اثر رکھتا ہے گویا وہی اسمِ اعظم ہے۔

## ہر مشکل اور ہر مرض کا علاج

عمل (۱) ہر ایک اسم اعظم جو اوپر مذکور ہو چکے۔

ترکیب: اگر کوئی طالب حضورِ قلب کے ساتھ اسمائے مذکورہ میں سے کوئی اسم باطہارتِ کاملہ ہر روز بلا ناغہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ جس مطلب کے لئے پڑھے، کامیاب ہوگا، یاد رہے کہ جس اسم کو پڑھے بحسابِ جمل جتنے عدد اس کے ہوں، اس تعداد کے مطابق ہر روز پڑھے، اور جتنے حروف ہوں اتنے ہی دن پڑھے لیکن اول و آخر تین بار درود شریف ضرور پڑھنا چاہئے، اگر ناغہ ہو جائے، تو پھر نئے سرے سے پڑھا جائے۔

عمل (۲) اسمائے اعظم یعنی هُوَ اللّٰهُ ○ رَبِّ رَبِّ ○ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ○ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَلِیْمُ الْعَلِیْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

Marfat.com

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ○ وَاعْلَمْ اَنَّہٗ وَاحِدٌ لَّآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ اَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الْبَرَّ الرَّحِیْمَ وَاَدْعُوْکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الطَّاھِرِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَکِ الْاَحَبِّ اِلَیْکَ الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِہٖ اَجَبْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِہٖ رَحِمْتَ وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِہٖ فَرَّجْتَ (رواہ ابن ماجہ) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ ○ یَامَنْ لَہٗ وَجْہٌ لَا یَبْلٰی وَنُوْرٌ لَّا یُطْفٰی وَاسْمٌ لَّا یُنْسٰی وَبَابٌ لَّا یُغْلَقُ وَسِتْرٌ لَّا یُھْتَکُ وَمُلْکٌ لَّا یَفْنٰی اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِجَاہِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَتُعْطِیَنِیْ مَسْئَلَتِیْ○اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الزَّكِیِّ الطُّهْرِ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُقَدَّسِ الْمُبَارَكِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْمَكْتُوْبِ عَلٰی سُرَادِقِ الْمَجْدِ وَسُرَادِقِ الْحَمْدِ وَسُرَادِقِ الْقُدْرَةِ وَسُرَادِقِ السُّلْطَانِ وَسُرَادِقِ السِّرِّ اِنِّیْ اَدْعُوْكَ یَارَبِّ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ النُّوْرُ الْبَارُّ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الصَّادِقُ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَنُوْرُهُنَّ وَقَیِّمُهُنَّ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ حَنَّانٌ مَنَّانٌ نُوْرٌ دَائِمٌ قُدُّوْسٌ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ○

**ترکیب:** اس کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ خوشبو پاس رکھ کر خلوت میں ہر روز بلا ناغہ چالیس روز تک انیس بار نماز فجر وعشاء کے بعد پڑھا جائے، اور دورانِ وظیفہ کسی سے بات چیت نہ کی جائے۔

Marfat.com

بلغ العلیٰ بکمالہ

کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ

صلوا علیہ وآلہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

قادری رضوی کتب خانہ ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

Marfat.com

# عامل بنانے والی کتاب

## حصہ پنجم

## مشائخی عملیات

## حصہ اول

Marfat.com

# دیباچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُكَ اللّٰهُمَّ عَلٰى مَا اَوْضَحْتَ لَنَا مِنْ سُبُلِ الْهِدَايَةِ وَ الرَّشَادِ وَ هَدَيْتَ اِلٰى طُرُقِ السَّلَامَةِ والسِدادِ وَنُصَلِّيْ وَ نُسَلِّمُ عَلٰى نَبِيِّكَ الْاَكْرَمِ وَ رَسُوْلِكَ الْاَعْظَمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ مَبْعُوْثٍ اَرْسَلْتَهٗ بِالْاٰيَاتِ وَ الْهُدٰى ○ فَلَاحَ بِهٖ نُوْرُ الْفَلَاحِ وَتَجَلّٰى بِهِدَايَتِهٖ ظَلَامُ الرَّدٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ السَّالِمِيْنَ مِنْ سَائِرِ الصِّفَاتِ الرَّدِيَّةِ ○ الْفَاطِمِيْنَ نُفُوْسَهُمْ عَنْ جَمِيْعِ الْحُظُوْظِ النَّفْسِيَّةِ وَ الشَّهْوَاتِ الدَّنِيَّةِ ○

بعد حمد وصلوۃ کے بندۂ خبیر ابو البشیر محمد صالح سجادہ نشین قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مولانا مولوی مہت علی نقشبندی قادری چشتی سہروردی طاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ ، ساکن میترنوالی ضلع سیالکوٹ، حنفی مذہب صوفی مشرب احباب کی خدمت اقدس میں رقمطراز ہے، کہ راقم نے اس حصہ کو تقریبا دو مطبوعہ اور غیر مطبوعہ عربی فارسی اردو کتب اعمال سے انتخاب کیا ہے، اور اس میں حتی المقدور غیر مشروعہ اعمال سے اجتناب کیا گیا ہے، تاکہ علم کے شائق باطل اور غلط اعمال سے محفوظ رہیں اور صحیح طریق کو استعمال کر کے خدا اور اس کے رسول کی خوشنودی کا باعث ہو، ہاں اگر کوئی صاحب اس میں غیر مشروعہ عمل پائیں، تو اس کو ہرگز استعمال میں نہ لائیں، بلکہ راقم کو مطلع فرما کر مشکور فرمائیں، تاکہ آئندہ طبع میں اس کی اصلاح کر دی جائے، امید واثق ہے، کہ شائقین کو اس کتاب کی موجودگی میں پھر کسی اور کتاب اعمال کے دیکھنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔

اس کے دوسرے حصہ میں ہند اور پنجاب کے مشہور و معروف گدی نشینوں

Marfat.com

اور عاملوں کے مجرب و نایاب اعمال مع ان کے خاندانی حالات کے درج کئے گئے ہیں، جن کو سال ہا سال کی جدو جہد اور محنت و جانفشانی سے فراہم کیا گیا ہے، اور اسی میں میں نے اپنا خاندانی ا(یہ راقم کے والد صاحب کے مجربات کا ذخیرہ ہے) بیاض کا خلاصہ بھی شامل کر دیا ہے، تا کہ ہر شائق کو بغیر تکلیف اٹھائے تیار کیا کرایا خوانِ نعمت ہاتھ لگ جائے، اور وہ اس ذخیرہ سے منتفع ہو کر راقم الحروف کو دعائے خیر سے یاد کرے، تا کہ اللہ تعالی خاکسار کو بروزِ قیامت اپنے حبیبِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب میں جگہ عطا فرمائے۔

زاہدوں کو ہے سدا مطلوب جنت در قصور
میری جنت ہے رسول پاک کا قرب وحضور

Marfat.com

# تمہید

## اعمال ونقوش کی حقیقت

اعمال ونقوش دراصل دعا کا نام ہے جن کے استعمال کے طریقہ مشائخ اور عاملوں نے مختلف طور پر تجویز کئے ہیں، لیکن قرآن وحدیث صرف عجز وانکساری کے کلمات بدرگاہِ ربّ العلمین عرض کرنا سکھلاتا ہے، مگر مشائخ اور عاملین اسماء وسورتوں کو بشکل نقش بطریقہ جمل بھی سکھلاتے ہیں، اوران اعمال ونقوش کے استعمال کے طریقے بھی مختلف ہیں، جیسا کہ شروع کتاب میں مدلل اور مفصل بیان کیا جاچکا ہے۔

مپندار ازیں در کہ ہرگز نہ بست
کہ نوسید گرددبرآوردہ دست

اگر کوئی یہ عقیدہ رکھے کہ قرآن مجید صرف عملیات وتعویذات ہی کے لئے نازل ہوا ہے، تو جہالت ہے کیوں کہ قرآن مجید درحقیقت تعلق اللہ واستوار وخوشگوار بنانے کی تعلیم کے لئے نازل ہوا ہے یہ تعلق حقوق اللہ اور حقوق العباد اور حقوق النفس کے کماحقہ ادا کرنے سے استوار ہوتا ہے، قرآن مجید میں ان حقوق کی حدود قائم کی گئی ہیں، جن کو ادا کرنے کے طریقے بتائے گئے ہیں، اوران کو ادا کرنے کی صورت میں دنیا وآخرت میں جو نتائج قبیحہ مرتب ہوتے ہیں، ان سے متنبہ کیا ہے، مگر چونکہ کلمات اللہ تبلیغِ احکام کے علاوہ بہت سی باطنی برکات پر بھی مشتمل ہیں، اس لئے بہت سی آیتوں اور سورتوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام اور اولیائے عظام عملیات کے طور پر دفعِ مصائب کے لئے بھی پڑھتے تھے جن کی برکت سے وہ مصیبت دور ہو جاتی تھی۔

Marfat.com

# قرآن مجید کے شفا ہونے کے دلائل

اس کتاب کے پہلے حصوں میں قرآن واحادیث سے یہ امر وضاحت کے ساتھ ثابت کیا جا چکا ہے، کہ قرآن مجید ازالہ مرض جسمانی اور روحانی کے لئے مجرب اور اکسیر ہے، اسی طرح آئمہ مجتہدین علمائے متقدمین اور صلحائے متاخرین بھی اپنے اپنے تجربات سے اس کی تائید فرماتے ہیں، اور اپنے تجویز کردہ اعمال میں آیات کا کثرت سے استعمال کرتے ہیں چنانچہ۔

قال الامام التمیمی فایاك والتهاون بخواص کتاب الله ادبتم وشاهل فی الاعتقاد اتحد الدنیا والآخرة وَالْعِیَاذُ بِوَجْهِ اللهِ الْعَظِیْمِ فَاِنَّ اللهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ وَهُوَ اَصْدَقُ الْقَائِلِیْنَ: مَا فَرَطْنَا فِی الْكِتَابِ مِنْ شَیْءٍ وَكَذَا یَقُوْلُ: وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتَابٍ مُّبِیْنٍ ○ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا مُوْقِنًا قَرَءَ الْقُرْآنَ عَلٰی جَبَلٍ لَزَالَ وَكَذَا قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خُذْ مِنَ الْقُرْآنِ مَا شِئْتَ لِمَنْ شِئْتَ (خزینۃ الاسرار) حوالہ نہ ملنے کی وجہ سے عبارت درست نہ ہو سکی

امام تمیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ قرآن کی خاصیتوں سے بے پرواہی کرنے اور اس کے اعتقاد سے غفلت کرنے سے بچو ورنہ دنیا اور آخرت کا نقصان اٹھاؤ گے، خدا بچائے، وہ خدا جو سب سے زیادہ سچا ہے، فرماتا ہے کہ ہم نے قرآن میں کوئی چیز اٹھا نہیں رکھی، دوسری جگہ فرماتا ہے، کہ اس میں ہر تر و خشک موجود ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص قرآن مجید کو کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ اپنی جگہ سے ہل جائے، اور یہ بھی فرمایا: کہ جو چاہو اور جس کے لئے چاہو، قرآن مجید سے حاصل کرو۔

Marfat.com

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات میں تحریر فرماتے ہیں:

"عظیم کیمیا قرآن عظیم است وافضل ان سورۂ فاتحۃ الکتاب وقراءتِ معوذتین وآیۃ الکرسی وآیاتیکہ مشتمل اندر بر معنی استعاذہ۔

تمام رقیہ جات سے بڑا رقیہ قرآن مجید ہے اس میں سے افضل سورۂ فاتحہ سورۂ فلق سورۂ ناس اور آیت الکرسی اور وہ آیات جو اللہ کی پناہ چاہنے کے معنی پر مشتمل ہیں۔

(۲) امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر اتقان میں تحریر فرماتے ہیں کہ شیخ ابن التین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: ہے کہ تعویذ جھاڑ پھونک کرنا قرآن مجید اور اسمائے باری تعالی کے ذریعہ سے یہ طب روحانی ہے، جبکہ یہ باتیں نیک بختوں شریعت کے پابند لوگوں کے ذریعہ سے ہوں اللہ تعالی کے حکم سے شفا حاصل ہوگی، اور چونکہ ایسے نیک لوگ کم رہ گئے، اس وجہ سے لوگ طب جسمانی کی طرف مجبور ہو کر توجہ کرنے لگے چنانچہ اس زمانہ میں لوگوں کا رجحان طب روحانی کی طرف بالکل ہی نہیں رہا۔

غرض یہ ہے کہ علاج حقیقی دراصل طب روحانی ہے، تو طب جسمانی سے علاج کرنا ممنوع نہیں کیوں کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسمانی طب سے اپنا علاج کیا ہے، اور لوگوں کو بھی رغبت دلائی ہے، مگر آپ کو روحانی علاج زیادہ تر منظورِ نظر اور مرغوب طبع تھا، چنانچہ احادیث شریف میں ہے:

(۱) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَاءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ شِفَاءً ○ (رواہ البخاری)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالی نے کوئی مرض پیدا نہیں کیا جس کے لئے شفا پیدا نہ کی ہو۔

(۲) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

Marfat.com

لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ فَإِذَا أُصِيبَ دَوَاءُ الدَّاءِ بَرِءَ بِإِذْنِ اللهِ○ (رواہ مسلم)

جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرایک مرض کے لئے دواء ہے جب اس مرض کی دواء مل جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے صحت حاصل ہو جاتی ہے۔

(۳) عَنْ أُسَامَةَ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ لَمْ يُنْزِلْ دَاءً إِلَّا أَنْزَلَ لَهُ شِفَاءً عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ وَ جَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ (رواہ احمد)

اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کوئی مرض نہیں پیدا کیا جس کے لئے شفا پیدا نہ کی ہو، جس نے اس بات کو سمجھ لیا سمجھ لیا اور جس نے نہ سمجھا نہ سمجھا۔

(۴) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً أَوْ دَوَاءً إِلَّا دَوَاءٌ وَاحِدٌ، قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ مَا هُوَ قَالَ: اَلْهَرَمُ (رواہ الترمذی)

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی مرض پیدا نہیں کیا جس کے لئے شفاء پیدا نہیں کی مگر صرف ایک مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں صحابہ نے پوچھا کہ وہ کیا مرض ہے آپ نے فرمایا: بڑھاپا۔

یہ احادیث نبویہ امراضِ قلب، روحِ بدن وغیرہ امراض کے معالجات کے لئے شروع ہونے پر دال ہیں۔

Marfat.com

## باب اول

# اعمالِ محبت وعداوت

حب کے اعمال سے مقصود یہ ہے کہ دو اشخاص میں نیک اور پاک ربط قائم ہو جائے، مثلاً میاں بیوی میں تاکہ ان کی باہمی محبت گھر کی خوشحالی اور اولاد کی اچھی تربیت کا باعث ہو، یا ایک نیک نیت مرد یہ چاہے، کہ فلاں عورت اس سے نکاح کرنے پر مائل ہو جائے، اور نکاح میں عورت کی مصالح ذاتیہ کو کوئی نقصان پہنچنے کا بھی احتمال نہ ہو، یا دو ایسے دوستوں میں گہری محبت قائم ہو جائے جن کی الفت کسی نفسانی ہوس اور شہوانی خیالات پر نہیں، بلکہ مستحسن اور شائستہ مقاصد پر مبنی ہو، پھر ان صورتوں میں بھی اعتدال اور حفظِ حقوق کا پہلے مدنظر رہنا ضروری ہے، ورنہ اگر میاں بیوی میں باہمی رابطہ کی کوئی غیر معتدل حالت چاہیں، تو وہ گناہ سے خالی نہیں، جیسے بعض عورتیں اس غرض سے تعویذ وغیرہ کروایا کرتی ہیں کہ خاوند کے تمام اختیارات اور ارادے بیوی کے ماتحت ہو جائیں، اور بیوی کو اس پر وہ اقتدار وفوقیت حاصل ہو جائے، جو آقا کو غلام پر ہوتا ہے۔

علاوہ اس کے جو لوگ غیر عورت کو حرام کاری کے لئے مسخر کرنے یا اس کے مصالح کو تباہ کر کے نکاح میں لانے، یا کسی لڑکے کو ناجائز فعل کے لئے اپنے تابع بنانے یا کسی اور ناپاک مقصد کے لئے اعمال کرتے ہیں، وہ سنگین جرم کے مرتکب ہوتے ہیں۔ (جس سے اللہ تعالی اور اس کا رسول ناراض ہیں اور یہ فعل حرام ہے، ایسے فعلوں کے سبب سیدنا لوط علیہ الصلاۃ والسلام کی قوم پر عذاب آیا)

Marfat.com

# فصل اول

# حب وتسخیر کے اعمال

**(۱) عمل:** يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۝
(سورۂ بقرہ/۱۶۵)

**ترکیب:** شروع چاند میں عصر کے بعد مسجد کے اندر شمال اور مغرب کے درمیان رخ کر کے باطہارت کاملہ چار زانو بیٹھ جائے، اور بائیں پاؤں کا انگوٹھا دائیں پاؤں کے انگوٹھے، اور انگلی میں پکڑ لے، پھر مطلوب کا تصور کر کے سترہ سو ۱۷۰۰ بار یہ آیت پڑھے، لیکن ہر سو بار کے اول وآخر درود شریف ضرور پڑھے، اور سترہ یوم تک اس کو جاری رکھے۔

**(۲) عمل** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ سات ۷۸۶/سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی یا مصری پر دم کر کے مطلوب کو پلایا یا کھلایا جائے، اس کو سات روز تک بلا ناغہ کیا جائے اگر اس کی زکوۃ نکالی جائے تو پھر اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔

## زکوۃ نکالنے کا طریقہ

بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی بار پیر کے دن سے شروع کر کے ہر روز بلا ناغہ باطہارت کاملہ چالیس روز تک پڑھا جائے، اور یہ وظیفہ ہر روز ایک ہی وقت اور ایک ہی جگہ پر کیا جائے، قبلہ رخ دوزانو بیٹھ کر خشوع وخضوع کے ساتھ تنہائی

Marfat.com

میں پڑھا جائے، اثنائے وظیفہ میں کسی سے بات چیت نہ کی جائے، اور خوشبو وغیرہ ضرور اپنے پاس رکھے، چلہ کے بعد ہر روز بلا ناغہ ایک سو بار پڑھا کرے، تاکہ عمل کا اثر باقی رہے۔

**(۳) عمل:** وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○ (سورہ انفال/۶۳) عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ج وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ج وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (سورہ ممتحنہ/۷) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ○ (سورہ بقرہ/۱۶۵)

**ترکیب:** ان آیات کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھے، پھر اس کے نیچے طالب اور مطلوب کا نام مع ولدیت لکھ کر طالب کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

(۴) عمل: هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ط وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○ (سورہ انفال/۶۳)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پڑھ کر مصری پر دم کر کے مطلوب کو سات روز تک بلا ناغہ کھلایا جائے۔

(۵) عمل: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (سورہ بقرہ/۱۶۵)

Marfat.com

**ترکیب:** اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ پڑھ کر شیرینی پر دم کیا جائے، پھر مطلوب کو اکیس یوم تک بلاناغہ کھلایا جائے۔

**(۶)عمل:** نقش

۱۱۱ ھ ۱۱۱ ۵ ۸۱ ے

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |

علی حب فلاں بنت فلاں

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ مشک وزعفران سے لکھ کر کاغذ پر لکھ کر دودھ میں گھول کر مطلوب کو پلایا جائے لیکن پلانے سے پہلے تین مرتبہ کلی کر کے اس میں ڈال دی جائے، بشرطیکہ مطلوب اس سے کراہت نہ کرے، اس عمل کو تین یا سات روز تک جاری رکھا جائے، اگر مرد کے واسطے ہو تو اس کے باپ کا نام لکھا جائے، اور اگر عورت کے لئے ہو تو اس کی والدہ کا نام اگر اس کی زکوۃ نکال لی جائے، تو پھر اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔

**زکوۃ:** اس نقش کو باطہارت کاملہ اکتالیس بار ہر روز بلاناغہ چالیس روز تک لکھا جائے، اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دی جائیں، چلہ کے بعد پانچ بار ہر روز بلاناغہ لکھتے رہنا چاہیے تا کہ عمل کا اثر ہمیشہ قائم رہے۔

Marfat.com

## عمل نمبر ۷:

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۶ | ۷ | ۲ |

نام طالب و مطلوب

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ چالیس بار چالیس روز تک لکھا جائے، اور اس کے نیچے طالب اور مطلوب کا نام لکھا جائے اور ہر روز ان کو آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دی جائیں۔

## عمل (۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ○ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ○ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ○

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۱۴ |
| ۲ | ۱۳ | ۱۲ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۹ |
| ۵ | ۱۰ | ۱۵ | ۴ |

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

ترکیب: پیپل کا ایک پتہ لے کر باطہارت کاملہ اس کی سیدھی طرف سورۂ کوثر اور الٹی طرف یہ نقش لکھا جائے، اور اس کے نیچے پہلے مطلوب کا نام پھر طالب کا نام مع ولدیت لکھا جائے، پھر اس پتہ کو کسی پرانے غیر استعمال کنویں میں ڈال دیا جائے۔

Marfat.com

(۹) یہ نقش

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | ۱۲ | ۱۵ | ۲ |
| ۱۴ | ۳ | ۸ | ۱۲ |
| ۴ | ۱۷ | ۱۰ | ۷ |
| ۱۱ | ۶ | ۵ | ۱۶ |

حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

یا یہ

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۱۵ | ۱۸ | ۵ |
| ۱۷ | ۶ | ۱۱ | ۱۴ |
| ۷ | ۲۰ | ۱۳ | ۱۰ |
| ۱۴ | ۹ | ۸ | ۱۹ |

حب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

ترکیب: ان دونوں میں سے کسی ایک نقش کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھا جائے اور اس کے نیچے پہلے طالب کا نام پھر مطلوب کا نام لکھا جائے، پھر مطلوب کو دودھ یا شربت وغیرہ میں گھول کر پلایا جائے۔

# حاکم وغیرہ کو مہربان کرنے کے اعمال

## (۱) عمل

کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ ○

ترکیب: باطہارت کاملہ تین بار بسم اللہ شریف پڑھ کر کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ پڑھے اور پہلے لفظ کو پڑھتے وقت اس کے پانچوں حرفوں پر دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو بند کرتا جائے، پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ پڑھے، اور اس میں بھی پہلے لفظوں کے پانچوں لفظوں پر بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو باری باری بند کرے، پھر کھیعص کے ہر حرف کو پڑھتا جائے، اور دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو باری باری کھولتا جائے اور حم عسق کو پڑھتے ہوئے بائیں ہاتھ کی پانچوں انگی کو کھولتا جائے، پھر نظر بچا کر حاکم وغیرہ کی طرف دم کرے۔

(۲) عمل: فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ (سورۂ بقرۃ/۱۳۷)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھے، یا کثرت سے اس کو پڑھے۔

Marfat.com

(۳)عمل: کَمْ آتَیْنٰھُمْ مِّنْ آیَۃٍ بَیِّنَۃٍ ؕ وَمَنْ یُّبَدِّلْ نِعْمَۃَ اللّٰہِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْہُ فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ○ (سورہ بقرہ/۲۱۱)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار پڑھ کر اپنے آپ پر دم کر کے مطلوب کے سامنے جائے۔

## بے فرمان اولاد کو تابعدار کرنے کے لئے عمل

عمل: وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ○ (سورہ احقاف/۱۵)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ اکتالیس بار ہر نماز کے بعد چالیس روز تک بلا ناغہ پڑھا جائے، اور تین چلہ تک اس عمل کو جاری رکھا جائے۔

## لڑکی کے نکاح کے لئے لڑکا ملنا

عمل: نقش........................

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ص | ط | ع | د | ك |
| ك | ص | ط | ح | ف |
| ق | ك | ص | ط | ع |
| ح | ف | ك | ص | ع |
| ط | ف | ك | ع | ع |

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ ایک مہرہ دار کاغذ پر لکھ کر لڑکی کی کمر پر باندھ دیا جائے، انشاء اللہ بہت جلد مطلوب مل جائے گا۔

## نکاح کے لئے نیک بخت لڑکی ملنے کا عمل

عمل: وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ

Marfat.com

اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ○ اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ يُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ سَلٰمًا ○ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ○ (سورۂ فرقان/۷۴تا۷۶)

ترکیب: ہر ماہ کے شروع میں تین روز متواتر روزہ رکھے جائیں، اور رات کو سونے کے وقت ان آیات کو باطہارت کاملہ اکیس بار پڑھا جائے، اور تین ماہ تک اس عمل کو جاری رکھا جائے۔

# ہر دل عزیز ہونے کے لئے عمل

عمل: نقش

۷۸۶

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد |
| هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم |
| الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد |
| احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم |
| الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن |
| الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له |
| لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له | كفوا |
| يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له | كفوا | احد |

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر طالب کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

اطلاع: یہ عمل ہلاکیٔ دشمن بدکاری سے بچنے دفع دردسر و بخار مفقود الخبر اور چور کا پتہ معلوم کرنے کے لئے بھی مجرب ہے۔

Marfat.com

## ازالۂ عشق وغلبہ شہوت کا عمل

عمل: وہ تمام اسمائے حسنیٰ جن میں ''ی'' آتا ہے، مثلاً حلیم، علیم، قدیر، خبیر، علی، عظیم، رحیم، مجید، حمید، کریم، محی، محصی، وغیرہ

ترکیب: ان اسماء کو مٹی یا چینی کے برتن پر باطہارت کاملہ لکھ کر سات روز تک علی الصباح نہار منہ ایک دو گھونٹ پانی میں ڈال کر مریض کو پلاتے رہیں۔

## فصل دوم

# تفرقہ وتباہی اعداء کے اعمال

جب دشمن کسی قسم کی اذیت پہنچاتا ہے، تو اس سے بدلہ اور انتقام لینے کا جذبہ ایک تقاضائے بشری ہے، اگرچہ انصاف انتقام کی اجازت دیتا ہے، مگر اخلاقِ خوباں اس سے انکار کرتے ہیں، چنانچہ جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔

عفو از گناہ فضل بود ، انتقام عدل

زاں تابہ ایں زچرخ بدیں تازمیں رہ است

کے فضل را گذارد ، آرد بعدل روے

دانا کہ از تفاوت ایں ہر دو آگاہ است

بعض علماء فرماتے ہیں کہ دشمن سے انتقام لینے کی بجائے، اس کے ساتھ احسان وسلوک کرنا بہتر ہے، چنانچہ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:

بدی را بدی سہل باشد جزا گر مردی احسن الی من اسا

(یہ شعر ایک حدیث کی ترجمانی کرتا ہے، جو اس طرح ہے: صِلْ مَنْ

Marfat.com

قَطَعَكَ وَ اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَائَكَ، یعنی جو تجھ سے تعلق کاٹے تو اس سے تعلق کو جوڑ اور جو تجھ سے برا کرے تو اس سے نیکی کر، اس مفہوم کی اور احادیث بھی ہیں، ایک حدیث یوں ہے: یَا عُقْبَةُ صِلْ مَنْ قَطَعَكَ وَ اَعْطِ مَنْ حَرَمَكَ وَ اَعْرِضْ عَمَّنْ ظَلَمَكَ ○ مسند احمد بن حنبل، مسند الشامیین، حدیث نمبر ۱۶۶۹۶، معنی ہے اے عقبہ! جو تجھ سے تعلق توڑے تو اس سے جوڑ اور جو تجھے محروم رکھے تو اسے عطا کر اور اس شخص سے منہ پھیر لے جس نے تجھ پر ظلم کیا، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

ہاں بعض بد طینت لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ جن کی ایذا رسانی اور نیش زنی بچھو کی طرح مقتضائے طبیعت ہوتی ہے، ان کے ساتھ حسن سلوک اور درگذر کرنا لاحاصل ہے۔

نکوئی با بداں کردن چناں است — کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

لہذا ایسے دشمن کی سرکوبی کرنا ضروری اور لازم ہے، لیکن اس میں اتنی احتیاط ضرور چاہئے، کہ جو سزا اس کو دی جائے، وہ اس کی بدسلوکی سے زیادہ نہ ہو، علاوہ اس کے بعض شریر بالطبع لوگوں کی شر کا سلسلہ غیر محدود ہوتا ہے، ان کو ایذائے خلق میں خاص لطف آتا ہے، ایسے اشخاص کی پاداش بھی انتہائی ہونی چاہئے، لہذا ایسے اشخاص کے لئے تباہی خیز اعمال سے کام لینا جائز ہے۔

متشرع صوفی کہتے ہیں، کہ جب کسی کو اپنے موذی دشمن سے پالا پڑے تو اس کے قتل وہلاک پر فوراً ہل نہ پڑو بلکہ پہلے ایسی تدابیر و اعمال سے کام لو جن سے اس کے دل میں صلح وغیرہ کے حالات پیدا ہو جائیں، اگر اس سے کام نہ چلے، تو پھر ایسے اعمال اختیار کرو، جن سے خوف زدہ ہو کر سلامت روی پر آ جائے، اگر وہ بھی کارگر نہ ہو تو کوئی تکلیف میں مبتلا کرنے والے اعمال عمل میں لائے جائیں مگر اپنے اعمال سوچ سمجھ کر کرنے چاہئیں، زندہ کو مردہ کرنے کا موقع پھر بھی مل سکتا ہے،

Marfat.com

مگر مردہ کو زندہ کرنا پھر محال ہو جاتا ہے۔

کہ سہل است لعلِ بدخشاں شکست      شکستہ نہ شاید دگر بار بست

کبھی فریق مخالف اور اعداءِ مخاصم اپنے جتھے کے بل بوتے پر اور کبھی اعلیٰ عہدے کے گھمنڈ پر اور کبھی اپنے دوستوں اور ثروت کے غرور میں ایذاء رسانی کیا کرتا ہے، ایسوں کی اصلاح اور درستی کے لئے اعمال کا استعمال کرنا ضروری ہے، مگر یہ خیال رہے کہ بھائی بھائی میں اور میاں بیوی یں تفرقہ ڈالنے کے لئے کوئی عمل کسی صورت بھی نہیں کرنا چاہئے، ہاں جس مرد و عورت میں ناجائز تعلق اور ناجائز عشق اور محبت کا رابطہ ہو جائے، ان میں تفرقہ ڈالنا جائز اور ثواب کا کام ہے۔

محض اپنی ذاتی ضروری اور جائز کام مس آ کر میاں بیوی میں تفرقہ ڈال دینے کی کوشش کرنا شدید جرم بلکہ شیطانی فعل ہے، قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے شیطان صفت یہود کا حال یوں بیان فرمایا ہے:

فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ زَوْجِهٖ ○

''یہ یہودی لوگ ہاروت و ماروت سے ایسے سحر اور منتر سیکھ لیتے تھے، جس سے میاں بیوی میں تفرقہ ڈال دیتے ہیں'' اور اس سے پہلے فرمایا:

اِتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ ○

اور تابع ہوئے اس ساحرانہ عمل کے جو شیطان پڑھا کرتے تھے'' پس جادو خصوصاً وہ جادو جو زوجین کی تفرقہ اندازی کے لئے کام میں لایا جاتا ہے، خاص شیطانی فعل ہے، جو شخص اس جرم کا ارتکاب کرے گا، وہ شیطان کا چیلا ہے بلکہ اس کے سب شیاطین سے زیادہ محبوب چیلا ہے، چنانچہ ایک حدیث بھی اس پر شاہد ہے۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اِنَّ اِبْلِيْسَ يَضَعُ عَرْشَهٗ عَلَى الْمَاءِ ثُمَّ يَبْعَثُ سَرَايَاهُ يُفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَدْنَاهُمْ مِنْهُ

Marfat.com

مَنْزِلَةً اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً يَجِيءُ اَحَدُ هُمْ فَيَقُوْلُ فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ مَا صَنَعْتَ شَيْئًا قَالَ ثُمَّ يَجِيءُ اَحَدُ هُمْ فَيَقُوْلُ مَا تَرَكْتُهُ حَتّٰى فَرَّقْتُ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ امْرَاَتِهِ قَالَ فَيُدْنِيْهِ مِنْهُ وَ يَقُوْلُ نِعْمَ اَنْتَ (رواہ المسلم، حدیث نمبر ۵۰۳۲، کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار، باب تریش الشیطان بعثہ سرایاہ...... مسند احمد بن حنبل)

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان اپنا تخت پانی پر رکھتا ہے اور اپنے لشکروں کو مخلوق خدا کے گمراہ کرنے کے لئے روانہ کرتا ہے جو شیطان کوئی بڑا فتنہ کر کے آتا ہے اس کو سب سے زیادہ اپنے قریب بٹھاتا ہے ایک شیطان آتا ہے اور بیان کرتا ہے کہ میں نے یہ کیا اور یہ کیا تو شیطان کہتا ہے تو نے کچھ نہیں کیا، فرمایا جب ایک اور شیطان آتا ہے کہتا ہے کہ میں نے ایک میاں اور بیوی میں سخت نا اتفاقی ڈال دی تو فرمایا: شیطان اسے اپنے پاس بلاتا ہے اور اپنے سینہ سے لگالیتا ہے اور کہتا ہے کہ ہاں تو نے اچھا کام کیا ہے۔

## ظالم اور دشمن کی ہلاکت کا عمل

عمل: سورۂ فاتحہ اور باقی تمام سورتوں کی پہلی پہلی آیات کا مجموعہ مثلاً الٓمّٓ، ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَارَيْبَ فِيْهِ، الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وغیرہ (قرآن مجید سے یاد کر لی جائیں،)

ترکیب: باطہارت کاملہ دو رکعت نماز پڑھے، اس میں سورۂ ناس کے بعد قرآن مجید کی ہر سورت کی پہلی آیت پڑھے یعنی نصف آیات پہلی رکعت میں، اور نصف دوسری رکعت میں پڑھی جائیں چنانچہ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ امام بن جوزی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرتے ہیں کہ شیخ ابن ناصر اپنے استادوں سے اور وہ میمونہ جو بغداد کی رہنے والی تھیں، روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا میرے پڑوسی نے مجھے

Marfat.com

تکلیف دی میں نے دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کی کہ ہر رکعت میں ہر سورت قرآنی کے شروع کی ایک ایک آیت پڑھی، پھر بعد نماز کے میں نے دعا مانگی کہ اے اللہ تو مجھے اس کام میں کفایت کر یعنی اس پڑوسی کی ایذاء مجھ سے دور کر پھر میں سو گئی، اور اس حال میں جاگی کہ وہ پڑوسی صبح کے وقت اوپر سے نیچے اترا اور میں اس کے پاس تھی اس کا قدم پھسلا اور وہ گر کر مر گیا۔

## اس عمل کی مکمل آیات

الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ
○ الٓمّٓ ○ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ○ يٰٓاَيُّهَا
النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ
خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۚ
اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي
الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ○ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ
النُّوْرَ ۗ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ○ الٓمّٓصٓ

Marfat.com

كِتَابٌ أُنْزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِنْهُ لِتُنْذِرَ بِهِ
وَ ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ
الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ؕ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ
ؕ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ○ بَرَآءَةٌ
مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖۤ اِلَى الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ○
الٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ ○ الٓرٰ كِتَابٌ اُحْكِمَتْ
آيَاتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ○ الٓرٰ ۚ تِلْكَ
آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ ○ الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ ؕ وَ
الَّذِيْۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يُؤْمِنُوْنَ○ الٓرٰ ۚ كِتَابٌ اَنْزَلْنَاهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ
الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ
الْحَمِيْدِ ○ الٓرٰ ۚ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَ قُرْآنٍ مُّبِيْنٍ ○
اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ○ سُبْحَانَ الَّذِيْۤ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَى الَّذِيْ بَارَكْنَا

Marfat.com

حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ○ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهُ
عِوَجًا ○ كٓهٰيٰعٓصٓ ○ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا
○ طٰهٰ ○ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقٰى ○ اِقْتَرَبَ
لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ○ يَآ اَيُّهَا
النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَیْءٌ عَظِيْمٌ ○ قَدْ
اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنَاهُ وَفَرَضْنَاهُ وَاَنْزَلْنَاهُ
فِيْهَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ
الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعَالَمِيْنَ نَذِيْرًا ○
طٰسٓمٓ ○ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ ○ طٰسٓ تِلْكَ
آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ○ طٰسٓمٓ ○ تِلْكَ آيَاتُ
الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ ○ الٓمٓ ○ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْآ اَنْ
(اللہ تعالی نے جو کام بندے پر بعد استعداد لازم و فرض کر دیئے ہیں ان کے بارے استخارہ نہ ہوگا، کروں یا نہ کروں کیونکہ ان کے کرنے میں ہی خیر ہے مثلاً استخارہ حج کے لئے نہ کرے کہ جاؤں یا نہ جاؤں بلکہ استخارہ ایسے کام کے لئے لئے کرے جس کام کے کرنے میں بندے کو اختیار ہو جیسے کہ کاروبار میں کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اس کے بارے استخارہ کرے کہ یہ کام میرے لئے کرنا بہتر ہے یا نہیں، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

نیز استخارہ میں یہ ضروری نہیں ہے کہ خواب میں ضرور کچھ نہ کچھ معلوم ہو جائے اگر معلوم ہو جائے، تو بہتر ورنہ مایوس نہیں ہونا چاہئے، کیوں کہ اس عملِ مسنونہ سے اتنا فائدہ ضرور ہوتا ہے کہ اس کی برکت سے وہ کام آسان ہو جاتا ہے، لیکن عوام کو غلط فہمی ہوتی ہے، اور اکثر اسی خیال سے بزرگوں سے اس کی خاص ترکیبیں دریافت کرتے ہیں، حالانکہ اللہ تعالی کے اختیار میں ہے کہ وہ جس پر چاہتا ہے، اس راز کو اس پر ظاہر کر دیتا ہے۔

عمل: اسمائے حسنیٰ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ اللهُ | اَلَّذِیْ | لَآ اِلٰهَ | اِلَّا هُوَ | اَلرَّحْمٰنُ | اَلرَّحِیْمُ |

Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلِكُ | الْقُدُّوْسُ | السَّلَامُ | الْمُؤْمِنُ | الْمُهَيْمِنُ | الْعَزِيْزُ |
| الْجَبَّارُ | الْمُتَكَبِّرُ | الْخَالِقُ | الْبَارِئُ | الْمُصَوِّرُ | الْغَفَّارُ |
| الْقَهَّارُ | الْوَهَّابُ | الرَّزَّاقُ | الْفَتَّاحُ | الْعَلِيْمُ | الْقَابِضُ |
| الْبَاسِطُ | الْخَافِضُ | الرَّافِعُ | الْمُعِزُّ | الْمُذِلُّ | السَّمِيْعُ |
| الْبَصِيْرُ | الْحَكَمُ | الْعَدْلُ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ | الْحَلِيْمُ |
| الْعَظِيْمُ | الْغَفُوْرُ | الشَّكُوْرُ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | الْحَفِيْظُ |
| الْمُقِيْتُ | الْحَسِيْبُ | الْجَلِيْلُ | الْكَرِيْمُ | الرَّقِيْبُ | الْمُجِيْبُ |
| الْوَاسِعُ | الْحَكِيْمُ | الْوَدُوْدُ | الْمَجِيْدُ | الْبَاعِثُ | الشَّهِيْدُ |
| الْحَقُّ | الْوَكِيْلُ | الْقَوِيُّ | الْمَتِيْنُ | الْوَلِيُّ | الْحَمِيْدُ |
| الْمُحْصِيْ | الْمُبْدِئُ | الْمُعِيْدُ | الْمُحْيِيْ | الْمُمِيْتُ | الْحَيُّ |
| الْقَيُّوْمُ | الْوَاجِدُ | الْمَاجِدُ | الْوَاحِدُ | الْاَحَدُ | الصَّمَدُ |
| الْقَادِرُ | الْمُقْتَدِرُ | الْمُقَدِّمُ | الْمُؤَخِّرُ | الْاَوَّلُ | الْآخِرُ |
| الظَّاهِرُ | الْبَاطِنُ | الْوَالِيْ | الْمُتَعَالِيْ | الْبَرُّ | التَّوَّابُ |
| الْمُنْتَقِمُ | الْعَفُوُّ | الرَّءُوْفُ | الْمَالِكُ | الْمَلِكُ | ذُوالْجَلَالِ |
| وَالْاِكْرَامِ | الْمُقْسِطُ | الْجَامِعُ | الْغَنِيُّ | الْمُغْنِيْ | الْمُعْطِيْ |
| الْمَانِعُ | الضَّارُّ | النَّافِعُ | النُّوْرُ | الْهَادِيْ | الْبَدِيْعُ |
| الْبَاقِيْ | الْوَارِثُ | الرَّشِيْدُ | الصَّبُوْرُ | جَلَّ | جَلَالُهٗ |

ترکیب: ان کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ سوتے وقت تین بار پڑھ کر اپنے آپ پر دم کر کے دائیں کروٹ پر لیٹ جائے، لیکن اس کے بعد بات چیت نہ کی جائے، اور سات روز تک اس عمل کو جاری رکھا جائے۔

Marfat.com

## باب ہفتم

# اعمال معالجات امراض

## فصل اول:

# سلب مرض و تشخیص مرض

**سلب مرض کا عمل:** اہل اللہ کی تو صرف توجہ ہی سے مرض سلب ہو جاتا ہے ہزاروں واقعات شاہد ہیں لیکن عامل ایک خاص طریقے سے مرض کو سلب کر سکتا ہے، چنانچہ:

(۱) مرزا مظہر جانِ جاں شہید رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سلب مرض کا طریقہ یہ ہے کہ مریض اپنے سامنے بٹھا کر اس پر نظر جمائیں، اور توجہ سے یہ تصور کریں کہ جو سانس مریض کے اندر جاتا ہے اس کے ساتھ اس کا مرض ایک طرف جسم سے نکل آتا ہے، پھر سانس باہر آتا ہے، اس کے ساتھ باہر کو کھنچا چلا آتا ہے، ساتھ ہی یہ بھی تصور کریں، کہ جو مرض اندر سے باہر آیا ہے، وہ زمین پر گرتا جا رہا ہے، تاکہ خود عامل کو اس کا ضرر نہ پہنچے، اسی طرح پانچ سو سانس تک یہ تصور بندھا رہے، اس سے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی ہو جائے گی۔

(۲) مرد صاحب نسبت بیمار کے سامنے بیٹھ کر اپنے آپ کو بیمار سمجھ ... اس یقینِ پختہ اور تخیل محکم کے ساتھ جس میں کچھ بھی تزلزل اور تردد ... کو بیماریٔ بیمار کا حامل خیال کرتا ہے۔ چنانچہ اس جمع ہمت سے مرض ... ہو جاتا ہے اور اس کو بالکلیہ افاقہ ہو جاتا ہے۔

اسی لطیفہ روحانیہ سے بابر بادشاہ نے شاہزادہ کی بیماری کا یوں مرض ... تھا، ممکن ہے کہ بابر بادشاہ کو سلب مرض کے لئے خاص قوت روحانی ...

Marfat.com

مہارت ہو یا فرطِ محبت کے جذبہ نے خود بہ خود روحانی طاقت کی شکل اختیار کر کے یہ کرشمہ دکھایا ہو، مگر اتنا فرق ضرور ہے کہ بار بار بادشاہ نے محض سلبِ مرض کا قصد نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو اپنے فرزند پر فدا کیا تھا، یعنی اس کا مرض اپنے اوپر اپنی جان کو موت کے حوالہ کر دیا، مگر عامل مریض کے مرض کو اس طرح زائل کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ یہ بھی سلامت رہے، اور خود بھی اس سے متضرر نہ ہو، اگر بابر بھی اپنی اس قوت روحانیہ سے کام لے کر جس کا وہ اس وقت مظہر بن گیا تھا، صرف سلب مرض تک اپنی کوشش مبذول رکھتا، شائد خود بھی نہ مرتا، لیکن چونکہ خدا کو یہی منظور تھا، اس لئے اس کو سمجھ نہ آئی۔

## تشخیصِ امراض کا عمل

اگر کوئی شخص بیمار ہو، یا اس کا کوئی عزیز یا دوست علیل ہوا، اور اس کی بیماری سمجھ میں نہ آتی ہو، اور یہ شک ہوا یا اس کو کوئی بیماری ہے یا آسیب، تو اس کی ترکیبیں عاملین نے بیشمار تحریر فرمائی ہیں، چنانچہ منجملہ ان کے چند مشہور و معروف ترکیبیں ہدیہ ناظرین کی جاتی ہیں، تا کہ شائقین ان کو استعمال میں لا کر منزل مقصود کو پہنچیں۔

پہلا طریقہ: نیلے سوت کی سات تار لے کر پاؤں کے انگوٹھے، سے لے کر پیشانی کے بالوں تک ناپ کر ایک بار درود شریف، سات بار الحمد شریف ایک بار آیت الکرسی، اور سات بار یہ دعا پڑھی جائے ☆ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قَمُوْشٍ مَقَشٍ رَجْمَاشٍ مِهْعَاشٍ شَاقِيشٍ مَاشٍ اَبُوْشٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ پھر اس سوت کو پہلی طرح ناپ کر دیکھے کہ آیا کم ہوا ہے یا زیادہ، اگر ایک انگل کم ہو، تو جن ہے، اگر دو انگل کم ہو تو آسیب ہے، اگر تین انگل کم ہے تو سحر ہے، اگر چار انگل کم ہے تو ام الصبیان ہے، اگر ایک انگل زیادہ ہے تو نظر آدمی ہے،

Marfat.com

اگر دو انگل زیادہ ہو تو نظر...... ہے، اگر تین انگل زیادہ ہو، تو نظر باد ہے، اگر چار انگل زیادہ ہو تو بخار ہے، اور اگر کم و بیش نہ ہو تو مرض بدنی ہے۔

## دوسرا طریقہ

ایک کورا برتن یا سفال لے کر ذیل کے نقش کو اس پر لکھے، اور سات بار مریض پر سے اتارے، پھر آگ میں ڈالے، آگ کو خوب تیز کرے، پھر اس سفال کو نکال کر دیکھے اگر حروف سفید ہوں تو جادو ہے، اگر حروف سرخ ہوں تو آسیب چڑیل ہے، اگر حروف غائب ہوں تو آسیب پری ہے، اگر حروف سیاہ ہوں تو مرض بدنی ہے، نقش یہ ہے۔ ۲۴۱۱ ۱۲ع۴ح۹ع۵۱۸۳۱۱

تیسرا طریقہ:




درجِ بالا نقش کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر مریض کو سامنے بٹھا کر دکھایا جائے، اگر آسیب ہو تو مریض رونے لگے گا، اگر خبیث روح کا اثر ہوگا تو ہنسنے لگے گا، لیکن اگر مرض ہوگا تو خاموش رہے گا، ان کے علاوہ اور بھی اعمال ہیں، جو اس کی دوسری جلد حصہ مشقی عملیات میں درج کئے گئے ہیں (مولف)

Marfat.com

## فصل دوم

# ہر مرض سے شفا پانے کیلئے اعمال

ذیل کے اعمال ہر قسم کے امراض کے لئے خواہ وہ دموی امراض ہوں یا عصبی، ظاہر بدن سے تعلق رکھتے ہوں، یا اعضائے باطنی سے، غرض ہر مرض کے لئے مفید ہیں۔

(۱)عمل: قرآن مجید۔

ترکیب: قرآن مجید کی خواہ کوئی ایک آیت ہو، یا زیادہ باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کاغذ وغیرہ پر لکھ کر اور پانی میں دھو کر مریض کو پلایا جائے، چنانچہ مجاہد رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں: کہ قرآن مجید لکھ کر دھویا جائے، اور وہ پانی مریض کو پلایا جائے، اللہ تعالی شفا بخشے گا۔ (اشعۃ اللمعات)

(۲)عمل: آیات شفا (۱) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ○ (سورۂ توبہ/۱۴) (۲) وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ○ (سورۂ یونس/ ۵۷) (۳) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ○ (سورۂ نحل/ ۶۹) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ○ (سورۂ اسراء/۸۲) (۵) اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ○ (سورۂ شعراء/۸۰) (۶) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ○ (سورۂ حم سجدہ/۴۴)

ترکیب: ان آیات کو طہارت کاملہ کے ساتھ چینی کی تشتری یا کاغذ یا پتہ پر لکھ کر مریض کو پانی میں دھو کر پلایا جائے، یا تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیا جائے۔ (قول الجمیل)

Marfat.com

(۳)عمل: ۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز کاغذ پر لکھ کر مریض کو پلایا جائے، یا گلے میں ڈالا جائے، اگر اس نقش کی زکوۃ نکالی جائے، تو واقعی ہر ایک مرض کے ہر ایک مرض کے لئے اکسیر و مجرب ہے، بارہا آزمایا گیا ہے۔

طریقہ زکوۃ یہ ہے کہ باطہارت کاملہ ہر روز بلا ناغہ پندرہ بار کاغذ پر لکھ کر اور آٹے میں مل کر گولیاں بنائیں جائیں، اور دریا وغیرہ میں پھینک دی جائیں، چالیس روز تک بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھا جائے، پھر اس کو ہر روز ایک بار لکھا کرے، تاکہ عمل کا اثر قائم رہے۔

(۴)عمل: نقش سورۃ فاتحہ۔

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے، نقش سورۃ فاتحہ یہ ہے۔ ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۵ | ۲۳۶۸ | ۲۳۷۱ | ۲۳۵۷ |
| ۲۳۷۰ | ۲۳۵۸ | ۲۳۶۴ | ۲۳۶۹ |
| ۲۳۵۹ | ۲۳۷۳ | ۲۳۶۶ | ۲۳۶۳ |
| ۲۳۶۷ | ۲۳۶۲ | ۲۳۶۰ | ۲۳۷۲ |

(۵)عمل: يَاحَيُّ حِيْنَ لَاحَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَ بَقَائِهٖ يَاحَيُّ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ یا چینی کی تشتری یا پیپل کے پتہ پر لکھ کر مریض کو چالیس روز تک بلا ناغہ دھو کر پلایا جائے، یاد رہے کہ اس کو لکھتے وقت سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ضروری ہے۔

Marfat.com

## (۶)عمل: دعاء ومناجات

ترکیب: باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ دعا مانگ کر مریض کے جسم پر اپنا ہاتھ پھیرے، شیخ خضر الحسینی الموصلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں تیرہ سال تک رہا اور بہت سے آپ کے خوارقِ عادات دیکھے، چنانچہ منجملہ ان کے ایک واقعہ یہ ہے کہ جس مرض کے علاج سے اطباء عاجز ہو جاتے تھے، آپ اس کے واسطے دعا فرماتے اور اس کے جسم پر اپنا دست مبارک رکھتے، اللہ تعالیٰ فی الفور اسے صحت عطا فرماتا: (قلائد الجواہر)

## (۷)عمل نقشۂ نعل مبارک



ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کاغذ پر لکھ کر مریض کو دیا جائے کہ گلے میں ڈال لے، امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ جو اس نقش معظم کو اپنے پاس رکھے وہ جس لشکر میں ہو، وہ اس کو فتح ہو، اور جس قافلے میں ہو وہ لوٹ مار سے محفوظ رہے، جس کشتی میں ہو وہ غرق ہونے سے بچے جس گھر میں ہو وہ جلنے سے محفوظ رہے، جس کے پاس ہو وہ نظرِ بد، سحر اور جادو اور شر شیطان سے بچے اگر تنگ دست ہو تو فراخی ہو، اگر بیمار ہو تو شفا ہو، اور اگر اس کے ذریعہ توسل کرے تو مراد پوری ہو۔

Marfat.com

## فصل سوم:

# اقسام بخار کے لئے اعمال

(۱)عمل: اے بخار اس بیمار کا پیچھا چوڑ کر حلہ گاؤں میں چلا جا۔

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے، اور تین روز تک اس پر بلا ناغہ عمل کیا جائے۔

ابوالمعالی احمد بغدادی حنبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ ایک دفع میں نے خود شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں حاض رہو کر یہ عرض کی کہ میرا لڑکا سوا سال سے بخار میں مبتلا ہے بڑا ہی علاج معالجہ کیا گیا ہے، لیکن آرام نہیں ہوا، آپ نے فرمایا:

لڑکے کے کانوں میں جاکر اتنا کہہ دیجئے کہ ''اے بخار میرے لڑکے کا پیچھا چھوڑ کر حلہ گاؤں میں چلا جا'' انشاء اللہ تعالیٰ فی الفور آرام ہو جائے گا، پس ابو المعالی رحمۃ اللہ علیہ نے گھر میں آکر آپ کے ارشاد کی تعمیل کی اور بخار کا نام ونشان نہ رہا، (قلائد الجواہر)

(۲)عمل: سورۂ یاسین۔

ترکیب: سوا گز دھاگا جس میں سات تاریں ہوں، کنواری لڑکی سے کتوا کر لیں، اور اس پر یٰسٓ کو باطہارت کاملہ پڑھیں جب لفظ مبین آئے تو اس دھاگے، میں گرہ لگاتے جائیں، پھر اس کو مریض کے بازو پر باندھیں یا گلے میں لٹکائیں۔

(۳)عمل: سورۂ الم نشرح با بسم اللہ شریف (پارہ ۳۰)

ترکیب: کتان (السی) کا ایک دھاگا لے کر اس پر اس سورت کو باطہارت کاملہ اس

Marfat.com

ترکیب سے پڑھا جائے کہ اس کے ہر کاف پر ایک گرہ لگاتے جائیں، پھر اس کو مریض کے بائیں بازو پر باندھ دیا جائے۔

(۴) عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ بَرَآءَةٌ مِنَ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ اِلٰى اُمِّ مِلْدَمٍ الَّتِىْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُسْلِمَةً فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ يَهُوْدِيَّةً فَبِحَقِّ مُوْسَى الْكَلِيْمِ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِيَّةً فَبِحَقِّ الْمَسِيْحِ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَنْ لَّا اَكَلْتِ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةٍ (اس مقام پر مریض کا اور اس کی ماں کا نام لکھے) لَحْمًا وَلَا شَرِبْتِ لَهٗ دَمًا وَلَا هَشَمْتِ لَهٗ عَظْمًا وَّتَحَرَّىْ عَنْهُ اِلٰى مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِيْئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاللّٰهُ تَعَالٰى بَرِىْءٌ مِّنْكِ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھ کر بیمار کے بازو پر باندھ دیں

(۵) عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِاللّٰهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ يَا نَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ اشْفِ صَاحِبَ هٰذَا الْكِتَابِ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنائیں اور بیمار کے گلے میں لٹکائیں۔

شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ غنیۃ الطالبین میں تحریر فرماتے ہیں: امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی کہ مجھ کو بخار ہوا تو میں نے یہ دعا لکھ کر گلے

Marfat.com

میں لٹکائی، اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت سے صحت عطا فرمائی۔

(۶) عمل: درود شریف اور سورۂ فاتحہ۔

ترکیب اول: تھوڑی سی روئی لے کر گیارہ بار درود شریف او، سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا جائے، اور اس روئی کو مریض کے دائیں کان میں رکھا جائے، پھر تھوڑی سی روئی لے کر پانچ بار سورۂ فاتحہ اور گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کیا جائے اور اس روئی کو بائیں کان میں رکھا جائے، اگر بخار جاتا رہے تو بہتر ورنہ دوسرے روز دائیں کان کی روئی نکال کر بائیں میں ڈالی جائے اور بائیں والی دائیں میں۔

ترکیب دوم: مولانا شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ قول الجمیل کے حاشیہ میں ارقام فرماتے ہیں کہ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ سورۂ فاتحہ کو اکتالیس بار پڑھ کر پانی کے پیالہ پر دم کر کے بیمار کے منہ پر چھینٹے مارے جائیں۔

(۷) عمل:

| | |
|---|---|
| (۱) كٓهيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ | (۲) اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ وَّ الْكُفْرُ بَاطِلٌ<br>اَلْإِسْلَامُ نُوْرٌ وَّ الْكُفْرُ ظُلْمَةٌ |

ترکیب: طہارت کاملہ کے ساتھ پیپل کے تین تین پتوں پر پہلا نقش مسلم کے لئے لکھا جائے، اور دوسرا نقش غیر مسلم کے لئے تین روز تک بلا ناغہ مریض ہر روز ایک ایک پتہ چاٹے۔

Marfat.com

(۸)عمل:




ترکیب: اس تعویذ کو باطہارت کاملہ کاغذ پرلکھ کر مریض کے سرہانے نیچے رکھ دیا جائے، کم سے کم تین روز تک اس کو پڑا رہنے دیں (فلاں بنت فلاں کی جگہ مریض اوراس کی ماں کا نام لکھیں۔

(۹)عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَ بِا للّٰہِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ○ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ ○ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پیپل کے تین پتوں پر لکھا جائے اور مریض باری سے پہلے ان کو چاٹ لے یہ عمل نوبتی اور لرزہ کے بخار کے لئے سریع الاثر ہے۔

(۱۰)عمل:

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۲۷ | ۳۰ | ۱ |
| ۲۹ | ۲ | ۷ | ۲۸ |
| ۳ | ۳۲ | ۲۵ | ۶ |
| ۲۶ | ۵ | ۴ | ۳۱ |

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز صبح کے وقت پتہ یا کاغذ پر لکھ کر بلاناغہ سات روز تک پانی میں گھول کر مریض کو پلایا جائے، یہ عمل لرزہ کیلئے بالخصوص مفید ہے۔

Marfat.com

(۱۱) عمل:

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر باری سے پہلے اس کی دھونی آگ پر رکھ کر مریض کے تمام جسم کو پہنچائی جائے اور اس عمل




کو تین باری تک جاری رکھا جائے، یہ عمل چوتھیا کے لئے مجرب ہے۔

(۱۲) عمل:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| الله | محمد | صدیق |
| عمر | عثمان | علی |
| عبد القادر | سید احمد | معین الدین |

ترکیب: اس کو باطہارت کامہ کاغذ پر لکھ کر باری سے پہلے مریض کے گلے میں ڈالا جائے، یہ عمل چوتھیا کے بخار کے لئے بڑا مفید ہے۔

## چوتھیا کے لئے مجرب کاغذ

سنکھ لیموں کا رس اور کونین ہم وزن لے کر کھرل کر کے گولیاں موٹھ کے دانہ کے برابر بنائی جائیں، کھانا کھانے کے بعد ایک گولی دودھ سے کھالی جائے۔

## فصل چہارم

# ہر درد دفع کرنے کے لئے اعمال

(۱) عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِاللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ ﴿ یُمْسِکُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ (سورۃ حج/۶۵) ﴾

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ اُسْکُنْ اِیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ ﴿ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ○ (سورۃ فاطر/۴۱) ﴾

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر مریض کے مقام درد پر باندھ دیا جائے، امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بنو مالکیہ میں سے ایک صاحب کے گھر سے چاندی کا ایک ڈبہ مقفل پڑا ہوا ملا، جس کے اوپر لکھا ہوا تھا، شِفَاءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ یعنی ہر مرض سے شفا بخشنے کا نسخہ جب اس کو کھولا تو اس کے اندر مذکورہ بالا کلمات لکھے ہوئے تھے۔

## رفع درد شقیقہ کا عمل:

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ |
| یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ | یا اَللّٰہُ |
| یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ |
| یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ | یا مُحَمَّدُ |

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے مقامِ درد پر باندھا جائے، اور تین روز تک بندھا رہے۔

# رفع دردِ دنداں کے لئے اعمال

(۱) عمل: لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ (سورۃ انعام/ ۶۷)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر مریض کو کہا جائے کہ اس کو درد والے دانت پر رکھ کر خوب زور سے دبائے۔

(۲) عمل: سورۃ فاتحہ با بسم اللہ شریف۔

ترکیب: ایک پاک تختی پر ریت بچھائی جائے، اور ایک میخ سے باطہارت کاملہ اس

Marfat.com

پر ابجد ہوز حطی اس طرح لکھیں، اب ج د، ہ وز، ح ط ی، پھر الف پر میخ کو زور سے دبائیں اور ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اور مریض اپنی انگلی درد کے مقام پر رکھے، اور سورۂ فاتحہ دو بار پڑھے، اگر پھر بھی آرام نہ ہو تو اسی طرح باقی حروف پر یکے بعد دیگرے عمل کیا جائے، اور سورۂ فاتحہ کو ہر بار زیادہ کرتا جائے۔

(۳) عمل: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ○

ترکیب: اس کو چھینک سننے کے وقت پڑھنے سے درد دانت وغیرہ دور ہو جاتا ہے، چنانچہ محدث ابن ابی شیبہ جو امام بخاری کے استاد ہیں، تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص چھینک سننے کے وقت اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ○ کہے، تو اس کو درد دانت اور درد کان کبھی نہیں ہوگا۔

## درد چشم اور ضعف بینائی کا عمل

عمل: فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ○ (سورۂ ق/۲۲)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر نماز کے بعد تین یا سات یا دس بار پڑھ کر انگشتِ شہادت یا دونوں انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں پر لگائیں، لیکن ہر بار درود شریف ضرور پڑھیں، چالیس روز تک بلا ناغہ پڑھتے رہیں، اگر ایک چالیس میں آرام ہو گیا تو بہتر ورنہ تین چلہ تک اس عمل کو جاری رکھا جائے۔

## دفع ناف کے اعمال

(۱) عمل: ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ○ (سورۂ بقرۃ/۱۷۸)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر مریض کی ناف پر باندھ دیا جائے۔

Marfat.com




(۲)عمل:

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پرلکھ کرایک پاک کپڑے میں لپیٹ کر مریض کی ناف پر باندھا جائے، لیکن شرط یہ ہے کہ مریض سے سات روپے لے کر مسجد میں ان پیسوں کا تیل لے کر ڈال دیا جائے، ہاں اگر محتاج ہوتو وہ ان کو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے (ماخوذ بیاض والد صاحب مرحوم)

## دردزہ کے اعمال

(۱)عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ (یہ الفاظ قرآن پاک سے ایک جگہ سے نہیں ہیں) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ (سورہ فاتحہ/۱) يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ○ (سورہ نازعات/۲۶) كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ○ (سورہ احقاف/۳۵)

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ کسی پیالہ یا مٹی کے پاک برتن پرلکھ کر پانی میں دھو کر حاملہ کو آدھا پانی پلادیا جائے، اور آدھا اس کے سینے پر چھڑک دیا جائے (غنیۃ الطالبین)

(۲)عمل: اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ○ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ○ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ○ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ○ (سورہ انشقاق/۱تا۴)

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ قند سیاہ یا پانی پر دم کر کے مریضہ کو پلادیا جائے

Marfat.com

یا کاغذ پر لکھ کر مریضہ کی بائیں ران میں باندھا جائے، لیکن جب بچہ تولد ہو جائے تو فی الفور تعویذ کھول دیا جائے، ورنہ تکلیف ہو گی۔

(۳) عمل ۷۸۶

| |
|---|
| ج ح ح ط ظ ع ق ق ی ك ل م |
| ا ششـم ۵ ۵ ۵ ا اسـوك ل و |

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھ کر مریضہ کے داہنے ہاتھ پر رکھ دیا جائے، اور وہ اس کو غور سے دیکھتی رہے۔

(۴) عمل: وَ اَلْـقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ ○ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ○ اهیا اشرا هیا○

ترکیب: اس کو با طہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر مریضہ کی بائیں ران پر باندھا جائے۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کتاب درمنثور میں بروایت اعمش ارقام کیا ہے کہ: اهیا اشر اهیا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا ہے، جس کے معنی ہیں اے زندہ قبل ہر چیز کے، اے زندہ بعد ہر چیز کے۔

## دفع درد گردہ کا عمل

عمل: (۱) فاتحہ بابسم اللہ شریف۔

ترکیب: اس کو با طہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ دھو کر درد کے مقام پر ہر روز تین وقت یعنی صبح اور دوپہر اور شام کو مریض پر دم کیا جائے، لیکن اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھا جائے اور تین روز تک بلا ناغہ کیا جائے۔

Marfat.com

# فصل پنجم

# امراض وبائیہ کے دفع کرنا

## موسمی وبا سے محفوظ رہنے کا عمل

عمل: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز بلاناغہ وباء کے دنوں میں صبح و شام تین تین بار حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔

## دفع وبائے ہیضہ کا عمل

عمل:

| |
|---|
| ۷۸۶ |
| الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہما از شرِ بلائے ما نگہدار |
| اللہ شافی اللہ کافی |

ترکیب: اس عبارت کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے یا بازو پر باندھ دیا جائے، اور پانچ یا سات روپے خیرات دیئے جائیں۔

## دفع چیچک کے اعمال

(۱) عمل: سورۂ الرحمٰن (پارہ ۲۷)

ترکیب: کنواری لڑکی کا کتا ہوا نیلا دھاگا لے کر اس پر سورۂ الرحمٰن ایک بار پڑھیں، اور جتنی بار آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○ پڑھی جائے، اس دھاگے میں ایک گرہ ہر بار دی جائے، اور اس گرہ پر دم کیا جائے پھر اس کو مریض کی گردن میں باندھا جائے، یا لٹکایا جائے۔

Marfat.com

(۲)عمل:

۷۸۶

| | |
|---|---|
| یا حافظ | یا حفیظ |
| محمد صلی اللہ علیہ وسلم | |
| اللہ شافی | اللہ کافی |

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ میں سی کر مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے، اور حسب توفیق خیرات کرے۔

# فصل ششم

# امراض متعلقہ دماغ

## صرع یا مرگی کے لئے اعمال

(۱)عمل: یَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ یَا قَهَّارُ ○ (۲) یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانُهٗ یامذل○

ترکیب: تانبے کی ایک تختی لے کر اتوار کی پہلی ساعت میں اس کی ایک طرف پہلے کلمات کھدوائے اور دوسری طرف دوسرے پھر اس کو مریض کے گلے میں لٹکا دیا جائے، لیکن یاد رہے، کہ کھودنے والے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ کھودتے وقت باوضو ہو ورنہ اثر نہیں ہوگا۔

(۲)عمل: حضرت کلیم اللہ جہان آبادی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے بزرگوں سے سنا ہے کہ جب کوئی مرگی والا شخص شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتا تھا تو آپ ایسے بیمار کا علاج اس طرح کیا کرتے

Marfat.com

تھے، کہ پہلے اس کے داہنے کان میں ایک سو بار فاتحہ پڑھتے، اور ایک بار بائیں کان میں پھر یہ شعر بلند آواز سے پڑھتے۔

روحی والقلب یحبکم فی القدم　　من قبل وجود خلقهما من عدم
هل یحمل من باب عرفانکم　　ان انقل عن طرق هواکم قدم

پھر آپ اس کے روبرو فرماتے تھے کہ عبدالقادر جیلانی تجھے کہتا ہے کہ چلی جا اور مت جلا، واپس نہ آ، اگر واپس آ چکی تو میں تجھ کو باذن اللہ جلا دوں گا، ایسے ہی تین بار فرماتے، پھر یہ دونوں شعر لکھ کر اس کی گردن میں لٹکا دیتے۔

میں کہتا ہوں کہ اب بھی کوئی اگر یقین کامل کے ساتھ ایسا کرے، تو امید واثق ہے، کہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

(۳) نسخہ مع ترکیب: پہلے مریض کو عاقرقرحا پیس کر سنگھایا جائے، اگر اس کو چھینکیں نہ آئیں تو وہ علاج پذیر نہیں ہے، ہاں اگر چھینکیں آئیں تو پھر نسخہ تیار کر کے استعمال کیا جائے۔

ہلیلہ، ا تولہ　　ہلیلہ کابلی، ا تولہ　　ہلیلہ زرد، ا تولہ　　آملہ، ا تولہ
اسطخدوس، ا تولہ　　عود صلیب ۶ ماشہ　　عاقرقرحا ۴ ماشہ

ان ادویات کو باریک کوٹ کر اور چھان کر مویز منقی ایک پاؤ کے ساتھ معجون بنا کر ۶ ماشہ ہر روز استعمال کیا جائے۔

## قوت حافظہ کا عمل

عمل: سورۂ الم نشرح با بسم اللہ شریف۔

ترکیب: اس کو با طہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ چینی کی تشتری یا کاغذ یا پیپل کے پتہ پر لکھ کر مریض کو پانی میں دھو کر ہر روز بلا ناغہ چالیس روز تک پلایا جائے۔

Marfat.com

## زیادتی فہم اور دفع لکنت کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَ یَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ ○ (سورہ طٰہٰ/ ۲۵، ۲۸)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر روز سات بار پڑھ کر چالیس روز تک بلاناغہ اپنے آپ پر دم کیا جائے، یا اگر مریض ناخواندہ ہو، تو اس کو چینی کی تشتری یا پیپل کے پتہ یا کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔

## فصل ہفتم

# آلات انہضام کے امراض

## دفع طحال یا تلی کا عمل

عمل: اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا (سورہ فاطر/ ۴۱)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر تلی کے مقام پر باندھا جائے، یا اس کو پاک مٹی کے ڈھیلے پر دم کر کے تلی کے مقام پر ہر روز تین بار چالیس روز تک بلاناغہ گھسایا جائے۔

## دفع مرض استسقاء کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

ترکیب: اس کو باطہارتِ کاملہ حضورِ قلب کے ساتھ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کر کے پیٹ پر پھیرا جائے شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں ایک

Marfat.com

مریض حاضر ہوا، اس کا پیٹ بیماری کے سبب سے بہت بڑا ہو گیا تھا، آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شریف پڑھ کر اس کے پیٹ پر اپنا ہاتھ مبارک پھیرا تو اس کا پیٹ فی الفور چھوٹا ہو گیا گویا ایسا معلوم ہوتا تھا، کہ وہ کبھی بیمار ہوا ہی نہیں تھا۔

## فصل ہشتم

# عضائے تناسل سے متعلقہ امراض

## دفع احتلام کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ○ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الطَّارِقُ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ○ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ط ○ (سورۃ طارق/ اتا ۴) صَدَقَ اللّٰہُ وَ نَصَرَ عَبْدَہٗ وَ کَذَبَ الشَّیْطَانُ وَحْدَہٗ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سونے کے وقت حضور قلب کے ساتھ پڑھ کر اپنے آپ پر دم کیا جائے، اور اگر مریض ناخواندہ ہو تو اس کو کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈالا جائے۔

## حصول اولاد کے اعمال

(۱) عمل: رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً ج اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○ (سورۃ آل عمران/ ۳۸)

ترکیب: اس کو ہر روز بلاناغہ طہارت کاملہ سے تنہائی میں نہایت گریہ وزاری کے ساتھ تین چلہ تک اس کو جاری رکھا جائے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اولاد صالح پیدا ہوگی۔

Marfat.com

(۲) عمل: رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ○ (سورۂ انبیاء/ ۸۹)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہر نماز کے بعد تین بار بلاناغہ پڑھا جائے، اور تین چلہ تک اس کو جاری رکھا جائے۔

(۳) عمل: (۱) وَالسَّمَآءَ بَنَیْنٰهَا بِاَیْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ☆ (۲) وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ○ (سورۂ ذاریات/ ۴۷، ۴۸)

ترکیب: پہلی آیت کو باطہارت کاملہ ایک انڈے کو جوش کر کے اس کا چھلکہ دور کر کے اس پر لکھے اور مرد کو کھلائے اور دوسری آیت کو اسی طرح ایک انڈے پر لکھ کر عورت کو کھلائے، چالیس روز تک متواتر یہ عمل جاری رکھا جائے، انشاء اللہ تعالی استقرار حمل ہو جائے گا۔ لیکن یاد رہے کہ ان ایام میں میاں بیوی کا مباشرت کرنا ضروری ہے۔

(۴) عمل: (۱) اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَ جَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا
(۲) اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ نَصِیْبًا (ابن ابی شیبہ)

ترکیب: پہلی دعاء کو صحبت کے وقت پڑھا جائے، اور دوسری کو انزال کے وقت مولانا محمد احسن رحمۃ اللہ علیہ جو خیر متین شرح حصن حصین کے مصنف ہیں ارشاد فرماتے ہیں: کہ کئی بار امتحان کیا گیا کہ جس شخص کے اولاد نہ ہوتی تھی، اس نے یہ دونوں دعائیں پڑھیں، اللہ تعالی نے اس کو اولاد عطا فرمائی۔

(۵) عمل: وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا (سورۂ رعد/ ۳۱)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ ہرن کی جھلی پر گلاب اور زعفران سے لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر بانجھ عورت کے گلے میں لٹکا دیا جائے، انشاء اللہ تعالی مراد برآئے گی۔

(۶) عمل: اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ

Marfat.com

فَوْقِهٖ سَحَابٌ ط ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا ط وَ مَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (سورۂ نور/۴۰)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چالیس لونگوں پر سات بار پڑھ کر مریضہ کو ایک لونگ ہر روز بلا ناغہ رات کے وقت کھلایا جائے، اور اس کے بعد پانی پیا جائے، اور ان دنوں میں میاں بیوی ہمبستری ضرور کریں، لیکن اس کا استعمال حیض سے فارغ ہونے کے بعد شروع کیا جائے۔

# فرزند پیدا ہونے کا عمل

عمل: اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَزْدَادُ ط وَ كُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ○ (سورۂ رعد/ ۸،۹) يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ○ (سورۂ مریم/ ۷)

ترکیب: حمل سے تین ماہ گذرنے سے پہلے اس کو باطہارت کاملہ ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے لکھے، اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر حاملہ کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

# اسقاط حمل کے اعمال

طبیب حمل کے گر جانے کے اسباب اکثر جسمانی عوارض بیان کرتے ہیں: لیکن روحانی طبیب (عامل) کے نزدیک یہ مرض آسیب وغیرہ سے بھی ہو جاتا ہے، چنانچہ بعض اوقات کہا گیا ہے کہ جب کسی حاملہ نے کوئی ڈراؤنی خواب دیکھی یا بیداری میں کوئی مہیب یا خوفناک صورت نظر آئی تو اسی وقت حمل گر گیا، جس سے بعض کو تو خود بخود آرام ہو جاتا ہے، بعض کو ادویات سے اور بعض کو اعمال سے، لیکن

Marfat.com

میرا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ اعمال کے ذریعہ یقیناً موذی مرض جاتا رہتا ہے۔ چنانچہ میں نے خود سینکڑوں مریض عورتوں پر تجربہ کیا ہے، اور وہ جو طبیبوں اور ڈاکٹروں وغیرہ کے علاج سے مایوس ہو چکی تھیں، اعمال سے صحت یاب ہو گئیں۔

(۱) عمل:

ترکیب: اس کو طہارت کاملہ سے کاغذ کے دو ٹکڑوں رلکھا جائے، اور ایک نقش تو مریض کو پانی میں گھول کر ہر چاند کی پہلی اور دوسری اور تیسری تاریخ کو پلایا جائے، اور دوسرا گلے میں ڈالا جائے، اور وضع حمل (نو ماہ) تک اس کو جاری رکھا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

(۲) عمل: فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (سورۃ یوسف/٦٤) اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ (سورۃ رعد/ ٨)

ترکیب: اس کو با طہارت کاملہ کاغذ پر حضور قلب سے لکھ کر مریضہ کے رحم پر باندھا جائے، لیکن اس کو پیشاب یا پاخانہ کے وقت اتار لینا چاہیے۔

(۳) عمل: وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○ (سورۃ نحل/ ۱۲۷، ۱۲۸)

ترکیب: ایک دھاگا کسمبھے کا رنگا ہوا مریضہ کے قد کے برابر لے کر با طہارت کاملہ اس پر نو گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر اس کو پڑھ کر پھونکا جائے، پھر اس دھاگے کو مریضہ کی کمر یا گلے میں ڈالا جائے۔

Marfat.com

(۴) عمل: سورۃ والشمس (پارہ ۳۰)

ترکیب: پیر کے روز دوپہر کے وقت اس کو باطہارت کاملہ چالیس بار پڑھ کر تھوڑی سی کالی مرچ اور اجوائین پر دم کیا جائے، اور اس کے اول و آخر ہر بار درود شریف پڑھا جائے، مریضہ اس کو ہر روز بلاناغہ کھائے اور بچہ کے دودھ پینے تک اس کو جاری رکھے۔

## سلامتی اولاد کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر زعفران سے سات سو چھیاسی بار لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے، اور بسم اللہ شریف اسی طرح لکھے، جس طرح لکھی جاتی ہے۔

## فصل نہم

# مختلف امراض کے دفع کیلئے اعمال

## دفع خنازیر کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ قُدْرَۃِ اللّٰہِ وَ قُوَّۃِ اللّٰہِ وَ عَظْمَۃِ اللّٰہِ وَ بُرْھَانِ اللّٰہِ وَ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَ کَنَفِ اللّٰہِ وَ جِوَارِ اللّٰہِ وَ اَمَانِ اللّٰہِ وَحِرْزِ اللّٰہِ وَصُنْعِ اللّٰہِ وَ کِبْرِیَاءِ اللّٰہِ وَ نَظْرِ اللّٰہِ وَ بَھَاءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَ کَمَالِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ چمڑے کے تسمے پر جو مریض کے قد کے برابر ہو پڑھ

Marfat.com

کر ایک گرہ دے کر اس پر دم کرے پھر اسی طرح دوسری گرہ حتی کہ اکتالیس گرہیں دی جائیں، پھر اس کو مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے۔

علاج: کچلہ ٦ ماشہ، رس کپور ٢ ماشہ، شنگرف رومی ٦ ماشہ، اس کی ترکیب یہ ہے کہ ڈیڑھ چھٹانک گھی خالص میں کچلہ کو آگ پر رکھ کر خوب بھون لیا جائے، پھر باقی دونوں چیزوں کو اس میں ملا لیا جائے، پھر اس کو ایسا کھرل کیا جائے، کہ وہ یک جان ہو جائیں، پھر اس کو خنازیر پر لگایا جائے، یہ مرہم اکسیر ہے میرا مجرب نسخہ ہے۔

## دفع بواسیر کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا رَحِيْمَ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّ مَكْرُوْبٍ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ سَلَّمَ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ پیر یا جمعہ کے روز حضور قلب سے کاغذ پر لکھ کر مریض کی کمر میں باندھ دیا جائے، اور ایک تعویذ لکھ کر چالیس روز تک بلاناغہ مریض کو پلایا جائے۔

## سرخ بادہ کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْحَكِيْمِ الْكَرِيْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ قُدْرَتِهٖ وَ سُلْطَانِهٖ اَيَّتُهَا الْحُمْرَةُ جَاءَتْكَ جُنُوْدٌ مِّنَ السَّمَاءِ وَ قَالَ سُلَيْمَانُ اَيَّتُهَا الرِّيْحُ اَجِيْبِيْ دَاعِيَ اللّٰهِ وَ مَنْ لَّمْ يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَمَا لَهٗ مِنْ مَّلْجَاٍ وَمَا لَهٗ مِنْ ظَهِيْرٍ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِالثَّنَاءِ الطَّيِّبِ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰهُ يَكْفِيْكَ وَ اللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ كُلِّ آفَةٍ تَعْتَرِيْكَ لَاحَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

Marfat.com

الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَ سَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سات بر حضور قلب کے ساتھ پڑھ کر چھری پر دم کیا جائے، اور پڑھتے وقت چھری کا اشارہ کرتا جائے، اس کو چند روز تک متواتر کیا جائے۔

## دفع برص وجذام کا عمل

عمل: ۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۶۸۹۴ | ۲۳۶۹۰۸ | ۲۳۶۹۰۵ | ۲۳۶۹۰۲ |
| ۲۳۶۹۰۶ | ۲۳۶۹۰۱ | ۲۳۶۸۹۵ | ۲۳۶۹۰۷ |
| ۲۳۶۹۰۰ | ۲۳۶۹۰۳ | ۲۳۶۹۱۰ | ۲۳۶۸۹۶ |
| ۲۳۶۹۰۹ | ۲۳۶۸۹۷ | ۲۳۶۸۹۹ | ۲۳۶۹۰۴ |

ترکیب: اس نقش کو باطہارت کاملہ حضور قلب کے ساتھ کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے (یہ نقش سورۃ بقرہ کا ہے)

## ہول دل کا عمل

عمل: (۱) وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَ یُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ ○ (سورۃ انفال/۱۱)

(۲) اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ (سورۃ رعد/۲۸)

ترکیب: پہلی آیت یا دوسری آیت کو باطہارت کاملہ کاغذ پر لکھ کر پاک کپڑے میں

Marfat.com

لپیٹ کر مریضہ کے گلے میں اس طرح لڑکائیں کہ وہ تعویذ عین دل پر رہے، لیکن اگر اس کو کپڑے سے قلب پر باندھ دیا جائے، تو زیادہ بہتر ہے۔

## تھکاوٹ کے دور ہونے اور قوت بڑھنے کا عمل

عمل سُبْحَانَ اللهِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ○ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سونے کے وقت اس طرح پڑھے، کہ اللہ اکبر چونتیس بار، سبحان اللہ تینتیس بار، اور الحمد للہ تینتیس بار۔

حدیث شریف: میں ہے کہ ایک دفعہ فاطمۃ الزاہرا رضی اللہ تعالی عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں چکی پینے کی وجہ سے تکان کی شکایت کی، اور ایک خادمہ مل جانے کی آرزو کی، آپ نے ان کو یہ کلمات سکھلا دیئے تا کہ راحت طلبی کی بجائے کام کرتی رہیں، اور تکان سے محفوظ رہیں۔

علی کرم اللہ وجہہ تعالی فرماتے ہیں کہ میں نے یہ کلمات کبھی نہیں چھوڑے، حتی کہ جنگ صفین میں بھی ناغہ نہیں کیا (حصن وحصین)

ظفرِ جلیل میں ہے کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

# فصل دہم

# زہریلے جانور کا زہر دور کرنا

## سانپ کے کاٹے کا عمل

عمل: آیت الکرسی (۳ بار) اَوْ كَالَّذِىْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

Marfat.com

عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَ لِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ (۳ بار) (سورۂ بقرہ/۲۵۹) وَ لَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَ لَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (۳ بار) (سورۂ رعد/۳۱) وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ○ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ○ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّ لَاۤ اَمْتًا (۳ بار) (سورۂ طٰہٰ/۱۰۳تا۱۰۵) وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○ (تین بار) (سورۂ یٰس/۹) سورۂ والضحیٰ سورۂ الم نشرح سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس (تین تین بار)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ حسب تحریر تین تین بار پڑھ کر روغن زیتون یا کنجد پر دم کر کے مریض کے مقام زخم پر لگایا جائے۔

## باؤلے کتے کے کاٹے کا عمل

عمل: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ○ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ○ (سورۂ طارق/۱۵تا۱۷)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر مریض کو کھلایا جائے، اور

Marfat.com

چالیس روز تک بلاناغہ اس کو جاری رکھا جائے۔

## بچھو کے ضرر سے محفوظ رہنے کا عمل

عمل:(۱) صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نُوْحٍ وَّعَلٰی نُوْحٍ السَّلَامُ ○

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ سونے کے وقت تین بار حضور قلب سے پڑھا جائے، (غنیۃ الطالبین)

عمل(۲) سورۃ الناس (پارہ ۳۰)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ تین بار پڑھ کر بچھو کے کاٹے پر دم کیا جائے۔

## باب ہشتم

# اعمال متعلقہ خواب

## خواب کی حقیقت

جب انسان سوتا ہے تو اس کے اعضاؤ جوارح اپنے اپنے کاموں سے فارغ اور اس کے قوائے حسیہ آرام وراحت کی گہرائی میں مستغرق ہوتے ہیں، مگر اس کی روح کے سامنے حقائق وواقعات کی ایک کتاب کھلی ہوتی ہے، جس کا مطالعہ وہ اس انداز سے کرتی ہے کہ گویا وہ اس وقت ان واقعات کے عالم میں ہے، اور یہ سب کچھ اس کے ساتھ ہو رہا ہے، اس کو ہم خواب کہتے ہیں، اگر وہ واقعات زمانہ ماضی سے تعلق رکھتے ہیں، یا محض ایک فرضی افسانہ کی طرح بے بنیاد ہیں تو یہ خواب بعض قوائے طاغیہ کا ایک فعل ہوتا ہے، جو اعضاؤ جوارح کے تعلق میں خود بخود ان سے سرزد ہو رہا ہے، اور جگر ومعدہ کی کسی بے اعتدالی کا یا کسی اور خارجی امر کا دماغ پر اثر

Marfat.com

انداز ہونا اس کا محرک بن جاتا ہے، ایسا خواب حدیثِ نفس یا اضغاثِ احلام یا جھوٹا خواب کہلاتا ہے، اور وہ قابلِ اعتماد نہیں بعض اوقات خواب کا تعلق واقعات مستقبلہ کے ساتھ ہوتا ہے اور قدرت ان کے ذریعہ سے آنے والے حالات کو خواب دیکھنے والے پر منکشف کرتی ہے، اور قدرت کا یہ فیضان جہاں تک مشاہدہ کا کام دیتا ہے عام فطرت انسانی کے لئے وقف ہے۔

## خواب تین قسم کے ہوتے ہیں

(۱) حدیثِ نفس یا دماغی

(۲) تخویفِ شیطان

(۳) بشارت منجانب اللہ

ان سب کی تشریح آگے چل کو کسی اور حصے میں لکھی گئی ہے۔

اگر کسی کو خوفناک اور متوحش خواب آتے ہوں تو اس کو گھبرانا نہیں چاہئے، اور نہ ہی کسی نا اہل سے اس کا ذکر کرنا چاہئے، بلکہ اس کا علاج کسی خدارسیدہ سے کروانا چاہئے، یا مستند اعمال استعمال کرنے چاہئیں۔

## فصل اول:

# خواب پشیماں کے اعمال

(۱) عمل: دوگانہ نفل

ترکیب: رات کو اٹھ کر نماز فجر سے پہلے باطہارت کاملہ دو رکعت نماز نفل نہایت خشوع سے پڑھ کر دعا مانگے۔

Marfat.com

(۲)عمل: سوتے وقت بائیں کروٹ تھوکنا۔

ترکیب: رات کو سوتے وقت ہر روز بلاناغہ دائیں کروٹ لیٹ کر بائیں طرف تین دفعہ تھوک کر سو رہے، اس کے بعد بات چیت نہ کرے۔

(۳)عمل: لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ○ (سورہ یونس/۶۴)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر گلے میں لٹکایا جائے، یا اس کو ہر رات سوتے وقت پڑھا جائے، انشاء اللہ تعالی متوحش خوابوں سے محفوظ رہے گا۔

(۴)عمل:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| یَا اَللّٰهُ | یَا رَحْمٰنُ | یَا رَحِيْمُ |
| یَا مَلِكُ | یَا قُدُّوْسُ | یَا سَلَامُ |
| یَا مُؤْمِنُ | یَا مُهَيْمِنُ | یَا وَاحِدُ |
| یَا وَاجِدُ | یَا مَاجِدُ | یَا اَحَبُّ |

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ کاغذ پر مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے، اور ہفتہ بھر ہر روز بلاناغہ چینی کی رکابی یا درخت کے پتے پر لکھ کر پانی میں گھول کر مریض کو پلایا جائے۔

(۵)عمل: آیت الکرسی سورہ فلق وسورہ ناس (معوذتین)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ رات کو سوتے وقت ہر روز حضور قلب کے ساتھ پڑھ کر سینے پر دم کیا جائے، اگر مریض ناخواندہ ہے، تو کاغذ پر لکھ کر اس کے سینے پر باندھا جائے، یا سرہانے کے نیچے رکھا جائے، اس کے بعد بات چیت نہ کی جائے۔

Marfat.com

## فصل دوم

# خواب میں زیارتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

## حصول زیارت رسول کے اعمال

خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنے کے واسطے صوفیاءِ کرام نے بہت سے اعمال تجویز فرمائے ہیں جن میں سے چند ایک مجرب عمل ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہیں، جو شخص صدق دل اور حسن عقیدت سے ان اعمال کو کسی عامل اور خدارسیدہ سے اجازت لے کر کرے گا، وہ انشاءاللہ تعالیٰ شرف زیارت سے ضرور بہرہ اندوز ہوگا۔

عجب خواب میں اس کے جاگے نصیب ۔ کہ سوتے وقت دیکھے جمال حبیب
سعادت کوئی اس سے برتر نہیں ۔ کرامت کوئی اس سے بڑھ کر نہیں

(۱) عمل: حلیہ شریف (عربی، فارسی، پنجابی، وغیرہ)

(۲) عمل: اسمائے رسول علیہ الصلاۃ والسلام

(۳) عمل: قصیدہ بردہ شریف

(۴) عمل: اوراد فتحیہ

(۵) عمل: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ (کشف الغمۃ)

(۶) عمل: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ (رطب القلوب)

(۷) عمل: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیْ عَلَیْہِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ

Marfat.com

فِی الْاَجْسَادِ ○ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ ○ (جواہر خمسہ)

(۸) عمل: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ ○ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ ○ وَتَرْفَعُنَا بِهَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

ترکیب: مذکورہ بالا تمام اعمال کی ترکیب یہ ہے کہ ان کو باطہارت کاملہ خوشبو پاس رکھ کر نہایت اشتیاق اور خلوص سے ہر روز بلاناغہ چالیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد پڑھا جائے، اور بغیر بات چیت لئے وہیں سو رہے، لیکن ان کو پیر (دوشنبہ) کے روز شروع کیا جائے۔

(۹) عمل: درودِ اکبر (مندرجہ دعائے گنج العرش)

ترکیب: شب پنج شنبہ یا شب جمعہ کو غسل کر کے خوشبو لگا کر عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرے، پھر اس کو نہایت محبت کے ساتھ پڑھ کر قبلہ رو شمال کی طرف سر کر کے چپ چاپ وہیں سو رہے۔

۱۰) عمل: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ (ترغیب اہل سعادت۔)

ترکیب اس کو باطہارت کاملہ خوشبو پاس رکھ کر جمعہ کے روز عصر اور مغرب کے درمیان ہزار بار حضور قلب کے ساتھ پڑھا جائے، اور پانچ جمعہ تک اس کو جاری رکھا جائے۔

۱۱) عمل: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ مَعْدَنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلُكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَائِنِ رَحْمَتِكَ، وَطَرِیْقِ شَرِیْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِیْدِكَ اِنْسَانِ عَیْنِ الْوُجُوْدِ

Marfat.com

وَالسَّبَبِ فِیْ کُلِّ مَوْجُوْدٍ عَیْنِ اَعْیَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِیَائِكَ صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰی بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَھٰی لَھَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوۃً تُرْضِیْكَ وَتُرْضِیْهِ وَتَرْضٰی بِھَا عَنَّا یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ○ (ترغیب اہل سعادت)

ترکیب: اس کو باطہارت کاملہ نہایت خلوص کے ساتھ خوشبو رکھ کر ہر روز بلاناغہ ستر بار چالیس روز تک پڑھا جائے، پھر بغیر بات چیت کئے وہیں سو رہے۔

(۱۲) عمل: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَجْھِكَ الْکَرِیْمِ اَنْ تُرِیْنِیْ وَجْهَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا رُؤْیَتِیْ حَتّٰی تَقَرَّ بِھَا عَیْنِیَّ وَتُفَرِّجُ بِھَا کُرْبِیْ وَیَشْرَحُ بِھَا صَدْرِیْ وَتَاَلَّفَ بِھَا شَمْلِیْ وَیَجْمَعُ بِھَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی وَلَا تُفَرِّقُ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ○ (جواہر خمسہ)

ترکیب: شب جمعہ کو نہا کر خوشبو لگا کر لوبان جلائے اور اس کو ایک سو گیارہ بار با طہات کاملہ پڑھ کر وہیں چپ چاپ سو رہے سات روز تک متواتر کیا جائے۔

(۳) عمل:

نسیما جانب کویش گذر کن بگو آں نازنین شمشاد مارا
بہ تشریف قدوم خود زمانے مشرف کن خراب آباد مارا
کہ بے تشریف تو اسباب شادی نشاید خاطر ناشاد مارا

(جواہر خمسہ)

ترکیب: شب جمعہ کو غسل کر کے خوشبو پاس رکھ کر حضور قلب کے ساتھ اکتالیس بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے، اور کچھ شیرینی کا ثواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر ہدیہ کرے، پھر وہیں چپ چاپ سو رہے۔

## تمت بالخیر

Marfat.com

Marfat.com

تحفۃ القادریہ

خزینہ نعت

جہان اولیاء

کردار یزید

کشف المحجوب

شاہان گوجر

جناب رسول اللہ ﷺ کی نماز

تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبدالقادر

رسائل مجدد الف ثانی

سیرت حضور مجدد اعظم رضی اللہ عنہ

معجزات رسول کریم

نماز کے احکام

شان حبیب المنعم من روایات المسلم

آداب رسول

سیرت مصطفی

جنتی زیور

قبول اسلام کے واقعات

امام احمد رضا اور عشق مصطفی

فتوح الغیب

نورانی حکایات

شان حبیب الباری

مسلمان کا عقیدہ

تاریخ گوجراں

تذکرۃ الاولیاء

سفر آخرت اور ہماری ذمہ داریاں

قادری رضوی کتب خانہ

گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575


Marfat.com